
www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز



## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں


کتاب ......... فتح الجوّاد فی معارف آیات الجہاد (جلد اوّل)

مؤلف ......... مولانا محمد مسعود اظہر صاحب

اشاعت اوّل، دوم ..... تعداد ۴۴۰۰

اشاعت سوم ..... ربیع الاوّل ۱۴۲۸ھ - اپریل ۲۰۰۷ء

صفحات ......... ۵۶۰

تعداد ......... ۲۲۰۰

قیمت ......... ۲۶۰ روپے


## ہماری مطبوعات ملنے کے پتے


مکتبہ الجمیل دکان نمبر 5 پہلی منزل سبحان اللہ سینٹر نزد تحصیل والی مسجد فیصل آباد 0321-7828028

مکتبہ الایمان دکان نمبر ۱۳۱، ندیم ٹریڈ سینٹر، محلہ جنگی، عقب قصہ خوانی بازار پشاور 0321-9013592

رحمانی کتاب گھر دکان نمبر 2 نزد نور سبحانی مسجد بسم اللہ چوک کراچی 0321-2063739

مکتبہ عثمان وعلی، نزد بند حسن شادی ہال، گوشہ کالونی بہاولپور 0321-6837145

مکتبہ السلام، اعظم مارکیٹ کمیٹی چوک راولپنڈی 051-5118510

ادارہ اشاعت الخیر، حضوری باغ ملتان، فون 061-4514929

کشمیر نیوز ایجنسی، کوٹلی، آزاد کشمیر 05866042256

مکتبہ الحسن، اردو بازار لاہور 042-7241355

ناشر

اسٹاکسٹ مکتبہ ابن مبارک 37۔ حق سٹریٹ اردو بازار، لاہور

موبائل: 0321-4066827 فون: 042-7324844


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# مختصر فہرست

سُوْرَةُ الْبَقَرَة ............... ۵

سُوْرَةُ آلِ عِمْرَان ............... ۱۱۹

سُوْرَةُ النِّسَاء ............... ۳۵۹

سُوْرَةُ الْمَائِدَة ............... ۴۶۷

تعارف ............... ۵۲۹

آیاتِ جہاد کی چار فہرستیں ............... ۵۳۷

فہرستِ مضامین ............... ۵۴۲

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ

# البقرة

مدنية

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# ابتدائیہ

اس تالیف میں ''سورۃ البقرۃ'' کی درج ذیل
پینتیس آیات کے مضامین جہاد کو بیان کیا گیا ہے:

آیت ۱۰۹
آیت ۱۱۴
آیات ۱۵۳ تا ۱۵۷
آیت ۱۷۷
آیات ۱۹۰ تا ۱۹۵
آیت ۲۰۷
آیات ۲۱۴ تا ۲۱۸
آیت ۲۳۹
آیات ۲۴۳ تا ۲۵۲
آیت ۲۶۱
آیت ۲۶۲
آیت ۲۷۳
آیت ۲۸۶

اور ''سورۃ البقرۃ'' کی درج ذیل پانچ آیات
میں مضامین جہاد کی طرف اشارات موجود ہیں:

۳۰ ۳۶ ۵۸ ۵۹ ۸۹

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# پینتیس (۳۵) آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ

آیت (۱۰۹) جہاد امر اللہ (اللہ تعالیٰ کا حکم) ہے اور اس میں باطل کا توڑ ہے۔

آیت (۱۱۴) مساجد اور عبادتگاہوں کی حفاظت جہاد میں ہے۔

آیت (۱۵۳) جہاد صبر کا اعلیٰ ترین درجہ ہے اور اس سے اللہ تعالیٰ کی مدد آتی ہے۔

آیت (۱۵۴) جہاد فی سبیل اللہ میں قتل کیے جانے والے زندہ ہیں۔

آیت (۱۵۵)(۱۵۶)(۱۵۷) آزمائشیں آتی ہیں خود کو مضبوط بناؤ۔ صبر و استقامت پر بشارت

آیت (۱۷۷) جہاد "ابواب البر" میں سے ہے، صادقین اور متقین میں شامل ہونا ہے تو جہاد میں مضبوط رہو۔

آیت (۱۹۰) ہر وقت جہاد کے لئے تیار رہو اور حملہ آور دشمنوں کو جواب دو۔

آیت (۱۹۱) کفر کی طاقت و قوت کو توڑ دو اگر وہ مسجد حرام میں لڑیں تو وہاں بھی جہاد کرو۔

آیت (۱۹۲) ایسا جہاد کرو کہ کافر کفر و شرک سے باز آ کر توبہ کی طرف متوجہ ہو جائیں۔

آیت (۱۹۳) دین کے غالب آنے اور اسلام اور مسلمانوں کے مکمل محفوظ ہونے تک جہاد کرتے رہو۔

آیت (۱۹۴) حرمتیں بدلے کی چیزیں ہیں۔

آیت (۱۹۵) جہاد میں مال خرچ کرو اور جہاد چھوڑ کر خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

آیت (۲۰۷) فدائی مجاہد کی شان

آیت (۲۱۴) جنت کا راستہ تکلیفوں اور آزمائشوں سے بھرا پڑا ہے۔

آیت (۲۱۵) اپنے اقرباء پر مال خرچ کر کے ان کا سامان جہاد پورا کرو۔

آیت (۲۱۶) جہاد فی سبیل اللہ فرض ہے۔

آیت (۲۱۷) جہاد کا حکم ہمیشہ کے لئے ہے اور جہاد فتنہ ارتداد کا علاج ہے۔ (سریہ عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ)

آیت (۲۱۸) ہجرت اور جہاد اونچے اور مقبول اعمال ہیں۔

آیت (۲۳۹) جہاد میں نماز (صلوٰۃ خوف کا حکم)

آیت (۲۴۳) موت کے ڈر سے جہاد چھوڑنے والے موت سے نہیں بچ سکتے۔

آیت (۲۴۴) جہاد فی سبیل اللہ فرض ہے اسے ادا کرو۔

آیت (۲۴۵) جہاد میں خوب مال خرچ کرو ضرور واپس ملے گا۔

آیت (۲۴۶) ظلم سے نجات اور کافروں سے آزادی جہاد کے ذریعہ ملتی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آیت (۲۴۷) امیر جہاد کی صفات

آیت (۲۴۸) امیر جہاد کی برکات

آیت (۲۴۹) اطاعت امیر لازمی ہے اور شہادت کا سچا شوق اور جذبہ قوت کا ذریعہ ہے۔

آیت (۲۵۰) جہاد میں دعاء

آیت (۲۵۱) جہاد کی برکتیں، فائدے اور حکمت

آیت (۲۵۲) فتوحات کی پیشین گوئی

آیت (۲۶۱) جہاد میں مال خرچ کرنے والوں کے درجات

آیت (۲۶۲) جہاد میں لگایا ہوا مال قبول ہونے کی شرطیں

آیت (۲۷۳) جہاد کے لئے خود کو وقف کرنے والوں کا حق

آیت (۲۸۶) مسلمانو! کافروں پر غالب آنے کی کوشش تمہاری ذمہ داری ہے۔ اس میں کامیابی کے لئے دعاء مانگا کرو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## پانچ آیات میں اشارات جہاد کا خلاصہ

آیت(۳۰)سفک دماء علم اور دین کے تابع ہو۔(خلافت)

آیت(۳۶)باہمی عداوت ضرور ہوگی اس سے مفر نہیں، اہل باطل کی عداوت کا جواب اہل حق کو دینا پڑے گا۔

آیت(۵۸)(۵۹)بنی اسرائیل کو حکم جہاد۔

آیت(۸۹)اہل کتاب فتح مانگا کرتے تھے(فی قول)

## اشارات لاہوری رحمہ اللہ

حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ کے نزدیک سورۃ بقرۃ کی درج ذیل آیات کا تعلق بھی جہاد سے ہے:

(۱۱۰)(۱۸۷)(۱۹۹)(۲۱۹)(۲۲۰)تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۰۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ

اکثر اہل کتاب تو اپنے حسد سے حق ظاہر ہونے کے بعد بھی یہ چاہتے ہیں کہ

كُفَّارًا ۚۖ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ

کسی طرح سے تمہیں ایمان لانے کے بعد پھر کفر کی طرف لوٹا کر لے جائیں

فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

سو معاف کرو اور درگزر کرو جب تک اللہ تعالیٰ اپنا حکم بھیجے بیشک اللہ تعالیٰ

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾

ہر چیز پر قادر ہے

### خلاصہ

❶ اللہ تبارک وتعالیٰ مسلمانوں کو ہوشیار فرما رہے ہیں اور انہیں متنبہ کر رہے ہیں کہ اہل کتاب (یہود ونصاریٰ) کافر تمہیں مرتد بنانے کی کوششوں میں لگے رہتے ہیں۔ وہ تمہارے ظاہری اور باطنی دشمن ہیں اور وہ تم سے حسد رکھتے ہیں ❷ مسلمان فی الحال صبر کریں اور نماز اور زکوۃ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کو مضبوط بنائیں اور اپنی جماعت کو ان عبادات کے ذریعے قوت دیں ❸ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرنے والوں کا علاج...... جہاد فی سبیل اللہ کے حکم کے ذریعے نازل ہونے والا ہے...... جہاد فی سبیل اللہ پورے عالم میں امن کا انتظام کرنے والا قانون ہے ❹ مسلمان اپنی کمزوری اور اپنے دشمنوں کی طاقت سے پریشان نہ ہوں، جب جہاد کا حکم نازل ہوگا اور مسلمان اس پر عمل کریں گے تو وہ اکیلے نہیں ہوں گے اللہ پاک ان کی مدد کرنے اور انہیں غالب کرنے پر قادر ہے ❺ جہاد...... امر اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔

### اقوال

❶ یہ آیت یہودیوں کے متعلق نازل ہوئی ہے ❷ کعب بن اشرف یہودی کے متعلق نازل ہوئی ہے ❸ حی بن اخطب اور ابو یاسر بن اخطب کے متعلق نازل ہوئی ہے ❹ غزوۂ احد میں مسلمانوں کو ظاہری شکست ہوئی تو یہودیوں نے مسلمانوں کو طعنے دینا شروع کر دیئے...... اور انہیں مرتد ہونے کی دعوت دینے لگے اس وقت یہ آیت نازل ہوئی ❺ اس آیت میں سازشوں اور دشمنیوں سے ستائے ہوئے مسلمانوں کے لئے فتح، نصرت اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

غلبے کی بشارت ہے۔

## حوالے

❶ بعض یہود شب و روز مختلف تدبیروں سے دوستی اور خیر خواہی کے پیرایہ (انداز) میں مسلمانوں کو اسلام سے پھیرنے کی کوششیں کیا کرتے تھے اور باوجود ناکامی کے اپنی دشمنی سے باز نہ آتے تھے حق تعالیٰ نے مسلمانوں کو اس پر متنبہ فرمادیا (بیان القرآن)

❷ عن ابن عباس رضي الله عنهما قال كان حي بن اخطب وابو ياسر بن اخطب من اشد اليهود للعرب حسداً اذ خصهم الله برسوله صلي الله عليه وسلم، وكانا جاهدين في رد الناس عن الاسلام ما استطاعا فانزل الله فيهما (ابن كثير) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حی بن اخطب اور ابو یاسر بن اخطب یہودیوں میں سے عربوں پر سخت حسد کرنے والے تھے کہ اللہ پاک نے عربوں میں سے آخری رسول صلی اللہ علیہ وسلم پیدا فرما کر انہیں خصوصیت بخشی۔ یہ دونوں بھرپور کوشش کرتے تھے کہ کسی طرح مسلمانوں کو اسلام سے ہٹا دیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں یہ آیت نازل فرمائی۔

❸ شان نزول کے ایک مخصوص واقعہ کی بنا پر عموماً مفسرین نے یہاں اہل کتاب یا احبار یہود کو لیا ہے لیکن لفظ قرآنی عام ہے اور یہود و نصاریٰ دونوں اس کے عموم میں یکساں داخل ہیں، مسیحیوں کی طرف سے جو کھلا ہوا زبردست اور منظم، اور علماء یہود کی طرف سے نسبتاً ہلکا اور مخفی پروپیگنڈہ عقائد اسلام کے خلاف سیاسی، معاشرتی، تاریخی، جغرافی، تحریروں کے ذریعہ سے اسلامی آبادیوں کے درمیان جاری رہتا ہے وہ سب اسی حقیقت کے مظاہر ہیں، غایت ان ساری سرگرمیوں اور کوششوں کی یہی رہتی ہے کہ مسلمان اگر یہودیت و مسیحیت کو نہ بھی قبول کریں جب بھی کم سے کم اپنے دین کی طرف سے تو ضرور بدگمان اور برگشتہ ہو کر رہیں...... پرانے مفسروں نے بھی کہا ہے کہ اس میں مسلمانوں کو ایک زبردست انتباہ کافروں کی مسلم دشمنی سے متعلق ہے۔ (تفسیر ماجدی)

❹ عن كعب بن مالك ان كعب بن الاشرف اليهودي كان شاعرا وكان يهجو النبي صلي الله عليه وسلم وفيه انزل الله (ابن كثير) حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کعب بن اشرف یہودی شاعر تھا اور وہ (نعوذ باللہ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو بکا کرتا تھا تو اس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

حتى يأتي الله بأمره ان اہل کتاب کو فی الحال چھوڑ دو اور ان سے درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم بھیج دے...... اللہ تعالیٰ کے حکم سے مراد اکثر مفسرین کے نزدیک جہاد فی سبیل اللہ کا حکم ہے اور اس میں غزوہ بنی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تفسیر اور غزوۂ بنی قریظہ وغیرہ کی طرف بھی اشارہ ہے...... چند حوالے ملاحظہ فرمائیں:

حتی یاتی اللّٰہ بامرہ یعنی قتل بنی قریظۃ واجلاء بنی نضیر (قرطبی) یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم سے مراد بنی قریظہ کا قتل اور بنی نضیر کی جلاوطنی ہے ☆ ھو واحد الاوامر والمراد بہ الامر بالقتال (روح المعانی) یعنی امر اوامر کا واحد ہے اور مراد اس سے قتال کا حکم ہے ☆ وھو قول اکثر الصحابۃ والتابعین انہ الامر بالقتال (تفسیر کبیر) اکثر صحابہ اور تابعین کے نزدیک اس سے قتال کا حکم مراد ہے۔ ☆ (بامرہ) فیھم من القتال (جلالین) یعنی اللہ تعالیٰ ان کے بارے میں اپنا قتال والا حکم لے آئے ☆ الذی ھو قتل بنی قریظۃ واجلاء بنی نضیر واذلالھم بضرب الجزیۃ علیھم (کشاف) اللہ کے حکم سے مراد بنی قریظہ کا قتل، بنی نضیر کی جلاوطنی، اور ان پر جزیے کی ذلت کا مسلط ہونا ہے۔ ☆ (اس آیت میں) اشارۃً بتلا دیا کہ انکی شرارتوں کا علاج ''قانون انتقام امن عالم'' یعنی ''قتال و جزیہ'' سے ہم جلدی کرنے والے ہیں (بیان القرآن)

ان اللّٰہ علی کل شی قدیر وفیہ إشعار بالانتقام من الکفار ووعد المومنین بالنصرۃ والتمکین (روح المعانی) اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے یعنی وہ کافروں سے انتقام لینے پر اور مسلمانوں کی نصرت کرنے اور انہیں غالب کرنے پر پوری قدرت رکھتا ہے۔

## فائدہ

فاعفوا واصفحوا علامہ قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ھذہ الآیۃ منسوخۃ بقول اللّٰہ عز وجل قاتلوا الذین لا یؤمنون الی قولہ وھم صغرون ...... امام رازی رحمہ اللہ نے تفسیر کبیر میں اور علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے روح المعانی میں اس پر مفصل کلام فرمایا ہے۔ طلبہ علم اس بحث کو ان تینوں تفاسیر میں ملاحظہ فرمائیں۔

## نکتہ

اس آیت کے بعد اگلی آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو (وغیرہ)۔ اس سے یہ نکتہ بھی سمجھا جاسکتا ہے کہ اعمال صالحہ میں غلبہ کی تاثیر ہے۔ یعنی نماز، زکوٰۃ اور دیگر اعمال صالحہ کی برکت سے تم جہاد کرنے اور دشمنوں پر غلبہ پانے کے اہل بن جاؤ گے۔ صاحب ترجمان القرآن لکھتے ہیں:

نماز اور زکوٰۃ یعنی قلبی اور مالی عبادت کی سرگرمی ایک ایسی حالت ہے جس سے جماعت کی معنوی استعداد نشوونما پاتی ہے اور قوی ہوتی ہے، جس جماعت میں یہ سرگرمی موجود ہو وہ نہ تو دین سے برگشتہ (یعنی دور) ہو سکتی ہے اور نہ اس کی اجتماعی قوت میں کمزوری آسکتی ہے۔ (ترجمان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## چند مماثل آیات

البقرۃ ۱۲۰_۲۱۷، آل عمران ۶۹_۷۲_۱۰۰، المائدہ ۵۱، التوبہ ۲۹

## دعاء

یہود و نصاریٰ کی طرف سے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوششیں اب بھی زوروں پر ہیں اور اللہ تعالیٰ کا حکم قتال فی سبیل اللہ بھی نازل ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو بیداری، شعور...... اور اپنے اوامر پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ۱۱۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ یُّذْكَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ

اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جس نے اللہ تعالیٰ کی مسجدوں میں اس کا نام لینے کی ممانعت کردی

وَسَعٰى فِیْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْهَاۤ اِلَّا

اور ان کے ویران کرنے کی کوشش کی ایسے لوگوں کا حق نہیں ہے کہ ان میں داخل ہوں مگر

خَآئِفِیْنَ ؕ لَهُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

ڈرتے ہوئے ان کیلئے دنیا میں بھی ذلت ہے اور ان کیلئے آخرت میں بہت

عَظِیْمٌ ﴿۱۱۴﴾

بڑا عذاب ہے

## خلاصہ

❶ مساجد اللہ تعالیٰ کی ہیں جو بھی ان کو کسی بھی طرح سے ویران کرنے کی کوشش کرے وہ بہت بڑا ظالم ہے۔ ❷ مسلمانوں کو چاہیے کہ مساجد کو آباد رکھیں، انکی حفاظت کریں اور جہاد کے ذریعہ مساجد کو محفوظ بنائیں ❸ مساجد کو ویران کرنے والوں کو دنیا میں جہاد کے ذریعہ سزا دی جائے اور ان سے حکومت چھین لی جائے اور اگر وہ مساجد کے مقامات پر قبضہ کرلیں تو انہیں جہاد کے ذریعہ خوفزدہ کیا جائے ❹ ماضی میں جس نے بھی مساجد کو ویران کیا اس کو اللہ تعالیٰ نے اس علاقے کی حکومت سے محروم کردیا۔ ❺ ایسے لوگوں کے لئے آخرت میں بہت بڑا عذاب تیار ہے۔

## اقوال

❶ اس آیت میں فتح مکہ کی بشارت ہے ❷ بیت المقدس کے آزاد ہونے کی بشارت ہے۔ (یہ دونوں وعدے تو ماضی میں الحمد للہ پورے ہوچکے ہیں) ❸ مسلمانوں کے لئے فتوحات کی بشارت ہے ❹ حضرت امام مہدی علیہ السلام کے خروج کی بشارت ہے۔

## شانِ نزول

❶ یہ آیت مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی کیونکہ انہوں نے حدیبیہ والے سال مسلمانوں کو بیت اللہ سے روکا تھا۔ ❷ یہ آیت عیسائیوں کے متعلق نازل ہوئی کیونکہ وہی مساجد کو ویران کرنے کے بانی ہیں۔ ❸ یہ آیت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یہود کے متعلق نازل ہوئی جیسا کہ ماقبل کا ربط بھی اشارہ کرتا ہے کہ یہودی اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سازشیں کر رہے تھے جس کا واضح نتیجہ مساجد کی ویرانی ہے ❸ یہ آیت عام ہے جو بھی جب بھی اللہ تعالیٰ کی مساجد کو ویران کرنے کی کوشش کرے وہ اس آیت کا مصداق ہے۔

حوالے:

❶ اور غور کرو اس سے بڑھ کر ظلم کرنے والا انسان کون ہو سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت گاہوں میں اس کے نام کی یاد کو روکے اور انکی ویرانی میں کوشاں ہو۔ جن لوگوں کے ظلم کا یہ حال ہے یقیناً وہ اس لائق نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت گاہوں میں قدم رکھیں بجز اس حالت کے کہ (دوسروں کو اپنی طاقت سے ڈرانے کی جگہ خود دوسروں کی طاقت سے) ڈرے سہمے ہوئے ہوں یاد رکھو ایسے لوگوں کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں بھی سخت عذاب ہے۔ (ترجمان القرآن)

❷ اس کے شان نزول نصاریٰ ہیں کہ انہوں نے یہود سے مقابلہ کر کے توریت کو جلایا اور بیت المقدس کو خراب کیا یا مشرکین مکہ کہ انہوں نے مسلمانوں کو محض تعصب اور عناد سے حدیبیہ میں مسجد حرام (بیت اللہ) میں جانے سے روکا، باقی جو شخص بھی مسجد کو ویران یا خراب کرے وہ اسی حکم میں داخل ہے (تفسیر عثمانی)

❸ یہ لوگ اس لائق ہی نہیں کہ ان (مساجد) میں داخل ہوں مگر ہاں ڈرتے ہوئے مسلمانوں کے رعب اور دبدبہ سے۔ یعنی داخلہ کی اجازت غیر مسلم کو صرف اس حال میں دی جا سکتی ہے کہ وہ مسلمانوں کا محکوم ہو اور اس کا داخلہ سرکشانہ نہیں مطیعانہ ہو...... ایک قول یہ بھی ہے کہ آیت سارے کافروں کے حق میں ہے کہ عبادت سے روکنے والے تو سارے ہی کافر ہیں اور مساجد سے مراد کل روئے زمین ہے، چنانچہ کافروں کو دارالاسلام میں داخلہ کا کوئی حق نہیں بجز اس کے کہ مسلمانوں ہی کی شرط پر ہو (تفسیر ماجدی)

❹ اس میں اس بات کی خوشخبری دی کہ مکہ معظمہ فتح ہوگا۔ جب غلبہ اہل اسلام کا ہو جائے گا تو یہ مشرکین اس میں ڈرتے ہوئے داخل ہوں گے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ اعلان کرایا کہ خبردار اس سال کے بعد کوئی مشرک ہرگز حج نہ کرے (انوار البیان)

❺ عذاب آخرت کا تجربہ تو آخرت ہی میں ہوگا باقی دنیا میں ان لوگوں کی ذلت اور رسوائی کا مشاہدہ تو چند روز میں سب کو ہو گیا، یہود، مشرکین، منافقین سارے اعدائے اسلام جزیرہ عرب میں اور اسکی سرحدوں میں دیکھتے ہی دیکھتے نیست و نابود ہو کر رہے اور قرآن مجید کی پیش گوئی لفظ بلفظ پوری ہوئی (تفسیر ماجدی)

---

❶ اولئك ماكان لهم ان يد خلو هاالاخائفين خبر بمعنىٰ الامر اى خيفوهم بالجهاد فلا يد خلها أحد آمناً (جلالين)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ان لوگوں کا حق نہیں کہ وہ ان میں داخل ہوں مگر ڈرتے ہوئے۔ یہ جملہ خبریہ امر کے معنی میں ہے کہ مساجد کو ویران کرنے والوں کو جہاد کے ذریعہ ڈراؤ تا کہ وہ ان میں امن سے داخل نہ ہو سکیں۔

٧ لهم في الدنيا خزي قيل القتل للحربي ، والجزية للذمي ، عن قتادة والسُّدّي: الخزي لهم في الدنيا قيام المهدي ، وفتح عمورية و رومية و قسطنطنيه ، وغير ذلك من مدنهم ...... ومن جعلها في قريش جعل الخزي عليهم في الفتح ( القرطبي )

مساجد ویران کرنے والوں کے لئے دنیا میں رسوائی ہے۔ یعنی حربی کافر کے لئے قتل اور ذمی کے لئے جزیہ، قتادہ اور سدی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ دنیا میں ان کی ( عمومی ) رسوائی قیام مہدی سے ہوگی اور ان کے شہروں مثلاً عموریہ رومیہ اور قسطنطنیہ کے مسلمانوں کے ہاتھوں فتح ہونے سے۔ اور جن حضرات کے نزدیک یہ آیت قریش کے بارے میں نازل ہوئی ہے انہوں نے دنیا کی رسوائی سے فتح مکہ مراد لی ہے۔

٨ لهم في الدنيا خزي اي عظيم بقتل ابطالهم و أقيالهم وكسر اصنامهم وتسفيه احلامهم اوخراجهم من جزيرة العرب التي هي دار قرار هم ومسقط رُءُوسهم أو بضرب الجزية على اهل الذمة منهم ( روح المعاني )

ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے۔ یعنی بہت بڑی رسوائی کہ ان کے بہادروں اور سرداروں کو قتل کر دیا جائے گا، ان کے بت توڑ دیئے جائیں گے اور ان کی عقلوں کی بیوقوفی ظاہر کر دی جائے گی۔ اور انہیں ان کے مستقر یعنی جزیرہ العرب سے نکال دیا جائے گا۔ یا ان میں سے جو ذمی ہیں ان پر جزیہ لازم کر دیا جائے گا۔

## عجیب نکتہ

جب یہ آیت نازل ہوئی تھی تو اس وقت مشرکین مکہ کا بیت اللہ پر قبضہ تھا اور وہ وہاں بے خوف دندناتے پھرتے تھے۔ بیت المقدس پر اہل کتاب کے کافروں کا تسلط تھا اور ان کو کسی طرح کا کوئی خوف اور خطرہ نہیں تھا۔ اور یہودی مدینہ منورہ میں جمے بیٹھے تھے اور بے خوف ہو کر مسلمانوں کو مرتد بنانے اور ان کی مساجد کو ویران کرنے کی تدبیریں کر رہے تھے۔ ان حالات میں قرآن پاک کی یہ آیت نازل ہوئی۔ اور اس میں جو پیش گوئی فرمائی گئی اس کے پورا ہونے کے کوئی ظاہری اسباب موجود نہیں تھے۔ مگر کچھ ہی عرصہ بعد...... تمام حالات بدل گئے۔ بیت اللہ مشرکین سے پاک ہو گیا، مدینہ منورہ یہودیوں سے صاف ہو گیا۔ اور بیت المقدس میں اسلامی اذان گونجنے لگی۔ اور مسلمانوں کو خوفزدہ کرنے والے خود خوف اور ذلت کا شکار بن گئے۔ الحمد للہ یہ سب کچھ جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعے ممکن ہوا۔ یہ آیت آج بھی زندہ ہے اللہ تعالیٰ ہم مسلمانوں کو سمجھ عطاء فرمائے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## مماثل آیات

جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعہ ہی مساجد اور عبادت گاہوں کی حفاظت ہوسکتی ہے۔ ملاحظہ فرمایئے سورۃ الحج آیت (۴۰)

## دعاء

اللہ تعالیٰ کرے بابری مسجد کو ویران کرنے والے مشرک، اور مسجد اقصیٰ کو گرانے کا عزم رکھنے والے یہودی...... اور اندلس کی مساجد کو ویران کرنے والے نصاریٰ...... اور ماوراء النہر کی مساجد کو ویران کرنے والے کیمونسٹ بھی...... اپنے انجام سے دوچار ہوں۔ اور مسلمانوں کو توفیق ملے کہ وہ جہاد کے ذریعہ...... مساجد کی حفاظت کا انتظام کریں...... اور مساجد گرانے والوں کو خوف کی سوغات دیں۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ البَقَرَةِ مَدَنِيَّة — آیت ۱۵۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | ایمان | والو | صبر | اور | نماز | سے | مدد | لیا | کرو | بے | شک | اللہ | تعالیٰ |

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

## خلاصہ

اے مسلمانو! اگر اللہ تعالیٰ کی نصرت ساتھ لینا چاہتے ہو تو صبر اور نماز میں خود کو مضبوط بناؤ، صبر کے معنٰی ہیں شریعت پر ڈٹے رہنا اور اس کا اعلیٰ ترین درجہ جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

## حوالے

❶ استعینو ا بالصبر علی الذکر والشکر وسائر الطاعات من الصوم والجهاد وترک المبالاۃ بطعن المعاندین فی امر القبلة (روح المعانی)

مدد حاصل کرو صبر سے یعنی ذکر و شکر اور تمام عبادات روزہ جہاد وغیرہ پر ڈٹے رہو اور تحویل قبلہ کے متعلق دشمنوں کے طعنوں کی پرواہ نہ کرو۔

❷ یہاں سے اشارہ ہے کہ جہاد میں محنت اٹھاؤ اور مضبوطی اختیار کرو (موضح القرآن)

❸ اور اس آیت میں یہ اشارہ بھی ہے کہ جہاد میں محنت اٹھاؤ، جس کا ذکر آگے آتا ہے کہ اس میں صبر اعلیٰ درجہ کا ہے (تفسیر عثمانی)

❹ ومنهم من حمله علی الجهاد لانه تعالیٰ ذکر بعده ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل الله (تفسیر کبیر) بعض اہل تفسیر نے اس آیت میں صبر کا معنٰی جہاد کیا ہے کیونکہ اس کے بعد والی آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اور ان لوگوں کو مردہ نہ کہو جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتل کیے گئے۔

❺ ان الله مع الصبرین بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اس (مع) میں مفہوم نصرت واعانت کا شامل رہتا ہے۔ یقتضی معنی النصرة (راغب، تفسیر ماجدی)

## بعد والی چار آیات سے ربط

یہ ربط دو طرح سے سمجھا جا سکتا ہے:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❶ اللہ تعالیٰ کی مدد، نصرت اور خصوصی معیت صبر اور نماز کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے۔ اور صبر کا اعلیٰ درجہ "جہاد فی سبیل اللہ" ہے پس جو شخص جہاد میں مارا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسی اونچی مزیدار اور خاص زندگی عطاء فرماتا ہے جس کے سامنے پوری دنیا کی سلطنت اور نعمتیں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔ مگر شہادت تک پہنچنے سے پہلے جہاد میں کافی آزمائشیں آسکتی ہیں، پس کامیاب وہی ہونگے جو استقامت دکھائیں گے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

❷ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے، اس پر سوال ہوا کہ اگر اللہ تعالیٰ ساتھ ہے تو مسلمان جہاد میں مارے کیوں جاتے ہیں، یہ لوگ تو دنیا کی نعمتوں سے محروم ہو جاتے ہیں اور جو مارے نہیں جاتے ان پر بھی تکلیفیں آتی ہیں۔ جواب دیا گیا کہ جو مارے گئے وہ تو اصل زندگی پاگئے ایسی مزیدار اور طاقتور زندگی جسے ساری دنیا کے لوگ مل کر بھی نہیں سمجھ سکتے اور جو تکلیفیں اٹھا رہے ہیں وہ بھی رحمت، اجر اور ہدایت کے خزانے جمع کر رہے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔ مماثل آیت:

صبر کا اعلیٰ ترین درجہ جہاد فی سبیل اللہ میں استقامت ہے ملاحظہ فرمایئے سورۃ بقرہ۔ آیت (۱۷۷)

## دعاء

یا اللہ ہمیں اپنے پسندیدہ صبر اور پسندیدہ نماز پر قائم فرما۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ۱۵۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّ لٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

اور جو اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مرا ہوا نہ کہا کرو بلکہ وہ تو زندہ ہیں لیکن تم نہیں سمجھتے

## خلاصہ

❶ حق کے راستہ میں موت، موت نہیں ہے بلکہ تکلیف اور غم سے پاک ایک اعلیٰ زندگی ہے۔ پس اے مسلمانو! موت کے خوف سے اپنے دلوں کو پاک کرلو۔

❷ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں قتل کئے جانے والے ''شہدا'' بلاشبہ زندہ ہیں، مگر تم انکی زندگی کا شعور نہیں رکھتے ہو۔ انکی زندگی بہت طاقتور اور اونچی ہے تمہارا ناقص شعور اس تک نہیں پہنچ سکتا اس لئے اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعہ بتادیا کہ بل اَحیاءٌ وہ زندہ ہیں۔

❸ جب مسلمانوں کا قبلہ بیت اللہ کو بنایا گیا تو یہودی کھلم کھلا دشمنی پر اتر آئے، مسلمان کمزور تھے اور یہودی بہت طاقتور، پھر انہیں منافقین کی مدد بھی حاصل تھی، ایسے حالات میں خدشہ تھا کہ اس دین کا کیا بنے گا؟ یہ دین تو ابھی اپنے مرکز مدینہ منورہ ہی میں اتنی مشکلات اور دشمنیوں کا شکار ہے۔ اس پر فرمایا گیا کہ ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے اللہ پاک اس دین کو مکمل فرمائے گا جیسے کہ اس نے تم ہی میں سے ایک رسول بھیجے ہیں۔ یہود تو اس بات کو بھی گوارہ نہیں کرتے تھے۔ اب تم صبر، شکر اور ذکر و نماز کے ذریعے پکے مسلمان بن جاؤ اور جہاد کے لئے نکل کھڑے ہو۔ تم میں سے جو جہاد میں مارا جائے گا وہ عظیم الشان زندگی پائے گا۔ اور جو ستایا جائے گا وہ ہدایت، اور اجر و ثواب پائے گا۔ اس نصاب نے مسلمانوں کو مضبوط چٹان...... اور دین کا فدائی بنادیا...... اور پھر دنیا نے دیکھا کہ یہودیت سمٹ گئی اور اسلام دنیا کے اکثر حصے پر چھا گیا...... پس اللہ تعالیٰ نے موت میں زندگی رکھ کر مسلمانوں کو موت کے خوف سے پاک کردیا..... اور یہ سچ ہے کہ جو موت سے نہیں ڈرتا بلکہ اس کے پیچھے دوڑتا ہے دنیا میں کوئی اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم۔

## اقوال و حوالے

❶ یہ آیت شہداء بدر کے بارے میں نازل ہوئی ہے (روح المعانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یہ چودہ حضرات تھے چھ کا تعلق مہاجرین سے تھا اور آٹھ کا انصار سے حضرات مہاجرین کے اسماء گرامی یہ ہیں۔

حضرت عبیدہ بن الحارث بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت عمیر بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت ذوالشمالین رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت عاقل بن بکیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت مہجع بن صالح رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت صفوان بن بیضاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

## حضرات انصار کے اسماء گرامی یہ ہیں

حضرت سعد بن خیثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت مبشر بن عبد المنذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت یزید بن الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت عمیر بن الحمام رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت رافع بن معلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت حارثہ بن سراقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ حضرت عوف بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (تفسیر کبیر و سیرت المصطفیٰ)

❷ بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ جب جہاد شروع ہوا تو کفار و منافقین نے کہنا شروع کر دیا کہ یہ لوگ (یعنی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم) بلا فائدہ اپنی جانیں صرف محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو خوش کرنے کے لئے ضائع کر رہے ہیں تب یہ آیت نازل ہوئی اور شہداء کرام کا مقام بتا دیا گیا۔ امام رازی فرماتے ہیں: وعن آخرین ان الکفار والمنافقین قالوا: ان الناس یقتلو ن انفسھم طلبالمر ضاۃ محمد (صلی اللہ عیلہ وسلم) من غیر فائدۃ فنزلت ھذہ الایۃ. (تفسیر کبیر)

❸ غزوہ بدر میں جب کچھ صحابہ شہید ہو گئے تو نافہم کافروں نے کہنا شروع کیا کہ انہوں نے خواہ مخواہ اپنی جوانی گنوا دی اور زندگی کے لطف سے محروم ہو گئے، انہیں جواب مل رہا ہے کہ تم جس معنی میں انہیں مردہ سمجھ رہے ہو اس میں وہ سرے سے مردہ ہی نہیں بلکہ زندوں سے کہیں بڑھ کر ہر لذت سے لذت یاب ہو رہے ہیں۔ برزخی زندگی اپنی عام صورت میں تو سب ہی کے لئے ہے، لیکن شہیدوں کو اس عالم میں ایک خصوصی اور امتیازی زندگی نصیب ہوگی۔ آثار حیات میں دوسروں سے کہیں زیادہ قوی۔ (تفسیر ماجدی)

## گذارش

قرآن پاک میں حیات شہداء کا مسئلہ سورۃ آل عمران آیت ۱۶۹ میں تفصیل سے بیان ہوا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس مقام پر اس مسئلہ کی مزید تفصیلات عرض کی جائیں گی۔

## نکتہ

مسلمان موت سے بے خوف ہوئے تو اپنے دین کو لیکر پورے عالم میں پھیل گئے۔ چونکہ وہ شہادت سے محبت رکھتے تھے اس لئے دعوت کے راستے میں جو رکاوٹ بھی آئی اس سے بلا خطر ٹکرا گئے۔ وہ موت کے پیچھے دوڑتے گئے اور ان کا دین زندہ ہوتا گیا جبکہ یہودی زندگی بچانے کے لئے اپنے قلعوں اور عمارتوں میں بیٹھے رہے اور ان کا مذہب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سمٹتا گیا۔ اب معاملہ برعکس ہے کافروں نے مسلمانوں سے لڑنا اور مسلمانوں نے ان سے گھر بیٹھنا سیکھ لیا ہے، اس لئے وہ طاقتور ہو گئے اور مسلمان کمزور۔ اس کمزوری کو ختم کرنے کا نسخہ اسی آیت میں بیان ہوا ہے اللہ تعالیٰ کرے ہم سب مسلمان اس پر عمل کریں اور زندگی پائیں۔

## مماثل آیات

قرآن پاک کی دیگر درج ذیل آیات میں بھی شہداء کرام کے فضائل کا بیان ہے۔

البقرۃ :۲۰۷۔ آل عمران ۱۴۰۔۱۵۷۔۱۵۸۔۱۶۹۔۱۷۰۔۱۷۱۔۱۹۵۔النساء ۶۹۔۷۴۔التوبہ :۱۱۱۔ الحج ۵۸۔۵۹۔الزمر ۶۸۔سورہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ۴۔۵۔۶۔الحدید:۱۹۔

## دعاء

یا اللہ بے شک آپ کے راستے میں قتل ہونا بڑی سعادت ہے، یا اللہ ہم اس آیت پر اور تیرے پورے کلام پر ایمان لاتے ہیں یا اللہ ہمیں اپنی رضا کے لئے یہ سعادت عطاء فرما اور ہمیں ان مقبول شہداء میں شامل فرما جن کی فضیلت قرآن پاک میں بیان ہوئی ہے۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیات ۱۵۵، ۱۵۶، ۱۵۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ

اور ہم تمہیں کچھ خوف اور بھوک اور مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے ضرور آزمائیں گے

وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ

اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دو وہ لوگ کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو

مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ

کہتے ہیں ہم تو اللہ تعالیٰ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں یہ لوگ ہیں جن پر

صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۣ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

ان کے رب کی طرف سے مہربانیاں ہیں اور رحمت اور یہی ہدایت پانے والے ہیں

## خلاصہ

❶ پہلے تو ان کا ذکر تھا جنہوں نے صبر کا اعلیٰ مرتبہ حاصل کیا یعنی شہداء اب فرماتے ہیں کہ تم ہارا علی العموم تھوڑی تکلیف اور مصیبت میں وقتاً فوقتاً امتحان لیا جائے گا اور تمہارے صبر کو دیکھا جائے گا، صابرین میں داخل ہونا کچھ سہل (آسان) نہیں اسی واسطے پہلے سے متنبہ فرمادیا۔ (تفسیر عثمانی)

❷ پہلے جہاد کی طرف اشارہ ہوا پھر شہادت کی فضیلت بیان ہوئی اب بتایا جارہا ہے کہ جہاد وشہادت کا راستہ کچھ آسان نہیں اس میں تکلیفیں اور آزمائشیں آتی ہیں پھر جو لوگ صبر کرتے ہیں اور ڈٹے رہتے ہیں تو ان کے لئے خصوصی بشارتیں، رحمتیں اور ہدایت ہے۔

❸ اہل حق اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائے جاتے ہیں، یہ آزمائشیں ان پر بطور عذاب الٰہی کے نہیں ہوتیں بلکہ ان کے درجات اور مقامات کی بلندی کے لئے ہوتی ہیں اس لئے ان کو مصیبت میں دیکھ کر باطل پرست لوگ خود کو حق پر نہ سمجھنا شروع کردیں۔

## حوالے

❶ والخطاب عام لسائر المؤمنين وقيل للصحابة فقط وقيل لاهل مكة فقط (روح المعانی) ولنبلونکم میں خطاب عام ہے تمام مسلمانوں کے لئے۔ بعض کے نزدیک یہ خطاب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہے اور بعض کے نزدیک اہل مکہ سے۔ (پہلا قول راجح ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ ان هذه المحن لا یجب ان تکون عقوبات لانه تعالیٰ وعد بها المومنین من الرسول و اصحابه۔ان هذه المحن اذا قارنها الصبر افادت درجة عالیة فی الدین ( تفسیر کبیر ) یہ تکلیفیں ضروری نہیں کہ بطور عذاب ہوں کیونکہ ان کا وعدہ تو اللہ پاک نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ سے کیا ہے۔اور جب ان تکلیفوں کے ساتھ صبر مل جاتا ہے تو یہ دینی درجات کی بلندی کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔

❸ من الخوف ای خوف العدو والفزع فی القتال قاله ابن عباس ( قرطبی ) ہم تمہیں کچھ خوف کے ذریعہ آزمائیں گے خوف سے مراد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک جہاد کے دوران کی گھبراہٹ اور دشمن کا خوف ہے۔

❹ ونقص من الاموال بسبب الاشتغال بقتال الکفار (قرطبی ) اور اموال کی کمی سے مراد وہ مالی نقصان ہے جو کافروں کے خلاف جہاد میں مشغول ہونے کے باعث مسلمانوں کو اٹھانا پڑتا ہے۔

❺ والانفس قال ابن عباس : بالقتل والموت فی الجهاد (قرطبی ) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ( جان کے نقصان سے مراد ) جہاد میں قتل ہونا اور انتقال کرنا ہے۔

## مماثل آیات

اہل ایمان کو آزمایا جاتا ہے یہ مضمون درج ذیل آیات میں بھی بیان ہوا ہے۔

البقرہ: ۲۱۴-۲۴۹۔ ال عمران: ۱۴۱-۱۴۲-۱۴۶-۱۵۴-۱۸۶-۱۹۵۔ التوبہ: ۱۶۔ العنکبوت: ۲-۳۔ الاحزاب: ۱۱۔ محمد: ۳۱۔

## ملتی جلتی آیات

اس عنوان سے ملتی جلتی چند آیات درج ذیل ہیں:

العنکبوت: ۱۰۔ الحج: ۱۱۔

## دعاء

صبر کرنا، مشکل حالات میں دین اور جہاد پر ڈٹے رہنا، ناموافق ماحول میں اسلامی نظریات پر جمے رہنا بہت مشکل ہے۔ یا اللہ ہمارے ساتھ عافیت کا معاملہ فرما اور صبر و استقامت کو ہمارے لئے آسان بنا۔

( آمین یارب العالمین )

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۷۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

یہی نیکی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیرو

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَ

بلکہ نیکی تو یہ ہے جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور

الْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

کتابوں اور نبیوں پر اور اس کی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ وَ

اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے اور

اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ

نماز پڑھے اور زکوٰۃ دے اور جو اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں جب وہ عہد کرلیں

وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ

اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی کے وقت صبر کرنے والے ہیں یہی

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾

سچے لوگ ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں

### خلاصہ

❶ اس آیت میں (سولہ ۱۶) امہات الاحکام (یعنی بنیادی ولازمی احکام) کا بیان ہے جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ میدان جہاد میں ڈٹ کر ثابت قدمی سے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جنگ کی جائے۔

❷ "ابواب البر" یعنی نیکی کا نصاب جہاد میں ثابت قدمی کے بغیر پورا نہیں ہوتا۔

❸ صادقین اور متقین میں شامل ہونے کے لئے بھی دیگر صفات کے ساتھ ساتھ قتال فی سبیل اللہ میں ثابت قدمی لازمی ہے۔

### شان نزول

❶ اس میں یہود ونصاریٰ سے خطاب ہے وہ عبادت میں مشرق ومغرب کی طرف منہ کرنے میں شدید اختلاف

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رکھتے تھے یہودی مغرب کی طرف منہ کرتے تھے اور عیسائی مشرق کی طرف، اور اسی کو پورا دین اور مکمل کامیابی سمجھتے تھے تو ارشاد فرمایا گیا کہ نیکی یہی نہیں ہے کہ مشرق پرستی کرو یا مغرب پرستی بلکہ وہ نیکی جو ہدایت کا نتیجہ اور مغفرت کی ضمانت ہے وہ چند عقائد، چند اعمال اور چند اخلاق کا نام ہے۔ پھر اس آیت میں ان عقائد، اعمال اور اخلاق کو بیان فرمایا گیا ہے جن کا آغاز اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے سے اور اختتام میدان جنگ میں ڈٹ کر لڑنے پر ہوتا ہے ان دونوں کے درمیان مزید چودہ چیزوں کا تذکرہ ہے۔

۲ حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے "نیکی" کے متعلق پوچھا تو یہ آیت نازل ہوئی:

## حاصل

ہر باطل گروہ اور فرقہ چند رسومات، چند علامات اور چند مقامات ہی کو دین سمجھ لیتا ہے اور پھر اپنے عقائد، اعمال اور اخلاق کی اصلاح سے غافل ہو جاتا ہے۔ یہود و نصاریٰ نے یہی ظلم کیا اور اب مسلمانوں کے گمراہ فرقے بھی اسی طرح بعض مقامات، آستانوں اور بعض افراد و رسومات کو ہی پورا دین اور کامیابی کی ضمانت سمجھ بیٹھے ہیں، اس طرح کی گمراہی کے لئے یہ آیت "نسخۂ اکسیر" اور حق کا معیار ہے۔ ہر مسلمان کو چاہیے کہ اس آیت کے ایک ایک حکم کو پڑھتا جائے اور پھر اپنا محاسبہ کرتا جائے کہ میرے اندر یہ عقیدہ، یہ عمل اور یہ خلق موجود ہے یا نہیں؟

## ماخذ جہاد

اس آیت میں حین البأس کے الفاظ سے جہاد کی اہمیت اور فضیلت پوری صراحت کے ساتھ معلوم ہوتی ہے ملاحظہ فرمائیے چند اقوال:

۱ وحین البأس ای وقت الحرب یعنی جنگ کے وقت ثابت قدم ہیں (قرطبی)

۲ وحین البأس وقت شدۃ القتال فی سبیل اللہ۔ یعنی قتال فی سبیل اللہ کی شدت کے وقت ثابت قدم رہنے والے ہوں۔ (جلالین)

۳ وحین البأس ای فی حال القتال والتقاء الاعداء قالہ ابن مسعود وابن عباس وابو العالیۃ ومرۃ الھمدانی ومجاھد وسعید بن جبیر والحسن وقتادۃ والربیع بن انس والسدی ومقاتل بن حیان وابو مالک والضحاک وغیرھم۔ یعنی قتال کے وقت اور دشمنوں سے ٹکرانے کے وقت ثابت قدم رہنے والے ہوں یہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور باقی حضرات (جن کے نام عربی عبارت میں آئے ہیں) کا قول ہے۔ (تفسیر ابن کثیر)

۴ وحین البأس ای وقت القتال وجھاد العدو یعنی دشمن سے جہاد و قتال کے وقت ثابت قدم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رہنے والے ہوں (روح المعانی) اس کے بعد علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں وهذا من باب الترقي في الصبر من الشديد الى الا شدلان الصبر على المرض فوق الصبر على الفقر والصبر على القتال فوق الصبر على المرض : یعنی اس میں ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی ہے پہلے فقر پر صبر کا ذکر ہے پھر مرض پر اور پھر قتال پر کیونکہ مرض پر صبر کرنا فقر پر صبر کرنے سے زیادہ مشکل ہے اور قتال پر صبر کرنا یعنی جہاد میں ڈٹ کر لڑنا مرض پر صبر سے زیادہ سخت ہے۔ (روح المعانی)

## حوالے

❶ فقال قتادة ذكر لنا ان رجلا سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن البّر فا نزل الله هذه الاية ترجمہ: شان نزول میں گذر چکا ہے (قرطبی)

❷ وقال الربيع وقتادة ايضا الخطاب لليهود والنصارىٰ لا نهم اختلفوا في التوجه والتولّي الخ ترجمہ: شان نزول میں گذر چکا ہے (قرطبی)

❸ معرکہ قتال کفار میں (ثابت قدم رہیں) یعنی پریشان اور کم ہمت نہ ہوں (بیان القرآن)

## فائدہ

وفي الرقاب یعنی وہ مال خرچ کرتے ہیں گردنیں چھڑانے میں۔ اس میں دشمنوں کے ہاتھوں قید ہونے والے مجاہدین اور مسلمان خاص طور پر شامل ہیں۔ چنانچہ امام قرطبی رحمہ اللہ اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں۔

قال مالك رحمه الله : يجب على الناس فداء اسراهم وان استغرق ذلك اموالهم وهذا اجماع أيضا : امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں لوگوں پر اپنے قیدیوں کو فدیہ دے کر چھڑانا واجب ہے اگر چہ اس میں ان کے تمام اموال لگ جائیں اور اس پر اجماع بھی ہے۔ (تفسیر قرطبی) علامہ سیوطی رحمہ اللہ لکھتے ہیں الرقاب المكاتبين والأسرى یعنی مکاتب غلام اور اسیران (جلالین) ہمارے زمانے میں غلام نہیں رہے اس لئے ابواب البر یعنی ایمان واطاعت کے نصاب پر مکمل عمل کرنے کے لئے مسلمانوں کو چاہیے کہ اپنا مال مظلوم قیدیوں کو چھڑانے میں بھی خرچ کریں اس مسئلے کی تفصیل ان شاء اللہ تعالیٰ آگے دوسرے مقام پر آئے گی۔

## نکتہ

شدت قتال یعنی سخت جنگ میں ڈٹ کر لڑنا ایک مختصر سا لفظ ہے مگر اس کے پیچھے ایمان کا ایک پورا باب چھپا ہوا ہے۔ جہاد میں ڈٹ کر لڑنا آسان نہیں ہے، یہ ایک بہت مشکل اور صبر آزما کام ہے، قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے واضح الفاظ میں اسکی تاکید فرمائی ہے ملاحظہ فرمایئے سورۃ انفال آیت (۴۵) اور ان لوگوں پر سخت وعید فرمائی ہے جو میدان جہاد سے بزدلی کی وجہ سے پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے سورۃ انفال آیت (۱۵)(۱۶) اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میدان جہاد میں ڈٹ کر لڑنے والوں کے ساتھ محبت کا اعلان فرمایا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے سورۃ صف آیت ۴ اور اسی معاملہ میں منافقین پر سخت نکیر فرمائی ہے ملاحظہ فرمائیے سورۃ احزاب آیت ۱۵، ۱۶ اور پھر باقاعدہ اس مسئلہ کی شرعی تفصیل واضح فرمائی ہے ملاحظہ کیجئے سورۃ انفال آیت ۶۵، ۴۶ اور کافروں اور منافقوں اور شیطان کے جنگ میں پیٹھ پھیرنے کو کئی مقامات پر بیان فرمایا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے سورۃ آل عمران آیت ۱۱۱، حشر ۱۲، ۱۴، انفال ۴۸، توبہ ۵۷، فتح ۲۲۔

معلوم ہوا کہ یہ ایک لازمی اور تاکیدی حکم ہے اور قرآن پاک نے اس کے ہر پہلو کو بیان فرمایا ہے مذکورہ بالا تمام آیات کا ترجمہ اور تفسیر پڑھ لیجئے آپ کو خود اس مسئلہ کی اہمیت اور حساسیت کا اندازہ ہو جائے گا، اس لئے ضروری ہے کہ ہر مومن، متقی اپنے اندر یہ صفت اور یہ خلق پیدا کرے اور بزدلی سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے، میدان جہاد میں ڈٹ کر لڑنے کے لئے درج ذیل صفات کا ہونا ضروری ہے: ❶ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شوق ہو ❷ جہاد کو اللہ تعالیٰ کا حکم، اسلامی فریضہ اور اہم عبادت مانتا ہو ❸ جہاد کی ضروری تربیت رکھتا ہو ❹ حب دنیا اور بخل سے محفوظ ہو ❺ جنگی ماحول میں آتا جاتا رہتا ہو۔

یہ مسئلہ کافی تفصیل طلب ہے یہ مختصر حاشیہ اس تفصیل کا متحمل نہیں ہے شائقین حضرات کتب جہاد کی طرف رجوع فرمائیں۔

## دعاء

اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو ابواب البر پر صفت احسان کے ساتھ عمل کی توفیق عطاء فرمائے اور بوقت جہاد ہمیں ثابت قدمی نصیب فرمائے اور امت میں ایسے صادقین اور متقین اولیاء کرام کی کثرت فرمائے جو جہاد میں ثابت قدم رہنے والے ہوں۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ البَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۹۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا

اور اللہ کی راہ میں ان سے لڑو جو تم سے لڑیں اور زیادتی نہ کرو

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾

بے شک اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا

### خلاصہ

اے مسلمانو! اپنے خلاف جنگ کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دو اور تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑنے کے لئے ہمہ وقت مستعد اور تیار رہو، جس طرح فوج چھاؤنی میں ہر وقت تیار رہتی ہے ہاں لڑائی کے دوران حد سے تجاوز نہ کرو کہ ان لوگوں کو قتل کرنے لگو جن کا جنگ اور لڑائی سے کسی طرح کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اور نہ اپنی نیت میں غلطی اور تجاوز کرو کہ ریاکاری، نام ونمود اور قومیت وعصبیت کی خاطر لڑنے لگو تمہاری جنگ اور لڑائی صرف اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہونی چاہیے۔

### شانِ نزول

ذوالقعدہ ۶ھ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے ہمراہ عمرہ کے لئے تشریف لے گئے۔ مشرکین مکہ نے آپ کو مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہونے دیا حدیبیہ کے مقام پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مشرکین کے ساتھ ایک معاہدہ ہوا جو ''صلح حدیبیہ'' کہلاتا ہے اور اسی مقام پر موت اور جہاد پر بیعت بھی ہوئی جو ''بیعت رضوان'' کہلاتی ہے اس معاہدہ کے تحت یہ بھی طے پایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم آئندہ سال اسی مہینہ میں مکہ مکرمہ تشریف لاکر عمرہ ادا کریں گے اور یہ بھی طے پایا کہ دس سال تک مسلمانوں کی مشرکین مکہ کے ساتھ جنگ بندی رہے گی۔ ذوالقعدہ ۷ھ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم عمرہ کے لئے جانے لگے تو اندیشہ تھا کہ مشرکین مکہ بدعہدی کر کے حملہ نہ کردیں مسلمان چونکہ احرام کی حالت میں تھے اور وہ حدود حرم میں جارہے تھے اور مہینہ بھی ذوالقعدہ کا تھا اور جنگ بندی کا معاہدہ بھی موجود تھا تو کیا مشرکین کے حملے کی صورت میں ان سے لڑنا جائز ہوگا؟ اس آیت میں فرمایا گیا کہ اگر وہ لوگ خود عہد شکنی کریں اور تم سے لڑنے پر آمادہ ہوجائیں تو لڑنے میں کوئی حرج نہیں ہے، تم بھی ڈٹ کر ان کا مقابلہ کرو اور دل میں کوئی خدشہ نہ لاؤ۔ (قرطبی، ابن کثیر، بیان القرآن، روح المعانی وغیرہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## عجیب ربط

امام رازی رحمہ اللہ اس آیت کا پچھلی آیت کے ساتھ ربط یوں بیان فرماتے ہیں ثم لما امر بالتقوی امر فی هذه الآية باشد اقسام التقوى و اشقها على النفس وهو قتل اعداء الله فقال وقاتلوا فی سبیل الله ( تفسیر کبیر ) پچھلی آیت میں جب اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو تقویٰ اختیار کرنے کا حکم دیا تو پھر اس آیت میں تقویٰ کی اس سب سے اونچی قسم کا جو نفس پر بہت ہی شاق گزرتی ہے، حکم دیا اور وہ ہے اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے قتال کرنا چنانچہ فرمایا اور تم قتال کرو اللہ تعالیٰ کے راستے میں۔ (معلوم ہوا کہ جہاد فی سبیل اللہ تقویٰ کی سب سے اونچی سخت اور مشکل ترین قسم ہے)

## جہاد پر غیرت دلانے کا عجیب انداز

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ لکھتے ہیں: انما هو تهييج واغراء بالاعداء الذين همتهم قتال الاسلام واهله ای کما یقاتلونکم فاقتلوهم انتم : اس آیت میں الذین یقاتلونکم جو تم سے لڑتے ہیں ان سے لڑو فرما کر مسلمانوں کو جذبہ اور غیرت دلائی گئی ہے کہ تمہارے دشمن تو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف لڑنے کیلئے کھڑے ہوگئے (تو پھر تم اسلام اور مسلمانوں کے حق میں کیوں نہیں لڑتے) یعنی جس طرح وہ تم سے لڑتے ہیں تم بھی ان سے لڑو۔ علامہ ابن کثیر آیت کا یہ مطلب بتا کر ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ آیت منسوخ نہیں ہے جیسا کہ بعض مفسرین کی رائے ہے، منسوخ تب ہوتی جب مطلب یہ ہوتا کہ تم صرف انہیں لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑیں اور خود حملے کی ابتداء نہ کرو حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

## ایک قول

بعض حضرات کے ہاں یہ جہاد کی اجازت پر نازل ہونے والی پہلی آیت ہے عن ابی العالية قال: هذه اول آية نزلت في القتال بالمدينة ( ابن کثیر۔ قرطبی ) لیکن دیگر حضرات کے نزدیک پہلی آیت سورۃ حج کی آیت (۳۹) ہے۔

قاتلوا فی سبیل الله قتال کرو اللہ تعالیٰ کے راستے میں۔

فی سبیل الله کی تفسیر میں چند اقوال ملاحظہ فرمائیں:

❶ ای فی طاعته وطلب رضوانه: یعنی اللہ تعالیٰ کی طاعت میں اور اسکی رضا جوئی کے لئے لڑو۔ (تفسیر کبیر)

❷ ای جاهدوا لاعزاز دين الله واعلاء كلمته یعنی اللہ تعالیٰ کے دین کی عزت اور اس کے کلمے کی بلندی کے لئے جہاد کرو۔ (روح المعانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❸ ای لا علاء دینه: یعنی اللہ تعالیٰ کے دین کی سربلندی کے لئے جنگ کرو (جلالین)

الذین یقاتلونکم جو تم سے قتال کریں۔ اس کا ترجمان حضرات نے جو اس آیت کو منسوخ مانتے ہیں یناجزونکم القتال سے کیا ہے یعنی جو لوگ تم سے جنگ کرنے لگیں (ان سے لڑو) مگر چونکہ اکثر مفسرین اس آیت کو محکم مانتے ہیں اس لئے انہوں نے اس کے دو ترجمے کئے ہیں: ❶ الذین ینا صبو نکم القتال یعنی وہ جو تم سے جنگ کر سکیں۔ پس ان کو نہ مارو جو جنگ ہی نہیں کر سکتے اور نہ جنگ میں کسی طرح کا تعاون کرتے ہیں۔ ❷ الکفرۃ کلهم لانهم جمیعا مضادون للمسلمین قاصدون لمقاتلتهم یعنی اس سے مراد تمام کافر ہیں کیونکہ وہ سب مسلمانوں کے مخالف اور ان کے ساتھ لڑنے کے لئے پر عزم رہتے ہیں (کشاف)۔ یہ ترجمہ کرنے میں کئی طرح کے کافروں کو مستثنیٰ کرنا ہوگا مثلاً ذمی، معاہد اور قتال سے لاتعلق وغیرہ۔

ولا تعتدوا اور تجاوز نہ کرو۔ آیت کے محکم ہونے کی صورت میں تجاوز نہ کرنے کے یہ معنی ہیں۔ ❶ ان بچوں، بوڑھوں، عورتوں، راہبوں اور کسانوں کو قتل نہ کرو جن کا جنگ سے کوئی تعلق نہ ہو۔ ❷ بغیر دعوت کے اچانک حملہ نہ کرو ❸ لاشوں کا مثلہ نہ کرو ❹ بغیر کسی جنگی مصلحت کے درختوں کو نہ جلاؤ نہ حیوانات کو قتل کرو (مصلحت ہو تو اجازت ہے)۔ ❺ مال غنیمت میں خیانت نہ کرو۔ ❻ حرم میں اپنی طرف سے لڑائی شروع نہ کرو۔ جن سے جنگ بندی کا معاہدہ ہے ان سے عہد شکنی نہ کرو۔ (قرطبی، تفسیر کبیر ابن کثیر، روح المعانی، عثمانی)

عورتیں اگر لڑائی میں شریک ہوں یا مالی مدد کر رہی ہوں یا مسلمانوں کے خلاف جنگ پر بھڑکاتی ہوں یا اپنے بال کھول کر چیخ و پکار کر کے اپنے لشکر کو فرار پر عار دلاتی ہوں تو انہیں قتل کرنا جائز ہے۔ (تفسیر قرطبی) اگر بچے، بوڑھے، معذور، راہب اور کسان بھی جنگ میں تعاون کرتے ہوں تو ان کا قتل جائز ہے (قرطبی) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کسانوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔ (قرطبی)

بعض مفسرین حضرات نے ولا تعتدوا کا ترجمان الفاظ سے کیا ہے المعنیٰ: لا تعتدوا فی القتال لغیر وجه الله کالحمیّة وکسب الذکر بل قاتلوا فی سبیل الله الذین یقاتلونکم یعنی دیناً واظهاراً للکلمة یعنی لا تعتدوا کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے سوا قومیت وعصبیت اور اپنا نام کمانے کے لئے نہ لڑو بلکہ صرف دین کی خاطر اور اللہ تعالیٰ کے کلمے کو غالب کرنے کے لئے لڑو (قرطبی) حق یہ ہے کہ اعتداء کا لفظ زیادتی کے ہر پہلو کو جامع ہے اور ہر طرح کی زیادتیوں کی ممانعت اس سے نکل آئی۔ (تفسیر ماجدی)

**فائدہ**

عام طور سے (اس آیت کا) یہ ترجمہ کیا گیا ہے کہ جو لڑنے کے لئے آئے اس سے لڑو اور جو لڑنے کے لئے نہ آئے تو خود بخود لڑنے کے لئے نہ جاؤ۔ عقلی طور پر یہ بات مسلم ہے کہ جو قوم حملہ کرنے کے لئے تیار نہ ہو وہ غالب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوسکتی، اگر اللہ تعالیٰ کو مسلمانوں کا محفوظ رکھنا منظور ہے تو یہ تعلیم ہو ہی نہیں سکتی بلکہ مطلب یہ ہے کہ تم لڑنے کے لئے ہر وقت تیار رہو جس طرح فوج چھاؤنی میں ہر وقت تیار رہتی ہے وہ گویا لڑ رہی ہے، کیونکہ لڑنے پر ہر وقت آمادہ رہنا بھی لڑنا ہے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## فائدہ

فی سبیل اللہ یہ قید کتنی اہم اور دنیا کی تاریخ محاربات میں کیسی انقلاب انگیز ہے! دنیا میں لڑائیاں ہمیشہ لڑی گئیں، اب بھی لڑی جارہی ہیں، آئندہ بھی لڑی جائیں گی لیکن کاہے کے لئے؟ زر کے لئے، یا زن کے لئے، یا زمین کے لئے، زیادہ سے زیادہ یہ کہ "قوم اور وطن" کے لئے!...... یہ خصوصیت صرف اسلامی جہاد کی ہے کہ جب بھی اور جن حالات میں شروع ہو اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہو، شرک کو مٹانے اور توحید کو بلند کرنے کے لئے ہو، دین حق کی حمایت اور نصرت میں ہو، انسانی حکومت مٹا کر خدائی حکومت قائم کرنے کے لئے ہو، خودی کے لئے نہیں خدا کے لئے ہو۔ (مظلوموں کی مدد اور فتنہ کے خاتمہ کے لئے ہو)

قتال بائبل میں اس کا ذکر ایک دو جگہ نہیں بیسیوں جگہ موجود ہے اور محاربات یہود سے تو تاریخ کے دفتر رنگین ہیں، رہی مسیحی قومیں اور ان کی خونریزیاں اور خون آشامیاں تو ان کی نظیر تو دنیا کے پردہ پر کہیں نہیں ملے گی، بیاں راچہ بیاں! اور عملاً جو نمایاں فرق اسلامی فاتحین کی رحم دلی اور مسیحی فاتحین کی سنگ دلی کے درمیان رہا ہے اس کا اعتراف تو خود مسیحی اہل قلم کو ہے۔ (تفسیر ماجدی)

## نکتہ

اس آیت کے سیاق وسباق اور مفسرین کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاد حج کا بھی محافظ ہے۔ اور ان دونوں فرائض کے درمیان بہت سی مناسبات ہیں۔

## دعاء

یا اللہ کافروں کے لشکر مسلمانوں کے ملکوں میں گھس آئے ہیں، وہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جنگ کر رہے ہیں یا اللہ ہم مسلمانوں کو اس آیت کا حکم پورا کرنے کی ہمت اور توفیق عطا فرما۔ آمین یا ارحم الراحمین

☆☆☆

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۹۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ

اور انہیں قتل کرو جہاں پاؤ اور انہیں نکال دو جہاں سے انہوں نے

اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

تمہیں نکالا ہے اور غلبہ شرک قتل سے زیادہ سخت ہے اور مسجد حرام کے پاس ان سے نہ لڑو

الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۗ كَذٰلِكَ

جب تک کہ وہ تم سے وہاں نہ لڑیں پھر اگر وہ تم سے لڑیں تم بھی انہیں قتل کرو

جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾

کافروں کی یہی سزا ہے

### خلاصہ

اسلام کے ایسے مخالفین کو جو ہر وقت تمہیں فنا کرنے کی تیاریاں کرتے رہتے ہیں جہاں پاؤ قتل کردو اور انہیں مکہ مکرمہ اور مسجد حرام سے نکال دو جس طرح انہوں نے تمہیں نکالا۔ یاد رکھو ان لوگوں کا کفر پر ڈٹے رہنا اور دوسروں کو کفر کی ترغیب دینا اور فسادی لوگوں کا طاقتور ہونا یہ تمام جرائم حدود حرم میں قتل وقتال سے زیادہ سخت ہیں۔ بیت اللہ کو کافروں اور مشرکوں سے آزاد کرانا اگرچہ مسلمانوں کی لازمی ذمہ داری ہے مگر وہاں خود جنگ کی ابتداء نہ کرو ہاں اگر وہ لوگ لڑنے پر آجائیں تو پھر تم بھی مسجد حرام (بیت اللہ) میں ان سے جنگ کرو۔ ایسے ضدی، سخت اور ہٹ دھرم کافروں کی یہی سزا ہے۔

### تفسیر

**واقتلوھم** اور انہیں قتل کرو الخطاب فیہ واقع علیٰ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن ھاجر معہ وان کان الغرض بہ لازماً بکل مسلم۔ اس میں خطاب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ ہجرت کرنے والوں سے ہے اگرچہ یہ حکم تمام مسلمانوں کے لئے لازم ہے۔ (تفسیر کبیر)

**واقتلوھم** اور انہیں قتل کرو **ھم** ضمیر کے بارے میں امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں عائد الی الذین امر بقتلھم فی الآیۃ الاولیٰ وھم الکفار من اھل مکۃ فامر اللہ تعالیٰ بقتلھم حیث کانوا فی الحل والحرم وفی الشھر الحرام۔ یہ ضمیر ان لوگوں کی طرف راجع ہے جن کے ساتھ پچھلی آیت میں قتال کا حکم دیا گیا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تھا۔ یعنی کفار اہل مکہ پس اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ ان کے ساتھ ہر جگہ اور ہر وقت قتال کیا جائے حل ہو یا حرم اور خواہ حرمت والا مہینہ ہو۔ (تفسیر کبیر)

حیث ثقفتموھم یعنی جب تم ان پر غلبہ پاؤ امام رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں الثقف وجود ہ علی وجہ الاخذ والغلبۃ (کبیر) ثقفتموا ثقف سے (ہے) جس کے معنی کسی چیز کے پانے اور اس پر کامیاب ہونے کے ہیں (لغات القرآن نعمانی) پھر چونکہ اس میں پکڑنے اور باندھنے کے معنی بھی آتے ہیں اس لئے امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں وفی ھذا دلیل علی قتل الاسیر یعنی اس میں قیدی کو قتل کرنے کی دلیل بھی ہے۔ (قرطبی)

من حیث اخرجوکم جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا (تم بھی وہاں سے انہیں نکالو) ای مکۃ یعنی مکہ سے (قرطبی) علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں والمراد افعلوا کل ماتیسر لکم من ھذین الامرین فی حق المشرکین: یعنی ان دونوں کاموں کی تمہیں اجازت ہے کہ مشرکین کو قتل کردو یا مکہ مکرمہ سے نکال دو ان دونوں کاموں میں سے جو بھی تمہارے لئے ممکن ہو۔

والفتنۃ اشد من القتل کافروں کا طاقتور رہنا اور زور آور رہنا یہ قتل سے زیادہ سخت ہے۔ فتنہ کی مکمل تفسیر ان شاء اللہ تعالیٰ آگے آئے گی۔

## اقوال

❶ کفار کے ساتھ جبکہ شرائط جواز کے پائے جاویں ابتداءً قتال شروع کرنا درست ہے۔ (بیان القرآن)

❷ جزیرۂ عرب کے اندر جس میں حرم بھی آ گیا کفار کو وطن بنانے کی اجازت نہیں اگر بزور رہنا چاہیں تو غیر حرم میں تو قتال کر کے بھی دفع کر دینا جائز ہے۔ اور حد حرم کے اندر اولاً قتال نہ کریں گے بلکہ ان کو دوسری طرح تنگ کریں گے جس میں وہ خود چھوڑ دیں اور اگر کسی طرح نہ چھوڑیں اور دفع کرنے سے آمادہ قتال ہو جائیں تو اس وقت قتال جائز ہے۔ (بیان القرآن)

❸ جمہور ائمہ دین کا اجماع ہے کہ اشہر حرم (محرم، رجب، ذوالقعدہ، ذوالحجہ) میں اب قتال جائز ہے اور جن آیات سے ممانعت معلوم ہوتی ہے وہ منسوخ ہیں لیکن افضل اب بھی یہی ہے کہ اشہر حرم میں ابتداء بالقتال نہ کرے (بیان القرآن)

❹ کفار عرب اگر اسلام نہ لاویں تو ان کے لئے صرف قتل کا قانون ہے اگر وہ جزیہ دینا چاہیں تو نہ لیا جاوے گا۔ (بیان القرآن)

## فائدہ

گذشتہ آیات سے دو باتیں ثابت ہوگئیں:

(الف) کوئی جگہ قتال فی سبیل اللہ سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

(ب) کوئی مسلم اپنے آپ کو جہاد سے مستثنیٰ خیال نہیں کر سکتا۔

جو لوگ بیت اللہ میں گوشہ گیر ہوں، ذکر الٰہی ان کا مقصد وحید ہو اور شب و روز اسی کی عبادت میں مصروف ہوں، تزکیہ نفس و تہذیب اخلاق ان کے پیش نظر ہو وہ بھی جنگ کی شرکت سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتے کیونکہ جب خود بیت اللہ ہی میں جنگ شروع ہو جائے گی تو کون انکی اعانت کے لئے آئے گا، بلکہ انہیں خود اس کے لئے تیاری کرنی پڑے گی۔ پچھلے اوراق میں تم پڑھ آئے ہو کہ حضرت عبداللہ بن مبارک نے فضیل بن عیاض کو جو اشعار لکھ کر بھیجے تھے تو وہ رو پڑے تھے اور مان گئے تھے کہ عبداللہ سچ کہتا ہے۔ اگر یہ بھی تمہارے اطمینان کے لئے کافی نہ ہو تو خود لسان الٰہی اپنی غیر مشتبہ آواز میں اعلان کرتی ہے۔

اجعلتم سقاية الحاج وعمارة المسجد الحرام كمن آمن بالله واليوم الآخر وجاهد في سبيل الله لا يستون عند الله والله لا يهدي القوم الظالمين (توبہ ۱۹)

(ترجمہ: کیا تم نے حاجیوں کا پانی پلانا اور مسجد حرام کا آباد کرنا اس کے برابر کر دیا جو اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لایا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑا۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ برابر نہیں ہیں اور اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا) اس سے صاف معلوم ہو گیا کہ جہاد فی سبیل اللہ کی تیاری سے کسی مسلمان کو مفر نہیں (تفسیر الفرقان)

❷ پس یہ تمام تصریحات واضح کرتی ہیں کہ جہاد کی اصلی غرض و غایت صرف اعلاء کلمۃ اللہ ہو مگر جنگ صرف ان لوگوں سے ہو، جن سے مخالفت کا اندیشہ ہے یا جو اسلام کو تباہ کرنے کی تیاریاں کر رہے ہیں، ایسے لوگوں کو فوراً قتل کر دینا چاہیے، اگر انہیں مہلت دی اور وہ اس درمیان میں آلات حرب سے مسلح ہو گئے تو پھر کامیابی کی کوئی صورت نہ ہو گی۔ (تفسیر الفرقان)

❸ بیت اللہ الجلیل کے اصلی وارث مسلمان تھے، اس لئے کہ یہی ابراہیمی ملت کے پابند تھے: ان اولى الناس بابراهيم للذين اتبعوه وهذا النبي والذين امنوا (آل عمران ۹۱) مگر کفار نے ان کو وہاں سے نکال دیا اور خود اس پر غاصبانہ قبضہ کر لیا اب مسلمانوں کا فرض ہے کہ اس مرکز سے ان کو الگ کر دیں اور اس جگہ کو واپس لے لیں مگر مسلمانوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ صرف بیت اللہ پر قبضہ کر کے ان کا فرض نہیں ختم ہو جاتا وہ شهداء على الناس کے درجہ پر فائز کئے گئے ہیں، وما ارسلنك الا كافة للناس بشيرا ونذيرا ان کا طغرائے امتیاز ہے۔ خير امة اخرجت للناس انکی خصوصیت کبریٰ ہے، دنیا میں جس قدر انبیاء علیہم السلام آئے ان کے وارث اصلی اب مسلمانوں کے سوا اور کوئی نہیں ان رسولوں نے اپنی امتوں کے لئے مراکز قائم کئے مگر کچھ مدت کے بعد نا خلف ان پر قابض ہو گئے اس لئے بیت اللہ کو اپنے قبضہ میں لینے کے بعد ان کا دوسرا فرض یہ ہو گا کہ دنیا بھر میں جس قدر مذہبی مرکز ہیں ان پر بھی قبضہ کر لیں تا کہ صحیح معنی میں شهداء على الناس کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مصداق بن سکیں۔ (تفسیر الفرقان فی معارف القرآن)

## فائدہ

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی بذلك صلوٰت الله وسلامه عليه قتاله اهله يوم فتح مكة فانه فتحها عنوة وقتلت رجال منهم عند الخندقه: یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے اجازت مرحمت فرمائی اور آپ نے فتح مکہ کے دن مکہ والوں سے قتال فرمایا اور مکہ کو بزور تلوار فتح فرمایا اور بعض مشرکین کو قتل بھی کیا۔ (ابن کثیر)

صحیح بخاری کی روایت ہے:

ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل مكة وعليه المغفر فقيل ان ابن خطل متعلق باستار الكعبة فقال: اقتلوه (بخاري، مسلم، قرطبي)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے اور آپ نے جنگی ٹوپی پہن رکھی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ ابن خطل (مشرک) کعبہ کے پردوں سے چمٹا ہوا ہے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اسے قتل کر دو۔ امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

ولهذا السبب اجلى رسول الله تعالىٰ عليه وسلم كل مشرك من الحرم ثم اجلا هم ايضاً من المدينة وقال عليه الصلوٰة والسلام لا يجتمع دينان في جزيرة العرب (تفسير كبير)

ان تمام اقوال کا اور ان جیسے دیگر بہت سے اقوال کا خلاصہ یہ ہوا کہ مکہ مکرمہ جہاد کی برکت سے فتح ہوا، بیت اللہ شریف جہاد کے ذریعہ مسلمانوں کو نصیب ہوا، جزیرۃ العرب جہاد کے ذریعہ کفر و شرک سے پاک ہوا اور دنیا میں پہلی اسلامی سلطنت کا قیام جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعہ عمل میں آیا۔ وللہ الحمد والمنۃ۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۹۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾

پھر اگر وہ باز آجائیں تو اللہ بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

## خلاصہ

پھر اگر وہ کفر وشرک سے باز آجائیں اور ایمان لے آئیں تو (ان سے کوئی لڑائی نہیں) اللہ پاک بخشنے والا مہربان ہے۔ (مشرکین عرب کے علاوہ باقی کا فر اگر لڑائی چھوڑ کر اسلام اور مسلمانوں کی بالادستی قبول کرلیں اور جزیہ دیں تو ان کے ساتھ قتال نہ کیا جائے گا)

## حوالے

❶ قال ابن عباس: فان انتهوا عن القتال وقال الحسن فان انتهوا عن الشرك: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ فان انتهوا یعنی اگر وہ قتال سے باز آجائیں اور حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں فان انتهوا کہ اگر وہ شرک سے باز آجائیں۔ (تفسیر کبیر)

❷ فان انتهوا عن الكفر بالتوبة منه كما روى عن مجاهد وغيره أو عنه وعن القتال كما قيل (روح المعانی)

❸ فان انتهوا اى عن قتالكم بالايمان فان الله يغفر لهم جميع ماتقدم ويرحم كلا منهم بالعفو عما اجترم: یعنی اگر وہ تم سے لڑنے سے باز آجائیں ایمان لانے کے ذریعہ تو اللہ تعالیٰ ان کے تمام پچھلے گناہ بخش دے گا اور ان میں سے ہر ایک پر رحم فرما کر ان کے جرائم کو معاف فرمائے گا۔ (قرطبی)

❹ پھر اگر بعد شروع قتال کے بھی وہ لوگ اپنے کفر سے باز آجائیں اور اسلام قبول کرلیں تو ان کا اسلام بے قدر نہ سمجھا جاوے گا بلکہ اللہ تعالیٰ ان کے گذشتہ کفر کو بخش دیں گے اور مغفرت کے علاوہ انواع نعم دیکر ان پر مہربانی بھی فرمادیں گے۔ (بیان القرآن)

❺ یعنی اس سب پر اگر اب بھی مسلمان ہوں تو توبہ قبول ہے (موضح القرآن)

❻ فان انتهوا پھر اگر باز آجائیں محض جنگ سے نہیں جسے انہوں نے شروع کیا تھا بلکہ عقائد کفر و شرک سے جو محرک اور باعث بنے ہوئے تھے جنگ وقتال کے۔ جن مفسرین جدید نے انتهوا سے صرف جنگ سے باز آجانا مراد لیا ہے انہوں نے بہت کمزور پہلو اختیار کیا ہے (تفسیر ماجدی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## دعاء

یا اللہ ہم مسلمانوں کو ایسے جہاد کی توفیق عطاء فرما کہ جس کی شوکت کے سامنے کفر کی طاقت ٹوٹ جائے اور کفار کفر و شرک سے توبہ کر کے ایمان قبول کرنے کی طرف متوجہ ہوں بے شک آپ غفور رحیم ہیں۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۹۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۭ فَاِنِ

اور ان سے لڑو یہاں تک کہ فساد باقی نہ رہے اور اللہ کا دین قائم ہوجائے پھر اگر

انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾

وہ باز آجائیں تو سوائے ظالموں کے کسی پر سختی جائز نہیں

### خلاصہ

تم ان مشرکوں سے لڑتے رہو یہاں تک کہ ان کی قوت وشوکت ٹوٹ جائے شرک کے اقتدار کا خاتمہ ہوجائے اور اللہ تعالیٰ کا دین قائم ونافذ ہوجائے پھر اگر وہ باز آجائیں تو ظالموں کے سوا کسی پر سختی نہیں۔

### ربط

اکثر مفسرین حضرات ماقبل کی تین آیات کے ساتھ ربط جوڑتے ہوئے اس آیت کو جزیرۃ العرب کے ساتھ خاص مانتے ہیں اور فتنہ کا ترجمہ شرک سے کرتے ہیں۔ یعنی ان مشرکین مکہ سے لڑتے رہو یہاں تک کہ جزیرۃ العرب میں کسی طرح کا شرک نہ رہے اور یہ خطہ اللہ تعالیٰ کی خالص عبادت کے لئے خاص ہوجائے، چنانچہ صاحب تفسیر ماجدی لکھتے ہیں:

قاتلوھم میں ھم کی ضمیر کس کی طرف ہے؟ جنگ جاری رکھنے کا حکم کس کے مقابلہ میں دیا جارہا ہے ظاہر ہے کہ مراد کفار مطلق صورت میں بھی ہوسکتے ہیں اور مشرکین عرب بھی سمجھے جاسکتے ہیں لیکن فقہاء حنفیہ اور بکثرت تابعین نے مراد مشرکین مکہ ہی سے لی ہے: ومن راھا غير ناسخة قال المعنیٰ قاتلوا ھولاء الذين قال الله فيهم فان قاتلوكم (قرطبی) وهم كفار مكة والفتنة ههنا الشرك ولا يسن بهم سنة اهل الكتاب فی قبول الجزية قاله ابن عباس وقتادة والربيع والسدی (بحر) عطف علیٰ قاتلو الذين يقاتلونكم ويويده ان المشركين العرب ليس فی حقهم الا الاسلام اوالسيف (روح) وهذه الآية خاصة فی المشركين دون اهل الكتاب (جصاص)

اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے، اس لئے ضروری تھا کہ اس کا ایک جغرافیائی مرکز ہو، مستقر ہو اور روئے زمین پر کم ازکم ایک خطہ تو ایسا ہو جو شرک وکفر سے قطعاً پاک اور اہل توحید کے لئے صحیح معنیٰ میں "پاکستان" ہو اور اس غرض کے لئے مولد رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور مہبط "قرآن" سے بڑھ کر سرزمین اور کونسی ہوسکتی ہے؟ قدرۃً انتخاب اس کے لئے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سرزمین عرب کا ہوا۔ کفار عرب اگر اسلام نہ لائیں تو ان کے لئے صرف قتل کا قانون ہے اگر وہ جزیہ دینا چاہیں تو نہ لیا جائے گا۔ (تفسیر ماجدی)

## دوسری رائے

بعض دوسرے مفسرین حضرات کے نزدیک یہ آیت عام ہے چنانچہ علامہ قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وقاتلوهم امر بالقتال لكل مشرك في كل موضع على من رآها ناسخة اس آیت میں ہر مشرک سے ہر جگہ قتال کا عام حکم ہے ان حضرات کے نزدیک جو اس آیت کو ناسخ مانتے ہیں۔ (قرطبی) اس قول کے مطابق فتنہ کے معنی کفر کے لئے گئے ہیں (قرطبی) یعنی جہاد اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کفر کی کمر نہ ٹوٹ جائے اور اس کی قوت اور اقتدار ختم نہ ہو جائے، اس قول کے مطابق اس آیت کا بھی وہی معنی ہوگا جو سورۃ انفال کی آیت (۳۹) کا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: وقاتلوهم حتى لاتكون فتنة ويكون الدين كله لله فان انتهوا فان الله بما يعملون بصير (الانفال ۳۹) یہ آیت تو مفسرین کے نزدیک اقدامی جہاد کی مشروعیت کے لئے بالکل صریح، واضح، عام اور نص قطعی ہے چنانچہ اس آیت میں مذکور لفظ فتنہ کی تشریح میں صاحب تفسیر عثمانی لکھتے ہیں:

”یعنی کافروں کا زور نہ رہے کہ ایمان سے روک سکیں یا مذہب حق کو موت کی دھمکی دے سکیں جیسا کہ تاریخ شاہد ہے کہ جب کبھی کفار کو غلبہ ہوا مسلمانوں کا ایمان اور مذہب خطرہ میں پڑ گیا، اسپین کی مثال دنیا کے سامنے ہے کہ کس طرح قوت اور موقع ہاتھ آنے پر مسلمانوں کو تباہ کیا گیا یا مرتد بنایا گیا بہر حال جہاد و قتال کا اولین مقصد یہ ہے کہ اہل اسلام مامون و مطمئن ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کر سکیں اور دولت ایمان و توحید کفار کے ہاتھوں سے محفوظ ہو۔ چنانچہ فتنہ کی یہی تفسیر ابن عمرو غیرہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے کتب حدیث میں منقول ہے“۔ (تفسیر عثمانی)

اور ویکون الدین کلہ للہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

”یہ جہاد کا آخری مقصد ہے کہ کفر کی شوکت نہ رہے حکم اکیلے اللہ تعالیٰ کا چلے، دین حق سب ادیان پر غالب آجائے (لیظهره على الدين كله) خواہ دوسرے باطل ادیان کی موجودگی میں جیسے خلفائے راشدین وغیرہم کے عہد میں ہوا یا سب باطل مذاہب کو ختم کر کے جیسے نزول مسیح کے وقت ہوگا بہر حال یہ آیت اسکی واضح دلیل ہے کہ جہاد و قتال خواہ ہجومی ہو یا دفاعی مسلمانوں کے حق میں اس وقت تک برابر مشروع ہے جب تک یہ دونوں مقصد حاصل نہ ہو جائیں“ (تفسیر عثمانی)

خلاصہ یہ ہوا کہ آیت کو خاص مانا جائے یا عام، ہر حال میں جہاد کے حکم کی تاکید معلوم ہوتی ہے اور جہاد کی غرض و غایت کا بھی پتہ چلتا ہے لفظ فتنہ کی مکمل تحقیق و تفسیر ان شاء اللہ تعالیٰ سورہ انفال میں بیان کی جائے گی۔ یہاں صرف امام رازی رحمہ اللہ کی ایک تحقیقی عبارت پر اکتفا کیا جاتا ہے جس میں اس لفظ کی حقیقت تک پہنچنے کا کافی سامان موجود ہے۔

في المراد بالفتنة ههنا وجوه: احدها: انها الشرك والكفر قالوا كانت فتنتهم انهم كانوا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

يضربون ويوذون اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم بمكة حتى ذهبوا الى الحبشة ثم واظبوا على ذلك الايذاء حتى ذهبوا الى المدينة وكان غرضهم من اثارة تلك الفتنة ان يتركوا دينهم ويرجعوا كفارا فانزل الله تعالى هذه الآية والمعنى قاتلوهم حتى تظهروا عليهم فلا يفتنوكم عن دينكم فلا تقعوا في الشرك

یعنی فتنہ کا معنی بعض حضرات کے نزدیک شرک و کفر ہے یہ حضرات کہتے ہیں کہ مشرکین مکہ کا فتنہ یہ تھا کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مکہ میں مارا اور ستایا کرتے تھے یہاں تک کہ انہیں حبشہ کی طرف ہجرت کرنی پڑی، مگر مشرکین نے ستانے کا سلسلہ برابر جاری رکھا یہاں تک کہ مسلمان مدینہ منورہ چلے گئے، مشرکین مکہ کی غرض اس فتنے سے یہ تھی کہ مسلمان اپنا دین چھوڑ دیں اور کفر کی طرف لوٹ آئیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی جس کا مطلب یہ ہے کہ ان مشرکین سے لڑتے رہو یہاں تک کہ ان پر غالب آجاؤ اور وہ (مغلوب و کمزور ہو کر) تمہیں دین اسلام کے بارے میں فتنے میں نہ ڈال سکیں اور تم شرک میں مبتلا نہ ہو جاؤ۔ (التفسیر الکبیر)

اس کے بعد امام رازی رحمہ اللہ فتنہ کا دوسرا مطلب ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں:

وثانيها قال ابو مسلم معنى الفتنة ههنا الجرم قال: لان الله تعالى امر بقتالهم حتى لا يكون منهم القتال الذى اذا بدؤا بها كان فتنة على المو منين لما يخافون عنده من انواع المضار

یعنی دوسرا قول ابو مسلم رحمہ اللہ کا ہے وہ فرماتے ہیں کہ فتنہ سے مراد اس آیت میں "جرم" (یعنی مسلمانوں کے خلاف جنگ کی جرأت کرنا) ہے وہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ ان کافروں اور مشرکوں سے لڑتے رہو تا کہ وہ تم سے لڑ نہ سکیں کیونکہ ان کا مسلمانوں سے قتال کرنا مسلمانوں کے لئے ایک فتنہ ہو گا جس سے انہیں نقصان پہنچ سکتا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

یعنی کافروں کی ہر وہ طاقت توڑ دی جائے جس کے ذریعہ وہ مسلمانوں کو مار سکیں، پکڑ سکیں، گمراہ کر سکیں اور دین کے بارے میں فتنہ میں ڈال سکیں۔

سبحان اللہ...... اللہ تعالیٰ نے اسلام اور مسلمانوں کی حفاظت کا کیسا زبردست بندوبست کیا مگر ہم مسلمانوں نے اپنی غفلت، کم ہمتی اور بزدلی کی وجہ سے اس بندوبست سے فائدہ نہ اٹھایا۔ اب جبکہ کفر و شرک کے پجاری حکومتی، عسکری، اقتصادی اور ثقافتی طاقتوں سے مالا مال ہیں تو وہ کس طرح سے مسلمانوں کو ستا رہے ہیں اور کس طرح سے گمراہی پھیلا رہے ہیں۔ فالی اللہ المشتکیٰ

## دعاء

یا اللہ، یا قوی، یا قادر، یا مقتدر، یا قیوم ہمیں ہمت، قوت اور توفیق عطاء فرما کہ ہم تیرے راستے میں قتال کریں یہاں تک کہ فتنہ ختم ہو جائے اور دین خالص اللہ تعالیٰ کا قائم ہو جائے۔ آمین یا ارحم الراحمین

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۹۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى

حرمت والے مہینے کا بدلہ حرمت والا مہینہ ہے اور سب قابل تعظیم باتوں کا بدلہ ہے پھر جو تم پر زیادتی کرے

عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

تم بھی اس پر زیادتی کرو جیسی کہ اس نے تم پر زیادتی کی اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝۱۹۴

اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے

## خلاصہ

❶ پچھلے سال انہوں نے تمہیں حرمت والے مہینے ذوالقعدہ ۶ھ میں حرم شریف میں داخل ہونے سے روکا تھا اب اس سال ذوالقعدہ ۷ھ میں اللہ پاک نے تمہیں حرم میں داخل فرمادیا ہے اس طرح یہ حرمت والا مہینہ اس حرمت والے مہینہ کا بدلہ ہوگیا۔

❷ کفار مکہ جانتے تھے کہ مسلمان حرمت والے مہینوں میں جنگ کی ابتدا نہیں کرتے چنانچہ انہوں نے عمرہ کے دوران مسلمانوں پر حملے کا ارادہ کیا مسلمان اس صورت حال سے پریشان تھے تو انہیں فرمایا گیا کہ جب مشرکین اپنے کفر کی خاطر حرم کی حرمت پامال کررہے ہیں تو تمہیں بھی اسلام کی خاطر ان سے اس مہینے میں جنگ کرنے میں کوئی اندیشہ اور پریشانی نہیں ہونی چاہیے۔

❸ مشرکین مکہ بلد حرام میں شرک کرتے ہیں اور انہوں نے پچھلے سال ذوالقعدہ کی حرمت کو پامال کرکے تم سے جنگ کی تو اب ان کے خلاف جنگ کرنے میں کوئی برائی نہیں ہے۔ (تفسیر کبیر)

## دو اقوال

❶ اکثر علماء امت کے نزدیک اشہر حرم محرم، رجب، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ میں جنگ کرنے کی حرمت اب باقی نہیں رہی چنانچہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: جمہور ائمہ دین کا اجماع ہے کہ اشہر حرم میں اب قتل وقتال جائز ہے اور جن آیات سے ممانعت معلوم ہوتی ہے وہ منسوخ ہیں لیکن افضل اب بھی یہی ہے کہ اشہر حرم میں ابتداء بالقتال نہ کرے۔ (بیان القرآن)

❷ اس بارے میں ایک دوسری رائے اس عبارت میں ملاحظہ فرمایئے:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

"عام طور پر مشہور ہے کہ مہینے حرام کے منسوخ ہیں یہ صحیح نہیں ہے بلکہ حرمت باقی ہے۔ تین مہینے حج کے لئے حرام ہیں اور رجب عمرہ کے لئے اگر کوئی قوم ہماری مقدس اشیاء کو تباہ کرے گی تو ہمیں بھی انکی مذہبی مقدس اشیاء کو تباہ کرنا چاہیے"۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ) تفسیر کبیر میں ہے کہ یہ قول حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ کا ہے۔

**والحرمات قصاص** حرمتیں تو ادلہ بدلہ کی چیزیں ہیں، فریق مخالف اگر ان کا لحاظ رکھے گا تو ہم بھی لحاظ رکھیں گے اور اگر وہ باطل پر ہونے کے باوجود حرمتوں کو پامال کرے گا تو ہمیں بھی حق کی خاطر پورا جواب دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑنی چاہیے۔ حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

یعنی اگر کوئی کافر ماہ حرام کو مانے کہ اس مہینے میں وہ تم سے نہ لڑے تو تم بھی اس سے نہ لڑو اور مکے کے لوگ اسی ماہ میں ظلم کرتے رہے مسلمانوں پر۔ پھر مسلمان ان سے کیوں قصور کریں (یعنی کیوں ہاتھ روکے رکھیں) بلکہ سفر حدیبیہ میں ماہ ذی قعدہ تھا عمرے کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم گئے اور کافر لڑنے کو موجود ہوئے یہ آیت اس واسطے اتری کہ مسلمان خطرہ کرتے تھے کہ اگر ماہ حرام میں کافر لگیں لڑنے تو ہم کیا کریں۔ (موضح القرآن)

**فمن اعتدیٰ علیکم** یہاں زیادتی کے بدلے کو زیادتی کہا گیا حالانکہ زیادتی کا بدلہ لینا انصاف ہے تو ایسا مشاکلۃً فرمایا گیا ہے، یہ عربی زبان کا اسلوب ہے کہ کسی بھی عمل کے بدلہ کو اسی عمل والا نام دے دیا جاتا ہے مکر کے بدلہ کو مکر، خداع کے بدلہ کو خداع، کید کے بدلہ کو کید، سیئہ کے بدلہ کو سیئہ اور اعتداء کے بدلہ کو اعتداء۔

## اہم نکتہ

پچھلی آیات سے معلوم ہوا تھا کہ جہاد سے کوئی مقام مستثنیٰ نہیں ہے اور نہ کوئی مسلمان فرد اس سے مستثنیٰ ہے (سوائے ان کے جن کو اللہ پاک نے خود مستثنیٰ قرار دے دیا ہے) اب اس آیت سے معلوم ہوا کہ جہاد سے کوئی وقت بھی مستثنیٰ نہیں ہے جہاد ہمیشہ ہوتا رہے گا۔ (مستفاد من تفسیر الفرقان) جہاد دراصل اسلام کا حفاظتی نظام ہے اور اتنے عظیم دین اور اتنی عظیم امت کی حفاظت کا کام کس طرح سے بند یا موقوف کیا جاسکتا ہے۔

## فائدہ

پیچھے جو چار آیات گزری ہیں یہ فتح مکہ سے کچھ پہلے نازل ہوئی ہیں، ان میں ایک طرف تو یہ اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ اب جزیرۃ العرب عموماً اور مکہ مکرمہ خصوصاً شرک و مشرکین سے پاک ہونے والا ہے اور دوسری طرف یہ اشارہ بھی ملتا ہے کہ مسلمانوں کے دل میں بیت اللہ کی حرمت، اشہر حرم کی حرمت اور احرام کی حرمت، بہت زیادہ تھی اور وہ طبعاً ان مقامات و اوقات میں قتال کو ناگوار سمجھتے تھے۔ اگر صورتحال اسی طرح رہتی تو مکہ مکرمہ کیسے فتح ہوتا؟ چنانچہ ان آیات کے ذریعے انکی ذہن سازی کی جارہی ہے اور انہیں سمجھایا جارہا ہے کہ حرم کو شرک اور مشرکین سے پاک کرنا ہی اسکی اصل حرمت ہے اور یہ حرمت حاصل کرنے کے لئے مسجد حرام میں لڑنا اور حرمت والے مہینوں میں جنگ کرنا بھی جائز

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ الغرض جب ان کے دل وذہن اس کے لئے آمادہ ہوگئے اور انہوں نے فتح مکہ کے لئے بھرپور جنگی تیاری کر لی تو اللہ پاک نے زیادہ خونریزی نہ ہونے دی اور مکہ مکرمہ فتح ہوگیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب وعلمہ اتم۔

واعلموا ان اللہ مع المتقین اور خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ متقین کے ساتھ ہے۔

"اللہ تعالیٰ کا پہلا انعام جو لوگوں پر ہوتا ہے وہ ہے ارادہ کا جزم واستحکام جب تک کسی قانون چلانے والی قوم کی ہمت مضبوط ہوگی کوئی قوم اس کا مقابلہ نہیں کر سکے گی اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے یعنی تمہارے ارادوں کو مستحکم رکھے گا واللہ تعالیٰ اعلم" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّة　آیت ١٩٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَأَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ

اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو

وَأَحْسِنُوْا ۛ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٩٥﴾

اور نیکی کرو بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے

### خلاصہ

جہاد فی سبیل اللہ میں اپنا مال خرچ کرو اور جہاد چھوڑ کر خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور دل کی رغبت شوق اور جذبے کے ساتھ نیکی کرو کہ اللہ تعالیٰ محسنین سے محبت رکھتا ہے۔

### تفسیری اقوال:

وانفقوا فی سبیل اللّٰہ　اور خرچ کرو اللہ تعالیٰ کے راستے میں

❶ وسبیل اللّٰہ هنا "الجهاد" یہاں سبیل اللہ سے مراد جہاد ہے۔ (قرطبی)

❷ الا ان الاقرب فی هذه الآیة وقدتقدم ذکر الجهاد انه یراد به الانفاق فی الجهاد: یہاں زیادہ اقرب یہ ہے کہ جہاد میں خرچ کرنا مراد لیا جائے کیونکہ پہلے سے جہاد ہی کا تذکرہ چل رہا ہے۔ (تفسیر کبیر)

❸ طاعته، الجهاد وغیره۔ اللہ تعالیٰ کی طاعت یعنی جہاد وغیرہ میں خرچ کرو (جلالین)

ولا تلقوا باید یکم الی التهلکة　اور اپنے ہاتھوں سے خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

❶ بالامساك عن النفقة فی الجهاد اوترکه لانه یقوی العدو علیکم۔ یعنی اپنے ہاتھوں سے خود کو ہلاکت میں ڈالنے کا معنی جہاد میں خرچ کرنے سے رکنا یا جہاد چھوڑنا ہے کیونکہ اس سے تمہارا دشمن تم پر غالب آجائے گا۔ (الجلالین)

❷ ان الالقاء بالید الی التهلکة هو ترك الجهاد فی سبیل اللّٰہ یعنی جہاد فی سبیل اللہ کو چھوڑ دینا اپنے ہاتھوں سے خود کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ (قرطبی)

❸ ان لا ینفقوا فی مهمات الجهاد اموالهم فیستولی العدو علیهم ویهلکهم وکانه قیل ان کنت من رجال الدین فانفق مالك فی سبیل اللّٰہ وفی طلب مرضاته وان کنت من رجال الدنیا فانفق مالك فی دفع الهلاك والضرر عن نفسك۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی اپنے ہاتھوں سے خود کو ہلاکت میں ڈالنے کا ایک مطلب مسلمانوں کا جہادی مہمات میں مال خرچ نہ کرنا ہے جس کی وجہ سے دشمن ان پر غالب آجائے اور انہیں ہلاک کردے گویا کہ آیت میں یوں کہا گیا کہ اے مسلمان اگر تو دیندار آدمی ہے تو اپنا مال اللہ تعالیٰ کے راستے میں اور اس کی رضا حاصل کرنے کے لئے خرچ کر اور اگر تو دنیادار ہے تو ہلاکت سے بچنے اور اپنے آپ کو (کافروں کے) ضرر سے بچانے کے لئے مال خرچ کر۔

❹ یعنی چھوڑ کر جہاد نہ بیٹھو اسی میں تمہارا ہلاک ہے۔ (موضح القرآن)

❺ جہاد ترک کردینا تباہی و بربادی ہے، صرف روپیہ دے کر اپنی جان چھڑا لینا کافی نہیں ہے، بلکہ روپیہ دینے کے ساتھ ساتھ خود جنگ کی تیاری اور جہاد میں شرکت ضروری ہے ایسے موقع پر جبن بزدلی اور بخل سے کام لینا اپنے آپ کو ضعیف و کمزور اور مخالف کو قوی و طاقتور بنانا ہے۔ پس جان و مال دونوں کو حاضر کرو (تفسیر الفرقان)

❻ جو لوگ جہاد کی راہ میں مال خرچ نہیں کرتے وہ اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال دیتے ہیں، کیونکہ جہاد سے اعراض کا نتیجہ قومی زندگی کی ہلاکت ہے۔ (ترجمان القرآن)

❼ اور تم لوگ جان کے ساتھ مال بھی خرچ کیا کرو اللہ تعالیٰ کی راہ میں یعنی جہاد میں اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہی میں مت ڈالو کہ ایسے مواقع میں جان و مال خرچ کرنے سے جبن (بزدلی) یا بخل (کنجوسی) کرنے لگو جس کا نتیجہ تمہارا ضعیف اور مخالف کا قوی ہوجانا ہے جو کہ عین تباہی ہے۔ (بیان القرآن)

❽ انصار نے خیال کیا کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں اسلام کی کافی خدمت کی اور جہاد میں شریک رہے اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مسلمان مہاجر بکثرت جمع ہوگئے ہیں لہٰذا ہمیں اب جہاد میں شرکت کی ضرورت نہیں ہے اور بہتر ہے کہ اب ہم کھیتی باڑی سنبھال لیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ جہاد سے جی چرانا ہلاکت ہے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

❾ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں یعنی جہاد وغیرہ میں اپنے مال کو صرف کرو اور اپنی جان کو ہلاکت میں نہ ڈالو یعنی جہاد کو چھوڑ بیٹھو یا اپنے مال کو جہاد میں صرف نہ کرو اس سے تم ضعیف اور دشمن قوی ہوگا۔ (تفسیر عثمانی)

❿ یہاں اصل مخاطبت امت سے بہ حیثیت مجموعی ہے اور بیان یہ حقیقت ہورہی ہے کہ افراد امت نے اگر جہاد و قتال سے جان چرائی اور مجاہدین کو مالی امداد دینے میں بخل کیا تو نتیجہ لازمی طور پر ساری امت کی تباہی، بربادی، ہلاکت کی صورت میں ظاہر ہوگا۔ (تفسیر ماجدی)

## تنبیہ

یہ دس عبارات نقل کرنے کے چند مقاصد ہیں:

❶ آیت کی تفسیر واضح ہوجائے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ جولوگ ابھی تک جانی اور مالی جہاد سے دور ہیں ان کو سمجھ آجائے کہ وہ خود کو اور پوری امت مسلمہ کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں۔

❸ امت کی موجودہ پستی کا راز معلوم ہو جائے گا۔

❹ ان دس عبارتوں میں سے اکثر میں الگ الگ جہادی نکات بیان ہوئے ہیں باریک بینی سے پڑھیں تو بہت سی وہ باتیں سمجھ آجائیں گی جن کی آج امت مسلمہ کو ضرورت ہے۔

❺ اس آیت کی اصل تفسیر یہی ہے جبکہ باقی اقوال ثانوی درجہ رکھتے ہیں۔

## عجیب نکتہ

اللہ تعالیٰ کی باتیں سچی ہیں اور حکمت سے بھرپور ہیں، کوئی سمجھے یا نہ سمجھے۔ دیکھیں! جہاد میں مارے جانے کو دنیا کے لوگ ہلاکت کہتے ہیں اللہ پاک نے فرمایا جہاد میں مارے جانے والے زندہ ہیں جیسے سورۃ بقرہ کی آیت (۱۵۴) میں گذرا ہے۔ اسی طرح جہاد سے جان بچا کر ظاہری امن سے بیٹھنے والے لوگ کہتے ہیں کہ ہم بچ گئے تو اللہ پاک سمجھاتا ہے یہ لوگ ہلاک ہو گئے۔ جن کے دل کی آنکھیں کھلی ہیں ان کو تو اللہ تعالیٰ کی بات بالکل سچی اور برحق نظر آتی ہے مگر جو لوگ دل کی آنکھوں سے محروم ہیں وہ تاریخ کا مطالعہ کر کے دیکھ لیں یقیناً وہ بھی بے اختیار بول اٹھیں گے کہ واقعی جہاد میں جان گنوانے والوں نے زندگی پالی اور بزدلی سے جان بچانے والے ہلاک ہو گئے، برباد ہو گئے، اللہ پاک ہمیں سمجھ عطاء فرمائے۔

## ربط آیات

اعلم ان تعلق هذه الآية بما قبلها من وجهين الخ اس آیت کا ماقبل سے تعلق دو طرح سے ہے (تفسیر کبیر)

❶ پچھلی آیات میں اللہ پاک نے قتال کا حکم صادر فرمایا ہے اور یہ بات یقینی ہے کہ قتال کے لئے بہت سے آلات واسباب کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ مال ہی کے ذریعہ حاصل کئے جاتے ہیں اور کئی بار ایسا بھی ہوتا ہے کہ مال والے لوگ جنگ نہیں کر سکتے اور جنگ کرنے والے بہادروں کے پاس مال نہیں ہوتا تو اس لئے اللہ تعالیٰ نے مال والوں کو حکم دیا کہ وہ اپنا مال ان مجاہدین پر خرچ کریں جن کے پاس مال نہ ہو۔

❷ روایت میں آیا ہے کہ جب پچھلی آیات (جن میں قتال کا ذکر ہے) نازل ہوئیں تو حاضرین میں سے ایک صاحب نے عرض کیا کہ ہمارے پاس تو جہاد کے لئے زاد راہ (توشہ) نہیں ہے اور کوئی ہمیں کھلاتا نہیں تو اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال داروں کو خرچ کرنے کا حکم دیا اور خرچ نہ کرنے پر ہلاکت کی وعید سنائی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (التفسیر الکبیر)

## شان نزول

❶ وروى الترمذي عن اسلم ابی عمران فقال: كنا بمدينة الروم فاخرجوا الينا صفا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

عظيماً من الروم فخرج اليهم من المسلمين مثلهم اواكثروعلیٰ اهل مصر عقبة بن عامر وعلى الـجماعة فضالة بن عبيد فحمل رجل من المسليمن علیٰ صف الروم حتى دخل فيهم فصاح الـنـاس وقـالـو اسبـحـان الله ! يـلـقـی بـيـديـه الـى التهلكة فقام ابو ايوب الانصاری رضی اللہ تـعـالیٰ عـنـه فـقـال يـا ايها الناس انما تتأولون هذه الاية هذاالتاويل وانما انزلت فينا معاشر الانصار لما اعزّالله الاسلام وكثر ناصروه فقال بعضنا لبعض سرّا دون رسول الله صـلـى الله تـعـالیٰ عليه وسلم ان اموالنا قد ضا عت وان الله قد اعز الاسلام وكثر ناصروه فـلـو اقـمـنـا فـی امـوالـنـا فـاصـلـحنا ماضاع منها فانزل الله علیٰ نبيه صلى اللهعليه وسلم يـردُّعليه ماقلنا وانـفـقـوافي سبيل الله ولا تلقوا بايد يكم الى التهلكة فـكـانـت التهلكة الاقـامة عـلـى الاموال واصلاحهاوتركنا الغزو.فمازال ابو ايوب شاخصاً في سبيل الله حتى دفن بارض الروم قال ابو عيسیٰ هذا حديث حسن غريب صحيح.(القرطبی)

یعنی ترمذی کی روایت ہے کہ اسلم ابی عمران رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہم روم کے کسی شہر میں تھے کہ رومیوں کا ایک بہت بڑا لشکر ہمارے مقابلہ کے لئے نکلا مسلمانوں کی طرف سے بھی ویسا ہی یا اس سے بھی بڑا لشکر نکلا اس وقت شہر کے گورنر حضرت عقبہ بن عامر تھے۔ جبکہ لشکر کے امیر حضرت فضالہ بن عیاض تھے اسلامی لشکر میں سے ایک شخص نے رومیوں کے لشکر پر اکیلے حملہ کردیا اور (انکی صفوں کو الٹتا ہوا) ان کے اندر تک گھس گیا۔ یہ صورتحال دیکھ کر لوگ چیخ پڑے اور کہنے لگے سبحان اللہ اس شخص نے تو خود کو اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں ڈالا ہے اس پر حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوگئے اور فرمانے لگے اے لوگو تم اس آیت کا یہ مطلب بتاتے ہو حالانکہ یہ آیت تو ہم انصار کے بارے میں نازل ہوئی (وہ اس طرح کہ) جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غلبہ عطاء فرمایا اور اس کے مددگار خوب زیادہ ہوگئے تو ہم انصار نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے الگ چھپ کر ایک دوسرے سے کہا ہمارے اموال برباد ہو چکے ہیں اور اب جبکہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت عطاء فرمادی ہے اور اس کے مددگار زیادہ ہو چکے ہیں تو ہم لوگ اپنے اموال (وجائداد) میں ٹھہر کر انکی اصلاح کرلیں اس پر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل فرما کر ہماری بات کی تردید فرمادی پس اس آیت میں ہلاکت کا معنیٰ اپنے اموال میں ٹھہر کر انکی دیکھ بھال کرنا اور جہاد چھوڑ بیٹھنا ہے۔ (راوی فرماتے ہیں) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ برابر جہاد میں لگے رہے یہاں تک کہ سرزمین روم میں دفن ہوئے امام ترمذی نے اس روایت کی تحسین وتصحیح فرمائی ہے۔ (قرطبی)

۳ وقـول ثـالـث قـالـه ابـن عـبـاس رضـی الله تـعـالیٰ عنهما وذلك ان رسـول الله صلى الله عـلـيـه وسـلـم لما امر الناس بالخروج الى الجهاد قا م اليه اناس من الاعراب حاضرين بالـمدينة فقالو ابما ذا نتجهزافو الله مالنا من زاد ولايطعمنا احد فنزل قوله تعالیٰ وانفقوافی

www.KitaboSunnat.com

سبیل اللہ یعنی تصدقوا یا اھل المیسرۃ فی سبیل اللہ یعنی فی طاعۃ اللہ ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ یعنی ولا تمسکوا بایدیکم عن الصدقۃ فتھلکوا

یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو جہاد میں نکلنے کا حکم دیا تو مدینہ میں آئے ہوئے کچھ دیہاتی حضرات کھڑے ہوگئے اور کہنے لگے ہم کس طرح سے سامان جہاد برابر کریں اللہ تعالیٰ کی قسم ہمارے پاس تو زادِ سفر ہی نہیں ہے اور نہ اور لوگ ہمیں دیتے ہیں اس پر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نازل ہوا وانفقوا فی سبیل اللہ یعنی اے مالدارو اللہ تعالیٰ کے راستے یعنی اسکی طاعت میں صدقہ کرو ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ یعنی اپنے ہاتھ صدقہ سے نہ روکو ورنہ تم ہلاک ہو جاؤ گے۔

ای لا تمسکو عن النفقۃ علی الضعفاء فانھم ان تخلفوا عنکم غلبکم العدو فتھلکوا یعنی فقیر لوگوں پر خرچ کرنے سے نہ رکو کیونکہ اگر یہ لوگ تمہارے ساتھ جہاد میں نہ جاسکے تو دشمن تم پر غالب آجائے گا اور تم ہلاک ہو جاؤ گے۔ (قرطبی)

**نکتہ**

مال کی محبت دل سے نکلے گی تو جہاد میں جانا آسان ہوگا اور مال جیب سے نکلے گا تو جہاد لڑنا آسان ہوگا اس کے برعکس اگر دل میں مال کی محبت بھری رہی تو بزدلی پیدا ہوگی تب دشمن غالب آجائیں گے اور اگر مسلمان مال جمع کرتے رہے اور جہاد میں لڑنے والے اللہ تعالیٰ کے شیر اسباب کو ترستے رہے تو پوری امت مسلمہ کو نقصان پہنچے گا۔ اس آیت میں مال کے بارے میں پورا نصاب موجود ہے کہ مال کو اسلام کی خاطر جہاد میں خرچ کرو اور اپنے دل بھی مال کی محبت سے پاک کرو اور خود بھی شوق سے جہاد میں نکلو ممکن ہے واحسنوا سے اسی کی طرف اشارہ ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

**نکتہ**

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم نے اس حکم پر عمل کیا، ان کے پاس باقی دنیا کے مقابلے میں بہت تھوڑا مال تھا وہ انہوں نے جہاد میں لٹا دیا اللہ پاک نے روم و فارس کے خزانے ان کے قدموں میں ڈال دیئے اور دنیا کے مالداران کو جزیہ دینے لگے مگر جب مسلمانوں نے مال بچانے اور مال بنانے کا نعرہ لگایا تو آج انہیں سانس لینے کے لئے بھی کافروں کو ٹیکس دینا پڑتا ہے خود دیکھ لیجئے جہاد میں جان و مال لگانے والے ہلاک ہوئے یا جہاد سے جان چرانے والے ذلت کے ساتھ ہلاک ہو رہے ہیں۔

**فائدہ**

کئی مفسرین حضرات مثلاً امام قرطبی رحمہ اللہ اور امام رازی رحمہ اللہ نے اس آیت کے ذیل میں فدائی حملے کے جواز پر بحث فرمائی ہے۔ (تفسیر قرطبی اور تفسیر کبیر میں ملاحظہ فرمائیں)۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

اس آیت کی تفسیر میں مزید اقوال بھی ہیں مثلاً:

❶ المعنیٰ لاتلقوا بایدیکم بان تترکوا النفقة في سبيل الله وتخافوا العيلة فيقول الرجل ليس عندي ماانفقه والى هذا المعنىٰ ذهب البخاري رحمه الله (قرطبی) اس معنیٰ کے اعتبار سے بھی اس کا تعلق جہاد کے ساتھ ہوگا۔ ❷ وقال زيد بن اسلم المعنىٰ لا تسافروا في الجهاد بغیر زاد (قرطبی) اس معنیٰ کے اعتبار سے بھی اس کا تعلق جہاد کے ساتھ ہوگا۔ ❸ الرجل يصيب الذنب فيلقي بيديه ويقول قد بالغت في المعاصي ولا فائدة في التوبة فييأ س من الله فينهمك بعد ذلك في المعاصي فالهلا ك اليأ س من الله (قرطبی) علامہ آلوسی نے روح المعانی میں اس معنیٰ کو بعید قرار دیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ یہ کل پانچ اقوال ہو گئے۔

## مماثل آیات

جہاد فی سبیل اللہ میں مال خرچ کرنے کی فضیلت اور نہ خرچ کرنے پر وعید درج ذیل آیات میں بھی مذکور ہے۔

البقرہ (۲۱۵، ۲۴۵، ۲۶۱، ۲۶۲، ۲۷۳، ۲۷۴) التوبہ (۳۴، ۳۵) محمد (۳۸) الحدید (۱۰)

## دعاء

یا اللہ ہمیں اپنی رضاء کی خاطر جہاد میں مال خرچ کرنے کی توفیق عطاء فرما اور ہمیں جہاد چھوڑنے کی ہلاکت سے بچا اور ہمیں مقام احسان عطاء فرما۔ آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۰۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ

اور بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کیلئے اپنی جان بھی بیچ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ

رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾

بندوں پر بڑا مہربان ہے

## خلاصہ

بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اپنی جان تک بیچ دیتے ہیں۔ یعنی مالک کی رضا کے لئے فداء ہو جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کے حال پر نہایت مہربان ہے (کہ اس نے انہیں جہاد کی توفیق بخشی اور انکی جان کو قبول فرما کر انہیں شہداء کا مقام نصیب فرمایا)

## تفسیر

یشری نفسه بیچ دیتا ہے اپنی جان کو۔

❶ أي يبيعها ببذلها في الجهاد علىٰ ما روى عن ابن عباس والضحاك رضى الله تعالىٰ عنهما ان آلاية نزلت فی سرية الرجيع۔ (روح المعانی)

یعنی اپنی جان کو جہاد میں خرچ کر کے اللہ تعالیٰ کو بیچ دیتا ہے۔ اس قول کی بنیاد اس پر ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ضحاک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ آیت سریۃ الرجیع کے متعلق نازل ہوئی۔

❷ واما الاكثرون فحملوا ذلك علىٰ انهانزلت فی كل مجاهد فی سبيل الله الخ. یعنی اکثر مفسرین کے نزدیک یہ آیت ہر مجاہد فی سبیل اللہ کے متعلق نازل ہوئی ہے جیسا کہ دوسری آیت بھی اسی مضمون کی ہے

ان الله اشترىٰ من المؤمنين انفسهم واموالهم بان لهم الجنة يقاتلو ن فی سبيل الله فيقتلون ويقتلون وعدا عليه حقا فی التورا ة والانجيل والقرآن ومن اوفىٰ بعهده من الله فاستبشروا ببيعكم الذی بايعتم به وذلك هو الفوزالعظيم (التوبه۔۱۱۱)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے انکی جان اور ان کا مال اس قیمت پر خرید لئے ہیں کہ ان کے لئے جنت ہے اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں پھر قتل کرتے ہیں اور قتل بھی کئے جاتے ہیں یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں سچا وعدہ ہے جس کا پورا کرنا اسے ضروری ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے پس جو سودا تم نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اس سے کیا ہے اس پر خوش رہو اور یہ بڑی کامیابی ہے۔(تفسیر ابن کثیر)

③ ولما حمل هشام بن عامر رضي الله تعالىٰ عنه بين الصفين انكر عليه بعض الناس فرد عليهم عمر بن الخطاب وابو هريرة وغيرهما وتلو اهذه الاية ومن الناس من يشري نفسه ابتغاء مرضات الله والله رؤف بالعباد (البقره ۲۰۷)

اور جب حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دشمنوں کے لشکر پر اکیلے حملہ کر دیا تو بعض لوگوں نے ان پر اعتراض کیا حضرت عمر بن خطاب اور حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہما نے ان لوگوں کی تردید کی اور یہی آیت تلاوت فرمائی۔

ترجمہ: اور لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اپنی جان بیچ دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے۔(تفسیر ابن کثیر)

یعنی حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس آیت پر عمل کرنے والا بتایا

④ يشري نفسه يبيعها اي يبذ لها في الجها د

یعنی اپنی جان کو بیچ دیتا ہے یعنی جہاد میں خرچ کر دیتا ہے۔(کشاف)

⑤ یہ حال صاحب ایمان کا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا پر جان دیوے(موضح القرآن)

## شانِ نزول

آیت کے شان نزول میں حضرات حققین کے کئی اقوال ہیں، چند ایک ملاحظہ فرمائیں:

① نزلت في صهيب رضي الله تعالىٰ عنه یعنی یہ آیت حضرت صہیب رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی (قرطبی، کبیر، روح المعانی، البحر المحیط وغیرہ) یہ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ کا قول ہے۔

② وقيل نزلت فيمن يقتحم القتال، حمل هشام بن عامر علىٰ الصف في القسطنطنية فقاتل حتى قتل فقرأ ابو هريرة ومن الناس من يشري نفسه ابتغاء مرضات الله ومثله عن ابي ايوب. یعنی ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت اس مجاہد کے بارے میں ہے جو (اکیلا) دشمنوں میں گھس کر لڑتا ہے چنانچہ حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قسطنطنیہ میں جب دشمنوں کے لشکر پر اکیلے حملہ فرمادیا اور لڑتے لڑتے شہید ہوگئے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی (قرطبی)

③ وفي الكواشي انها نزلت في الزبير بن العوام و صاحبه المقداد بن الاسود لما قال عليه الصلوٰة والسلام من ينزل خبيبا عن خشبته فله الجنة فقال انا وصاحبي المقداد وكان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

خبیب قد صلبه اهل مکة یعنی الکواشی میں ہے کہ یہ آیت حضرت زبیر بن العوام اور ان کے ساتھی حضرت مقداد بن اسود کے بارے میں نازل ہوئی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان فرمایا کہ جو خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سولی سے اتارے گا اس کے لئے جنت ہے اس پر حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا میں اور میرے ساتھی مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ کام کریں گے۔ حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اہل مکہ نے سولی دے دی تھی۔ (روح المعانی)

❹ نزلت فی سریة الرجیع (روح المعانی) یہ پہلے گذر چکا ہے۔

❺ وقیل نزلت فیمن امر بالمعروف ونهی عن المنکر یعنی یہ آیت اس مسلمان کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا ہوا مفسدین کے ہاتھوں شہید ہو جائے (قرطبی)

❻ وقال الحسن: اتدرون فیمن نزلت هذه الآیة نزلت فی المسلم لقی الکافر الی آخره یعنی حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی؟ یہ اس مسلمان کے بارے میں ہے جس کا کسی کافر سے مقابلہ ہوا اس نے کافر سے کہا لا الہ الا اللہ کا اقرار کرلو اور اپنی جان اور مال مجھ سے بچالو کافر نے انکار کر دیا تب اس مسلمان نے کہا اللہ تعالیٰ کی قسم اب میں اپنی جان اللہ پاک کو بیچتا ہوں اور پھر وہ اس کافر سے لڑتے ہوئے شہید ہو گیا۔ (البحر المحیط)

واللہ رؤف بالعباد اور اللہ تعالیٰ بندوں پر بہت مہربان ہے۔

❶ حیث کلفهم الجهاد فعرضهم لثواب الشهداء کہ اس نے بندوں کو جہاد کا مکلف بنایا اور اس کے ذریعہ انہیں شہداء کے اجر و ثواب کا مستحق بنا دیا۔ (کشاف)

## صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شان

قال قتادة اما واللہ ماهم باهل حروراء المراق من الدین ولکنهم اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم من المهاجرین والانصار لما رأوا المشرکین یدعون مع اللہ الها اخر قاتلوا علی دین اللہ وشروا انفسهم غضباً للہ وجهادا فی سبیله۔

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (اس آیت کے بارے میں) فرمایا اللہ تعالیٰ کی قسم اس میں اہل حروراجو دین سے نکلے ہوئے ہیں کا تذکرہ نہیں ہے بلکہ یہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مہاجرین اور انصار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے۔ انہوں نے جب مشرکوں کو دیکھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کے دین کی خاطر قتال کیا اور اپنی جانیں اللہ تعالیٰ کی خاطر غیرت اور اس کے راستے میں جہاد کرنے میں بیچ دیں۔ (التفسیر الکبیر)

## مماثل آیت

التوبہ (۱۱۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## دعاء

اللہ پاک ہم سب کو اپنی خاطر ایسی ہی غیرت نصیب فرمائے اور ہمیں توفیق عطاء فرمائے کہ ہم بھی اسکی رضاء کی خاطر اپنی جانوں کو بیچ کر اسے پالیں۔ (آمین یا ارحم الراحمین)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۱۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا

کیا تم خیال کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ تمہیں وہ (حالات) پیش نہیں آئے جو ان لوگوں کو پیش آئے

مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ

جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں انہیں سختی اور تکلیف پہنچی اور ہلا دیئے گئے یہاں تک کہ

الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ

رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے بول اٹھے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کب ہوگی سنو بے شک اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾

کی مدد قریب ہے

## خلاصہ

اگر کامیابی اور جنت چاہتے ہو تو آزمائشوں کے لئے تیار رہو اور ان آزمائشوں کی وجہ سے کم ہمت نہ بنو۔ اللہ تعالیٰ کی نصرت قربانی کے بعد آتی ہے۔

## شانِ نزول

❶ نزلت في غزوة الخندق حين اصاب المسلمين مااصابهم من الجهد والشدة والخوف والبرد وسوء العيش وانواع الاذى حتى بلغت القلوب الحناجر.

یہ آیت غزوۂ خندق کے موقع پر نازل ہوئی جب مسلمانوں کو بہت تکلیف، مشقت، خوف، سردی، معاشی پریشانی اور طرح طرح کی اذیتوں کا ایسا سامنا ہوا کہ کلیجے منہ کو آنے لگے۔ (روح المعانی)

وقال قتاده والسدی: نزلت في غزوة الخندق حين اصاب المسلمين مااصابهم من الجهد والحزن۔ یعنی امام قتادہ رحمہ اللہ اور امام سدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت غزوہ خندق کے موقع پر نازل ہوئی جب مسلمانوں کو سخت تکلیف اور غم نے آلیا (تفسیر کبیر)

❷ وقيل نزلت في حرب احد لماقال عبد الله بن ابي لاصحاب محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الىٰ متىٰ تقتلون انفسكم وترجون الباطل ولو كان محمد نبيا لما سلط الله عليكم الاسر والقتل، فانزل الله تعالىٰ هذه الاية.

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت غزوہ احد کے بارے میں نازل ہوئی جب عبداللہ بن ابی (منافق) نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے کہا تم لوگ کب تک خود کو مرواتے رہو گے اور باطل کو چاہتے رہو گے اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نبی ہوتے تو اللہ تعالیٰ تم لوگوں پر قید و بند اور قتل و غارت کی تکلیفیں نہ ڈالتا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ (التفسیر الکبیر)

وقیل فی غزوۃ احد: یعنی ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت غزوہ احد کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ (روح المعانی)

❸ قال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ لما دخل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ، اشتد الضرر علیہم، لانہم خرجو ابلا مال، وترکوا دیارھم واموالھم فی ایدی المشرکین واظھرت الیھود العداوۃ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانزل اللہ تعالیٰ تطییبا لقلوبھم: یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے رفقاء پر کافی تکالیف آئیں کیونکہ یہ حضرات اپنے شہر مکہ سے بغیر مال کے نکلے تھے اور اپنے گھر اور اموال مشرکین کے ہاتھ چھوڑ آئے تھے اور مدینہ منورہ میں یہودیوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی کا اعلان کر دیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی تسلی اور اطمینان کے لئے یہ آیت نازل فرمائی (التفسیر الکبیر) (وکذافی روح المعانی بزیادۃ)

## آیت کا مقصود

امام رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ والمقصود من ھذہ الایۃ ماذکرنا ان اصحاب الرسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کان ینالھم الامر العظیم من البأساء والضراء من المشرکین والمنافقین والیھود ولما اذن لھم فی القتال نالھم من الجراح وذھاب الاموال والنفوس الخ۔

یعنی اس آیت کا مقصد وہی ہے جو ہم نے ذکر کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کو مشرکوں، منافقوں اور یہودیوں سے بہت بڑی تکلیفیں اور پریشانیاں پہنچیں اور جب اللہ تعالیٰ نے انہیں قتال فی سبیل اللہ کی اجازت دی تو اس میں بھی انہیں جان و مال کی قربانی اور زخموں کا سامنا کرنا پڑا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں تسلی دی اور بیان فرمایا کہ ان سے پہلے لوگوں پر بھی دین کی خاطر ایسے حالات آچکے ہیں اور یہ قاعدہ ہے کہ مصیبت جب عام ہو جائے تو آسان ہو جاتی ہے۔ (التفسیر الکبیر)

## سات آیات کا جہادی ربط

اس آیت اور اس کے بعد والی چار آیات کی بلند جہادی شان سمجھنے کے لئے تھوڑا سا پیچھے کی طرف چلیں آیت (۲۱۲) (زین للذین کفروا) میں بتایا گیا کہ مادہ پرست کافر دنیا کے لوگوں کو مال و دولت کی محبت اور نام نہاد ترقی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کی طرف جاتے ہیں کیونکہ انکی نظر میں یہی کامیابی ہے اور وہ اپنی اس کامیابی کی راہ میں مسلمانوں کو رکاوٹ سمجھ کر ان کا مذاق اڑاتے ہیں اور انکی شان اور حیثیت کو رسوا کرنے کی کوشش کرتے ہیں تا کہ اسلام کی دعوت کمزور پڑ جائے اور وہ اس آخرت کو بھول جاتے ہیں جس میں مسلمانوں کا درجہ بہت اونچا ہوگا۔ الغرض دولت پسند کافر مسلمانوں کو رسوا کریں گے۔ اور مسلمانوں نے اپنی دعوت کو پھیلانے کے لئے اس رسوائی کا مقابلہ کرنا ہے گویا جنگ یقینی ہوگئی۔ آیت (۲۱۳) میں سمجھایا گیا کہ سب انسان توحید پر قائم تھے اللہ تعالیٰ نے کتابیں اور انبیاء بھیجے پھر باطل پرست لوگوں نے حق سے اختلاف کیا اور زمین کو ضد اور اختلاف سے بھر دیا اب اللہ تعالیٰ نے اس امت کو بھیجا ہے اور انہیں حق کی ہدایت عطاء فرمائی ہے۔ اب اس امت نے زمین پر سے ضد اور اختلاف کو ختم کر کے سب کو راہ ہدایت پر لانے کی محنت کرنی ہے۔ ظاہر ہے ضدی اور اختلاف پسند لوگوں کے سرغنے اور سردار اس بات کو کہاں برداشت کریں گے گویا جنگ یقینی ہوگئی۔ کیونکہ مسلمانوں نے سرمایہ دار مادہ پرستوں کا بھی مقابلہ کرنا ہے اور دنیا بھر کے باطل فرقوں کا بھی۔ آیت (۲۱۴) میں سمجھایا گیا کہ جہاد اور مقابلہ کے لئے پہلی صفت صبر اور استقامت ہے اس لئے ماضی کے کامیاب لوگوں کے واقعات یاد کر کے خود کو بزدلی اور کم ہمتی سے بچاؤ اور جنت اور کامیابی تک پہنچنے کے لئے ایسے پرعزم ہو جاؤ کہ ہر چیز کی قربانی دینا آسان ہو جائے۔ آیت (۲۱۵) میں سمجھایا گیا کہ ساری دنیا سے مقابلہ ہے اور پورے عالم میں نور ایمان پھیلانا ہے تو اس کے لئے دوسری صفت یعنی مال کی قربانی کا جذبہ اپنے اندر پیدا کرو اور یہ حقیقت دل میں بٹھا لو کہ مال جمع کرنے کی نہیں خرچ کرنے کی چیز ہے۔ آیت (۲۱۶) عزم اور ہمت پیدا ہوگئی اور جان مال کی قربانی کا جذبہ پیدا ہو گیا تو اب تم فریضہ قتال کے قابل ہو گئے اس لئے تمہیں یہ نعمت دے دی گئی کہ جہاد فرض کر دیا گیا (اب پورا عالم تمہارا ہے) آیت (۲۱۷) یہ جہاد ہمیشہ جاری رہے گا اس لئے کہ تمہارے دشمن تمہیں ہر وقت مرتد بنانے کی کوشش میں لگے رہیں گے اور تم سے لڑتے رہیں گے اس لئے تم بھی ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے دین کی سربلندی کے لئے لڑتے رہو تا کہ ذاتی اور اجتماعی ارتداد سے بچ سکو یاد رکھو جو مرتد ہو جائیگا وہ دنیا و آخرت میں برباد ہو جائے گا۔ آیت (۲۱۸) آزمائشیں منظور، مال کی قربانی حاضر، ہر وقت جہاد میں مصروف اے ہمارے رب ہمیں ملے گا کیا؟ فرمایا اللہ تعالیٰ کی رحمت اور بخشش۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بڑھ کر دنیا و آخرت میں اور کیا کامیابی ہو سکتی ہے۔

## تائیدی عبارت

مذکورہ بالا ربط آیات کی تائید میں یہ عبارت ملاحظہ فرمایئے:

”پہلا مقصد تو یہ تھا کہ تمسخر کرنے والوں کو روکا جائے اور دوسرا یہ ہوا کہ (گمراہ) اہل کتاب سے کتاب کو بچایا جائے جو اسے بگاڑنا چاہتے ہیں اب حاصل یہ نکلا کہ سب فرقوں کے ساتھ لڑنا پڑے گا، کیونکہ دوسرے فرقے اہل کتاب سے کم دشمن نہیں ہوں گے تو ایک طرح سے مسلمانوں کو ساری دنیا کے مقابلے کے لئے تیار کیا جا رہا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ممکن ہے اس خیال سے مسلمانوں کے دلوں پر برا اثر پیدا ہو جس کی اصلاح آئندہ آیت ام حسبتم والی میں ہے" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

وزلزلوا اور وہ ہلا دیئے گئے۔

❶ خوفاً من الاعداء زلزالاً شدیداً وامتحنوا امتحاناً عظیما یعنی دشمنوں کے خوف سے سخت ہلا دیئے گئے اور بڑے امتحان میں ڈال دیئے گئے (تفسیر ابن کثیر)

❷ والمراد خوفوا: یعنی ہلائے جانے سے مراد یہ ہے کہ خوب ڈرائے گئے (تا کہ اپنے دین، نظریے اور کام سے پھسل جائیں) (تفسیر ابن کثیر)

❸ بأساء اور ضراء بیرونی تکالیف ہیں اور زلزال ہمتوں، ارادوں کے ضعف اور اضمحلال کو کہتے ہیں کم ہمت لوگ پریشانی میں پھسلنے لگتے ہیں (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

متیٰ نصر اللّٰہ : ای یستفتحون علی اعدائھم وید عون بقرب الفرج و المخرج عند ضیق الحال و الشدۃ یعنی رسول اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ سے اپنے دشمنوں کے مقابلہ میں فتح مانگتے تھے اور سخت تنگی اور شدت میں کشادگی اور خلاصی کی دعا کرتے تھے۔ (ابن کثیر)

## فائدہ

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے دو مختلف اصول بیان کئے ہیں پہلا قاعدہ یہ ہے کہ راہ حق میں تکالیف کا آنا ضروری ہے، اس کے بغیر کامیابی نہیں ہو سکتی، سورۃ عنکبوت میں فرمایا (ترجمہ) کیا لوگ خیال کرتے ہیں کہ (صرف) یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے چھوڑ دیئے جائیں گے اور انکی آزمائش نہیں کی جائے گی اور جو لوگ ان سے پہلے گذر چکے ہیں ہم نے انہیں بھی آزمایا تھا پس اللہ تعالیٰ انہیں ضرور معلوم کرے گا جو سچے ہیں اور ان کو بھی جو جھوٹے ہیں (عنکبوت ۲،۳)

ایک اور جگہ آیا ان اللّٰہ اشتریٰ الآیۃ (ترجمہ) بے شک اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے انکی جان اور ان کا مال اس قیمت پر خرید لئے ہیں کہ ان کے لئے جنت ہے اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں پھر قتل کرتے ہیں اور قتل کئے جاتے ہیں۔ (التوبہ ۱۱۱)

دوسرے یہ حقیقت واضح کردی کہ اللہ تعالیٰ کی نصرت کس وقت نازل ہوا کرتی ہے؟ جب تک ایک شخص اپنی تمام قوتوں کو اسکی راہ میں وقف نہ کردے مدد نہ آئے گی اسی قانون کی طرف سورۃ یوسف میں اشارہ کیا حتیٰ اذا استیاس الرسل وظنوا انھم قد کذبوا جآءھم نصرنا (ترجمہ) یہاں تک کہ جب رسول ناامید ہونے لگے اور خیال کیا کہ ان سے جھوٹ کہا گیا تھا تب انہیں ہماری مدد پہنچی (یوسف ۱۱۰) سورۃ آل عمران کے آخر میں گناہوں کے کفارہ کی نسبت فرمایا کہ اس وقت ہوتا ہے جب وہ راہ حق میں ہر چیز قربان کردیتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فالذين هاجروا الآية :(ترجمہ) پھر جن لوگوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور انہوں نے قتال کیا اور مارے گئے یقیناً میں ان سے ان کی برائیاں دور کردوں گا۔(آل عمران ۱۹۵)

پس فرزندان اسلام کے لئے ضروری ہے کہ وہ محض دعاء کے بھروسہ پر قناعت نہ کر بیٹھیں، بلکہ (دعاء کے ساتھ ساتھ) زور بازو سے بھی کام لیں، لوگوں کے جھوٹے وعدوں پر نہ جائیں، اپنی قوت کا اظہار کریں اس لئے کہ دنیا میں اسی قوم نے دائمی زندگی حاصل کی ہے جس نے اپنے ہاتھ پاؤں سے کام لیا ہو قدرت بھی اسی کو زندہ رکھتی ہے جو مسلح و اشکل ہو۔(تفسیر الفرقان)

## دعاء

یا اللہ یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا کریم ہماری اور تمام اہل اسلام کی نصرت فرمادے۔

آمین یا ارحم الراحمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۲۱۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ

آپ سے پوچھتے ہیں کیا خرچ کریں کہہ دو جو مال بھی تم خرچ کرو وہ ماں باپ

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا

اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کا حق ہے اور جو نیکی تم کرتے ہو

مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾

سو بیشک اللہ تعالیٰ اسے خوب جانتا ہے

## خلاصہ

مال خرچ کرنے والے بنو اور اس کا آغاز اپنے اقرباء سے کرو (تاکہ وہ بھی جہاد میں شریک ہوسکیں) اور مال خرچ کرنے میں اخلاص کو ملحوظ رکھو جس کی رضا کے لئے تم خرچ کر رہے ہو وہ خوب جانتا ہے۔

## تشریح

یعنی مال اللہ تعالیٰ کے لئے صرف کریں۔ تو کہاں اور کس مصرف میں صرف کریں؟ (فللوالدین الخ) جو لوگ تمہارے گرد و پیش ہیں اور انہیں جہاد کے لئے تیاری کی ضرورت ہے انہیں دے دو (وما تفعلوا من خیر) تم نے جس کام کے لئے روپیہ دیا تھا اگر اس نے اس کام پر صرف نہیں کیا تو اس پر تمہیں مواخذہ نہیں ہوگا بلکہ تم نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ جملہ معترضہ عمرو بن جموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کتنا خرچ کریں اور کہاں خرچ کریں اس پر جواب ملا کہ جو مال خرچ کرو اس کے مصارف یہ ہیں۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## نکتہ

جہاد کا جذبہ اور صبر کی صفت اسی وقت پیدا ہوتی ہے جب دل مال کی محبت سے محفوظ ہو۔ اور مال کی محبت کم ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کے راستے میں مال خرچ کرنے سے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

## دعاء

یا اللہ! آخرت دنیا سے ہماری حفاظت فرما اور ہمیں فکر آخرت نصیب فرما۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ البَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۱۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا

تم پر جہاد فرض کیا گیا ہے اور وہ تمھیں ناگوار ہے اور ممکن ہے تم کسی چیز کو ناگوار سمجھو

وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۗ

اور وہ تمہارے لیے بہتر ہو اور ممکن ہے تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لیے مضر ہو

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢١٦﴾

اور اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

## خلاصہ

جہاد یعنی قتال فی سبیل اللہ مسلمانوں پر فرض ہے۔ چونکہ یہ فریضہ مشکل ہے اس لئے نفس کو طبعی طور پر گراں اور بھاری معلوم ہوتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اس میں خیر ہی خیر رکھی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ اور تم نہیں جانتے کہ کس چیز میں خیر ہے اور کس میں شر۔

## امام رازی رحمہ اللہ کی تقریر عجیب

ومعنى الآية انه ربما كان الشي شاقا عليكم في الحال الخ

آیت کا معنی یہ ہے کہ بسا اوقات کوئی چیز تمہیں "حال" میں بھاری اور شاق معلوم ہوتی ہے حالانکہ وہ "مستقبل" میں بہت عالیشان فوائد کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ مثال کے طور پر کڑوی دوا پینا ایک اچھا کام ہے کیونکہ مستقبل میں اس سے صحت ملنے کی توقع ہوتی ہے، تجارتی سفر کے خطرات کو برداشت کرنا اچھا سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس سے مستقبل میں نفع ملنے کی امید ہوتی ہے، علم حاصل کرنے کی مشقت برداشت کرنا اچھا ہے کیونکہ اس سے مستقبل میں دنیا و آخرت کی عظیم سعادتیں نصیب ہوتی ہیں، اس آیت میں بالکل یہی منظر ہے اور وہ اس طرح کہ جہاد کے چھوڑنے میں فی الحال یہ فائدہ نظر آتا ہے کہ جان خطرے میں نہیں پڑتی اور مال خرچ ہونے سے بچ جاتا ہے مگر آگے چل کر اس میں بہت سے نقصانات ہیں مثلاً دشمن کو جب پتا چلے گا کہ تم لوگ عیش و سکون کی رغبت میں پڑ گئے ہو تو وہ تمہارے شہروں پر حملے کرے گا اور تمہیں ختم کرنے کی کوشش کرے گا پھر یا تو تم پر غالب آ کر تمہارا خون بہائے گا اور تمہارے اموال چھین لے گا۔ یا تم مجبوراً بغیر تیاری اور سامان کے اس کا مقابلہ کرو گے۔ یہ ایسا ہی ہوگا جس طرح کوئی شخص مرض کی ابتداء میں صرف کڑوی دوا سے بچنے کے لئے اس کا علاج نہ کرے اور پھر وہ مرض اتنا بڑھ جائے کہ اسے کڑوی دوا پینے سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کئی گنا زیادہ تکلیف اور مشقت اٹھانی پڑے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ قتال فی سبیل اللہ ''امن'' پانے کا ذریعہ ہے اور یہ وقتی سلامتی کے مزے لوٹنے سے بہت بہتر ہے۔ اس کے چند ایک فائدے یہ ہیں:

❶ مال غنیمت کا ملنا۔ ❷ دشمنوں پر غلبے کی عظیم الشان خوشی کا ملنا اور اس کے دینی فائدے تو بہت زیادہ ہیں مثلاً ❶ اگر جہاد کو عبادت سمجھ کر خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کیا جائے اور کوئی ایسا کام نہ کیا جائے جو اسکو خراب کر دے تو یہ بہت بڑے اجر و ثواب کا ذریعہ ہے۔ ❷ جہاد کی وجہ سے تمہارا دشمن اس بات سے ڈرے گا کہ تم پر حملہ کرے یوں تم تکلیف اٹھانے اور مرتد ہونے سے بچ جاؤ گے۔ ❸ دشمن جب تمہیں جہاد کرتا دیکھے گا کہ تم اپنے دین کو کتنا اونچا سمجھتے ہو اور کس طرح سے اسکی خاطر اپنی جان و مال کو لٹاتے ہو تو اس کے دل میں تمہارے دین کی عظمت آئے گی۔ اور وہ تمہارے دین کی طرف مائل ہوگا اور مسلمان ہو جائے گا تو اس پر تم اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجر عظیم کے مستحق قرار پاؤ گے۔ ❹ جب تک کسی انسان کو اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت کا یقین نہ ہو۔ اور اس بات کا یقین نہ ہو کہ اللہ پاک محسنین کے عمل کو ضائع نہیں کرتا اور اس بات کا یقین نہ ہو کہ دنیا کی لذتیں فانی اور باطل ہیں اس وقت تک وہ اپنے آپ کو میدان جہاد میں شہادت کے لئے پیش نہیں کرتا پس جب کسی شخص نے خود کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے میدان جہاد میں شہادت کے لئے پیش کر دیا تو یہ شخص یقین کے اس (اعلیٰ) درجہ پر فائز ہے اور یہی ایک انسان کیلئے سب سے بڑی سعادت ہے، پس ہماری اس تقریر سے یہ بات ثابت ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے قتال کرنا اگرچہ طبیعت پر بھاری معلوم ہوتا ہے مگر اس میں بہت زیادہ خیر ہے۔ (التفسیر الکبیر)

## اقوال وحوالے

مستند مفسرین حضرات نے اس آیت کی تفسیر میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس میں سے کچھ اقوال اور حوالے ملاحظہ فرمایئے:

❶ کتب علیکم القتال تم پر قتال فی سبیل اللہ فرض کر دیا گیا ہے۔ ای قتال الکفار وھو فرض عین ان دخلوا بلادنا و فرض کفایۃ ان کانوا ببلادھم یعنی کافروں سے لڑنا یہ فرض عین ہے اگر وہ کافر ہمارے شہروں میں داخل ہو جائیں اور فرض کفایہ ہے اگر وہ اپنے شہروں میں ہوں۔ (روح المعانی)

❷ وھذا ایجاب من اللہ تعالیٰ للجھاد علی المسلمین ان یکفوا شر الاعداء عن حوزۃ الاسلام وقال الزھری الجھاد واجب علی کل احد غزا او قعد فالقاعد علیہ اذا استعین ان یعین واذا استغیث ان یغیث واذا استنفر ان ینفر وان لم یحتج الیہ قعد وقلت ولھذا ثبت فی الصحیح من مات ولم یغز ولم یحدث بہ نفسہ بالغزومات میتۃ جاھلیۃ۔

یعنی اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں پر جہاد فرض کیا جا رہا ہے کہ وہ دین اسلام سے دشمنوں کے شر کو دور کریں اور امام زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں جہاد ہر ایک مسلمان پر فرض ہے خواہ وہ لڑائی میں مصروف ہو یا گھر بیٹھا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہو گھر بیٹھنے والے پر اس طرح فرض ہے کہ جب اسے جہاد میں تعاون کے لئے بلایا جائے تو وہ تعاون کرے۔ جب اس سے مدد کی فریاد کی جائے تو فوراً مدد کو پہنچے اور جب مسلمانوں کا خلیفہ یا امیر اسے جہاد میں نکلنے کے لئے کہے تو فوراً نکل کھڑا ہو اور اگر اسکی ضرورت نہ ہو تو گھر بیٹھا رہے میں کہتا ہوں اسی لئے حدیث صحیح میں آیا ہے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) جو شخص اس حال میں مرا کہ نہ تو اس نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑائی کی اور نہ اس کے دل میں اس کا شوق ابھرا تو وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔ (تفسیر ابن کثیر)

❸ فقال قوم انها تقتضی وجوب القتال علی الکل وعن مکحول انه کان یحلف عند البیت باللہ ان الغزو واجب.

یعنی ایک جماعت کا کہنا ہے کہ یہ آیت سب مسلمانوں پر جہاد کی فرضیت ثابت کرتی ہے مکحول رحمہ اللہ کے بارے میں آتا ہے کہ وہ کعبۃ اللہ کے پاس اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر فرمایا کرتے تھے کہ جہاد فرض ہے۔ (التفسیر الکبیر)

❹ کتب فرض علیکم القتال للکفار کتب یعنی تم پر فرض کیا گیا ہے القتال للکفار کافروں سے قتال کرنا۔ (تفسیر جلالین)

❺ وظاهر قوله کتب انه فرض علی الاعیان کقوله کتب علیکم الصیام وکتب علیکم القصاص ان الصلوٰة علی المومنین کتاباً موقوتاً وبه قال عطاء قال فرض القتال علی اعیان اصحاب محمد صلی اللہ علیه وسلم فلما استقر الشرع وقیم به صار علی الکفایة.

یعنی اللہ تعالیٰ کے فرمان کتب سے ظاہری طور پر جہاد کا فرض عین ہونا معلوم ہوتا ہے جیسے کتب علیکم الصیام وغیرہ آیات میں ہے اور یہی عطاء رحمہ اللہ کا مسلک ہے کہ قتال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ پر "فرض عین" تھا پھر جب شریعت اسلام کو قوت مل گئی اور وہ قائم ہو گئی تو جہاد فرض کفایہ ہو گیا۔ (تفسیر البحر المحیط)

اس کے بعد علامہ ابو حیان رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

ثم استقر الاجماع علی انه فرض کفایة الی ان نزل بساحة الاسلام فیکون فرض عین.

یعنی اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ جہاد فرض کفایہ ہے یہاں تک کہ اسلامی علاقوں تک دشمن پہنچ جائے تب یہ فرض عین ہو جاتا ہے۔ (البحر المحیط)

❻ هذا هو فرض الجهاد بین سبحانه ان هذا مما امتحنوا به وجعل وصلة الی الجنة والمراد بالقتال قتال الاعداء من الکفار (القرطبی)

یعنی یہ ہے وہ فریضہ جہاد جسے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے (اس آیت میں) بیان فرمایا ہے اور یہی وہ چیز ہے جس سے مسلمانوں (کے ایمان) کا امتحان لیا گیا اور اس جہاد کو جنت تک پہنچنے کا ذریعہ قرار دیا گیا۔ اور القتال سے مراد کافر دشمنوں سے جنگ کرنا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❼ وقال سعيد بن المسيب ان الجهاد فرض علىٰ كل مسلم في عينه ابدا حكاه الماوردي قال ابن عطيه :والذي استمر عليه الاجماع ان الجهاد على كل امة محمد صلى الله عليه وسلم فرض كفاية.(تفسير الامام القرطبي)

یعنی حضرت سعید بن مسیب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جہاد ہمیشہ ہر مسلمان پر فرض عین ہے یہ قول ماوردی رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے۔ابن عطیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس بات پر اجماع چلا آتا ہے کہ جہاد امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے فرض کفایہ ہے۔

❽ جہاد فرض ہے جبکہ اس کے شرائط پائے جاویں جو کتب فقہ میں مذکور ہیں اور فرض دو طرح کا ہوتا ہے فرض عین اور فرض کفایہ سو اعداء دین جب مسلمانوں پر چڑھ آویں تب فرض عین ہے ورنہ فرض کفایہ۔(بیان القرآن)

❾ یعنی دین کے دشمنوں سے لڑنا فرض ہوا (فائدہ) جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں رہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقاتلہ کی اجازت نہ ہوئی جب مدینہ ہجرت فرمائی تو مقاتلہ کی اجازت ہوئی مگر صرف ان کفار سے جو خود اہل اسلام سے مقاتلہ کریں اس کے بعد علی العموم کفار سے مقاتلہ کی اجازت ہوگئی اور جہاد فرض ہوا۔(تفسیر عثمانی)

❿ سوال پیدا ہوا تھا کہ جہاد کا حکم کب تک رہے گا اس کا جواب ہے کہ امن تمہارے لئے مفید نتائج پیدا کرے گا اس لئے جہاد کا حکم دوامی ہے۔حیلہ ساز آدمی اگر جہاد سے بچنے کا حیلہ سوچنا چاہیں تو ان کے لئے جواب ہے کہ قتال سب کے لئے اور ہمیشہ کے لئے لازم ہے اگرچہ امن پھیلانا ضروری ہے لیکن اگر قتال کے لئے ہمیشہ تیار نہیں رہو گے تو بدنظمی پھیلے گی۔(حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

⓫ جب تیاریاں اس زور شور سے ہوں تو خود بخود سوال پیدا ہوتا ہے کہ جنگ کب تک جاری رہے گی اور یہ قتل و قتال کب ختم ہوگا؟اس کے جواب میں فرمایا کہ لڑنے بھڑنے میں تکلیف تو ضرور ہوتی ہے،بال بچوں سے دور رہنا پڑتا ہے اور چین سے بیٹھنا نصیب نہیں ہوتا مگر یاد رہے کہ جس چیز کو تم اپنی کوتاہ بینی سے باعث تکلیف خیال کر رہے ہو،وہی تمہارے لئے خیر و برکت کا سبب ہے اس لئے کہ تم زندہ رہو گے،اور تمہاری قوم کو دائمی زندگی نصیب ہوگی،آرام طلبی اور عیش پرستی بظاہر دلفریب ہیں مگر ان کا انجام تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ تمہاری انفرادی و اجتماعی حیات کا راز اسی میں پوشیدہ ہے،سورۃ انفال میں اسکی نسبت فرمایا یاایھاالذین امنو استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم لما یحییکم (الانفال ٢٤)

ترجمہ:اے ایمان والو اللہ تعالیٰ اور رسول کا حکم مانو جس وقت تمہیں اس کام کی طرف بلائے جس میں تمہاری زندگی ہے۔(تفسیر الفرقان)

جہاد کی فرضیت کا مسئلہ درج ذیل قرآنی آیات میں بھی بیان ہوا ہے:

البقرہ(۱۹۰،۲۴۴،۲۵۱)،التوبہ(۵،۲۹،۳۶،۳۸،۴۱)الحج(۴۰)محمد(۴)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۲۱۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ

آپ سے حرمت والے مہینے میں لڑائی کے متعلق پوچھتے ہیں کہہ دو اس میں لڑنا بڑا (گناہ) ہے

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ

اور اللہ تعالیٰ کے راستہ سے روکنا اور اس کا انکار کرنا اور مسجد حرام سے روکنا

وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ

اور اس کے رہنے والوں کو اس میں سے نکالنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے بڑا گناہ ہے اور فتنہ انگیزی تو

الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ

قتل سے بھی بڑا جرم ہے اور وہ تم سے ہمیشہ لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں اگر

اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ

ان کا بس چلے اور جو تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے پھر کافر ہی مر جائے پس

كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

یہی وہ لوگ ہیں کہ ان کے عمل دنیا اور آخرت میں ضائع ہو گئے

وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾

اور وہی دوزخی ہیں جو اسی میں ہمیشہ رہیں گے

### خلاصہ

مشرکین مکہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرف سے رجب کے (حرمت والے) مہینے میں جہاد پر شور مچا رہے تھے، ان کو بتایا گیا کہ ذرا اپنے جرائم پر نظر ڈالو ❶ لوگوں کو دین برحق سے روکنا ❷ کفر و شرک میں مبتلا ہونا ❸ مسجد حرام سے روکنا اور اس کو کفر و شرک کا اڈہ بنانا ❹ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جو مسجد حرام کے اصلی ولی وارث تھے وہاں سے نکالنا ❺ دین اسلام اور مسلمانوں کے خلاف فتنہ بازی کرنا اور طاقت و تشدد کے زور پر لوگوں کو مشرک بنانا۔ اللہ پاک کے نزدیک یہ جرائم بہت زیادہ سخت ہیں۔ اور اے مسلمانو! اس بات کو یاد رکھو کہ یہ کافر تمہیں دین اسلام سے ہٹانے کے لئے ہمیشہ لڑتے رہیں گے اور اگر ان میں طاقت و استطاعت ہو تو یہ تمہیں فوراً کافر بنا دیں۔ اب جو تم میں سے ان کی مانے گا اور ان سے ڈر کر یا دب کر مرتد ہو جائے گا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور پھر اسی کفر وارتداد کی حالت میں مر جائے گا تو ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔

## سائل کون تھا؟

یسئلونك عن الشهر الحرام قتال فيه وہ آپ سے حرمت والے مہینے میں قتال کے بارے میں پوچھتے ہیں، یہ پوچھنے والے کون تھے؟ چند اقوال ملاحظہ فرمائیں:

❶ اختلفوا في ان هذا السائل اكان من المسلمين او من الكافرين : یعنی اس بارے میں اختلاف ہے کہ سوال کرنے والے مسلمان تھے یا کافر۔ پھر اگر مسلمان تھے تو اس میں دو قول ہیں پہلا یہ کہ جب جہاد کی فرضیت کا حکم نازل ہوا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم چونکہ پہلے سے مسجد حرام اور اشہر حرام میں قتال کو برا سمجھتے تھے تو ان کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا کہ اب جو یہ قتال فرض ہوا ہے تو کیا ہر جگہ اور ہر وقت ہوگا یا کچھ مقامات اور مہینے اس سے مستثنیٰ ہوں گے۔ تب انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ (تفسیر کبیر) اور مسلمانوں کو سمجھایا گیا کہ جہاد کا حکم کتنے بڑے جرائم اور کتنے بڑے مجرموں کے خلاف ہے، ایسے مجرم کہ جو تمہیں اسلام سے ہٹانے کے لئے ہر وقت جنگ کرتے رہتے ہیں۔

❷ الفريق الثاني وهم الأكثرون الخ : یعنی اکثر حضرات کی رائے یہ ہے کہ یہ آیت سریہ عبداللہ بن جحشؓ کے بارے میں نازل ہوئی جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن جحشؓ اور ان کے رفقاء سے ناخوشی کا اظہار فرمایا کہ آپ لوگوں نے رجب میں کیوں قتال کیا یہ حضرات بہت زیادہ پریشان اور غمگین تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال غنیمت بھی قبول نہیں فرمایا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ان حضرات کا غم بھی دور ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال غنیمت بھی قبول فرما لیا۔ (ملخص از تفسیر کبیر وغیرہ)

❸ والقول الثاني ان هذا السؤال كان من الكفار...... الخ ایک دوسرا قول یہ ہے کہ یہ سوال کفار کی طرف سے تھا وہ چاہتے تھے کہ اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بتایا کہ حرمت والے مہینوں میں قتال حلال ہے تو وہ مسلمانوں پر حملہ کر کے انکو نقصان پہنچائیں چنانچہ ولا يزالون يقاتلونكم میں اسی طرف اشارہ ہے تب الشهر الحرام بالشهر الحرام فرما کر بتا دیا گیا کہ اگر انہوں نے لڑائی کی تو مسلمانوں کی طرف سے مکمل جواب دیا جائے گا۔ (ملخص از تفسیر کبیر)

## ترجیح

تمام مفسرین حضرات اس بات کو ترجیح دیتے ہیں کہ سوال مسلمانوں کی طرف سے تھا اس پر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ایک صریح روایت بھی موجود ہے:

عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما :قال مارايت قوما خيرا من اصحاب محمد صلى

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم ماسئلوہ الاعن ثلاث عشرہ مسئلة کلھن فی القرآن (قرطبی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے بہتر کوئی قوم نہیں دیکھی انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف تیرہ (۱۳) باتوں کے بارے میں سوال کیا اور وہ تمام قرآن پاک میں ہیں۔ ان میں سے ایک یسئلونك عن الشهر الحرام بھی ہے۔

## یہ آیت منسوخ ہے یا نہیں؟

قل قتال فيه كبير آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) فرما دیجئے کہ حرمت والے مہینوں میں جہاد کرنا بڑا گناہ ہے۔ یہ حکم باقی ہے یا منسوخ؟ اس بارے میں مشہور قول تین ہیں:

## پہلا قول

فالجمهور على نسخها وان قتال المشركين في الاشهر الحرم مباح۔ (قرطبی)

یعنی جمہور کا قول یہ ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور اشہر حرم میں جہاد کا آغاز کرنا جائز ہے۔ بیان القرآن میں حضرت تھانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

روح المعانی اور کبیر میں اس آیت کے ذیل میں اور بیضاوی میں سورۃ برأت کے پہلے رکوع کی تفسیر میں اشہر حرم میں حرمت قتال کے منسوخ ہونے پر اجماع امت کا نقل کیا ہے (بیان القرآن)

یعنی امت کا اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ اب ان مہینوں میں اقدامی جہاد کی حرمت باقی نہیں رہی۔ جبکہ دفاعی جہاد کے جائز ہونے میں تو کسی کا کوئی اختلاف ہی نہیں ہے خود حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے موقع پر ذوالقعدہ کے حرمت والے مہینے میں اپنے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے جہاد اور موت پر بیعت لی تھی۔

قال ابو عبيد والناس بالثغور اليوم جميعاً على هذا القول يرون الغزو مباحاً في الشهور كلها ولم ار احدا من علماء الشام والعراق ينكره عليهم كذلك احسب قول اهل الحجاز والحجة في اباحته قوله تعالىٰ فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم یعنی ابو عبید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ محاذوں اور سرحدوں پر جنگ میں مصروف تمام مسلمان اس بات پر متفق ہیں کہ جہاد تمام مہینوں میں جائز ہے اور میں نے شام اور عراق کے علماء میں سے کسی کو ان پر اعتراض کرتے ہوئے نہیں پایا اور میرا خیال ہے کہ اہل حجاز کا بھی یہی مسلک ہے اور تمام مہینوں میں جہاد کے جائز ہونے کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم (تفسیر کبیر)

## دوسرا قول

وكان عطاء رحمه الله يقول الآية محكمة ولا يجوز القتال في الاشهر الحرم اور عطاء رحمہ اللہ (تابعی) فرماتے ہیں کہ یہ آیت محکم ہے اور اشہر حرم میں (اقدامی) قتال جائز نہیں ہے (قرطبی) علامہ آلوسی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رحمہ اللہ حضرت عطاء رحمہ اللہ کا یہ قول نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: والامۃ علیٰ خلافہ فی سائر الامصار یعنی امت کا عمل آج تمام شہروں میں اس کے خلاف ہے۔ (یعنی اس قول پر کوئی عمل نہیں کرتا) (روح المعانی)

## اس قول کی دلیل

روی جابر قال لم یکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغزو فی الشہر الحرام الاان یغزی یعنی حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہر حرام میں جہاد نہیں کرتے تھے مگر اس وقت جب آپ کے خلاف حملہ کیا جاتا (تفسیر کبیر)

## تیسرا قول

امام رازی رحمہ اللہ کا ہے وہ فرماتے ہیں کہ جہاد تمام مہینوں میں جائز ہے اور کسی مہینے میں اسکی عام حرمت نازل ہی نہیں ہوئی اس لئے آیت کو منسوخ قرار دینے کی ضرورت نہیں ہے جہاں تک اس آیت کا تعلق ہے تو اس میں صرف ایک مخصوص واقعہ کا بیان ہے چنانچہ قتال نکرہ سیاق اثبات میں ہے اس لئے وہ ایک فرد پر مشتمل ہوسکتا ہے نہ کہ تمام افراد پر۔ والذی عندی ان قولہ تعالیٰ قل قتال فیہ کبیر ہذہ نکرۃ فی سیاق الاثبات فیتناول فرداً واحداً ولا یتناول کل الافراد فہذہ الآیۃ لادلالۃ فیہا علی تحریم القتال مطلقا فی الشہر الحرام فلا حاجۃ الی تقدیر النسخ فیہ (التفسیر الکبیر)

بیان القرآن میں بھی امام رازی رحمہ اللہ کی اس تحقیق کو اختیار کیا گیا ہے اور ترجمہ میں بھی اس کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ (بیان القرآن)

## اعراب

قتال فیہ بدل اشتمال ہے الشہر سے جیسے اعجبنی زید علمہ اور والمسجد الحرام کا عطف سبیل اللہ پر ہے اور وہ مجرور ہے عن کا مدخول ہونے کی وجہ سے جبکہ بعض کے نزدیک اس کا عطف بہ کی ضمیر مجرور پر ہے پہلی صورت میں تقدیر یوں ہوگی وصد عن المسجد الحرام اور دوسری صورت میں وکفر بالمسجد الحرام۔

صد عن سبیل اللہ اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکنا یعنی:

❶ صد عن الایمان باللہ وبمحمد علیہ السلام یعنی اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے سے روکنا۔ ❷ صد للمسلمین من أن یہاجروا الیٰ الرسول علیہ السلام یعنی مسلمانوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت سے روکنا۔

❸ صد المسلمین عام الحدیبیۃ عن عمرۃ البیت : یعنی حدیبیہ والے سال مسلمانوں کو بیت اللہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کا عمرہ کرنے سے روکنا۔ اس پر یہ اشکال ہوگا کہ یہ آیت غزوۂ بدر سے پہلے سریہ عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کے موقع پر نازل ہوئی جبکہ حدیبیہ کا واقعہ کافی بعد یعنی ۶ھ میں ہوا۔ اس کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ چونکہ یہ واقعہ اللہ تعالیٰ کے علم کے مطابق ہونے والا تھا اس لئے وہ ایسا ہی تھا جیسے واقع ہو چکا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

صاحب بیان القرآن لکھتے ہیں: صد عن سبیل اللہ مطلب ہے دین سے روک ٹوک کرنا ولم یحمل علی صد المسلمین عام الحدیبیة لان الحدیبیة بعد بدر وھذہ الایة قبل بدر۔ یعنی اس آیت کو حدیبیہ کے واقع پر محمول نہیں کیا جاسکتا (اس میں مشرکین نے مسلمانوں کو بیت اللہ سے روکا تھا) کیونکہ حدیبیہ بدر کے بعد ہے اور آیت کا نزول بدر سے پہلے ہوا ہے۔ (بیان القرآن)

علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے اس آیت میں سبیل اللہ کے معنیٰ میں چار اقوال بیان فرمائے ❶ اسلام۔ یہ مقاتل رحمہ اللہ کا قول ہے ❷ حج۔ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور سدی رحمہ اللہ کا قول ہے۔ ❸ ہجرت ❹ ہر وہ طاعت اور نیکی جو بندے کو اللہ تعالیٰ سے جوڑتی ہے۔

مشرکین مکہ مسلمانوں کو ان چاروں چیزوں سے روکا کرتے تھے۔ (روح المعانی)

والفتنة اکبر من القتل اور لوگوں کو دین سے گمراہ کرنا قتل سے بہت بڑھ کر بدترین جرم ہے۔ یہ گمراہ کرنا زور زبردستی و ظلم و تشدد سے ہو یا قوت، شوکت اور مال کے ذریعے یا فحاشی، بے حیائی اور ثقافتی یلغار کے ذریعے۔ حضرت امام رازی رحمہ اللہ نے اس آیت کی تفسیر میں لفظ فتنہ کی مکمل تحقیق پیش فرمائی ہے اہل علم تفسیر کبیر میں ملاحظہ فرمائیں۔

## مسلمانوں کو لازمی تنبیہ

ارشاد فرمایا گیا ولا یزالون یقاتلونکم حتی یردوکم عن دینکم ان استطاعوا۔ یہ کافر تم مسلمانوں سے برابر لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں اگر ان کا بس چلے۔

❶ والمقصود الاخبار بدوام عداوة الکفار بطریق الکنایة تحذیر اللمومنین عنھم وایقاظالھم الی عدم المبالاة بموافقتھم فی بعض الامور (روح المعانی)

یعنی اس جملے کا مقصد مسلمانوں کو اس بات کی خبر دینا ہے کہ کافر ان سے ہمیشہ دشمنی رکھتے ہیں اور اس میں کنایۃً مسلمانوں کو ہوشیار اور بیدار کیا جا رہا ہے کہ اگر کافر بعض چیزوں میں ان سے موافقت بھی کرنے لگیں تو مسلمان اس کو اہمیت نہ دیں اور کافروں کی دشمنی سے غافل نہ ہوں۔

❷ ونظیرہ قولہ تعالیٰ ولن ترضی عنک الیھود ولا النصاریٰ حتی تتبع ملتھم (کبیر)

اس آیت کی نظیر یہ آیت ہے۔

ترجمہ: اور آپ سے نہ یہودی راضی ہوں گے اور نہ نصرانی جب تک کہ آپ ان کے مذہب کی پیروی نہ کریں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ان استطاعوا میں استبعاد ہے یعنی مسلمانوں کو ان کے دین سے ہٹا لینا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ استبعاد لاستطاعتهم (تفسیر کبیر)

## بحث ارتداد

اس آیت کے ذیل میں تمام بڑے مفسرین حضرات نے مسئلہ ارتداد پر مفصل کلام فرمایا ہے اور مرتد کے احکام ذکر فرمائے ہیں۔ شائقین حضرات رجوع فرمالیں۔

## فائدہ

ان آیات میں بتلا دیا کہ مخالفین اسلام ہمیشہ بغض و عداوت کا اظہار کرتے رہیں گے اور انکی برابر یہ کوشش رہے گی کہ تم کو دین حق سے برگشتہ کر دیں اس لئے مسلمانوں کو بھی جنگ کے لئے ہمیشہ تیار رہنا پڑے گا پس معلوم ہو گیا کہ جنگ ہمیشہ رہے گی اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہاد قیامت تک جاری رہے گا (او کما قال)

قرآن حکیم میں دوسری جگہ آیا کہ جنگ ختم ہونے کا وقت یہ ہے حتی تضع الحرب اوزارها (سورۃ محمد ۵) لڑتے رہو یہاں تک کہ لڑائی موقوف ہو جائے یعنی جب تک جنگ کرنے والی ظالم و حریص قومیں باقی ہیں، عالمگیر صلح و امن کے حصول کی کوئی توقع نہیں اس لئے پہلے ان قوموں کو پامال کر دو اور دوسری جگہ آیا حتی اذا اثخنتموهم (سورۃ محمد ۵) یہاں تک لڑو کہ جنگ آزما دشمن چور چور ہو جائیں، قاتلوں کا جب تک خون نہ بہایا جائے، مقتولوں کا خون بہنا بند نہ ہوگا پس جب تک دنیا جنگ اور بواعث جنگ سے باز نہ آئے گی مسلمانوں کو بھی جنگ کرنی پڑے گی جنگ صرف اسی وقت ختم ہوگی جب تمام دنیا اسلام کی دعوت امن و اخوت کے آگے جھک جائے گی۔ هو الذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کله ولو کره المشرکون (الصف۔ ۹)

ترجمہ: وہی تو ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تا کہ اس کو سب دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرک ناپسند کریں۔ (تفسیر الفرقان)

## نکتہ

اس آیت میں ارشاد فرمایا گیا کہ کافر تم سے ہمیشہ اس لئے لڑتے رہیں گے تا کہ تمہیں دین اسلام سے ہٹا کر مرتد بنا دیں اس کے فوراً بعد فرمایا گیا کہ جو تم میں سے مرتد ہو جائے گا اور کفر کی حالت میں مرے گا تو اس کے تمام اعمال دنیا، آخرت میں ضائع ہو جائیں گے اور وہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں جائے گا۔ اس میں اس بات کی طرف واضح اشارہ ہے کہ اگر کافروں کی لڑائی کا جواب جہاد سے نہ دیا گیا تو مسلمانوں میں ارتداد پھیل سکتا ہے چنانچہ مسلمانوں نے جب بھی جہاد سے منہ موڑا ہے ان میں کفر و ارتداد تیزی سے پھیلایا گیا ہے۔ افریقہ سے لے کر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سوویت یونین تک اور برصغیر سے لیکر اسپین تک اس سلسلے کی ایک المناک تاریخ موجود ہے۔ جبکہ بعض مفسرین کا خیال یہ بھی ہے کہ جب مسلمان جہاد وقتال چھوڑ دیتے ہیں تو وہ بزدلی اور دنیا پرستی میں اس قدر آگے بڑھ جاتے ہیں کہ العیاذ باللہ کفر کی حدود تک جا پہنچتے ہیں۔ اور عیش پرستی اور الحاد کے فتنوں کا شکار ہو کر ارتداد کی طرف نکل جاتے ہیں۔ العیاذ باللہ العیاذ باللہ۔ (واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم)

## دعاء

یا حی یا قیوم ہم تمام مسلمانوں کو دین اسلام پر مکمل استقامت عطاء فرما اور ہمیں اس دین سے شوشہ برابر منحرف ہونے سے بچا۔

اللهم يا مقلب القلوب ثبت قلو بنا علىٰ دينك۔

(آمین یا ارحم الراحمین)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سریہ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ

## تعارف

سورۃ البقرہ کی آیت ۲۱۷ اور ۲۱۸ سریہ عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئیں۔ اس مبارک جہادی معرکے کی کچھ تفصیل حاضر خدمت ہے:

(ماخوذ از سیرت المصطفیٰ حضرت مولانا محمد ادریس کاندہلوی رحمہ اللہ)

غزوہ سفوان سے واپسی کے بعد ماہ رجب ۲ھ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مقام نخلہ کی طرف روانہ فرمایا اور گیارہ مہاجرین کو آپ کے ہمراہ کیا جن کے نام حسب ذیل ہیں:

1. ابوحذیفہ بن عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
2. عکاشہ بن محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہ
3. عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
4. سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ
5. عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
6. واقد بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
7. خالد بن بکیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
8. سہیل بن بیضاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ
9. عامر بن ایاس رضی اللہ تعالیٰ عنہ
10. مقداد بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ
11. صفوان بن بیضاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یہ گیارہ مہاجرین آپ کے ہمراہ تھے اور بارہویں خود امیر سریہ عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو ایک سریہ میں بھیجنے کا ارادہ کیا اور یہ فرمایا کہ تم پر ایسے مرد کو امیر بناؤں گا کہ جو تم میں سب سے زیادہ بھوک اور پیاس پر صابر ہوگا۔ بعد ازاں عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہمارا امیر بنایا یہ اسلام میں پہلے امیر تھے معجم طبرانی میں باسناد حسن، جندب بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عبداللہ بن جحش کو روانہ فرمایا تو ایک خط لکھ کر دیا اور یہ حکم کیا کہ جب تک دو دن کا راستہ نہ قطع کر لو اس وقت تک اس خط کو کھول کر نہ دیکھنا دو روز کا راستہ طے کرنے کے بعد اس خط کو دیکھنا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جو اس میں لکھا ہو اس پر عمل کرنا اور اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو مجبور نہ کرنا۔

چنانچہ دو روز کا راستہ طے کرنے کے بعد عبداللہ بن جحش ؓ نے آپ کا والا نامہ کھول کر دیکھا تو اس میں یہ تحریر تھا کہ تم برابر چلتے جاؤ یہاں تک کہ مکہ اور طائف کے مابین مقام نخلہ میں جا کر اترو، اور قریش کا انتظار کرو اور ان کی خبروں سے مطلع کرتے رہو۔

عبداللہ بن جحش نے اس تحریر کو پڑھ کر یہ کہا سمعاً وطاعةً میں نے آپ کے حکم کو سنا اور اطاعت کی اور تمام ساتھیوں کو اس مضمون سے آگاہ کیا اور یہ بھی کہہ دیا کہ میں تم میں سے کسی کو مجبور نہیں کرتا۔ جس کو شہادت عزیز ہو وہ میرے ساتھ چلے۔ چنانچہ سب نے طیب خاطر سے آپ کی مرافقت کو منظور کیا اور آپ کے ساتھ ہوئے۔

راستہ میں سعد اور عتبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا اونٹ بھٹک کر کہیں چلا گیا اس لئے یہ دونوں حضرات اونٹ کی تلاش میں پیچھے رہ گئے اور گم ہو گئے اور بقیہ حضرات نے مقام نخلہ پہنچ کر قیام کیا۔ (فتح الباری ص ۱۴۳، ج ۱ باب مایذکر فی المناولة وکتاب اهل العلم الی البلدان ۱۲ وعیون الاثر و زرقانی ص ۳۹۷، ج ۱)

## اسلام میں پہلی غنیمت!

قریش کا ایک تجارتی قافلہ شام سے مکہ واپس آ رہا تھا اس دن رجب الحرام کی آخری تاریخ تھی (اس مہینہ میں قتل وقتال حرام تھا) غرہ شعبان کے اشتباہ میں اس قافلہ پر حملہ کر دیا۔ واقد بن عبداللہ ؓ نے قافلہ کے سرکردہ عمرو بن الحضرمی کے ایک تیر مارا جس سے وہ مر گیا۔ اس کے مرتے ہی قافلے والے سراسیمہ اور پریشان ہو کر بھاگ اٹھے اور مسلمانوں نے قافلے کے تمام مال واسباب پر قبضہ کر لیا اور عثمان بن عبداللہ اور حکم بن کیسان کو گرفتار کر لیا۔ اس وقت تک تقسیم غنائم کے متعلق کوئی حکم نازل نہ ہوا تھا۔ عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے محض اپنے اجتہاد سے چار خمس غانمین پر تقسیم کر دیئے اور ایک خمس (پانچواں حصہ) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے رکھ چھوڑا جب مدینہ پہنچے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع دی آپ نے فرمایا میں نے تم کو شہر حرام میں قتال کا حکم نہیں دیا تھا۔ خیر جب تک کوئی وحی نازل نہ ہو اس وقت تک مال غنیمت اور قیدیوں کو حفاظت سے رکھو۔ اس پر عبداللہ بن جحش اور ان کے رفقاء بہت نادم اور پشیمان ہوئے ادھر مشرکین اور یہود نے یہ کہنا شروع کیا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کے اصحاب نے شہر حرام میں قتل وقتال کو حلال کر لیا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (سورۃ البقرہ، ۲۱۷)

ترجمہ:

"آپ سے ماہ حرام میں قتال کرنے کی بابت دریافت کرتے ہیں۔ آپ جواب میں کہہ دیجئے کہ بے شک ماہ حرام میں قصداً قتال کرنا بڑا گناہ ہے لیکن خدا کے راستے سے کسی کو روکنا اور خدا کے ساتھ کفر کرنا اور مسجد حرام سے روکنا اور اہل حرم کو حرم سے نکالنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ جرم سب جرموں سے زیادہ سخت اور بڑا ہے اور کفر اور شرک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کا فتنہ اس قتل سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے اور یہ کافر ہمیشہ تم سے جنگ کرتے رہیں گے تاکہ تم کو تمہارے دین سے ہٹا دیں اگر ان میں طاقت ہو۔"

خلاصہ یہ کہ کسی اشتباہ اور التباس کی بنا پر نادانستہ طور پر شہر حرام میں قتل و قتال کا واقع ہو جانا کوئی بڑی چیز نہیں البتہ کفر و شرک کا فتنہ اور مسلمانوں کو مسجد حرام سے دیدہ و دانستہ روکنا ایک عظیم فتنہ ہے جس سے بڑھ کر کوئی جرم نہیں۔

اس آیت شریفہ کے نازل ہونے کے بعد آپ نے خمس قبول فرمالیا اور باقی مال غنیمت مجاہدین پر تقسیم کر دیا عبداللہ بن جحش اور ان کے رفقاء اس آیت کو سن کر خوش ہو گئے اب اس کے بعد عبداللہ بن جحش اور ان کے رفقاء کو اجر اور ثواب کی طمع دامن گیر ہوئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہم اس غزوہ پر کچھ اجر کی امید رکھ سکتے ہیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (سورۃ البقرہ، ۲۱۸)

ترجمہ:

"تحقیق جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کیا ایسے لوگ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید کر سکتے ہیں اور کیوں نہیں اللہ تعالیٰ تو بڑا بخشنے والا اور مہربان ہے۔"

یہ اسلام میں پہلی غنیمت تھی اور عمرو بن حضرمی پہلا مقتول تھا جو مسلمانوں کے ہاتھ سے مارا گیا۔ قریش نے عثمان بن عبداللہ اور حکم بن کیسان کا فدیہ بھیجا۔ آپ نے فرمایا جب تک میرے ساتھی سعد اور عتبہ واپس نہ آ جائیں اس وقت تک میں تمہارے قیدیوں کو نہ چھوڑوں گا۔ اس لئے کہ مجھ کو اندیشہ ہے کہ تم ان کو قتل نہ کر دو اگر تم میرے ساتھیوں کو قتل کرو گے تو میں بھی تمہارے آدمیوں کو قتل کروں گا۔

اس کے چند دن بعد سعد اور عتبہ واپس آ گئے آپ نے فدیہ لے کر عثمان اور حکم کو چھوڑ دیا۔ عثمان تو رہا ہوتے ہی مکہ واپس ہو گیا اور مکہ ہی میں جا کر کافر مرا۔ اور حکم بن کیسان مسلمان ہو گئے اور مدینہ ہی میں رہے یہاں تک غزوہ بئر معونہ میں شہید ہوئے۔

اور اسی بارے میں عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اشعار کہے

تَعُدُّوْنَ قَتْلًا فِی الْحَرَامِ عَظِیْمَةً
وَاَعْظَمُ مِنْهُ لَوْ یَرَی الرُّشْدَ رَاشِدُ
صُدُوْدُکُمْ عَمَّا یَقُوْلُ مُحَمَّدُ
وَکُفْرٌ بِهٖ وَاللّٰهُ رَاءٍ وَشَاهِدُ

تم لوگ شہر حرام یعنی رجب کے مہینہ میں قتل و قتال کو بڑی شئے خیال کرتے ہو حالانکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو ارشاد فرماتے ہیں اس سے روکنا اور ان کے ساتھ کفر کرنا اس سے کہیں بڑھ کر ہے۔ کاش کوئی سمجھدار ذرا خیال کرے اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھنے والا اور مشاہدہ کرنے والا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

واخـــرا جــکــم مــن مــســجــد الــلّٰـــہ اَھْــلــــہٗ
لِــئَــلاَّ یُــــرٰی فـــِـی الْبَیْـــتِ لِــلّٰـــــہِ سَــــاجِــدٗ

اور تمہارا اللہ تعالیٰ کے گھر سے اللہ والوں کو نکالنا تا کہ اللہ تعالیٰ کا سجدہ کرنے والا کوئی نظر نہ آئے یہ بھی شہر حرام میں قتال کرنے سے کہیں بڑھ کر ہے۔

فــانــاوان عیــر تُمْوُ نَــا بِقَتْلِہ
وَاَرْجَفَ بِــالاسـلام بـاغٍ وحـاسدٗ
سَــقَیْنَــا مِنِ ابْنِ الحضرمی رِمَاحَنَا
بِــنَــخْلَۃٍ لــمـا اوقـد الــحربَ وَاقِـدٗ
دمــاوا بـن عبـد اللّٰہ عثمـان بیننـا
ینــــازعــہ غــدٌمن القیدعَــانِدٗ

تم اگرچہ ہم کو اس قتل پر عار دلاؤ اور حاسد لوگ اسلام کے متعلق کتنی ہی جھوٹی خبریں اڑائیں لیکن ہم کو پرواہ نہیں بے شک ہم نے عمرو بن الحضرمی کے خون سے مقام نخلہ میں اپنے نیزوں کو سیراب کیا جبکہ واقد بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لڑائی کی آگ بھڑکائی اور عثمان بن عبداللہ ہمارے مابین قید تھا جس کو طوق وسلاسل اپنی طرف کھینچ رہے تھے۔

## الحاق

حضرت مصنف رحمہ اللہ نے اس معرکے کا رجب کی آخری تاریخ میں ہونا اختیار فرمایا ہے جبکہ دیگر کئی مفسرین و مورخین حضرات کے نزدیک اس سریے کی روانگی جمادی الآخرہ میں ہوئی تھی اور اشتباہ یہ تھا کہ رجب کا آغاز ہوا یا نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ البقرۃ مدنیۃ آیت ۲۱۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا

اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢١٨﴾

وہی اللہ تعالیٰ کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

## خلاصہ

ایمان کے بعد ہجرت اور جہاد بہت اونچی نعمتیں ہیں جن کو یہ نعمتیں نصیب ہو جائیں وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے امیدوار ہیں اور ان کے لئے رب غفور کی طرف سے بخشش اور بڑی رحمت ہے۔ اس لئے سریہ عبداللہ بن جحش ؓ کے مجاہدین کو جہاد کی سعادت حاصل ہونے پر خوش ہونا چاہیے ناامید نہیں۔

## شان نزول واقوال

❶ اخرج ابن ابی حاتم والطبرانی فی الکبیر من حدیث جندب بن عبداللہ انھا نزلت فی السریۃ لما ظن بھم انھم ان سلموا من الاثم فلیس لھم اجر (روح المعانی)

یعنی یہ آیت بھی سریہ عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی جب ان مجاہدین پر یہ گمان کیا گیا کہ اگر چہ وہ گناہ سے تو بچ گئے ہیں مگر ان کو اجر نہیں ملے گا۔ (اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور اجر کا وعدہ فرمایا گیا)

❷ ان عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال یا رسول اللہ ھب انہ لاعقاب علینا فیما فعلنافھل نطمع منہ اجرًا و ثوابًا فنزلت ھذہ الآیۃ لان عبد اللہ کان مومنا وکان مھاجرا وکان بسبب ھذہ المقاتلۃ مجاھدا (التفسیر الکبیر) یعنی حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ بات تو ہو گئی کہ ہم پر اس لڑائی کے بارے میں کوئی گناہ نہیں مگر کیا ہم اس سے جہاد کے اجر وثواب کی امید رکھیں؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی تو عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ مومن بھی تھے اور مہاجر بھی تھے اور اس لڑائی کی برکت سے مجاہد بھی بن گئے۔

❸ انہ تعالیٰ لما اوجب الجھاد الخ یعنی جب اللہ تعالیٰ نے کتب علیکم القتال فرما کر جہاد کو فرض فرمایا اور بیان کیا کہ اس کا چھوڑنا وعید کا باعث ہے تو اس کے فوراً بعد اس آیت میں ان لوگوں کا اجر بتا دیا جو اس حکم (جہاد) کو مانیں گے اور اس پر عمل کریں گے قرآن پاک میں جہاں بھی وعید آتی ہے تقریباً ہر جگہ اس کے فوراً

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بعد وعدہ بھی بیان کیا جاتا ہے۔ (تفسیر کبیر)

(۴) واخبران لهم ثواب من هاجرو غزا۔ (القرطبی)

یعنی سریہ عبداللہ بن جحشؓ میں شرکت کرنے والے حضرات بہت پریشان تھے اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے ذریعہ انکے غم کو دور کر دیا اور بتلا دیا کہ انہیں ہجرت اور جہاد کا ثواب ملے گا۔

**نکتہ**

ان دونوں آیات میں ہجرت اور جہاد کا معنیٰ بالکل واضح ہے سیاق وسباق اور شان نزول مکمل طور پر اسی معنیٰ کی تعیین کرتے ہیں۔ اگر جہاد سے صرف جہد، محنت اور مشقت مراد لی جائے تو وہ امنوا اور ھاجروا میں بھی آ گئی، ایمان اور ہجرت دونوں میں سخت محنت اور مشقت تھی پھر الگ سے جاھدوا کہنے کی کیا حاجت رہی (پس تفسیر ماجدی کی تقریر سے اتفاق ممکن نہیں ہے) (واللہ اعلم بالصواب)

مماثل آیات قرآن مجید کی ان آیات میں بھی ہجرت اور جہاد کو اکٹھا بیان فرمایا گیا ہے۔ آل عمران (۱۹۵) الانفال (۷۲،۷۴،۷۵) التوبة (۲۰،۱۱۷) النحل (۱۱۰) الحج (۵۸)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوۡرَةُ الۡبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۳۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فَاِنۡ خِفۡتُمۡ فَرِجَالًا اَوۡ رُكۡبَانًا ۚ فَاِذَاۤ اَمِنۡتُمۡ فَاذۡكُرُوا اللّٰہَ

پھر اگر تمہیں خوف ہو تو پیادہ یا سواری (پڑھ لیا کرو) پھر جب امن پاؤ تو اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کرو

كَمَا عَلَّمَكُمۡ مَّا لَمۡ تَكُوۡنُوۡا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۳۹﴾

جیسا اس نے تمہیں سکھایا ہے جو تم نہ جانتے تھے۔

## خلاصہ

جہاد اور خوف میں جس طرح سے ممکن ہو کھڑے یا سوار نماز ادا کرلیا کرو پھر جب امن مل جائے تو حالت اطمینان والی نماز میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو جیسا کہ اس نے تمہیں سکھایا ہے۔

## جہاد سے تعلق

اما القتال الواجب فھو کالقتال مع الکفار وھو الاصل فی صلوٰۃ الخوف وفیہ نزلت الآیۃ (التفسیر الکبیر)

یعنی اس آیت کا اصل نزول فرض جہاد کے بارے میں ہوا ہے (جیسے قتال مع الکفار)۔

## اقوال وحوالے

(۱) فان خفتم اگر تمہیں خوف ہو قال الواحدی رحمہ اللہ معنی الآیۃ فان خفتم عدوا فحذف المفعول لاحاطۃ العلم بہ:

یعنی اس کا مطلب ہے اگر تمہیں دشمن کا خوف ہو عدوا مفعول کو معلوم ہونے کی وجہ سے حذف کردیا گیا ہے۔

(۲) فان کان بکم خوف من عدو أو غیرہ : یعنی اگر تمہیں دشمن یا کسی اور چیز کا خوف ہو۔

(۳) فان خفتم فوات الوقت ان أخرتم الصلوٰۃ الی أن تفرغوا من حربکم:

یعنی تم کو اس بات کا ڈر ہو کہ اگر تم نے جنگ سے فارغ ہونے کا انتظار کیا تو تمہاری نماز فوت ہوجائے گی تو پھر جس طرح سے بن پڑے ادا کرلو۔ (ھذا القول یوافق مذھب الامام الشافعی رحمہ اللہ)

یہ تینوں اقوال امام رازی رحمہ اللہ نے تفسیر کبیر میں نقل فرمائے ہیں۔

## فائدہ

نہ جہاد کی وجہ سے نماز معاف ہے اور نہ نماز کی وجہ سے جہاد معاف ہے دونوں کو ادا کرنا ہے اور دونوں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کو جوڑتا ہے۔ اسی لئے "صلوٰۃ الخوف" کے مفصل احکامات قرآن پاک میں بیان ہوئے ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے سورۃ النساء آیت (۱۰۱ تا ۱۰۳) واللہ اعلم بالصواب۔

**فائدہ**

غزوۂ خندق کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی کئی نمازیں رہ گئی تھیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کو اذان اور اقامت کے ساتھ باجماعت قضاء فرمائیں (تفسیر روح المعانی)

امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

الصلٰوۃ اصلها الدعاء وحالة الخوف اولیٰ بالدعاء فلهذا لم تسقط الصلوٰۃ بالخوف الخ (قرطبی) یعنی نماز حقیقت میں دعا ہے اور خوف کی حالت تو دعا کے لئے زیادہ موزوں ہے اس لئے خوف کی وجہ سے نماز ساقط نہیں ہوتی۔ اور جب خوف کی وجہ سے ساقط نہیں ہوتی تو مرض وغیرہ کی وجہ سے تو بطریق اولیٰ ساقط نہیں ہوگی۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ۲۴۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکلے حالانکہ وہ ہزاروں تھے

الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ

پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو فرمایا کہ مرجاؤ پھر انہیں زندہ کردیا بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر

فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾

فضل کرنے والا ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے

## خلاصہ

مسلمانوں کو جہاد یعنی قتال فی سبیل اللہ کا حکم دینے سے پہلے ایک واقعہ سنایا گیا کہ ماضی میں کچھ لوگ جان بچانے کیلئے بھاگے مگر سب مر گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ فرمایا۔ پس معلوم ہوا کہ موت سے بھاگنے کا کوئی فائدہ نہیں اللہ پاک چاہے تو بچنے کی جگہ مار دے اور مرنے کی جگہ بچالے، بندوں کو چاہیے کہ جان بچانے کی فکر کرنے کی بجائے اللہ پاک کے حکم جہاد کو پورا کریں تاکہ اسکے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے فضل کو حاصل کرسکیں مگر اکثر لوگ قدر دان نہیں ہیں۔

## مختصر قصہ

حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

یہ پہلی امت میں ہوا ہے کہ کئی ہزار شخص گھربار لے کر اپنے وطن کو چھوڑ نکلے ان کو ڈر ہوا غنیم (یعنی حملہ آور دشمن) کا اور (انہوں نے) لڑنے سے جی چھپایا (یعنی جہاد سے بچنے کیلئے بھاگے) یا ڈر ہوا وبا کا اور یقین نہ ہوا تقدیر کا پھر ایک منزل میں پہنچ کر سارے مر گئے پھر سات دن کے بعد پیغمبر کی دعا سے زندہ ہوئے کہ آگے کو توبہ کریں۔ یہاں اس واسطے فرمایا جہاد سے جی چھپانا (اور بھاگنا) عبث (یعنی بیکار) ہے موت نہیں چھوڑتی (موضح القرآن)

## اقوال و حوالے

امام رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس واقعہ کے بارے میں کئی روایات ہیں:

❶ قال السدی رحمه الله كانت قرية وقع فيها الطاعون الخ: اس روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک بستی میں ایک بار طاعون کی وبا آئی کچھ لوگ بھاگ گئے اور کچھ رہ گئے۔ جب وبا ختم ہوگئی اور بھاگے ہوئے لوگ واپس آ گئے تو پیچھے رہ جانے والے مریض لوگوں نے کہا کاش ہم بھی بھاگ جاتے اور بیمار نہ ہوتے اگلی بار جب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

طاعون آیا تو اکثر بھاگ گئے جن کی تعداد تیس ہزار سے زائد تھی اللہ پاک نے دو فرشتے بھیجے جنہوں نے موتوا (مرجاؤ) کا اعلان کیا تو سب مر گئے اور ان کے جسم بوسیدہ ہو گئے اللہ تعالیٰ کے ایک نبی جن کا نام حزقیل علیہ السلام بتایا جاتا ہے وہاں سے گذرے تو اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں آپ کو دکھاؤں کہ میں مردوں کو کس طرح سے زندہ کرتا ہوں انہوں نے عرض کیا جی ہاں اس پر اللہ تعالیٰ نے انکی ہڈیاں دوبارہ جوڑ کر انہیں زندہ فرمادیا پھر ان لوگوں نے اپنی مدت زندگی پوری کی۔ (تفسیر کبیر)

❷ قال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما ان ملكا من ملوك بنی اسرائيل امر عسكره بالقتال فخافو االقتال الخ۔

دوسری روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں بنی اسرائیل کے ایک بادشاہ نے اپنے لشکر کو جہاد کا حکم دیا وہ لوگ قتال سے ڈر گئے اور کہنے لگے جہاں ہمیں جہاد کے لئے جانا ہے وہاں تو وبا پھوٹی ہوئی ہے جب تک وہ وبا ختم نہیں ہوتی ہم نہیں جائیں گے اس پر اللہ تعالیٰ نے ان سب کو موت دے دی وہ آٹھ دن تک مرے رہے یہاں تک کہ ان کے جسم پھول گئے پھر آٹھ دن بعد اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ فرمادیا مگر ان کے جسموں میں بو کا اثر باقی رہا اور وہ آج تک ان کی اولاد میں موجود ہے۔

❸ ان حزقيل النبی عليه السلام ندب قومه الى الجهاد فكرهوا وجبنوا فارسل الله عليهم الموت الخ۔

یعنی حضرت حزقیل علیہ السلام نے اپنی قوم (بنی اسرائیل) کو جہاد کی دعوت دی ان لوگوں نے اسے ناپسند کیا اور بزدلی دکھائی اللہ پاک نے ان پر موت بھیج دی جب وہ کثرت سے مرنے لگے تو موت کے ڈر سے اپنا علاقہ چھوڑ کر بھاگنے لگے جب حضرت حزقیل علیہ السلام نے یہ صورتحال دیکھی تو یوں دعا فرمائی: اے ہمارے پروردگار اے یعقوب علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے رب آپ نے اپنے ان بندوں کی نافرمانی دیکھ لی پس آپ انہیں خود انکی جانوں میں اپنی ایسی کوئی نشانی دکھائیں جو انہیں سمجھا دے کہ آپ کی قدرت نافذ ہو کر رہتی ہے اور یہ لوگ آپ کے قبضۂ قدرت سے بھاگ نہیں سکتے۔ (یہ دعا قبول ہوئی)

اللہ تعالیٰ نے ان پر موت طاری کردی۔ پھر حضرت حزقیل علیہ السلام کو انکی موت سے صدمہ پہنچا تو آپ نے دوسری بار دعا فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ فرمادیا۔ (تفسیر کبیر)

## جامع قول

امام قرطبی رحمہ اللہ اس آیت کے بارے میں کئی اقوال ذکر کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں وانما اللازم من الآية ان الله تعالىٰ أخبر نبيه محمدا صلى الله عليه وسلم اخبارا في عبارة التنبيه الخ یعنی اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آیت میں جو اصل اور ضروری بات ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ایسی قوم کے افراد کی خبر دی ہے جو اپنے گھروں سے موت کے خوف سے نکلے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں مار دیا اور پھر انہیں زندہ کر دیا تا کہ وہ اور ان کے بعد والے لوگ اس بات کو جان لیں کہ ہر کسی کو موت دینا صرف اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھوں میں ہے۔ اسلئے کسی خوف دلانے والے کا خوف اور کسی دھوکے باز کا دھوکا کوئی معنی نہیں رکھتا۔

اور اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو جہاد کا حکم دینے سے پہلے بطور مقدمہ کے ذکر فرمایا ہے یہ طبری کا قول ہے اور یہی اس آیت کا محکم مفہوم ہے۔ (تفسیر القرطبی)

علامہ سیوطی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: و القصد من ذکر ھولاء تشجیع المومنین علی القتال (جلالین)

ان لوگوں کا قصہ ذکر کرنے کا مقصد مسلمانوں کو قتال فی سبیل اللہ پر ابھارنا اور مضبوط کرنا ہے۔

"یعنی لوگ جہاد سے اس لئے بھاگتے ہیں کہ اس میں موت نظر آتی ہے تو ایک ایسا قصہ جو عربوں میں معروف تھا اور اہل کتاب بھی اسکی خبر رکھتے تھے سنایا گیا اور یہ بات دل میں بٹھائی گئی کہ مارنا اور زندہ کرنا سب اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور موت سے کوئی نہیں بچ سکتا یا اپنے وقت پر ضرور آتی ہے اس لئے جہاد جیسے اہم فریضہ اور عبادت کو موت کے خوف سے چھوڑ بیٹھنا کہاں کی عقلمندی ہے؟"

"حاصل یہ ہے کہ مسلمانوں کو موت اور زندگی کے سوال میں الجھنا نہیں چاہیے۔ بلکہ کام کرنا چاہئے موت اور زندگی تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے جب چاہے مار دے اور جب تک چاہے زندہ رکھے"۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## بستی کا نام

جس آبادی سے یہ لوگ فرار ہوئے تھے اس کے بارے میں امام قرطبی فرماتے ہیں کہ اس بستی کا نام داوردان تھا (قرطبی) جبکہ ابن کثیر رحمہ اللہ لکھتے ہیں وقال سعد بن عبدالعزیز کانو امن اھل اذرعات. یعنی یہ "اذرعات" کے رہنے والے تھے (تفسیر ابن کثیر)

ھم الوف وہ ہزاروں کی تعداد میں تھے، انکی اصل تعداد کے بارے میں مفسرین کے بہت سے اقوال ہیں چار ہزار، آٹھ ہزار، نو ہزار، چالیس ہزار، تیس ہزار سے کچھ زائد۔ ستر ہزار، دس ہزار وغیرہ۔ لیکن مستند مفسرین فرماتے ہیں کہ الوف جمع کثرت ہے جس کا اطلاق دس ہزار سے اوپر ہی ہو سکتا ہے۔

وھو جمع الکثرۃ ولا یقال فی عشرۃ فمادونھا الوف (قرطبی)

## اس آیت کا پچھلی آیات سے عجیب ربط

پہلے اللہ تعالیٰ نے جہاد کا حکم دیا (جیسا کہ پچھلی آیات میں گذر چکا ہے) اور یہ بات ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جماعت بن کر مخالف سے جہاد کرنے کے لئے مسلمانوں کا آپس میں اتفاق بہت ضروری ہے۔ اور اتفاق میں خلل

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ڈالنے والی زیادہ تر چیزوں کا تعلق نکاح، طلاق کے جھگڑوں اور میراث و وصیت کے معاملات سے ہوتا ہے چنانچہ بیچ میں چند احکام ان جھگڑوں کے دفع فرمانے والے بیان کر کے پھر جہاد کی ترغیب شروع کی جا رہی ہے اور اس کا آغاز بنی اسرائیل کے ایک واقعہ سے عبرت دلا کر کیا جا رہا ہے۔ (ملخص از تفسیر حقانی)

❷ امام ابوحیان نے اس آیت کی ماقبل کے ساتھ مناسبت میں یہ قول بھی نقل کیا ہے لما بین اللہ تعالیٰ حکم النکاح بین حکم القتال لان النکاح تحصین للدین والقتال تحصین للدین والمال والروح۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے جب نکاح کا حکم فرمایا جس میں دین کی حفاظت ہے تو اسکے بعد قتال کا حکم بیان فرمایا جس میں دین، مال اور روح سب کی حفاظت ہے۔ (البحر المحیط)

## اس واقعہ میں تین سبق

❶ موت کا وقت مقرر ہے کوئی حیلہ کر و وہ ٹلتی نہیں پھر نامردی اور بزدلی کرنا عبث (بے کار) ہے۔ ❷ بزدلی اور بھی جان کو ہلاکت میں ڈالتی ہے آدمی سمجھتا ہے کہ میں بزدلی سے بچ جاؤں گا مگر اس سے دشمن کو اور بھی قتل کرنے میں جرأت ہوتی ہے ❸ اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ بہت زیادہ ہے اس کے نزدیک تو گلے ہوئے مردوں کو زندہ کرنا کوئی بات ہی نہیں ہے تو اے مسلمانو! تم کیوں اللہ تعالیٰ پر توکل کر کے مخالفوں سے جنگ نہیں کرتے اور ظاہری اسباب پر کیوں سہارا کرتے ہو۔ (ملخص از تفسیر حقانی)

## نکتہ

جو خوش نصیب مسلمان اپنے دوسرے مسلمان بھائیوں کو جہاد کی دعوت دینا چاہتا ہو تو وہ اس قرآنی اسلوب سے دعوت دینے کا طریقہ سیکھے سورۃ بقرہ آیت ۲۴۳ سے لیکر آیت ۲۵۲ تک پر غور کریں ان شاء اللہ تعالیٰ یہ پورا اسلوب اچھی طرح سے سمجھ میں آجائے گا۔ علامہ ابوحیان رحمہ اللہ بنی اسرائیل کے اس قصہ کے بارے میں لکھتے ہیں

واتت ھذہ القصۃ بین یدی الامر بالقتال تشجیعاً للمؤمنین وحثاً علی الجھاد والتعریض للشھادۃ واعلاماً ان لامفر مماقضی اللہ تعالیٰ (تفسیر البحر المحیط)

## دعاء

یا اللہ یا لطیف یا ودود ہمیں اپنی ملاقات کا شوق نصیب فرما اور ہمیں بزدلی سے بچا اور ہمیں اس حقیقت کا یقین عطاء فرما کہ موت کا وقت مقرر ہے اور ہمارے دل میں یہ بات بٹھا کہ قرآن پاک اور جہاد فی سبیل اللہ میں ہماری زندگی ہے۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ۲۴۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾

اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑو اور سمجھ لو کہ بیشک اللہ تعالیٰ خوب سننے والا جاننے والا ہے

### خلاصہ

اے مسلمانو! پچھلے قصہ میں غور کرو اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرو اور خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے۔ یعنی موت سے نہ ڈرو اور بے خوف ہو کر جہاد فی سبیل اللہ کا حکم پورا کرو۔

### اقوال وحوالے

❶ هذا خطاب لهذه الامة بالجهاد في سبيل الله وتقدمت تلك القصة كما قلنا تنبيها لهذه الامة ان لا تفرمن الموت كفرار هولاء وتشجيعالها وتثبيتاً.

اس آیت میں امت محمدیہ (علی صاحبها الف تحيات) کو جہاد فی سبیل اللہ کا حکم دیا جا رہا ہے اور پچھلے قصے میں اس امت کے لئے تنبیہ تھی کہ وہ بنی اسرائیل کے ان لوگوں کی طرح موت سے نہ بھاگے اور جہاد میں شجاعت اور ثابت قدمی کا ثبوت دے۔ (تفسیر البحر المحیط)

❷ هذا خطاب لامة محمد صلى الله عليه وسلم بالقتال في سبيل الله في قول الجمهور وهو الذي ينوى به ان تكون كلمة الله هي العليا.

جمہور علماء کے نزدیک اس آیت میں امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتال فی سبیل اللہ کا حکم دیا جا رہا ہے وہ قتال جو اعلاء کلمۃ اللہ کی نیت سے کیا جائے (القرطبی)

❸ أن هذا الخطاب للذين أحيوا قال الضحاك رحمه الله احيا هم ثم امر هم بان يذهبوا الى الجهاد لانه تعالى انما اماتهم بسبب ان كر هو الجهاد.

اس آیت میں قاتلوا (قتال کرو) کا خطاب بنی اسرائیل کے ان لوگوں سے ہے جن کو زندہ کیا گیا تھا ضحاک رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ کیا پھر انہیں حکم فرمایا کہ جہاد پر جاؤ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں مارا ہی جہاد نہ کرنے کی وجہ سے تھا (تفسیر کبیر) حضرات مفسرین نے اس قول کو ضعیف قرار دیا ہے۔ (قرطبی، البحر المحیط)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## آیت کی تفسیر میں دو عمدہ عبارتیں

❶ علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

ای کما ان الحذر لا یغنی من القدر کذلک الفرار من الجهاد و تجنبه لا یقرب اجلاً و لا یبعده الخ. یعنی جس طرح موت سے بھاگنا تقدیر کو نہیں ٹال سکتا اسی طرح جہاد سے بھاگنا اور اسے چھوڑنا بھی موت کو قریب یا دور نہیں کر سکتا بلکہ موت کا مقرر وقت اور لکھی ہوئی روزی یہ وہ مقدرات ہیں جن میں کمی یا زیادتی نہیں ہو سکتی جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

ترجمہ:

یہ (منافق) وہ لوگ ہیں جو اپنے (مجاہد) بھائیوں سے کہتے تھے حالانکہ خود (جہاد سے) بیٹھ رہے تھے اگر وہ ہماری بات مانتے تو قتل نہ کیے جاتے کہہ دو اگر تم سچے ہو تو اپنی جانوں سے موت کو ہٹا دو (آل عمران ۱۶۸) اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے (ترجمہ) پھر جب انہیں لڑنے کا حکم دیا گیا اس وقت ان میں سے ایک جماعت لوگوں سے ایسا ڈرنے لگی جیسا اللہ تعالیٰ کا ڈر ہو یا اس سے بھی زیادہ ڈر اور کہنے لگے اے رب ہمارے تو نے ہم پر لڑنا کیوں فرض کیا کیوں نہ ہمیں تھوڑی مدت اور مہلت دی ان سے کہہ دو دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے اور آخرت پرہیزگاروں کے لئے بہتر ہے اور ایک تاگے کے برابر بھی تم سے بے انصافی نہیں کی جائے گی تم جہاں کہیں ہو گے موت تمہیں آ ہی پکڑے گی اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہی ہو۔ (النساء ۷۷، ۷۸)

اور ہم اسلامی لشکروں کے امیر، سپہ سالار، اسلامی سرحدوں کے محافظ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں پر اللہ تعالیٰ کی کھلی تلوار ابو سلیمان حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ روایت بیان کر چکے ہیں کہ انہوں نے اپنی موت کے وقت فرمایا میں نے اتنے محاذوں پر جنگ کی اور میرے جسم کا کوئی عضو ایسا نہیں جس پر تیر، تلوار یا نیزے کا زخم نہ ہو اور ہائے افسوس میں اونٹ کی طرح بستر پر جان دے رہا ہوں پس بزدلوں کی آنکھیں نہ سوئیں۔ یعنی وہ اس بات پر دکھ، درد اور افسوس کا اظہار کر رہے تھے کہ وہ جہاد میں شہید نہیں ہوئے اور بستر پر وفات پا رہے ہیں (تفسیر ابن کثیر)

❷ ان تمام مسائل کے بعد پھر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینے اور مال دینے کی تاکید شروع ہوتی ہے کیونکہ دنیا میں کوئی قوم "قوم" نہیں رہ سکتی تاوقتیکہ اس قوم میں اپنے ناموس اور مذہب محفوظ رکھنے کی قدرت نہ ہو خاص کر وہ مذہب جو تمام دنیا پر پھیلنے والا ہو۔ جس کی توحید اور روشن احکام دنیا بھر کے شریروں کے خلاف ہوں جس سے نہ صرف احتمال بلکہ یقین ہو کہ اس مذہب کے لئے اس کے گھر اور ملک میں بھی سخت رکاوٹیں پیش آنا شروع ہونگی بلکہ ہو گئیں پھر آگے چل کر تو کیا کچھ نہ ہوگا؟ اس لئے حکم دیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑو جو رکاوٹ پیش آئے اس کو تلوار کی دھاروں سے مٹا دو مگر نیک نیت اور دلی اخلاص بھی ملحوظ رکھو صرف خون ریزی اور بنی نوع کا قتل کرنا ہی مقصود نہیں،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بلکہ یہ جہاد ایسا ہے جیسا مریض کے لئے فصد و فاسد مادہ کا اخراج و قطع برید۔ ایسے معاملات میں دلی اخلاص و نیک نیتی ضروری ہے اس لئے فرمایا اللہ تعالیٰ سنتا جانتا ہے۔ (تفسیر حقانی)

واعلموا ان اللہ سمیع علیم خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے۔

❶ أي هو يسمع كلامكم في ترغيب الغير في الجهاد وفي تنفير الغير عنه وعليم بمافي صدوركم من البواعث والاغراض وان ذلك الجهاد لغرض الدين او لعاجل الدنيا.

یعنی وہ تمہاری ان باتوں کو سنتا ہے جو تم دوسروں کو جہاد کی ترغیب دینے کے لئے یا دوسروں کو جہاد سے متنفر کرنے کے لئے کہتے ہو اور تمہارے دلوں میں جو اغراض و مقاصد ہیں ان کو خوب جانتا ہے کہ تمہارا جہاد دین کے لئے ہے یا دنیا کے وقتی نفع کے لئے۔ (تفسیر کبیر)

❷ پس جب موت و حیات کسی انسان کے قبضہ میں نہیں اور جنگ میں بھی مرنا یقینی نہیں تو اٹھ کھڑے ہو اللہ تعالیٰ کا قانون بلند و برتر کرنے کے لئے جہاد و قتال کرو کہ اسلام کو غلبہ و اقتدار حاصل ہو، کرہ ارض امن کا گہوارہ بن جائے اور چونکہ تم محض اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے جنگ کرو گے اس لئے (بطور احسان) ضروری ہے کہ وہ تمہاری ہر دعا کو سنے، اسکو اجابت بخشے اور تمہیں مخالفین کے مقابلہ میں کامیابی نصیب کرے (تفسیر الفرقان)

## ربط

علامہ آلوسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

والجهاد لما كان ذروة سنام الدين وكان من اشق التكاليف حرضهم عليه من طرق شتى مبتدئاً من قوله سبحانه ولا تقولوا لمن يقتل في سبيل الله اموات (البقرة ١٥٤) منتهيا الى هذا المقال الكريم مختتماً بذكر انفاق في سبيله للتتميم.

یعنی جہاد چونکہ اسلام کی چوٹی کی بلندی ہے اور احکامات میں سے مشکل ترین عمل ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے مختلف طریقوں سے اس پر (مسلمانوں کو) (اس سورۃ بقرہ میں) ابھارا ہے اس ترغیب کا آغاز ولا تقولو الآیۃ سے ہوا اور اسکی انتہا اس آیت وقاتلوا پر ہوئی اور پھر اس ترغیبی نصاب کو مکمل کرنے کے لئے اس کا اختتام جہاد میں خرچ کرنے کے حکم پر ہوا۔ (جو کہ اگلی آیت میں ہے) (روح المعانی)

## دعاء

یا اللہ آپ نے ہمیں اپنے راستے میں قتال کا حکم دیا ہے، یا اللہ ہم اس پر یقین رکھتے ہیں یا اللہ آپ ہمیں اپنا یہ حکم پورا کرنے کی توفیق عطاء فرمائیں۔

آمین یارب العالمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۲۴۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَنْ ذَا الَّذِىْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۲۴۵

ایسا کون شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض دے پھر اللہ تعالیٰ اس کو کئی گنا بڑھا کر دے اور اللہ تعالیٰ ہی تنگی کرتا ہے اور کشائش کرتا ہے اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے

### خلاصہ

جہاد میں مال خرچ کر کے اللہ تعالیٰ کو اچھا قرضہ دو وہ اسے کئی گنا بڑھا دے گا، رزق کی تنگی اور کشادگی سب اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ اور تم نے تو لوٹ کر اس کی طرف واپس جانا ہے۔ پس جو کچھ اسے دو گے اس کے پاس جا کر اس سے کئی گنا زیادہ پالو گے۔

### ربط

❶ اس مقام پر اصل مقصد قتال فی سبیل اللہ کی زیادہ سے زیادہ ترغیب ہے بنی اسرائیل کا قصہ اسی کی تمہید ہے انفاق کا مضمون اسی کی تائید ہے۔ آگے طالوت وجالوت کا قصہ اسی کی تاکید ہے۔ (ملخص از بیان القرآن)

❷ جہاد وقتال کا حکم ابھی ملا ہے قدرتاً سامان جنگ کے لئے امت اسلامی کو بڑے سرمایہ کی ضرورت ہوگی اس لئے پہلے ہی نمبر پر امرائے ملت کو اس میں حصہ لینے کی ترغیب دی جارہی ہے قرضاً حسناً اصطلاح قرآنی میں اس لفظ سے مراد ہر وہ رقم ہے جو دین کی کسی مد میں خرچ ہو سکے یہاں مراد مصارف جہاد ہیں (تفسیر ماجدی)

❸ لما امر الله تعالىٰ بالجهاد والقتال على الحق حرض على الانفاق فى ذلك یعنی جب اللہ تعالیٰ نے حق کی خاطر جہاد وقتال کا حکم دیا تو پھر (اس آیت میں) جہاد پر خرچ کرنے کی ترغیب دی۔ (القرطبی)

❹ أن هذه الاية متعلقة بما قبلها والمراد منها القرض فى الجهاد خاصة فندب العاجز للجهاد ان ينفق على الفقير القادر على الجهاد وامر القادر على الجهاد أن ينفق على نفسه فى طريق الجهاد۔

یعنی ایک قول یہ ہے کہ اس آیت کا تعلق پچھلی آیت کے ساتھ ہے اور یہاں قرض سے مراد خاص جہاد میں مال خرچ کرنا ہے پس اس شخص کو جو عملی جہاد سے عاجز ہو ترغیب دی گئی کہ وہ اپنا مال جہاد کی قدرت رکھنے والے فقراء پر خرچ کرے اور جہاد کی طاقت رکھنے والوں کو ترغیب دی گئی کہ جہاد میں خود اپنا خرچہ اٹھائیں یعنی اپنی جان و مال دونوں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سے جہاد کریں (تفسیر کبیر)

واللہ یقبض ویبسط اللہ تعالیٰ روزی تنگ کرتا ہے اور وہی روزی کشادہ کرتا ہے۔

❶ اس کے بعد یہ بھی سنا دیا کہ تنگدستی وفراخ دستی سب ہمارے قبضہ میں ہے، جو ہماری راہ میں صرف نہیں کرتے وہ اس بات پر گھمنڈ نہ کریں کہ ہماری دولت باقی رہے گی اللہ تعالیٰ ہزاروں مصیبتیں بھیج کر تنگدست کر سکتا ہے منجملہ ان کے ایک یہ بلا نازل ہو گی کہ مخالفین غالب آ کر تمام ملک و دولت چھین لیں گے اور جو صرف (یعنی خرچ) کرتا ہے وہ تنگدستی سے نہ ڈرے، دنیا میں غنائم اور فتوحات ملک ان کے حصہ میں آئیں گے، آخرت میں جو کہ سامنے کھڑی ہے جس کو الیہ ترجعون سے تعبیر کیا بے شمار نعمتیں ملیں گی جیسا کہ صحابہ کو ملیں (تفسیر حقانی)

❷ محض جان قربان کرنا کافی نہیں، بلکہ روپیہ خرچ کرنے کی بھی سخت ضرورت ہے، سامان حرب خریدو، دوسروں کو تیاری میں مدد دو۔ میدان جنگ میں جاتے ہی تمہیں فتح وکامرانی نصیب ہو گی اس قدر مال غنیمت ملے گا کہ سمیٹ نہ سکو گے اور جس قدر رقم نے اسلام کی بقاء وقیام کے لئے صرف کیا تھا اس سے کئی گنا زیادہ مل جائے گا، صدہا ممالک پر ہلالی جھنڈا اڑے گا اور ہزاروں مشرک دائرہ اسلام میں داخل ہو نگے، تم غربت اور افلاس کا خیال نہ کرو کہ قبض وبسط اور تنگدستی اور کشائش اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے یہ بالکل ممکن ہے کہ تمہارے پاس لاکھوں روپیہ ہو مگر اللہ تعالیٰ ایسے سامان پیدا کر دے کہ تمام دولت تمہارے لئے بے کار ثابت ہو اور ناداری اور تہی دستی کی زندگی بسر کرو اور یہ بھی اس کے اختیار میں ہے کہ غربت کے ایام میں تمہیں ایسی فرحت شادمانی نوازش کرے کہ بڑے بڑے دولتمندوں کو بھی نصیب نہ ہو (تفسیر الفرقان)

## کلام برکت

حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ کو قرض دے یعنی جہاد میں خرچ کرے اس طرح فرمایا مہربانی سے۔ اور تنگی کا اندیشہ نہ رکھے اللہ تعالیٰ کے ہاتھ کشائش ہے" (موضح القرآن)

## دعاء

یااللہ یا غنی یا مغنی ہمیں اپنا مال جہاد فی سبیل اللہ میں خرچ کرنے کی ہمت اور توفیق عطاء فرما اور پھر اسے قبول فرما۔

آمین یا ارحم الراحمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ۲۴۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنْ بَعْدِ مُوسَىٰ إِذْ

کیا تم نے بنی اسرائیل کی ایک جماعت کو موسیٰ کے بعد نہیں دیکھا جب

قَالُوا لِنَبِيٍّ لَهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

انہوں نے اپنے نبی سے کہا ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کردو تاکہ ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑیں

قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلَّا تُقَاتِلُوا قَالُوا

پیغمبر نے کہا کیا یہ بھی ممکن ہے کہ اگر تمہیں لڑائی کا حکم ہو تو تم اس وقت نہ لڑو انہوں نے کہا

وَمَا لَنَا أَلَّا نُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَ

ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں کیوں نہیں لڑیں گے حالانکہ ہمیں اپنے گھروں اور

أَبْنَائِنَا فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ

اپنے بیٹوں سے نکال دیا گیا ہے پھر جب انہیں لڑائی کا حکم ہوا تو سوائے چند آدمیوں کے سب پھر گئے

وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ﴿٢٤٦﴾

اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو خوب جانتا ہے

## خلاصہ

(جہاد کے فوائد، اسکی شرائط اور اس کے آداب کو سمجھنے کے لئے) بنی اسرائیل کے اس واقعہ کو تم نے دیکھا؟ جب جالوت کے مظالم سے چھٹکارا پانے اور آزادی حاصل کرنے کیلئے انہوں نے قتال شروع کرنے کا ارادہ کیا اور وقت کے نبی سے ایسا "امیر" مقرر کرنے کی درخواست کی جس کی قیادت میں وہ جہاد کر سکیں۔ نبی نے فرمایا کہیں ایسا نہ ہو کہ تم جہاد سے منہ موڑ لو انہوں نے کہا یہ کیسے ممکن ہے؟ ہمارے گھر اور بچے دشمن کے قبضہ میں ہیں ایسے حالات میں بھی ہم جہاد سے منہ موڑیں یہ نہیں ہوسکتا۔ مگر نبی علیہ السلام کا خدشہ درست نکلا جب ان کو جہاد کا حکم دے دیا گیا تو ان میں سے اکثر جہاد سے محروم رہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

## ربط

❶ ذكر في التحريض على القتال قصة أخرى جرت في بني اسرائيل (تفسیر قرطبی)

جہاد پر ابھارنے کے لئے بنی اسرائیل کا ایک اور قصہ (ان آیات میں) اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## زمانہ

قرآن پاک نے واضح فرمایا ہے کہ مِنْ بَعْدِ مُوسیٰ یہ واقعہ حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد کے زمانے کا ہے۔اس زمانے کی تعیین میں مفسرین کے چند اقوال ملاحظہ فرمائیں:

❶ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کوئی تین صدی بعد اور حضرت داؤد علیہ السلام سے کچھ ہی قبل کے زمانہ کا ہے۔سن مسیحی کے آغاز میں ابھی کوئی ہزار، گیارہ سو سال کی مدت باقی تھی۔(تفسیر ماجدی)

❷ ان آیات میں اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل کا دوسرا قصہ سناتا ہے جو عیسیٰ علیہ السلام سے تخمیناً گیارہ سو برس پہلے گذرا ہے اس قصہ میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو جہاد میں ثابت قدمی اور استقلال اور مصائب پر برداشت کرنے کی رغبت دلاتا ہے۔(تفسیر حقانی)

❸ صاحب بحرالمحیط نے اس زمانہ کی تعیین میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد حضرت یوشع علیہ السلام بنی اسرائیل میں ان کے خلیفہ بنے انہوں نے تورات کو نافذ رکھا ان کے انتقال کے بعد حضرت حزقیل علیہ السلام ان کے جانشین بنے ان کے انتقال کے بعد بنی اسرائیل میں بدعات اور بت پرستی پھیل گئی۔اللہ تعالیٰ نے انکی طرف حضرت الیاس علیہ السلام کو نبی بنا کر بھیجا۔حضرت الیاس کے بعد حضرت الیسع علیہ السلام نبی ہوئے انکے انتقال کے بعد بنی اسرئیل میں بہت زیادہ خرابیاں پیدا ہوگئیں۔تب ان کے دشمن عمالقہ کی قوم جالوت ان پر غالب آگئی یہ لوگ بحر روم کے ساحل پر مصر اور فلسطین کے درمیان رہنے والے تھے انہوں نے بنی اسرائیل کے شہروں پر قبضہ کرلیا اور ان کے سرداروں کے بیٹوں کو قید کرلیا اور بنی اسرائیل سے تورات چھین لی اور ان پر جزیہ نافذ کردیا۔تب انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ ان کے لئے نبی مبعوث فرمائے جس کے ساتھ مل کر وہ جہاد کریں تب حضرت شموئیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔جب انہیں نبوت ملی تو انہوں نے بنی اسرائیل کو دعوت دی بنی اسرائیل نے ان سے کہا کہ اگر آپ واقعی نبی ہیں تو ہمارے لئے کوئی امیر (حکمران) مقرر کردیں۔بنی اسرائیل کا طریقہ کار یہی تھا کہ وہ حکمران کے زیر سایہ جمع ہوتے تھے اور جنگ کرتے تھے اور حکمران نبی کا تابع ہوتا تھا، نبی حکمران کو چلاتے اور حکمران قوم کو چلاتا تھا۔(تفسیر البحر المحیط)

## نبی کا نام

اس آیت میں جس نبی کا ذکر ہے اکثر و بیشتر بڑے مفسرین حضرات نے ان کا اسم گرامی حضرت شموئیل علیہ السلام لکھا ہے۔ملاحظہ فرمائیں (تفسیر قرطبی، تفسیر کبیر، تفسیر البحر المحیط وغیرہ)

تولوا الاقليلا منهم جب جہاد کا حکم آگیا تو تھوڑے سے لوگوں کو چھوڑ کر باقی پیٹھ پھیر گئے۔

❶ هذا شان المترف المنعم متى كان متلبسابالنعمة قوى عزمه وانف فاذاابتلى بشئى

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

من الخطوب كع وذل۔

مالدار اور عیش پرست لوگوں کا یہی طریقہ ہوتا ہے کہ جب تک نعمتیں ملتی رہیں ان کے عزائم اور غیرت بلند ہوتی ہے مگر جب کچھ تکلیفوں سے انکی آزمائش کی جاتی ہے کمزوری اور پسپائی میں جا گرتے ہیں۔ (البحر المحیط)

٢ الاقليلاً منهم مگر تھوڑے سے لوگ ڈٹے رہے فهم الذين عبروا النهر وسياتي ذكر هم وقيل كان عدد هذا القليل ثلاثمائة وثلاثه عشر علىٰ عدد أهل بدر۔

یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے دریا کو عبور کرلیا ایک قول یہ ہے کہ انکی تعداد اصحاب بدر کی طرح تین سو تیرہ تھی۔ (تفسیر کبیر)

واللہ علیم بالظلمین اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

١ فيه وعيد وتهديد لمن تقاعد عن القتال بعد أن فرض عليه بسؤاله ورغبته۔

اس میں سخت وعید اور تنبیہ ہے اس کے لئے جو جہاد سے بیٹھ جائے جب کہ اللہ تعالیٰ نے خود اس کے چاہنے اور مانگنے پر جہاد فرض فرمایا ہو۔ (تفسیر البحر المحیط)

٢ وهذا هو الذي يدل علىٰ تعلق هذه الاية بقوله قبل ذلك وقاتلوا في سبيل الله ...... الخ آیت کا یہ حصہ یعنی واللہ علیم بالظلمین اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اس آیت کا پیچھے گزری ہوئی آیت وقاتلوا في سبيل الله سے تعلق ہے گویا کہ اللہ تعالیٰ نے جہاد کی فرضیت کو مزید تاکید سے سمجھانے کے لیے بنی اسرائیل کے جہاد کا قصہ ذکر فرمایا اور اس کے آخر میں جہاد چھوڑنے والوں کو ظالم قرار دیا اور یہ بات واضح ہے کہ جو آئندہ بھی جہاد چھوڑے گا وہ اس وعید کا مستحق ہوگا پس اس آیت میں جہاد کی ترغیب بھی ہوگئی اور یہ بات بھی کہ مسلمان ہمیشہ ہمیشہ جہاد کو قائم رکھیں۔ واللہ اعلم (تفسیر کبیر)

## اسباق

١ ثابت ہوا کہ مظلوموں کے لیے ظلم اور ظالموں سے نجات کا فطری راستہ جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

٢ جہاد امیر کی اطاعت میں ہو تو کامیابی ملتی ہے۔

٣ جہاد سے پیٹھ پھیرنا "ظلم" ہے۔ (واللہ اعلم)

## دعاء

یا اللہ ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں اس بات سے کہ ہم ظالموں میں سے ہوں۔

آمین یا اکرم الاکرمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۲۴۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْٓا

ان کے نبی نے ان سے کہا بے شک اللہ تعالیٰ نے طالوت کو تمہارا بادشاہ مقرر فرمایا ہے انہوں نے کہا

اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ

اس کی حکومت ہم پر کیونکر ہوسکتی ہے اس سے تو ہم ہی سلطنت کے زیادہ مستحق ہیں اور اسے

يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَ

مال میں بھی کشائش نہیں دی گئی پیغمبر نے کہا بے شک اللہ تعالیٰ نے اسے تم پر پسند فرمایا ہے اور

زَادَهٗ بَسْطَةً فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ مَنْ

اسے علم اور جسم میں زیادہ فراخی دی ہے اور اللہ تعالیٰ اپنا ملک جسے

يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾

چاہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کشائش والا جاننے والا ہے

### خلاصہ

بنی اسرائیل نے جہاد کے لئے امیر مقرر کرنے کی درخواست کی تو نبی علیہ السلام نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ نے "طالوت" کو تمہارا امیر وحکمران مقرر کردیا ہے اس پر بنی اسرائیل کے سردار بگڑ گئے اور کہنے لگے طالوت ہمارے امیر کس طرح سے ہوسکتے ہیں؟ ان سے زیادہ تو ہم اس ذمہ داری اور منصب کے مستحق ہیں۔جبکہ طالوت تو غریب و مفلس آدمی ہیں۔نبی علیہ السلام نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا انتخاب ہے۔اللہ تعالیٰ نے طالوت کو خود منتخب فرمایا ہے اور انہیں علمی وجسمانی طور پر اس عہدے کا اہل بنایا ہے۔اور اللہ تعالیٰ کی مرضی جسے چاہے حکومت دے اللہ تعالیٰ علم ووسعت کا مالک ہے۔

### طالوت

❶ طالوت بن کش تاریخ میں قوم اسرائیل کے پہلے بادشاہ تسلیم کئے گئے ہیں۔ان کا زمانہ حکومت ۱۰۲۸ ق م تا ۱۰۱۲ ق م ہے یہ وہی ہیں جن کا ذکر توراۃ میں ساؤل کے نام سے آیا ہے (تفسیر ماجدی)

❷ بنی اسرائیل حضرت یعقوب علیہ السلام کی بارہ اولادوں کی نسل ہیں۔نسلی بناپر بارہ (۱۲) فرقوں یا قبیلوں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں بٹے ہوئے تھے ان میں سب سے چھوٹا قبیلہ بنی یامین کا تھا اور تورات میں تصریح ہے کہ طالوت اسی قبیلہ سے تھے۔ (تفسیر ماجدی)

❸ کان طالوت اسمه بالعبرانية ساؤل فسمي طالوت لطوله (معالم۔ماجدی) طالوت کا نام عبرانی میں ساؤل تھا انہیں طالوت ان کے طول یعنی لمبے قد کی وجہ سے کہتے ہیں۔

❹ طالوت کی قوم میں آگے (پہلے) سلطنت نہ تھی اور کسب (محنت مزدوری) کرتا تھا انکی نظر میں حقیر انکا نبی نے فرمایا کہ سلطنت حق کسی کا نہیں اور بڑی لیاقت ہے عقل۔اور بدن کی کشائش یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے ان پیغمبر کو ایک عصا بتایا کہ جس کا قد اس کے برابر ہو سلطنت اسکی ہے۔اس کے برابر قد اسی کا آیا (موضح القرآن)

❺ كان دباغا أو راعيا یعنی طالوت چمڑے کا کام کرنے والے یا چرواہے تھے (جلالین)

❻ وكان طالوت سقاء (قرطبی) وكان عالما فلذلك رفعه الله یعنی وہ عالم تھے اس لئے اللہ پاک نے ان کو یہ بلند مقام دیا (قرطبی)

## بنی اسرائیل کا اعتراض

❶ وكان من سبط بنيامين ولم يكن من سبط النبوة ولا من سبط الملك وكانت النبوة في بني لاوي والملك في سبط يهودا فلذلك انكروا (قرطبی) یعنی طالوت خاندان بنیامین میں سے تھے نبوت اور حکومت والے خاندان سے نہیں تھے بنی اسرائیل میں نبوت قبیلہ بنی لاوی میں اور حکومت قبیلہ یہودا میں سے ہوتی تھی۔

❷ فأتت عظماء بني اسرائيل نبيهم مستغر بين ذلك حيث لم يكن من بيت النبوة ولا الملك (روح المعانی) نبی نے جب طالوت کی امارت کا اعلان کردیا تو بنی اسرائیل کے بڑے لوگ اس انتخاب پر حیرت وتعجب میں ڈوبے ہوئے نبی کے پاس آئے، کیونکہ طالوت نہ تو خاندان نبوت سے تھے اور نہ خاندان حکومت سے۔

❸ نسل وخاندان کی اہمیت جب جائز حدود سے بڑھ جاتی ہے تو ہندوؤں کی طرح ذات پات کی حیثیت اختیار کرلیتی ہے، اسرائیلیوں کا بھی اب یہ عقیدہ ہوگیا تھا کہ نبوت حق مخصوص ہے قبیلہ بنی لاوی کا اور حکومت حق مخصوص ہے قبیلہ بنی یہودا کا۔ (تفسیر ماجدی)

❹ دنیا نے ہمیشہ اپنے خاندان اور نسلی امتیازات کی پرستش کی ہے نسل وقوم کے بت کے آگے برابر سربسجود رہی ہے۔اسلام نے آتے ہی ان قومی اور نسلی امتیازات کو مٹا کر ہمیشہ کے لئے صرف انسانیت کی بے قید وعام عظمت کو قائم کردیا۔اور عمل کے قانون الہٰی پر زور دیا، اس نے اپنی دعوت کی سب سے پہلی اور کاری ضرب اسی غرور نسل وقوم کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بت پر لگائی اور اعلان کردیا کہ یاایھا الناس انا خلقنکم من ذکر و انثی و جعلنکم شعوبا و قبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقکم (الحجرات ۲) یعنی ہر طرح کی فضیلت اور بزرگی کی بنیاد صرف عمل ہے اور کوئی شئے نہیں۔ قوموں اور خاندانوں کی تفریق صرف اس لئے ہے کہ باہم دگر (ایک دوسرے کے ساتھ) پہچان اور تمیز کا ذریعہ ہو، سب سے بڑا انسان وہی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو۔ (تفسیر الفرقان)

بسطة فی العلم و الجسم اللہ تعالیٰ نے طالوت کو علم اور جسم میں فوقیت اور وسعت عطا فرمائی ہے۔

1. علم سے مراد یہاں وہی علوم وفنون ہیں جن کا تعلق ملک گیری (جہاد) اور ملک داری (دینی سیاست) سے ہے ای علم الحرب یعنی جنگ کا علم (ابن عباس رضی اللہ عنہما) (تفسیر ماجدی)
2. جسمانی وسعت سے مراد بہادری ہے (تفسیر کبیر)

اگرچہ قد میں بہت لمبا ہونا کوئی کمال نہیں ہے ورنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کمال دیا جاتا مگر چونکہ بنی اسرائیل کا مقابلہ قوم عمالقہ سے تھا جو بہت لمبے چوڑے تھے اس لئے ایسے امیر کی ضرورت تھی جو ظاہری طور پر بھی کافی لمبا ہو۔ (روح المعانی)

## اسباق

1. امیر کے انتخاب میں خاندان، مال و دولت اور قوم قبیلے کا اعتبار نہ کیا جائے بلکہ اہلیت کو مدنظر رکھا جائے۔
2. جہاد میں کامیابی کے لئے زیادہ سے زیادہ علمی اور جسمانی صلاحیت حاصل کرنی چاہیے۔
3. اہل ایمان کی مضبوطی اور کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ وہ نسلی، خاندانی اور لسانی نفرتوں کو اپنے اندر سے نکال کر ایک "امت" اور ایک "جماعت" بن جائیں۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۴۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ

اور بنی اسرائیل سے ان کے نبی نے کہا کہ طالوت کی بادشاہی کی یہ نشانی ہے کہ تمہارے پاس وہ صندوق واپس آئے گا جس میں

سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ

تمہارے رب کی طرف سے اطمینان ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں ان میں سے جو موسیٰ اور ہارون کی اولاد چھوڑ گئی تھی

تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۲۴۸

اس صندوق کو فرشتے اٹھا لائیں گے بیشک اس میں تمہارے لیے پوری نشانی ہے اگر تم ایمان والے ہو

## خلاصہ

نبی نے فرمایا طالوت کے امیر برحق ہونے کی علامت یہ ہے کہ تمہارا وہ گمشدہ تابوت تمہیں واپس مل جائے گا جس میں تمہارے لئے تسکین واطمینان کا سامان اور بڑے انبیاء کی چھوڑی ہوئی چیزیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فرشتے یہ تابوت تم تک پہنچائیں گے۔ اس میں ایمان والوں کے لئے بڑی نشانی ہے۔

**التابوت:** اس خاص صندوق کا اصطلاحی نام تابوت "سکینہ" ہے یہ بنی اسرائیل کا اہم ترین ملی وقومی ورثہ تھا، اس کے اندر اصل نسخہ تورات مع تبرکات انبیاء محفوظ تھا، اسرائیلی اس کو انتہائی برکت وتقدس کی چیز سمجھتے تھے اور اس کے ساتھ برتاؤ انتہائی احترام کا رکھتے تھے، سفر وحضر جنگ وامن ہر حال میں اسے بڑی حفاظت سے اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ (تفسیر ماجدی)

مذکورہ بالا عبارت ان تمام اقوال کا خلاصہ ہے جو اس بارے میں حضرات مفسرین نے تحریر فرمائے ہیں۔ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

"بنی اسرائیل میں ایک صندوق چلا آتا تھا اس میں تبرکات تھے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام کے۔ لڑائی کے وقت سردار کے آگے لے چلتے اور دشمن پر حملہ کرتے تو اسکو آگے دھر کر۔ پھر اللہ تعالیٰ فتح دیتا۔ جب یہ بدنیت ہوگئے وہ صندوق ان سے چھینا گیا غنیم (دشمن) کے ہاتھ لگا۔ اب جو طالوت بادشاہ ہوا وہ صندوق خود بخود رات کے وقت اس کے گھر کے سامنے آموجود ہوا۔ سبب یہ (ہوا) کہ غنیم (دشمن) کے شہر میں جہاں رکھا تھا ان پر بلا پڑی پانچ شہر ویران ہوئے۔ انہوں نے دو بیلوں پر لاد کر ہانک دیا۔ پھر فرشتے بیلوں کو ہانک کر یہاں لے آئے۔" (موضح القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وبقية مما ترك علامہ آلوسی لکھتے ہیں اس تابوت میں یہ چیزیں تھیں:
تورات کی تختیوں کا چورا، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کپڑے، حضرت ہارون علیہ السلام کا عمامہ، وہ سونے کی تھالی جس میں انبیاء علیہم السلام کے قلوب دھوئے جاتے تھے اور تنگی اور پریشانی دور کرنے والا یہ کلمہ لا الـــــہ الا اللہ الحليم الكريم وسبحان الله رب السموت السبع ورب العرش العظيم والحمد لله رب العلمين۔ (روح المعانی)

### فائدہ

امیر پر عوام اور لشکر کا مطمئن اور متفق ہونا ضروری ہے۔ بنی اسرائیل نے جب گناہوں سے توبہ کی اور سچے دل سے جہاد کی نیت کی تو اللہ پاک نے ان پر اپنی نعمتوں کو بحال فرمانا شروع کر دیا۔ پہلی نعمت یہ ملی کہ ایک امیر اور شرعی حکمران نصیب ہوا جو قوم کو جوڑے، کھڑا کرے، سنبھالے اور آگے بڑھائے۔ امیر کا ملنا لاکھوں نعمتوں سے بڑی نعمت اور اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہوتا ہے۔ بنی اسرائیل کے مظلوم اور بکھرے ہوئے لوگوں کو امیر ملا تو غلام قوموں کی طرح خاندانی ولسانی عصبیت جاگ اٹھی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے دور فرمانے کیلئے ایک ایسی نشانی دکھائی کہ پوری قوم امیر پر متفق ہوگئی۔

### فائدہ

امیر کے ملتے ہی آسمانی برکات کا نزول شروع ہوگیا اور وہ نعمتیں جو چھن چکی تھیں واپس ملنا شروع ہوگئیں۔ یہاں تک کہ تورات کا آسمان سے نازل ہونے والا نسخہ بھی واپس آگیا۔ اور اتفاق واتحاد اور اجتماعیت کی برکتیں اور قوت ظاہر ہوگئی۔

### اسباق

1. جہاد میں کامیابی کے لئے امیر جہاد پر متفق اور مطمئن ہونا ضروری ہے۔
2. جہاد میں کامیابی کے لئے دلوں میں اطمینان وسکون اور جذبے کا ہونا لازمی ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی کتاب سے دلوں کو مضبوط کیا جائے۔
3. اللہ تعالیٰ کی غیبی امداد کی دعا کی جائے تاکہ مظلوموں کو جہاد میں غاصبوں پر کامیابی ملے۔ جو اللہ تعالیٰ کی نصرت کے بغیر ممکن نہیں ہوتی۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۲۴۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ

پھر جب طالوت فوجیں لیکر نکلا کہا بیشک اللہ تعالیٰ ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنے والا ہے جس نے

شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ

اس نہر کا پانی پیا تو وہ میرا نہیں ہے اور جس نے اسے نہ چکھا تو وہ بے شک میرا ہے مگر جو کوئی

اغْتَرَفَ غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ

اپنے ہاتھ سے ایک چلو بھر لے (تو اسے معاف ہے) پھر ان میں سے سوائے چند آدمیوں کے سب نے اس کا پانی پی لیا

فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا

پھر جب طالوت اور ایمان والے اس کے ساتھ پار ہوئے تو کہنے لگے آج ہمیں

الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّھُمْ مُّلٰقُوا

جالوت اور اس کے لشکروں سے لڑنے کی طاقت نہیں جن لوگوں کو خیال تھا کہ انہیں اللہ تعالیٰ سے ملنا ہے

اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ

وہ کہنے لگے بارہا بڑی جماعت پر چھوٹی جماعت اللہ تعالیٰ کے حکم سے غالب ہوئی ہے

وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾

اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

## خلاصہ

پھر جب بنی اسرائیل نے طالوت کو بادشاہ تسلیم کرلیا اور جالوت کے مقابلہ کیلئے لوگ جمع ہوگئے اور طالوت فوجوں کو لے کر اپنے مقام یعنی بیت المقدس سے عمالقہ کی طرف چلے تو انہوں نے اپنے مجاہدین سے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمہارا امتحان کریں گے ایک دریا کے ذریعے سے۔ پس جو اس میں سے پانی پی لے گا وہ میرے ساتھ جہاد پر نہیں جاسکے گا اور جو بالکل نہیں پئے گا یا صرف ایک چلو بھر پانی پئے گا تو وہ میرے ساتھ اس معرکہ میں شریک ہوگا۔ جب یہ لشکر دریا پر پہنچا تو تھوڑے سے افراد کے علاوہ باقی سب نے پانی پی لیا۔ چنانچہ وہ پیچھے رہ گئے۔ اور طالوت اور ان کے چند ایمان والے وہ ساتھی جنہوں نے اس شرط کو نہیں توڑا تھا دریا سے پار ہوکر میدان جہاد میں پہنچ گئے۔ جب انہوں نے طالوت کے بڑے لشکر اور اپنی تھوڑی تعداد کو دیکھا تو کہنے لگے کہ آج ہم جالوت اور اس کے لشکر کا مقابلہ کرنے کی طاقت اپنے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اندر نہیں پاتے۔ تب ان مجاہدین نے جنہیں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا یقین تھا کہا کہ کئی بار ایسا ہو چکا ہے کہ چھوٹی چھوٹی جماعتیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے بڑے بڑے لشکروں پر غالب آ گئیں ہیں اور جو لوگ ثابت قدم رہتے ہیں اللہ پاک ان کے ساتھ ہے۔

## اقوال

**الجنود:** یعنی لشکر

❶ اس لشکر کی تعداد مفسرین نے اسی ہزار لکھی ہے وکان عدد الجنود فی قول السدی ثمانین الفاً (قرطبی)

❷ قال وھب بن منبه لم یخلف عنه الا ذو عذر من صغر او کبر او مرض۔ یعنی وہب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بچپن، بڑھاپے اور بیماری کے عذر والوں کے علاوہ سب لوگ ان کے ساتھ نکل کھڑے ہوئے (قرطبی)

❸ بعض روایات میں ہے کہ لوگ بہت جوش اور شوق میں تھے چنانچہ بہت زیادہ افراد نکلنے کو تیار ہو گئے تب طالوت نے اعلان کیا کہ صرف جوان، چست اور فارغ افراد میرے ساتھ چلیں تب اسی ہزار افراد ان کے ساتھ چلے امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: ولا ابغی الا الشاب النشیط الفارغ فاجتمع الیه ممن اختار ثمانون الفاً (تفسیر کبیر)

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

”طالوت کے ساتھ نکلنے کو سب تیار ہوئے ہوس سے۔ اس نے تقید کیا (یعنی شرط لگائی) کہ جو شخص جوان اور بے فکر ہو وہی نکلے، ایسے بھی اسی ہزار نکلے اس نے چاہا کہ ان کو آزمائے۔ ایک منزل پانی نہ ملا۔ بعد اس کے ایک نہر ملی اس نے تقید کیا کہ ایک چلو سے زیادہ جو کوئی پیوے وہ میرے ساتھ نہ آوے، تین سو تیرہ آدمی رہ گئے باقی سب موقوف ہوئے (یعنی پیچھے رک گئے)“ (موضح القرآن)

ان اللہ مبتلیکم بے شک اللہ تعالیٰ تمہارا امتحان لے گا۔ یہ امتحان کس مقصد سے تھا چند اقوال ملاحظہ فرمائیں:

❶ اس امتحان کی حکمت اور توجیہ احقر کے ذوق میں یہ معلوم ہوتی ہے کہ ایسے مواقع پر جوش و خروش میں بھیڑ بھڑکا بہت ہو جایا کرتا ہے لیکن وقت پر جمنے والے کم ہوتے ہیں اور اس وقت ایسوں کا اکھڑ جانا باقی لوگوں کے پاؤں بھی اکھاڑ دیتا ہے اللہ تعالیٰ کو ایسے لوگوں کا علیحدہ کرنا منظور تھا اس کا یہ امتحان مقرر کیا گیا جو کہ نہایت مناسب ہے کیونکہ قتال میں ضرورت استقلال و جفاکشی کی ہوتی ہے سو شدت پیاس کے وقت بے منت پانی ملنے پر ضبط کرنا دلیل استقلال کی اور اندھے باؤلوں (پاگلوں) کی طرح جا گرنا دلیل بے استقلالی کی ہے۔ (بیان القرآن)

❷ فی حکمة ھذا الابتلاء وجھان خلاصہ یہ ہے کہ اس امتحان کی کیا حکمت تھی اس میں دو قول ہیں پہلا یہ کہ بنی اسرائیل ہمیشہ سے انبیاء علیہم السلام اور اپنے امراء کی نافرمانیاں کرنے کے عادی تھے اور بڑی بڑی علامات

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دیکھ کر بھی اس سے باز نہیں آتے تھے اس لئے اس عظیم جہادی معرکے سے پہلے انہیں آزمانا ضروری تھا تاکہ اطاعت کرنے والوں اور بھاگ جانے والوں میں جنگ سے پہلے پہلے علیحدگی ہو جائے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ یہ امتحان بطور تربیت کے تھا کہ مشکلات پر صبر کرنے کی صلاحیت ان میں پیدا ہو جائے۔ (تفسیر کبیر)

## النھر یہ دریا کونسا تھا؟

❶ انه نهر بين الاردن وفلسطين وهو قول قتادہ والربیع یعنی یہ دریا اردن اور فلسطین کے درمیان ہے (تفسیر کبیر)

❷ انه نهر فلسطين یعنی یہ دریائے فلسطین ہے یہ قول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف منسوب ہے۔ (تفسیر کبیر)

❸ مراد اس سے دریائے اردن ہے (تفسیر ماجدی)

فلیس منی جو پانی پی لے گا وہ میرے ساتھ نہیں جا سکے گا۔

علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما: ان من شرب لم يزده الاعطشا وفي رواية ان الذين شربوا اسودت شفاههم وغلبهم العطش یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جو بھی پانی پیتا تھا اسکی پیاس بڑھتی جاتی تھی اور ایک روایت میں ہے کہ جنہوں نے (حکم نہ مان کر) پانی پیا ان کے ہونٹ سیاہ ہو گئے اور پیاس نے انہیں بے حال اور مغلوب کر دیا۔ (تفسیر روح المعانی)

الا قلیل منهم ان میں سے تھوڑے سے افراد نے حکم مانا اور پانی نہیں پیا۔

❶ وكانو ثلثمائة وثلاثة عشر عدة اهل بدر على ما اخرجه البخاري عن البراء رضي الله تعالىٰ عنه (روح المعاني)

یہ تین سو تیرہ حضرات تھے اہل بدر کی تعداد اس روایت کے مطابق جو امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کی ہے۔

❷ القليل الذي لم يشرب قيل انه اربعة آلاف والمشهور وهو قول الحسن انهم كانوا على عدد اهل بدر ...... الخ یعنی ایک قول یہ ہے کہ انکی تعداد چار ہزار تھی مگر مشہور قول حسن بصری رحمہ اللہ کا ہے کہ انکی تعداد اصحاب بدر جتنی تھی یعنی تین سو دس سے کچھ اوپر اور وہ سب ایمان والے تھے اور اس قول کی دلیل یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن اپنے صحابہ کرام سے فرمایا آج تمہاری تعداد طالوت کے ان ساتھیوں جتنی ہے جنہوں نے دریا عبور کیا تھا اور ان کے ساتھ صرف ایمان والوں نے ہی دریا عبور کیا تھا حضرت براء بن عازب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم اس (بدر کے) دن تین سو تیرہ مرد تھے۔ (تفسیر کبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فدائی حضرات

جب بعض لوگوں نے کہا کہ ہم میں آج جالوت اور اس کے اتنے بڑے لشکر سے لڑنے کی طاقت نہیں ہے تو ان لوگوں نے جنہیں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا یقین تھا پورے لشکر کو جوڑا اور تسلی دی قال الذین یظنون انهم ملاقو الله یظنون بمعنیٰ یوقنون ہے کہ ان کو "یقین" تھا (تفسیر کبیر) اوران المراد من لقاء الله الموت. لقاء اللہ سے مراد "موت" ہے یعنی وہ اللہ تعالیٰ کیلئے جان دینے کا پکا عزم کر چکے تھے۔ (تفسیر کبیر) پس ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی نصرت اترتی ہے۔ علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں ویحتمل ابقاء الظن علی معناه والمراد یظنون انهم یستشهدون عما قریب ویلقون الله تعالیٰ یعنی یہ بھی ممکن ہے کہ ظن کو اپنے اصل معنیٰ "گمان غالب" پر رکھا جائے اور مراد یہ ہے کہ ان لوگوں کو گمان غالب تھا کہ وہ عنقریب شہید ہو جائیں گے اور اللہ تعالیٰ سے جا ملیں گے۔ (روح المعانی)

کم من فئة قلیلة وہ لوگ جن کو یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ مرنے کے بعد زندہ کرنے پر قادر ہے تو ان کو اس بات کا بھی یقین تھا کہ اس کے لئے کمزوروں کو غالب کر دینا کون سا مشکل کام ہے چنانچہ انہوں نے پورے لشکر کی ہمت بندھائی۔ (مستفاد من روح المعانی)

والله مع الصابرین المراد منه المعیة بالنصر والاحسان یعنی اللہ تعالیٰ اپنی نصرت اور احسان کے ساتھ استقامت دکھانے والوں کے ساتھ ہے۔ (روح المعانی)

## اسباق

1. جہاد کیلئے تربیت اور تیاری ضروری ہے۔
2. حب دنیا اور نفس پرستی جہاد کے لئے زہر قاتل ہے۔
3. نفسانی خواہشات کو دبا کر مقصد کی خاطر تکلیف برداشت کرنے والے مجاہدین کامیاب ہوتے ہیں۔
4. فتح قلت و کثرت سے نہیں اللہ تعالیٰ کی مدد سے ملتی ہے۔
5. اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شوق یعنی جان قربان کرنے کا جذبہ اور شوقِ شہادت مجاہدین کو بہت طاقتور بنا دیتا ہے۔
6. امیر لشکر کو چاہیے کہ جنگ سے پہلے چھانٹی کرے اور ان لوگوں کو نکال دے جو عین جنگ کے وقت بددلی پھیلا سکتے ہوں۔ اور کچھ ایسے لوگ مقرر کرے جو سفر جنگ کے دوران اور عین جنگ کے وقت لشکر کا حوصلہ، ہمت اور شوق شہادت بڑھاتے رہیں۔
7. جب اہل ایمان جہاد کے لئے نکلتے ہیں تو راستے میں بہت سے پرکشش فتنے آتے ہیں، مجاہدین کو چاہیے کہ ان میٹھے دریاؤں میں منہ نہ ماریں اور منزل کی طرف بڑھتے رہیں۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَۃُ البَقَرَۃِ مَدَنِیَّۃٌ — آیت ۲۵۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

اور جب جالوت اور اس کی فوجوں کے سامنے ہوئے تو کہا اے رب ہمارے ہمارے دلوں میں صبر ڈال دے

وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾

اور ہمارے پاؤں جمائے رکھ اور اس کافر قوم پر ہماری مدد کر

### خلاصہ

جب سب کے دل مضبوط ہوگئے اور وہ میدان جہاد میں جالوت اور اس کے لشکر کے سامنے صف آراء ہوئے تو دعاء کرنے لگے اے ہمارے رب ہمارے دلوں پر صبر واستقلال بارش کی طرح برسا اور ہمیں جنگ میں مضبوطی عطاء فرما اور کافروں پر ہمیں غلبہ عطاء فرما۔

### تفسیری اقوال

ولما برزوا لجالوت وجنوده اور جب طالوت اور ان کے مجاہدین جالوت اور اسکی فوجوں کے سامنے ہوئے ای ظهروا لقتالهم وتصافوا یعنی جب قتال کے لئے سامنے آئے اور انہوں نے صف بندی کی۔ (جلالین)

المبارزة في الحروب هي ان يبرز كل واحد منهم لصاحبه وقت القتال یعنی جنگوں میں مبارزہ کا مطلب قتال کے وقت مدمقابل کے سامنے آنا ہے۔ (تفسیر کبیر)

### نکتہ

احادیث مبارکہ سے ثابت ہے کہ یہ وقت خصوصی طور پر دعاء کی قبولیت کا وقت ہوتا ہے۔

### دعاء کے تین اجزاء

اس دعاء کے تین اجزاء ہیں، دراصل جنگ میں کامیابی کیلئے ثابت قدمی کی ضرورت ہوتی ہے اور ثابت قدمی حاصل ہوتی ہے ثابت قلبی یعنی دل کی مضبوطی سے اس لئے انہوں نے پہلے دل کی مضبوطی مانگی۔ پھر انہوں نے ثابت قدمی مانگی جس کا معنیٰ ہے مضبوطی اور بہادری سے لڑنے کی توفیق۔ یہ معنیٰ نہیں کہ پاؤں اپنی جگہ سے نہ ہٹیں۔ پھر آخر میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصرت مانگی کیونکہ صرف دل کی مضبوطی اور جنگ میں بہادری سے بھی کام نہیں چلتا، جب تک اللہ تعالیٰ کی نصرت نہ ہو غلبہ نہیں ملتا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ سے نصرت اور غلبے کی التجاء کی۔ (المستفاد من التفاسیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## نکتہ

دل شوقِ شہادت سے لبریز تھے، اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے شوق نے دل سے ہر کمزوری دور کردی تھی۔ انسان کی کمزوری اس دنیا میں رہنے کا جذبہ ہے اس کمزوری میں بے شمار کمزوریاں چھپی ہوئی ہیں۔

پھر دشمن کے سامنے صف آراء ہو گئے تو یہ وقت دعاء کی قبولیت کا خاص لمحہ ہے۔ پاک اور شائق دل سے قبولیت کی گھڑی میں دعاء نکلی تو فوراً قبول ہو گئی اور اللہ پاک نے فتح عطاء فرمادی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## اسباق

❶ مجاہدین کو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع رکھنا چاہیے

❷ جنگ شروع کرنے سے پہلے دعاء کرنی چاہیے۔

❸ جب دشمن سامنے آئے تو اس کی طاقت سے مرعوب ہونے کی بجائے اللہ تعالیٰ کی طاقت پر نظر رکھ کر اس کے سامنے آہ وزاری اور دعا کرنی چاہیے۔

❹ جہادی تربیت میں تین باتوں کو مدنظر رکھا جائے:

(الف) ہمت کیسے بلند ہو تاکہ ثابت قلبی نصیب رہے۔ (ب) بہادری کیسے پیدا ہو، تاکہ ثابت قدمی حاصل ہو۔ (ج) ایسی نیت اور ایسے اعمال کا التزام ہو جن سے اللہ تعالیٰ کی نصرت نازل ہوتی ہے۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۵۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ۫ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ

پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے مومنوں نے جالوت کے لشکروں کو شکست دی اور داؤد نے جالوت کو مار ڈالا اور اللہ تعالیٰ نے

الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ

سلطنت اور حکمت داؤد کو دی اور جو چاہا اسے کو سکھایا اور اگر اللہ تعالیٰ کا بعض کو بعض کے ذریعے سے دفع

النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ

کرا دیا نہ ہوتا تو زمین فساد سے پر ہو جاتی لیکن اللہ تعالیٰ

فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾

جہان والوں پر مہربان ہے

## خلاصہ

(از حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ)

تین سو تیرہ آدمیوں میں حضرت داؤد علیہ السلام کے والد اور یہ (یعنی خود حضرت داؤد علیہ السلام) اور ان کے چھ بھائی تھے ان کو (یعنی حضرت داؤد علیہ اسلام) کو راہ میں تین پتھر ملے اور بولے ہم کو اٹھا لے جالوت کو ہم ماریں گے۔ جب مقابلہ ہوا جالوت خود باہر نکلا۔ (اور اس نے) کہا تم سب کو میں (اکیلا) کفایت (کافی) ہوں میرے سامنے آتے جاؤ۔ پیغمبر نے حضرت داؤد علیہ السلام کے والد کو بلایا کہ اپنے بیٹے مجھ کو دکھا اس نے چھ بیٹے دکھائے جو قد آور تھے حضرت داؤد کو نہ دکھایا وہ قد آور نہ تھے اور بکریاں چراتے تھے پیغمبر نے ان کو بلوایا اور پوچھا کہ تو جالوت کو مارے گا؟ انہوں نے کہا (جی ہاں) ماروں گا۔ پھر اس کے سامنے گئے وہ تین پتھر فلاخن میں رکھ کر مارے اس (جالوت) کا ماتھا کھلا تھا اور تمام بدن لوہے میں غرق تھا (پتھر) ماتھے کو لگے اور پیچھے نکل گئے۔ (موضح القرآن)

## فائدہ

بعد اس کے طالوت نے اپنی بیٹی ان (یعنی حضرت داؤد علیہ السلام) کو نکاح کر دی۔ بعد طالوت کے یہ بادشاہ ہوئے۔ (موضح القرآن)

## فائدہ

نادان لوگ کہتے ہیں لڑائی کرنا نبیوں کا کام نہیں۔ اس قصہ سے معلوم ہوا کہ جہاد ہمیشہ رہا ہے اور اگر جہاد نہ ہو تو مفسد لوگ ملک کو ویران کر دیں۔ (موضح القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## تفسیری اقوال

فهزموهم باذن الله اہل ایمان نے جالوت اور اس کے لشکر کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے شکست دے دی۔

المعنیٰ ان اللہ تعالیٰ استجاب دعاءهم وافرغ الصبر علیهم وثبت اقدامهم ونصرهم علی القوم الکافرین جالوت وجنوده وحقق بفضله ورحمته ظن من قال کم من فئة قلیلة الخ
یعنی مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کی دعاء قبول فرمائی اور ان پر صبر واستقامت کی فراوانی فرمائی۔ اور ان کو بہادری اور مضبوطی عطاء فرمائی اور انہیں جالوت اور اس کے عساکر کافروں پر غلبہ عطاء فرمایا اور اس نے اپنے فضل اور اپنی رحمت سے ان لوگوں کے گمان کو سچا فرما دیا جنہوں نے کہا تھا کم من فئة الخ (تفسیر کبیر)

وقتل داؤد جالوت اور حضرت داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کر دیا۔

❶ قال ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما ان داؤد علیه السلام کان راعیاً وله سبعة اخوة مع طالوت یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت داؤد علیہ السلام چرواہے تھے اور ان کے سات بھائی طالوت کے لشکر میں شامل تھے۔ (تفسیر کبیر)

❷ هو ابن ایشا یعنی ان کے والد کا نام ایشا تھا۔ (القرطبی)

❸ عن وهب بن منبه قال لما برز طالوت لجالوت الخ وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب طالوت اور جالوت کا آمنا سامنا ہوا تو جالوت نے کہا اسے نکالو جو مجھ سے لڑے۔ اگر اس نے مجھے قتل کر دیا تو میرا ملک تمہارا اور اگر میں نے اسے قتل کر دیا تو تمہارا ملک میرا۔ طالوت کے پاس حضرت داؤد علیہ السلام کو لایا گیا طالوت نے ان سے معاہدہ کیا کہ اگر انہوں نے جالوت کو قتل کر دیا تو وہ اپنی بیٹی کا نکاح ان سے کر دیں گے اور اپنے مال میں انہیں اختیار دے دیں گے۔ پھر طالوت نے حضرت داؤد علیہ السلام کو اسلحہ پہنانا چاہا تو انہوں نے ناپسند کیا اور فرمایا اگر اللہ تعالیٰ نے اس کے مقابلے میں میری نصرت نہ فرمائی تو یہ اسلحہ میرے کچھ کام نہیں آئے گا۔ پھر حضرت داؤد علیہ السلام اپنا فلاخن اور لاٹھی اور کچھ پتھر لیکر جالوت کے مقابلے پر اترے تو جالوت نے کہا کیا تم مجھ سے لڑو گے؟ حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا: ہاں جالوت نے کہا تم پر ہلاکت ہو تم تو میرے مقابلے میں یوں فلاخن اور پتھر لیکر نکلے ہو جس طرح کتے کے مقابلے میں نکلا جاتا ہے میں آج تمہارے ٹکڑے ٹکڑے کردوں گا اور تمہارا گوشت پرندوں اور درندوں کو کھلا دوں گا۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ کے دشمن کتے سے بھی بدتر ہو (اس کے بعد مقابلہ ہوا اور جالوت حضرت داؤد علیہ السلام کے پتھروں سے مارا گیا) (روح المعانی)

یہ واقعہ اسی طرح کی دیگر اسرائیلی روایات میں بھی کچھ کمی زیادتی کے ساتھ آیا ہے۔

❹ داؤد بن یسی بن عوبید (۱۰۴۳ ق م تا ۹۶۳ ق م) ایک پیغمبر برحق ہوئے ہیں قرآن مجید میں آپ کا ذکر سولہ مقام پر آیا ہے طالوت کی فوج میں محض ایک نوجوان کی حیثیت سے شامل تھے اس وقت تک نہ نبوت سے سرفراز ہوئے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تھے نہ ملک وسلطنت سے (ماجدی)

واٰتٰہ اللہ الملک والحکمۃ اور اللہ تعالیٰ نے داؤد کو بادشاہت اور حکمت عطا فرمائی۔ جامع خلاصہ اس عبارت میں ہے۔

حضرت داؤد علیہ السلام نسل اسرائیلی کے دوسرے بادشاہ ہیں تاجدار اوّل طالوت تھے آپ علیہ السلام ان ہی کے داماد تھے طالوت جب مع اپنے بڑے فرزند کے میدان جنگ میں کام آگئے (روح المعانی میں ہے کہ طالوت اپنے دس بیٹوں کے ساتھ جہاد میں نکلے اور لڑتے لڑتے شہید ہو گئے) تو قبیلہ یہودا نے داؤد علیہ السلام کو اپنا بادشاہ منتخب کیا اور دو سال کی کشمکش کے بعد باقی قبیلوں نے بھی آپ ہی پر اتفاق کر لیا سات سال تک آپ نے اپنا پایہ تخت (یعنی دارالحکومت) حبرون (یعنی الخلیل) کو رکھا اس کے بعد یروشلم کو دشمنوں کے قبضہ سے نکال کر اسے دارالسلطنت بنایا۔ آپ نے اپنے گردوپیش کے حکمرانوں کو مسخر و مغلوب کیا اور اپنے حدود سلطنت کو خوب وسیع کیا آپ کا عہد حکومت تاریخ اسرائیل میں فتوحات اور حسن انتظام دونوں کے لئے یادگار ہے۔ (تفسیر ماجدی)

الحکمۃ:

حکمت سے مراد نبوت ہے جو حکمت کا بلند ترین مقام ہے۔ (تفسیر ماجدی)

❷ فاجتمع الملک والنبوۃ فیہ یعنی حضرت داؤد علیہ السلام میں بادشاہت اور نبوت دونوں جمع ہو گئیں حالانکہ آپ سے پہلے بنی اسرائیل میں یہ دونوں الگ الگ ہوتی تھیں (تفسیر کبیر)

ولم یجتمع الملک والنبوۃ لا حد قبلہ بل کانت النبوۃ فی سبط والملک فی سبط (روح المعانی)

وعلمہ مما یشاء اور اللہ تعالیٰ نے انہیں سکھایا جو کچھ چاہا۔

❶ کصنعۃ اللبوس ومنطق الطیر وکلام الدواب یعنی زرہیں بنانے کا فن، پرندوں کی بولی اور جانوروں کی زبان وغیرہ (روح المعانی)

❷ ففیہ وجوہ الخ اس میں کئی اقوال ہیں۔ زرہیں وغیرہ بنانا سکھایا جیسا کہ قرآن پاک کی کئی آیات میں ہے۔ پرندوں اور چیونٹیوں کی بولی سکھائی، دنیوی اور حکومتی معاملات کی سمجھ عطاء فرمائی، کیونکہ وہ خاندانی طور پر بادشاہ نہیں چلے آ رہے تھے۔ علم دین سکھایا کیونکہ وہ لوگوں پر حاکم تھے چنانچہ ان کو فیصلے وغیرہ کرنے کا طریقہ سکھانا ضروری تھا۔ خوبصورت آواز دی اور دلکش لہجے سکھائے۔ امام رازی یہ پانچ اقوال ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

ولا یبعد حمل اللفظ علی الکل۔ یعنی ان الفاظ علمہ مما یشاء سے یہ تمام معانی مراد لئے جا سکتے ہیں (تفسیر کبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ولو لا دفع الله الناس بعضهم ببعض لفسدت الارض اور اگر اللہ تعالیٰ بعض لوگوں کو بعض لوگوں کے ذریعہ دفع نہ کرتا رہتا تو زمین پر فساد برپا ہو جاتا۔

❶ وقال ابن عباس ولولا دفع الله العدو بجنود المسلمين لغلب المشركون فقتلوا المومنين و خربو البلاد والمساجد یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں (آیت کا مطلب یہ ہے کہ) اگر اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لشکروں کے ذریعہ دشمن کو دفع نہ فرماتا رہے تو مشرکین غالب آکر مسلمانوں کو قتل کر دیں اور ان کے شہروں اور مسجدوں کو تباہ و ویران کر دیں (القرطبی)

❷ ای لولا يدفع عن قوم بآخرين كمادفع عن بني اسرائيل لمقاتلة طالوت وشجاعة داؤد لهلكوا. یعنی اگر اللہ تعالیٰ بعض قوموں سے بعض کو دفع نہ فرماتا رہے جیسا کہ اس نے بنی اسرائیل سے طالوت کے جہاد اور حضرت داؤد کی بہادری کے ذریعہ دشمن کو دفع فرمایا تو لوگ ہلاک ہو جائیں۔ (ابن کثیر)

❸ لفسدت الارض بغلبة المشركين وقتل المسلمين وتخريب المساجد. یعنی اگر (جہاد کا سلسلہ نہ ہو) تو زمین میں فساد برپا ہو جائے وہ اس طرح کہ مشرکین غالب آجائیں، مسلمان شہید کیے جائیں اور مساجد ویران کر دی جائیں (جلالین)

ثابت ہوا کہ زمین پر کفر و شرک کا اقتدار ہی اصل فساد ہے۔

❹ اس سے معلوم ہو گیا کہ حکم جہاد ہمیشہ سے چلا آرہا ہے اور اس میں بڑی رحمت اور احسان ہے نادان کہتے ہیں کہ لڑائی نبیوں کا کام نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

❺ دنیا میں اگر لڑائی کا سلسلہ بند ہو جاتا تو تمام کرہ ارضی شر و فساد کا گھر بن جاتا مگر اللہ تعالیٰ کو ابھی اس کا باقی رکھنا منظور ہے اس لئے کفر و ارباب کفر کی باطل پرستارانہ سعی و کوشش کو فنا کرنے کے لئے سرفروشوں کو کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ (تفسیر الفرقان)

ولكن الله ذو فضل على العلمين لیکن اللہ تعالیٰ تو جہان والوں پر بڑا فضل رکھنے والا ہے۔

❶ يدفع عنهم ببعضهم بعضا کہ وہ بعض کو بعض کے ذریعے دفع کر کے اپنا فضل فرماتا ہے۔ (ابن کثیر)

## فائدہ

بنی اسرائیل ہلاکت اور تباہی کے آخری کنارے پر پہنچ چکے تھے اللہ پاک نے جہاد کے ذریعہ دشمن کو شکست دی اور بنی اسرائیل میں نبوت، حکومت، علم اور ترقی کی برکتیں جاری فرمادیں۔ پس جہاد کا یہ سلسلہ زمین کو فساد سے بچانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے جاری فرمادیا ہے۔ معلوم ہوا کہ جہاد رحمت ہے فساد نہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بندوں پر خاص فضل ہے۔ مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے: رسالہ جہاد رحمت یا فساد۔

## نکتہ

ممکن ہے کوئی حیران ہو کہ اتنا طاقتور دشمن اتنی معمولی سی لڑائی سے کیسے ختم ہو گیا؟ جواب یہ ہے کہ جب اہل ایمان ''فدائی جذبہ'' سے سرشار ہوں تو انکی قوت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے اور ان کے حوصلوں کی بلندی کا نفسیاتی اثر مد مقابل پر پڑتا ہے اور اس پر خوف طاری کر دیتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حدیبیہ کے موقع پر اپنے صحابہ کرام سے موت کی بیعت لی اور یہ چھوٹا سا لشکر اللہ تعالیٰ کو جان دینے کے پکے جذبے سے سرشار ہو گیا تو مشرکین مکہ پر رعب طاری ہو گیا اور اپنا علاقہ ہونے کے باوجود وہ مسلمانوں کا کچھ نہ بگاڑ سکے بلکہ صلح پر آمادہ ہوئے۔ فتح مکہ کے موقع پر مسلمانوں کے جذبات اور حوصلے اتنے بلند تھے کہ عرب کے جنگجو مشرک جو لڑائی کے شوقین اور ماہر تھے مقابلے پر آ ہی نہ سکے، دراصل مسلمانوں کے فدائی جذبے نے مشرکین کے حوصلے ختم کر کے رکھ دیئے تھے۔

یہی صورتحال اس جنگ میں نظر آ رہی ہے طالوت کے ساتھ تین سو تیرہ کا یہ لشکر آزمائشوں سے گذر کر کندن بن چکا تھا اور لقاء اللہ یعنی اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے سچے شوق نے انہیں ایسی قوت بنا دیا تھا جس کے مقابلے میں ٹھہرنا تو درکنار دشمنوں کی رہی سہی ہمت نے بھی جواب دے دیا۔ اصل بات یہی ہے کہ جنگ ایمان اور حوصلے سے لڑی جاتی ہے باقی چیزوں کا درجہ ثانوی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## اسباق

1. دشمنوں پر جلدی فتح پانے کے لئے کفر کے سرداروں کو نشانہ بنایا جائے۔
2. جہاد میں آنے والے نوجوانوں کی قدر دانی اور حوصلہ افزائی کی جائے۔
3. جہاد کو اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کا فضل سمجھا جائے۔
4. امیر جہاد اپنے بہادر مجاہدین کو انعامات اور قرب سے نوازے۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ٢٥٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٥٢﴾

یہ اللہ تعالیٰ کی آیتیں ہیں ہم تمہیں ٹھیک طور پر پڑھ کر سناتے ہیں اور بے شک تو ہمارے رسولوں میں سے ہے

### خلاصہ

یہ تمام واقعات اللہ تعالیٰ کی محکم آیات میں آپ کو ٹھیک ٹھیک پڑھ کر سنائے جا رہے ہیں۔ اور آپ یقیناً اللہ تعالیٰ کے رسولوں میں سے ہیں۔ (پس آپ کو بھی جہاد کے ذریعہ اسی طرح اپنے طاقتور دشمنوں پر غلبہ ملے گا اور دنیا بھر کے لوگ قرآن پاک کی حقانیت اور آپکی رسالت پر ایمان لائیں گے)۔

تلك آيات الله یہ اللہ تعالیٰ کی آیات ہیں۔

اشارة الى ماسلف من حديث الالوف وموتهم واحيائهم وتمليك طالوت واظهاره بالاية واهلاك الجبابرة على يد صبي: تلك میں اشارہ ہے ان واقعات کی طرف جو پیچھے گذرے ہیں۔ ہزاروں افراد کا موت سے بچنے کے لئے نکلنا ان کا مرجانا، پھر زندہ کیا جانا، طالوت کا بادشاہ بننا، انکی بادشاہت کے لئے نشانی کا ظاہر ہونا اور طاقتور دشمن کا بچے کے ہاتھ سے ہلاک ہونا۔ (روح المعانی)

### ربط

❶ (اے نبی) آپکی ضروریات پوری کرنے کے لئے یہ قصہ سنایا جاتا ہے آپ کے لئے بھی اسی طرح سلطنت قائم کردی جائے گی جس طرح بنی اسرائیل کے لئے قائم کردی گئی گویا اس آیت میں سلطنت کے عطا ہونے کا وعدہ ہے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

❷ یہ تمام قصہ اس لئے بیان کیا گیا تھا کہ جس طرح بنی اسرائیل نے اپنی حکومت قائم کی ایسے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں پیش گوئی کی گئی ہے کہ آپ کو بھی مخالفین ومعاندین اسلام سے جنگ کرنا پڑے گی انجام کار آپ غالب رہیں گے اور آپ کو امت مسلمہ کے بقاء وقیام کے لئے سلطنت قائم کرنے کی ضرورت محسوس ہوگی، اس لئے آپکی آئندہ ضروریات کو پیش نظر رکھ کر یہ قصہ اس وقت بیان کیا جاتا ہے اور اس قصہ میں ان تمام سیاسی امور کی تعلیم دی گئی ہے جو قیام حکومت میں پیش آئیں گے اور آپ آسانی سے انکی بناء پر تنظیم مملکت کرسکیں گے حضرت داؤد علیہ السلام انبیاء مرسلین میں سے تھے ان کو جہانگیری وجہانداری کے علوم نوازش کیے گئے آپ بھی نبی مرسل ہیں اس لئے ضروری ہے کہ ان نوازش ہائے گوناگوں سے آپ بھی سرفراز کیے جائیں۔ (تفسیر الفرقان)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## نکتہ

غزوۂ بدر میں جہادِ طالوت جیسے واقعات کچھ ہی عرصہ بعد پیش آ گئے۔ کم تعداد اور بے سروسامان مسلمانوں نے مشرکین کے مسلح لشکر کو شکست دی اور ابوجہل جیسا جنگجو بہادر بچوں کے ہاتھوں پچھاڑا گیا (واللہ اعلم بالصواب)

## دعاء

یا اللہ ہم مسلمانوں کو اس قصہ سے سبق لیکر متحد ہونے اور جہاد کرنے کی توفیق عطاء فرما ہمیں بھی جہاد کا اہل شرعی امیر عطاء فرما۔ ہمارے بکھرے ہوئے شیرازے کو مجتمع فرما اور ہمیں فتح اور برکات عطاء فرما۔

آمین یارب المستضعفین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۲۶۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ

ان لوگوں کی مثال جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرتے ہیں ایسی ہے کہ جیسے

اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ

ایک دانہ کہ اگائے سات بالیں ہر بال میں سو سو دانے اور اللہ تعالیٰ

يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾

جس کے واسطے چاہے بڑھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والا جاننے والا ہے

## خلاصہ

① جہاد میں مال خرچ کرنا بہت اجر وثواب اور برکت کا ذریعہ ہے۔

② جہاد میں خرچ کیے گئے مال کو اللہ تعالیٰ بڑھا دیتا ہے۔ اور خوب بڑھا چڑھا کر اس کا اجر عطا فرماتا ہے۔

## ربط

لما قص الله سبحانه مافيه من البراهين حث على الجهاد واعلم ان من جاهد بعد هذا البرهان الذى لا يأتى به الا نبى فله فى جهاده الثواب العظيم.

پچھلی آیات میں جب اللہ تعالیٰ نے دو قصے ذکر فرمائے جن میں دلائل ہیں (مردوں کے دوبارہ زندہ ہونے پر) تو اب ان آیات میں جہاد کی ترغیب دی جو شخص ان دلائل کو جنہیں نبی کے سوا کوئی بیان نہیں کر سکتا سنکر جہاد میں جائے گا تو اسے اپنے جہاد پر ثواب عظیم ملے گا۔ (القرطبی)

یعنی پچھلی آیات میں یہ بیان کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ مردوں کو زندہ کرنے پر قادر ہے تو اس کے فوراً بعد جہاد کی ترغیب دی گئی اور اس میں خرچ کرنے کا اجر عظیم بتایا گیا۔ تاکہ جہاد کے ذریعے انسان اپنی آئندہ زندگی کو کامیاب بنا سکے اور جہاد میں خرچ کر کے آخرت کی زندگی کے لئے ذخیرہ جمع کر سکے۔ اس میں اسطرف بھی اشارہ ہے کہ جہاد میں ظاہری طور پر موت اور ہلاکت نظر آتی ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں زندگی رکھی ہے بے شک زندگی اور موت کا مالک اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ جہاد میں لگایا ہوا مال بظاہر خرچ ہو جاتا ہے مگر حقیقت میں وہ محفوظ ہو جاتا ہے۔

(واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## شانِ نزول

❶ روی ان هذه الاية نزلت في شان عثمان بن عفان وعبدالرحمن بن عوف وذلك الخ:

روایت یہ ہے کہ یہ آیت حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی اور وہ اس طرح کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک میں تشریف لے جانے لگے تو آپ نے مسلمانوں کو خرچ کرنے کی ترغیب دی حضرت عبدالرحمٰن بن عوف چار ہزار درہم لائے اور عرض کیا یا رسول اللہ میرے پاس کل آٹھ ہزار تھے چار ہزار میں نے اپنے اور گھر والوں کے لئے رکھ لئے اور چار ہزار اپنے رب کو قرضہ دے رہا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے اس میں جو تم نے رکھا ہے اور اس میں جو تم نے دیا ہے۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہر اس مجاہد کا سامان میرے ذمے ہے جس کے پاس سامان نہیں ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی (القرطبی)

❷ وقال مكحول :يعني به الانفاق في الجهاد من رباط الخيل واعداد السلاح وغير ذلك.

کہ اس آیت میں وہ مال مراد ہے جو جہاد میں خرچ کیا جائے گھوڑے اور اسلحہ وغیرہ برابر کرنے کے لئے۔ (ابن کثیر)

❸ عن ابن عباس الجهاد والحج يضعف الدرهم فيهما الى سبعما ئة ضعف ولهذا قال تعالىٰ كمثل حبة الآية.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جہاد اور حج میں خرچ کیا ہوا درہم سات سو گنا بڑھ جاتا ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے كمثل حبة (یعنی یہی آیت تلاوت فرمائی) (تفسیر ابن کثیر)

❹ بعض مفسرین نے اس آیت میں فی سبیل اللہ سے اللہ تعالیٰ کی اطاعت والے ہر کام میں خرچ کرنا مراد لیا ہے اس پر علامہ قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

وسبل الله كثيرة واعظمها الجهاد لتكون كلمة الله هي العليا یعنی اللہ کے راستے بہت سے ہیں اور ان میں سے سب سے بڑا جہاد ہے جو اس لئے لڑا جائے تا کہ اللہ تعالیٰ کا کلمہ بلند ہو جائے (القرطبی)

واعظمها واعناها الجهاد لاعلاء كلمة الله وقيل المراد بسبيل الله هنا الجهاد خاصة (البحر المحيط)

## فائدہ

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اس آیت کی تفسیر میں وہ احادیث جمع فرمائی ہیں جن میں جہاد میں خرچ کرنے پر سات

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سو گنا اضافے کا بیان ہے۔ ان احادیث سے بھی اس بات کی ترجیح معلوم ہوتی ہے کہ آیت کا زیادہ تعلق جہاد ہی کے ساتھ ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

## فائدہ

مگر قرآن حکیم بتاتا ہے کہ ایک مسلم قانت جہاد فی سبیل اللہ کے لئے دیتا ہے تو وہ سات سو گنا بڑھتا ہے اور اس سے زیادہ کی حد نہیں صحابہ کرام نے اس وعدہ کو دیکھ لیا کہ سینکڑوں خرچ کر کے کروڑوں کے مالک بن گئے (تفسیر الفرقان)

## فائدہ

اس آیت کی تفسیر میں علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں وعن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ان الغزاۃ المنفقین قد خبأ اللہ تعالیٰ لھم من خزائن رحمتہ ماینقطع عنہ علم العباد (روح المعانی)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان مجاہدین کے لئے جو جہاد میں اپنا مال خرچ کرتے ہیں اپنی رحمت کے ایسے خزانے چھپا رکھے ہیں جن کا احاطہ بندوں کا علم نہیں کر سکتا۔

## دعاء

یا اللہ آپ نے حضرات صحابہ کرام کو توفیق عطاء فرمائی تو انہوں نے جہاد فی سبیل اللہ میں دل کھول کر مال خرچ کیا اور آپ کو راضی کیا یا اللہ ہمیں بھی بخل اور ناجائز ذخیرہ اندوزی سے بچا کر زیادہ سے زیادہ اپنا مال جہاد فی سبیل اللہ میں خرچ کرنے کی توفیق عطاء فرما۔

آمین یاذا القوۃ المتین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۶۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ

جو لوگ اپنے مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کرنے کے بعد

مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ

نہ احسان رکھتے ہیں اور نہ ستاتے ہیں انہیں کیلئے اپنے رب کے ہاں ثواب ہے اور ان پر

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾

نہ کوئی ڈر ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے

### خلاصہ

جو لوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں اخلاص اور خوشدلی سے مال خرچ کرتے ہیں اور خرچ کرنے کے بعد نہ احسان جتاتے ہیں اور نہ ایذاء پہنچاتے ہیں وہ اجر وثواب کے مستحق اور خوف اور غم سے محفوظ ہیں۔

### شان نزول

قیل انها نزلت فی عثمان بن عفان رضی الله تعالیٰ عنه الخ

روایت ہے کہ یہ آیت حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی حضرت عبدالرحمن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غزوہ تبوک کے وقت ایک ہزار دینار لاکر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں ڈال دیئے میں نے دیکھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں اپنے ہاتھ ڈال کر انہیں الٹتے پلٹتے تھے اور فرماتے تھے۔ آج کے بعد ابن عفان کو کوئی عمل نقصان نہیں پہنچا سکتا اے میرے پروردگار آج کے دن کو عثمان کیلئے یاد رکھے اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھ اٹھا کر عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے دعاء فرمارہے تھے اور کہہ رہے تھے اے میرے رب میں عثمان سے راضی ہوں آپ ان سے راضی ہوجائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم برابر دعاء کرتے رہے یہاں تک کہ فجر طلوع ہوگئی تو آیت نازل ہوئی الذین ینفقون اموالهم الآیۃ (تفسیر القرطبی)

تفسیر روح المعانی میں بھی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ روایت اسی آیت کی تفسیر میں بطور شان نزول مذکور ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ۲۷۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا

خیرات ان حاجت مندوں کیلئے ہے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں رکے ہوئے ہیں ملک میں

فِي الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ

چل پھر نہیں سکتے ناواقف ان کے سوال نہ کرنے سے انہیں مالدار سمجھتا ہے تو ان کے چہرے سے

بِسِيْمٰهُمْ لَا يَسْــَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

پہچان سکتا ہے لوگوں سے لپٹ کر سوال نہیں کرتے اور جو کام کی چیز تم خرچ کرو گے

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾

بے شک وہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے

### خلاصہ

اور اپنا مال خرچ کرو ان ضرورت مند لوگوں پر جو جہاد وغیرہ میں مشغول ہونے کی وجہ سے مال کمانے کے لئے چل پھر نہیں سکتے۔ چونکہ وہ لوگوں سے نہیں مانگتے اس لئے انجان لوگ انہیں مالدار سمجھتے ہیں۔ اے مسلمانو! تم انہیں ان کے چہروں سے پہچان لوگے وہ بھیک مانگتے نہیں پھرتے، اور تم جو کچھ بھی خرچ کرتے ہو اللہ تعالیٰ اسے جانتا ہے۔

### تفسیری اقوال

❶ وهم اهل الصفة رضی الله تعالیٰ عنهم قاله ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنه ومحمد بن كعب القرظي. وكانوا نحوا من ثلثمائة ويزيدون وينقصون من فقراء المهاجرين يسكنون ثقيفة المسجد يستغرقون اوقاتهم بالتعلم والجهاد وكانوا يخرجون فی كل سرية يبعثها رسول الله صلى الله عليه وسلم. یعنی یہ حضرات اہل صفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے۔ یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اور محمد بن کعب کا قول ہے۔ یہ حضرات فقراء مہاجرین میں سے تین سو کے لگ بھگ تھے انکی تعداد میں کمی زیادتی ہوتی رہتی تھی یہ حضرات مسجد میں چبوترے پر رہتے تھے ان کا سارا وقت علم سیکھنے اور جہاد کرنے میں گزرتا تھا اور یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجے ہوئے ہر سریہ (جنگی مہم) میں نکلتے تھے (روح المعانی)

حبسوا انفسهم علی الجهاد (جلالین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ وعن سعيد بن جبير هم قوم اصابتهم الجراحات في سبيل الله تعالىٰ فصاروا زمنىٰ. حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ یہ وہ لوگ تھے جو جہاد میں زخمی ہونے کی وجہ سے معذور ہو گئے تھے (روح المعانی)

❸ حبسوا انفسهم عن التصرف في معايشهم خوف العدو اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو دشمنوں کے خوف سے روزی وغیرہ نہیں کما سکتے۔ (القرطبی)

❹ وكانوا من المهاجرين الذين يقاتلون مع رسول الله غير مرضي ولا عميان. یہ وہ مہاجرین حضرات تھے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مل کر جہاد کیا کرتے تھے ان کو بیماری یا اندھے پن وغیرہ کا کوئی عذر نہیں تھا (قرطبی) یعنی صحتمند تھے خود کما سکتے تھے مگر جہاد میں مشغولیت کی وجہ سے نہیں کماتے تھے ایسے افراد پر مال خرچ کرنا بہت بڑے اجر و ثواب کا باعث ہے۔

❺ وقال قتادة حبسوا انفسهم للغزو و منعهم الفقر من الغزو قتادہ فرماتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو جہاد کے لئے وقف کر دیا اور پھر فقر فاقہ نے انہیں جہاد سے روک دیا (البحر المحیط)

## فائدہ

جہاد جیسے اہم اور ضروری کام کو جاری رکھنے کے لئے کچھ افراد خود کو بالکل وقف کر دیں اور باقی مسلمان بن مانگے ان کی دیکھ بھال کریں اور انکی ضروریات کو پورا کرنے میں مال خرچ کریں۔ یوں جہاد کو قوت ملے گی اور مسلمان مضبوط ہونگے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

## دعاء

یا اللہ امت مسلمہ پر رحم فرما اور اس میں قرآن پاک کے یہ احکامات زندہ فرما اور جہاد کی قرآنی ترتیب امت مسلمہ میں جاری فرما۔

آمین یا ارحم الراحمین

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ البقرۃ مدنیۃ — آیت ۲۸۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا

اللہ تعالیٰ کسی کو اس کی طاقت کے سوا تکلیف نہیں دیتا نیکی کا فائدہ بھی اسی کو ہوگا اور برائی کی زد بھی

اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا

اسی پر پڑے گی اے رب ہمارے! اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کریں تو ہمیں نہ پکڑ اے رب ہمارے!

تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ

اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر رکھا تھا

رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۪ وَاغْفِرْ لَنَا ۪

اے رب ہمارے! اور ہم سے وہ بوجھ نہ اٹھوا جس کی ہمیں طاقت نہیں اور ہمیں معاف کردے اور ہمیں بخش دے

وَارْحَمْنَا ۪ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۲۸۶

اور ہم پر رحم کر تو ہی ہمارا کارساز ہے کافروں کے مقابلہ میں تو ہماری مدد کر

## خلاصہ

اے ہمارے مولیٰ ہمیں کافروں پر غلبہ عطاء فرمائیے یا اللہ آپ ہی ہمارے یار و مددگار ہیں۔

## تفسیری اقوال

❶ ای الاعداء فی الدین المحاربین لنا یعنی ہمیں اپنے دین کے ان دشمنوں پر غلبہ عطاء فرما جو ہم سے جنگ کرتے ہیں (روح المعانی)

❷ فمن حق المولیٰ ان ینصر عبیدہ، یعنی مولیٰ کا حق ہے کہ وہ اپنے غلاموں کی مدد فرمائے (پس آپ مولیٰ ہیں اور ہم غلام آپ ہماری نصرت فرمائیے) (کشاف)

❸ باقامۃ الحجۃ والغلبۃ فی قتالھم فان من شان المولیٰ ان ینصر موالیہ علی الأعداء۔ ہماری نصرت فرمائیے کافروں پر ہماری دلیل کو مضبوط فرما کر اور جہاد میں ان پر غالب فرما کر بے شک مولیٰ کی شان ہے کہ وہ اپنے موالی کو دشمنوں پر غلبہ دیتا ہے (جلالین)

❹ ای اظھرنا علیھم بما تحدث فی قلوبنا من الجرأۃ والقوۃ وفی قلوبھم من الخور والجبن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی ہمیں ان کافروں پر غالب کر دیجئے اس طرح کہ ہمارے دلوں میں جرأت اور قوت ڈال دیجئے اور ان کے دلوں میں کمزوری اور بزدلی ڈال دیجئے۔(البحر المحیط)

**فائدہ**

سورۃ بقرہ سنام القرآن ہے اس میں اسلام کے تمام اہم عقائد اور احکامات تفصیل سے بیان فرمائے گئے ہیں۔اب مسلمانوں کے لئے ان تمام احکامات پر عمل کرنا تبھی پوری طرح ممکن ہے جب انہیں اپنے دشمنوں پر غلبہ نصیب ہو۔ چنانچہ سورت کا اختتام اسی جامع دعاء پر کیا گیا ہے۔(واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

**فائدہ**

اس سورۃ میں مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کے ظاہری و باطنی انعامات کا تذکرہ ہے اور نعمتوں کے بقاء کی صورت کافروں پر غلبہ ہے ورنہ وہ تو مسلمانوں کو مرتد بنانے پر تلے رہتے ہیں اور کافروں پر غلبہ جہاد کے ذریعہ ہوتا ہے۔گویا سورۃ کے آخر میں پھر جہاد کی طرف متوجہ کیا گیا ہے۔(واللہ تعالیٰ اعلم)

**فائدہ**

اس حسن خاتمہ کے قربان جائیے جس میں اسلام کے انتہائی نصب العین اور غایت الغایات کو نہایت ہی واضح اور روشن الفاظ میں بیان کر دیا کہ فرزندان توحید دنیا کی تمام اقوام و ملل اور مذاہب و ادیان پر حاکم بنا کر بھیجے گئے ہیں۔اور شھداء علی الناس اسی صورت میں بن سکتے ہیں جبکہ اس قانون پر عمل کریں جو رسول عربی کی معرفت انہیں نوازش کیا گیا ہے۔صبر و استقامت،عزم و استقلال اور ولولہ دینی وحب مذہبی اپنے اندر پیدا کریں جہاد فی سبیل اللہ کے لئے ہمیشہ تیار رہیں اور اللہ تعالیٰ سے فتح و کامرانی کی دعاء مانگیں۔(تفسیر الفرقان)

**نکتہ**

یہ دعاء سکھا کر یہ بات یاد دلائی جا رہی ہے کہ اس بات کی محنت کرنا کہ دنیا بھر میں اللہ تعالیٰ کا دین اور کلمہ بلند ہو اور کفر و شرک کی طاقت مغلوب ہو جائے یہ مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ظاہر بات ہے یہ کام آسان نہیں بہت مشکل ہے تو اس کے لئے نصرت مانگنے اور غلبہ پانے کی دعاء سکھلا دی۔قرآن پاک کی اتنی اہم سورۃ کی آخری آیت میں یہ دعاء یاد کرائی گئی کہ یا اللہ تعالیٰ ہمیں جہاد میں فتح و نصرت عطاء فرما کر کافروں پر غلبہ دیجئے۔(واللہ تعالیٰ اعلم)

**دعاء**

واعف عنا، واغفرلنا، وارحمنا، انت مولانا فانصرنا علی القوم الکافرین۔

آمین یا ارحم الراحمین

٢٦/ذوالحجہ ١٤٢٦ھ بمطابق ٢٧/جنوری ٢٠٠٦ء
یوم الجمعة بعد صلوٰة الظهر۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورة

# آل عمران

مدنية

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# ابتدائیہ

اس تالیف میں ''سورۃ آل عمران'' کی درج ذیل باسٹھ آیات کے مضامین جہاد کو بیان کیا گیا ہے:

آیت ۱۲ — آیت ۱۳ — آیت ۲۸

آیات ۱۱۰ تا ۱۱۲ — آیات ۱۱۸ تا ۱۲۹ — آیات ۱۳۹ تا ۱۷۵ — آیات ۱۹۴ تا ۲۰۰

اور درج ذیل اٹھارہ آیات میں مضامین جہاد کی طرف اشارات موجود ہیں:

۱۴ — ۱۵ — ۱۹ — ۲۶ — ۲۷ — ۵۵ — ۵۶ — ۸۱

۱۰۰ تا ۱۰۴ — ۱۳۰ تا ۱۳۲

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## باسٹھ آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ

آیت (۱۲)- اسلام کے دشمن کافروں کو بتا دیا جائے کہ تم دنیا میں عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے اور آخرت میں جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے۔

آیت (۱۳)- فتح کثرت سے نہیں اللہ تعالیٰ کی مدد سے ملتی ہے جیسا کہ غزوۂ بدر میں ہوا، غزوۂ بدر میں بہت رہنمائی ہے۔

آیت (۲۸)- مسلمان کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں، جو کافروں سے یاری رکھے گا اس کا اللہ تعالیٰ سے کوئی تعلق نہیں۔

آیت (۱۱۰)- یہ امت "خیر امت" ہے اس لئے کہ جہاد کرتی ہے۔

آیت (۱۱۱)- مسلمانوں نے اگر "خیر امت" ہونے کی شرط پوری کی تو یہود و نصاریٰ ان کے مقابلہ میں نہ ٹھہر سکیں گے۔

آیت (۱۱۲)- یہودیوں پر ذلت اور پستی مسلط کر دی گئی ہے۔

آیت (۱۱۸)- اے ایمان والو! کافروں کو اپنا ہمراز اور خصوصی دوست نہ بناؤ۔ وہ ہرگز مسلمانوں کے خیر خواہ نہیں ہیں۔

آیت (۱۱۹)- کافروں سے مسلمانوں کی دوستی ہمیشہ یک طرفہ ہوتی ہے تم تو ان سے یاری کر لیتے ہو مگر وہ کبھی تمہیں دل سے دوست نہیں سمجھتے۔

آیت (۱۲۰)- کافروں کی خوشی اسی میں ہے کہ تمہارا نقصان ہو، ان کے شر سے بچنے کا طریقہ جہاد میں استقامت اور تقویٰ ہے نہ کہ ان سے یاری کرنا۔

آیت (۱۲۱)- غزوۂ احد میں مسلمانوں کی کمان خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی۔ (غزوۂ احد)

آیت (۱۲۲)- انصار مدینہ کے دو قبیلوں کو اللہ تعالیٰ نے بزدلی اور پسپائی سے بچا لیا۔

آیت (۱۲۳)- غزوۂ بدر کے دن تم کمزور تھے مگر اللہ تعالیٰ نے نصرت فرمائی تو فتح ملی، اس لئے اللہ تعالیٰ سے معاملہ درست رکھو۔

آیت (۱۲۴)- غزوۂ بدر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مجاہدین کو اللہ تعالیٰ کی مدد کی خوشخبری سنائی۔ یعنی تین ہزار فرشتے۔

آیت (۱۲۵)- پھر پانچ ہزار فرشتوں کی خوشخبری آئی، اگر دشمنوں کو کمک پہنچ گئی۔

آیت (۱۲۶)- فرشتوں کا نزول بطور بشارت تھا اصل تو اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد ہے کہ صرف اسی سے غلبہ نصیب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہوتا ہے۔

آیت (۱۲۷)- یہ سب اس لئے ہے تاکہ کفر اور باطل کا زور ٹوٹ جائے۔

آیت (۱۲۸)- مسلمانوں کے خلاف لڑنے والے "کفار" کی توبہ قبول کرنا یا انہیں عذاب دینا یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔

آیت (۱۲۹)- تم جہاد کرو اور مخالفین کی توبہ اور عذاب کا معاملہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دو۔

آیت (۱۳۹)- اگر ایمان محفوظ ہے تو تم ہی غالب ہو۔

آیت (۱۴۰)- غزوۂ احد میں جو کچھ ہوا اس میں بہت حکمتیں تھیں مثلاً ایمان والے ممتاز ہو گئے اور بہت سے افراد کو شہادت نصیب ہو گئی۔

آیت (۱۴۱)- غزوۂ احد میں جو کچھ ہوا اس کا مقصد مسلمانوں کو پاک کرنا اور کافروں کو مٹانا تھا۔

آیت (۱۴۲)- جنت کے اعلیٰ مقامات چاہتے ہو تو جہاد اور صبر کو لازم پکڑو۔

آیت (۱۴۳)- تم تو شہادت کی تمنا رکھتے تھے اب یہ پسپائی کیسی؟

آیت (۱۴۴)- بڑے سے بڑا حادثہ بھی ہو جائے تو دین اور جہاد کو نہ چھوڑو۔

آیت (۱۴۵)- موت کا وقت مقرر ہے۔ جہاد میں جانے یا نہ جانے سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

آیت (۱۴۶)- انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مل کر بہت سے اللہ والوں نے جہاد میں خوب استقامت دکھائی اے خیر امت ان سے سبق لو۔

آیت (۱۴۷)- وہ جنگ کے سخت حالات میں بھی استغفار اور دعاء کے ذریعہ اللہ تعالیٰ ہی سے جڑے رہے۔

آیت (۱۴۸)- ان کو اللہ تعالیٰ نے دنیا، آخرت کا بدلہ بھی دیا اور اپنی محبت بھی

آیت (۱۴۹)- تم نے اگر دین اور جہاد کے خلاف کافروں کی باتیں مانیں تو بہت نقصان اٹھاؤ گے۔

آیت (۱۵۰)- کافروں کی نہیں اللہ تعالیٰ کی مدد پر بھروسہ رکھو وہ ایمان والوں کا مولیٰ اور بہترین مددگار ہے۔

آیت (۱۵۱)- اللہ تعالیٰ کافروں کے دلوں میں ایمان والوں کا رعب ڈال دیتا ہے۔

آیت (۱۵۲)- غزوۂ احد میں بھی اللہ تعالیٰ نے تم سے اپنی نصرت کا وعدہ پورا فرمایا مگر پھر تم سے غلطی ہوئی۔ جسکی وجہ سے شکست آئی، اب اللہ پاک نے تمہیں معاف فرما دیا ہے۔

آیت (۱۵۳)- تم پر اس دن غموں کی بوچھاڑ ہوئی تاکہ آئندہ اطاعت رسول میں مضبوط ہو جاؤ۔

آیت (۱۵۴)- احد کے مشکل لمحات میں ایمان والے اونگھ رہے تھے اور سکون پا رہے تھے، جبکہ منافق پریشان تھے اور واویلا کر رہے تھے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آیت (۱۵۵)- احد کے دن جن مسلمانوں سے غلطی ہوئی اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف فرما دیا ہے۔

آیت (۱۵۶)- اے مسلمانو! کافروں اور منافقوں جیسی یہ باتیں نہ کرو کہ جہاد میں موت ہے اور فلاں لوگ جہاد میں نہ جاتے تو بچ جاتے۔

آیت (۱۵۷)- جہاد میں شہید ہونا یا مرنا انسان کو اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور رحمت کا مستحق بناتا ہے۔

آیت (۱۵۸)- سب نے اللہ تعالیٰ کے حضور ضرور پیش ہونا ہے۔

آیت (۱۵۹)- آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ آپ اپنے رفقاء کے لئے نرم دل نرم مزاج ہیں احد کے بعد بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ شفقت ان پر قائم رہی۔

آیت (۱۶۰)- اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرو فتح اسی کی نصرت سے مل سکتی ہے۔

آیت (۱۶۱)- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم "امین" ہیں اور مال غنیمت میں خیانت بڑا گناہ ہے۔

آیت (۱۶۲)- وہی شخص اسلامی خدمت کرنے کے قابل ہے جو قانون الٰہی پورا کرنے کے لئے اپنے مقاصد کو مؤخر کر سکتا ہو۔

آیت (۱۶۳)- لوگوں کے اللہ تعالیٰ کے یہاں مختلف درجے ہیں۔

آیت (۱۶۴)- جماعت اور مجاہدین کے لئے چار نکاتی نصاب تلاوت، تزکیہ، تعلیم کتاب، تعلیم حکمت

آیت (۱۶۵)- غزوۂ احد میں جو تکلیف آئی تمہاری اپنی وجہ سے آئی۔

آیت (۱۶۶)- غزوۂ احد میں جو کچھ ہوا وہ مقدر تھا اور ایمان والوں کو ممتاز کرنے کے لئے تھا۔

آیت (۱۶۷)- غزوۂ احد کے دن چھپے ہوئے منافقوں کا بھی پتا چل گیا جب انہیں جہاد کے لئے بلایا گیا تو وہ نہ آئے۔

آیت (۱۶۸)- وہ منافقین دوسروں کو بھی جہاد سے روکتے رہے اور ڈراتے رہے کہ جہاد میں موت ہے ان کو بتایا جائے کہ تم بھی مرجاؤ گے۔

آیت (۱۶۹)- شہداء کو مردہ گمان نہ کرو وہ زندہ ہیں کھاتے پیتے ہیں۔

آیت (۱۷۰)- وہ بہت خوش ہیں اپنی حالت پر بھی اور اپنے پیچھے جہاد کرنے والوں کے مستقبل پر بھی۔

آیت (۱۷۱)- وہ اجر بھی پا رہے ہیں اور مزید نوازشات کے مزے بھی لوٹ رہے ہیں۔

آیت (۱۷۲)- جو حضرات زخمی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم مان کر جہاد میں نکلے ان کے لئے اجر عظیم ہے۔ (غزوۂ حمراء الاسد)

آیت (۱۷۳)- ان حضرات کو دشمن کی طاقت سے ڈرایا گیا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کا سہارا پکڑ لیا اور نہ ڈرے

آیت (۱۷۴)- یہ مجاہدین اللہ تعالیٰ کے فضل اور اسکی نعمتوں سے سرفراز ہو کر صحیح سالم واپس آگئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آیت (۱۷۵)- جو مسلمانوں کو کافروں سے ڈراتا ہے وہ شیطان ہے۔ تم اسکی نہ مانو۔

آیت (۱۹۴)- دشمنوں کے مقابلے میں نصرت اور آخرت میں جنت کی دعاء

آیت (۱۹۵)- دعاء قبول ہوگئی مگر گھر بار اور جان و مال کی قربانی دینی ہوگی۔

آیت (۱۹۶)- کافروں کی ظاہری ترقی سے مغالطے میں نہ پڑو۔

آیت (۱۹۷)- یہ چند روزہ بہار ہے پھر ان کے لئے جہنم ہے۔

آیت (۱۹۸)- اصل نعمتیں آخرت کی نعمتیں ہیں۔

آیت (۱۹۹)- اہل کتاب کی کامیابی اور رفتح کی صفات۔

آیت (۲۰۰)- اے ایمان والو! دین پر پکے رہو، جہاد میں ثابت قدم رہو، دشمنوں کے مقابلہ میں ہر وقت مستعد رہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو تو کامیابی ملے گی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## اٹھارہ آیات میں اشارات جہاد کا خلاصہ

آیت (۱۴)- کافروں کے مغلوب ہونے کی وجہ دنیا کی محبت ہے۔

آیت (۱۵)- مسلمانوں کے غالب ہونے کی وجہ آخرت کی نعمتوں کا شوق ہے۔

آیت (۱۹)- اسلام کے علاوہ کوئی دین مقبول نہیں یہ جہاد کی وجہ ہے۔

آیت (۲۶، ۲۷)- مسلمانوں کے لئے غلبے، عزت اور خلافت کی دعا اور پیشین گوئی۔

آیت (۵۵، ۵۶)- کافروں کی مغلوبیت مسلمانوں کا غلبہ۔

آیت (۸۱)- حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کا میثاق۔

آیت (۱۰۰ تا ۱۰۴)- کافر مسلمانوں کو مرتد بنانا چاہتے ہیں مسلمانوں کو اپنا ایمان اور اپنی جماعت مضبوط بنانی چاہئے اور جہاد کرنا چاہئے۔ حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے آیت (۱۰۴) کو مکمل جہادی مضمون قرار دیا ہے ملاحظہ فرمائیں موضح القرآن۔

آیت (۱۳۰ تا ۱۳۴)- سود سے جہاد میں کمزوری آتی ہے اطاعت، تقویٰ اور انفاق فی سبیل اللہ سے مضبوطی آتی ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دیگر

☆ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ کے نزدیک آیت (۱۰۴ تا ۱۰۹) میں بھی جہادی مضمون ہے۔ ملاحظہ فرمائیں (موضح القرآن)

☆ حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے نزدیک آیت (۱۲۷ تا ۱۲۸) کا تعلق جہاد سے ہے ملاحظہ فرمائیں (موضح القرآن اور بیان القرآن)

☆ امام رازی رحمہ اللہ کے نزدیک آیت (۱۷۶) اور ما بعد میں بھی جہادی مضمون ہے ملاحظہ فرمائیں (التفسیر الکبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَ تُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَ

کافروں کو کہہ دے کہ اب تم مغلوب ہو گے اور جہنم کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے اور

بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾

وہ برا ٹھکانہ ہے

### خلاصہ

اسلام دشمن کافروں کو صاف بتادیا جائے کہ بس عنقریب وہ دنیا میں مغلوب ہو جائیں گے۔ اور آخرت میں جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے۔ اسلام دنیا میں غالب آنے والا ہے اور وہ آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے۔ پس اسلام کے مبارک سائے میں پناہ لے لو۔

### عجیب پیشین گوئی

"یہ بظاہر ایک امر محال کی پیشین گوئی تھی، اس لئے کہ مسلمانوں کی مدینہ میں بہت ہی تھوڑی جماعت تھی۔ اس جماعت کا غلبہ قریش مکہ اور دیگر قبائل عرب پر بھی جو بڑے بہادر اور جنگجو تھے بظاہر محال تھا۔ (اور مدینہ منورہ میں یہودیوں کے تین طاقتور قبیلے بھی موجود تھے) اس کے علاوہ جو دو سلطنتیں ایسی زبردست، زور آور تھیں کہ جنہوں نے دنیا پر احاطہ کر رکھا تھا ایک "سلطنت کسریٰ" جو مجوسی شاہان ایران کی تھی جن کے ماتحت "ہند" و "ترکستان" وغیرہ ملک تھے۔ اور دوسری "سلطنتِ قیصر" عیسائیوں کی تھی جن کا اقتدار تمام یورپ، ایشیائے کوچک، شام اور بعض ممالک افریقہ تک مسلم تھا۔

ایسے وقت میں آسمانی تائید کے بھروسے پر سب کو آواز بلند پکار کر کہہ دیا گیا۔ ستغلبون کہ تم جلد مغلوب کئے جاؤ گے۔ ایک صدی تمام نہ ہونے پائی تھی کہ یہ پیشین گوئی پوری ہوگئی۔ اگر یہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے برحق ہونے کی منجانب اللہ علامت نہیں تو اور کیا تھا؟" (محصلہ تفسیر حقانی)

### شانِ نزول

❶ عن ابن عباس رضی الله تعالىٰ عنهما ان يهود اهل المدينة قالوا لما هزم الله تعالىٰ المشركين الخ. یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے بدر کے دن مشرکین مکہ کو ہزیمت سے دوچار کیا تو مدینہ کے یہودیوں نے کہا اللہ تعالیٰ کی قسم یہ (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) وہی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

امی نبی ہیں جن کی ہمیں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بشارت دی تھی اور جن کا تذکرہ ان کی تعریف وصفات کے ساتھ ہم اپنی کتاب میں پاتے ہیں اور یقیناً ان کا جھنڈا ہمیشہ بلند رہے گا۔ یہودی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق واتباع کرنے ہی والے تھے کہ ان میں سے بعض نے کہا ابھی جلد بازی مت کرو۔ یہاں تک کہ کوئی اور واقعہ دیکھ لو۔ پھر جب غزوۂ احد ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کو اس میں غلبہ نہ ملا تو یہودی پھر شک میں پڑ گئے اور کہنے لگے اللہ تعالیٰ کی قسم یہ وہ نبی نہیں ہیں پس ان پر شقاوت غالب آ گئی اور وہ اسلام نہ لائے اور انہوں نے وہ عہد بھی توڑ دیا جو ان کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان تھا اور کعب بن اشرف (یہودی) ساٹھ سواروں کو لیکر مشرکین مکہ کے پاس گیا اور ابوسفیان وغیرہ سے ملا اور ان کے ساتھ یہ معاہدہ اور اتفاق کیا کہ اب ہم اور تم ایک ہیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی (اور بتا دیا گیا کہ تم سب مغلوب ہو جاؤ گے) (روح المعانی، البحر المحیط)

❷ عن عمرو بن قتادة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما اصاب من اهل بدر ما أصاب ورجع الى المدينة جمع اليهود فى سوق بنى قينقاع الخ۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب غزوۂ بدر میں فتح وغنیمت پائی اور آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے بنو قینقاع کے بازار میں یہودیوں کو جمع کیا اور ارشاد فرمایا اے یہودیو اس سے پہلے کہ اللہ تعالیٰ تم پر بھی قریش مکہ جیسے حالات لائے تم اسلام قبول کر لو پس اس پر یہودیوں نے کہا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ بات آپ کو دھوکے میں نہ ڈالے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے قریش کو شکست دی ہے وہ لوگ جاہل تھے اور جنگ کرنا نہیں جانتے تھے۔ بخدا جب آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم سے لڑیں گے تو آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو پتا چل جائے گا کہ ہم کیسے جنگجو لوگ ہیں اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے کبھی ہم جیسوں سے ٹکر نہیں لی تھی اس پر یہ آیت نازل ہوئی (اور ان کو بتا دیا گیا کہ تمہارا وقت بھی قریب ہے) (ابن کثیر)

صاحب روح المعانی نے بھی یہ روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بیان کی ہے وہ اس روایت کو ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

وقد صدق الله تعالىٰ وعده رسوله صلى الله عليه وسلم فقتل۔ كما قيل۔ من بنى قريظة فى يوم واحد ستمائة جمعهم فى سوق بنى قينقاع وامر السياف بضرب اعناقهم وامر بحفر حفيرة ورميهم فيها وأجلى بنى نضير وفتح خيبر وضرب الجزية عليهم. وهذا من اوضح شواهد النبوة۔

بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ہوا وعدہ سچا فرما دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جیسا کہ کہا جاتا ہے بنی قریظہ کے چھ سو یہودیوں کو ایک دن میں قتل فرمایا اور جلاد کو ان کی گردنیں اڑانے کا حکم دیا۔ اور گڑھا کھدوا کر اس میں ان کو ڈلوا دیا اور بنی نضیر کو جلا وطن کیا اور خیبر فتح فرمایا اور یہودیوں پر جزیہ مقرر کیا۔ اور یہ سب کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی برحق ہونے کے واضح ترین شواہد تھے۔ (روح المعانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❸ وفی روایۃ ابی صالح عنہ ان الیھود لما فرحوا بما اصاب المسلمین یوم أحد نزلت یعنی ابو صالح حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ مسلمانوں کو احد کے دن جو حالات پہنچے اس پر یہودیوں نے خوشیاں منائیں تو یہ آیت نازل ہوئی کہ (خوشیاں مت مناؤ تمہارا وقت آنے والا ہے) (قرطبی)

❹ وقیل نزلت فی قریش قبل بدر بسنتین فحقق اللہ ذلک ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت غزوہ بدر سے دو سال پہلے قریش کے بارے میں نازل ہوئی چنانچہ اللہ پاک نے یہ وعدہ (بدر کے دن) پورا فرما دیا (البحر المحیط)

❺ وقیل فی ابی سفیان وقومہ جمعوا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد بدر فنزلت یعنی ایک قول یہ ہے کہ غزوہ بدر کے بعد ابوسفیان اور ان کی قوم کے لوگوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف تیاری شروع کر دی تو ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (البحر المحیط)

## اقوال و حوالے

❶ بہتر ہوگا کہ لفظ کے اطلاق کو عام رکھا جائے اور یہود و مشرکین جو بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں مسلمانوں کے ہاتھ خوار و مغلوب ہوئے سب کو آیت کا مصداق یکساں ٹھہرایا جائے۔ (تفسیر ماجدی)

❷ جن لوگوں نے الکتاب (یعنی قرآن) کا معاندانہ مقابلہ کیا ہے تو انہوں نے سرکشی اور جحود کی وہی روش اختیار کی ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں آل فرعون نے اختیار کی تھی اور وہ وقت دور نہیں جب ان کے لئے بھی وہی ہوگا جو آل فرعون کے لئے ہوا تھا اور دنیا دیکھ لے گی کہ آخر فتحمندی کس کا ساتھ دیتی ہے؟ (ترجمان القرآن)

❸ یعنی وقت آ گیا ہے کہ تم سب کیا یہود کیا نصاریٰ اور کیا مشرکین عنقریب خدائی لشکر کے سامنے مغلوب ہو کر ہتھیار ڈالو گے یہ تو دنیا کی ذلت ہوئی اور آخرت میں جو گرم مکان تیار ہے وہ الگ رہا۔ بعض روایات میں ہے کہ "بدر" سے فاتحانہ واپسی کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کو فرمایا کہ تم حق کو قبول کر لو ورنہ جو حال قریش کا ہوا وہ تمہارا ہوگا۔ کہنے لگے اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس دھوکہ میں نہ رہیے کہ تم نے قریش کے چند ناتجربہ کاروں پر فتح حاصل کر لی ہم سے مقابلہ ہوا تو پتہ لگ جائے گا کہ ہم (جنگ آزمودہ سپاہی اور بہادر) آدمی ہیں اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ بعض کہتے ہیں کہ بدر کی فتح دیکھ کر یہود کچھ تصدیق کی طرف مائل ہونے لگے تھے پھر کہا کہ جلدی مت کرو دیکھو آ ئندہ کیا ہوتا ہے۔ دوسرے سال احد کی عارضی پسپائی دیکھ کر ان کے دل سخت ہو گئے اور حوصلے بڑھ گئے حتیٰ کہ عہد شکنی کر کے مسلمانوں سے لڑائی کا سامان کیا کعب بن اشرف ساٹھ سواروں کے ساتھ مکہ معظمہ جا کر ابوسفیان وغیرہ سرداران قریش سے ملا اور کہا کہ ہم تم ایک ہیں متحدہ محاذ قائم کر کے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا مقابلہ کرنا چاہیے اس پر یہ آیات نازل ہوئیں (واللہ اعلم) بہرحال تھوڑے ہی دنوں بعد خدا نے دکھلا دیا کہ جزیرۃ العرب میں مشرک کا نام نہ رہا قریظہ کے بدعہد تلوار کی گھاٹ اتار دیئے گئے، بنی نضیر جلاوطن ہوئے، نجران کے عیسائیوں نے ذلیل ہو کر سالانہ جزیہ دینا قبول کیا اور تقریباً ایک ہزار سال تک دنیا کی بڑی بڑی مغرور و متکبر قومیں مسلمانوں کی بلندی و برتری کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اعتراف کرتی رہیں۔ فالحمد للہ علی ذلک (تفسیر عثمانی)

❷ یہود و نصاریٰ اور تمام مخالفین اسلام سے کہہ دینا چاہیے کہ تم تعلیمات حقہ کو ترک کر چکے ہو اس لئے تمہاری حکومت باقی نہیں رہ سکتی تم عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے اور مسلمانوں کی ماتحتی میں تمہیں زندگی بسر کرنی پڑے گی اور پھر مرنے کے بعد جہنم میں داخل ہونا پڑے گا۔ (تفسیر الفرقان)

## فائدہ

اس آیت سے پہلے اور بعد والی آیات میں غور کرنے سے پوری بات اور مکمل ترتیب سمجھ میں آجاتی ہے اور یہ اشکال باقی نہیں رہتا کہ ہمارے زمانہ میں تو کافر مغلوب نہیں غالب ہیں۔ پچھلی آیات میں ذکر ہے کہ قرآن پاک محکم کتاب ہے اور ایمان والوں نے اسے پوری طرح سے قبول کرلیا ہے۔ ان کا عقیدہ بھی اس کتاب کے مطابق بن چکا ہے اور عمل بھی اور وہ اس پر استقامت کی فکر اور دعاء میں لگے رہتے ہیں۔ جبکہ اس کتاب کو نہ ماننے والے کافروں کو بس دنیا کی اور اپنے مال و اولاد کی فکر ہے۔ مگر ان کے مال و اولاد ان کے کام نہیں آئیں گے جس طرح فرعون والوں کے کام نہ آئے۔ اب قرآنی جماعت کا ان دنیا پرست کافروں سے مقابلہ ہوگا تو ایمان والے غالب آجائیں گے اور کافر مغلوب ہوں گے۔ اس پر سوال ہوا کہ ایمان والے تو کم اور کمزور ہیں جواب دیا گیا کہ غزوہ بدر کو دیکھ لو اللہ پاک اسی طرح سے ایمان والوں کی مدد فرمائے گا۔ اس پر یہ سوال پیدا ہوا کہ کافر اتنی بڑی تعداد اور اس قدر سامان جنگ کے باوجود کیوں شکست کھاتے ہیں اور مسلمان کیوں فتحیاب ہوتے ہیں تو فرمایا گیا کہ کافر کا مقصد دنیا کی شہوتیں، دنیا کی ترقی اور دنیا کا سامان ہے جبکہ مسلمان آخرت کی کامیابی اور جنت کا طلب گار ہے۔ پس طالب دنیا کبھی بھی طالب آخرت کے سامنے نہیں ٹھہر سکتے۔ سورۃ آل عمران کی آیت (۷) تا آیت (۱۵) کا ترجمہ ایک بار پڑھ لیجئے یہ پورا ربط ان شاء اللہ سمجھ آجائے گا۔ اور غلبے اور شکست کا راز بھی معلوم ہو جائے گا۔ آج اکثر مسلمانوں نے قرآن پاک کو چھوڑ دیا ہے اور مال و اولاد اور دنیا کی ترقی اور زیب و زینت کو اپنا مقصود بنا لیا ہے اسی لئے وہ غلبے سے محروم ہیں۔ آج بھی مسلمان قرآن پاک کے مطابق عقیدہ و عمل بنائیں اور دنیا کی محبت دل سے نکالیں پھر دیکھیں کہ اس آیت کا پورا منظر کتنا جلدی سامنے آتا ہے۔ سوچ و فکر اور عمل کافروں جیسا ہوگا تو پھر ذلت نے تو آنا ہے۔ (العیاذ باللہ) کئی حضرات مفسرین نے اسی ربط کی بنا پر اس آیت سے پہلے اور بعد والی آیات کو بھی مضامین جہاد کے ساتھ جوڑ دیا ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

## دعاء

یا اللہ ہمیں قرآن پاک کو ماننے اور اپنانے کی توفیق عطاء فرما۔ ہمیں قرآنی جماعت بنا اور اسلام کے دشمن کافروں کو مغلوب فرما۔

(آمین یا اول الاولین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِیَّۃٌ — آیت ۱۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ

تمہارے سامنے ابھی ایک نمونہ دو فوجوں کا گزر چکا ہے جو آپس میں ملیں ایک فوج اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتی

اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ

ہے اور دوسری فوج کافروں کی ہے وہ کافر مسلمانوں کو اپنے سے دوگنا دیکھ رہے تھے آنکھوں کے دیکھنے سے اور اللہ تعالیٰ

يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾

جسے چاہے اپنی مدد سے قوت دیتا ہے اس واقعہ میں دیکھنے والوں کیلئے عبرت ہے

### خلاصہ

غزوۂ بدر میں عقل والوں کے لئے بڑی نشانی ہے۔ اس دن ایک جماعت خالص اللہ تعالیٰ کے لئے جہاد کررہی تھی جبکہ اُس جماعت کے مقابلے میں کافروں کا لشکر تھا۔ اس دن اللہ پاک کی نصرت کے عجیب واقعات پیش آئے جن میں سے ایک یہ تھا کہ ہر فریق بالکل کھلی آنکھوں سے اپنے مدِ مقابل کو اپنے سے دوگنا دیکھ رہا تھا۔ بے شک قوت اور غلبہ اسی کو ملتا ہے جسے اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہوجائے۔ یہ سب کچھ وہی لوگ سمجھتے ہیں جن کے دل کی آنکھیں کھلی ہوں۔

### مختصر قصہ

جنگ بدر میں کفار تقریباً ایک ہزار تھے۔ (نو سو پچانوے ۹۹۵ تھے۔ ماجدی) جن کے پاس سات سو اونٹ اور ایک سو گھوڑے تھے دوسری طرف مسلمان مجاہدین تین سو سے کچھ اوپر تھے۔ (۳۱۳) جن کے پاس کل ستر اونٹ دو گھوڑے، چھ زرہیں اور آٹھ تلواریں تھیں۔ (اتنی کے پاس تلواریں تھیں باقی لٹھ پتھر لئے ہوئے تھے۔ حقانی) اور تماشہ یہ تھا کہ ہر ایک فریق کو حریف مقابل اپنے سے دوگنا نظر آتا تھا، جس کا نتیجہ یہ تھا کہ کفار کے دل مسلمانوں کی کثرت کا تصور کر کے مرعوب ہوتے تھے۔ اور مسلمان اپنے سے دوگنی تعداد دیکھ کر اور زیادہ حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے اور کامل توکل و استقلال سے خدا کے وعدہ ان یکن منکم مائۃ صابرۃ یغلبوا مائتین۔ (کہ تم میں سے ایک سو دو سو پر غالب آجائیں گے) پر اعتماد کر کے فتح و نصرت کی امید رکھتے تھے۔ اگر ان کی پوری تعداد جو تگنی (تین گنا) تھی منکشف ہوتی تو ممکن تھا خوف طاری ہوجاتا اور یہ فریقین کا دگنی تعداد دیکھنا بعض احوال میں تھا، ورنہ بعض احوال وہ تھے جب ہر ایک کو دوسرے فریق کی جمعیت کم محسوس ہوئی جیسا کہ سورۃ انفال میں آئے گا۔ بہر حال

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ایک قلیل اور بے سروسامان جماعت کو ایسی مضبوط جمعیت کے مقابلہ میں ان پیشین گوئیوں کے موافق جو مکہ میں کی گئی تھیں اس طرح مظفر و منصور کرنا آنکھیں رکھنے والوں کے لئے بہت بڑا عبرتناک واقعہ ہے (تفسیر عثمانی)

## کلام برکت

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

یعنی جنگ بدر میں جس کا قصہ سورۃ انفال میں ہے مسلمانوں سے کافر تین برابر تھے پر اللہ تعالیٰ دو ہی برابر دکھاتا تھا کہ خوف نہ کھاویں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو فتح دی اس سے چاہیے کہ سب کافر عبرت پکڑیں۔ (موضح القرآن)

## بشارت مکہ مکرمہ میں مل گئی تھی

مکی سورتوں میں ایک ایسی جنگ کی خبر دی گئی تھی جس میں مسلمان مظفر و منصور (یعنی کامیاب) اور کفار ناکام و خاسر رہیں گے۔ (ارشاد باری تعالیٰ ہے) ام یقولون نحن جمیع منتصرہ سیھزم الجمع ویولون الدبرہ بل الساعۃ موعدھم والساعۃ ادھیٰ وامرہ ( القمر ٤٤ تا ٤٦ )

ترجمہ کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم زبردست جماعت ہیں عنقریب یہ جماعت بھی شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔ بلکہ قیامت ان کے وعدے کا وقت ہے اور قیامت زیادہ وحشت ناک اور تلخ تر ہے۔ اس جگہ ساعۃ سے مراد وہی شکست و ہزیمت کی گھڑی بھی ہو سکتی ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب میدان بدر میں مسلمانوں کی فتح و نصرت کی دعاء مانگ رہے تھے اور اللہ تعالیٰ نے اس دعاء کو شرف اجابت بخشا تو آپ یہی آیت تلاوت کرتے ہوئے اپنے خیمہ سے باہر نکلے! سیھزم الجمع ویولون الدبر الخ (تفسیر الفرقان)

## تفسیری اقوال

یرونھم مثلیھم رای العین میں مفسرین کے کئی اقوال ہیں کہ کون کس کو دگنا دیکھ رہا تھا۔ ایک قول تو اوپر بیان ہو چکا چند دیگر اقوال ملاحظہ فرمائیں:

❶ والجمھور من الناس علی ان الفاعل بیرون ھم المومنون والضمیر المتصل ھو للکفار ( قرطبی )

یعنی مسلمان کافروں کو اپنے سے دوگنا (یعنی چھ سو کے لگ بھگ) دیکھتے تھے۔

❷ ویحتمل ان یکون الضمیر فی مثلیھم للمسلمین ای ترون ایھا المسلمون المسلمین مثلی ما انتم علیہ من العدد (قرطبی) یعنی مسلمان خود کو اپنی اصل تعداد سے دوگنا دیکھ رہے تھے۔

❸ کافر خود کو مسلمانوں سے کئی گنا زیادہ دیکھ رہے تھے (کھلی آنکھوں سے) (اور وہ حقیقت میں تھے بھی کئی گنا)۔ (بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❸ کافر مسلمانوں کو اپنے سے کئی گنا دیکھ رہے تھے۔ علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے بھی اسی کو سدی تابعی رحمہ اللہ کے حوالے سے اختیار کیا ہے والمراد کما قال السدی تری الفئة الاخیرة الکافرة الفئة الاولیٰ المؤمنة مثلی عدد الرائین (روح المعانی) فائدہ: مثلیہ سے مراد دو چند (دوگنا) بھی لی گئی ہے اور سہ چند (تین گنا) بھی اور مطلق کثرت تعداد بھی بغیر کسی عدد خاص کے تعین کے زعم الفراء ان معنیٰ یرونهم مثلیهم ثلاثة امثالهم (بحر) المراد بالمثلین مطلق الکثرة لا خصوص المثلین (جمل، تفسیر ماجدی)

**فائدہ**

جنگ کے دوران حالات اور کیفیات بدلتی رہتی ہیں، اس لئے مختلف اوقات میں مختلف طرح کی نصرت درکار ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ حسب حال ایمان والوں کی نصرت فرماتا ہے اس لئے تمام توجیہات ممکن ہیں۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

**نکتہ**

اگر ایمان سلامت ہو اور اللہ تعالیٰ کی نصرت پر نظر ہو تو مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی نصرت سے کفار کی طاقت ہمیشہ کم نظر آتی ہے، چنانچہ وہ بے خوف ہو کر مقابلے میں کود پڑتے ہیں اس آیت میں یہ سبق بھی سکھایا گیا ہے۔ لیکن اگر ایمان سلامت نہ ہو، نیت ٹھیک نہ ہو اور دل میں دنیا کی محبت بھری ہو تو کافروں کی قوت ان کی اصل طاقت سے بھی زیادہ محسوس ہونے لگتی ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

**نکتہ**

فئة تقاتل فی سبیل اللہ وأخریٰ کافرة ایک جماعت اللہ تعالیٰ کیلئے لڑ رہی تھی اور دوسری کافر تھی۔ یہ جملہ بظاہر عجیب سا لگتا ہے۔ یا یوں کہا جاتا کہ ایک جماعت مسلمان تھی اور دوسری کافر۔ یا یوں کہا جاتا کہ ایک جماعت اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑتی تھی اور دوسری کفر اور شیطان کے راستے پر۔ علامہ ابو حیان اس سوال کا جواب یوں دیتے ہیں۔

فذکر فی الاولیٰ لازم الایمان وهو القتال فی سبیل اللہ وذکر فی الثانیة ملزوم القتال فی سبیل الشیطان وهو الکفر۔

یعنی فئة تقاتل فی سبیل اللہ میں وہ چیز ذکر کی گئی ہے جو ایمان کے لوازمات میں سے ہے یعنی قتال فی سبیل اللہ اور دوسرے فریق کے لئے وہ چیز ذکر کی گئی ہے جو قتال فی سبیل الشیطان کا ملزوم ہے یعنی کفر۔ (البحر المحیط)

**فائدہ**

غزوہ بدر کے واقعات کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے قیامت تک کے مسلمانوں کے لئے بار بار بیان فرمایا ہے اور اس واقعہ کو مسلمانوں کی کامیابی کے لئے بطور مثال اور نمونہ کے پیش فرمایا ہے۔ پس جب بھی مسلمانوں کا ایمان جاگے اور وہ آسمانی نصرت کو ساتھ لیکر فتح پانے کے خواہشمند ہوں تو انہیں چاہیے کہ وہ غزوہ بدر سے پوری پوری رہنمائی لیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی

(واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

”ان تمام دلائل سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اس آیت میں جنگ بدر کا ذکر ہے پس جو ارباب بصیرت قوموں کی ترقی وتنزل، عروج وزوال اور علو وتسفل (بلندی اور پستی) کے اسباب وعلل (یعنی وجوہات) میں غور کیا کرتے ہیں، ان کے لئے یہی غزوۂ بدر عبرتوں اور بصیرتوں کی صدہا (سینکڑوں) راہیں کھول دیتا ہے کہ وہ ان بصائر وحکم کو آویزۂ گوش بنائیں (یعنی خوب سنیں اور سمجھیں) (تفسیر الفرقان)

## دعاء

یا اللہ ہم امت مسلمہ کو مناظر بدر بار بار دکھا اور ہم سب مسلمانوں کو اپنی مدد اور غیبی نصرت کا اہل بنا۔

(آمین یا آخر الآخرین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

مسلمان مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا

اور جو کوئی یہ کام کرے اسے اللہ تعالیٰ سے کوئی تعلق نہیں مگر اس صورت میں کہ تم

مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝۲۸

ان سے بچاؤ کرنا چاہو اور اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے

### خلاصہ

مسلمان اپنے مسلمان بھائیوں کو چھوڑ کر کافروں کو یار نہ بنائیں۔ اگر انہوں نے یہ ظلم کیا تو وہ اللہ تعالیٰ کی محبت، نصرت اور تعلق سے محروم ہو جائیں گے۔ ہاں بعض مقامات اور بعض حالات میں ظاہری خوش خلقی کے ذریعے اپنا دفاع جائز ہے۔ جبکہ بہت بڑے نقصان کا اندیشہ ہو۔ اے کافروں سے یاری کرنے والو تم سب نے واپس لوٹ کر تو اللہ تعالیٰ کی طرف ہی جانا ہے۔ پس صرف اسی سے ڈرو اور اسی سے جوڑو۔

### تفسیری اقوال

❶ چونکہ اب فیصلہ کا وقت آ گیا ہے اس لئے پیروان اسلام سے خطاب (ہے) کہ راہ عمل میں سرگرم ہو جائیں اور کمزوری نہ دکھائیں۔ اس سلسلے میں سب سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اپنے شخصی علاقوں (یعنی تعلقات) کو جماعتی علاقوں (یعنی تعلقات) پر ترجیح نہ دیں اور دشمنوں کو اپنا مددگار و رفیق نہ بنائیں۔ میدان جنگ گرم ہو چکا ہے۔ دوست اور دشمن کی دو صفیں الگ الگ کھڑی ہو گئی ہیں پس ہر شخص کے لئے ضروری ہے کہ اپنے لئے کوئی ایک صف اختیار کر لے اور جسے اختیار کر لے اسی کا ہو رہے۔ یہ نہ ہو کہ ایک میں ہو کر دوسرے سے بھی ساز باز رکھے۔ (ترجمان القرآن)

❷ کفار کے ساتھ تین قسم کے معاملے ہوتے ہیں موالات یعنی دوستی (اور دلی تعلق) مدارات یعنی ظاہری خوش خلقی، ظاہرداری، (ظاہری رواداری) مواسات یعنی احسان و نفع رسانی۔ ان معاملات کی تفصیل یہ ہے کہ موالات (یعنی قلبی محبت اور دوستی) تو کسی حال میں جائز نہیں اور آیت لا تتخذوا الیهود والنصاریٰ اولیاء بعضهم اولیاء بعض ومن یتولهم منکم فانه منهم (یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو تم میں سے انہیں دوست بنائے گا وہ ان ہی میں سے ہوگا)

www.KitaboSunnat.com

اور آیت لا تتخذوا عدوی و عدوکم اولیاء (نہ بناؤ میرے اور اپنے دشمنوں کو یار) میں یہی مراد ہے۔ اور مدارات (یعنی ظاہرداری اور ظاہری خوش خلقی) تین حالتوں میں درست ہے۔(۱) ایک دفع ضرر کے واسطے (یعنی جب کافر طاقتور اور مسلمان کمزور ہوں اور مسلمانوں کو ان سے بڑے نقصان کا خطرہ ہو تو ظاہری خوش خلقی سے اپنا دفاع جائز ہے)۔(۲) اس کافر کی مصلحت دینی یعنی توقع ہدایت کے واسطے (یعنی اگر اس کے ایمان لانے کی توقع ہو)۔ (۳) تیسرے اکرام ضیف کے لئے یعنی مہمان کے اکرام کے لئے اور مواسات (یعنی احسان اور نفع رسانی) کافروں کے ساتھ جائز ہے اگر وہ حربی نہ ہوں اور اگر وہ حربی کافر ہوں تو ان کے ساتھ جائز نہیں۔ مدارات۔ مذکورہ بالا تین صورتوں میں تو جائز ہے۔ جبکہ درج ذیل صورتوں میں ناجائز ہے۔(۱) ذاتی مصلحت کیلئے۔(۲) مالی نفع حاصل کرنے کے لئے (۳) اپنی عزت اور نام کے لئے۔ اور اگر دینی نقصان کا خوف ہو تو بدرجہ اولی حرام ہے۔ (محصلہ بیان القرآن)

❸ یعنی جب حکومت و سلطنت، جاہ و عزت اور ہر قسم کے تقلبات و تصرفات کی زمام اکیلے خداوند قدوس کے ہاتھ میں ہوئی تو مسلمانوں کو جو صحیح معنی میں اس پر یقین رکھتے ہیں۔ شایان نہیں کہ اپنے اسلامی بھائیوں کی اخوت و دوستی پر اکتفاء نہ کر کے خواہ مخواہ دشمنان خدا کی موالات و مدارات کی طرف قدم بڑھائیں، خدا اور اسکے رسول کے دشمن ان کے دوست کبھی نہیں بن سکتے، جو اس خبط میں پڑے گا سمجھو لو کہ خدا کی محبت و موالات سے اسے کچھ سروکار نہیں۔ ایک مسلمان کی سب امیدیں اور خوف صرف خداوند قدوس رب العزت سے وابستہ ہونے چاہیں اور اس کے اعتماد و وثوق اور محبت و مناصرت کے مستحق وہ ہی لوگ ہیں جو حق تعالی سے اسی قسم کا تعلق رکھتے ہوں ہاں تدبیر وانتظام کے درجے میں کفار کے ضرر عظیم سے اپنے ضروری بچاؤ کے پہلو اور حفاظت کی صورتیں معقول و مشروع طریقہ پر اختیار کرنا ترک موالات کے حکم سے اسی طرح مستثنٰی ہیں جیسے سورۃ انفال میں ومن یولھم یومئذ دبرہ سے متحرفا لقتال او متحیزا الی فئۃ کو مستثنی کیا گیا ہے جس طرح وہاں تحرف وتحیز کی حالت میں حقیقۃً فرار من الزحف نہیں ہوتا محض صورۃً ہوتا ہے۔ یہاں بھی الا ان تتقوا منھم تقۃ کو حقیقتاً موالات نہیں فقط صورت موالات سمجھنا چاہیے جس کو ہم مدارات کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ (تفسیر حقانی)

## فائدہ

یہ مسئلہ بہت اہم اور تفصیل طلب ہے۔ عربی تفاسیر میں اس پر جو کچھ لکھا گیا ہے اس کا نچوڑ حضرات اکابر کی مذکورہ بالا تین عبارتوں میں تقریباً آ گیا ہے۔ البتہ تفسیر روح المعانی میں کافی تفصیل اس آیت کے ذیل میں موجود ہے۔ اور تفسیر انوار البیان میں نہایت فکر انگیز اور درد بھری ناصحانہ تقریر اس مقام پر مذکور ہے۔ جبکہ تفسیر ابن کثیر میں اس آیت کی مماثل آیات کو جمع کیا گیا ہے اور تفسیر الفرقان میں اس آیت پر بہت مدلل کلام کیا گیا ہے۔ طلبہ علم ان تفاسیر کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

طرف رجوع فرمائیں۔ ان شاء اللہ سورۃ مائدہ کی آیت (۵۱) کی تشریح میں اس مسئلہ کو مزید واضح کیا جائے گا۔

فلیس من اللہ فی شئی جو کافروں سے یاری کرے گا تو اس کا اللہ تعالیٰ سے کوئی تعلق نہیں۔

❶ ای فلیس من حزب اللہ ولا من اولیائہ فی شئی یعنی نہ تو وہ اللہ تعالیٰ کی جماعت میں سے ہے اور نہ اللہ تعالیٰ کے دوستوں میں سے۔ (العیاذ باللہ) (قرطبی)

❷ ای من ولایتہ او من دینہ یعنی اس کا اللہ تعالیٰ کی دوستی یا اللہ تعالیٰ کے دین سے کوئی تعلق نہیں (روح المعانی)

❸ یعنی انہ منسلخ من ولایۃ اللہ رأساً یعنی کافروں سے یاری کرنے والے کا سرے سے اللہ تعالیٰ سے تعلق ہی نہیں رہے گا۔ والمحبۃ فی اللہ والبغض فی اللہ باب عظیم وأصل من اصول الایمان کیونکہ اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت رکھنا اور اللہ تعالیٰ کی خاطر بغض رکھنا اسلام کا ایک بنیادی اصول اور بڑا باب ہے۔ (کشاف)

❹ فلیس من دین اللہ فی شئی یعنی اس کا اللہ تعالیٰ کے دین سے کسی قسم کا تعلق نہیں (العیاذ باللہ)۔ (جلالین)

## شانِ نزول

معالم التنزیل صفحہ ۲۹۱ ج ۱ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نقل کیا ہے کہ مذکورہ بالا آیت عبداللہ بن ابی اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں نازل ہوئی یہ لوگ ظاہر میں مؤمن ہونے کا دعویٰ کرتے تھے اور دل سے کافر تھے۔ یہودیوں سے اور مشرکوں سے دوستی رکھتے تھے اور ان کو مسلمانوں کی خبریں پہنچاتے تھے اور یہ امید باندھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں یہودی اور مشرکین غلبہ پالیں گے اور فتح یاب ہو جائیں گے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور مؤمنین کو منع فرما دیا کہ ان لوگوں کی طرح عمل نہ کریں اور کافروں کی دوستی سے پرہیز کریں اپنی دوستی صرف مسلمانوں سے رکھیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ چند یہودی بعض انصار سے تعلق رکھتے تھے اور ان کا اندرونی مقصد یہ تھا کہ ان کو دین اسلام سے پھیر دیں بعض صحابہ نے ان انصاریوں کو ان یہودیوں کی دوستی سے منع کیا ان لوگوں نے نہ مانا اور انکے ساتھ گھلنا ملنا جاری رکھا، اللہ جل شانہٗ نے یہ آیت بالا نازل فرمائی اور دشمنان دین کی دوستی سے منع فرما دیا۔ (انوار البیان)

❷ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما انہا نزلت فی عبادۃ بن الصامت الانصاری وکان بدریا نقیباً وکان لہ حلفاء من الیہود فلما خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاحزاب قال عبادۃ! یا نبی اللہ ان معی خمسمائۃ من الیہود وقد رأیت ان یخرجوا معی فاستظہر بہم علی العدو فانزل اللہ تعالیٰ لا تتخذوا الآیۃ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ یہ آیت حضرت عبادہ بن صامت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی وہ بدری صحابی اور نقباء میں سے تھے۔ کچھ یہودی ان کے حلیف تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ احزاب کے لئے نکلے تو حضرت عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ پانچ سو یہودی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی میرے ساتھ نکلیں گے میں دشمنوں کے خلاف ان سے تعاون لوں گا اس پر یہ آیت نازل ہوئی (روح المعانی) (اور کافروں کی دوستی سے منع کر دیا گیا۔)

## عجیب نکتہ

اس آیت سے پہلی دو آیات ملاحظہ فرمائیں۔ آیت (۲۶) اور آیت (۲۷) ان دونوں آیات میں غور کرنے سے اس آیت کا مفہوم پوری طرح سے دل میں اتر جاتا ہے اور وہ مسلمان کا پکا عقیدہ بن جاتا ہے۔ مفسرین حضرات نے لکھا ہے کہ جب غزوۂ احزاب کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سخت چٹان کو توڑنے کے لئے اس پر ضربیں لگائیں اور اس چٹان میں سے چنگاریاں نکلیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جانثار صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو روم و فارس کے فتح ہونے کی بشارت دی۔ اس پر کفار کی طرف سے خوب مذاق اڑایا گیا کہ ان کے پاس کھانے کو کچھ نہیں پیٹ پر پتھر بندھے ہوئے ہیں اور باتیں روم و فارس کی سلطنت اور خزانوں کی کرتے ہیں۔ قرآن مجید نے ایک دعاء کی صورت میں ان کے طنز و استہزاء کا جواب دیا قل اللهم مالك الملك۔ الآیۃ۔ ترجمہ: آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے اے اللہ! سلطنت کے مالک جسے تو چاہتا ہے سلطنت دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے سلطنت چھین لیتا ہے جسے تو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے تو چاہے ذلیل کرتا ہے ہر خیر تیرے ہاتھ میں ہے بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے تو رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور جسے تو چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ (آل عمران ۲۶، ۲۷)

اس آیت کے فوراً بعد کافروں سے یاری کرنے سے منع فرمانے والی آیت ہے کیونکہ مسلمانوں میں سے بعض لوگ کافروں سے یاری اس لئے کرتے ہیں کہ کافروں کے پاس طاقت اور سلطنت ہوتی ہے۔ اور ان کے ساتھ ہاتھ ملانے میں عزت محسوس ہوتی ہے۔ تو پہلے ہی سمجھا دیا کہ حکومت دینا اور چھیننا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ اس لئے یہ سمجھ کر کافروں کے سامنے نہ جھکو کہ اب ان کی طاقت اور حکومت ناقابل تسخیر ہو چکی ہے۔ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ جب چاہے گا ان کو ذلیل و رسوا کر دے گا۔ باقی رہا عزت اور ذلت کا مسئلہ تو وہ بھی کفر کی یاری میں نہیں اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ پھر اگر تمہیں ہر طرف کفر کا اندھیرا ہی اندھیرا چھایا ہوا نظر آئے تو مایوس نہ ہو رات کو ہٹا کر دن لانا اللہ تعالیٰ کے قبضہ قدرت میں ہے۔ آج اگر تم قومی طور پر مردہ نظر آ رہے ہو تو بھی مردوں کو زندہ کر دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ باقی دن رات آتے جاتے رہتے ہیں زندگی موت آتی رہتی ہے۔ عروج و زوال ہوتا رہتا ہے۔ ان چیزوں کا یہ مطلب نہیں کہ تم چڑھتے سورج کے پجاری بن جاؤ اور کافروں سے یاریاں کرتے پھرو۔ اللہ پاک سے ڈرو اور اسی سے اپنا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تعلق ہر حال میں مضبوط رکھو۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## نکتہ

اس آیت سے پچھلی آیت میں مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ سے سلطنت، عزت اور زندگی کی دعاء مانگی تو اس آیت میں جواب ملا کہ کافروں سے یاری چھوڑ کر اللہ تعالیٰ سے پکی یاری کر لو۔ تمہاری دعاء قبول ہو جائے گی۔

''گذشتہ دعاء کی قبولیت کے لئے ایک شرط بتلائی جاتی ہے کہ ہمارے دشمنوں سے دوستی نہ رکھو کیونکہ دشمن کا دوست دشمن ہوتا ہے۔(ویحذرکم الله نفسه) جس قدر تمہیں ملاپ کی ضرورت ہے اس سے اگر ایک ذرہ برابر آگے بڑھے تو خدا تعالیٰ حساب لے گا۔ جس طرح کہ زندگی بچانے کیلئے مردار کھانے کی بقدر ضرورت اجازت مل سکتی ہے۔ اور پیٹ بھرنا حرام ہے بعینہ یہی حال کفار کی دوستی کا ہے، کفار کی دوستی کیلئے اگر تم نمائشی بہانے بنالو تو اللہ تعالیٰ تمہارے دل کی باتوں کو جاننے والا ہے۔'' (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## دعاء

یا غفور یا غفار یا تواب یا مالک الملک یا محیی یا ممیت ! امت مسلمہ کو زمین پر قرار و تمکین عطاء فرما۔ یا معزّ یا مذلّ! امت کو عزت سے سرفراز فرما یا ولیُّ! ہم سب مسلمانوں کو صرف اپنا ولی بنا اور کافروں سے یاری کے بارے میں جو عظیم کوتاہی اجتماعی طور پر امت مسلمہ سے ہو رہی ہے وہ معاف فرما۔ اور اس سے ہم سب کی حفاظت فرما۔ (آمین یا ذا القوۃ المتین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ

تم سب امتوں میں سے بہتر ہو جو لوگوں کیلئے بھیجی گئیں اچھے کاموں کا حکم کرتے ہو اور

تَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ

برے کاموں سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہو اور اگر اہل کتاب

الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

ایمان لے آتے تو ان کیلئے بہتر تھا کچھ ان میں سے ایمان دار ہیں اور اکثر ان میں سے نافرمان ہیں

## خلاصہ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت تمام امتوں سے افضل ہے اس کا کام یہ ہے کہ یہ خیر کو نافذ کرتی ہے اور برائی کو توڑتی ہے۔ سب سے بڑی خیر "اسلام" ہے اور سب سے بڑی برائی "کفر" ہے۔ اور اس امت کا ایمان مقبول ایمان ہے۔ اگر اہل کتاب بھی ایسا ہی ایمان لاتے تو ان کے لئے بہتر ہوتا۔ ان میں سے کچھ ایمان لا چکے ہیں مگر اکثر کفر پر اڑے ہوئے ہیں۔

## تفسیری اقوال

❶ وقال ابوهريرة رضي الله تعالىٰ عنه نحن خير الناس للناس نسوقهم بالسلاسل الى الاسلام۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم بہترین لوگ ہیں سب لوگوں کے لئے کیونکہ ہم انہیں زنجیروں میں باندھ کر اسلام کی طرف لاتے ہیں۔ (القرطبی)

(یعنی بہترین اور افضل امت ہونے کی وجہ جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ اس قول کی تشریح آگے آرہی ہے)

❷ روى عن ابن عباس انه قال في تفسير هذه الاية قوله كنتم خيرامة اخرجت للناس تامرونهم ان يشهدوا ان لا اله الا الله ويقروا بما انزل الله وتقاتلونهم عليه ولا اله الا الله اعظم المعروف والتكذيب هوا نكر المنكر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں كنتم خيرامة اخرجت للناس تم بہترین امت ہو جس کو لوگوں کے لئے نکالا گیا ہے تم لوگوں کو حکم دیتے ہو کہ وہ لا الہ الا اللہ کی گواہی دیں اور جو کچھ اللہ پاک نے نازل فرمایا ہے اس کا اقرار کریں اور تم اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دعوت پر لوگوں (یعنی منکروں) سے قتال کرتے ہو لا الــــہ الا اللہ سب سے بڑا معروف (یعنی سب سے بڑی نیکی ہے) اور اس کا انکار سب سے بڑا منکر ہے (تفسیر کبیر)

یعنی اس امت کے خیر امت ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ امت ساری دنیا کو ایمان کی دعوت دیتی ہے اور قبول نہ کرنے والوں سے قتال کرتی ہے یوں اسکی دعوت کو کوئی روک نہیں سکتا اور یہ دعوت پورے عالم کو گھیر لیتی ہے۔

❸ وأخرج ابن المنذر وغيره عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما في الاية أن المعنىٰ تـامـرونهم ان يشهدوا ان لا الـه الا الله ويـقروا بما انزل الله تعالىٰ وتقاتلونهم عليه ولااله الاالله هـو اعظم المعروف وتنهونهم عن المنكر والمنكر هو التكذيب وهوانكر المنكر۔ (ترجمہ گذر چکا ہے) (روح المعانی)

❹ وقال ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما هم الذين هاجروا من مكة الى المدينةوشهدوا بدر اوالحديبية وقال عمر بن الخطاب رضي الله تعالىٰ عنه من فعل فعلهم كان مثلهم.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ (خیر امت) وہ لوگ ہیں جنہوں نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی اور غزوہ بدر اور حدیبیہ میں شریک ہوئے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو بھی ان جیسا کام کرے گا (یعنی ہجرت و جہاد) وہ بھی ان جیسا ہوگا۔ (یعنی بہترین امت) (القرطبی)

❺ اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں جو زیادہ اہتمام کی قید نکال دی ہے (یعنی لگا دی ہے) مراد اس سے امر ونہی بالید (یعنی ہاتھ اور قوت سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر) ہے جو اعلیٰ درجہ اس کا ہے یہ درجہ اس امت میں اور امم سے دو وجہ سے زیادہ ہے اولاً جہاد کا مشروع ہونا جس سے دفع کفر و دفع فساد مقصود ہے ثانیاً بوجہ عموم دعوت محمدیہ اس کا سب اقوام کے لئے عام ہونا جیسا للناس میں عام کا لفظ نکال (یعنی لگا) دیا گیا ہے۔ بخلاف شرائع سابقہ کے کہ بعض میں جہاد نہ تھا اور بعض میں بوجہ خصوصی بعثت انبیاء سابقین کے سب اقوام کیلئے عام نہ تھا۔ (بیان القرآن)

یعنی افضل امت ہونے کی دو وجوہات ہیں (الف) جہاد اور (ب) دعوت کا پورے عالم میں عام ہونا۔ پھر پورے عالم میں دعوت کا پہنچنا بغیر جہاد کے ممکن نہیں کیونکہ منکرین رکاوٹیں ڈالیں گے ان رکاوٹوں کو جہاد ہی کے ذریعے دور کیا جائے گا۔

---

❻ عن ابی حازم عن ابی هريرة كنتم خيرامة أخرجت للناس قال تجرون الناس بالسلاسل الى الاسلام حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تم بہترین امت ہو جسے لوگوں کیلئے نکالا گیا ہے کا مطلب یہ ہے کہ تم لوگوں کو زنجیروں کے ذریعے اسلام کی طرف کھینچ لاتے ہو (قرطبی)

یعنی جہاد کے ذریعے اسلام کی طرف لوگوں کو لاتے ہو۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ تم کسی کی گردن پر تلوار رکھ کر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اسے مسلمان بناتے ہو۔ کیونکہ زبردستی اسلام قبول کرنے والا جس نے دل سے اسلام کو نہ مانا ہو مسلمان ہو ہی نہیں سکتا۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ تم جہاد کے ذریعے کفر کی طاقت کو توڑ دیتے ہو اور اسلام کو غالب کر کے اس کا عادلانہ، منصفانہ نظام نافذ کرتے ہو تب لوگ جوق در جوق مسلمان ہوتے ہیں۔ اسی طرح مسلمانوں کی جانبازی اور سرفروشی دیکھ کر بھی بہت سے کافر اسلام قبول کر لیتے ہیں۔ اور جب دنیا میں کفر کی طاقت اور شوکت ٹوٹ جاتی ہے اور کفر ذلت کی علامت بن جاتا ہے تو لوگ بہت جلدی اسے چھوڑ دیتے ہیں کیونکہ کفر "غیر فطری" چیز ہے لوگ حکومت، طاقت اور غفلت کی وجہ سے اس کے ساتھ چپکے رہتے ہیں۔ جہاد کے ذریعے جب کفر کی طاقت اور شان و شوکت ختم ہو جاتی ہے تو لوگوں کو اپنے "فطری دین" یعنی اسلام کی طرف آنے میں دیر نہیں لگتی۔ یہ ہے خلاصہ زنجیروں کے ذریعے اسلام کی طرف کھینچنے کا (واللہ اعلم بالصواب)

## ایک اشکال کا جواب

### اشکال

من ای وجه یقتضی الامر بالمعروف والنهی عن المنکر والایمان بالله کون هذه الامة خیر الامم مع أن هذه الصفات کانت حاصلة فی سائر الامم.

یعنی کیا وجہ ہے کہ "امر بالمعروف، نہی عن المنکر" اور "اللہ پر ایمان لانے" کو اس امت کی افضلیت کا سبب قرار دیا گیا ہے حالانکہ یہ تینوں صفات تو تمام امتوں کو حاصل تھیں (تفسیر کبیر)

یعنی سابقہ امتوں کے لوگ بھی ایمان لاتے تھے اور ان میں سے اچھے لوگ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بھی کرتے تھے جیسا کہ خود قرآن پاک کی کئی آیات سے ثابت ہوتا ہے تو پھر یہ امت دوسری تمام امتوں سے کس طرح افضل ہو گئی؟

### جواب

قال القفال رحمه الله تفضیلهم علی الامم الذین کانوا قبلهم انما حصل لاجل انهم یامرون بالمعروف وینهون عن المنکر بآکد الوجوه وهو القتال لان الامر بالمعروف قد یکون بالقلب وباللسان وبالید واقواها ما یکون بالقتال.

یعنی امام قفال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس امت کی فضیلت باقی امتوں پر اس وجہ سے ہے کہ یہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سب سے (مضبوط اور) تاکیدی طریقے پر عمل کرتی ہے اور یہ تاکیدی طریقہ "قتال فی سبیل اللہ" ہے۔ اس لئے کہ امر بالمعروف کبھی دل سے ہوتا ہے، کبھی زبان سے اور کبھی ہاتھ سے اور سب سے زیادہ مضبوط اور قوی امر بالمعروف قتال کے ذریعے ہوتا ہے۔

لانه القاء النفس فی خطر القتل اس لئے کہ اس میں اپنی جان کو خطرے میں ڈالا جاتا ہے۔ واعرف

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

المعروفات الدین الحق والایمان بالتوحید والنبوۃ وانکر المنکرات الکفر باللہ اور سب نیکیوں میں بڑی نیکی دین حق اور توحید ورسالت پر ایمان لانا ہے اور سب سے بڑا منکر کفر ہے فکان الجہاد فی الدین محملا لاعظم المضارات لغرض ایصال الغیر الی اعظم المنافع وتخلیصه من اعظم المضار پس دین کی خاطر جہاد کرنا دوسروں تک سب سے بڑا نفع (اسلام) پہنچانے اور انہیں سب سے بڑے نقصان (کفر) سے بچانے کے لئے اپنے آپ کو بہت بڑے نقصان (یعنی قتل) کے لئے پیش کرنا ہے۔ فوجب ان یکون الجہاد اعظم العبادات پس یہ بات لازم ہوئی کہ جہاد سب سے اونچی اور بڑی عبادت ہے۔

(اب سوال یہ ہوا کہ پہلی امتوں میں بھی تو جہاد موجود تھا تو اس کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں)

ولما کان امر الجہاد فی شرعنا اقویٰ منه فی سائر الشرائع لاجرم صار ذلك موجبا لفضل هذه الامة علی سائر الامم۔

یعنی جہاد ہماری شریعت میں باقی تمام شریعتوں سے زیادہ مضبوط (اور اہمیت کا حامل) ہے تو بلاشبہ جہاد ہی اس امت کی باقی تمام امتوں پر افضلیت کا سبب ہے۔ اس کے بعد انہوں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی وہ روایت ذکر کی ہے جو پہلے مذکور ہو چکی ہے۔ (التفسیر الکبیر)

یعنی سابقہ امتوں میں بھی جہاد تھا مگر جس شان اور اہمیت کا جہاد اس امت کے ذمہ ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے ویسا کسی امت میں نہیں تھا۔ چنانچہ اس امت کے افراد ساری دنیا تک خیر یعنی اسلام پہنچانے کے لئے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں اس لئے یہ امت خیر امة (سب سے افضل امت) ہے۔

## کلام برکت

حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ جیسے امام تفسیر کے نزدیک صرف اسی آیت کا تعلق ''مضمون جہاد'' سے نہیں ہے بلکہ ان کے ہاں یہ ''مضمون جہاد'' آیت (۱۰۴) سے شروع ہو جاتا ہے اور بہت دور تک چلتا رہتا ہے۔ چنانچہ آیت (۱۰۴) میں ارشاد باری تعالیٰ ہے ولتکن منکم امة الایة ترجمہ: اور چاہیے کہ تم میں سے ایک جماعت ایسی ہو جو نیک کام کی طرف بلاتی رہے اور اچھے کاموں کا حکم کرتی رہے اور برے کاموں سے روکتی رہے اور وہی لوگ نجات پانے والے ہیں (آل عمران ۱۰۴)

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ اسکی تفسیر میں لکھتے ہیں ''معلوم ہوا کہ مسلمانوں میں فرض ہے ایک جماعت قائم رہے جہاد کرنے کو اور دین کا تقید رکھنے کو تا (کہ) خلاف دین کوئی نہ کرے اور جو اس کام پر قائم ہوں (یعنی جہاد پر) وہی کامیاب ہیں اور یہ (نظریہ رکھنا) کہ کوئی کسی سے تعرض نہ کرے (یعنی ہر کوئی اپنے دین پر رہے) موسیٰ بدین خود، عیسیٰ بدین خود (یعنی موسیٰ اپنے دین پر اور عیسیٰ اپنے دین پر رہے اور کوئی کسی کو نہ دعوت دے نہ اسلام کی خاطر جہاد کرے) یہ راہ مسلمانی کی نہیں۔ (یعنی یہ اسلامی نظریہ اور طرز عمل نہیں ہے) (تفسیر موضح القرآن) اس کے بعد

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آیت (۱۰۸) میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

تلك آيات الله نتلو ها عليك بالحق وما الله يريد ظلما للعالمين (آل عمران ۱۰۸)

ترجمہ:

یہ اللہ پاک کی آیات ہیں ہم آپ کو ٹھیک ٹھیک سناتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنا نہیں چاہتا جہان والوں پر۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں "یعنی جہاد اور امر بالمعروف کا جو حکم فرمایا یہ ظلم نہیں خلق (مخلوق) پر (بلکہ) ان کی تربیت ہے (موضح القرآن) اس کے بعد آیت (۱۰۹) میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ولله مافي السموت وما في الارض والى الله ترجع الامور. (آل عمران ۱۰۹)

اور جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ ہی کا ہے اور سب کام اللہ تعالیٰ ہی کی طرف پھیرے جاتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں "یعنی جہاد میں خلق (یعنی مخلوق) کی جان و مال تلف (ختم) ہو تو مالک (یعنی اللہ تعالیٰ) کے حکم سے ہے، سب چیز مال اللہ تعالیٰ کا ہے۔ (موضح القرآن)

پھر آیت (۱۱۰) جس کی یہاں تفسیر چل رہی ہے کے حاشیہ میں لکھتے ہیں۔ یعنی یہ امت ہر امت سے بہتر ہے اسی دو صفت میں (پہلی) امر معروف یعنی جہاد اور (دوسری) ایمان یعنی توحید کا تقید۔ (یہ دونوں صفتیں) اس قدر (کسی) اور دین میں نہیں (موضح القرآن)

## نکتہ

آیت مبارکہ میں امر اور نہی کا لفظ استعمال ہوا ہے جس سے یہ اشارہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ امت قوت اور سلطنت حاصل کرے اور اسے زمین پر تمکین نصیب ہو تا کہ یہ امر یعنی حکم کر سکے۔ اگر مسلمان مغلوب ہونگے تو حکم کیسے دے سکیں گے؟ والامر هو قول القائل لغيره على سبيل الاستعلاء افعل (واللہ اعلم بالصواب)

## نکتہ

اللہ پاک کا ہر حکم خیر ہے اور اللہ پاک کی ہر نافرمانی منکر ہے خیر امت وہی ہو سکتی ہے جو خیر کو پوری دنیا تک پہنچائے اور منکر کی پوری دنیا میں کمر توڑ دے۔ جب یہ امت خیر کو لیکر آگے بڑھے گی تو منکر کے محافظ اس کو روکیں گے۔ اگر امت رک جائے تو دین کی دعوت بند اور کچھ علاقوں تک محدود ہو جائے گی۔ اور اگر آگے بڑھے تو سوائے جنگ کے کوئی چارہ نہیں۔ پس بغیر جہاد اور قوت کے خیر اور نفع کو کس طرح سے پورے عالم تک پہنچایا جا سکتا ہے؟ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

"آیت کے اس جزو میں امت اسلامی کی اعتقادی، اخلاقی اور عملی زندگی کے کامل و مکمل ہونے کا پورا نقشہ آ گیا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مطلب یہ ہوا کہ اے مسلمانو! تم اپنی ذمہ داری پوری طرح محسوس کرو، تم توحید کے امانتدار ہو، زمین پر اللہ تعالیٰ کے نائب اور خلیفہ ہو، بطور اس کی پولیس کے ہو، الٰہی قانون کے نفاذ و تحفظ کے لئے بھیجے گئے ہو تمہاری زندگی کا مشن ہی یہ ہے کہ حکومت الٰہیہ کو چلاؤ نظام حق کے ایک ایک کل پرزہ کو درست رکھو اور نظام باطل کا زور چلنے ہی نہ دو، ظلم ہوتا اگر (مسلمانوں کی) اس ذمہ دار فعال جماعت کو جدال و قتال کی آزادی کسی حال میں نہ ملتی، بلا اجازت جہاد، بلا اجازت اجراء حدود و تعزیرات اس قوم پر ذمہ داریاں ڈال دینے کے معنی یہ ہوتے کہ ہاتھ پیر باندھ کر حکم دریا میں پیرنے (یعنی تیرنے) کا دیا جا رہا ہے۔" (تفسیر ماجدی)

## فائدہ

امام سرخسی رحمہ اللہ نے اپنی شہرہ آفاق کتاب مبسوط میں جہاد و سیر کا باب اسی آیت مبارکہ سے شروع کیا ہے، معلوم ہوا کہ اس آیت کا جہاد کے ساتھ بہت مضبوط ربط ہے۔

اخرجت لفظ اخرجت میں جس خروج و ظہور کا ذکر ہے اس کا اشارہ بھی جہاد کی طرف ہے (واللہ اعلم بالصواب)

## قول عمر رضی اللہ عنہ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان اکثر مفسرین حضرات نے نقل کیا ہے۔

من سرہ ان یکون من تلکم الامۃ فلیحقق شرط اللہ منھا جس کا دل چاہے کہ وہ اس (بہترین) امت میں شامل ہو تو اسے چاہیے کہ اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی شرط پوری کرے۔ (جلالین وغیرہ) یعنی آیت میں جو تین صفات بیان ہوئی ہیں ان کو اپنائے۔

## ولو امن اھل الکتاب

اگر اہل کتاب ان تین شرطوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق پورا کرتے تو وہ بھی بڑی خیر پا لیتے مگر ان میں سے بہت تھوڑے لوگ ایمان لائے ہیں جبکہ اکثر نے کفر و نافرمانی کے راستے کو اختیار کیا ہے۔

## دعاء

یا اللہ! ہم سب مسلمانوں کو اس بات کی مقبول فکر عطاء فرما کہ پورے عالم میں اسلام پہنچے انسانوں کو کفر سے نجات ملے اور وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار کر کے جنتی بن جائیں۔ یا اللہ ہمیں دعوت و جہاد کی توفیق عطاء فرما اور اسلام کو ایسا غلبہ عطاء فرما کہ لوگ فوج در فوج اسلام میں داخل ہوں۔ آمین یا ارحم الراحمین

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّة　آیت ۱۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ۭ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ

وہ زبان سے ستانے کے سوا تمہارا اور کچھ نہ بگاڑ سکیں گے اور اگر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر دیں گے

ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

پھر مدد نہیں دیے جائیں گے

### خلاصہ

اگرچہ اہل کتاب میں سے بہت کم لوگ ایمان لائے ہیں۔ اور اکثر تمہارے مخالف اور دشمن ہیں۔ مگر ان کی یہ اکثریت تمہیں زبانی تکلیف کے علاوہ کوئی زیادہ نقصان نہیں پہنچا سکتی (اور نہ تمہارے دین کو پورے عالم تک پہنچنے سے روک سکتی ہے) اور اگر یہ لوگ زبانی ایذاء اور دھمکیوں سے بڑھ کر تم سے لڑنے کے لئے میدان میں اترے تو یہ شکست کھا کر بھاگ جائیں گے اور کوئی ان کی مدد کو نہیں آئے گا۔

### شانِ نزول

قال مقاتل ان رؤوس اليهود: كعب وعدي والنعمان وابو رافع و ابو ياسر وكنانة و ابن صوريا عمدوا الى مؤمنيهم عبد الله بن سلام واصحابه فآذوهم لاسلامهم فانزل الله تعالىٰ لن يضروكم الاية۔

یعنی حضرت امام مقاتل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہودیوں کے سرداروں نے اپنے ان لوگوں کو ستانا اور تنگ کرنا شروع کر دیا جنہوں نے یہودیت چھوڑ کر اسلام قبول کیا تھا جیسے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے رفقاء تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ یہ لوگ تمہیں زبانی تکلیف سے بڑھ کر اور کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ (القرطبی)

اذیٰ ستانے سے مراد تھوڑا بہت تنگ کرنا ہے صاحب روح المعانی لکھتے ہیں: یعنی الضرر الیسیر یعنی تھوڑا سا ایذاء پہنچا سکتے ہیں۔ قرطبی میں ہے باللسان یعنی زبانی تکلیف پہنچا سکتے ہیں جبکہ بعض مفسرین نے لکھا ہے بقول من طعن فی الدین او تهديد او نحو ذلك (کشاف) یعنی دین پر اعتراضات کر کے یا دھمکیاں دے کر تمہیں ستا سکتے ہیں۔

### تفسیری اقوال

❶ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں وان يقاتلوكم يولوكم الادبار (یعنی اگر وہ تم سے لڑیں گے تو شکست

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کھا کر بھاگیں گے۔) وھکذا وقع فانھم یوم خیبر اذلھم اللہ وارغم انوفھم وکذلك من قبلھم من یھود المدینة بنی قینقاع وبنی النضیر کلھم اذلھم اللہ، وکذلك النصاری بالشام کسرھم الصحابة فی غیر ماموطن، وسلبوھم ملك الشام أبد الابدین و دھرا الداھرین، ولا تزال عصابة الاسلام قائمة بالشام حتی ینزل عیسیٰ ابن مریم وھم کذلك ویحکم بملّة الاسلام وشرع محمد علیه افضل الصلوٰة والسلام فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ولا یقبل الاالاسلام۔

یعنی ایسا ہی ہوا۔ خیبر کے دن اللہ تعالیٰ نے انہیں ذلیل ورسوا فرمایا اور ان کی ناک مٹی میں ملا دی اور اس سے پہلے مدینہ منورہ میں بنی قینقاع اور بنی نضیر سب کو اللہ تعالیٰ نے رسوا فرمایا اور یہی حال عیسائیوں کا ملک شام میں ہوا جہاں حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم نے انہیں توڑ کر رکھ دیا اور ان سے ہمیشہ کے لئے ملک شام کو چھین لیا۔ اب ملک شام میں اسلامی قوت ہمیشہ موجود رہے گی یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے اور آپ اسلام اور شریعت محمدی کو نافذ فرمائیں گے اور صلیب کو توڑ دیں گے خنزیروں کو ماردیں گے اور جزیہ ختم کردیں گے کہ اس وقت سوائے اسلام کے اور کچھ قبول نہیں کیا جائے گا۔ (تفسیر ابن کثیر)

❷ "یعنی اگر اکثر (اہل کتاب) نافرمان ہیں تو ہونے دو تم کو ان کی اکثریت یا مادی ساز وسامان سے خوف کھانے کی کوئی وجہ نہیں (اے خیر الامم) خدا کا وعدہ ہے کہ یہ شیطانی لشکر تمہارا کچھ نہ بگاڑ سکے گا بشرطیکہ تم خود کو خیر الامم ثابت کرو بس بیانتہا ہی کرسکتے ہیں کہ زبان سے گالی دیں اور نامردوں کی طرح تم کو برا بھلا کہتے پھریں یا کوئی چھوٹی موٹی عارضی تکلیف پہنچائیں، باقی تم پر غالب ومسلط ہو جائیں۔ یا کوئی بڑا قومی نقصان پہنچا سکیں یہ کبھی نہ ہوگا، اگر لڑائی میں تمہارے مقابلہ پر آئے تو پیٹھ دے کر بھاگیں گے اور کسی طرف سے ان کو مدد نہ پہنچے گی جو ان کی ہزیمت کو روک سکے یہ پیشین گوئی حرف بحرف پوری ہوئی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عہد میں اہل کتاب کا یہی حشر ہوا، اسلام اور مسلمانوں کی تباہی کے لئے انہوں نے ایڑی چوٹی کا زور خرچ کردیا۔ مگر بال بیکا نہ کرسکے جہاں مقابلہ ہوا حمر مستنفرہ (بدکے ہوئے گدھوں) کی طرح بھاگے ہر موقع پر خدا کی نصرت وامداد خیر الامم کے شامل حال رہی اور دشمن بدحواسی اور بے کسی کی حالت میں مقہور ومخذول ہو کر بھاگے یا قید ہوئے یا رعیت بن کر رہے یا جہنم میں پہنچ گئے فللہ الحمد والمنة" (تفسیر عثمانی)

## فائدہ

یہ آیت مبارکہ آج بھی پوری شان کے ساتھ موجود ہے یہود ونصاریٰ مسلمانوں کو زبانی تکلیف پہنچا رہے ہیں۔ مگر وہ مسلمانوں کے جہاد سے سخت خوفزدہ ہیں، چنانچہ اسے روکنے کے لئے اسلامی ممالک کے حکمرانوں کو استعمال

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کر رہے ہیں۔ آج بھی اگر امت مسلمہ مجموعی طور پر ”خیر امت“ ہونے کا ثبوت دے اور ساری دنیا تک اسلام کی خیر پہنچانے اور اسلام کو نافذ کرنے کی اپنی ذمہ داری محسوس کرے اور ساری دنیا کو ”لا الٰہ الا اللہ“ کی وہ دعوت دے جس کے پیچھے جہاد کی قوت ہو تو اس آیت کا منظر آج بھی کھلی آنکھوں سے نظر آ جائے گا۔ ہم خیر امت کی شرطیں چھوڑ کر دنیا کو مقصد بنا لیں اور پھر قرآن پاک پر انگلی اٹھائیں کہ کافر پیٹھ پھیر کر بھاگ کیوں نہیں رہے تو یہ گمراہی والی بات ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دعاء

یا اللہ ہم سب مسلمانوں کو ”خیر امۃ“ کی شرطیں پوری کرنے کی توفیق اور ہمت عطا فرما۔ (آمین یا اکرم الاکرمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْۤا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ

ان پر ذلت لازم کی گئی ہے جہاں وہ پائے جائیں مگر ساتھ اللہ تعالیٰ کی پناہ کے اور

حَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ

لوگوں کی پناہ کے اور وہ اللہ تعالیٰ کے غضب کے مستحق ہوئے اور ان پر پستی لازم

الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ

کی گئی یہ اس واسطے ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کے ساتھ کفر کرتے تھے اور

الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

پیغمبروں کو ناحق قتل کرتے تھے اور یہ اس سبب سے ہے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے نکل جاتے تھے

## خلاصہ

یہودیوں نے انبیاء علیہم السلام کو شہید کیا ہے، ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کو اپنا طریقہ بنایا ہوا ہے۔ یہ لوگ تمام دینی، اخلاقی اور انسانی حدود سے تجاوز کرتے رہتے ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے پکے منکر ہیں۔ ان کے انہی جرائم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان پر ذلت، پستی، کم ہمتی کو مسلط کر دیا ہے۔ یہ ذلت سے اسی وقت بچ سکتے ہیں جب اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجائیں یا کسی اور طاقتور قوم سے معاہدہ کر لیں۔ یہ لوگ اللہ پاک کے غضب کے مستحق ہیں۔

ضربت علیہم الذلۃ ان پر ذلت جما دی گئی ہے۔

❶ بے قدری یعنی بے ماشی جان کی (بیان القرآن)

❷ ھدر النفس والمال والاھل یعنی ان کی جان، مال اور اہل و عیال کے خون کی کوئی قدر و قیمت نہیں (ہر جگہ مارے لوٹے جاتے ہیں)۔ (روح المعانی)

❸ ذلۃ التمسک بالباطل واعطاء الجزیۃ۔ باطل کے ساتھ چمٹے رہنے اور جزیہ (ٹیکس) دے کر جینے کی ذلت۔ (روح المعانی)

❹ ذلت یعنی ان کی جانوں، ان کے مالوں، ان کی عزتوں سب کی بے وقعتی اور ناقدری خلق اللہ کے دل میں پیدا ہو گئی ہے۔ اور تاریخ کی شہادت ہے کہ یہود کی یہ خستہ حالی اور شکستہ پائی نہ صرف زمانہ نزول (یعنی آیت نازل

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہونیکے زمانہ) تک رہی بلکہ اس کے بعد بھی صدہا سال تک اسی طرح قائم رہی این ما ثقفوا چنانچہ ابھی بیسویں صدی مسیحی کے ہی ثلث اول تک یہود کی جوگت جرمنی میں، ہنگری میں، اٹلی میں، چیکوسلواکیا میں اور دوسرے ملکوں میں باوجود ان کی خوشحالی وزرداری کے بن چکی ہے وہ بجائے خود اس آیت کی ایک تفسیر ہے۔(تفسیر ماجدی)

❺ ان المراد ان یحاربوا ویقتلوا وتغنم اموالهم وتسبیٰ ذراریهم وتملك اراضیهم یعنی ذلت سے مراد یہ ہے کہ ان پر حملے ہونگے انہیں قتل کیا جائے گا، ان کے اموال کو غنیمت بنایا جائے گا، ان کے بچے قید ہونگے اور ان کی زمینیں چھین لی جائیں گی۔(تفسیر کبیر)

المسکنة اور ان پر پستی لازم کردی گئی ہے۔ مسکنت کی تفسیر میں حضرات مفسرین کے کئی اقوال ہیں مختصر طور پر تین قول ملاحظہ فرمائیں:

❶ اس سے مراد جزیہ ہے

❷ یہودی جتنا بھی مالدار ہو جائے اس کا دل اور نفس محتاج ہی رہتا ہے۔ اور وہ اپنی غربت اور محتاجی لوگوں پر ظاہر کرتا رہتا ہے۔(بخل اور حرص کی وجہ سے)

❸ اس میں جہاد کی خبر دی گئی ہے کہ یہودیوں کے اموال کو اللہ پاک نے مسلمانوں کا رزق بنادیا ہے۔ چنانچہ یہودی مسکین رہ جائیں گے۔ (التفسیر الکبیر)

### نکتہ

ذلت کا تعلق خارج سے ہے کہ دوسروں کی نظر میں بے قدر اور رسوا ہونگے اور مسکنہ کا تعلق داخل سے ہے کہ قلبی طور پر کم ہمت اور حریص اور لالچی ہونگے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

حبل من اللہ وحبل من الناس مگر یہ کہ اللہ پاک کی پناہ میں آجائیں یا لوگوں کی پناہ میں۔ اس پر مفسرین نے کافی کلام کیا ہے یہاں صرف تین محققین حضرات کی عبارات ملاحظہ فرمالیں۔

❶ خدا کی رسی سے مراد اسی کی طرف کا امن ہے جو ماتحت اسلام (یعنی اسلام کے ماتحت آنے والوں) کو حاصل ہے اور لوگوں کی رسی وہ عہد و پیمان جو لوگ اپنے ماتحتوں سے کرتے ہیں۔(تفسیر حقانی)

(۲) حبل من اللہ سے مراد ان کی ایسی آبادی ہو سکتی ہے جسے خود شریعت الٰہی نے قتل و ہلاکت اور تعزیری انتقامی کاروائیوں سے مستثنیٰ رکھا ہے مثلاً ان کے بچے، ان کی عورتیں، ان کے گوشہ نشین زاہد، درویش وغیرہ اور حبل من الناس سے مراد ان کی وہ جماعتیں ہو سکتی ہیں جو معاہدوں کے ذریعہ سے امن حاصل کر لیتی ہیں (تفسیر ماجدی)

(۳) یعنی یہود پر ہمیشہ کیلئے ذلت کی مہر کردی گئی ہے یہ بدبخت جہاں کہیں پائے جائیں ذلت کا نقش ان سے محو نہیں ہو سکتا، بڑے بڑے کروڑ پتی یہود بھی آزادی وخود مختاری سے اپنی جان ومال کی حفاظت نہیں کرسکتے کیونکہ ان کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آزاد حکومت کسی جگہ نہیں سوائے دستاویز اللہ تعالیٰ کے "یعنی بعض بچی کچی رسمیں تورات کی عمل میں لاتے ہیں اس کے طفیل سے (بچے) پڑے ہیں اور سوا دستاویز لوگوں کے یعنی کسی کی رعیت میں انکی پناہ میں پڑے ہیں (کذا فی الموضح)

بعض مفسرین نے حبل من الله وحبل من الناس سے اللہ تعالیٰ کا ذمہ اور مسلمانوں کا عہد مراد لیا ہے۔ یعنی بجز (یعنی سوائے) اسکے کہ مسلمانوں سے عہد کر کے خدا کے ذمہ میں آجائیں بعض کہتے ہیں کہ بحبل من الله سے اسلام مراد ہے یعنی اسلام لا کر اس ذلت سے نکل سکتے ہیں یا معاہد بن کر کیونکہ معاہدہ بھی جان ومال کی طرف سے مامون کر دیتا ہے۔ (واللہ اعلم) (تفسیر عثمانی)

## اشکال کا جواب

### اشکال

ذلت مسلط ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودیوں کی اپنی کوئی آزاد خود مختار اور پرامن ریاست قائم نہیں ہوگی۔ مگر اب تو اسرائیل قائم ہو چکا ہے۔ اور اچھا خاصا طاقتور ملک بن چکا ہے؟

### جواب

1. حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قرب قیامت کا زمانہ ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کے ساتھ مسلمانوں کی فیصلہ کن جنگ کی خبر دی ہے۔ اس جنگ کے لئے اللہ پاک نے یہودیوں کو ایک جگہ جمع کرنے کا انتظام فرمایا ہے۔ اور فیصلہ کن جنگ کا مقام وہی ہے جہاں اس وقت اسرائیل قائم ہے۔
2. یہ کوئی خود مختار حکومت نہیں ہے بلکہ حبل من الناس یعنی دوسرے لوگوں کی پناہ اور حفاظت میں بنی ہوئی عارضی کالونی ہے آج عیسائی ممالک اپنا ہاتھ کھینچ لیں تو اسرائیل چند روز میں لرزنے لگے گا۔
3. جہاد کی برکت سے ابھی تک اسرائیل حالت امن میں نہیں آسکا خوف اور ذلت ہر اسرائیلی پر ہر لمحہ مسلط رہتی ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

بہر حال کچھ بھی ہو قرآن پاک کو ماننے والے مسلمانوں کے لئے اسرائیل کا وجود بہر حال عار کا مقام ہے۔ اللہ پاک اس عار سے ہم سب مسلمانوں کو نجات عطا فرمائے۔ (آمین یارب العالمین)

## نکتہ

پہلے فرمایا گیا کہ تم "خیر امت" ہو تمام انسانوں تک ایمان کی خیر پہنچانا اور تمام انسانوں کو کفر سے بچانا تمہارا کام ہے۔ دوسری آیت میں بتایا گیا کہ تمہاری دعوت کے اس راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ اہل کتاب کے کافر ڈالیں گے۔ مگر جب ان کے خلاف جہاد ہوگا تو وہ شکست کھا کر بھاگ جائیں گے۔ اب سوال یہ ہوا کہ ان کی طاقت تو بہت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

زیادہ ہے پھر کیسے شکست کھائیں گے۔ تو اس آیت میں بتا دیا گیا کہ ان کے برے کرتوتوں کی وجہ سے اللہ پاک نے ان پر ذلت مسلط فرما دی ہے۔ پس آیت کنتم خیر امۃ میں فتح کے اسباب اور اس آیت میں شکست کے اسباب کا تذکرہ آ گیا۔ کامیابی اور فتح کے اسباب ایمان، جہاد وغیرہ اور ذلت و شکست کے اسباب کفر، نافرمانی، کتاب اللہ سے روگردانی وغیرہ۔ واللہ اعلم بالصواب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۱۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ

اے ایمان والو اپنوں کے سوا کسی کو بھیدی نہ بناؤ وہ تمہاری خرابی میں قصور

خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِھِمْ ښ

نہیں کرتے جو چیز تمہیں تکلیف دے وہ انہیں پسند آتی ہے ان کے مونہوں سے دشمنی نکل پڑتی ہے

وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُھُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ

اور جو انکے سینوں میں چھپی ہوئی ہے وہ بہت زیادہ ہے ہم نے تمہارے لئے نشانیاں بیان کردیں اگر تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

عقل رکھتے ہو

## خلاصہ

اے ایمان والو! مسلمانوں کے علاوہ کسی کافر و منافق کو اپنا قریبی اور ہمراز دوست نہ بناؤ۔ یہ لوگ تمہیں خرابی اور فساد میں ڈالنے کی بھرپور کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ تمہارے ساتھ ان کو جو دشمنی ہے اس کا کچھ حصہ تو ان کی باتوں میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ مگر اصل اور بڑی دشمنی تو انہوں نے اپنے دلوں میں چھپا رکھی ہے۔ اللہ پاک نے تمہیں ان کی دشمنی اور عزائم کی خبر دے دی ہے۔ اب عقل و دانش سے کام لیکر اللہ تعالیٰ کے اس حکم پر مضبوطی سے عمل کرو۔

## کلام برکت

یعنی مسلمانوں کو کافروں سے دوستی کرنی نہ چاہیے وہ ہر طرح دشمن ہیں۔ (موضح القرآن)

## کلام حسرت

امام قرطبی رحمہ اللہ اپنے زمانہ کا حال ان الفاظ میں لکھتے ہیں:

وقد انقلبت الأحوال في هذه الزمان باتخاذ اهل الكتاب كتبة وأمناء وتسودو بذلك عند الجهلة الاغبياء من الولاة والامراء

یعنی ہمارے زمانے میں حالات بدل چکے ہیں اب جاہل اور کم عقل حکمرانوں نے اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کو اپنا منشی اور ناظم بنا کر بڑے عہدوں تک پہنچا دیا ہے (قرطبی)

امام قرطبی رحمہ اللہ نے یہ حالات تقریباً ایک ہزار سال پہلے کے تحریر فرمائے ہیں جبکہ آج سے کچھ سال پہلے کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ایک مفسر اپنے زمانے کا حال ان الفاظ میں لکھتے ہیں:

"تاریخ شاہد ہے کہ جب کبھی بھی اس نصیحت کے خلاف کیا ہے مسلمانوں نے مار کھائی ہے، دشمن اسی طریقہ سے قابو پاتا ہے کہ وہ مسلمانوں میں سے کچھ لوگوں کو مال دے کر یا عہدے دیکر اپنا ہموا بنالیتا ہے۔ یہ مال کے لالچی اور عہدوں کے حریص (لوگ) دشمنوں کے سامنے مسلمانوں کی انفرادی واجتماعی خفیہ باتیں سب اگل دیتے ہیں۔ دشمنوں نے مسلمانوں کے ملکوں میں مسلمانوں میں سے ایسے جاسوس بنا رکھے ہیں جو ہر چھپی ڈھکی بات اور ہر خفیہ مشورہ دشمنوں تک پہنچادیتے ہیں جسکی وجہ سے مسلمانوں کی حکومتیں زیر زبر ہوتی ہیں اہم افراد قتل ہوتے رہتے ہیں۔ یہ لوگ اسلام کا کلمہ پڑھنے کے باوجود اسلام کو اور مسلمانوں کو نقصان پہنچاتے رہتے ہیں۔ (انوارالبیان)

یہ تو تھی چند سال پہلے کی بات۔ مگر آج اللہ تعالیٰ کے اس حکم کے بارے میں مسلمانوں کا جو رویہ ہے اسے بیان کرنا بے حد مشکل ہے بس اللہ تعالیٰ ہی رحم فرمائے۔ آمین

**لا تتخذوا بطانۃ** اے ایمان والو کافروں کو اپنا بطانہ نہ بناؤ۔

❶ اصفیاء تطلعونهم علی سرّکم. یعنی ایسا خاص دوست نہ بناؤ جن کو اپنے راز بتاؤ (جلالین)

❷ بطانة الرجل خاصته الّتي يستبطنون امره. آدمی کا بطانہ اس کے وہ خواص ہوتے ہیں جو اس کے اندرونی معاملات کو جانتے ہیں۔ (القرطبی)

❸ نهى الله عزوجل المومنين بهذه الاية ان يتخذوا من الكفار واليهود واهل الهواء دخلاء وولجاء يفاوضونهم في الاراء ويسندون اليهم امورهم.

یعنی اللہ عزوجل نے اس آیت کے ذریعہ ایمان والوں کو اس بات سے منع فرمادیا کہ وہ کافروں، یہودیوں اور نفس پرست لوگوں کو اپنا ایسا خاص دوست اور مقرب بنائیں جنہیں اپنے مشوروں میں شریک رکھیں اور اپنے معاملات میں ان پر بھروسہ کریں۔ (قرطبی)

## شانِ نزول

بعض مفسرین کے نزدیک یہ آیت یہود کے بارے میں نازل ہوئی، بعض کے نزدیک منافقین کے بارے میں اور بعض کے نزدیک تمام کافروں کے بارے میں (تفسیر کبیر)

بہرحال شان نزول تو خاص ہوسکتا ہے مگر حکم عام ہے۔

## تفسیر

صاحب روح المعانی اور دیگر مفسرین حضرات نے اس آیت کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ اس عبارت میں ملاحظہ فرمائیے:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

"حق تعالیٰ نے یہاں صاف صاف آگاہ کر دیا کہ مسلمان اپنے اسلامی بھائیوں کے سوا کسی کو بھیدی اور راز دار نہ بنائیں۔ کیونکہ یہود ہوں یا نصاریٰ منافقین ہوں یا مشرکین ان میں کوئی جماعت تمہاری حقیقی خیر خواہ نہیں، بلکہ ہمیشہ یہ لوگ اس کوشش میں رہتے ہیں کہ تمہیں پاگل بنا کر نقصان پہنچائیں اور دینی و دنیوی خرابیوں میں مبتلا کریں۔ ان کی خواہش اسی میں ہے کہ تم تکلیف میں رہو اور کسی نہ کسی تدبیر سے تم کو دینی یا دنیوی ضرر پہنچ جائے جو دشمنی اور بغض ان کے دلوں میں ہے وہ تو بہت ہی زیادہ ہے۔ لیکن بسا اوقات عداوت وغیظ کے جذبات سے مغلوب ہو کر کھلم کھلا ایسی باتیں کر گزرتے ہیں جو ان کی گہری دشمنی کا صاف پتا دیتی ہیں۔ مارے دشمنی اور حسد کے ان کی زبان قابو میں نہیں رہتی پس عقلمند آدمی کا کام نہیں کہ ایسے خبیث باطن دشمنوں کو اپنا راز دار بنائے۔ خدا تعالیٰ نے دوست و دشمن کے پتے اور موالات وغیرہ کے احکام کھول کر بتلا دیے ہیں جس میں عقل ہو گی ان سے کام لے گا۔ (تفسیر عثمانی)

## ایک روایت

وقیل لعمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ ان ھھنا رجلا۔ الی آخرہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا گیا کہ یہاں "حیرۃ" کے عیسائیوں میں سے ایک شخص بہت عمدہ کاتب ہے کیا آپ اسے اپنا کاتب (منشی) رکھیں گے؟ اس پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر میں نے ایسا کیا تو میں مسلمانوں کے علاوہ کسی کو اپنا بطانہ (خاص آدمی) بنانے والا بن جاؤں گا (جس سے اللہ پاک نے منع فرمایا ہے) (قرطبی، روح المعانی وغیرہ)

## تنگ نظری؟

قانون اسلام کے منکروں اور باغیوں سے تعلقات ایک خاص حد سے آگے بڑھانے کی اجازت کسی مسلم، اسلامی حکومت کی رعایا کو نہیں کہ اس سے فرد اور ملت دونوں کو ضرر کے اندیشے اور خطرے کھلے ہوئے ہیں اور اس صریح، معقول، مناسب اور ضروری انتظام کا نام بعض عقل کے دشمنوں نے "تنگ نظری" رکھا ہے۔ سبحان اللہ! امراض وبائی میں پرہیز و احتیاط کا نام تو فخر کے ساتھ "اصول حفظان صحت" رکھا جائے اور جو انتظام کفر و طغیان یعنی دنیا و آخرت دونوں کی بربادی سے بچنے کے لیے کیا جائے اس کا نام "تنگ نظری" پڑ جائے، عقل دشمنی کی بھی کوئی حد ہونی چاہیے۔ (تفسیر ماجدی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۱۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ

سن لو تم ان کے دوست ہو اور وہ تمہارے دوست نہیں اور تم تو سب کتابوں کو مانتے ہو

كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ

اور جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں اور جب الگ ہوتے ہیں تو تم پر غصہ سے

الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں کہہ دو تم اپنے غصہ میں مرو اللہ تعالیٰ کو دلوں کی

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾

باتیں خوب معلوم ہیں

### خلاصہ

اے مسلمانو! تم ان سے دوستی رکھتے ہو حالانکہ وہ تو تمہارے بدخواہ دشمن ہیں، جبکہ تمہارے اور ان کے نظریات کا یہ عالم ہے کہ تم تو تمام آسمانی کتابوں پر ایمان لاتے ہو جبکہ وہ تمہاری کتاب ”قرآن پاک“ کو نہیں مانتے پھر ان سے یاری اور دوستی کیسی؟ باقی ان کے ظاہری رویے سے دھوکے میں نہ پڑو وہ تمہارے سامنے تو دوستی یاری اور ایمان کی بات کرتے ہیں مگر تمہاری پیٹھ پیچھے وہ تمہیں برباد کرنے کی تدبیریں کرتے ہیں اور تمہاری ترقی اور تمہاری جماعت کو دیکھ دیکھ کر حسد اور غم میں اپنی انگلیاں چباتے ہیں۔ ان کو بتا دیا جائے کہ غم، غصے اور حسد میں جل مرو تم اب اسلام کے عروج کو نہیں روک سکتے۔ اللہ تعالیٰ کو دلوں کے حالات کی پوری خبر ہے۔

### تفسیری اقوال

❶ تحبونهم اے مسلمانو تم ان سے محبت رکھتے ہو۔

لقرابتهم منكم وصداقتهم ان سے اپنی رشتہ داری اور سابقہ دوستی کی وجہ سے اور وہ لا يحبونكم تم سے محبت نہیں رکھتے لمخالفتهم لكم في الدين دین میں تم سے اختلاف رکھنے کی وجہ سے۔ (جلالین)

یعنی ان کا نظریہ غلط اور ناقص ہے پھر بھی انہوں نے اسے دوستی اور دشمنی کا معیار بنا رکھا ہے جبکہ تمہارا نظریہ حق اور کامل ہے اس کے باوجود تم اس پر رشتہ داری وغیرہ کو ترجیح دیتے ہو ایسا کرنا درست نہیں ہے۔

❷ وتؤمنون بالكتاب كله اى بكتابكم وكتابهم وبما مضىٰ من الكتب قبل ذلك وهم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یکفرون بکتا بکم فانتم احق بالبغضاء لھم منھم لکم

یعنی تم تو سب آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتے ہو اپنی کتاب پر بھی اوران کی کتاب پر بھی اور جو کتابیں پہلے نازل ہوئیں ان پر بھی جبکہ وہ تمہاری کتاب (قرآن مجید) کے منکر ہیں ، تو تم ان سے بغض رکھنے کے زیادہ حقدار ہو بجائے اس کے وہ تم سے بغض رکھیں (تفسیر ابن کثیر)

❺ قل موتو ابغیظکم ای مھما کنتم تحسدون علیه المومنین ویغیظکم ذلك منھم فاعلموا ان الله متم نعمته علی عبادہ المومنین ومکمل دینه ومعل کلمته ومظھر دینه فموتوا انتم بغیظکم یعنی آپ فرما دیجئے کہ اے کافرو! منافقو اپنے غم میں گھٹ کر مرجاؤ تم مسلمانوں پر جتنا بھی حسد کرلو اور اس پر تم جتنے غم و غصے کا اظہار کرلو اللہ پاک اپنے مومن بندوں پر اپنی نعمت پوری فرمائے گا اور اپنے دین کو مکمل فرمائے گا اور اپنے کلمے کو بلند اور اپنے دین کو غالب فرمائے گا پس تم اپنے غم و غصے میں مرجاؤ ۔ (تفسیر ابن کثیر)

❺ قل موتوا بغیظکم آپ کہہ دیجئے کہ تم اپنے غصے میں مرجاؤ أمر الرسول الله بطیب النفس وقوة الرجا والا ستبشار بوعدالله ان یھلکو غیظاً باعزاز الدین واذلالھم کانه قیل حدث نفسك بذلك یہ حکم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل خوش کرنے ، آپ کی حوصلہ افزائی کرنے اور آپ کو اللہ تعالیٰ کے وعدے کی خوشخبری دینے کے لئے کہ یہ (دشمن) اسلام کے غلبے اور اپنی ذلت دیکھ کر غم و غصے سے ہلاک ہو جائیں گے گویا کہ آپ سے کہا گیا کہ اپنے دل میں کہیں کہ اے کافرو اپنے غم و غصے میں مرجاؤ ۔ (کشاف)

قل موتوا بغیظکم ھو دعاء علیھم ای قل یا محمد ( صلی الله علیه وسلم) ادام الله غیظکم الی أن تموتوا۔ یعنی یہاں (کافروں) کے لئے بددعا ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم فرما دیجئے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ہمیشہ اس غم میں رکھے یہاں تک کہ تم مرجاؤ۔ (قرطبی)

❻ "یعنی یہ کیسی بے موقع بات ہے کہ تم ان کی دوستی کا دم بھرتے ہو اور وہ تمہارے دوست نہیں بلکہ جڑ کاٹنے والے دشمن ہیں اور طرفہ یہ کہ تم تمام آسمانی کتابوں کو مانتے ہو خواہ وہ کسی قوم کی ہوں اور کسی زمانہ میں کسی پیغمبر پر نازل ہوئی ہوں جن کے خدا نے نام بتائے ان پر "علی التعیین" اور جن کے نام نہیں بتائے ان پر "بالاجمال" ایمان رکھتے ہو اس کے برخلاف یہ لوگ تمہاری کتاب اور پیغمبر کو نہیں مانتے بلکہ خود ان کی کتابوں پر بھی ان کا ایمان صحیح نہیں ۔ اس لحاظ سے چاہیے تھا کہ وہ تم سے قدرے محبت کرتے اور تم ان سے سخت نفور و بیزار رہتے مگر یہاں معاملہ برعکس ہو رہا ہے" (عثمانی)

❼ "ملاقات کے وقت ، تمہارے قومی جلسوں اور عام مجامع ملی میں وہ اس قسم کی تقریریں کر جاتے ہیں جن سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سادہ لوح مسلمان یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے خیر خواہ ہیں مگر وہ یاد رکھیں کہ یہ سب زبانی جمع خرچ ہوتا ہے۔" (تفسیر الفرقان)

## فائدہ

موجودہ دور میں کافروں کی طاقت دیکھ کر بعض لوگوں کو قرآن پاک کے اس طرح کے احکامات (نعوذ باللہ) عجیب لگتے ہیں ایسے لوگوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ جب یہ احکامات نازل ہو رہے تھے تو اس وقت مسلمان بہت تھوڑے اور بہت کمزور تھے اور تقریباً ساری دنیا پر کفر کی حکومت تھی۔ مگر اس زمانے کے مسلمانوں نے اپنی قلت اور کافروں کی طاقت کو اپنے لئے عذر قرار نہیں دیا بلکہ ان احکامات پر فوراً عمل کیا جس کی برکت سے اسلام مضبوط ہوا اور ساری دنیا میں پھیلتا چلا گیا اور ہم اور آپ تک بھی الحمد للہ پہنچ گیا۔ اس نکتے میں عقل والوں کے لئے بہت بڑا سبق ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَفْرَحُوا بِهَا

اگر تمہیں کوئی بھلائی پہنچے تو انہیں بری لگتی ہے اور اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو اس سے خوش ہوتے ہیں

وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا إِنَّ اللّٰهَ

اور اگر تم صبر کرو اور پرہیز گاری کرو تو ان کے فریب سے تمہارا کچھ نہ بگڑے گا بے شک اللہ تعالیٰ

بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾

ان کے اعمال پر احاطہ کرنے والا ہے

## خلاصہ

یہ لوگ تم سے اس قدر بغض اور عداوت رکھتے ہیں کہ جب بھی تمہیں کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو یہ تکلیف میں جلنے لگتے ہیں اور اگر تمہارا کچھ نقصان ہوتا ہے تو یہ خوشیاں مناتے ہیں۔ اب ایسے شریر لوگوں اور بدخواہ دشمنوں کے شر سے بچنے کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ تم ان سے یاری اور دوستی کرلو بلکہ ان سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے دین اور نظریات پر مضبوطی سے ڈٹے رہو۔ اور اللہ پاک کی نافرمانی سے بچ کر اسکی نصرت کو اپنے ساتھ لو۔ یہ جتنے بھی طاقتور کیوں نہ ہوں اللہ تعالیٰ سے نہیں چھپ سکتے۔

## تفسیری اقوال

❶ ممکن تھا کہ کسی کو یہ خیال گذرے کہ جب ہم ان سے دوستانہ تعلقات نہ رکھیں گے تو وہ زیادہ غیظ وغضب میں آ کر ہمارے خلاف تدبیریں کریں گے اور بیش از بیش (یعنی زیادہ سے زیادہ) نقصان پہنچانا چاہیں گے۔ اس کا جواب دیا کہ تم صبر واستقلال اور تقوی وطہارت پر ٹھیک ٹھیک قائم رہو گے تو ان کا کوئی داؤ فریب تم پر کارگر نہ ہوگا، جو کاروائیاں وہ کرتے ہیں سب خدا کے علم میں ہیں اور اسکو ہر وقت قدرت حاصل ہے کہ ان کا تارو پود بکھیر دے تم اپنا معاملہ خدا سے صاف رکھو پھر تمہارے راستہ سے سارے کانٹے صاف کر دیے جائیں گے (تفسیر حقانی)

❷ تم اپنے قصے مقاتلۂ کفار (یعنی کفار کے خلاف جہاد کو) یاد کرلو جہاں صبر تقوی پورا پورا کیا جیسے بدر وہاں کید کفار (یعنی کفار کی سازشوں اور تدبیروں) سے کچھ ضرر نہ پہنچا اور جہاں اس میں کسی قدر کمی آ گئی وہاں ضرر (نقصان) ہو گیا جیسے احد میں مغلوب ہو گئے پھر حمراء الاسد میں باوجودیکہ واقعہ احد سے تازہ زخم خوردہ تھے لیکن استقلال وتقوی سے کام لیا پھر کامیاب ہوئے اس سے (آیت میں مذکور) مضمون بالا کی پوری تائید ہو گئی۔ (بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❸ ان تصبروا اگر تم ڈٹے رہے علی عداوتھم ان کی دشمنی پر وتتقوا اور بچتے رہے ما نہیتم عنہ من موالاتھم ان کی دوستی سے جس سے تمہیں منع کیا گیا ہے تو پھر ان کی سازشیں تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گی۔ (کشاف)

❹ ان تصبروا اگر تم ڈٹے رہے علیٰ اذا ھم ان کی تکلیفوں کے باوجود او علیٰ طاعۃ اللہ ومضض الجھاد فی سبیلہ یا تم ڈٹے رہے اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری اور اس کے راستے میں جہاد پر (تو پھر ان کی سازشیں تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گی) (روح المعانی)

❺ ان تصبروا علی اذاھم وتتقوا اللہ فی موالاتھم وغیرھا۔

اگر تم نے صبر کیا ان کی تکلیفوں پر اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہے کافروں کی دوستی وغیرہ کے بارے میں تو پھر وہ تمہیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ (جلالین)

## قرآنی نسخہ

دنیا بھر کے کافروں سے حفاظت کا قرآنی نسخہ "استقلال اور تقویٰ" یعنی ایمان وجہاد پر مضبوطی اور کافروں کی یاری سے پرہیز پر مشتمل ہے کاش امت مسلمہ اسے سمجھے اور اپنی حفاظت اور ترقی کے رسوا کن منصوبوں کو چھوڑ کر اس قرآنی نسخے پر عمل کرے۔ جس نسخے پر عمل کی برکت سے اسلام ہم تک پہنچا ہے واللہ اعلم بالصواب۔

## دعاء

یا اللہ ! یا اھل التقوی ! یا اھل المغفرۃ ! ہمیں استقلال اور تقویٰ عطا فرما۔

(آمین یارب العالمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۲۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ

اور جب تو صبح کو اپنے گھر سے نکلا مسلمانوں کو لڑائی کے ٹھکانے پر بٹھا رہا تھا

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾

اور اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے

## خلاصہ

وہ وقت یاد کرنے کے لائق ہے جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کے لئے اپنے گھر سے نکلے اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے مجاہد صحابہ کرام کو جنگی ترتیب کے مطابق میدان جہاد کے مختلف مقامات پر متعین فرمارہے تھے۔

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سن رہا تھا اور سب کچھ جان رہا تھا۔

## شانِ نزول

والجمهور على انها غزوة أحد جمہور کا قول یہ ہے کہ یہ آیت غزوہ احد کے بارے میں نازل ہوئی۔

(قرطبی، روح المعانی)

## تفسیری اقوال

من اهلك آپ صبح کو اپنے گھر والوں کے ہاں سے نکلے یعنی خرجت بالصباح من منزلك من عندعائشة رضى الله تعالىٰ عنها یعنی آپ صبح کے وقت اپنے گھر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں سے نکلے (قرطبی) من بمعنی عند (روح المعانی)

مقاعد للقتال آپ اپنے ایمان والے مجاہدین کو جنگ کے مقامات پر جمارہے تھے۔

❶ فمشىٰ على رجليه فجعل يصف أصحابه للقتال كانما يقوم بهم القدح ان رأى صدرا خارجا قال تاخر

یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیدل چل کر تشریف لے گئے اور آپ نے جنگ کے لئے اپنے صحابہ کرام کی تیر کی طرح سیدھی صفیں بنائیں اگر آپ کسی کا سینہ باہر نکلا ہوا دیکھتے تو فرماتے پیچھے ہو جاؤ۔ (کشاف)

❷ "ترتیب صفوف اور مورچوں کی مناسب موضعیت کی اہمیت جس طرح سکندر و دارا کے زمانہ میں تھی جدید فن حرب میں بھی مسلم ہے۔ امت کا رہبر کامل صلی اللہ علیہ وسلم مقدس نبی ہونے کے علاوہ سپہ دار اعظم (سپہ سالار اعظم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کی حیثیت سے بھی بے نظیر تھا" (تفسیر ماجدی)

## عجیب استدلال

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

ویروی انہ علیہ السلام غدا من منزل عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فمشی علی رجلیہ الی احد وھذا قول مجاھد والواقدی فدل ھذا النص ان عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کانت اھلا للنبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال تعالیٰ الطیبات للطیبین والطیبون للطیبات (النور ۲۶) فدل ھذا النص علی انہا مطھرۃ مبرأۃ من کل قبیح الاتری ان ولد نوح لماکان کافراً قال انہ لیس من اھلک (ھود ٤٦)

یعنی روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر سے نکلے اور پیدل احد کی طرف تشریف لے گئے یہ مجاہد رحمہ اللہ اور واقدی رحمہ اللہ کا قول ہے پس اس نص سے ثابت ہوا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اہل (اہلیہ) تھیں اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے (ترجمہ) پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے ہیں پس اس آیت سے ثابت ہوا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہر خرابی اور برائی سے پاک اور بری (اور بلند) ہیں، کیا تم نے نہیں دیکھا کہ حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا جب کافر تھا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا (ترجمہ) (اے نوح) وہ آپ کے اہل میں سے نہیں ہے۔ (تفسیر کبیر)

## سبق

مسلمانوں کے دینی رہنما اور علماء جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث ہیں ان کو جنگی امور میں مہارت حاصل کرنی چاہیے تاکہ وہ ہر میدان میں امت مسلمہ کی درست رہنمائی اور قیادت کر سکیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ماخوذ از : سیرت المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ

# غزوۂ احد

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# غزوۂ اُحد

## شوال ۳ھ

احد مدینہ منورہ کے ایک مشہور پہاڑ کا نام ہے جو مدینہ سے کم وبیش دو میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ احد کو احد اس لئے کہتے ہیں کہ وہ دوسرے جبال (پہاڑوں) سے متوحد یعنی منفرد اور علیحدہ ہے۔ (البدایہ والنہایہ ص ۹ ج ۴)

قال اللہ تعالیٰ واذ غدوت من اهلك تبوئ المؤمنين مقاعد للقتال. (آل عمران: آیہ ۱۲۱)

قریش مکہ جب بدر سے بے طرح شکست کھا کر مکہ واپس ہوئے تو یہ معلوم ہوا کہ وہ کاروان تجارت جس کو ابوسفیان ساحلی راستے سے بچا کر نکال لائے تھے وہ مع اصل سرمایہ اور زر منافع دارالندوہ میں بطور امانت محفوظ ہے بدر کی اس بے طرح ہزیمت اور ذلت آمیز شکست کا زخم یوں تو ہر شخص کے دل میں تھا، لیکن جن لوگوں کے باپ اور بیٹے بھائی اور بھتیجے خویش اور اقارب بدر میں مارے گئے ان کو رہ رہ کر جوش آتا تھا۔ جذبہ انتقام سے ہر شخص کا سینہ لبریز تھا۔ بالآخر ابوسفیان بن حرب، عبداللہ بن ابی ربیعہ، عکرمہ بن ابی جہل، حارث بن ہشام حویطب بن عبدالعزی، صفوان بن امیہ (جنگ بدر میں ابوسفیان کا بیٹا حنظلہ اور حضرت عکرمہ کا باپ اور حارث بن ہشام کا بھائی ابوجہل بن ہشام اور صفوان بن امیہ کا باپ امیہ قتل ہوئے تھے مگر بعد میں چل کر ابوسفیان اور عبداللہ بن ابی ربیعہ اور عکرمہ بن ابی جہل اور حارث بن ہشام اور حویطب بن عبدالعزیٰ۔ صفوان بن امیہ سب مسلمان ہوئے رضی اللہ عنہم (زرقانی ص ۲۰ ج ۲) اور دیگر سردارن قریش ایک مجلس میں جمع ہوئے کہ کاروان تجارت بطور امانت محفوظ ہے۔ اس میں سے اصل سرمایہ تو تمام شرکاء پر بقدر حصص تقسیم کر دیا جائے اور زر منافع کلیۃً محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے جنگ کی تیاری میں صرف کیا جائے تاکہ ہم مسلمانوں سے اپنے باپ اور بیٹوں، خویش اور اقارب، اعیان اور اشراف کا جو بدر میں مارے گئے انتقام لیں بیک آواز سب نے نہایت طیب خاطر سے اس درخواست کو قبول کیا اور زر منافع جس کی مقدار پچاس ہزار دینار تھی وہ سب اس کام کیلئے جمع کر دیا گیا۔

اس بارے میں حق تعالیٰ شانہ نے یہ آیت نازل فرمائی:

ان الذين كفروا ينفقون اموالهم ليصدوا عن سبيل الله. فسينفقونها ثم تكون عليهم حسرة ثم يغلبون (الانفال ۳۶)

ترجمہ: تحقیق کافر اپنے اموال کو خرچ کر رہے ہیں تاکہ لوگوں کو خدا کے راستہ سے روک دیں پس اور بھی خرچ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کریں گے اور پھر یہ سب ان پر حسرت اور افسوس ہوں گے پھر آخر مغلوب ہوں گے۔

## قریش کا عورتوں کو ہمراہ لے چلنا

غرض یہ کہ قریش نے خوب تیاری کی اور عورتوں کو بھی ہمراہ کیا تا کہ وہ رجزیہ اشعار سے لڑنے والوں کی ہمت بڑھائیں اور بھاگنے والوں کو غیرت دلائیں نیز لڑنے والے عورتوں کی بے حرمتی کے خیال سے دل کھول کر اور سینہ ٹھوک کر لڑیں پیچھے ہٹنے کا نام نہ لیں اور قبائل میں قاصد دوڑائے کہ اس جنگ میں شریک ہو کر داد شجاعت دیں۔ اس طرح تین ہزار آدمیوں کا لشکر جمع ہو گیا جن میں سے سات سو زرہ پوش تھے اور دو سو گھوڑے اور تین ہزار اونٹ اور پندرہ عورتیں ہمراہ تھیں، یہ تین ہزار کا لشکر جرار نہایت کروفر سے ابوسفیان بن حرب کی سرکردگی میں ۵ شوال ۳ھ کو مکہ سے روانہ ہوا (طبقات ابن سعد ص ۲۵ ج ۲ قسم اول زرقانی ص ۲۰ ج ۲ تاریخ طبری ص ۹ ج ۳)

## حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش کے ارادہ سے اطلاع دینا

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ تمام حالات لکھ کر نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم کے پاس ایک تیز رو قاصد کے ہاتھ روانہ کیے اور قاصد کو یہ تاکید کی کہ تین دن کے اندر اندر کسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس یہ خط پہنچا دے (زرقانی ج ۲ ص ۲۱)

## حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے مشورہ

یہ خبر پاتے ہی آپ نے انس اور مونس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو قریش کی خبر لینے کے لیے روانہ فرمایا۔ انھوں نے آکر یہ اطلاع دی کہ قریش کا لشکر مدینہ کے بالکل قریب آپہنچا ہے۔ بعد ازاں حباب بن منذر رضی اللہ عنہ کو ان کا اندازہ کرنے کیلئے بھیجا کہ معلوم کریں فوج کی کتنی تعداد ہے۔ حباب رضی اللہ عنہ نے آکر ٹھیک اندازہ اور صحیح تخمینہ سے اطلاع دی تمام شب سعد بن معاذ اور اسید بن حضیر اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہم نے مسجد کا پہرہ دیا، اور شہر کے اطراف وجوانب میں بھی پہرے بٹھلا دیئے گئے۔ (طبقات ابن سعد ص ۲۵ ج ۲ قسم اول) یہ جمعہ کی شب تھی جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو بلا کر مشورہ کیا۔ اکابر مہاجرین وانصار نے مشورہ دیا کہ مدینہ ہی میں پناہ گزین ہو کر مقابلہ کیا جائے۔ لیکن جو نوجوان جنگ بدر میں شریک نہ ہو سکے تھے اور شوق شہادت میں بے چین اور بے تاب تھے ان کی یہ رائے ہوئی کہ مدینہ سے باہر نکل کر ان پر حملہ کیا جائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، میں نے خواب (یہ خواب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی شب جمعہ میں دیکھا تھا۔[کمافی طبقات ابن سعد ص ۲۶ ج ۲]۔) دیکھا کہ میں ایک مضبوط زرہ میں ہوں اور ایک گائے ہے کہ ذبح کی جا رہی ہے۔ جس کی تعبیر یہ ہے کہ مدینہ بمنزلہ مضبوط زرہ کے ہے اور ذبح بقر سے اس طرف اشارہ ہے کہ میرے اصحاب میں سے کچھ لوگ شہید ہوں گے لہذا میری رائے میں مدینہ ہی میں قلعہ بند ہو کر مقابلہ کیا جائے اور خواب میں یہ بھی دیکھا کہ میں نے تلوار کو ہلایا اس کے سامنے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کا حصہ ٹوٹ کر گر گیا۔ پھر اسی تلوار کو دوبارہ ہلایا تو وہ تلوار پہلے سے زیادہ عمدہ ہوگئی۔ جس کی تعبیر یہ تھی کہ صحابہ کرام بمنزلہ تلوار کے تھے۔ جو آپ کے دشمنوں پر وار کرتے تھے صحابہ کو جہاد میں لے جانا بمنزلہ تلوار کے ہلانے کے تھا۔ ایک مرتبہ ہلایا۔ یعنی غزوۂ احد میں تو اس کے سامنے کا حصہ ٹوٹ کر گر گیا۔ یعنی کچھ صحابہ شہید ہوگئے، پھر اسی تلوار کو دوسرے غزوہ میں استعمال کیا تو وہ تلوار پہلے سے زیادہ عمدہ اور تیز ہوگئی اور خوب دشمنوں پر چلی عبداللہ بن ابی (رأس المنافقین) سے بھی ہوشیار اور تجربہ کار ہونے کی وجہ سے مشورہ لیا گیا۔ اس نے یہ کہا کہ تجربہ یہ ہے کہ جب کسی دشمن نے مدینہ پر حملہ کیا اور اہل مدینہ نے اندرون شہر ہی رہ کر مقابلہ کیا تو فتح ہوئی اور جب باہر نکل کر حملہ کیا گیا تو ناکام رہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ مدینہ سے باہر نہ نکلئے خدا کی قسم جب کبھی ہم مدینہ سے باہر نکلے تو دشمنوں کے ہاتھ سے تکلیف اٹھائی اور جب کبھی ہم مدینہ میں رہے اور دشمن ہم پر چڑھ کر آیا تو دشمن نے ہمارے ہاتھ سے تکلیف اٹھائی آپ تو مدینہ کی ناکہ بندی فرما دیں دشمن اگر بالفرض مدینہ میں گھس آیا تو مردان کا تلوار سے مقابلہ کریں گے اور بچے اور عورتیں چھتوں سے سنگ باری کریں گی۔ اور اگر باہر ہی باہر سے ناکام واپس ہوگئے تو ہوالمراد۔ (تاریخ طبری ج ۳ ص ۱۱)

مگر بعض اکابر اور نوجوانوں نے اس پر زیادہ اصرار کیا کہ مدینہ سے باہر نکل کر حملہ کیا جائے، اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم تو اس دن کے متمنی اور مشتاق ہی تھے اور خدا سے دعائیں مانگ رہے تھے خدا وہ دن لے آیا اور مسافت بھی قریب ہے حضرت حمزہ اور سعد بن عبادہ اور نعمان بن مالک رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر ہم نے مدینہ میں رہ کر ان کی مدافعت کی تو ہمارے دشمن ہم کو خدا کی راہ میں بزدل خیال کریں گے اور حضرت حمزہ نے یہ کہا:

والذی انزل علیك الكتاب لا اطعم الیوم طعاما حتی اجالدهم بسیفی خارج المدینه۔ (البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۱۲ ازرقانی ج ۲ ص ۲۳)

**ترجمہ:**

قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے آپ پر کتاب نازل فرمائی میں اس وقت تک کھانا نہ کھاؤں گا جب تک مدینہ سے باہر نکل کر دشمنوں کا اپنی تلوار سے مقابلہ نہ کرلوں۔ (البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۱۲، زرقانی ج ۲ ص ۲۳)

نعمان بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

یا رسول اللہ لا تحرمنا الجنة فوالذی بعثك بالحق لادخلن الجنة۔

**ترجمہ:**

اے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم کو جنت سے محروم نہ کیجئے۔ قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا ہے میں ضرور جنت میں داخل ہوکر رہوں گا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آپ نے فرمایا کس بنا پر؟ نعمان نے عرض کیا:

لانی اشهد ان لا اله الا الله وانك رسول الله ولا افر یوم الزحف۔

ترجمہ

اس لئے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک آپ اللہ کے برحق رسول ہیں اور میں لڑائی میں کبھی بھاگتا نہیں۔

اور ایک روایت میں یہ لفظ ہیں:

لانی احب الله ورسوله۔ اس وجہ سے کہ میں اللہ اور اس کے رسول کو محبوب رکھتا ہوں۔

آپ نے فرمایا۔ صدقت تو نے سچ کہا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھا کہ جنت کے شیدائی اور شہادت کے سودائی یعنی نوجوانوں کا اصرار تو پہلے ہی سے ہے کہ مدینہ سے باہر جا کر حملہ کیا جائے لیکن مہاجرین وانصار میں سے بھی بعض اکابر جیسے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ شوق شہادت میں بے چین اور بے تاب ہیں اور ان کی بھی یہی رائے ہے۔ تو آپ نے بھی یہی عزم فرمالیا۔

یہ جمعہ کا دن تھا جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر وعظ فرمایا اور جہاد وقتال کی ترغیب دی اور تیاری کا حکم دیا۔ یہ سنتے ہی خداوند ذوالجلال کے محبین ومخلصین وعاشقین ووالہین اور خداوند قدوس کے لقاء کے شائقین کے جانوں میں جان آ گئی اور سمجھ گئے کہ اب اس دنیا کے جیل خانہ اور اس قفس سے ہماری رہائی کا وقت آ گیا۔

خرم آن روز کزیں منزل ویراں بردم
راحت جاں طلبم وزپے جاناں بردم

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تیاری اور سلاح پوشی

عصر کی نماز سے فارغ ہو کر آپ حجرۂ شریفہ میں تشریف لے گئے اور صاحبین (یعنی آپ کے وہ دو ساتھی جو دنیا میں بھی آپ کے ساتھ رہے اور عالم برزخ میں بھی آپ کے ساتھ ہیں اور میدان حشر اور حوض کوثر اور جنت میں بھی آپ کے ساتھ ہوں گے) یعنی ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما وہ بھی آپ کے ساتھ حجرہ میں گئے۔

ہنوز آپ حجرۂ مبارکہ سے باہر تشریف نہ لائے تھے کہ سعد بن معاذ اور اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے لوگوں سے کہا کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہر سے باہر جا کر حملہ کرنے پر مجبور کیا حالانکہ آپ پر اللہ کی وحی اترتی رہتی ہے۔ مناسب یہ ہے کہ آپ کی رائے اور منشاء پر چھوڑ دیا جائے۔ اتنے میں آپ دو زرہیں تو برتو پہن کر اور مسلح ہو کر باہر تشریف لے آئے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم نے غلطی سے خلاف مرضی مبارک اصرار کیا جو ہمارے لئے کسی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

طرح مناسب اور زیبا نہ تھا۔ آپ صرف اپنی رائے پر عمل فرمائیں آپ نے فرمایا کسی نبی (اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم آپ کی ساتھ مخصوص نہیں ہر پیغمبر علیہ السلام کا یہی حکم ہے کہ ہتھیار لگا لینے کے بعد بغیر جہاد کے ہتھیار اتارنا جائز نہیں نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نفل اور مستحب شروع کر لینے سے اس کا اہتمام اور پورا کرنا واجب ہو جاتا ہے) کے لئے یہ جائز نہیں کہ ہتھیار لگا کر اتار دے یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے جنگ کرے۔ اب اللہ تعالیٰ کے نام پر چلو اور میں جو حکم دوں وہ کرو۔ اور سمجھ لو کہ جب تک تم صابر اور ثابت قدم رہو گے تو اللہ تعالیٰ کی فتح اور نصرت تمہارے ہی لئے ہے۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روانگی اور فوج کا معائنہ

۱۱شوال یوم جمعہ بعد نماز عصر آپ ایک ہزار جمعیت کے ساتھ مدینہ سے روانہ ہوئے آپ گھوڑے پر سوار تھے اور سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما زرہ پہنے ہوئے آپ کے آگے آگے تھے اور سب مسلمان آپ کے دائیں اور بائیں چلتے تھے۔ یہ تمام تفصیل طبقات ابن سعد اور زرقانی میں مذکور ہے۔ مدینہ سے باہر نکل کر جب مقام شیخین (شیخین دو ٹیلوں کا نام ہے جو مدینہ اور احد کے مابین واقع ہیں وہاں ایک اندھا اور بوڑھا یہودی اور ایک اندھی اور بڑھیا یہودن رہا کرتے تھے اس لئے وہ ٹیلے شیخین کے نام سے مشہور ہو گئے۔ ۱۲ طبری ج ۳) پر پہنچے تو فوج کا جائزہ لیا۔ ان میں جو نو عمر اور کم سن تھے ان کو واپس فرمایا جن میں سے بعض کے نام حسب ذیل ہیں:

1. اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ
2. زید بن ثابت رضی اللہ عنہ
3. ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ
4. عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ
5. اسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ
6. عرابہ بن اوس رضی اللہ عنہ
7. براء بن عازب رضی اللہ عنہ
8. زید بن ارقم رضی اللہ عنہ

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آپ کی خدمت میں سترہ صحابہ پیش کیے گئے جن کی عمر چودہ چودہ سال کی تھی نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے نابالغ قرار دے کر واپس کر دیا جب ایک سال بعد پندرہ سال کے سن میں پیش کیے گئے تو آپ نے اجازت دی۔ (زرقانی ص ۲۵ ج ۲) ان کمسنوں میں رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ انہوں نے یہ ہوشیاری کی کہ انگوٹھوں کے بل تن کے کھڑے ہو گئے تا کہ دراز قامت معلوم ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی۔ نیز ان کی نسبت یہ بھی کہا گیا کہ یہ بڑے تیر انداز ہیں۔

عمر بن عبدالعزیزؒ نے ایک مرتبہ امام نافع سے یہ دریافت کیا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کن کن غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوئے۔ امام نافع نے کہا مجھ سے خود ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کیا کہ جب غزوۂ بدر ہوا تو اس وقت میں ۱۳ سال کا تھا اور جب غزوۂ احد ہوا تو اس وقت میں ۱۴ سال کا تھا۔ غزوۂ بدر میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تو میں نے جانے کا ارادہ ہی نہیں کیا لیکن غزوۂ احد میں شریک ہونے کی بارگاہ نبوی میں استدعا کی لیکن آپ نے کمسنی کی وجہ سے قبول نہ فرمایا اور علی ہذا زید بن ثابت اور اوس بن عرابہ کو بھی کمسن ہونے کی وجہ سے واپس فرمایا مگر رافع بن خدیج کو دراز قامت ہونے کی وجہ سے اجازت دے دی جب غزوۂ خندق پیش آیا تو اس وقت میں ۱۵ سال کا تھا۔ اس وقت آپ نے مجھ کو اجازت دی اور آپ کے ساتھ غزوہ میں شریک ہوا عمر بن عبدالعزیز نے اس حدیث کو سن کر فوراً کاتب کو حکم دیا کہ بہت جلد اس حدیث کو لکھ لیں۔ اس لئے کہ لوگ اپنے بیٹوں اور بھائیوں کے لئے بیت المال سے وظیفہ کی درخواست کرتے ہیں۔ لہذا خوب تحقیق کر لی جائے جو فی الواقع پندرہ سال کا ہو مجاہدین اور مقاتلین کی فہرست میں اس کا نام درج کر کے بیت المال سے اس کا وظیفہ مقرر کیا جائے۔ اور جو پندرہ سال سے کم ہو اس کا نام ذریۃ بچوں کی فہرست میں لکھا جائے، (عیون الاثر ص ۳۳۳) سمرۃ بن جندب جو انہیں کے ہم سن تھے انھوں نے نہایت حسرت بھرے الفاظ میں اپنے علاتی باپ مری بن سنان رضی اللہ عنہ سے کہا۔ اے باپ! رافع کو تو اجازت مل گئی اور میں رہ گیا۔ حالانکہ میں ان سے زیادہ قوی ہوں رافع کو پچھاڑ سکتا ہوں مری بن سنان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے رافع کو اجازت دی اور میرے بیٹے کو واپس فرمایا حالانکہ میرا بیٹا رافع کو پچھاڑ سکتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رافع رضی اللہ عنہ اور سمرہ رضی اللہ عنہ کی کشتی کرائی۔ سمرہ نے رافع کو پچھاڑ دیا۔ آپ نے سمرہ کو بھی اجازت دی۔ (طبری ص ۱۲ ج ۳) بچے اور بوڑھے، جوان اور ادھیڑ سب کے سب ایک ہی شراب کے مخمور اور ایک ہی نشہ کے چور تھے۔ شہید ہونے سے پہلے ہی خنجر تسلیم سے شہید ہو چکے تھے رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ۔

## لشکر اسلام سے منافقین کی علیحدگی اور واپسی

جب آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) احد کے قریب پہنچے تو راس المنافقین عبداللہ بن ابی جو تین سو آدمیوں کی جمعیت اپنے ہمراہ لایا تھا یہ کہہ کر واپس ہو گیا کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے میری رائے نہیں مانی ہم بے وجہ کیوں اپنی جانوں کو ہلاکت میں ڈالیں۔ یہ جنگ نہیں ہے اگر ہم اس کو جنگ سمجھتے تو تمہارا ساتھ دیتے انہی لوگوں کے بارہ میں یہ آیت نازل ہوئی:

**ولیعلم الذین نافقوا وقیل لھم تعالوا قاتلوا فی سبیل اللہ او ادفعوا قالو الو نعلم قتالا تبعنکم ھم للکفر یو مئذ اقرب منھم للایمان یقولون بافواھھم مالیس فی قلوبھم واللہ اعلم بما یکتمون ۔** (آل عمران، آیۃ: ۱۶۷)

اب نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم کے ساتھ صرف سات سو (۷۰۰) صحابہ رہ گئے جن میں صرف سو (۱۰۰) آدمی زرہ پوش تھے اور سارے لشکر میں صرف دو گھوڑے تھے ایک آپ کا اور ایک ابو بردۃ بن نیار حارثی رضی اللہ عنہ کا (طبری

www.KitaboSunnat.com

ج:۳، ص:۱۳۰) قبیلہ خزرج میں سے بنی سلمہ نے اور قبیلہ اوس میں سے بنی حارثہ نے بھی ابن ابی کی طرح کچھ واپسی کا ارادہ کیا اور یہ دونوں قبیلے لشکر کے دونوں طرف تھے توفیق خداوندی نے ان کی دست گیری کی۔ خدا نے ان کو بچا لیا اور واپس نہیں ہوئے۔ انہی کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔ اذ همت طائفتان منكم ان تفشلا و الله وليهما و على الله فليتوكل المؤمنون۔ (آل عمران، آیت:۱۲۲)

یاد کرو اس وقت کو جب ہمت ہار دی تم میں سے دو گروہوں نے اور اللہ تعالیٰ ان کا مددگار تھا۔ اس لئے وہ واپسی سے محفوظ رہے اور تمام مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ چاہئے۔

ہنوز آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) مقام شیخین ہی میں تھے کہ آفتاب غروب ہو گیا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی آپ نے مغرب کی نماز پڑھائی اور یہیں شب کو قیام فرمایا۔ اور محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے تمام شب لشکر کی پاسبانی کی وقتاً فوقتاً لشکر کا ایک چکر لگاتے اور واپس آ کر آپ کے خیمہ مبارک کا پہرہ دیتے۔

شب کے آخری حصہ میں آپ نے کوچ فرمایا جب احد کے قریب پہنچے تو صبح کی نماز کا وقت آ گیا بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کا حکم دیا۔ بلال رضی اللہ عنہ نے اذان اور اقامت کہی اور آپ نے اپنے تمام اصحاب کو نماز پڑھائی۔

## ترتیب فوج

نماز سے فارغ ہو کر لشکر کی جانب متوجہ ہوئے مدینہ کو سامنے اور احد کو پس پشت رکھ کر صفوں کو مرتب فرمایا۔ اور جو صفیں چند لمحہ پہلے خداوند ذوالجلال کی تعظیم واجلال کے لئے دست بستہ کھڑی ہوئی تھیں اب وہ اس کبیر متعال کی راہ میں جانبازی اور سرفروشی اور اس کے راستہ میں جہاد و قتال کے لئے کھڑی ہو گئیں۔ (ابن سعد، ج۲: ص۲۷)

صحیح بخاری میں براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پچاس تیر اندازوں کا ایک دستہ جبل احد کے پیچھے بٹھلا دیا تاکہ قریش پشت سے حملہ نہ کر سکیں اور عبداللہ بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس کا امیر مقرر فرمایا اور یہ حکم دیا کہ اگر ہم کو مشرکین پر غالب ہوتے دیکھو تب بھی یہاں سے نہ ہٹنا اور اگر مشرکین کو ہم پر غالب ہوتے دیکھو تب بھی اس جگہ سے نہ سرکنا اور نہ ہماری مدد کیلئے آنا۔

زہیر کی روایت میں یہ ہے کہ اگر پرندوں کو بھی ہم کو اچکتے ہوئے دیکھو تب بھی اس جگہ سے نہ ٹلنا۔ مسند احمد اور معجم طبرانی وغیرہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تم اس جگہ کھڑے رہو اور پشت کی جانب سے ہماری حفاظت کرو۔ اگر ہم کو قتل ہوتے ہوئے بھی دیکھو تو ہماری مدد کے لئے نہ آنا اور اگر غنیمت حاصل کرتے ہوئے دیکھو تو اس میں شریک نہ ہونا۔ (فتح الباری، ج:۷، ص:۲۷۰)

## قریش کے لشکر کا حال

قریش کا لشکر چہار شنبہ ہی کو مدینہ پہنچ کر احد کے دامن میں پڑاؤ ڈال چکا تھا جس کی تعداد تین ہزار تھی جن میں سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سات سو (۷۰۰) زرہ پوش اور دو سو (۲۰۰) گھوڑے اور تین ہزار اونٹ تھے اور اشراف مکہ کی پندرہ عورتیں ہمراہ تھیں جو اشعار پڑھ پڑھ کر مردوں کو جوش دلاتی تھیں۔ (زرقانی، ج:۲، ص:۲۶) نفسانی اور شہوانی اور شیطانی لوگوں کا دستور ایسا ہی ہوتا ہے۔ نعوذ باللہ منہ

جن میں سے بعض کے نام حسب ذیل ہیں:

1. ہندہ بنت عتبہ ابوسفیان کی بیوی
2. ام حکیم بنت حارث بن ہشام ابوجہل کے بیٹے عکرمہ کی بیوی
3. فاطمہ بنت ولید حارث بن ہشام کی بیوی
4. برزہ بنت مسعود صفوان بن امیہ کی بیوی
5. ریطہ بنت شیبہ عمرو بن العاص کی بیوی
6. سلافہ بنت سعد طلحہ بن ابی طلحہ حجمی کی بیوی
7. خناس بنت مالک مصعب بن عمیر کی والدہ ۸ عمرۃ بنت علقمہ

علامہ زرقانی فرماتے ہیں کہ سوائے خناس اور عمرہ کے یہ سب عورتیں بعد میں چل کر مشرف باسلام ہوئیں رضی اللہ تعالیٰ عنھن۔

قریش نے اپنے لشکر کے میمنہ پر خالد بن ولید کو اور میسرہ پر عکرمۃ بن ابی جہل کو اور پیادوں پر صفوان بن امیہ کو اور کہا جاتا ہے کہ عمرو بن العاص کو اور تیر اندازوں پر عبداللہ بن ابی ربیعہ کو افسر مقرر کیا۔

مگر بعد میں چل کر قریش کے یہ پانچوں امرائے لشکر مشرف باسلام ہوئے رضی اللہ عنھم

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مجاہدین سے ایک خطاب

جب فریقین کی صفیں مرتب ہوئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تلوار ہاتھ میں لے کر یہ فرمایا (من یأخذ هذا السیف بحقه) کون ہے جو کہ اس تلوار کو اس کے حق کے ساتھ لے۔ یہ سن کر بہت سے ہاتھ اس سعادت کے حاصل کرنے کے لئے آگے بڑھے مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک روک لیا اتنے میں ابودجانہ رضی اللہ عنہ اٹھے اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس تلوار کا کیا حق ہے۔ آپ نے فرمایا اس کا حق یہ ہے کہ اس سے خدا کے دشمنوں کو مارے یہاں تک کہ خم ہو جائے۔

یہ روایت مسند احمد اور صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور معجم طبرانی میں قتادہ بن النعمان رضی اللہ عنہ سے اور مسند بزاز میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

حافظ ابو بشر دولابی نے اس حدیث کو کتاب الکنیٰ میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اس میں یہ ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کہ آپ نے فرمایا اس تلوار کا حق یہ ہے کہ اس سے کسی مسلمان کو کبھی قتل نہ کرنا اور اس کو لے کر کبھی کسی کافر کے مقابلہ سے فرار نہ ہونا۔

ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اس کو اس کے حق کے ساتھ لیتا ہوں یعنی اس کا حق ادا کروں گا۔ آپ نے فوراً وہ تلوار ابو دجانہ رضی اللہ عنہ کو مرحمت فرمادی۔ غالباً آپ کو بذریعہ وحی الٰہی یہ معلوم ہوا ہوگا کہ سوائے ابو دجانہ کے کوئی اس تلوار کا حق نہ ادا کرے گا۔ اس لئے صرف ابو دجانہ رضی اللہ عنہ ہی کو عطا فرمائی واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (الاصابہ، ج:۴،ص:۵۸۔ زرقانی، ج:۲،ص:۲۸)

### فائدہ

ابو دجانہ بڑے شجاع اور بہادر تھے، جنگ کے وقت ان پر (تبختر) یعنی نازو انداز اور وجد اور سکر کی خاص کیفیت ہوتی تھی۔ لڑائی کے وقت سر پر سرخ عمامہ باندھ لیتے تھے اور خراماں خراماں چلتے۔ غالباً اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تلوار عطا کی جیسا کہ آئندہ ان کے جہاد وقتال سے معلوم ہوگا۔

## آغاز جنگ اور مبارزین قریش کا ایک ایک کر کے قتل

قریش کی طرف سے سب سے پہلے میدان جنگ میں ابو عامر نکلا جو زمانہ جاہلیت میں قبیلہ اوس کا سردار تھا اور زہد اور پارسائی کی وجہ سے راہب کے نام سے پکارا جاتا تھا جب مدینہ میں اسلام کا نور چمکا تو یہ شپرہ چشم اس کی تاب نہ لا سکا اور مدینہ سے مکہ چلا آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بجائے راہب کے فاسق نام تجویز فرمایا۔ اس فاسق نے مکہ آ کر قریش کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ کے لئے آمادہ کیا اور معرکہ احد میں خود ان کے ساتھ آیا اور یہ باور کرایا کہ قبیلہ اوس کے لوگ جب مجھ کو دیکھیں گے تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ساتھ چھوڑ کر میرے ساتھ ہو جائیں گے۔

### پہلا مبارز

چنانچہ معرکہ احد میں سب سے پہلے یہی ابو عامر میدان میں آیا اور للکار کر کہا

یا معشر الاوس انا ابو عامر اے گروہ اوس میں ابو عامر ہوں۔

خدا اوس کی آنکھیں ٹھنڈی کرے جنھوں نے فوراً ہی یہ جواب دیا۔

لا انعم اللہ بک عینا یا فاسق اے خدا کے فاسق اور نافرمان خدا کبھی تیری آنکھ ٹھنڈی نہ کرے۔

ابو عامر یہ دندان شکن جواب سن کر خائب وخاسر واپس ہوا اور جا کر یہ کہا میرے بعد میری قوم کی حالت بدل گئی۔

(زرقانی ص ۳۰ ج ۲، ابن ہشام ص ۹، ج ۲، طبری ص ۱۶ ج ۳، عیون الاثر ص ۳۳۶ البدایہ والنہایہ ص ۱۶ ج ۴)

### دوسرا مبارز

بعد ازاں مشرکین کا علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ میدان میں آیا اور للکار کر یہ کہا۔ اے اصحاب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تمہارا یہ گمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم کو تمہاری تلواروں سے جلدی جہنم میں پہنچاتا ہے اور ہماری تلواروں سے تم کو جنت میں جلد پہنچاتا ہے پس کیا تم میں سے ہے کوئی جس کو میری تلوار جلد جنت میں یا اس کی تلوار مجھ کو جلد جہنم میں پہنچائے۔

یہ سنتے ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ مقابلے کے لئے نکلے اور تلوار چلائی جس سے اس کا پیر کٹ گیا اور منہ کے بل گرا اور ستر کھل گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ شرما کر پیچھے ہٹ گئے۔ نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم نے دریافت فرمایا اے علی کیوں پیچھے ہٹے۔ آپ نے فرمایا مجھ کو اس کے ستر کھل جانے سے شرم آگئی۔ (زرقانی ج ۲ ص ۳۱) ابن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس کے سر پر تلوار چلائی جس سے سر کے دو حصے ہوگئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسرور ہوئے اور اللہ اکبر کا نعرہ کہا اور مسلمانوں نے بھی اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔

غالباً حضرت علی کی پہلی تلوار اس کے قدم پر پڑی جس سے پیر کٹ گیا اور دوسری تلوار سر پر پڑی جس نے کھوپڑی کے دو ٹکڑے کر ڈالے۔ ابن جریر کی روایت میں پہلے وار کا ذکر ہے، اور ابن سعد کی روایت میں دوسرے وار کا لہٰذا دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں۔

## تیسرا مبارز

بعد ازاں عثمان بن ابی طلحہ نے علم سنبھالا اور یہ رجز پڑھتا ہوا میدان میں آیا۔

ان علی اهل اللواء حقا۔ ان تخضب الصعدة او تندقا

علمبردار کا یہ فرض ہے کہ لڑتے لڑتے اس کا نیزہ دشمن کے خون سے رنگین ہو جائے یا ٹوٹ جائے۔

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑھ کر حملہ کیا اور عثمان کے دونوں ہاتھ اور دونوں شانے صاف کر دیئے۔ اور علم اس کے ہاتھ سے چھوٹ گیا اور تھوڑی ہی دیر میں اس کا کام تمام ہوا۔

## چوتھا مبارز

اس کے بعد ابو سعد بن ابی طلحہ نے جھنڈا ہاتھ میں لیا۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے فوراً ہی ایک تیر تاک کر اس کے حلق پر مارا جس سے اس کی زبان باہر نکل آئی آگے بڑھ کر فوراً قتل کیا۔

## پانچواں مبارز

اس کے بعد مسافع بن طلحہ بن ابی طلحہ نے علم اٹھایا حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ایک ہی وار میں قتل کیا۔

## چھٹا مبارز

اس کے بعد حارث بن طلحہ بن ابی طلحہ نے جھنڈا ہاتھ میں لیا اس کو بھی عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ہی وار میں قتل کیا اور بقول بعض حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اس کو قتل کیا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## ساتواں مبارز

پھر کلاب بن طلحہ بن ابی طلحہ نے علم ہاتھ میں پکڑا حضرت زبیر نے رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر قتل کیا۔

## آٹھواں مبارز

بعد ازاں جلاس بن طلحہ بن ابی طلحہ نے جھنڈا اٹھایا۔ فوراً ہی حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو قتل کیا۔

## نواں مبارز

اس کے بعد ارطاۃ بن شرجیل نے جھنڈا ہاتھ میں لیا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس کا کام تمام کیا۔

## دسواں مبارز

شریح بن قارظ علم لے کر آگے بڑھا آناً فاناً اس کا کام بھی تمام ہوا شریح کے قاتل کا نام معلوم نہیں کہ کون تھا۔

## گیارہواں مبارز

اس کے بعد اس کا غلام جس کا نام صواب تھا وہ علم لے کر سامنے آیا۔ حضرت سعد بن ابی وقاص یا حضرت حمزہ یا حضرت علی رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک نے علی اختلاف الاقوال اس کا بھی کام تمام کیا۔ (زرقانی: ج ۲ص ۱۳۱ ابن سعد ج ۲ص ۲۸)

اس طرح سے قریش کے بائیس سردار مارے گئے جن کے نام علامہ ابن ہشام نے بالتفصیل ذکر کئے ہیں اور ساتھ ساتھ یہ بھی بتلایا ہے کہ فلاں فلاں سردار فلاں فلاں صحابی کے ہاتھ سے قتل ہوا۔ (ابن ہشام: ج ۲ص: ۱۰۳، زرقانی۔ ج ۲، ص ۳۱)

## ابو دجانہ رضی اللہ عنہ کی بہادری

ابو دجانہ رضی اللہ عنہ جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تلوار عطا فرمائی تھی نہایت شجاع اور بہادر تھے۔ اول انہوں نے اپنا ایک سرخ عمامہ نکالا اور سر پر باندھا۔ اور اکڑتے ہوئے میدان میں نکلے اور یہ اشعار زبان پر تھے۔

انا الذی عاهدنی خلیلی

ونحن بالسفح لدی النخیل

میں وہی ہوں جس سے میرے اس دوست نے عہد لیا ہے (کہ جس کی محبت میرے خلال قلب یعنی اندرون قلب میں سرایت کر چکی ہے یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے) درآں حالیکہ ہم پہاڑ کے دامن میں نخلستان کے قریب تھے۔

ان لا اقوم الدهر فی الکیول

اضرب بسیف الله والرسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وہ عہد یہ ہے کہ کبھی پیچھے کی صف میں نہ کھڑا ہوں گا اور اللہ اور اس کے رسول کی تلوار سے خدا کے دشمنوں کو مارتا رہوں گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابودجانہ رضی اللہ عنہ کو اکڑتے ہوئے دیکھ کر یہ فرمایا یہ چال اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے مگر ایسے وقت میں۔ (یعنی جبکہ محض اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے دشمنوں کے مقابلہ میں ہوا پنے نفس کیلئے نہ ہوا بودجانہ رضی اللہ عنہ صفوں کو چیرتے چلے جاتے تھے جو سامنے آ گیا اسی کی لاش زمین پر ہوتی تھی۔ یہاں تک کہ ابوسفیان کی بیوی ہندہ بالکل سامنے آ گئی ابودجانہ رضی اللہ عنہ نے اس پر تلوار اٹھائی مگر فوراً ہی ہاتھ روک لیا، کہ یہ کسی طرح زیبا نہیں کہ خاص کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کو ایک عورت پر چلایا جائے۔ ایک روایت میں ہے کہ جب ابودجانہ رضی اللہ عنہ ہندہ کے قریب پہنچے تو اس نے لوگوں کو آواز دی مگر کوئی شخص اس کی مدد کو نہ پہنچا۔ ابودجانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ مجھ کو اس وقت یہ اچھا نہ معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کو ایک بے پناہ اور بے سہارا عورت پر آزماؤں۔ (البدایہ والنہایہ: ج ۴، ص ۱۶)

## حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شجاعت اور شہادت کا ذکر

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے شیرانہ حملہ سے کفار سخت پریشان تھے جس پر تلوار اٹھاتے اسی کی لاش زمین پر نظر آتی۔

وحشی بن حرب جو جبیر بن مطعم کا حبشی غلام تھا۔ جنگ بدر میں جبیر کا چچا طعیمہ بن عدی حضرت حمزہ کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا۔ جبیر کو اس کا بہت صدمہ تھا۔ جبیر نے وحشی سے یہ کہا کہ اگر میرے چچا کے بدلہ میں حضرت حمزہ کو قتل کر دے تو تو آزاد ہے۔ جب قریش جنگ احد کیلئے روانہ ہوئے تو وحشی بھی ان کے ساتھ روانہ ہوا۔

جب احد پر فریقین کی صفیں قتال کیلئے مرتب ہو گئیں اور لڑائی شروع ہوئی تو سباع بن عبدالعزی ھل من مبارز (ہے میرا کوئی مقابل) پکارتا ہوا میدان میں آیا۔

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اس کی طرف یہ کہتے ہوئے بڑھے اے سباع! اے عورتوں کا ختنہ کرنے والی عورت کے بچے تو اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہے یہ کہہ کر اس پر تلوار کا ایک وار کیا ایک ہی وار میں اس کو فنا اور موت کے گھاٹ اتار دیا۔

وحشی حضرت حمزہ کی تاک میں ایک پتھر کے نیچے چھپا بیٹھا تھا۔ جب حضرت حمزہ ادھر سے گزرے تو وحشی نے پیچھے سے ناف پر نیزہ مارا جو پار ہو گیا۔

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چند قدم چلے مگر لڑکھڑا کر گر پڑے اور جام شہادت نوش فرمایا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

یہ روایت صحیح بخاری کی ہے۔ مسند ابی داود طیالسی میں ہے وحشی کہتے ہیں کہ جب مکہ آیا تو آزاد ہو گیا اور قریش کے ساتھ فقط حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قتل کے ارادہ سے آیا تھا قتل و قتال میرا مقصد نہ تھا۔ (فتح الباری ج ۷ ص ۲۰۱)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قتل کر کے لشکر سے علیحدہ جا کر بیٹھ گیا اس لیے کہ میرا اور کوئی مقصد نہ تھا صرف آزاد ہونے کی خاطر حضرت حمزہ کو قتل کیا۔

## فائدہ

فتح مکہ کے بعد وفد طائف کے ساتھ وحشی بارگاہ رسالت میں مدینہ منورہ مشرف بہ اسلام ہونے کی غرض سے حاضر ہوئے لوگوں نے ان کو دیکھ کر عرض کیا یارسول اللہ یہ وحشی ہے یعنی آپ کے عم محترم کا قاتل۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

دعوہ فلا سلام رجل واحد احب الی من قتل الف کافر

اس کو چھوڑ دو، البتہ ایک شخص کا مسلمان ہونا میرے نزدیک ہزار کافروں کے قتل سے کہیں زیادہ محبوب ہے۔

بعد ازاں آپ نے وحشی سے حضرت حمزہ کے قتل کا واقعہ دریافت کیا، وحشی نے نہایت خجالت وندامت کے ساتھ محض تعمیل ارشاد کی غرض سے واقعہ عرض کیا۔ آپ نے اسلام قبول کیا۔ اور یہ فرمایا کہ اگر ہو سکے تو میرے سامنے نہ آیا کرو اس لیے کہ تم کو دیکھ کر چچا کا صدمہ تازہ ہو جاتا ہے۔ وحشی رضی اللہ عنہ کو چونکہ آپ کو ایذاء پہنچانا مقصود نہ تھا اس لیے جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو پس پشت بیٹھتے اور اس فکر میں رہتے کہ اس کا کوئی کفارہ کروں چنانچہ اس کے کفارہ میں مسیلمہ کذاب کو اسی نیزہ سے مار کر واصل جہنم کیا جس نے خاتم النبیین صلوات اللہ وسلامہ علیہ کے بعد نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔

اور جس طرح حضرت حمزہ کو ناف پر نیزہ مار کر شہید کیا اس طرح مسیلمہ کذاب کو بھی ناف ہی پر نیزہ مار کر قتل کیا۔ اس طرح ایک خیر الناس کے قتل کی ایک شر الناس (بدترین خلائق) کے قتل سے مکافات کی۔ (فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۴، ۲۸۵)

صحیح بخاری میں ہے کہ مسیلمہ کذاب کے قتل میں حضرت وحشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ایک انصاری بھی شریک تھے واقدی اور اسحاق بن راہویہ اور حاکم کہتے ہیں عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اور بعض عدی بن سہل اور بعض ابودجانہ اور بعض زید بن الخطاب کا نام بتلاتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ شن بن عبداللہ تھے جیسا کہ ذیل کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے:

الم ترانی وو حشیهم     ضربنا مسیلمة المفتن

(کیا تجھ کو معلوم نہیں کہ میں نے اور وحشی نے دونوں نے مل کر مسیلمہ فتنہ پرداز کو مارا ہے)

یسائلنی الناس عن قتله     فقلت ضربت وهذا طعن

(لوگ مجھ سے مسیلمہ کے قتل کی بابت دریافت کرتے ہیں کہ کس نے مارا میں نے جواب دیا کہ میں نے تلوار ماری اور وحشی نے نیزہ مارا)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فلست بصاحبه دونه          ولیس بصاحبه دون شن

(پس حاصل یہ کہ مسیلمہ کا مستقل قاتل نہ تو میں ہوں اور نہ وحشی کو بغیر شن کی شرکت کے مستقل قاتل کہا جاسکتا ہے)(فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۴،۲۸۵)

وحشی راوی ہیں کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے ہی حمزہ کو قتل کیا ہے؟ میں نے عرض کیا:

نعم والحمدلله الذی اکرمه          بیدی ولم یهنی بیده

(ہاں اور شکر اس خدا کا جس نے حضرت حمزہ کو میرے ہاتھ شہادت کی کرامت اور عزت بخشی اور مجھ کو اس کے ہاتھ سے ذلیل نہیں کیا)

کیونکہ اگر وحشی اس وقت حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ سے مارے جاتے تو بحالت کفر مارے جاتے جس سے بڑھ کر کوئی اہانت اور ذلت نہیں۔ بعد ازاں آپ نے فرمایا اے وحشی جا اور خدا کی راہ میں قتال کر جیسا کہ تو خدا کے راستہ سے روکنے کیلئے قتال کرتا تھا۔ رواہ الطبرانی واسنادہ حسن۔ (مجمع الزوائد ج ۶ ص ۱۲۱)

## حضرت حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ غسیل الملائکہ کی شہادت کا ذکر

ابو عامر فاسق جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اس کے بیٹے حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ اس معرکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔

ابو سفیان اور حضرت حنظلہ کا مقابلہ ہو گیا۔ حضرت حنظلہ نے دوڑ کر ابو سفیان پر وار کرنا چاہا لیکن پیچھے سے شداد بن اسود نے ایک وار کیا جس سے حضرت حنظلہ شہید ہوئے۔

نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا: میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ حنظلہ کو ابر کے پانی سے چاندی کے برتنوں میں غسل دے رہے ہیں۔

ان کی بیوی (نام جمیلہ تھا، صحابیہ ہیں، راس المنافقین عبداللہ بن ابی کی بہن ہیں) سے دریافت کیا گیا معلوم ہوا کہ حالت جنابت ہی میں جہاد کیلئے روانہ ہو گئے تھے۔ اسی حالت میں شہید ہوئے۔ (رواہ ابن اسحاق والحاکم وصححہ ورواہ ابن سعد وغیرہ خصائص کبریٰ ج ۱ ص ۲۱۶)

جس روز حضرت حنظلہ شہید ہونے والے تھے اسی شب ان کی بیوی نے یہ خواب دیکھا کہ آسمان کا ایک دروازہ کھلا اور حضرت حنظلہ اس میں داخل ہوئے اور داخل ہونے کے بعد وہ دروازہ بند کر لیا گیا۔ بیوی اس خواب سے سمجھ چکی تھیں کہ حضرت حنظلہ اب اس عالم سے رخصت ہونے والے ہیں۔

لڑائی ختم ہونے کے بعد جب ان کی لاش تلاش کی گئی تو سر سے پانی ٹپکتا تھا۔ (روض الانف ج ۲ ص ۱۳۳)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اسی وجہ سے حضرت حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ غسیل الملائکہ کے لقب سے مشہور ہوئے۔

حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کے باپ ابو عامر فاسق چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں لڑ رہے تھے اس لیے حضرت حنظلہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے باپ کے قتل کی اجازت چاہی مگر آپ نے منع فرمایا۔ (رواہ ابن شاہین واسنادہ حسن۔ اصابہ ترجمہ حنظلہ بن ابی عامر)

مسلمانوں کے ان دلیرانہ اور جان بازانہ حملوں سے قریش کے میدان جنگ سے پیر اکھڑ گئے اور ادھر ادھر منہ چھپا کر اور پشت دکھا کر بھاگنے لگے اور عورتیں بھی پریشان اور بدحواس ہو کر پہاڑوں کی طرف بھاگنے لگیں اور مسلمان مال غنیمت کے جمع کرنے میں مشغول ہو گئے۔

## مسلمان تیراندازوں کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا اور لڑائی کا پانسہ پلٹ جانا

تیراندازوں کی اس جماعت نے (جو کہ درہ کی حفاظت کے لئے بٹھائی گئی تھی)۔ جب یہ دیکھا کہ فتح ہوگئی اور مسلمان مال غنیمت میں مشغول ہیں۔ یہ بھی اسی طرف بڑھے۔ ان کے امیر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ نے بہت روکا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی تھی کہ تم اس جگہ سے نہ ٹلنا۔ مگر ان لوگوں نے نہ مانا اور مرکز چھوڑ کر غنیمت جمع کرنے والوں میں جا ملے۔

## حضرت عبداللہ بن جبیر اور ان کے دس رفقاء کی شہادت

مرکز پر صرف حضرت عبداللہ بن جبیر اور دس آدمی رہ گئے حکم نبوی کے خلاف کرنا تھا کہ یکایک فتح شکست سے بدل گئی خالد بن ولید نے جو اس وقت مشرکین کے میمنہ پر تھے۔ درہ کو خالی دیکھ کر پشت پر سے حملہ کر دیا۔ عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ مع اپنے ہمراہیوں کے شہید ہوئے۔

## مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی شہادت

مشرکین کے اس ناگہانی اور یکبارگی حملہ سے مسلمانوں کی صفیں درہم برہم ہوگئیں اور دشمنان خدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک آپہنچے۔

مسلمانوں کے علمبردار حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ آپ کے قریب تھے۔ انہوں نے کافروں کا مقابلہ کیا یہاں تک کہ شہید ہوئے ان کے بعد آپ نے علم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد فرمایا۔ چونکہ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھے اس لیے کسی شیطان نے یہ افواہ اڑا دی کہ نصیب دشمناں رسول صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے۔ اس لیے تمام مسلمانوں میں سراسیمگی اور اضطراب پھیل گیا اور اس خبر وحشت اثر کے سنتے ہی سب کے سب بدحواس ہوگئے اور اس بدحواسی میں دوست دشمن کا بھی امتیاز نہ رہا اور آپس میں ایک دوسرے پر تلوار چلنے لگی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا مسلمانوں کے ہاتھ سے غلطی سے شہید ہو جانا

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد یمان بھی اسی کشمکش میں آ گئے حضرت حذیفہ نے دور سے دیکھا کہ مسلمان میرے باپ کو مارے ڈال رہے ہیں پکار کر کہا اے اللہ کے بندو یہ میرا باپ ہے مگر اس ہنگامہ میں کون سنتا تھا بالآخر حضرت یمان شہید ہو گئے مسلمانوں کو جب اس کا علم ہوا کہ یہ حضرت حذیفہ کے باپ تھے تو بہت نادم ہوئے اور کہا خدا کی قسم ہم نے پہچانا نہیں۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا:

**یغفر اللہ لکم وھو ارحم الراحمین**

اللہ تمہیں معاف کرے وہ سب سے زیادہ مہربان ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت دینے کا ارادہ فرمایا مگر حضرت حذیفہ نے قبول نہیں کیا۔ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں حضرت حذیفہؓ کی اور قدر بڑھ گئی۔ (طبری ج ۳ ص ۲۶، فتح الباری ج ۷ ص ۲۷۹، زرقانی ج ۲ ص ۳۲، ابن ہشام ج ۲ ص ۸۷)

**خالد بن ولید کے ناگہانی حملہ سے لشکر اسلام کا اضطراب اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بے مثال ثبات قدمی:**

خالد بن ولید کے اس یکبارگی اور ناگہانی حملہ سے اگرچہ بڑے بڑے دلیروں کے پاؤں اکھڑ گئے مگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پائے ثبات اور قدم استقلال میں ذرہ برابر تزلزل نہیں آیا۔ اور کیسے آ سکتا تھا اللہ کا نبی اور اس کا رسول معاذ اللہ بزدل نہیں ہو سکتا۔ پہاڑ ٹل جائیں مگر انبیاء اللہ علیہم الف الف صلوات اللہ اپنی جگہ سے نہیں ہٹ سکتے، ایک پیغمبر کی تنہا شجاعت کل عالم کی شجاعت سے کہیں زیادہ وزنی اور بھاری ہوتی ہے۔

چنانچہ دلائل بیہقی میں مقداد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

**فو الذی بعثہ بالحق مازالت قدمہ شبرا واحد اوانہ لفی وجہ العدو یفی ء الیہ طائفۃ من اصحابہ مرۃ وتفترق مرۃ فربمارایتہ قائما یرمی عن قوسہ ویرمی بالحجر حتی انحازوا عنہ (زرقانی ج ۲ ص ۳٤)**

قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا آپ کا قدم مبارک ایک بالشت بھی اپنی جگہ سے نہیں ہٹا اور بلاشبہ آپ دشمن کے مقابلہ میں ثابت قدم رہے صحابہ کی ایک جماعت کبھی آپ کے پاس آتی تھی اور کبھی جاتی تھی اور بسا اوقات میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ بہ نفس نفیس خود کھڑے ہوئے تیر اندازی اور سنگ باری فرما رہے ہیں یہاں تک کہ دشمن آپ سے ہٹ گئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے محافظین

ابن سعد فرماتے ہیں کہ اس ہلچل اور اضطراب میں چودہ اصحاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے۔ سات مہاجرین میں سے اور سات انصار میں سے جن کے نام حسب ذیل ہیں:

## اسماءِ مہاجرین

1. حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
2. حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ
3. حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ
4. حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
5. حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ
6. حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ
7. حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ

## اسماءِ انصار

1. حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ
2. حضرت حباب بن منذر رضی اللہ عنہ
3. حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ
4. حضرت حارث بن صمہ رضی اللہ عنہ
5. حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ
6. حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ
7. حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ

مہاجرین میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نام اس لیے نہیں ذکر کیا گیا کہ مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شہید ہو جانے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرما دیا تھا۔ وہ معروف جہاد وقتال تھے۔

یہ چودہ اصحاب آپ کے ساتھ تھے لیکن کبھی کبھی کسی ضرورت کی وجہ سے بعض حضرات کہیں چلے بھی جاتے تھے مگر جلدی ہی واپس ہو جاتے تھے۔

اس لیے کبھی آپ کے ساتھ بارہ آدمی رہے (جیسا کہ صحیح بخاری میں براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور کبھی گیارہ (جیسا کہ نسائی اور دلائل بیہقی میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند جید مروی ہے)

اور کبھی سات (جیسا کہ صحیح مسلم میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے)

اختلاف اوقات اور اختلاف حالات کی وجہ سے حاضرین بارگاہ رسالت کے عدد میں روایتیں مختلف ہیں ہر ایک راوی کا بیان اپنے اپنے وقت کے لحاظ سے بجا اور درست ہے کسی وقت بارہ اور کسی وقت گیارہ اور کسی وقت سات آدمی آپ کے ساتھ رہے، بحمد اللہ سب روایتیں متفق ہیں کوئی تعارض نہیں۔

تفصیل کیلئے فتح الباری ج ۷ ص ۲۷۷ اور زرقانی ج ۲ ص ۳۵ کی مراجعت فرمائیں۔

## قریش کا حضور پر نور پر ناگہانی ہجوم اور صحابہ کرام کی جاں نثاری

صحیح مسلم میں حضرت انس سے مروی ہے کہ جب قریش کا آپ پر ہجوم ہوا تو یہ ارشاد فرمایا کون ہے جوان کو مجھ سے ہٹائے اور جنت میں میرا رفیق بنے۔ انصار میں سے سات آدمی اس وقت آپ کے پاس تھے، ساتوں انصاری باری باری لڑکر شہید ہوگئے۔ (صحیح مسلم ج ۲ ص ۱۰۷ غزوہ احد ورواہ احمد کما فی البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۶)

ابن اسحٰق کی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا:

**من رجل یشری لنا نفسه**

کون مرد ہے کہ جو ہمارے لیے اپنی جان فروخت کرے

یہ سنتے ہی زیاد بن سکن اور پانچ انصار کھڑے ہوگئے اور یکے بعد دیگرے ہر ایک نے جان نثاری اور جانبازی کے جوہر دکھلائے یہاں تک شہید ہوئے اور اپنی جان کو فروخت کر کے جنت مول لے لی۔

زیاد بن سکن کو یہ شرف حاصل ہوا کہ جب زخم کھا کر گرے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو میرے قریب لاؤ لوگوں نے ان کو آپ کے قریب کر دیا۔ انہوں نے اپنا رخسار آپ کے قدم مبارک پر رکھ دیا اور اسی حالت میں جان اللہ کے حوالے کی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (ابن ہشام ج ۲ ص ۸۴۹)

## عتبہ بن ابی وقاص کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے بھائی عتبہ بن ابی وقاص نے موقع پا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک پتھر پھینکا جس سے نیچے کا دندان مبارک شہید اور نیچے کا لب زخمی ہوا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جس قدر اپنے بھائی عتبہ کے قتل کا حریص اور خواہش مند رہا اتنا کسی کے قتل کا کبھی حریص اور خواہش مند نہیں ہوا۔ (فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۱) (رواہ ابن اسحٰق)

## عبداللہ بن قمیہ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ

عبداللہ بن قمیہ نے جو قریش کا مشہور پہلوان تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس زور سے حملہ کیا کہ رخسار مبارک زخمی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہوا اور خود کے دو حلقے رخسار مبارک میں گھس گئے اور عبداللہ بن شہاب زہری (جنگ احد میں کفار کے ساتھ آئے مگر بعد میں مشرف بہ اسلام ہوئے اور مکہ مکرمہ میں وفات پائی۔ زرقانی ج ۲ ص ۳۸) نے پتھر مار کر پیشانی مبارک کو زخمی کیا۔ چہرہ انور پر جب خون بہنے لگا تو حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد ماجد مالک بن سنان رضی اللہ عنہ نے تمام خون چوس کر چہرۂ انور کو صاف کر دیا۔ آپ نے فرمایا: لن تمسك النار۔ تجھ کو جہنم کی آگ ہرگز نہ لگے گی۔

معجم طبرانی میں ابوامامہؓ سے مروی ہے کہ ابن قمیہ نے آپ کو زخمی کرنے کے بعد یہ کہا:

خذها وانا ابن قمية (لو اس کو اور میں ابن قمیہ ہوں)

آپ نے ارشاد فرمایا:

اقماك الله (اللہ تعالیٰ تجھ کو ذلیل اور خوار ہلاک اور برباد کرے)

چند روز نہ گزرے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر ایک پہاڑی بکرا مسلط کیا جس نے اپنے سینگوں سے ابن قمیہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ (فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۱، زرقانی ج ۲ ص ۳۸)

## حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو سہارا دینا

جسم مبارک پر چونکہ دو آہنی زرہوں کا بھی بوجھ تھا اس لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک گڑھے میں گر گئے جس کو ابو عامر فاسق نے مسلمانوں کے لئے بنایا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ کا ہاتھ پکڑا اور حضرت طلحہ نے کمر تھام کر سہارا دیا تب آپ کھڑے ہوئے۔

اور ارشاد فرمایا کہ جو شخص زمین پر چلتے پھرتے زندہ شہید کو دیکھنا چاہے وہ طلحہ کو دیکھ لے حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق اپنے باپ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما سے راوی ہیں کہ چہرہ انور میں زرہ کی جو دو کڑیاں چبھ گئی تھیں، ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنے دانتوں سے پکڑ کر کھینچا جس میں ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے دو دانت شہید ہوئے۔ رضی الله عنه واضحك سنه يوم القيامة (آمین) سند اس روایت کی صحیح ہے۔ (زرقانی ج ۲ ص ۳۸، ابن ہشام ج ۲ ص ۸۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پہاڑ پر چڑھنے کا ارادہ فرمایا تو ضعف اور نقاہت اور دو زرہوں کے ثقل کی وجہ سے مجبور ہوئے اس وقت حضرت طلحہ آپ کے نیچے بیٹھ گئے آپ ان پر اپنے پیر رکھ کر اوپر چڑھے اور حضرت زبیر فرماتے ہیں کہ میں نے اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سنا:

اوجب طلحه (طلحہ نے اپنے لیے جنت واجب کر لی) (رواہ ابن اسحٰق)

حضرت قیس بن ابی حازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت طلحہ کا وہ ہاتھ دیکھا جس سے انہوں نے رسول اللہ صلی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللہ علیہ وسلم کو احد کے دن بچایا تھا وہ بالکل شل تھا (رواہ البخاری)

حاکم نے اکلیل میں روایت کیا ہے کہ اس روز حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چھتیس یا انتالیس زخم آئے۔

ابو داؤد طیالسی میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ جب غزوۂ احد کا ذکر کرتے تو یہ فرماتے:

کان ذلك الیوم كله لطلحة۔

یہ دن تو سارا طلحہ کیلئے رہا۔

حضرت جابر سے مروی ہے کہ دشمنوں کے وار روکتے روکتے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی انگلیاں کٹ گئیں تو بے اختیار زبان سے یہ نکلا حسن (فتح الباری میں حسن نون کے ساتھ ہے یعنی خوب ہوا، اور علامہ زرقانی نے بدون نون کے نقل کیا ہے یعنی حس جیسے ہماری زبان سے آہ نکل جاتا ہے) آپ نے یہ ارشاد فرمایا:

لوقلت بسم الله لرفعتك الملائكة والناس ینظرون الیك حتی تلج بك فی جو السماء (رواہ النسائی والبیہقی بسند جید) (فتح الباری ج ۷ ص ۲۷۸، زرقانی ج ۲ ص ۳۹)

اگر تو بجائے حس کے بسم اللہ کہتا تو فرشتے تجھے اٹھا کر لے جاتے اور لوگ تجھ کو دیکھتے ہوئے ہوتے یہاں تک کہ تجھ کو جو سماء میں لے کر گھس جاتے۔

اس حدیث کو نسائی اور بیہقی نے نہایت عمدہ اور کھری سند کیساتھ روایت کیا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ ہم نے احد کے دن حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جسم پر ستر سے زیادہ زخم دیکھے۔ (رواہ ابو داؤد الطیالسی) (فتح الباری ج ۷ ص ۶۶ مناقب طلحہ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ کے علاتی باپ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ آپ کو ڈھال سے ڈھانکے ہوئے تھے بڑے تیر انداز تھے اس روز دو یا تین کمانیں توڑ ڈالیں جو شخص ترکش لیے ہوئے ادھر سے گزرتا نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم اس سے یہ فرماتے کہ یہ ترکش ابو طلحہ کے لئے ڈال جاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نظر اٹھا کر لوگوں کو دیکھنا چاہتے تو ابو طلحہ یہ عرض کرتے:

بابی انت وامی لا تشرف یصیبك سهم من سهام القوم نحری دون نحرك۔

میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں آپ نظر نہ اٹھائیں نصیب دشمناں کوئی تیر نہ آ لگے، میرا سینہ آپ کے سینے کیلئے سپر ہے۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بڑے تیر انداز تھے، احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ترکش کے تمام تیر نکال کر ان کے سامنے ڈال دیے اور فرمایا:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ارم فداك ابی وامی

تیر چلا تجھ پر میرے ماں باپ فدا ہوں

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سوائے سعد بن ابی وقاص کے کسی اور کیلئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فداك ابی وامی کہتے نہیں سنا۔ (بخاری شریف ص ۵۸۱) (یعنی احد کے دن سوائے حضرت سعد کے کسی اور کیلئے نہیں سنا، ورنہ غزوۂ بنو قریظہ میں حضرت زبیرؓ کے لئے فداک ابی وامی کہنا صحیح بخاری باب مناقب زبیر میں مذکور ہے۔ (فتح الباری ج ۷ ص ۷۶ مناقب سعد بن ابی وقاصؓ)

حاکم راوی ہیں کہ احد کے دن حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک ہزار تیر چلائے۔ (زرقانی ج ۲ ص ۴۲)

## حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ کی جاں نثاری

حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ (حافظ ابن عبدالبر فرماتے ہیں کہ ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسیلمہ کذاب کے قتل میں شریک تھے اسی جنگ میں شہید ہوئے۔ رضی اللہ عنہ استیعاب) دشمن سے سپر بن کر آپ کے سامنے کھڑے ہو گئے اور پشت دشمنوں کی جانب کرلی، تیر پر تیر چلے آرہے ہیں اور ابودجانہ رضی اللہ عنہ کی پشت ان کا نشانہ بنی ہوئی ہے۔ مگر اس اندیشہ سے کہ آپ کو کوئی تیر نہ لگ جائے جس و حرکت نہیں کرتے تھے۔ (رواہ ابن اسحق، زرقانی ج ۲ ص ۴۳)

### تنبیہ

جس طرح حضور خاتم النبیین تھے، کمالات نبوت آپ پر ختم تھے، اسی طرح آپ پر محبوبیت ختم تھی اور صحابہ کرام پر عشق ختم تھا خدا کی قسم، اس فدائیت کے سامنے لیلیٰ و مجنوں کی داستانیں سب گرد ہیں۔

## حضور پرنور کا مشرکین پر اظہار افسوس

حضرت انس رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ احد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چہرۂ انور سے خون پونچھتے جاتے تھے اور یہ کہتے جاتے تھے وہ قوم کیسے فلاح پا سکتی ہے جس نے اپنے پیغمبر کا چہرہ خون آلود کیا اور وہ ان کو ان کے پروردگار کی طرف بلاتا ہے۔ (رواہ احمد والترمذی والنسائی)

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بعض سرداران قریش کے حق میں بددعا کرنا اور آیت کا نزول

صحیح بخاری میں حضرت سالم سے مرسلاً روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صفوان بن امیہ اور سہیل بن عمرو اور حارث بن ہشام کے حق میں بددعا فرمائی اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

لیس لك من الامر شیء او یتوب علیهم او یعذبهم فانهم ظالمون (آل عمران آیت ۱۲۸)

اس امر میں آپ کو کوئی اختیار نہیں یہاں تک کہ خدا مہربانی فرمائے یا ان کو توبہ کی توفیق دے یا ان کو عذاب دے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کیونکہ وہ بڑے ظالم ہیں۔

حافظ عسقلانی فرماتے ہیں کہ یہ تینوں فتح مکہ میں مشرف باسلام ہوئے غالباً اسی وجہ سے حق تعالیٰ نے ان کے حق میں بددعا کرنے سے منع کیا اور یہ آیت شریف نازل فرمائی۔ (فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۱)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری نظروں کے سامنے ہیں، پیشانی مبارک سے خون پونچھتے جاتے ہیں اور یہ فرماتے جاتے ہیں:

رب اغفر لقومی فانهم لا يعلمون

اے پروردگار میری قوم کی مغفرت فرما وہ جانتے نہیں (صحیح مسلم غزوہ احد ج ۲ ص ۱۰۸)

بمقتضائے شفقت ورافت فانهم لا يعلمون فرمایا یعنی جانتے نہیں بے خبر ہیں اور یہ نہیں فرمایا فانهم يجهلون یعنی یہ جاہل ہیں۔

آیات بینات کا مشاہدہ کر لینے کے بعد اگرچہ جہل اور لاعلمی عذر نہیں ہوسکتی لیکن رحمت عالم اور رافت مجسم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال شفقت اور غایت رحمت سے بارگاہ ارحم الراحمین اور اجود الاجودین اور اکرم الاکرمین میں بصورت لاعلمی ان کی طرف سے معذرت کی شاید رحمت خداوندی ان کو ورطہ کفر وشرک سے نکال کر ایمان واسلام کے دار الامان اور دار السلام میں لا داخل کرے اور اخلاص واحسان کی رحیق مختوم پلا کر اپنی محبت کے نشہ میں ایسا چور کر دے کہ دنیائے دوں کی دناءت وحقارت اور عالم آخرت کی عزت ورفعت محسوس اور مشاہد ہو جائے اور کفر اور معصیت کے جیل خانہ سے نکل کر ہمیشہ کیلئے ایمان واسلام اخلاص واحسان کے حرم آمن میں آ کر مقیم ہو جائیں کہ پھر ابد الآباد تک بھی اس سے خارج نہ ہوں۔

## فائدہ

جب تک کافر کا خاتمہ کفر پر نہ ہو جائے اس وقت تک کافر کیلئے دعائے مغفرت بایں معنی درست ہے کہ حق تعالیٰ اس کو کفر اور شرک سے توبہ اور ایمان کی ہدایت دے تاکہ وہ خداوند ذوالجلال کے عفو اور مغفرت کا مورد اور محل بن سکے۔ ہاں جب کسی کا خاتمہ کفر اور شرک پر ہو جائے تب اس کیلئے دعائے مغفرت جائز نہیں، کما قال تعالیٰ۔

ماكان للنبي والذين آمنوا ان يستغفروا للمشركين ولو كانوا اولي قربىٰ من بعد ما تبين لهم انهم اصحاب الجحيم. (توبہ آیت ۱۱۳)

پیغمبر کیلئے اور اہل ایمان کیلئے یہ روا نہیں کہ مشرکین کے لئے دعا مغفرت کریں اگرچہ وہ ان کے اہل قرابت ہی کیوں نہ ہوں بعد اس کے کہ یہ ظاہر ہو چکا کہ یہ دوزخی ہیں یعنی کافر ہیں۔

حضرت قتادہ بن النعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ احد کے دن آپ کے چہرہ کے سامنے کھڑا ہو گیا اور اپنا چہرہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دشمنوں کے مقابل کر دیا، تا کہ دشمنوں کے تیر میرے چہرے پر پڑیں۔ اور آپ کا چہرہ انور محفوظ رہے۔ دشمنوں کا آخری تیر میری آنکھ پر ایسا لگا کہ آنکھ کا ڈھیلہ باہر نکل پڑا جس کو میں نے اپنے ہاتھ میں لے لیا اور لے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دیکھ کر آب دیدہ ہو گئے اور میرے لیے دعا فرمائی کہ اے اللہ جس طرح قتادہ نے تیرے نبی کے چہرہ کی حفاظت فرمائی اسی طرح تو اس کے چہرہ کو محفوظ رکھ اور اس آنکھ کو دوسری آنکھ سے بھی زیادہ خوبصورت اور تیز نظر بنا اور آنکھ کو اسی جگہ رکھ دیا۔ اسی وقت آنکھ بالکل صحیح اور سالم بلکہ پہلے سے بہتر اور تیز ہو گئی۔

(رواہ الطبرانی وابو نعیم والدار قطنی بنحوہ)(الاصابہ ج ۳ ص ۲۲۵)

ایک روایت میں ہے کہ قتادۃ اپنی آنکھ کی پتلی کو ہاتھ میں لیے ہوئے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا اگر تو صبر کرے تو تیرے لیے جنت ہے اور اگر چاہے تو اسی جگہ رکھ کر تیرے لیے دعا کروں۔ قتادۃ نے عرض کیا: یا رسول اللہ میری ایک بیوی ہے جس سے مجھ کو بہت محبت ہے مجھ کو اندیشہ ہے کہ اگر بے آنکھ رہ گیا تو کہیں وہ میری بیوی مجھ سے نفرت نہ کرنے لگے۔ آپ نے دست مبارک سے آنکھ اس کی جگہ پر رکھ دی اور یہ دعا فرمائی:

اللھم اعطہ جمالا (اے اللہ اس کو حسن و جمال عطا فرما)۔ (زرقانی ج ۲ ص ۴۲)

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی غلط خبر کا مشہور ہو جانا

جب یہ خبر مشہور ہوئی کہ لعیب دشمنان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتل ہو گئے، تو بعض مسلمان ہمت ہار کر بیٹھ گئے اور یہ بولے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو شہید ہو گئے اب لڑ کر کیا کریں، تو حضرت انس بن مالک کے چچا حضرت انس بن نضر نے یہ کہا اے لوگو اگر محمد قتل ہو گئے تو محمد کا رب تو قتل نہیں ہو گیا۔ جس چیز پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد وقتال کیا اسی پر تم بھی جہاد وقتال کرو اور اسی پر مر جاؤ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد زندہ رہ کر کیا کرو گے۔ یہ کہہ کر دشمنوں کی فوج میں گھس گئے اور مقابلہ کیا یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔ (رواہ ابن اسحق والطبرانی، زرقانی ج ۲ ص ۳۴)

## حضرت انس بن النضر کی شہادت کا واقعہ

صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ میرے چچا انس بن نضر کو غزوہ بدر میں شریک نہ ہونے کا بہت رنج تھا۔ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہنے لگے: یا رسول اللہ افسوس کہ میں مشرکین کے ساتھ اسلام کے پہلے ہی جہاد وقتال میں شریک نہ ہوا۔ اگر خدا تعالیٰ نے مجھ کو آئندہ کسی جہاد میں شریک ہونے کی توفیق دی تو اللہ دیکھ لے گا کہ میں اس کی راہ میں کیسی جدوجہد اور کیسی جانبازی اور سرفروشی دکھاتا ہوں۔ جب معرکہ احد میں کچھ لوگ شکست کھا کر بھاگے تو انس بن نضر رضی اللہ عنہ نے کہا اے اللہ میں تیری بارگاہ میں اس فعل سے معافی چاہتا ہوں جو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ان مسلمانوں نے کیا کہ جو میدان سے ذرا پیچھے ہٹے اور اس سے بری اور بیزار ہوں کہ جو مشرکین نے کیا اور تلوار لے کر آگے بڑھے سامنے سے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ آگئے ان کو دیکھ کر انس بن نضر نے کہا:

این یا سعد (یہ کلمہ کلام عرب میں ندائے بعید کیلئے آتا ہے عجب نہیں کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یاسعد سے یہ مراد ہو کہ اے سعد تو اس سعادت سے کہاں دور پڑا ہوا ہے اور علیٰ ھذا این سے مکان محسوس مراد نہ ہو بلکہ مکان بمعنی الرتبہ مراد ہو۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم) انی اجد ریح الجنۃ دون احد

اے سعد کہاں جا رہے ہو تحقیق میں تو احد کے نیچے جنت کی خوشبو سونگھ رہا ہوں۔

یہ الفاظ کتاب المغازی کی روایت میں ہیں اور کتاب الجہاد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

یا سعد بن معاذ الجنۃ ورب النضر انی اجد ریحھا دون احد. اے سعد یہ ہے جنت قسم ہے نضر کے پروردگار کی تحقیق میں جنت کی خوشبو احد کے نیچے پا رہا ہوں۔ (نضر حضرت انس کے باپ کا نام ہے نضر کے اصل معنی پر رونق اور تر و تازہ کے ہیں شاید حضرت انس نے نضرۃ النعیم جنت کی رونق اور تر و تازگی کو دیکھ کر رب نضر کی قسم کھائی ہو واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم)

حافظ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ شانہ بعض مرتبہ اپنے خاص بندوں کو روحانی طور پر نہیں بلکہ حسی طور پر دنیا ہی میں جنت کی خوشبو سنگھا دیتے ہیں جس طرح وہ حضرات حاسہ شامہ سے گلاب اور چنبیلی کی خوشبو سونگھتے ہیں اسی طرح وہ دنیا میں کبھی اللہ کے فضل سے جنت کی خوشبو سونگھتے ہیں جس کی مہک پانچ سو میل تک پہنچتی ہے عجب نہیں کہ حضرت انس بن نضر نے حسی طور پر جنت کی خوشبو محسوس فرمائی ہو۔ (کذا فی حادی الارواح الی بلاد الافراح ج ۱ ص ۲۵۰)

جو لوگ نشہ دنیا میں مخمور اور آخرت کے مزکوم ہیں (مزکوم وہ کہ جس کو زکام ہو گیا ہو۔) ان کا انکار قابل اعتبار نہیں ایسے لوگ از حواس اولیا بیگانہ اند کے مصداق ہیں، زکام والے کا گلاب اور چنبیلی کی خوشبو کو نہ محسوس کرنا صحیح الدماغ اور صحیح الحواس پر (جس کی قوت شامہ میلوں ہی سے پھولوں کی خوشبو سونگھتی ہو) کیسے حجت ہو سکتا ہے۔

الغرض حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ واھا لریح الجنہ اجدہ دون احد (واہ واہ جنت کی خوشبو احد کے پاس پا رہا ہوں) یہ کہتے ہوئے آگے بڑھے اور دشمنوں کا مقابلہ کیا یہاں تک کہ شہید ہوئے جسم پر تیر اور تلوار کے اسی سے زیادہ زخم پائے گئے اور یہ آیت ان کے بارہ میں نازل ہوئی:

من المؤمنین رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ (الاحزاب آیت ۲۳)

مسلمانوں میں سے بعضے ایسے مرد ہیں کہ انہوں نے اللہ سے جو عہد باندھا تھا اس کو سچ کر دکھایا۔

صدق جان دادن بود ہیں سابقوا

از نبی برخوان رجال صدقوا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

امام بخاری نے اس حدیث کو جامع صحیح میں تین جگہ ذکر فرمایا ہے، کتاب الجہاد ج ۱ ص ۳۹۲، وکتاب المغازی ص ۵۷۹ میں مفصلا اور کتاب التفسیر ص ۷۰۵ میں مختصراً بقول عارف رومی۔ انس بن نضر رضی اللہ عنہ کا یہ حال تھا۔

وقت آں آمد کہ من عریاں شوم
جسم بگزارم سراسر جاں شوم
بوئے جاناں سوئے جانم می رسد
بوئے یار مہربانم می رسد

مسلمانوں کی پریشانی اور بے چینی کا زیادہ سبب ذات بابرکات علیہ الف الف صلوات والف الف تحیات کا نظروں سے اوجھل ہوجانا تھا۔ سب سے پہلے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانا۔ آپ خود پہنے ہوئے تھے، چہرہ انور مستور تھا، کعب کہتے ہیں میں نے خود میں سے آپ کی چمکتی ہوئی آنکھیں دیکھ کر آپ کو پہچانا۔ اسی وقت میں نے بآواز بلند پکار کر کہا اے مسلمانو بشارت ہو تمہیں۔ یہ ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے دست مبارک سے اشارہ فرمایا خاموش رہو اگرچہ آپ نے دوبارہ کہنے سے منع فرمایا لیکن دل اور سر کے کان سب کے اسی طرف لگے ہوئے تھے اس لیے کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک ہی آواز سنتے ہی پروانہ وار آپ کے گرد آ کر جمع ہوگئے، کعب فرماتے ہیں کہ بعد ازاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زرہ مجھ کو پہنا دی اور میری زرہ آپ نے پہن لی۔ دشمنوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیال سے مجھ پر تیر برسانے شروع کیے جس سے زیادہ زخم آئے۔ (رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات)

جب کچھ مسلمان آپ کے پاس جمع ہوگئے تو پہاڑ کی گھاٹی کی طرف چلے۔ ابوبکر اور عمر اور علی اور طلحہ اور حارث بن صمہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم وغیرہ آپ کے ہمراہ تھے، جب پہاڑ پر چڑھنے کا ارادہ فرمایا تو ضعف اور نقاہت اور دو زرہوں کے بوجھ کی وجہ سے چڑھ نہ سکے اس لیے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نیچے بیٹھ گئے ان پر پیر رکھ کر آپ اوپر چڑھے۔

## ابی بن خلف کا قتل

اتنے میں ابی بن خلف گھوڑا دوڑاتا ہوا آ پہنچا جس کو دانہ کھلا کر اس امید پر موٹا کیا تھا کہ اس پر سوار ہوکر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو قتل کروں گا۔

آپ کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے اسی وقت فرما دیا تھا کہ ان شاء اللہ میں ہی اس کو قتل کروں گا۔

جب وہ آپ کی طرف بڑھا تو صحابہ نے اجازت چاہی کہ ہم اس کا کام تمام کریں، آپ نے فرمایا قریب آنے دو جب قریب آ گیا تو حارث بن صمہ رضی اللہ عنہ سے نیزہ لے کر اس کی گردن میں ایک کو چہ دیا، جس سے وہ بلبلا اٹھا اور چلاتا ہوا واپس ہوا کہ خدا کی قسم مجھ کو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے مار ڈالا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لوگوں نے کہا یہ تو ایک معمولی کھرونٹ ہے کوئی کاری زخم نہیں جس سے تو اس قدر چلا رہا ہے۔ ابی نے کہا تم کو معلوم نہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے مکہ ہی میں کہا تھا کہ میں ہی تجھ کو قتل کروں گا۔ اس کھرونٹ کی تکلیف میرا ہی دل جانتا ہے خدا کی قسم اگر یہ کھرونٹ حجاز کے تمام باشندوں پر تقسیم کر دی جائے تو سب کی ہلاکت کیلئے کافی ہے۔ اسی طرح بلبلاتا رہا مقام سرف میں پہنچ کر مر گیا۔ (البدایہ والنہایۃ ج ۴ ص ۳۵)

## حضرت علی اور حضرت فاطمہ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زخموں کو دھونا

جب آپ گھاٹی پر پہنچے تو لڑائی ختم ہو چکی تھی وہاں جا کر بیٹھ گئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ پانی لائے اور چہرۂ انور سے خون کو دھویا اور کچھ پانی سر پر ڈالا، بعد ازاں آپ نے وضو کیا اور بیٹھ کر ظہر کی نماز پڑھائی۔ صحابہ نے بھی بیٹھ کر ہی اقتداء کی۔ (ابتداء میں یہی حکم تھا کہ اگر امام کسی عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھائے تو مقتدی بھی بیٹھ کر اقتداء کریں گے اگرچہ اقتدا کرنے والے معذور نہ ہوں۔ لیکن بعد میں یہ حکم منسوخ ہو گیا امام اگر عذر کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھائے تو مقتدیوں پر قیام فرض ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض الوفات میں بیٹھ کر نماز پڑھائی اور صحابہ کھڑے رہے، یہ آپ کا آخری فعل ہے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم)

## قریش کا مسلمانوں کی لاشوں کو مثلہ کرنا

اور مشرکین نے مسلمانوں کی لاشوں کا مثلہ کرنا شروع کیا یعنی ناک اور کان کاٹے، پیٹ چاک اور اعضاء تناسل قطع کیے، عورتیں بھی مردوں کے ساتھ اس کام میں شریک رہیں۔

ہندہ نے جس کا باپ عتبہ جنگ بدر میں حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ سے مارا گیا تھا، اس نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا مثلہ کیا پیٹ اور سینہ چاک کر کے جگر نکالا اور چبایا لیکن حلق سے نہ اتر سکا اس لیے اس کو اگل دیا اور اس خوشی میں وحشی کو اپنا زیور اتار کر دیا۔

اور جن مسلمانوں کے ناک اور کان کاٹے گئے تھے ان کا ہار بنا کر گلے میں ڈالا۔ (زرقانی ج ۲ ص ۴۳، ۴۷)

## ابو سفیان کا آوازہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جواب

قریش نے جب واپسی کا ارادہ کیا تو ابو سفیان نے پہاڑ پر چڑھ کر یہ پکارا۔ افی القوم محمد۔ کیا تم لوگوں میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) زندہ ہیں۔ آپ نے فرمایا کوئی جواب نہ دے اسی طرح ابو سفیان نے تین بار آواز دی مگر جواب نہ ملا۔ بعد ازاں یہ آواز دی افی القوم ابن ابی قحافہ۔ کیا تم لوگوں میں ابن ابی قحافہ (یعنی ابو بکر صدیق) زندہ ہیں۔ آپ نے فرمایا کوئی جواب نہ دے، اس سوال کو بھی تین بار کہہ کر خاموش ہو گیا اور پھر یہ آواز دی افی القوم ابن الخطاب کیا تم میں عمر بن خطاب زندہ ہیں اس فقرہ کو بھی تین مرتبہ دہرایا مگر جب کوئی جواب نہ آیا تو اپنے رفقاء سے خوش ہو کر یہ کہا اما ھؤلاء فقد قتلوا فلو کانوا احیاء لا جابوا بہر حال یہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سب قتل ہوگئے اگر زندہ ہوتے تو ضرور جواب دیتے۔

(صحیح بخاری کی کتاب الجہاد میں فقط یہ الفاظ ہیں اما ھو ء لاء فقد قتلوا اور فلو کانو ......الخ کا ذکر نہیں کتاب المغازی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں ان ھو ء لاء قتلوا فلو کانوا احیاء لاجابوا ناچیز نے دونوں روایتوں کے الفاظ کو جمع کردیا اور علیٰ ہذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین تین مرتبہ پکارنا یہ کتاب الجہاد کی روایت میں ہے۔ کتاب المغازی کی روایت میں صرف ایک ایک مرتبہ پکارنے کا ذکر ہے و عدم ذکر لایدل علی ذکر العدم فافھم۔)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ تاب نہ لاسکے اور چلا کر کہا:

كذبت واللہ یاعدو اللہ ابقی اللہ علیك ما یحزنك۔

اے اللہ کے دشمن خدا کی قسم تو نے بالکل غلط کہا تیرے رنج وغم کا سامان اللہ نے ابھی باقی رکھ چھوڑا ہے۔

بعدازاں ابوسفیان نے (وطن اور قوم کے ایک بت کا نعرہ لگایا) اور یہ کہا:

اعل ھبل اعل ھبل (کتاب الجہاد کی روایت میں اعل ھبل اعل ھبل دو مرتبہ آیا ہے اور کتاب المغازی کی روایت میں صرف ایک مرتبہ مذکور ہے۔ ۱۲)

اے ہبل تو بلند ہوا اے ہبل تیرا دین بلند ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اس کے جواب میں یہ کہو۔

اللہ اعلیٰ واجل۔

اللہ ہی سب سے اعلیٰ اور ارفع اور بزرگ اور برتر ہے۔

پھر ابوسفیان نے کہا۔

ان لنا العزی ولا عزی لکم۔

ہمارے پاس عزی تمہارے پاس عزی نہیں، یعنی ہم کو عزت حاصل ہوئی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر سے فرمایا یہ جواب دو:

اللہ مولانا ولا مولی لکم

اللہ ہمارا آقا اور والی معین اور مددگار ہے تمہارا والی نہیں

فنعم المولی ونعم النصیر یعنی عزت صرف اللہ سبحانہ سے تعلق میں ہے عزی کے تعلق میں عزت نہیں بلکہ ذلت ہے۔

ابوسفیان نے کہا:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

**یوم بیوم بدر والحرب سجال**

یہ دن بدر کے دن کا جواب ہے لہٰذا ہم اور تم برابر ہو گئے اور لڑائی ڈولوں کے مانند ہے کبھی اوپر اور کبھی نیچے۔

یہ صحیح بخاری کی روایت ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ جواب دیا:

**لاسواء قتلانا فی الجنة وقتلاکم فی النار** (زرقانی ج ۲ ص ۴۷، فتح الباری ج ۷ ص ۲۷۲)

ہم اور تم برابر نہیں ہمارے مقتولین جنت میں ہیں اور تمہارے مقتولین جہنم میں

ابوسفیان کا یہ قول الحرب سجال چونکہ حق تھا اس لیے اس کا جواب نہیں دیا گیا۔ اور حق تعالیٰ شانہ کا یہ ارشاد

**تلك الایام نداولها بین الناس**

اس کا مؤید ہے۔

بعد ازاں ابوسفیان نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آواز دی

**هلم الیّ یاعمر**

اے عمر میرے قریب آؤ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ جاؤ اور دیکھو کیا کہتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے پاس گئے ابوسفیان نے کہا:

**انشدك الله یا عمر أ قتلنا محمدا**

اے عمر تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں سچ بتاؤ کہ ہم نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو قتل کیا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

**اللهم لا وانه لیسمع کلامك الان**

خدا کی قسم ہرگز نہیں اور البتہ تحقیق وہ تیرے کلام کو اس وقت سن رہے ہیں۔

ابوسفیان نے کہا:

**انت عندی أصدق من ابن قمیة وابر**

تم میرے نزدیک ابن قمیہ سے زیادہ سچے اور نیک ہو۔

بعد ازاں ابوسفیان نے کہا:

**انه قدکان فی قتلاکم مثل والله مارضیت ولا نهیت ولا امرت**

ہمارے آدمیوں کے ہاتھ سے تمہارے مقتولین کا مثلہ ہوا۔ خدا کی قسم میں اس فعل سے نہ راضی ہوں اور نہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ناراض، نہ میں نے منع کیا اور نہ میں نے حکم دیا۔

اور چلتے وقت للکار کر یہ کہا:

**موعدکم بدر للعام القابل**

سال آئندہ بدر پر تم سے لڑائی کا وعدہ ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو یہ حکم دیا کہ کہہ دیں:

**نعم هو بيننا وبينك موعد ان شا الله.**

ہاں ہمارا اور تمہارا یہ وعدہ ہے ان شاء اللہ۔ (تاریخ طبری ج ۳ ص ۲۲، ابن ہشام ج ۲ ص ۸۹) (ان شاء اللہ کا لفظ علامہ زرقانی نے نقل کیا ہے طبری اور ابن ہشام کی روایت میں نہیں۔ زرقانی ج ۲ ص ۴۸)

مشرکین کی واپسی کے بعد مسلمانوں کی عورتیں خبر لینے اور حال معلوم کرنے کی غرض سے مدینہ سے نکلیں سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے آ کر دیکھا کہ چہرہ انور سے خون جاری ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سپر میں پانی بھر کر لاتے اور حضرت فاطمہ دھوتی جاتی تھیں لیکن خون کسی طرح نہیں تھمتا تھا۔ جب دیکھا کہ خون بڑھتا ہی جاتا ہے تو ایک چٹائی کا ٹکڑا لے کر جلایا اور اس کی راکھ زخم میں بھری تب خون بند ہوا۔ (رواه البخاري والطبراني عن سهل بن سعدؓ) (زرقانی ج ۲ ص ۴۹)

### فائدہ

۱ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیماری میں دوا کرنا جائز ہے۔

۲ نیز علاج کرنا توکل کے منافی نہیں۔

۳ نیز حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو بھی امراض جسمانیہ اور تکالیف بدنیہ لاحق ہوتی ہیں تاکہ ان کے درجات بلند ہوں اور ان کے متبعین ان حضرات کو دیکھ کر صبر اور تحمل، رضاء و تسلیم کا سبق حاصل کریں، نیز ان عوارض بشریہ اور لوازم انسانیت کو دیکھ کر سمجھ لیں کہ یہ حضرات اللہ جل جلالہ کے پاک اور مخلص بندے ہیں، معاذ اللہ خدا نہیں۔ ان حضرات کے معجزات اور آیات بینات کو نبوت و رسالت کے براہین اور دلائل سمجھیں۔ نصاریٰ کی طرح فتنہ میں مبتلا ہو کر ان کو خدا نہ سمجھ بیٹھیں۔

**اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له واشهد ان محمدا عبده ورسوله صلى الله عليه وعلى آله واصحابه وازواجه وذرياته وبارك وسلم تسليما كثيرا كثيرا.**

۴۔ نیز اس واقعہ سے یہ امر بھی خوب واضح ہو گیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابو بکر رضی اللہ عنہ اور پھر عمر رضی اللہ عنہ کا درجہ تھا اور یہ ترتیب اس درجہ واضح اور روشن تھی کہ کفار بھی یہی سمجھتے تھے کہ آپ کے بعد ابو بکر صدیق

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رضی اللہ عنہ اور پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مقام ہے، غرض یہ کہ شیخین (ابوبکر وعمر) کی ترتیب افضلیت کا مسئلہ کفار کو بھی معلوم تھا مشاہدہ سے کفار نے یہ سمجھا کہ بارگاہ نبوت میں اول مقام ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ہے اور پھر عمر رضی اللہ عنہ کا اور یہ دونوں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے وزیر با تدبیر ہیں۔

## حضرت سعد بن ربیع کی شہادت کا ذکر

قریش کی روانگی کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ حضرت سعد ربیع انصاری رضی اللہ عنہ کو ڈھونڈو کہ کہاں ہیں (یہ حاکم کی روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا اور حافظ ابن عبد البر کی روایت میں ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا اور واقدی کی روایت میں ہے کہ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا۔ عجب نہیں کہ یکے بعد دیگرے تینوں کو بھیجا ہو یا وقت واحد ہی میں تینوں کو حکم دیا ہو واللہ اعلم (زرقانی ج ۲ ص ۴۹) اور یہ ارشاد فرمایا:

ان رایته فاقراه منی السلام وقل له یقول لك رسول الله كيف تجدك

اگر دیکھ پاؤ تو میرا اسلام کہنا اور یہ کہنا کہ رسول اللہ یہ دریافت فرماتے ہیں کہ آپ اس وقت اپنے کو کیا پاتے ہیں۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ڈھونڈتا ہوا حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا۔ ابھی حیات کی کچھ رمق باقی تھی جسم پر تیر اور تلوار کے ستر زخم تھے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیام پہنچایا حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ جواب دیا:

علی رسول الله السلام وعليك السلام قل له يا رسول الله أجدانی أجد ريح الجنة وقل لقومی الانصار لا عذرلكم عند الله ان يخلص الی رسول الله صلی الله عليه وسلم شفر يطرف قال وفاضت نفسه رحمه الله (ایک روایت میں ہے وفيكم عين تطرف، زرقانی ج ۲ ص ۴۹)

رسول اللہ پر بھی سلام اور تم پر بھی سلام رسول اللہ کو یہ پیام پہنچا دینا یا رسول اللہ اس وقت میں جنت کی خوشبو سونگھ رہا ہوں اور میری قوم انصار سے یہ کہہ دینا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی تکلیف پہنچی دراں حالیکہ تم میں سے ایک آنکھ بھی دیکھنے والی موجود ہو یعنی تم میں سے کوئی ایک بھی زندہ ہو تو سمجھ لینا کہ اللہ کے ہاں تمہارا کوئی عذر مقبول نہ ہوگا، یہ کہہ کر روح پرواز کر گئی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ ورضی اللہ عنہ

حاکم فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور حافظ ذہبی نے بھی تلخیص میں اس کو صحیح فرمایا ہے۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ کہا:

اخبر رسول الله صلی الله عليه وسلم انی فی الاموات واقرأه السلام وقل له يقول جزاك الله عنا وعن جميع الامة خيرا. (مستدرک ج ۳ ص ۲۰۱ ترجمہ سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دینا کہ اس وقت میں مر رہا ہوں اور سلام کے بعد یہ کہہ دینا کہ سعد یہ کہتا تھا جزاك الله عنا وعن جميع الامة خيرا۔ اے اللہ کے رسول، اللہ آپ کو ہماری اور تمام امت کی طرف سے جزائے خیر دے کہ ہم کو حق کا راستہ بتایا۔

ابن عبدالبر کی روایت میں حضرت ابی بن کعب سے مروی ہے کہ میں واپس آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خبر دی آپ نے سن کر یہ ارشاد فرمایا:

رحمه الله نصح لله ولرسوله حيا وميتا. (استيعاب للحافظ ابن عبدالبر ج ۲ ص ۳۵ حاشيه اصابه).

اللہ اس پر رحم فرمائے۔ اللہ اور اس کے رسول کا خیر خواہ اور وفادار رہا زندگی میں بھی اور مرتے وقت بھی۔

## حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کی تلاش

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی تلاش میں نکلے بطن وادی میں مثلہ کیے ہوئے پائے گئے ناک اور کان کٹے ہوئے ہیں شکم اور سینہ چاک تھا اس جگر خراش اور دل آزار منظر کو دیکھ کر بے اختیار دل بھر آیا اور یہ فرمایا تم پر اللہ کی رحمت ہو جہاں تک مجھ کو معلوم ہے البتہ تم بڑے مخیر اور صلہ رحمی کرنے والے تھے۔ اگر حضرت صفیہ کے حزن اور ملال رنج اور غم کا خیال نہ ہوتا تو میں تم کو اسی طرح چھوڑ دیتا کہ درندا اور پرندتم کو کھاتے اور پھر قیامت کے دن تم انہیں کے شکم سے اٹھتے اور اسی جگہ سے کھڑے کھڑے یہ فرمایا کہ خدا کی قسم اگر خدا نے مجھ کو کافروں پر غلبہ عطا فرمایا تو تیرے بدلہ ستر کافروں کا مثلہ کروں گا۔ آپ اس جگہ سے ابھی ہٹے نہ تھے کہ یہ آیت شریفہ نازل ہوگئی:

وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به ولئن صبرتم لهو خير للصابرين واصبر وما صبرك الا بالله ولا تحزن عليهم ولا تك في ضيق مما يمكرون ان الله مع الذين اتقوا والذين هم محسنون. (سورة النحل آیت ۱۲٦)

اور اگر تم بدلہ لو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنا کہ تم کو تکلیف پہنچائی گئی تھی اور اگر تم صبر کرو تو البتہ وہ بہتر ہے صبر کرنے والوں کیلئے اور آپ صبر کیجئے اور آپ کا صبر کرنا محض اللہ کی امداد اور توفیق سے ہے اور نہ آپ ان پر غمگین ہوں اور نہ ان کے مکر سے تنگدل ہوں تحقیق اللہ تعالیٰ صبر کاروں اور نیکوکاروں کے ساتھ ہے۔

آپ نے صبر فرمایا اور قسم کا کفارہ دیا اور اپنا ارادہ فسخ کیا۔ (مستدرک ج ۳ ص ۱۹۷)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا تو رو پڑے اور ہچکی بندھ گئی اور یہ فرمایا:

سيد الشهداء عندالله يوم القيامة حمزة۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

قیامت کے دن اللہ کے نزدیک تمام شہیدوں کے سردار حمزہ ہوں گے۔

حاکم فرماتے ہیں ھذا حدیث صحیح الاسناد یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور حافظ ذہبی نے بھی اس کو صحیح بتایا ہے۔(ایضاً ص ۱۹۹، قال العلامہ الزرقانی، ھذا الحدیث رواہ الحاکم والبیھقی والبزار والطبرانی وقال الحافظ فی الفتح باسناد فیہ ضعف (اھ زرقانی ج ۲ ص ۵۱)، اقول لکن قال الحافظ بعد ماذکر للحدیث طرقا عدیدۃ وھذہ طرق یقوی بعضھا بعضا الخ فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۲)

معجم طبرانی میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

سید الشھداء حمزۃ بن عبدالمطلب

حضرت حمزہ بن عبدالمطلب تمام شہیدوں کے سردار ہیں۔(صحیح بخاری کے متداول نسخوں میں باب قتل حمزۃ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ہے لیکن نسفی کے نسخہ میں قتل حمزۃ سید الشھداء ہے۔ غالباً امام بخاری نے ترجمۃ الباب میں اس حدیث کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔)

اسی وجہ سے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ سید الشہداء کے لقب سے مشہور ہوئے۔

## حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی شہادت کا ذکر

اسی غزوہ میں حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ بھی شہید ہوئے معجم طبرانی اور دلائل ابی نعیم میں سند جید کے ساتھ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ احد کے دن جنگ شروع ہونے سے پہلے عبداللہ بن جحش نے مجھ کو ایک طرف بلا کر تنہائی میں یہ کہا:

آؤ ہم دونوں کہیں علیحدہ بیٹھ کر دعا مانگیں اور ایک دوسرے کی دعا پر آمین کہیں۔(فتح الباری ج ۷ ص ۲۸۲)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم دونوں کسی گوشہ میں سب سے علیحدہ ایک طرف جا کر بیٹھ گئے اول میں نے دعا مانگی کہ اے اللہ آج ایسے دشمن سے مقابلہ ہو کہ جو نہایت شجاع اور دلیر اور نہایت غضبناک ہو کچھ دیر تک میں اس کا مقابلہ کروں اور وہ میرا مقابلہ کرے پھر اس کے بعد اے اللہ مجھ کو اس پر فتح نصیب فرما، یہاں تک کہ میں اس کو قتل کروں اور اس کا سامان چھینوں۔

حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے آمین کہی اور اس کے بعد یہ دعا مانگی، اے اللہ آج ایسے دشمن سے مقابلہ ہو کہ جو بڑا ہی سخت اور زور آور اور غضبناک ہو محض تیرے لیے اس سے قتال کروں اور وہ مجھ سے قتال کرے بالآخر وہ مجھ کو قتل کرے اور میری ناک اور کان کاٹے اور اے پروردگار جب تجھ سے ملوں اور تو دریافت فرمائے: اے عبداللہ، یہ تیرے ناک اور کان کہاں کٹے تو میں عرض کروں اے اللہ تیری اور تیرے پیغمبر کی راہ میں اور تو اس وقت یہ فرمائے "سچ کہا" سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کی دعا میری دعا سے کہیں بہتر تھی، شام کو دیکھا کہ ان کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ناک اور کان کٹے ہوئے ہیں۔ (زرقانی ج ۲ ص ۵۱)

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اللہ نے میری بھی دعا قبول فرمائی میں نے بھی ایک بڑے سخت کافر کو قتل کیا اور اس کا سامان چھینا۔ (روض الانف ج ۲ ص ۱۴۳)

سعید بن مسیب راوی ہیں کہ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ دعا مانگی:

اللهم انى اقسم عليك ان القى العدو فيقتلونى ثم يبقروا بطنى ويجدعوا انفى واذنى ثم تسالنى بم ذلك فاقول فيك۔

اے اللہ میں تجھ کو قسم دیتا ہوں کہ میں تیرے دشمنوں کا مقابلہ کروں اور پھر وہ مجھ کو قتل کریں اور میرا شکم چاک کریں اور میری ناک اور کان کاٹیں اور پھر تو مجھ سے دریافت فرمائے یہ کیوں ہوا تو میں عرض کروں محض تیری وجہ سے۔

حضرت سعید بن مسیب فرماتے ہیں کہ میں اللہ سے امید کرتا ہوں کہ جس طرح حق تعالیٰ نے اس خاص شان سے شہادت کے بارے میں ان کی دعا قبول فرمائی۔ اسی طرح اللہ نے ان کی دوسری دعا بھی ضرور قبول فرمائی ہوگی۔ یعنی شہید ہونے کے بعد ان سے یہ سوال فرمایا ہوگا اور انہوں نے یہ جواب عرض کیا ہوگا۔ امام حاکم فرماتے ہیں اگر یہ حدیث مرسل نہ ہوتی تو شرط شیخین پر صحیح ہوتی، حافظ ذہبی فرماتے ہیں، "مرسل صحیح" (مستدرک ج ۳ ص ۲۰۰)

اسی وجہ سے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ مجدع فی اللہ (یعنی وہ شخص جس کے ناک اور کان اللہ کی راہ میں کاٹے گئے) کے لقب سے مشہور ہوئے۔ (الاصابہ ج ۲ ص ۲۸۷)

خداوند ذوالجلال کے محبین ومخلصین عشاق اور والہین کا یہی حال ہوتا ہے کہ وہ خدا کی راہ میں جان دینا اپنی انتہائی سعادت سمجھتے ہیں بمقابلہ حیات موت ان کو زیادہ لذیذ اور خوشگوار معلوم ہوتی ہے، اس لیے کہ وہ موت کو محبوب حقیقی (یعنی حق تعالیٰ شانہ) کی لقاء کا ذریعہ اور جن دنیا سے رہا ہو کر گلستان جنت اور بوستان بہشت میں پہنچ جانے کا وسیلہ سمجھتے ہیں۔

تلخ نبود پیش ایشاں مرگ تن
چوں روند از چاہ زنداں در چمن
تلخ کے باشد کسے راکش برند
از میان زہر ماران سوئے قند

## فائدہ

حق جل وعلا نے جب انسان کو خلیفہ بنانے کا ارادہ فرمایا تو فرشتوں نے عرض کیا:

اتجعل فيها من يفسد فيها ويسفك الدماء ونحن نسبح بحمدك ونقدس لك (سورۃ البقرۃ: ۳۰)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کیا آپ اس شخص کو زمین میں خلیفہ بنانا چاہتے ہیں کہ جو زمین میں فساد اور خونریزی کرے حالانکہ ہم سب ہر لمحہ اور ہر لحظہ تیری ستائش کے ساتھ تسبیح و تقدیس کرتے رہتے ہیں۔

انسان میں دو قوتیں ہوتی ہیں ایک قوت شہویہ جس سے زنا وغیرہ صادر ہوتا ہے جس کو ملائکہ نے من یفسد فیھا سے تعبیر کیا۔ اور دوسری قوت غضبیہ جس سے قتل اور ضرب اور خونریزی ظہور میں آتی ہے جس کو ملائکہ نے ویسفك الدماء سے تعبیر کیا۔

ملائکہ نے انسان کے یہ نقائص ذکر کیے لیکن یہ خیال نہ کیا کہ یہی قوت شہویہ جب اس کا رخ اللہ کی طرف پھیر دیا جائے گا تو اس سے وہ ثمرات اور نتائج ظاہر ہوں گے کہ فرشتے بھی عش عش کرنے لگیں گے، یعنی غلبہ عشق خداوندی اور اس کی محبت کا جوش اور ولولہ اور علی ہذا جب قوت غضبیہ کو کارخانہ خداوندی میں صرف کیا جاتا ہے تو اس سے بھی عجیب وغریب نتائج وثمرات ظہور میں آتے ہیں، جسے فرشتے دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں یعنی خداوند ذوالجلال کی راہ میں جانبازی اور سرفروشی اور اس کے دشمنوں سے جہاد و قتال۔

نشود نصیب دشمن کہ شود ہلاک تیغت
سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی

فرشتے بے شک لیل ونہار خداوند کردگار کی تسبیح و تقدیس کرتے ہیں مگر اس کی راہ میں والہانہ اور عاشقانہ جانبازی اور سرفروشی کا ولولہ ان میں نہیں وہ اس دولت ونعمت سے محروم ہیں اور پھر یہ کہ اس محبوب حقیقی کیلئے جان دے دینا اور اس کی راہ میں شہید ہونا یہ وہ نعمت ہے کہ جس کا فرشتوں میں امکان بھی نہیں۔ انسان میں اگرچہ فرشتوں کی طرح عصمت نہیں لیکن گناہ کے بعد انسان کی مضطربانہ ندامت وشرمساری اور بے تابانہ گریہ وزاری اس کو اس درجہ بلند اور رفیع بنادیتی ہے کہ فرشتے پیچھے رہ جاتے ہیں۔

مرکب توبہ عجائب مرکب است
بر فلک تازد بیک لحظہ زپست
چوں برارند از پشیمانی انین
عرش لرزد از انین المذنبین

اسی وجہ سے اہل سنت والجماعت کا اجماع ہے کہ تمام انبیاء ومرسلین ملائکہ مقربین سے افضل اور برتر ہیں اور صحابہ اور تابعین اور صدیقین اور شہداء اور صالحین بقیہ ملائکہ سموات وارضین سے اشرف ہیں (کذا فی البحر الرائق ج۱ص۳۳۳، وان شئت زیادة تفصیل فارجع الیه) اور مومنات صالحات، حورعین سے افضل ہیں کذا فی الیواقیت والجواهر۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا ذکر

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد ماجد عبداللہ بن عمرو بن حرام انصاری رضی اللہ عنہ بھی اسی معرکہ میں شہید ہوئے۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے باپ جنگ احد میں شہید ہوئے اور کافروں نے ان کا مثلہ کیا۔ جب ان کی لاش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لاکر رکھی گئی تو میں نے باپ کے منہ سے کپڑا اٹھا کر دیکھنا چاہا تو صحابہ نے منع کیا، میں نے دوبارہ منہ دیکھنا چاہا تو صحابہ نے پھر منع کیا، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی۔

میری پھوپی فاطمہ بنت عمرو جب بہت رونے لگیں تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا روتی کیوں ہے، اس پر تو فرشتے برابر سایہ کیے ہوئے ہیں۔ یہاں تک کہ ان کا جنازہ اٹھایا گیا۔ (بخاری شریف) (یہ حدیث صحیح بخاری کے متعدد ابواب میں مذکور ہے مثلاً کتاب الجنائز ص ۱۶۶، وص ۱۷۲، کتاب الجہاد ۳۹۵ کتاب المغازی ص ۵۸۴)

یعنی یہ مقام رنج وحسرت کا نہیں بلکہ فرحت ومسرت کا ہے کہ فرشتے تیرے بھائی پر سایہ کیے ہوئے ہیں۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھ کر یہ فرمایا: اے جابر تجھ کو کیا ہوا؟ میں تجھ کو شکستہ خاطر پاتا ہوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے باپ اس غزوہ میں شہید ہوئے اور آل وعیال اور قرض کا بار چھوڑ گئے۔ آپ نے فرمایا: کیا میں تجھ کو ایک خوش خبری نہ سناؤں؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیوں نہیں، ضرور سنائیے۔ آپ نے فرمایا: کسی شخص سے بھی اللہ نے کلام نہیں فرمایا مگر پس پردہ۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کو زندہ کیا اور بالمشافہ اور بالمواجہ اس سے کلام کیا اور یہ کہا کہ اے میرے بندے اپنی کوئی تمنا میرے سامنے پیش کر۔ تو تیرے باپ نے یہ عرض کیا: اے پروردگار تمنا یہ ہے کہ پھر زندہ ہوں اور تیری راہ میں پھر دوبارہ مارا جاؤں۔ حق تعالیٰ نے فرمایا: یہ تو نہیں ہو سکتا، اس لیے کہ یہ مقدر ہو چکا ہے کہ مرنے کے بعد دوبارہ واپسی نہیں (ترمذی شریف کتاب التفسیر سورۃ آل عمران) (حافظ عسقلانی فتح الباری میں فرماتے ہیں رواہ الترمذی وحسنہ والحاکم وصححہ، فتح الباری ج ۶ ص ۲۵ باب تمنی المجاھد ان یرجع الی الدنیا) عبداللہ بن عمرو بن حرام کہتے ہیں کہ احد سے پیشتر میں نے مبشر بن عبدالمنذر کو خواب میں دیکھا کہ یہ کہہ رہے ہیں کہ اے عبداللہ تم بھی عنقریب ہمارے ہی پاس آنے والے ہو۔ میں نے کہا تم کہاں ہو، کہا جنت میں جہاں چاہتے ہیں سیر وتفریح کرتے ہیں میں نے کہا کیا تو بدر میں قتل نہیں ہوا تھا، مبشر نے کہا: ہاں لیکن پھر زندہ کر دیا گیا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں یہ خواب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا آپ نے فرمایا اے ابو جابر اس کی تعبیر شہادت ہے۔ (زاد المعاد ج ۲ ص ۹۶، فتح الباری ج ۳ ص ۱۷۲)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## عمرو بن الجموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا ذکر

اسی غزوہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام کے بہنوئی حضرت عمرو بن الجموح رضی اللہ عنہ بھی شہید ہوئے۔ ان کی شہادت کا واقعہ بھی عجیب ہے۔ عمرو بن الجموح رضی اللہ عنہ کے پاؤں میں لنگ تھی اور لنگ بھی معمولی نہ تھی بلکہ شدید تھی۔ چار بیٹے تھے جو ہر غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب رہتے تھے، احد میں جاتے وقت ان سے کہا کہ میں تمہارے ساتھ جہاد میں چلتا ہوں، بیٹوں نے کہا آپ معذور ہیں، اللہ نے آپ کو رخصت دی ہے، آپ یہیں رہیں۔ مگر یہ عزیمت کے شیدائی کب رخصت پر عمل کرنے والے تھے، شوق شہادت میں اس درجہ بے تاب اور بے چین ہوئے کہ اسی حالت میں لنگڑاتے بارگاہ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ میرے بیٹے مجھ کو آپ کے ساتھ جانے سے روکتے ہیں۔

**واللہ انی لارجوان اطأ بعرجتی ھذہ فی الجنۃ۔**

خدا کی قسم تحقیق میں امید واثق رکھتا ہوں کہ اسی لنگ کے ساتھ جنت کی زمین کو جا کر روندوں۔

آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ نے تم کو معذور کہا ہے، تم پر جہاد فرض نہیں اور بیٹوں کی طرف مخاطب ہو کر یہ ارشاد فرمایا کہ کیا حرج ہے اگر تم ان کو نہ روکو۔ شاید اللہ تعالیٰ ان کو شہادت نصیب فرمائے چنانچہ وہ جہاد کیلئے نکلے اور شہید ہوئے رضی اللہ عنہ۔ (ابن ہشام ج ۲ ص ۸۸، البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۳۷)

اور مدینہ سے چلتے وقت مستقبل قبلہ ہو کر یہ دعا مانگی:

**اللھم ارزقنی الشھادۃ ولا تردنی الی اھلی**

اے اللہ مجھ کو شہادت نصیب فرما اور گھر والوں کی طرف واپس نہ کر۔

اسی غزوہ میں ان کے بیٹے خلاد بن عمرو بن الجموح بھی شہید ہوئے، عمرو بن الجموح کی بیوی ہندہ بنت عمرو بن حرام نے (جو کہ عبداللہ بن عمرو بن حرام کی بہن اور حضرت جابر کی پھوپھی ہیں) یہ ارادہ کیا کہ تینوں یعنی اپنے بھائی عبداللہ بن عمرو بن حرام اور اپنے بیٹے خلاد بن عمرو بن الجموح اور اپنے شوہر عمرو بن الجموح کو ایک اونٹ پر سوار کر کے مدینہ لے جائیں اور وہیں جا کر تینوں کو دفن کریں مگر جب مدینہ کا قصد کرتی ہیں تو اونٹ بیٹھ جاتا ہے اور جب احد کا رخ کرتی ہیں تو تیز چلنے لگتا ہے۔

ہندہ نے آ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا آپ نے فرمایا: عمرو بن الجموح نے مدینہ سے چلتے وقت کچھ کہا تھا؟ ہندہ نے ان کی وہ دعا ذکر کی جو انہوں نے چلتے وقت کی تھی آپ نے فرمایا: اسی وجہ سے اونٹ نہیں چلتا اور یہ فرمایا:

**والذی نفسی بیدہ ان منکم من لو اقسم علی اللہ لا برہ منھم عمرو بن الجموح ولقد رائیتہ یطلہ بعرجۃ فی الجنۃ**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے البتہ تم میں بعض ایسے بھی ہیں اگر اللہ پر قسم کھا بیٹھیں تو اللہ ان کی قسم کو ضرور پورا کرے ان میں سے عمرو بن الجموح بھی ہیں البتہ تحقیق میں نے ان کو اسی لنگ کے ساتھ جنت میں چلتا ہوا دیکھا ہے۔ (زرقانی ج ۲ ص ۵۰، روض الانف ج ۲ ص ۱۳۹، عیون الاثر ص ۳۲۷)

عبداللہ بن عمرو بن حرام اور عمرو بن جموح رضی اللہ عنہما احد کے قریب دونوں ایک ہی قبر میں دفن کیے گئے۔

## حضرت خیثمہ کی شہادت کا ذکر

خیثمہ رضی اللہ عنہ نے (جن کے بیٹے سعد غزوۂ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہو کر شہید ہو چکے تھے) بارگاہ نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ افسوس مجھ سے غزوۂ بدر رہ گیا۔ جس کی شرکت کا میں بڑا ہی حریص اور مشتاق تھا۔ یہاں تک کہ اس سعادت کے حاصل کرنے میں بیٹے سے قرعہ اندازی کی (جس کا مفصل قصہ غزوۂ بدر کے بیان میں گزر چکا ہے) مگر یہ سعادت میرے بیٹے سعد کی قسمت میں تھی قرعہ اس کے نام کا نکلا اور شہادت اس کو نصیب ہوئی اور میں رہ گیا۔

آج شب میں نے اپنے بیٹے کو خواب میں دیکھا ہے نہایت حسین و جمیل شکل میں ہے جنت کے باغات اور نہروں میں سیر و تفریح کرتا پھرتا ہے اور مجھ سے یہ کہتا ہے اے باپ تم بھی یہیں آ جاؤ دونوں مل کر جنت میں ساتھ رہیں گے۔ میرے پروردگار نے جو مجھ سے وعدہ کیا تھا وہ میں نے بالکل حق پایا۔

یا رسول اللہ اس وقت سے اپنے بیٹے کی مرافقت کا مشتاق ہوں، بوڑھا ہو گیا اور ہڈیاں کمزور ہو گئیں اب تمنا یہ ہے کہ کسی طرح اپنے رب سے جا ملوں۔ یا رسول اللہ اللہ سے دعا کیجئے کہ اللہ مجھ کو شہادت اور جنت میں سعد کی مرافقت نصیب فرمائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیثمہ کیلئے دعا فرمائی، اللہ نے آپکی دعا قبول فرمائی اور خیثمہ معرکہ احد میں شہید ہوئے۔ (زاد المعاد ج ۲ ص ۹۶)

ان شاء اللہ ثم ان شاء اللہ امید واثق ہے کہ حضرت خیثمہ اپنے بیٹے سعد سے جا ملے رضی اللہ عنہما

## حضرت اُصیرم کی شہادت کا ذکر

عمرو بن ثابت، جو اصیرم کے لقب سے مشہور تھے، ہمیشہ اسلام سے منحرف رہے جب احد کا دن ہوا تو اسلام دل میں اتر آیا اور تلوار لے کر میدان میں پہنچے اور کافروں سے خوب قتال کیا یہاں تک کہ زخمی ہو کر گر پڑے لوگوں نے جب دیکھا کہ اصیرم ہیں تو بہت تعجب ہوا اور پوچھا کہ اے عمرو تیرے لیے اس لڑائی کا کیا داعی ہوا۔ اسلام کی رغبت یا قومی غیرت و حمیت؟ اصیرم نے جواب دیا:

بل رغبة فی الاسلام فامنت باللہ ورسوله فاسلمت واخذت سیفی وقاتلت مع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم حتی اصابنی ما اصابنی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بلکہ اسلام کی رغبت واقع ہوئی ایمان لایا اللہ اور اس کے رسول پر اور مسلمان ہوا اور تلوار لیکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کے دشمنوں سے قتال کیا یہاں تک کہ مجھ کو یہ زخم پہنچے۔

یہ کلام ختم کیا اور خود بھی ختم ہو گئے، رضی اللہ عنہ

انه لمن اهل الجنة

البتہ تحقیق وہ اہل جنت سے ہے۔(رواه ابن اسحق واسناده حسن)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے بتلاؤ وہ کون شخص ہے کہ جو جنت میں پہنچ گیا اور ایک نماز بھی نہیں پڑھی، وہ یہی صحابی ہیں۔(اصابہ ترجمہ عمرو بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ)

## مدینہ منورہ کے مردوں اور عورتوں کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خیریت اور سلامتی معلوم کرنے کیلئے ہجوم

جنگ کے متعلق مدینہ میں چونکہ وحشت ناک خبریں پہنچ چکی تھیں۔ اس لیے مدینہ کے مرد اور عورت بچے اور بوڑھے اپنے عزیزوں سے زیادہ آپ کو سلامت وعافیت کے ساتھ دیکھنے کے متمنی اور مشتاق تھے۔

چنانچہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ واپسی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک انصاری عورت پر ہوا جس کا شوہر اور بھائی اور باپ اس معرکہ میں شہید ہوئے۔ جب اس عورت کو اس کے شوہر اور برادر اور پدر کی شہادت کی خبر سنائی گئی تو یہ کہا کہ پہلے یہ بتاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ہیں۔ لوگوں نے کہا بحمد اللہ خیریت سے ہیں۔ اس خاتون نے کہا مجھ کو چہرۂ انور دکھلا دو آنکھوں سے دیکھ کر پورا اطمینان ہوگا۔ لوگوں نے اشارہ سے بتلایا کہ حضور یہ ہیں جب اس خاتون نے جمال نبوی کو دیکھ لیا تو یہ کہا:

كل مصيبة بعدك جلل ہر مصیبت آپ کے بعد بالکل ہیچ اور بے حقیقت ہے۔(ابن ہشام ج ۲ ص ۱۲)

## معرکہ کارزار میں عین پریشانی کی حالت میں مجاہدین با اخلاص پر حق تعالیٰ کا ایک خاص انعام یعنی ان پر غنودگی طاری کر دی گئی

جب کسی شیطان نے یہ خبر اڑا دی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے تو بعض مسلمان بمقتضائے بشریت یہ خبر سن کر پریشان ہو گئے اور اسی پریشانی اور حیرانی کی حالت میں کچھ دیر کیلئے ان کے قدم میدان جنگ سے ہٹ گئے اور اس معرکہ میں جن کیلئے شہادت کی سعادت مقدر تھی وہ شہید ہو گئے اور جن کیلئے ہٹنا مقدر تھا وہ ہٹ گئے اور جو میدان قتال میں باقی رہ گئے تھے ان میں سے جو مؤمنین مخلصین اور اہل یقین اور اصحاب توکل تھے ان پر حق تعالیٰ کی طرف سے ایک غنودگی طاری کر دی گئی، یہ لوگ کھڑے کھڑے اونگھنے لگے جن میں حضرت ابو طلحہ بھی تھے، ابو طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کئی مرتبہ تلوار میرے ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گری تلوار میرے ہاتھ سے گر جاتی تھی اور میں اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کو اٹھالیتا تھا یا ایک حسی اثر تھا، اس باطنی سکون کا جو حق تعالیٰ نے اس موقع پر اہل ایمان کو عطا فرمایا جس سے کافروں کا خوف وہراس دل سے یکلخت دور ہوگیا اور منافقین کا گروہ جو اس وقت شریک جنگ تھا اس وقت سخت اضطراب میں تھا اس کو صرف اپنی جان بچانے کی فکر تھی، ان کم بختوں کو نیند نہ آئی اس بارے میں یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

ثم انزل علیکم من بعد الغم امنة نعاسا یغشی طائفة منکم وطآئفة قد اهمتهم انفسهم یظنون باللّٰه غیر الحق ظن الجاهلیة ۔ (آل عمران آیت ۱۵۴)

پھر اللہ تعالیٰ نے اس غم کے بعد تم پر ایک امن اور سکون کی کیفیت نازل فرمائی یعنی تم میں سے ایک جماعت پر اونگھ طاری کردی جو ان کو گھیر رہی تھی اور ایک دوسری جماعت ایسی تھی کہ جس کو اپنی جان کی فکر پڑی ہوئی تھی اور خدا تعالیٰ کے ساتھ جاہلیت کی طرح بدگمانی میں مبتلا تھی۔

حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں کہ جس جماعت پر نیند طاری کی گئی وہ جماعت ان اہل ایمان کی تھی کہ جو یقین اور ثبات اور استقامت اور توکل صادق کے ساتھ موصوف تھے اور ان کو یہ یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی ضرور مدد کرے گا اور اپنے رسول سے جو وعدہ کیا ہے وہ ضرور پورا کرے گا اور دوسرا گروہ جسے اپنی جانوں کی فکر پڑی ہوئی تھی اور اسی فکر میں ان کی نیند غائب تھی وہ منافقین کا گروہ تھا ان کو صرف اپنی جان کا غم تھا اطمینان اور امن کی نیند سے محروم تھے۔

(اصل عبارت کے الفاظ یہ ہیں ثم انزل علیکم من بعد الغم امنة نعاسا یغشی طآئفة منکم یعنی اهل الایمان والیقین والثبات والتوکل الصادق وهم الجازمون بان اللّٰه عز وجل سینصر رسوله وینجزله ماموله الخ ۔ تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۴۱۸)

## جنگ میں کچھ عورتوں کی شرکت اور اس کا حکم

اس غزوہ میں مسلمانوں کی چند عورتوں نے بھی شرکت کی صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ احد کے دن میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور اپنی والدہ ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ پائینچے چڑھائے ہوئے پانی کی مشک بھر بھر کر پشت پر رکھ کر لاتی ہیں اور لوگوں کو پانی پلاتی ہیں، جب مشک خالی ہوجاتی ہے تو پھر بھر کر لاتی ہیں۔

صحیح بخاری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ام سلیط رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی احد کے دن ہمارے لیے مشک میں پانی بھر بھر کر لاتی تھیں۔

صحیح بخاری میں ربیع بنت معوذ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ ہم غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جاتی تھیں کہ لوگوں کو پانی پلائیں اور زخمیوں کی مرہم پٹی کریں اور مقتولین کو اٹھا کر لائیں۔

خالد بن ذکوان کی روایت میں اس قدر اور اضافہ ہے۔ (ولا نقاتل)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

(ربیع کہتی ہیں مگر ہم قتال اور لڑائی میں شریک نہیں ہوتی تھی) یہ تینوں روایتیں صحیح بخاری کی کتاب الجہاد میں مذکور ہیں، تفصیل کیلئے فتح الباری از ج ۶ ص ۵۷ تا ج ۶ ۱۰۶۔ مراجعت فرمائیں، سنن ابن ماجہ میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا علی النساء جهاد ؟ کیا عورتوں پر بھی جہاد ہے؟

آپ نے ارشاد فرمایا نعم جهاد لا قتال فيه الحج والعمرة ہاں ان پر بھی ایسا جہاد ہے جس میں لڑنا نہیں، یعنی حج اور عمرہ (فتح الباری کتاب الحج باب حج النساء)

صحیح بخاری کی کتاب العیدین میں ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ ہم غزوات میں مریضوں کی خبر گیری اور زخمیوں کے علاج کی غرض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوتی تھیں۔

ان عورتوں نے فقط لوگوں کو پانی پلایا اور مریضوں اور زخمیوں کی خبر گیری کی لیکن قتال نہیں کیا مگر ام عمارہ رضی اللہ عنہا نے جب دیکھا کہ ابن قمیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کر رہا ہے تو انہوں نے اس حالت میں آگے بڑھ کر مقابلہ کیا۔ مونڈھے پر ایک گہرا زخم آیا۔ ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں نے بھی بڑھ کر ابن قمیہ پر وار کیا مگر عدو اللہ (اللہ کا دشمن) دو زرہ پہنے ہوئے تھا۔ (البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۳۴۔ ابن ہشام ج ۲ ص ۸۴)

اس غزوہ میں صرف ایک ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا شریک جہاد وقتال ہوئیں۔ اس کے علاوہ تمام غزوات میں سوائے ایک دو عورت کے اور عورتوں کا شریک جہاد وقتال ہونا کہیں ذخیرہ حدیث سے ثابت نہیں اور نہ کسی حدیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عورتوں کو جہاد کی ترغیب دینا ثابت ہے۔

اس لیے تمام امت کا اس پر اجماع ہے کہ عورتوں پر جہاد فرض نہیں الا یہ کہ کفار ہجوم کر آئیں اور ضرورت عورتوں کی شرکت پر بھی مجبور کرے۔

عورتوں کا فطری ضعف اور ان کی طبعی ناتوانی خود اس کی دلیل ہے کہ ان پر جہاد وقتال کو لازم کرنا ان کی فطرت اور جبلت کے خلاف ہے۔ قال تعالیٰ:

---

لیس علی الضعفاء ولا علی المرضیٰ ولا علی الذین لا یجدون۔

یعنی ضعیف اور ناتواں مریض اور غیر مستطیع لوگوں پر جہاد فرض نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر جہاد میں یہ تاکید فرماتے ہیں کہ کسی عورت کو قتل نہ کرنا۔ ایک مرتبہ آپ نے ایک عورت کو مقتول دیکھا (جو غلطی سے قتل ہوگئی تھی) فرمایا: ما کانت هذه لتقاتل یہ تو قتال کے قابل نہیں۔

صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم جہاد کو سب سے افضل اور بہتر عمل سمجھتے ہیں، کیا ہم عورتیں اس میں شریک نہ ہوا کریں؟ آپ نے فرمایا: نہیں تمہارا جہاد تو حج مبرور ہے۔

اصل حکم عورتوں کیلئے یہ ہے: وقرن فی بیوتکن اپنے گھروں میں ٹھہرو باہر نہ نکلو۔ دیکھو شرح سیر کبیر ج ۱ ص ۹۲

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اسی لیے نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم نے عورتوں کا نماز کی جماعت میں حاضر ہونا بھی پسند نہیں فرمایا اور عطر اور خوشبو لگا کر عمدہ کپڑے پہن کر مسجد میں آنے کی صریح ممانعت فرمائی اور بجائے صحن خانہ کے دالان میں اور اس سے بڑھ کر کوٹھڑی میں عورت کا نماز پڑھنا افضل قرار دیا۔ لہٰذا جب شریعت مطہرہ صف نماز میں عورتوں کی حاضری پسند نہیں کرتی تو صف جہاد و قتال میں بلا ضرورت ان کی حاضری کیسے پسند کرسکتی ہے۔

اس لیے حضرات فقہاء نور اللہ مرقدہم نے یہ فتویٰ دیا کہ نماز کی جماعت اور جہاد میں عورتوں کا حاضر ہونا ناپسند ہے۔ مگر مجاہدین کی اعانت اور امداد اور مریضوں اور زخمیوں کی خبر گیری کی غرض سے صرف ان عورتوں کا حاضر ہونا جائز ہے کہ جن کی حاضری باعث فتنہ نہ ہو، یعنی بوڑھی ہوں، بشرطیکہ شوہر یا ذی رحم محرم ان کے ہمراہ ہو۔ جیسا کہ حدیث میں ہے کہ کسی عورت کیلئے جائز نہیں کہ بغیر شوہر یا بغیر ذی رحم محرم کے ہمراہ لیے حج وغیرہ کسی قسم کا کوئی سفر کر سکے، اسی وجہ سے بعض فقہاء کا یہ قول ہے کہ جس عورت پر ذی ثروت اور صاحب استطاعت ہونے کی وجہ سے حج فرض ہو اور شوہر اور ذی رحم محرم نہ رکھتی ہو تو اس پر نکاح واجب ہے کہ نکاح کر کے شوہر کے ہمراہ حج کو جائے تاکہ بغیر محرم کے سفر نہ ہو۔

مسجد میں نماز کیلئے عورتوں کی حاضری اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ ان کی حاضری موجب فتنہ نہ ہو ورنہ ناجائز اور حرام ہے۔

اسی طرح ہسپتالوں میں عورتوں کا غیر مردوں کی تیمارداری کرنا بھی بلاشبہ حرام ہے، اے میرے دوستو موجودہ تہذیب پر نظر مت کرو موجودہ تہذیب کی بنیاد اور عمارت اور تمام فرش نفسانی شہوتوں اور شیطانی لذتوں پر مبنی ہے اور حضرات انبیاء کرام کی شریعتیں عفت اور عصمت پاک دامنی پر مبنی ہیں۔ جس کو خداوند تعالیٰ نے عقل دی ہے وہ عفت اور شہوت کے فرق کو سمجھے گا اور جو نفس و شیطان کا غلام بنا ہوا ہے اس سے خطاب ہی فضول ہے۔ ایسے بے عقل کے نزدیک نکاح اور زنا میں بھی فرق نہیں۔ اللہ اکبر کیا وقت آ گیا ہے کہ جب شریعت مقدسہ عفت اور عصمت کی طرف دعوت دیتی ہے تو یہ بندگان شہوت اس پر نکتہ چینی کرتے ہیں۔

## شہداء احد کی تجہیز و تکفین

اس غزوہ میں ستر صحابہ شہید ہوئے جن میں اکثر انصار تھے۔ بے سروسامانی کا یہ عالم تھا کہ کفن کی چادر بھی پوری نہ تھی۔ چنانچہ مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ یہی واقعہ پیش آیا کہ کفن کی چادر اس قدر چھوٹی تھی کہ سر اگر ڈھانکا جاتا تھا تو پاؤں کھل جاتے تھے اور اگر پاؤں ڈھکے جاتے تھے تو سر کھل جاتا تھا لاآخر یہ ارشاد فرمایا کہ سر ڈھانک دو اور پیروں پر اذخر (ایک گھاس ہوتا ہے) ڈال دو۔ (صحیح بخاری غزوہ احد)

اور یہی واقعہ سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ پیش آیا جیسا کہ معجم طبرانی میں حضرت ابو اسید سے اور مستدرک حاکم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، طبرانی کی سند کے سب راوی ثقہ ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور بعض کیلئے یہ بھی میسر نہ آیا، دو دو آدمیوں کو ایک ہی چادر میں کفن دیا گیا۔ اور دو دو اور تین تین (تین تین کا لفظ صحیح بخاری کی روایت میں نہیں بلکہ سنن کی روایت ہے جس کی امام ترمذی نے تصحیح کی ہے۔ فتح الباری ص۱۶۹ ج۳ کتاب الجنائز) کو ملا کر ایک قبر میں دفن کیا گیا۔ دفن کے وقت یہ دریافت فرماتے کہ ان میں سے زیادہ قرآن کس کو یاد ہے۔ جس کی طرف اشارہ کیا جاتا اسی کو قبلہ رخ لحد میں آگے رکھتے اور یہ ارشاد فرماتے:

انا شهيد على هؤلاء يوم القيامة

قیامت کے دن میں ان لوگوں کے حق میں شہادت دوں گا

اور یہ حکم دیا کہ اسی طرح بلاغسل دیئے خون آلود دفن کر دیں (صحیح بخاری کتاب الجنائز)

صحیح بخاری میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھی۔ لیکن کل علماء سیر اس پر متفق ہیں کہ آپ نے شہداء احد کے جنازہ کی نماز پڑھی۔ اور متعدد روایات حدیث بھی اسی کی مؤید اور مساعد ہیں، حافظ علاء الدین مغلطائی نے اپنی سیرت میں اس پر اجماع نقل کیا ہے۔ (چنانچہ حافظ موصوف عنوان ذیل کے تحت (الصلاة على الشهداء من غير غسل) یہ تحریر فرماتے ہیں وصلى على حمزة و الشهداء من غير غسل وهذا اجماع الا ماشذ به بعض التابعين قال السهيلي لم يرد عنه صلى الله عليه وسلم انه صلى على شهيد في شيء من مغازيه الا في هذه وفيه نظر لما ذكره النسائي من انه صلى على اعرابي في غزوة اخرى. (سیرت مغلطائی ص۵۰) باقی تفصیل کیلئے کتب حدیث کی مراجعت کی جائے۔

بعض لوگوں نے یہ ارادہ کیا کہ اپنے عزیز شہیدوں کو مدینہ لے جا کر دفن کریں لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرما دیا اور یہ حکم دیا کہ جہاں شہید ہوئے وہیں دفن کیے جائیں (ابن ہشام ج۲ ص۹۱)

## شہید قوم

احد کے دن قزمان نامی ایک شخص نے بڑی جانبازی اور سرفروشی دکھلائی اور تنہا اس نے سات یا آٹھ مشرکوں کو قتل کیا اور آخر میں خود زخمی ہو گیا جب اس کو اٹھا کر گھر لے آئے تو بعض صحابہ نے اس سے یہ کہا:

والله لقد ابليت اليوم يا قزمان فابشر

خدا کی قسم آج کے دن اے قزمان تو نے بڑا کارنمایاں کیا، تجھ کو مبارک ہو

قزمان نے جواب دیا:

اذا ابشروا الله ان قاتلت الا عن احساب قومي ولولا ذلك ماقاتلت

تم مجھ کو کس چیز کی بشارت اور مبارکباد دیتے ہو خدا کی قسم میں نے اللہ اور اس کے رسول کے لئے قتال نہیں کیا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بلکہ صرف اپنی قوم کے خیال اور ان کے بچانے کی غرض سے قتال کیا۔

اس کے بعد جب زخموں کی تکلیف زیادہ ہوئی تو خودکشی کر لی۔ (البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۳۶) یہ قصہ تفصیل کے ساتھ بحوالہ بخاری و فتح الباری بحث جہاد میں گزر چکا ہے۔

## فائدہ

یہ شخص دراصل منافق تھا مسلمانوں کے ساتھ مل کر جو اس نے کارنمایاں کیے تو محض قوم اور وطن کی ہمدردی میں کیے حتی کہ اسی میں وہ مارا گیا اس بناء پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ شخص اہل نار میں سے ہے خدا کے نزدیک شہید وہ ہے کہ جو اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے جہاد کرے اور جو شخص قوم اور وطن کے لئے لڑکر جان دیدے اس زمانہ کے محاورہ کے مطابق وہ شہید قوم کہلا سکتا ہے مگر اسلام میں وہ شہید نہیں اسی فرمان کا مفصل واقعہ شروع ہی میں اسی عنوان، جہاد کی حقیقت کے ذیل میں گزر چکا ہے وہاں دیکھ لیا جائے۔

## تنبیہ

قال ابن كثير وقدورد مثل قصه هذافي غزوة خيبر كما سياتي ان شاء الله تعالیٰ (البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۳۶)

## اسرار و حکم

حق جل وعلانے غزوۂ احد کے بیان واذ غدوت من اهلك تبوى المؤمنين مقاعد للقتال سے ساٹھ آیتیں نازل فرمائیں جن میں سے بعض آیات میں مسلمانوں کی ہزیمت و شکست کے اسباب اور علل اسرار اور حکم کی طرف اشارہ فرمایا جو مختصر توضیح کے ساتھ ہدیہ ناظرین ہیں:

1. تا کہ معلوم ہو جائے کہ اللہ کے پیغمبر کا حکم نہ ماننے اور ہمت ہار دینے اور آپس میں جھگڑنے کا کیا انجام ہوتا ہے۔

ولقد صدقكم الله وعده اذ تحسونهم باذنه حتى اذا فشلتم وتنازعتم في الامر وعصيتم من بعد ما اراكم ما تحبون منكم من يريد الدنيا ومنكم من يريد الآخرة ثم صرفكم عنهم ليبتليكم ولقد عفا عنكم والله ذو فضل على المؤمنين (آل عمران آیت ۱۵۲)

اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے تم سے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا جبکہ تم اللہ کے حکم سے کافروں کو قتل کر رہے تھے یہاں تک کہ جب تم کچھ بزدلی کرنے لگے اور آپس میں جھگڑنے لگے اور حکم عدولی کی بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری محبوب چیز یعنی فتح و نصرت تم کو دکھادی بعضے تم میں سے دنیا چاہتے تھے اور بعض خالص آخرت کے طلب گار تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تم کو ان سے پھیر دیا یعنی شکست دی تا کہ تمہارا امتحان کرے اور تمہاری اس لغزش کو اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا اور اللہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تعالیٰ اہل ایمان پر بڑا فضل کرنے والا ہے۔

❷ اور تا کہ پکے اور کچے کا اور جھوٹے اور سچے کا امتیاز ہو جائے اور مخلص اور منافق صادق اور کاذب کا اخلاص اور نفاق صدق اور کذب ایسا واضح اور روشن ہو جائے کہ کسی قسم کا اشتباہ باقی نہ رہے۔

اللہ تعالیٰ کے علم میں اگر چہ پہلے ہی سے مخلص اور منافق ممتاز تھے لیکن سنت الہیہ اس طرح جاری ہے کہ محض علم الٰہی کی بناء پر جزاء اور سزا نہیں دی جاتی جو شئے علم الٰہی میں مستور ہے جب تک وہ محسوس اور مشاہد نہ ہو جائے اس وقت تک اس پر ثواب اور عتاب مرتب نہیں ہوتا۔

در محبت ہر کہ او دعوے کند
صد ہزاراں امتحاں بروے تند
گر بود صادق کشد بار جفا
در بود کاذب گریزد از بلا
عاشقاں را درد دل بسیار می باید کشید
جور یار و غصہ اغیار می باید کشید

❸ اور تا کہ اپنے خاص محبین و مخلصین اور شائقین لقاء خداوندی کو شہادت فی سبیل اللہ کی نعمت کبریٰ اور عظمیٰ سے سرفراز فرمائیں جس کے وہ پہلے سے مشتاق تھے اور بدر میں فدیہ اسی امید پر لیا تھا کہ آئندہ سال ہم میں کے ستر آدمی خدا کی راہ میں شہادت حاصل کریں گے جیسا کہ گزرا اور اس نعمت اور دولت سے حق تعالیٰ اپنے دوستوں ہی کو نوازتا ہے ظالموں اور فاسقوں کو یہ نعمت نہیں دی جاتی قال تعالیٰ:

---

ولیعلم اللہ الذین امنوا و یتخذ منکم شھداء واللہ لا یحب الظلمین

(آل عمران آیت ۱۴۰)

اور تا کہ اللہ تعالیٰ مومنین مخلصین کو ممتاز کر دے اور ان میں سے بعض کو شہید بنائے اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والوں سے محبت نہیں رکھتے۔

❹ اور تا کہ مسلمان اس شہادت اور ہزیمت کی بدولت گناہوں سے پاک اور صاف ہو جائیں اور جو خطائیں ان سے صادر ہوتی ہیں وہ اس شہادت کی برکت سے معاف ہو جائیں۔

❺ اور تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے دشمنوں کو مٹا دے اس لیے کہ جب خدا کے دوستوں اور محبین و مخلصین کی اس طرح خونریزی ہوتی ہے تو غیرت حق جوش میں آ جاتی ہے اور خدا کے دوستوں کا خون عجب رنگ لے کر آتا ہے جس کا انجام یہ ہوتا ہے کہ جن دشمنان خدا نے دوستان خدا کی خونریزی کی تھی وہ عجیب طرح سے تباہ اور برباد ہوتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دیدی کہ خون ناحق پروانہ شمع را

چنداں اماں نداد کہ شب را سحر کند

کما قال اللہ تعالیٰ:

ولیمحص اللہ الذین آمنو اویمحق الکافرین ۔ (آل عمران آیت ۱۴۱)

اور تاکہ اللہ تعالیٰ مومنین کا میل کچیل صاف کر دے اور کافروں کو مٹا دے۔

❻ اور تاکہ معلوم ہو جائے کہ اللہ کی سنت یہ ہے کہ دنوں کو پھیرتے رہتے ہیں کبھی دوستوں کو فتح ونصرت سے سرفراز کرتے ہیں اور کبھی دشمنوں کو غلبہ دیتے ہیں۔

وتلك الایام نداولھا بین الناس ۔ (آل عمران آیت ۱۴۰)

اور ان دنوں کو ہم لوگوں میں باری باری پھیرتے رہتے ہیں۔

مگر انجام کار غلبہ دوستوں کا رہتا ہے۔ والعاقبة للمتقین اس لیے کہ اگر ہمیشہ اہل ایمان کی فتح ہوتی رہے تو بہت سے لوگ محض نفاق سے اسلام کے حلقہ میں آشامل ہوں تو مومن اور منافق کا امتیاز نہ رہے اور یہ نہ معلوم ہو کہ کون ان میں سے خاص اللہ کا بندہ ہے اور کون ان میں سے عبدالدینار والدرہم ہے۔

اور اگر ہمیشہ اہل ایمان کو شکست ہوتی رہے تو بعثت کا مقصد (یعنی اعلاء کلمۃ اللہ) حاصل نہ ہو اس لیے حکمت الٰہیہ اس کو مقتضی ہوئی کہ کبھی فتح ونصرت ہو اور کبھی شکست اور ہزیمت تاکہ کھرے اور کھوٹے کا امتحان ہوتا رہے۔ قال تعالیٰ:

ماکان اللہ لیذر المومنین علی ما انتم علیه حتی یمیز الخبیث من الطیب ۔

(آل عمران آیت ۱۷۹)

اللہ تعالیٰ مومنین کو اس حالت پر نہیں چھوڑنا چاہتے یہاں تک کہ جدا کر دے ناپاک کو پاک سے۔

اور انجام کار غلبہ اور فتح حق کو ہو۔

❼ نیز اگر ہمیشہ دوستوں کو فتح ہوتی رہے اور ہر معرکہ میں ظفر اور کامیابی ان کی ہمرکاب رہے تو اندیشہ یہ ہے کہ کہیں دوستوں کے پاک وصاف نفوس طغیان اور سرکشی غرور اور اعجاب میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ (افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق سیدنا ومولانا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ وارضاہ سے جب یہ عرض کیا گیا کہ آپ اکابر صحابہ اور حضرات بدریین کو عہدے کیوں نہیں عطا فرماتے تو یہ ارشاد فرمایا: اری ان لا تدنسھم الدنیا میں یہ چاہتا ہوں کہ دنیا ان حضرات کو مکدر اور میلا نہ کر دے۔ غالباً یہ روایت حلیۃ الاولیاء میں ہے یا کسی اور کتاب میں ہے مجھے اس وقت حوالہ یاد نہیں آ رہا ہے واللہ اعلم) اس لیے مناسب ہوا کہ کبھی راحت اور آرام ہو اور کبھی تکلیف اور ایلام۔ کبھی سختی اور کبھی نرمی کبھی قبض اور کبھی بسط۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

چونکہ قبضے آیدت اے راہرو
آن صلاح تست آلیس دل مشو
چونکہ قبض آمد تو در وے بسط بین
تازہ باش وچین می فگن بر جبین

۸ اور تا کہ شکست کھا کر شکستہ خاطر ہوں اور بارگاہ خداوندی میں تخشع اور تضرع عجز اور تمسکن وتذلل اور انکسار کے ساتھ رجوع ہوں۔ اس وقت حق جل وعلا کی طرف سے عزت اور سربلندی نصیب ہو، اس لیے کہ عزت ونصرت کا خلعت ذلت اور انکساری ہی کے بعد عطا ہوتا ہے۔ کما قال تعالیٰ:

ولقد نصر کم اللّٰہ ببدر وانتم اذلۃ۔ (آل عمران آیت ۱۲۳)

اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے بدر میں تمہاری مدد کی درآنحالیکہ تم بے سروسامان تھے۔

وقال تعالیٰ:

ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم فلم تغن عنکم شیئا۔ (سورۃ توبہ آیت ۲۵)

اور جنگ حنین میں جب تمہاری کثرت نے تم کو خود پسندی میں ڈالا تو وہ کثرت تمہارے کچھ بھی کام نہ آئی۔

حق جل شانہ جب اپنے کسی خاص بندے کو عزت یا فتح اور نصرت دینا چاہتے ہیں تو اول اس کو ذلت اور خاکساری عجز اور انکساری میں مبتلا کرتے ہیں، تا کہ نفس کا تنقیہ ہو جائے اور اعجاب اور خود پسندی کا فاسد مادہ یکلخت خارج ہو جائے۔ اس طرح ذلت کے بعد عزت اور ہزیمت اور شکست کے بعد فتح ونصرت اور فنا کے بعد بقاء عطا فرماتے ہیں۔

عارف رومیؒ فرماتے ہیں:

پس زیادت ہا درون نقصہاست
مر شہید ان را حیات اندر فناست
مردہ شوتا مخرج الحی الصمد
زندہ زین مردہ بیرون آورد
آن کسے را کہ چنیں شاہے کشد
سوے تخت وبہترین جا بے کشد
نیم جان بستاند وصد جان دہد
آنچہ در وہمت نیاید آن دہد

www.KitaboSunnat.com

❾ اور تا کہ یہ معلوم ہو جائے کہ بدون مجاہدہ عظیم اور بغیر ریاضت تامہ کے مراتب اور درجات عالیہ کا دل میں خیال باندھ لینا مناسب نہیں۔ کما قال تعالیٰ:

ام حسبتم ان تدخلوا الجنة ولما یعلم الله الذین جاهدوا منکم ویعلم الصابرین۔

(آل عمران آیت ۱۴۲)

کیا تمہارا گمان یہ ہے کہ جنت میں داخل ہو جاؤ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کا اور صابرین کا امتحان نہیں لیا۔

❿ اور تا کہ تمہارے پاک نفوس دنیا کی طرف میلان سے بالکلیہ پاک اور منزہ ہو جائیں اور آئندہ سے کبھی بھی دنیائے حلال (یعنی مال غنیمت) کے حصول کا خیال بھی دل میں نہ آنے پائے کہ ہمارے رسول کے حکم کے خلاف مال غنیمت کو دیکھ کر پہاڑ سے نیچے کیوں اترے ہم نے اس وقت تمہاری اس فتح کو شکست سے اس لیے بدلا ہے کہ تمہارے قلوب آئندہ کے لئے دنیائے حلال (یعنی مال غنیمت) کی طرف میلان سے بھی پاک اور منزہ ہو جائیں اور دنیائے دوں کا وجود اور عدم تمہاری نظر میں برابر ہو جائے۔ چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں:

فاثابکم غما بغم لکیلا تحزنوا علی مافاتکم ولا ما اصابکم والله خبیر بما تعملون۔

(آل عمران آیت ۱۵۳)

پس اللہ تعالیٰ نے تم کو اس مال غنیمت کی طرف مائل ہونے کی پاداش میں غم پر غم دیا تا کہ آئندہ کو تمہاری یہ حالت ہو جائے کہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے نکل جائے اس پر غمگین نہ ہو اور نہ کسی مصیبت کے پہنچنے سے تم پریشان ہو اور اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔

یعنی اس وقتی ہزیمت اور شکست میں ہماری ایک حکمت اور مصلحت یہ ہے کہ تم زہد اور صبر کے اس اعلیٰ ترین مقام پر پہنچ جاؤ کہ جہاں دنیا کا وجود اور عدم نظروں میں برابر ہو جاتا ہے جیسا کہ حق تعالیٰ کا دوسری جگہ ارشاد ہے:

ما اصاب من مصیبة فی الارض ولا فی انفسکم الا فی کتاب من قبل ان نبرأها۔ ان ذلك علی الله یسیر لکیلا تاسوا علی مافاتکم ولا تفرحوا بما آتاکم والله لا یحب کل مختال فخور۔ (الحدید آیت ۲۲)

نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں یا تمہارے نفسوں میں مگر وہ پہلے ہی سے لوح محفوظ میں مقدر ہوتی ہے اور تحقیق یہ امر اللہ کے نزدیک بالکل آسان ہے اور مصائب کے نازل کرنے میں اللہ کی حکمت یہ ہے کہ تم صبر میں اس درجہ کامل ہو جاؤ کہ اگر دنیا کی کوئی چیز تم سے فوت ہو جائے تو اس پر غمگین نہ ہوا کرو اور دنیا کی جو چیز اللہ تم کو عطا کرے تو تم اس دنیا کی چیز کو دیکھ کر خوش نہ ہوا کرو اور اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے اور فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتے۔

دنیا کے آنے سے دل کا خوش نہ ہونا اور دنیا کے جانے سے دل کا رنجیدہ نہ ہونا یہ زہد اور صبر کا اعلیٰ ترین مقام ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حق جل شانہ نے ان آیات میں اشارہ فرمادیا کہ معرکہ احد میں صحابہ کو جو یہ غم دیا گیا کہ فتح کو شکست سے بدل دیا۔ اس میں اللہ کی ایک حکمت یہ ہے کہ آئندہ سے صحابہ کے دل میں دنیا کے فوت ہونے کا کوئی غم نہ ہوا کرے اور دنیا کا وجود اور عدم ان کی نظروں میں برابر ہوجائے اور ہر حال میں قضاء الٰہی پر راضی اور خوش رہنا منافقین اور جہلاء کی طرح خداوند ذوالجلال سے بدگمان نہ ہونا کہ اس وقت خداتعالیٰ نے ہماری مدد کیوں نہ فرمائی محب مخلص کی شان تو یہ ہونی چاہیے۔

زندہ کنی عطائے تو
ور بکشی فدائے تو
جان شدہ مبتلائے تو
ہر چہ کنی رضائے تو
ماہر دریم دشمن دیامی کشیم دوست
جرأت کسی کہ جرح کند در قضائے ما

⑪ نیز یہ واقعہ آپ کی وفات کا پیش خیمہ تھا جس سے یہ بتلانا مقصود تھا کہ اگرچہ اس وقت تم میں سے بعض لوگوں کے بمقتضائے بشریت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی خبر سن کر پاؤں اکھڑ گئے چونکہ اس کا منشاء معاذ اللہ بزدلی اور نفاق نہ تھا بلکہ غایت ایمان واخلاص اور انتہائی محبت وتعلق تھا کہ اس وحشت اثر خبر کی دل تاب نہ لاسکے اور اس درجہ پریشان ہوگئے کہ میدان سے پاؤں اکھڑ گئے اس لیے:

ولقد عفا عنکم واللہ ذو فضل علی المؤمنین ۔ (آل عمران آیت ۱۵۲)

حق تعالیٰ شانہ نے تمہارا یہ قصور معاف فرمایا اور اللہ تعالیٰ تو ایمانداروں پر بڑا ہی فضل فرمانے والا ہے۔

لیکن آئندہ کیلئے ہوشیار اور خبردار ہوجاؤ کہ آپ کی وفات کے بعد آپ کے دین اور آپ کی سنت اور آپ کے جادۂ استقامت سے نہ پھر جانا آپ کی وفات کے بعد کچھ لوگ دین سے پھر جائیں گے جس سے فتنۂ ارتداد کی طرف اشارہ تھا اور مقصود تنبیہ ہے کہ آپ ہی کے طریق پر زندہ رہنا اور آپ ہی کے طریق پر مرنا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر وفات پاجائیں یا قتل ہوجائیں تو ان کا خدا تو زندہ ہے اور یہ آیتیں نازل فرمائیں:

وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیه فلن یضر اللہ شیئا وسیجزی اللہ الشکرین ۔ (آل عمران آیت ۱۴۴)

اور نہیں ہیں محمد مگر ایک رسول ہی تو ہیں جن سے پہلے بہت سے رسول گزر گئے پس اگر آپ کا وصال ہوجائے یا آپ شہید ہوجائیں تو کیا تم دین اسلام سے پھر جاؤ گے اور جو شخص اپنی ایڑیوں کے بل واپس ہوجائے تو وہ ہرگز ہرگز اللہ کا کوئی نقصان نہیں کرے گا اور عنقریب اللہ تعالیٰ شکرگزاروں کو انعام دے گا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد یمن کا قبیلہ ہمدان جب مرتد ہونے لگا تو عبداللہ بن مالک ارحبی رضی اللہ عنہ نے قبیلہ ہمدان کو جمع کر کے یہ خطبہ دیا:

یا معشر همدان انکم لم تعبدوا محمدا علیه السلام انما عبدتم رب محمد (علیه السلام) وهو الحی الذی لا یموت غیر انکم اطعتم رسوله بطاعة الله۔ واعلموا انه استنقذکم من النار ولم یکن الله لیجمع اصحابه علی ضلالة الیٰ اخر الخطبة۔

اے گروہ ہمدان تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت نہیں کرتے تھے بلکہ رب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتے تھے اور رب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) حی لایموت ہے ہاں تم اللہ کے رسول کے اطاعت کرتے تھے تاکہ رسول کی اطاعت، اللہ کی اطاعت کا ذریعہ بن جائے اور خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو اپنے رسول کے ذریعے آگ سے چھڑایا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ آپ کے اصحاب کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا اور یہ شعر کہے:

لعمری لئن مات النبی محمد
لما مات یا ابن القیل رب محمد

قسم ہے میری زندگی کی کہ اگر نبی اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم وفات پا گئے تو آپ کا پروردگار زندہ ہے۔ اے سردار کے بیٹے۔

دعاه الیه ربه فاجابه
فیا خیر غوری ویا خیر منجد

ان کے پروردگار نے ان کو اپنے پاس آنے کی دعوت دی آپ نے اپنے رب کی دعوت کو قبول کیا۔ سبحان اللہ حضور پرنور غور و نجد بلند و پستی کے رہنے والوں میں سے سب سے افضل اور بہتر تھے۔

(اصابہ ترجمہ عبداللہ بن مالک ص ۳۶۵ ج ۲ و حسن الصحابہ فی شرح اشعار الصحابہ ص ۳۱۲ ج ۱۔)

## غزوہ احد میں فتح کے بعد ہزیمت پیش آجانے کی حکمت اور مصلحت پر اجمالی کلام

حسب وعدہ خداوندی شروع دن میں مسلمان کافروں پر غالب رہے مگر جب اس مرکز سے ہٹ گئے جس پر اللہ کے رسول نے کھڑے رہنے کا حکم دیا تھا اور مال غنیمت جمع کرنے کیلئے پہاڑ سے نیچے اتر آئے تو جنگ کا پانسہ پلٹ گیا۔ اور فتح شکست سے بدل گئی۔ بارگاہ خداوندی میں محبین مخلصین اور عاشقین صادقین کی ادنیٰ ادنیٰ بات پر گرفت ہوتی ہے حق جل شانہ کو یہ ناپسند ہوا کہ اس کے محبین مخلصین (صحابہ کرام) اللہ کے رسول کے حکم سے ذرہ برابر عدول کریں اگرچہ وہ عدول کسی غلط فہمی اور بھول چوک سے ہی کیوں نہ ہو نیز عاشق صادق کے شان عشق کے یہ خلاف ہے کہ وہ دنیا کے متاع اور مال غنیمت کے جمع کرنے کیلئے کوہ استقامت سے اتر کر زمین پر آئے جس مال غنیمت کے جمع

www.KitaboSunnat.com

کرنے کیلئے صحابہ پہاڑ سے اترے تھے اگر چہ وہ دنیائے حلال اور طیب تھی لقولہ تعالیٰ:

فکلوا مما غنمتم حلالا طیبا مگر صحابہ عاشقین صادقین کیلئے یہ مناسب نہ تھا کہ خداوند ذوالجلال کی بغیر اجازت اور اذن کے اس حلال وطیب کی طرف ہاتھ بڑھائیں۔

موسیا آداب دانا دیگرند

سوختہ جاناں رواناں دیگرند

خداوند مطلق اور محبوب برحق نے اپنے محبین مخلصین کی تنبیہ کیلئے وقتی طور پر فتح کو شکست سے بدل دیا، کہ متنبہ ہو جائیں کہ غیر اللہ پر نظر جائز نہیں اور علم ازلی میں یہ مقدر فرمادیا کہ وقتی طور پر اگرچہ شکستہ خاطر ہوں گے۔ مگر عنقریب فتح مکہ سے اس کی تلافی کر دی جائے گی اور آئندہ چل کر قیصر و کسریٰ کے خزائن ان کے ہاتھوں میں دیدیے جائیں گے مقصود یہ تھا کہ محبین مخلصین کے قلوب دنیائے حلال کے میلان سے بھی پاک اور خالص بن جائیں۔ اسی بارہ میں حق جل شانہ نے یہ آیتیں نازل فرمائیں:

ولقد صدقکم اللہ وعدہ اذ تحسونھم باذنہ حتی اذا فشلتم وتنازعتم فی الامر وعصیتم من بعد ما اراکم ما تحبون منکم من یرید الدنیا ومنکم من یرید الآخرۃ ثم صرفکم عنھم لیبتلیکم ولقد عفا عنکم واللہ ذو فضل علی المومنین. (آل عمران آیت ۱۵۲)

اور تحقیق اللہ نے تم سے جو (فتح) کا وعدہ کیا تھا وہ سچ کر دکھایا جس وقت کہ تم کفار کو بتائید خداوندی قتل کر رہے تھے حتی کہ وہ سات یا نو آدمی جن کے ہاتھ میں مشرکین کا جھنڈا تھا وہ سب تمہارے ہاتھ سے مارے گئے یہاں تک کہ جب تم خود سست پڑ گئے اور باہم حکم میں اختلاف کرنے لگے اور تم نے حکم کی نافرمانی کی بعد اس کے کہ اللہ نے تمہاری محبوب اور پسندیدہ چیز (یعنی کافروں پر غلبہ اور فتح) تم کو تمہاری آنکھوں سے دکھلا دیا تم میں سے بعض تو وہ تھے کہ دنیا (غنیمت) کی طرف مائل ہوئے اور بعض تم سے وہ تھے کہ جو صرف آخرت کے طلب گار تھے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے تم کو ان سے پھیر دیا، اور حاصل شدہ فتح کو ہزیمت سے بدل دیا تاکہ تم کو آزمائے اور صاف طور پر ظاہر ہو جائے کہ کون پکا ہے اور کون کچا اور البتہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے تمہاری یہ غلطی بالکل معاف کر دی (لہٰذا اب کسی کو اس غلطی پر طعن و تشنیع بلکہ لب کشائی بھی جائز نہیں کہ خدا تعالیٰ تو معاف کر دے اور یہ طعن کرنے والے معاف نہ کریں) اور اللہ تعالیٰ مومنین مخلصین پر بڑے ہی فضل والے ہیں۔

ان آیات میں حق جل شانہ نے یہ بتلا دیا کہ یکبارگی معاملہ اور قصہ منعکس ہو گیا کہ لشکر کفار جو مسلمانوں کے ہاتھ سے قتل ہو رہا تھا۔ اب وہ اہل اسلام کے قتل میں مشغول ہو گیا۔ اس کی وجہ ایک تو یہ ہوئی کہ تم نے رسول اللہ کے حکم کے بعد عدول حکمی کی اور تم میں سے بعض لوگ دنیائے فانی کے متاع آنی (مال غنیمت) کے میلان اور طمع میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کو استقامت سے پھسل پڑے جس کا خمیازہ سب کو بھگتنا پڑا اور بعض کی لغزش سے تمام لشکر اسلام ہزیمت کا شکار بنا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مگر بایں ہمہ خداوند ذو الجلال والاکرام کے عنایات بے غایات اور الطاف بے نہایات مسلمانوں سے منقطع نہ ہوئے کہ باوجود اس محبت آمیز عتاب کے بار بار مسلمانوں کو تسلی دی کہ تم ناامید اور شکستہ خاطر نہ ہونا۔ ہم نے تمہاری لغزش کو بالکل معاف کر دیا ہے چنانچہ ایک مرتبہ عفو کا اعلان اس آیت میں فرمایا: ولقد عفا عنکم واللہ ذو فضل علی المؤمنین اور پھر اسی رکوع کے آخر میں مسلمانوں کی مزید تسلی کیلئے دوبارہ عفو کا اعلان فرمایا:

ان الذین تولوا منکم یوم التقی الجمعن انما استزلھم الشیطن ببعض ما کسبوا ولقد عفا اللہ عنھم ان اللہ غفور حلیم۔ (آل عمران آیت ۱۵۵)

تحقیق جن بعض لوگوں نے تم میں سے پشت پھیری جس روز کہ دونوں جماعتیں باہم مقابل ہوئیں سو صرف اور صرف اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے بعض اعمال کی وجہ سے شیطان نے ان کو لغزش میں مبتلا کر دیا اور خیر جو ہوا سو ہوا۔ اب البتہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے ان کی لغزش کو بالکل معاف کر دیا تحقیق اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے اور علم والے ہیں۔

حق جل شانہ نے صحابہ کرام کے اس فعل کو لغزش قرار دیا، استزلھم الشیطن کا لفظ اس پر دلالت کرتا ہے اور لغزش کے معنی یہ ہیں کہ ارادہ تو کچھ اور تھا مگر غلطی اور بھول چوک سے بلا ارادہ و اختیار قدم پھسل کر راستہ سے گر گیا۔ اشارہ اس طرف ہے کہ یہ جو کچھ ہو گیا وہ لغزش تھی۔ جان بوجھ کر تم نے نہیں کیا اور خیر جو کچھ بھی ہو گیا اس کو ہم نے اپنی رحمت اور حلم سے معاف کر دیا تم کو تو معافی کی اطلاع دے دی کہ تم ملول اور رنجیدہ اور ناامید ہو کر نہ بیٹھ جانا۔ اور تمہاری معافی کا اعلان ساری دنیا کو اس لیے سنا دیا کہ دنیا کو یہ معلوم ہو جائے کہ حق جل شانہ کی عنایات بے غایات کس طرح اصحاب رسول پر مبذول ہیں اور کس کس طرح ان کو چند در چند تسلیاں دی جا رہی ہیں تا کہ قیامت تک کسی کو یہ مجال نہ ہو کہ صحابہ کرام کی شان میں لب کشائی کر سکے جب حق تعالیٰ نے ان کو معاف کر دیا اور اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا تو اب بلا سے کوئی ان کو معاف کرے یا نہ کرے ان سے راضی ہو یا نہ ہو خدا کے عفو اور رضا کے بعد کسی کے عفو اور رضا کی ضرورت نہیں رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ۔

غزوہ بدر میں فدیہ لینے پر جو عتاب نازل ہوا تھا اس کی وجہ بھی یہی تھی کہ خداوند ذو الجلال کے دشمنوں کے قتل و قتال کے بارے میں پامال کرنے کے بجائے مال و منال کو کیوں ترجیح دی۔ اسی طرح غزوہ احد میں دنیوی مال و متاع (مال غنیمت) کی طرف میلان کی وجہ سے عتاب ہوا مگر بعد میں معاف کر دیا گیا۔

## غزوۂ احد کی ہزیمت کے اسرار و حکم کے بیان کے بعد

حق تعالیٰ شانہ نے حضرات انبیاء سابقین کے صحابہ ربیّین کا عمل بیان فرمایا کہ خدا کی راہ میں ان کو طرح طرح کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تکلیفیں اور قسم قسم کی مصیبتیں پہنچیں لیکن انہوں نے نہ ہمت ہاری اور نہ دشمنوں کے مقابلہ میں عاجز ہوئے نہایت صبر اور استقلال کے ساتھ اللہ کے دشمنوں سے جہاد میں ثابت قدم رہے۔

مگر باایں ہمہ اپنی شجاعت اور ہمت صبر اور استقامت پر نظر نہیں کی بلکہ نظر خداوند ذوالجلال ہی پر رکھی اور برابر خدا سے گناہوں کی استغفار اور ثابت قدم رہنے کی دعا مانگتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا اور آخرت میں اس کا صلہ مرحمت فرمایا۔ قال تعالیٰ:

وكأين من نبي قتل معه ربيون كثير فما وهنوا لمآ اصابهم في سبيل الله وما ضعفوا وما استكانوا والله يحب الصبرين وما كان قولهم الا ان قالوا ربنا اغفرلنا ذنوبنا واسرافنا في امرنا وثبت اقدامنا وانصرنا على القوم الكافرين۔ فاتهم الله ثواب الدنيا وحسن ثواب الآخرة والله يحب المحسنين ۔ (آل عمران آیت ۱۴۶)

اور بہت سے پیغمبروں کے ساتھ مل کر خدا پرستوں نے کافروں سے جہاد و قتال کیا لیکن ان مصیبتوں کی وجہ سے جو ان کو خدا کی راہ میں پہنچیں نہ تو سست ہوئے اور نہ کمزور ہوئے اور نہ دشمنوں سے دبے اور اللہ تعالیٰ ثابت قدم رہنے والوں کو محبوب رکھتا ہے اور ان کی زبان سے صرف یہ قول نکل رہا تھا کہ اے پروردگار ہمارے گناہوں کو اور ہماری زیادتی کو معاف فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافر قوم کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما۔ پس اللہ نے ان کو دنیا کا انعام اور آخرت کا بہترین انعام عطا فرمایا اور اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کو محبوب رکھتا ہے۔ (ماخوذ از سیرۃ المصطفیٰ، مؤلفہ مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۲۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا وَعَلَى اللَّهِ

جب تم میں سے دو جماعتوں نے قصد کیا کہ بزدلی کریں اور اللہ تعالیٰ ان کا مددگار تھا اور چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ہی پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿۱۲۲﴾

مسلمان بھروسہ کریں

## خلاصہ

غزوۂ احد میں منافقین جنگ سے پہلے ہی بھاگ گئے تو مخلص مسلمانوں کی دو جماعتوں میں بھی کچھ کم ہمتی پیدا ہوئی۔ مگر اللہ پاک نے اپنی مدد سے ان کو سنبھال لیا اور وہ جنگ میں ثابت قدم رہے۔ پس مسلمانوں کو چاہیے کہ جہاد میں کافروں کی طاقت اور منافقوں کی بزدلی پھیلانے والی باتوں پر توجہ نہ دیا کریں بلکہ اللہ تعالیٰ پر توکل اور بھروسہ رکھا کریں۔

## شانِ نزول

❶ الطائفتان حیان من انصار بنو سلمة من الخزرج وبنو حارثة من الاوس لما انهزم عبدالله بن ابی همت الطائفتان باتباعه فعصمهم الله فثبتوا مع الرسول صلی الله علیه وسلم

یہ دو جماعتیں انصار کے قبائل کی دو شاخیں تھیں بنو سلمہ خزرج میں سے اور بنو حارثہ اوس میں سے تھے، جب (رئیس المنافقین) عبداللہ بن ابی (اپنے تین سو ساتھیوں کے ساتھ) واپس بھاگ گیا تو ان دو قبیلوں نے بھی اس کے ساتھ جانے کا ارادہ کیا مگر اللہ پاک نے ان کی حفاظت فرمائی اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ احد میں ثابت قدم رہے۔ (تفسیر کبیر)

## کلام برکت

"جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مکے سے مدینے میں آئے اس کے ڈیڑھ برس کے بعد جنگ بدر ہوئی۔ مکے کے لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے فتح دی مسلمانوں کو، ستر آدمی کافر مارے گئے اور ستر اسیر آئے۔ اگلے سال کافر جمع ہو کر مدینہ پر چڑھ آئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں سے مشورت کی اکثر کہنے لگے ہم شہر میں لڑیں گے اور حضرت کی بھی یہی مرضی تھی اور بعض کہنے لگے کہ یہ عار ہے بلکہ میدان میں مقابل ہو گئے آخر یہی مشورت قبول ہوئی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب شہر سے باہر چلے۔ عبداللہ بن ابی منافق تھا مدینے کا ساکن (یعنی رہنے والا) وہ بھی شریک جنگ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تھا۔ ناخوش ہو کر پھر گیا (یعنی واپس چلا گیا) کہ ہمارے قول پر عمل نہ کیا اور اس کے بہکانے سے دو قبیلہ انصار کے بھی پھر چلے۔ آخر ان کے سردار عوام کو سمجھا کر لے آئے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو تقویت دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر توکل (کرنا) چاہیے۔ اطاعت حکم میں اندیشہ نہ کرے۔" (موضح القرآن)

## ربط

"اس سے پہلے مسلمانوں کو فرض مذہبی تبلیغ (اسلام) بتایا جا چکا ہے۔ (کنتم خیر امة) اس کے بعد حکم دیا گیا ہے کہ اہل کتاب اور منافقین سے علیحدہ رہو (لا تتخذوا بطانة من دونکم) آئندہ اس قانون کا اجراء کر کے دکھایا جاتا ہے کہ غزوۂ بدر میں صحابہ کرام میں استقلال تھا اور مخالفین (منافقین) کے خیالات سے متاثر نہیں تھے تو فتح ہوئی۔ اور غزوۂ احد میں منافقین کے خیالات کا کچھ نہ کچھ اثر تھا۔ تو شرکت جنگ کے موقع پر بھی بعض لوگوں کی طبیعتوں میں تذبذب تھا اور تخلف (جہاد سے پیچھے رہ جانا) دراصل منافقین کا مسلک تھا۔ اس کمزوری کے باعث غزوۂ احد میں شکست ہوئی۔" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## سبق

اسلامی لشکر کے قلوب میں اللہ تعالیٰ کی عظمت اور محبت بٹھائی جائے اور آپس میں ایمان اور توکل کا مسلسل مذاکرہ کیا جائے اور خوف پھیلانے والے منافقین کے خیالات اور باتوں سے انہیں بچایا جائے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ — آیت ۱۲۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

اور اللہ تعالیٰ بدر کی لڑائی میں تمہاری مدد کر چکا ہے حالانکہ تم کمزور تھے پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو تاکہ تم شکر کرو

## خلاصہ

اے مسلمانو! غزوہ بدر میں تم کمزور اور تھوڑے تھے مگر اللہ تعالیٰ نے تمہیں اپنی خاص نصرت سے فتح عطاء فرمائی۔

اس لئے اپنے اندر تقویٰ پیدا کرو، یعنی اللہ تعالیٰ کے احکامات کو پورا کرو اور جن باتوں سے اس نے منع فرمایا ہے۔ ان سے بچو اور کافروں اور منافقوں کی یاری سے بچو۔

اور تقویٰ ہی اصل شکر گذاری ہے۔ اس تقویٰ کی برکت سے عنقریب تمہیں ایسی نعمت اور فتوحات ملیں گی کہ تم خوب شکر ادا کرو گے۔

بدر ❶ "مدینہ (منورہ) کے جنوب و مغرب میں اس سے کوئی بیس میل کے فاصلہ پر اور ساحل بحر احمر سے ایک منزل پر ایک پڑاؤ اور (تجارتی) منڈی کا نام ہے یہ مقام نہ صرف شام اور مکہ و مدینہ کی سڑکوں کا تراہا (تینوں طرف کا راستہ) تھا اور قریش کے تجارتی قافلے آمد و رفت میں یہیں سے گذرتے تھے بلکہ اسے اہمیت اس لئے بھی حاصل تھی کہ یہاں پانی کی افراط (کثرت) تھی اور یہ عرب میں ایک بڑی چیز تھی، توحید اور شرک کے درمیان سب سے پہلا قابل ذکر لشکری تصادم یہیں بروز جمعہ ۱۷ رمضان ۲ ھ (۱۱ مارچ ۶۲۴ء) کو پیش آیا اس غزوہ نے گویا اسلام کی اور اس طرح بالواسطہ ساری دنیا کی تاریخ کا رخ ہی پلٹ دیا۔" (تفسیر ماجدی)

❷ بئر لرجل من جهينة يقال له بدر فسميت به یعنی یہ ایک کنویں کا نام ہے جو قبیلہ جہینہ کے بدر نامی شخص کا تھا پس اسی کے نام سے اس جگہ کا نام بھی بدر پڑ گیا۔ (روح المعانی)

وقال الواقدی أسم لموضع وقيل للوادی وكانت كما قال عكرمة متجرا فی الجاهلية (روح المعانی)

## ربط

امام رازی رحمہ اللہ نے اس آیت کا ما قبل سے ربط دو طرح سے بیان کیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❶ الاول انہ تعالیٰ لما ذکر قصة احد اتبعها بذکر قصة بدر وذلك لان المسلمین یوم بدر کانوافی غایة الفقر والعجز الخ۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے جب احد کا واقعہ بیان کیا تو اس کے فوراً بعد غزوۂ بدر کا تذکرہ فرمایا کیوں کہ بدر کے دن مسلمان انتہائی کمزوری اور محتاجی کی حالت میں تھے۔ جبکہ کافر پوری قوت اور طاقت کے ساتھ آئے تھے اسکے باوجود اللہ پاک نے مسلمانوں کو مشرکین پر فتح عطا فرمادی پس اس میں بہت مضبوط دلیل اس بات کی ہے کہ عقلمند انسان اپنے اہداف ومقاصد حاصل کرنے کے لئے صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی پر توکل رکھے اور اسی سے مدد چاہے۔ پیچھے فرمایا گیا تھا۔ وان تصبروا وتتقوا لایضرکم کیدھم شیئًا (اگر تم نے استقلال وتقویٰ اختیار کیا تو ان کی تدبیریں تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گی) اور فرمایا گیا تھا وعلی اللہ فلیتوکل المومنون (اور ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر توکل کرنا چاہیے) تو اس واقعۂ بدر کو ذکر کرنے کا مقصد ان آیات کی تائید ہے۔

❷ الثانی انہ تعالیٰ حکی عن الطائفتین انہما ھمتا بالفشل الخ۔ دوسرا ربط یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دو جماعتوں کا ذکر فرمایا جنہوں نے کمزوری دکھانے کا ارادہ کیا تھا پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا (ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ ان دونوں جماعتوں کا مددگار تھا اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہیے۔ یعنی جس کی نصرت اور مدد اللہ تعالیٰ فرما رہا ہو اس کے لئے ایسی کمزوری، بزدلی اور نامردی دکھانا کہاں درست ہے؟ پھر اس بات کی تائید کے لئے بدر کا واقعہ ذکر فرمایا کہ مسلمان اس دن انتہائی کمزور تھے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد فرمائی تو وہ اپنے مقصد میں کامیاب اور اپنے دشمن پر غالب ہوئے (التفسیر الکبیر)

## سبق

❶ جہاد میں کامیابی کے لئے تقویٰ اہم ترین سبب ہے۔ ❷ مسلمانوں کو غزوۂ بدر والے جذبات اور قربانی کی ضرورت ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۲۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَنْ يَكْفِيَكُمْ أَنْ يُمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلَاثَةِ

جب تو مسلمانوں کو کہتا تھا کیا تمہیں یہ کافی نہیں کہ تمہارا رب تمہاری مدد کیلئے تین

آلَافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُنْزَلِينَ ﴿۱۲۴﴾

ہزار فرشتے آسمان سے اترنے والے بھیجے

### خلاصہ

غزوۂ بدر کے دن استقامت اور تقویٰ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کے لئے آسمان سے تین ہزار فرشتے نازل فرمائے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خوشخبری اپنے مجاہد صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو سنائی۔

### بدر یا اُحد

حضرات مفسرین میں سے بعض کی رائے یہ ہے کہ یہ آیت غزوۂ احد کے بارے میں ہے کہ اس میں تین ہزار فرشتوں کا وعدہ تھا مگر جب تیر اندازوں نے پہاڑی درہ چھوڑ کر غنیمت جمع کرنا شروع کر دی تو تقویٰ اور صبر کی کمزوری ظاہر ہو گئی۔ حالانکہ فرشتوں کے نزول کے لئے تقویٰ اور صبر کی شرط لازمی تھی۔ مگر اکثر مفسرین کے نزدیک یہ آیت غزوۂ بدر کے متعلق ہے چنانچہ امام رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

ان هذا الوعد كان يوم بدر وهو قول اكثر المفسرين یعنی یہ وعدہ بدر کے دن تھا اور یہی اکثر مفسرین حضرات کا قول ہے۔ (التفسیر الکبیر)

## حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی جنگ

علامہ قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وكان اول قتال قاتله النبي صلى الله عليه وسلم وفي صحيح مسلم عن بريدة قال غزا رسول الله صلى الله عليه وسلم سبع عشرة غزوة قاتل في ثمان منهن.

یعنی غزوۂ بدر وہ پہلی جنگ تھی جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود قتال فرمایا اور صحیح مسلم میں حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سترہ غزوے فرمائے جن میں سے آٹھ میں جنگ فرمائی۔ امام قرطبی تھوڑا آگے چل کر لکھتے ہیں کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے غزوۂ ذات العشیر کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی جنگ قرار دیا ہے جبکہ طبقات ابن سعد میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعداد

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ستائیس (۲۷) ہے جن میں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر، احد، المریسیع، خندق، خیبر، قریظہ، فتح مکہ، حنین اور طائف میں جنگ فرمائی (باقی میں جنگ نہیں ہوئی) اور بعض روایات میں ہے کہ بنی نضیر، وادی القریٰ اور غابہ میں بھی جنگ فرمائی۔ (تفسیر قرطبی)

## فائدہ

غزوۂ بدر میں کل کتنے فرشتے جہاد میں شریک ہوئے؟ ایک ہزار، تین ہزار اور پانچ ہزار کی تعداد میں تطبیق کس طرح ہے؟ فرشتوں نے جنگ میں حصہ لیا یا نہیں؟ فرشتے صرف غزوۂ بدر میں لڑے یا کسی اور غزوہ میں بھی؟

ان تمام امور پر بحث ان شاء اللہ سورۃ الانفال میں آئے گی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۲۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا

بلکہ اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری کرو اور وہ تم پر ایک دم سے آ پہنچیں

يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾

تو تمہارا رب پانچ ہزار فرشتے نشان دار گھوڑوں پر مدد کیلئے بھیجے گا

## خلاصہ

اگر جہاد کے دوران تمہارا صبر اور تقویٰ مضبوط رہا اور دشمنوں کی مزید کمک آ گئی تو اللہ پاک فرشتوں کی تعداد پانچ ہزار فرما دے گا۔ جو خاص علامات والے ہونگے۔

## تفسیری اقوال

### پانچ ہزار فرشتے قیامت تک:

**وقال الحسن فهؤلاء الخمسة آلاف ردءٌ للمومنين الى يوم القيامه.**

حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ پانچ ہزار فرشتے قیامت تک (جہاد میں) مسلمانوں کی مدد کے لئے مقرر ہیں۔ (القرطبی)

**ان تصبروا** اگر تم ڈٹے رہے **علیٰ مضض الجهاد وما امرتم به** جہاد اور ان باتوں پر جن کا تمہیں حکم دیا گیا ہے (روح المعانی)

## فائدہ

اس آیت کی تفسیر کے بارے میں مفسرین حضرات نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس کا خلاصہ اکابر کی ان دو عبارتوں میں ملاحظہ فرمائیں:

❶ یعنی تین ہزار بے شک کافی ہیں تاہم اگر تم نے صبر و استقلال کا ثبوت دیا اور تقویٰ اختیار کر کے نافرمانی سے بچتے رہے اور کفار کی فوج ایک دم تم پر ٹوٹ پڑی تو تین ہزار کے بجائے پانچ ہزار فرشتے بھیج دیئے جائیں گے جن کی خاص علامتیں اور ان کے گھوڑوں پر بھی خاص نشان ہونگے، چونکہ بدر میں کفار کی تعداد ایک ہزار تھی اولاً اس کے مناسب ایک ہزار فرشتوں کا وعدہ فرمایا جیسا کہ سورۃ انفال میں آئے گا پھر مسلمانوں کی گھبراہٹ دور فرمانے کیلئے تعداد بڑھا کر دی گئی کیونکہ کفار کی تعداد مسلمانوں سے تگنی تھی، اس کے بعد شعبی کی روایت کے موافق جب مسلمانوں کو خبر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ملی کہ کرز بن جابر بڑی کمک لیکر مشرکین کی مدد کے لئے آرہا ہے تو ایک جدید اضطراب پیدا ہو گیا اس وقت مزید تسکین وتقویت کے لئے وعدہ فرمایا کہ اگر تم صبر وتقویٰ سے کام لو گے تو ہم پانچ ہزار فرشتے تمہاری مدد کو بھیج دیں گے۔ اگر مشرکین کی کمک بالکل ناگہانی طور پر آپہنچے تب بھی فکر مت کرو خدا تعالیٰ بروقت تمہاری مدد کرے گا۔ شاید پانچ ہزار کا عدد اس لئے رکھا ہو کہ لشکر کے پانچ حصے ہوتے ہیں۔ ہر ایک حصہ کو ایک ایک ہزار کی کمک پہنچادی جائے گی۔ چونکہ کرز بن جابر کی مدد کفار کو نہ پہنچی، اس لئے بعض کہتے ہیں کہ پانچ ہزار کا وعدہ پورا نہیں کیا گیا کیونکہ وہ یـاتـوكم من فورهم هذا پر معلق تھا اور بعض کا قول ہے کہ پانچ ہزار فرشتے نازل ہوئے واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

❷ بشرطیکہ تم نے صبر وتقویٰ قائم رکھا، میدان جنگ میں اور اطاعت رسول سے منہ نہ موڑا۔ غور کر کے دیکھ لیا سارا زور صبر وثبات اور اطاعت رسول پر ہے جنگ احد سے قبل امت کے سپہ دار (سپہ سالار) اعظم نے جو خطبہ اپنی سپاہ کے سامنے دیا تھا اور جو حدیث کی کتابوں میں منقول چلا آتا ہے اس میں یہ مضمون خصوصیت کے ساتھ ہے کہ اگر ثابت قدم رہو گے تو اللہ تم ہی کو مظفر ومنصور کرے گا، اپنے پروردگار پر اعتماد رکھو، ثابت قدم رہو اور فتح تم ہی کو نصیب رہے گی۔ اور یہ شرط بڑی اہم ہے اور اسکی اہمیت کا عملی ظہور بدر واحد کے دونوں معرکوں میں ہو گیا وہی خدا مدد دینے والا وہی مسلمان امداد کے محتاج لیکن بدر میں لشکر اسلام ہر طرح رسول کا مطیع ومنقاد رہا اور اسباب ظاہر پر تکیہ ذرا نہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے امداد غیبی فرشتوں سے پہنچائی، احد میں صورتحال اس کے برعکس رہی لشکر ہی کے ایک حصہ نے حکم عدولی کی اور یہاں خاصا اعتماد اپنی طاقت پر ہونے لگا اللہ تعالیٰ نے ایک وقت تک کے لئے امداد سے دست کشی کر لی اور شکست کا تجربہ بھی کرا دیا۔ حصول برکت ونزول برکت کے لئے بڑی شے بندوں کی طرف سے اطاعت و انقیاد ہے۔ (تفسیر ماجدی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۲۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰی لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ؕ وَمَا

اور اس چیز کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے دل کی خوشی کیلئے کیا ہے اور تاکہ تمہارے دلوں کو اس سے اطمینان ہو اور

النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ ۝۱۲۶

مدد تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے جو زبردست حکمت والا ہے

## خلاصہ

اے مسلمانو! جہاد کے دوران مدد کے لئے فرشتوں کا اترنا صرف اور صرف خوشخبری اور تمہارے اطمینان قلب کیلئے ہے۔ ورنہ اصل مدد تو اللہ تعالیٰ ہی فرماتا ہے جو غالب بھی ہے اور حکیم بھی۔ پس اسی سے جوڑو اور اسی سے جڑے رہو۔ اور اس کے سوا کسی پر بھی توکل اور بھروسہ نہ کرو۔ تمہیں جو کچھ ملا اللہ تعالیٰ کی نصرت سے ملا اور تمہیں جو کچھ ملے گا اسی کی نصرت سے ملے گا۔

## تفسیر

❶ یعنی یہ سب غیبی سامان غیر معمولی طور پر ظاہری اسباب کی صورت میں محض اس لئے مہیا کئے گئے کہ تمہارے دلوں سے اضطراب وہراس دور ہو کر سکون واطمینان نصیب ہو۔ ورنہ خدا کی مدد کچھ ان چیزوں پر محدود ومقصود نہیں۔ نہ اسباب کی پابند ہے وہ چاہے تو محض اپنی زبردست قدرت سے بدون فرشتوں کے تمہارے کام بنادے یا بدون تمہارے توسط کے کفار کو خائب وخاسر کردے۔ یا ایک فرشتہ سے وہ کام لے جو پانچ ہزار سے لیا جاتا ہے۔ فرشتے بھی جو امداد پہنچاتے ہیں اسی خداوند قدیر کی قدرت ومشیت سے پہنچا سکتے ہیں مستقل طاقت واختیار کسی میں نہیں۔ آگے یہ اسکی حکمت ہے کہ کس موقع پر کس قسم کے اسباب ووسائط سے کام لینا مناسب ہے تکوینیات کے رازوں کا کوئی احاطہ نہیں کرسکتا۔ (تفسیر عثمانی)

❷ کما کانت السکینة لبنی اسرائیل بشارة بالنصر (کشاف) فرشتوں کا نازل ہونا اسی طرح فتح ونصرت کی بشارت کے لئے تھا جس طرح گمشدہ تابوت کا ملنا بنی اسرائیل کیلئے فتح کی بشارت تھی۔

---

وما النصر الا من عند الله لا من عند المقاتلة اذا تکاثروا ولا من عند الملائکة والسکینة ولکن ذلک مما یقوی به الله رجاء النصرة والطمع فی الرحمة ویربط به قلوب المجاهدین۔

یعنی اصل مدد اور فتح صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ نہ کہ لڑنے والوں کی کثرت سے اور نہ فرشتوں اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سکینت کے نازل ہونے سے۔ یہ تو بس وہ چیزیں ہیں جن سے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لئے اپنی نصرت اور رحمت کی امید کو مضبوط فرماتا ہے اور مجاہدین کے دلوں میں قوت عطاء فرماتا ہے۔ (کشاف)

## فائدہ

ان دونوں عبارتوں سے ان تمام اشکالات کا جواب ہو گیا جو کم فہم معترضین کی طرف سے اٹھائے جاتے ہیں کہ فرشتوں کی کیا ضرورت تھی؟ اور اتنی زیادہ تعداد میں فرشتے کیوں بھیجے گئے؟ وغیرہ (واللہ اعلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۲۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾

تاکہ بعض کافروں کو ہلاک کرے یا انہیں ذلیل کرے پھر وہ ناکام ہو کر لوٹ جائیں

## خلاصہ

اللہ تعالیٰ نے تمہیں جہاد کا حکم اس لئے دیا اور تمہاری نصرت اس لئے فرمائی تاکہ کافروں کا زور ٹوٹ جائے، ان کا بازو کٹ جائے، پرانے نامور مشرک کچھ مارے جائیں کچھ ذلیل وخوار ہوں اور باقی رہ جانے والے رسوائی اور ذلت کے ساتھ واپس جائیں۔

## تفسیری اقوال

❶ ای امرکم بالجهاد والجلاد لماله فی ذلک من الحکمة فی کل تقدیر. یعنی اللہ پاک نے تمہیں جہاد اور سختی کرنے کا حکم دیا کیونکہ اس میں اس کی وہ تمام حکمتیں تھیں جو اس آیت میں بیان ہوئی ہیں (کفار کی طاقت توڑنا، کچھ کو قتل کرنا، کچھ کو ذلیل ورسوا کرنا وغیرہ) (تفسیر ابن کثیر)

❷ چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا ستر سردار جن میں اس امت کا فرعون ابوجہل بھی تھا مارے گئے ستر قید ہوئے اور نہایت ذلیل ونامراد ہو کر مکہ واپس جانا پڑا۔ (تفسیر عثمانی)

## فائدہ

اصل تذکرہ تو غزوۂ احد کا چل رہا ہے درمیان کی پانچ آیات میں غزوۂ بدر کے بعض واقعات بیان کر دیئے گئے تاکہ مسلمانوں کو احساس ہو کہ اللہ پاک تو جہاد میں ان کی خوب مدد فرماتا ہے جبکہ غزوۂ احد میں جو کچھ ہوا وہ خود ان کی کوتاہی کی وجہ سے ہوا اس لئے آئندہ خود کو "مجاہدین بدر" کی طرح بنائیں اور احد میں جو لغزش ہوئی اسے نہ دھرائیں۔ غزوۂ بدر کا مفصل تذکرہ ان شاء اللہ سورۃ انفال میں آئے گا جس کا ایک نام "سورۃ البدر" بھی ہے۔

★★★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ
تیرا کوئی اختیار نہیں ہے اللہ تعالیٰ خواہ انہیں توبہ کی توفیق دے یا انہیں عذاب کرے

فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾
کیونکہ وہ ظالم ہیں

## خلاصہ

کسی کی توبہ قبول کرنا یا کسی کو عذاب دینا یہ صرف اور صرف اللہ رب العلمین کے اختیار میں ہے۔ مسلمان ایمان وجہاد پر قائم رہیں اور کافروں کی توبہ یا عذاب کا معاملہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیں۔

## شانِ نزول

❶ ان النبي صلى الله عليه وسلم كسرت رباعيته يوم احد الخ یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دانت مبارک (رباعیہ بروزن ثمانیہ) احد کے دن شہید ہو گیا۔ سر مبارک زخمی ہوا اور اس سے خون بہنے لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ لوگ کیسے فلاح پا سکتے ہیں جنہوں نے اپنے نبی کا سر زخمی کیا اور دانت شہید کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے لئے بددعا فرما رہے تھے کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ (قرطبی)

❷ هم النبي صلى عليه وسلم ان يد عو على المشركين فانزل الله تعالىٰ الخ۔
یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان مشرکین کے خلاف بددعا کا ارادہ ہی فرمایا تھا کہ یہ آیت نازل ہوگئی۔ (قرطبی)

❸ وقيل استاذن في ان يدعوفي استئصالهم الخ۔
ایک قول یہ ہے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے اجازت چاہی کہ مشرکین کے مکمل خاتمے کی دعاء فرمائیں جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ کو علم ہوا کہ ان میں سے کئی لوگ اسلام قبول کریں گے چنانچہ ان میں سے بہت سے مسلمان ہوئے مثلاً حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ابی جہل وغیرہم اور امام ترمذی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان مشرکین میں سے چار کے لئے بددعاء فرمایا کرتے تھے تب اللہ پاک نے یہ آیت نازل فرمائی اور پھر ان لوگوں کو اسلام کی ہدایت عطاء فرمائی (قرطبی)

امام قرطبی یہ چار اقوال ذکر کرنے کے بعد وہ روایات ذکر کرتے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وسلم نے بددعا نہیں فرمائی بلکہ ان الفاظ میں دعا فرمائی رب اغفر لقومی فانهم لایعلمون اے میرے رب میری قوم کو بخش دے یہ لوگ نہیں جانتے (قرطبی) واللہ اعلم بالصواب

۴ وعن مقاتل رحمه الله انها نزلت فی اهل بئر معونة الخ۔

امام مقاتل رحمہ اللہ کے نزدیک یہ آیت بئر معونہ والوں کے بارے میں نازل ہوئی جب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ان چالیس یا ستر قراء صحابہ کرام کو اللہ تعالیٰ کے دشمن عامر بن طفیل وغیرہ نے دھوکے سے شہید کر دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید صدمہ پہنچا اور آپ نے ایک مہینہ تک قنوت نازلہ میں ان قاتلوں کے لئے بددعا فرمائی اس پر یہ آیت نازل ہوئی (روح المعانی)

## فائدہ

امام رازی رحمہ اللہ کا رجحان بھی اسی طرف ہے کہ آیت غزوہ احد کے متعلق ہے مگر کس واقعہ کے بارے میں ہے؟ اس پر انہوں نے کئی اقوال نقل کئے ہیں اور ان کے آخر میں لکھتے ہیں:

قال القفال رحمه الله وكل هذه الاشياء حصلت يوم أحد فنزلت هذه الاية عند الكل فلايمتنع حملها على كل الاحتمالات

امام ابوبکر قفال رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ سارے واقعات (جن کو آیت کا شان نزول قرار دیا جا رہا ہے) احد کے موقع پر پیش آئے اس لئے آیت کو ان تمام واقعات پر محمول کیا جا سکتا ہے (تفسیر کبیر)

## آیت کا مطلب

"احد میں ستر صحابہ شہید ہوئے تھے جن میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے مشرکین نے نہایت وحشیانہ طور پر شہداء کا مثلہ کیا (ناک، کان وغیرہ کاٹے) پیٹ چاک کئے حتی کہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جگر نکال کر ہندہ نے چبایا مفصل واقعہ آگے آئے گا۔ خلاصہ یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اس لڑائی میں چشم زخم پہنچا سامنے کے چار دانتوں میں سے نیچے کا دایاں دانت (رباعیہ) شہید ہوا خود (جنگی ٹوپی) کی کڑیاں ٹوٹ کر رخسار مبارک میں گھس گئیں، پیشانی زخمی ہوئی اور بدن مبارک لہولہان تھا اسی حالت میں آپ کا پاؤں لڑکھڑایا اور زمین پر گر کر بیہوش ہو گئے کفار نے مشہور کر دیا۔

ان محمدًا قد قتل کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مارے گئے اس سے مجمع بدحواس ہو گیا تھوڑی دیر بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوش آیا اس وقت زبان مبارک سے نکلا "وہ قوم کیونکر فلاح پائے گی جس نے اپنے نبی کا چہرہ زخمی کیا جو ان کو خدا کی طرف بلاتا تھا" مشرکین کے وحشیانہ تشدد و مظالم کو دیکھ کر آپ سے رہا نہ گیا اور ان میں سے چند مشہور اشخاص کے حق میں آپ نے بددعا کا ارادہ کیا یا شروع کر دی جس میں ظاہر ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر طرح حق بجانب تھے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مگر حق تعالیٰ کو منظور تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے منصب جلیل کے موافق اس سے بھی بلند مقام پر کھڑے ہوں وہ ظلم کرتے جائیں آپ خاموش رہیں جتنی بات کا آپ کو حکم ہے مثلاً دعوت وتبلیغ اور جہاد وغیرہ اسے انجام دیتے رہیں باقی ان کا انجام خدا کے حوالے کریں اسکی جو حکمت ہوگی کرے گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعاء سے وہ ہلاک کر دیئے جائیں کیا اسکی جگہ یہ بہتر نہیں کہ ان ہی دشمنوں کو اسلام کا محافظ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جانثار عاشق بنادیا جائے ؟ چنانچہ جن لوگوں کے حق میں آپ بددعاء کرتے تھے چندروز بعد سب کو خدا تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں لا ڈالا اور اسلام کا جانباز سپاہی بنادیا۔ غرض لیس لك من الامر شيء میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو متنبہ فرمایا کہ بندہ کو اختیار نہیں نہ اس کا علم محیط ہے اللہ تعالیٰ جو چاہے سو کرے۔ اگرچہ کافر تمہارے دشمن ہیں اور ظلم پر ہیں لیکن چاہے وہ ان کو ہدایت دے چاہے عذاب کرے تم اپنی طرف سے بددعاء نہ کرو۔" (تفسیر عثمانی)

## کلام برکت

"حق تعالیٰ نے پیغمبر کی تربیت فرمائی کہ بندے کو اختیار نہیں اللہ تعالیٰ جو چاہے سو کرے اگرچہ کافر تمہارے دشمن ہیں اور ظلم پر ہیں لیکن چاہے ان کو ہدایت دے اور چاہے عذاب کرے اپنی طرف سے بددعاء نہ کرو۔" (موضح القرآن)

## نکتہ

معلوم ہوا کہ جہاد کفر اور اسکی طاقت کے خاتمے کے لئے ہے نہ کہ کافروں کے خاتمے کے لئے۔ اچھی بات یہی ہے کہ کافر ایمان لے آئیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ — آیت ١٢٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جسے چاہے بخش دے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝١٢٩

اور جسے چاہے عذاب کرے اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے

## خلاصہ

اللہ تعالیٰ ہی ہر چیز کا مالک حقیقی ہے اور وہی مختار کل ہے وہ جس کو چاہے بخش دے اور جس کو چاہے عذاب دے۔ وہ گناہوں کو بخشنے والا اور اپنے بندوں پر مہربانی کرنے والا ہے۔

## اقوال

❶ پچھلی آیت میں جو مضمون بیان ہوا یہ اسی کی تاکید ہے ان المقصود من هذا تاكيد ما ذكره اولا من قوله ليس لك من الامر شيء. (التفسير الكبير)

❷ شاید اخیر میں واللہ غفور رحیم فرما کر اشارہ کر دیا کہ ان لوگوں کو جن کے حق میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم بددعاء کرنا چاہتے تھے ایمان دے کر مغفرت و رحمت کا موجب بنایا جائے گا۔ (تفسیر عثمانی)

## اہم نکتہ

اس آیت کے بعد آیت (١٣٠) میں سود کھانے سے منع کیا گیا ہے پھر جنت اور اہل جنت کی صفات کا ذکر ہے۔ کئی اہل تحقیق مفسرین نے آیت (١٣٠) تا آیت (١٣٨) کو بھی "مضامین جہاد" سے جوڑا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے چند عبارتیں:

❶ شاید سود کا ذکر یہاں اس واسطے فرمایا کہ اوپر مذکور ہوا جہاد میں نامردی کا اور سود کھانے سے نامردی (بزدلی) آتی ہے دو سبب سے۔ ایک یہ کہ حرام مال کھانے سے توفیق طاعت کم ہوتی ہے اور بڑی طاعت (عبادت) جہاد ہے دوسرے یہ کہ سود لینا کمال بخل ہے (یعنی اعلیٰ درجے کا بخل ہے) چاہیے تھا کہ اپنا مال جتنا (قرض) دیا تھا (اتنا واپس) لے لیا بیچ میں کسی کا کام نکلا (یعنی کسی کو فائدہ پہنچا) یہ بھی (یعنی اتنا سا فائدہ پہنچانا بھی) مفت نہ چھوڑے (اور) اس کا بدلہ (سود) چاہے۔ تو جس کو مال پر اتنا بخل ہو وہ کب جان دیا چاہے (یعنی وہ جان کہاں قربان کرے گا؟) (موضح القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ کفار نے شہداء احد کا مثلہ کیا تھا یعنی کان، ناک، ہونٹ وغیرہ کاٹ دیئے تھے اس پر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اشتعال میں آ کر فرمایا "لنـربین" یعنی ایک ایک کے عوض میں کئی کئی کا مثلہ کریں گے (یعنی سود کے ساتھ بدلہ لیں گے) اس سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

❸ جنگ احد کے تذکرہ میں سود کی ممانعت کا ذکر بظاہر بے تعلق معلوم ہوتا ہے مگر شاید یہ مناسبت ہو کہ اوپر اذھمت طائفتان منکم ان تفشلا میں "جہاد" کے موقع پر نامردی دکھلانے کا ذکر ہوا تھا۔ اور سود کھانے سے نامردی پیدا ہوتی ہے دو سبب سے۔ ایک یہ کہ مال حرام کھانے سے توفیق طاعت کم ہوتی ہے اور بڑی طاعت جہاد ہے اور دوسرے یہ کہ سود لینا انتہائی بخل پر دلالت کرتا ہے کیونکہ سود خوار چاہتا ہے کہ اپنا مال جتنا دیا تھا لے اور بیچ میں کسی کا کام نکلا یہ بھی مفت نہ چھوڑے اس کا علیحدہ معاوضہ وصول کرے۔ تو جس کو مال میں اتنا بخل ہو کہ خدا کے لئے کسی کی ذرہ بھر ہمدردی نہ کر سکے وہ خدا کی راہ میں کب جان دے سکے گا۔ ابو حیان رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ اس وقت یہود وغیرہ سے مسلمانوں کے سودی معاملات اکثر ہوتے رہتے تھے۔ اس لئے ان سے تعلقات قطع کرنا مشکل تھا چونکہ پہلے لا تتخذوا بطانة کا حکم ہو چکا ہے اور احد کے قصہ میں بھی منافقین یہود کی حرکات کو بہت دخل تھا اس لئے متنبہ فرمایا کہ سودی لین دین ترک کر دو ورنہ اسکی وجہ سے خواہی نہ خواہی ان ملعونوں کے ساتھ تعلقات قائم رہیں گے جو آئندہ نقصان اٹھانے کا موجب ہوں گے۔ (تفسیر عثمانی)

## فائدہ

ثابت ہوا کہ سود خوری اور سودی نظام مسلمانوں کو جہاد سے روکنے کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ اسی لئے اسلام دشمن عناصر مسلمانوں میں سود پھیلا رہے ہیں تا کہ ان کی "روح جہاد" کو فنا کر دیں والی اللہ المشتکی۔

## فائدہ

معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو یہود کے سودی معاشی نظام سے الگ تھلگ رہ کر اپنا اسلامی معاشی نظام قائم کرنا چاہیے تا کہ وہ یہودیوں کے محتاج ہو کر اس طرح کمزور نہ ہو جائیں جس طرح آج ہو چکے ہیں۔

## فائدہ

مسلمانوں کو آئندہ جہاد میں کامیابی کے لئے جو نسخے بتائے گئے ہیں ان میں سے ایک سود سے بچنا بھی ہے پھر انہیں جنت کا شوق دلایا گیا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ترغیب دی گئی۔ مال خرچ کرنے آپس میں جوڑ رکھنے اور خوب استغفار کا حکم دیا گیا اور آخر میں پھر جنت کی بشارت دے کر دوبارہ غزوہ احد کا تذکرہ شروع کر دیا گیا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

آیت (۱۳۰) تا (۱۳۸) کا تعلق اگرچہ جہاد کے ساتھ واضح ہے مگر ان کے مضامین عام ہیں اس لئے اس تالیف میں ان آیات کی تفسیر کو شامل نہیں کیا گیا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

★★★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

# سُورَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۳۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿۱۳۹﴾

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سست | نہ | ہو | اور غم | نہ | کھاؤ | اور | تم | ہی | غالب | رہو | گے | اگر تم | ایمان | دار ہو |

## خلاصہ

غزوۂ احد کی ظاہری شکست سے متاثر ہو کر جہاد میں کمزوری نہ دکھاؤ اور نہ غم کے بوجھ کو اپنے اوپر مسلط کرو اگر تمہارا ایمان سلامت ہے تو غالب تم ہی ہو تمہارے دشمن نہیں۔ اور مستقبل میں ظاہری فتح اور غلبہ بھی تمہیں مل جائے گا اگر تم نے کمزوری اور بزدلی دکھا کر ایمان کے راستے کو نہ چھوڑا۔

## نکتہ

جنگ میں ظاہری شکست کے بعد جن مصیبتوں کا مسلمانوں پر حملہ ہوتا ہے ان میں سے پہلی مصیبت وھن ہے اور دوسری حزن یعنی کم ہمتی، کمزوری اور غم پوری قوم کو مفلوج کر دیتا ہے۔ غزوۂ احد میں ستر مسلمانوں کی لاشیں کٹی پڑی تھیں، ان کے اعضاء بکھرے پڑے تھے، حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور اکثر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم زخموں سے چور تھے۔ شہداء کرام کے لئے پورا کفن بھی میسر نہیں تھا، مکہ کے مشرک قہقہے لگا رہے تھے، مدینہ کے منافق مذاق اڑا رہے تھے اور طرح طرح کے (دانشورانہ) طعنے دے رہے تھے ادھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ مزید جنگ کرنے اور دشمنوں کا پیچھا کرنے کا تھا غم، زخم، پریشانی اور صدمے کے دوران آسمان سے آواز آئی کہ اگر تم ایمان والے ہو تو پھر کم ہمتی اور غم کیوں؟ اب بھی تم غالب ہو کیونکہ تمہارے مقتول جنت کے مزے لوٹ رہے ہیں اور تم اللہ تعالیٰ کے قرب کی لذت سے فیض یاب ہو جبکہ تمہارے دشمن جہنم اور کفر کے اندھیرے اور ذلت میں ہیں۔ اور یاد رکھو اگر تم نے اس صدمے اور غم میں اپنے ایمان کو نقصان نہ پہنچایا تو مستقبل میں ظاہری غلبہ بھی تمہیں ہی ملے گا۔ (واللہ اعلم)

## تائیدی عبارات

❶ وانتم الاعلون ان بقیتم علی ایمانکم۔ یعنی اگر تم ایمان پر قائم ہو تو پھر تم ہی غالب ہو۔ والمقصود بیان ان اللہ تعالیٰ انما تکفل باعلاء درجتهم لاجل تمسکهم بدین الاسلام۔ مقصد یہ ہے کہ ان حالات میں بھی اگر تم دین اسلام پر ڈٹے رہو تو اللہ پاک نے تمہارے لئے بڑے اور اونچے درجات کی ضمانت دے دی ہے۔ (تفسیر کبیر)

❷ ان کنتم مومنین فلا تهنوا ولا تحزنوا اگر تم ایمان والے ہو تو پھر نہ جہاد میں کمزوری دکھاؤ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور نہ غم کرو (روح المعانی)

یعنی اگر اللہ پاک پر ایمان رکھتے ہو تو پھر کمزوری اور غم میں نہ پڑو تم نے اس کی خاطر قربانی دی ہے۔ اس نے تمہاری قربانی قبول کر لی ہے۔

❸ والحال انکم اعلیٰ منہم شأنا فانکم علی الحق وقتالکم لاعلاء کلمۃ اللہ تعالیٰ وقتلاکم فی الجنۃ وانہم علی الباطل وقتالہم لنصرۃ کلمۃ الشیطن وقتلاہم فی النار۔

یعنی تم ان سے اعلیٰ (اور غالب) حالت میں ہو کیونکہ تم حق پر ہو اور تمہارا قتال کرنا اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے ہے اور تمہارے مقتول جنت میں ہیں اور وہ مشرکین باطل پر ہیں ان کا لڑنا شیطان کی خاطر ہے اور ان کے مقتول جہنم میں ہیں۔ (روح المعانی)

یعنی تم ظاہری شکست کے باوجود اعلیٰ اور غالب ہو اور وہ ظاہری فتح کے باوجود ذلیل و مغلوب ہیں۔

❹ "یہ آیات جنگ احد کے بارہ میں نازل ہوئیں جب مسلمان مجاہدین زخموں سے چور چور ہو رہے تھے، ان کے بڑے بڑے بہادروں کی لاشیں آنکھوں کے سامنے مثلہ کی ہوئی پڑی تھیں پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کو بھی اشقیا (یعنی بدبختوں) نے مجروح کر دیا تھا اور بظاہر کامل ہزیمت کے سامان نظر آ رہے تھے اس ہجوم شدائد ویاس میں خداوند قدوس کی آواز سنائی دی ولا تھنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین دیکھنا سختیوں سے گھبرا کر دشمنان خدا کے مقابلہ میں نامردی اور سستی پاس نہ آنے پائے پیش آمدہ حوادث و مصائب پر غمگین ہو کر بیٹھ رہنا مومن کا شیوہ نہیں۔ یاد رکھو آج بھی تم ہی معزز و سربلند ہو کر حق کی حمایت میں تکلیفیں اٹھا رہے ہو اور جانیں دے رہے ہو اور یقیناً آخری فتح بھی تمہاری ہے انجام کار تم ہی غالب ہو کر رہو گے۔ بشرطیکہ ایمان و ایقان کے راستے پر مستقیم رہو اور حق تعالیٰ کے وعدوں پر کامل وثوق رکھتے ہوئے اطاعت رسول اور جہاد فی سبیل اللہ سے قدم پیچھے نہ ہٹاؤ۔ اس خدائی آواز نے ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ دیا اور پژمردہ جسموں میں حیات تازہ پھونک دی نتیجہ یہ ہوا کہ کفار جو بظاہر غالب آ چکے تھے، زخم خوردہ مجاہدین کے جوابی حملہ کی تاب نہ لا سکے اور سر پہ پاؤں رکھ کر میدان سے بھاگے"۔ (تفسیر عثمانی)

## تفسیری اقوال

ولا تھنوا اور سست نہ پڑو۔

❶ (لا) تضعفوا عن قتال الکفار یعنی کافروں سے لڑنے میں کمزور نہ ہو جاؤ (جلالین)

جیسا کہ عموماً جہاد میں شکست کے بعد ہوتا ہے کہ جہاد کا جذبہ سرد پڑ جاتا ہے اور دل میں بزدلی اور کم ہمتی پیدا ہو جاتی ہے۔

❷ ہمت مت ہارو (بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۳ لاتضعفوا عن الجهاد یعنی جہاد میں کمزوری نہ کرو والوھن الضعف وہن ضعف کو کہتے ہیں۔ (تفسیر کبیر)

۴ ای لاتضعفوا عن قتال اعدائکم والجهاد فی سبیل الله تعالیٰ بما نالکم من الجراح۔ یعنی ان زخموں کی وجہ سے جو تمہیں پہنچے ہیں اپنے دشمنوں سے جنگ کرنے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے سستی اور کمزوری نہ دکھاؤ (روح المعانی)

## آئندہ کے لئے بھی وعدہ

اس آیت میں آئندہ ظاہری غلبے کی بشارت بھی ہے چنانچہ امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وانتم الاعلون علی الاعداء بعد أحد فلم یخرجوا بعد ذلك عسكرا الاظفروا فی كل عسكر كان فی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم وفی كل عسكر كان بعد رسول الله صلی الله علیه وسلم وكان فیه واحد من الصحابة كان الظفرلهم۔

یعنی احد کے بعد اب تمہیں اپنے دشمنوں پر غلبہ رہے گا چنانچہ احد کے بعد جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کوئی اسلامی لشکر روانہ ہوا وہ ضرور فتح یاب ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے بعد بھی ہر اس لشکر کو فتح ملی جس میں ایک بھی صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہوتے تھے۔ (قرطبی)

## ایک واقعہ

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

انهزم اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم یوم احد فبینا هم كذلك اذأقبل خالد بن الولید الخ۔ یعنی احد کے دن جب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پسپا ہوئے اور وہ اسی حالت میں تھے کہ خالد بن ولید مشرکین کے ایک دستے کے ساتھ ان کی طرف چڑھنے لگے اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی:

اللهم لا یعلن علینا اللهم لا قوة لنا الابك اللهم لیس یعبدك بهذه البلدة غیر هؤلاء النفر

اے ہمارے پروردگار یہ ہم پر نہ چڑھ سکیں اے پروردگار ہمارے لئے آپکی قوت کے سوا کوئی طاقت نہیں اے اللہ اس شہر (مدینہ) میں ان (صحابہ) کے علاوہ آپکی عبادت کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ اس پر (بطور تسلی اور ہمت افزائی) یہ آیت نازل ہوئی ہے اسے سنتے ہی مسلمان تیر اندازوں نے پوری قوت و ہمت سے حملہ کیا اور پہاڑ پر چڑھ کر مشرکین کے دستے کا مقابلہ کیا اور انہیں شکست دے کر بھگا دیا۔ (قرطبی)

اسی لئے امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

عزاهم وسلاهم بما نالهم یوم احد من القتل والجراح وحثهم علی قتال عدوهم ونهاهم عن العجز والفشل۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے احد میں پہنچنے والی تکلیفوں پر مسلمانوں کو تسلی اور حوصلہ دیا اور انہیں جہاد پر ابھارا اور کمزوری اور بزدلی سے منع فرمایا۔

## فائدہ

حق کی خاطر لڑنے اور مرنے والے ہر حال میں بلند اور کامیاب ہیں خواہ ظاہری فتح ملے یا شکست۔ بشرطیکہ وہ اپنے ایمان اور جہاد پر قائم رہیں۔ پس حالت شکست میں مسلمانوں کے لئے کامیابی کا دستور سمجھایا گیا کہ ایمان پر قائم رہو اور جہاد کرتے رہو۔ ایسی صورت میں تم مر کر بھی غالب ہو اور تمہارا دشمن مار کر بھی مغلوب ہے۔ سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم۔ کتنی بڑی بشارت اور کتنی سکون آور تسلی ہے۔ والحمد للہ رب العلمین۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## نکتہ

مسلمانوں کو جب بھی کافروں سے ظاہری شکست کا سامنا ہوتا ہے تو غم پریشانی اور تکلیف کے اس موقعہ پر شیطان ان میں طرح طرح کی خرابیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ان کے دلوں میں وھن یعنی کم ہمتی پسپائی اور دنیا کی محبت پیدا ہو جاتی ہے اور ان کی جماعت پر ضعف یعنی کمزوری اور انتشار کا حملہ ہوتا ہے اور ان کے نظریات میں استقامت کی بجائے استکانت یعنی کافروں کی طرف جھکنے کا خیال پیدا ہو جاتا ہے۔ مایوسی کے ان حالات میں مجاہدین جہاد اور شہادت سے ہٹ کر اپنی دنیا بنانے کی فکر میں پڑ جاتے ہیں۔ جماعت کے امیر کے مزاج میں غصہ، تختی اور تنہائی پسندی آجاتی ہے۔ چنانچہ وہ مشاورت کا عمل چھوڑ دیتا ہے۔ ادھر منافق طبقہ "امیر جماعت" کے خلاف ایسے الزامات اور وساوس جماعت میں پھیلا دیتا ہے جن کی وجہ سے جماعت اپنے امیر سے بددل ہو جاتی ہے۔ سورۃ آل عمران کی آیت ۱۳۹ سے لیکر ۱۷۵ تک مسلمانوں کو شکست سہنے اور شکست کے بعد ابھرنے کا نصاب سمجھایا گیا ہے۔ اور ان تمام "خرابیوں" کا ازالہ کیا گیا ہے جو شکست کی صورت میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اور مسلمانوں کو سمجھایا گیا ہے کہ وہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر راضی رہیں۔ اپنے ایمان پر قائم رہیں۔ اپنے نظریات اور عزائم مضبوط رکھیں۔ اور جو کچھ ہوا اسے اپنے گناہوں اور غلطیوں کا نتیجہ سمجھ کر خوب استغفار کریں اور اپنی غلطیوں کا ازالہ کریں۔ اپنی جماعت کو نہ ٹوٹنے دیں اور جہاد چھوڑنے اور دنیاداری میں پھنس جانے کا تصور بھی نہ کریں اپنے شہداء اور ان کی کامیابی کو یاد رکھیں ماضی کے مجاہدین کی استقامت کا آپس میں مذاکرہ کریں۔ اس ظاہری شکست میں جو دینی فوائد پہنچے ہیں ان کا مراقبہ کرتے رہیں مثلاً اللہ پاک نے آزمائش میں ڈال کر ہمیں گناہوں سے پاک فرمایا۔ ہم میں سے کئی افراد کو شہادت کا مقام ملا۔ ہماری جماعت میں چھانٹی فرما دی اور مومن و منافق کو الگ الگ فرما دیا۔ اطاعت امیر کی اہمیت دل میں پختہ ہو گئی۔ اور اس میں سستی کے خطرناک انجام کا علم ہو گیا وغیرہ۔ شکست کے بعد چاہیے کہ امیر جماعت اپنے رفقاء سے نرمی کرے اور ان کے ساتھ مشاورت کا عمل جاری رکھے اور جماعت کو چاہیے کہ اپنے امیر کے خلاف منافقین کے پھیلائے ہوئے وساوس کا شکار نہ ہو۔ الغرض شکست کے بعد ایمان، جماعت اور نظریہ جہاد کی حفاظت بہت ضروری ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اسی بات کو ان آیات میں اس طرح سمجھایا گیا کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے قلوب مضبوط ہو گئے۔ اور پھر غزوۂ احزاب کی شدید ترین آزمائش میں بھی ان کے قدم نہ ڈگمگائے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## نکتہ

انتم الاعلون کہ تم غالب ہو۔ کا یہ اعلان غزوۂ احد کے موقع پر ہوا جب مسلمانوں کی لاشیں بکھری پڑی تھیں اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زخموں سے خون بہہ رہا تھا۔ پس اس میں غور کرنے سے کامیابی اور ناکامی کا اصل معیار سمجھا جا سکتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

شکست کے بعد منافقوں کی زبانیں خوب کھل جاتی ہیں اور وہ مسلمانوں کو طرح طرح کے طعنے دیتے ہیں۔ اور کم ہمتی اور بزدلی کے وسوسے پھیلاتے ہیں۔ دوسری طرف ظاہری فتح پانے والے کافر یہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ وہ ''اللہ پاک'' کے محبوب ہیں اس لئے جیت گئے ہیں اور پھر وہ مسلمانوں کے مکمل خاتمے کی تدبیر کرنے لگتے ہیں۔ ان آیات میں ان سب کا جواب آ گیا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

موضح القرآن اور بیان القرآن کی تقریر کے مطابق سورۃ آل عمران کی آیت (۱۳۷) اور آیت (۱۳۸) کا تعلق بھی مضمون جہاد کے ساتھ ہے۔ یعنی مسلمانوں کے لئے شکست کے بعد کے حالات سے نمٹنے کا جو نصاب ان آیات میں بیان ہوا ہے تو اس مضمون کا آغاز آیت (۱۳۸) سے ہو رہا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے حاشیہ موضح القرآن اور تفسیر بیان القرآن۔

## دعاء

اللھم انا نسئلك ایمانا دائما اے ہمارے پروردگار ہمیں مضبوط اور دائمی ایمان نصیب فرما۔

آمین یا ارحم الراحمین

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ

اگر تمہیں زخم پہنچا ہے تو انہیں بھی ایسا ہی زخم پہنچ چکا ہے اور ہم یہ

الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

دن لوگوں میں باری باری بدلتے رہتے ہیں اور تاکہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں

وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

کو جان لے اور تم میں سے بعضوں کو شہید کرے اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا

### خلاصہ

غزوۂ احد میں جو حالات مسلمانوں پر پیش آئے ہیں ان میں اللہ تعالیٰ کی کئی حکمتیں ہیں پہلی حکمت یہ کہ اللہ تعالیٰ غالب اور مغلوب ہونے کے زمانہ کو لوگوں کے درمیان بدلتے رہتے ہیں۔ پچھلے سال مشرکین کو غزوۂ بدر میں شکست کا زخم پہنچا تھا اس سال تمہیں پہنچ گیا۔ دوسری حکمت یہ کہ مصیبت کے وقت چونکہ مخلص اور منافق کا امتحان ہو جاتا ہے تو اللہ پاک نے چھانٹی فرما دی کہ کون مومن ہے اور کون منافق تیسری حکمت یہ کہ اللہ پاک نے تم میں سے بعض کو شہادت کا مقام نصیب فرمایا۔ (باقی دو حکمتوں کا بیان اگلی آیت میں ہے) اور اللہ تعالیٰ کفر و شرک کرنے والے ظالموں سے محبت نہیں فرماتا۔ (اس لئے وہ اس وہم میں مبتلا نہ ہوں کہ انہیں اللہ تعالیٰ کا محبوب اور برحق ہونے کی وجہ سے فتح ملی ہے)۔

### تفسیری اقوال

❶ اللہ تعالیٰ دنوں کو لوگوں کے درمیان ادلتے بدلتے رہتے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کبھی مسلمانوں کی نصرت فرماتے ہیں اور کبھی کافروں کی۔ ایسا بالکل نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نصرت ایک بہت بڑا اعزاز اور بہت اونچا منصب ہے جو کافر کو نہیں ملتا۔

واعلم انه ليس المراد من هذه المداولة ان الله تعالى تارة ينصر المومنين واخرى الكافرين وذلك لان نصرة الله منصب شريف واعزاز عظيم فلا يليق بالكافر (التفسير الكبير)

بلکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ پاک کبھی کافروں پر سختی فرماتا ہے اور کبھی کبھار مسلمانوں کو سختی کے ذریعے آزماتا ہے کیونکہ اگر ہمیشہ مسلمانوں کی ہی فتح ہو تو پھر ایمان قبول کرنے کے بارے میں اختیار ختم ہو جائے گا اور لوگ صرف فتوحات اور کامیابیاں دیکھ کر ایمان قبول کرتے چلے جائیں گے۔ (تفسیر کبیر، بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ "مسلمانوں کو جنگ میں جو شدید نقصان اٹھانا پڑا تھا۔ اس سے سخت شکستہ خاطر تھے مزید برآں منافقین اور دشمنوں کے طعنے سن کر اور زیادہ اذیت پہنچی تھی، کیونکہ منافقین کہتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سچے پیغمبر ہوتے تو یہ نقصانات کیوں پہنچتے یا تھوڑی دیر کے لئے بھی عارضی ہزیمت کیوں پیش آتی۔ حق تعالیٰ نے ان آیات میں مسلمانوں کو تسلی دی کہ اگر اس لڑائی میں تم کو زخم پہنچا یا تکلیف اٹھانی پڑی تو اس طرح کے حوادث فریق مقابل کو پیش آ چکے ہیں، احد میں تمہارے ستر آدمی شہید اور بہت سے زخمی ہوئے تو ایک سال پہلے بدر میں ان کے ستر جہنم رسید اور بہت سے زخمی ہو چکے ہیں۔ اور خود اس لڑائی میں بھی ابتداءً ان کے بہت آدمی مقتول و مجروح ہوئے جیسا کہ ولقد صدقکم الله وعده اذ تحسونهم باذنه کے الفاظ سے ظاہر ہے پھر بدر میں ان کے ستر آدمی ذلت کے ساتھ قید ہوئے تمہارے ایک فرد نے بھی یہ ذلت قبول نہ کی۔ بہر حال اپنے نقصان کا ان کے نقصان سے مقابلہ کرو تو غم و افسوس کا کوئی موقع نہیں۔ نہ ان کے لئے کبر و غرور سے سر اٹھانے کی جگہ ہے۔ باقی ہماری عادت ہمیشہ یہ رہی ہے کہ سختی، نرمی، دکھ سکھ، تکلیف و راحت کے دنوں کو لوگوں میں ادل بدل کرتے رہتے ہیں جس میں بہت سی حکمتیں مضمر ہیں۔ پھر جب وہ (مشرک) دکھ اٹھا کر باطل کی حمایت میں ہمت نہیں ہارتے تو تم حق کی حمایت میں کیونکر ہمت ہار سکتے ہو۔

ولیعلم الله الذین امنو یعنی سچے ایمان والوں کو منافقین سے الگ کر دے دونوں کا رنگ صاف صاف اور جدا جدا نظر آنے لگے۔

والله لا یحب الظالمین "ظالمین" سے مراد اگر مشرکین ہیں جو احد میں فریق مقابل تھے تو یہ مطلب ہوگا کہ ان کی عارضی کامیابی کا سبب یہ نہیں کہ خدا ان سے محبت کرتا ہے بلکہ دوسرے اسباب ہیں۔ اور (اگر ظالمین سے) منافقین مراد ہوں جو عین موقع پر مسلمانوں سے الگ ہوئے تھے تو یہ جتلا دیا کہ (وہ منافقین) خدا کے نزدیک مبغوض تھے۔ اس لئے ایمان و شہادت کے مقام سے انہیں دور پھینک دیا گیا۔" (تفسیر عثمانی)

❸ "اگر تمہیں شکست میں نقصان پہنچا ہے تو اس سے پہلے بدر میں کفار کو بھی شکست فاش مل چکی ہے بعض اسباب کے لحاظ سے فتح اور بعض کمزوریوں کے باعث شکست تو ہوا ہی کرتی ہے۔ ہاں اس قسم کی شکستوں میں البتہ کھرے اور کھوٹے کا پتہ چل جاتا ہے بلکہ بعض اوقات شکست دینا اور بعض آدمیوں کو شہید کرانا اللہ تعالیٰ کا مقصود ہوتا ہے تاکہ مسلمانوں کے خون میں جوش پیدا ہو جائے اور خوابیدہ قوم زخم خوردہ ہو کر بیدار ہو جائے۔" (حاشیہ لاہوری رحمہ اللہ)

## کلام برکت

"یعنی فتح اور شکست بدلتی چیز ہے اور مسلمانوں کو شہادت کا درجہ ملنا تھا اور مومن اور منافق کا پرکھنا منظور تھا اور مسلمانوں کو سدا عار رہنا۔ اس واسطے آئی شکست ہوئی۔ نہیں تو اللہ تعالیٰ کافروں سے راضی نہیں۔ (موضح القرآن)

والله لا یحب الظلمین والله لا یحب من لا یکون ثابتا علی الایمان صابرا علی الجهاد.

www.KitaboSunnat.com

جو ایمان اور جہاد پر ثابت قدم اور مضبوط نہ ہو اس سے اللہ تعالیٰ محبت نہیں فرماتا۔" (تفسیر کبیر)

## فائدہ

صاحب تفسیر کبیر اور صاحب تفسیر قرطبی نے اس آیت کی تفسیر میں شہداء کرام کے فضائل اور شہید کی وجہ تسمیہ پر بحث فرمائی ہے شائقین ملاحظہ فرمالیں۔

## نکتہ

" تم میں سے بعض کو وہ (اللہ تعالیٰ) شہادت کے درجہ پر فائز کرنا چاہتا تھا کھیتی کے لئے آفتاب کی روشنی اور پانی ضروری چیزیں ہیں۔ ورنہ وہ خراب ہو جائے گی، ایسے ہی قوموں کی حیات ملی شہیدوں پر موقوف ہے، قومی کھیتوں کو بہترین دل و دماغ کے خون ہی سیراب کر سکتے ہیں، آزادی اور حریت کی راہ کا فرش صرف انسانی جسموں ہی سے تیار ہوتا ہے۔ جب تک قربانیاں کثرت سے نہ ہونگی قوم کبھی زندگی حاصل نہ کر سکے گی، جب اعلیٰ ترین افراد ملت ذبح ہونگے تو قوم میں زندگی کے آثار نمودار ہونگے، اس کے جذبات بھڑک اٹھیں گے۔ اور جب تک انتقام نہ لے لے گی اسے چین نہ آئے گا۔" (تفسیر الفرقان)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۴۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تا کہ | اللہ | تعالیٰ | ایمان | والوں | کو | پاک | کردے | اور | کافروں | کو | مٹادے |

## خلاصہ

### غزوۂ احد میں ظاہری شکست کی چوتھی حکمت

تا کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو گناہوں کی میل کچیل سے پاک صاف فرمادے (اور جن کے گناہ نہیں ہیں ان کے درجات بلند فرمادے) اور پانچویں حکمت یہ کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو مٹادے (یہ دو طور پر ہے ایک یہ کہ غالب آجانے سے جرأت بڑھے گی پھر مقابلہ میں آویں گے اور ہلاک ہونگے دوسرے یہ کہ مسلمانوں پر ظلم کرنے سے قہر خداوندی میں مبتلا ہو کر ہلاک ہونگے (مستفاد من بیان القرآن)

## اقوال وحوالے

❶ ولیمحص اللہ الذین آمنو اور تا کہ اللہ تعالیٰ پاک کردے ایمان والوں کو ای یکفر عنھم ذنوبھم ان کانت لھم ذنوب والا رفع لھم فی درجاتھم بحسب ما اصیبو بہ (ابن کثیر) یعنی اللہ تعالیٰ ان کے گناہ مٹادے اگر ان کے ذمہ گناہ ہوں ورنہ ان پر آنے والی مصیبت کے بقدر ان کے درجات بلند فرمادے۔

❷ و یمحق الکافرین اور مٹادے کافروں کو فانھم اذا ظفروا بغوا و بطروا فیکون ذلک سبب دمارھم وھلاکھم و محقھم و فنائھم۔ کیونکہ وہ کامیاب ہونے کے بعد سرکشی اور تکبر میں پڑ جائیں گے جو ان کی تباہی، ہلاکت، بربادی اور فنا کا ذریعہ بن جائے گا۔ (ابن کثیر)

❸ پھر اس احد کی شکست میں کچھ حکمتیں ہیں ان کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ اس میں ایک تو ایمانداروں کا امتحان مقصود تھا۔ دوم یہ کہ تم میں سے بہت لوگ عالم آخرت اور شہادت کے مشتاق تھے ان کو شہادت دینی تھی۔ سوم یہ کہ جو خالص مسلمان ہیں وہ اس معرکہ میں پڑ کر پاک ہو جائیں اور کفار مخالفین مٹ جائیں کیونکہ ہمیشہ سے حق کی یہ تاثیر ہے کہ جہاں کہیں اسکی جماعت کا خون بہا وہیں وہ ایک نیا رنگ لایا۔ غیرت الٰہی جوش میں آئی پھر جو لوگ کافروں میں قابل اصلاح ہوتے ہیں ایمانداروں کی جماعت میں داخل ہو جاتے ہیں اور باقی لوگوں پر غیب سے وہ مار پڑتی ہے کہ نام ونشان بھی باقی نہیں رہتا۔ (تفسیر حقانی)

## نکتہ

"تمہیں جنگ احد میں جو ٹھوکر لگی ہے تو چاہیے کہ اس سے عبرت پکڑو اور آئندہ کیلئے اپنے اعمال کی نگہداشت کرو،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یہ نہیں ہونا چاہیے کہ اس کی کوفت میں ایسے کھوئے جاؤ کہ آئندہ کیلئے ہمت ہار بیٹھو یہ جنگ کا میدان ہے کبھی ایک فریق جیتتا ہے۔ کبھی دوسرے کی باری آتی ہے، بدر میں تمہاری چوٹ ان پر لگی تھی۔ احد میں ان کی تم پر لگ گئی لیکن جماعتوں کی کشمکش کی تاریخ میں ایک دو میدانوں کی ہار جیت کیا اہمیت رکھتی ہے، اصلی چیز جو سوچنے کی ہے وہ تمہارے دلوں کی ایمانی قوت ہے اگر تمہارے اندر ایمان کی سچی روح موجود ہے تو پھر دنیا میں رفعت و سربلندی صرف تمہارے ہی لئے ہے، علاوہ بریں یہ حادثہ اگرچہ شکست ہے لیکن بہ باطن چند در چند مصلحتیں اور حکمتیں رکھتا ہے ازاں جملہ یہ کہ کھرے کھوٹے کی آزمائش ہوگئی اور جو منافق اور کچے دل کے آدمی اسلامی جمعیت میں ملے ہوئے تھے ان کے چہرے بے نقاب ہوگئے اور ازاں جملہ یہ کہ لوگوں کو جنگ کے نازک اور فیصلہ کن معاملات کا ذاتی تجربہ ہوگیا تجربہ اور مشاہدہ کے بعد ان کے قدم زیادہ محتاط ہو جائیں گے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ بعض مسلمانوں کے دلوں میں کمزوریاں پیدا ہو گئیں تھیں وہ اس ٹھوکر کے لگنے سے دور ہو گئیں، اور ان کا عزم و ایمان زیادہ مضبوط اور بے داغ ہوگیا۔" (ترجمان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۴۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے اور ابھی تک اللہ تعالیٰ نے تمہیں ظاہر کیا ان لوگوں کو جو

جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾

تم میں سے جہاد کرنے والے ہیں اور ابھی صبر کرنے والوں کو بھی ظاہر نہیں کیا

## خلاصہ

جنت کے جن اعلیٰ مقامات اور بلند درجات پر اللہ تعالیٰ تم کو پہنچانا چاہتا ہے کیا تم سمجھتے ہو کہ بس یونہی آرام سے وہاں جا پہنچو گے اور اللہ تعالیٰ تمہارا امتحان لیکر یہ نہ دیکھے گا کہ تم میں کتنے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں لڑنے والے اور کتنے لڑائی کے وقت ثابت قدم رہنے والے ہیں ایسا خیال نہ کرنا۔ مقامات عالیہ پر وہی لوگ فائز کیے جاتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ہر طرح کی سختیاں جھیلنے اور قربانیاں پیش کرنے کے لئے تیار ہوں۔

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

(مستفاد از تفسیر عثمانی)

## تفسیری اقوال

❶ والمعنى احسبتم يا من انهزم يوم احد ان تدخلوا الجنة كما دخل الذين قتلوا وصبروا على الم الجراح والقتل من غير ان تسلكوا طريقهم وتصبروا صبرهم لا۔ یعنی آیت کا مطلب یہ ہے اے احد کے دن پسپائی اختیار کرنے والو! کیا تمہارا گمان ہے کہ تم بھی ان لوگوں کی طرح جنت میں داخل ہو جاؤ گے جو (احد میں) شہید ہو گئے یا انہوں نے زخموں کے درد پر اور قتل پر صبر کیا۔ بغیر اس کے کہ تم ان کے راستے پر چلو اور ان جیسا صبر کرو۔ ہرگز نہیں (بغیر جہاد اور صبر کے یہ مقام نہیں ملتا) (القرطبی)

❷ ای لا يحصل لكم دخول الجنة حتى تبتلوا ويرى الله منكم المجاهدين في سبيله والصابرين على مقاومة الاعداء۔ یعنی تمہیں جنت میں دخول نصیب نہیں ہو سکتا جب تک کہ تمہارا امتحان نہ لے لیا جائے اور اللہ تعالیٰ تم میں سے اپنے راستے میں جہاد کرنے والوں اور دشمنوں کے مقابلے میں ڈٹ کر لڑنے والوں کو دیکھ نہ لے۔ (ابن کثیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❸ ہاں اور سنو کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ جنت میں خصوصیت کے ساتھ جا داخل ہو گے حالانکہ ہنوز (ابھی) اللہ تعالیٰ نے ظاہری طور پر ان لوگوں کو تو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے خوب جہاد کیا ہو اور نہ ان کو دیکھا جو جہاد میں ثابت قدم رہنے والے ہوں۔ خصوصیت کے ساتھ داخل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اول (یعنی شروع میں) ہی چلا جاوے اور درجات عالیہ پر بھی پہنچ جاوے سو یہ بدون (بغیر) مشقت کے نہیں ہوتا جیسا کہ دوسری نصوص سے معلوم ہوتا ہے اور باقی نفس دخول بعض مؤمنین کے لیے محض فضل و کرم سے بھی ہو سکتا ہے جیسا یغفر لمن یشاء سے اہل حق نے سمجھا ہے اور جہاد میں خوب کی قید یعنی شرط اس لئے لگائی کہ تھوڑا بہت تو جہاد ہوا ہی تھا اور ناتمام یعنی (نامکمل) ثبات بھی رہا۔ مطلب آیت کا یہ ہوا کہ ابھی تم سے زیادہ جہاد اور ثبات قدم واقع نہیں ہوا اور خصوصیت کے ساتھ جنت میں جانا اس پر موقوف ہے پس آئندہ کے لئے اس میں کوشش کرنا پر ضرور (یعنی بہت اہتمام سے) رہے (بیان القرآن)

## فرضیت جہاد کی دلیل

جہاد کے بغیر اور دشمن کے مقابلے میں ثابت قدمی کے بغیر جنت میں داخلے کا گمان نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان جہاد کی فرضیت اور میدان جنگ میں ثابت قدمی کے لازم ہونے کی دلیل ہے علامہ ابوحیان الاندلسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وفی انکار اللہ تعالیٰ علی من ظن ان دخول الجنة مع انتفاء الجهاد والصبر عند لقاء العدو دلیل علی فرضية الجهاد اذ ذاك والثبات للعدو وقد ذكر فی الحديث ان التولی عندالزحف من السبع الموبقات۔ (البحر المحیط)

## فائدہ

صاحب تفسیر ابن کثیر نے اس موقع پر اس آیت کی مماثل آیات جمع فرمائی ہیں وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

## تقریر عجیب

امام رازی رحمہ اللہ نے اس آیت کی تفسیر میں عجیب نکتہ بیان فرمایا ہے وہ لکھتے ہیں:

واعلم ان حاصل الكلام ان حب الدنيا لايجتمع مع سعادة الآخرة فبقدر مايزداد احدهما ينتقص الآخر۔ خوب سمجھ لو کہ اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ حب دنیا اور آخرت کی کامیابی اکٹھے نہیں ہو سکتے ان دونوں (یعنی حب دنیا اور سعادت آخرت) میں سے ایک جس قدر بڑھتی جائے گی دوسری اسی قدر گھٹتی جائے گی وذلك ان سعادة الدنيا لاتحصل الا باشتغال القلب بطلب الدنيا والسعادة فی الآخرة لا تحصل الا بفراغ القلب من كل ماسوى الله وامتلائه من حب الله وهذان الامران ممالايجتمعان اور وہ اس لئے کہ دنیا کی کامیابی تبھی ملتی ہے جب دل کو دنیا کی طلب میں مشغول کیا جائے اور آخرت کی سعادت تب نصیب ہوتی ہے جب دل کو ماسوی اللہ سے خالی کیا جائے اور اسے اللہ تعالیٰ کی محبت سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بھرا جائے۔ فلهذا السر وقع الاستبعاد الشديد في هذه الآية على اجتماعهما. اسی لئے اس آیت میں ان دونوں کے جمع ہونے پر شدید حیرت کا اظہار ہے (کہ تم جنت بھی چاہتے ہو اور دنیا کو بھی نہیں چھوڑتے ہو) وايضاً حب الله وحب الآخرة لا يتم بالدعوى فليس كل من اقر بدين الله صادقا ولكن الفصل فيه تسليط المكروهات والمحبوبات: پھر اللہ تعالیٰ کی محبت اور آخرت کی محبت کا صرف دعویٰ ہی کافی نہیں ہے اللہ تعالیٰ کے دین کا اقرار کرنے والا ہر شخص سچا نہیں ہوتا اصل صورتحال تب کھلتی ہے جب دعویٰ کرنے والے پر اچھے اور برے حالات مسلط کئے جاتے ہیں۔

فان الحب هو الذى لا ينقص بالجفاء ولا يزاد بالوفاء فان بقي الحب عند تسليط اسباب البلاء ظهر ان ذلك الحب كان حقيقيا کیونکہ سچی محبت وہ ہے جو جفا سے کم نہیں ہوتی اور وفا سے بڑھتی نہیں ہے پس اگر مصیبت اور آزمائش کے وقت بھی محبت باقی رہے تو یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ محبت حقیقی ہے فلهذه الحكمة قال ام حسبتم ان تدخلوا الجنة بمجرد تصديقكم الرسول قبل ان يبليكم الله بالجهاد وتشديد المحنة والله أعلم.

پس اسی حکمت کے تحت ارشاد فرمایا کہ کیا تم سمجھتے ہو کہ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق سے جنت میں داخل ہو جاؤ گے اور تمہیں اللہ تعالیٰ جہاد اور سخت آزمائش کے ذریعہ نہیں آزمائے گا۔ واللہ اعلم (التفسیر الکبیر)

امام رازی رحمہ اللہ کا یہ کلام حکمت سے بھرپور ہے ایمان والوں کو چاہیے کہ اس پر غور کریں اور اللہ تعالیٰ سے سچی محبت رکھیں، ایسی محبت جو برے حالات میں بھی پوری طرح سے قائم رہے۔

## دعاء

یا اللہ ہمیں اپنی ذات بابرکات کے ساتھ سچی محبت اور وفا عطاء فرما ہمیں مقبول جہاد اور ثابت قدمی کی توفیق عطاء فرما اور ہمیں اپنے فضل وکرم سے جنت میں دخول اوّلی عطاء فرما آمین یا ارحم الراحمین۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۴۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾

اور تم موت سے پہلے اس کی ملاقات کی آرزو کرتے تھے سو اب تم نے اسے آنکھوں کے سامنے دیکھ لیا

### خلاصہ

اور تم تو شہید ہو کر مرنے کی بڑی تمنا کر رہے تھے پھر جب اس تمنا کے پورا ہونے کا سامان تمہاری آنکھوں کے سامنے آ گیا تو تم کیوں بھاگنے لگے؟

### شانِ نزول

شان نزول اس آیت کا یہ ہے کہ سال گذشتہ بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم جو بدر میں شہید ہوئے اور ان کے بڑے فضائل معلوم ہوئے تو بعض نے تمنا کی کہ کاش ہم کو بھی کوئی ایسا موقع پیش آوے کہ اس دولت شہادت سے مشرف ہوں آخر یہ احد کا غزوہ واقع ہوا تو پاؤں اکھڑ گئے اس پر یہ آیت نازل ہوئی (بیان القرآن)

### شہادت کی تمنا جائز ہے

فالمراد بالموت هنا الموت في سبيل الله تعالىٰ وهي الشهادة ولا بأس بتمنيها (روح المعاني)

یعنی موت سے مراد یہاں موت فی سبیل اللہ ہے اور وہ شہادت ہے اور اس کی تمنا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

### فائدہ

غزوہ احد کے بارے میں جو آیات نازل ہوئیں ان میں سے بعض میں نصیحت کا، بعض میں ہمت افزائی کا، بعض میں تنبیہ کا اور بعض میں تسلی کا رنگ ہے اس آیت میں تنبیہ کا رنگ غالب ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

اکثر عربی تفاسیر میں "تنبیہ" ہی کے رنگ کو اختیار کیا گیا ہے۔

★★★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۴۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مَّاتَ

اور محمد تو ایک رسول ہیں ان سے پہلے بہت رسول گزرے پھر کیا اگر وہ وفات پا جائیں

اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۭ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰي عَقِبَيْهِ

یا شہید کردیئے جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جو کوئی الٹے پاؤں پھر جائے گا

فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَـيْـــًٔا ۭ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ۝۱۴۴

تو اللہ تعالیٰ کا کچھ بھی نہیں بگاڑے گا اور اللہ تعالیٰ شکر گزاروں کو ثواب دے گا

### خلاصہ

اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہی تو ہیں، آپ سے پہلے بہت سے رسول گذر چکے ہیں پس اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو جائے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو جائیں تو کیا تم لوگ جہاد اور اسلام سے الٹے پھر جاؤ گے؟ اور جو شخص جہاد یا اسلام سے الٹا پھر بھی جائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کا کوئی نقصان نہیں کرے گا بلکہ اپنا سب کچھ کھو دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ ثابت قدم رہنے والے شکر گذاروں کو جلد ہی، اچھا بدلہ عطاء فرمائے گا۔ مطلب یہ ہے کہ بڑے سے بڑا حادثہ بھی ہو جائے تب بھی دین اور جہاد چھوڑنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

### اقوال وحوالے

❶ فاعلم الله تعالىٰ في هذه الاية ان الرسل ليست بباقية في قومها أبدا وانه يجب التمسك بما أتت به الرسل. یعنی اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں سمجھا دیا کہ رسول ہمیشہ اپنی قوم میں باقی نہیں رہتے اصل ضروری کام تو یہ ہے کہ اس دین کو مضبوطی سے اختیار کیا جائے جو رسول لیکر آتے ہیں۔ (قرطبی)

❷ فهذه الآية من تتمة العتاب مع المنهزمين اى لم يكن لهم الانهزام وان قتل محمد صلى الله عليه وسلم.

یہ آیت اس تنبیہ کا تتمہ ہے جو (احد میں) پسپا ہونے والوں کو کی جارہی ہے یعنی ان کے لئے پسپا ہونے کا تب بھی کوئی جواز نہیں تھا اگرچہ (فی الواقع) حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے ہوتے۔ (قرطبی)

### کلام برکت

اس جنگ احد میں بعضے مسلمان کامل بھی بہت ہٹ گئے تھے (یعنی انہوں نے میدان سے پسپائی اختیار کی تھی) اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

واسطے کہ ایک کافر نے اپنی فوج میں پکارا کہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مار آیا اور حضرت کا زخم سے خون بہت بہ گیا تھا۔ ضعف کھا کر ایک گڑھے میں گرے تھے۔ مسلمانوں نے حضرت کو نہ دیکھا۔ یہ بات (یعنی شہادت کی خبر) یقین (یقینی) ہو گئی۔ جب حضرت ہوشیار ہوئے تو میدان میں جو لوگ حاضر تھے ان کو جمع کیا پھر لڑائی قائم کی تب کافر پھر کر چلے گئے (یعنی واپس مکہ کی طرف لوٹ گئے) سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا رسول زندہ رہے یا نہ رہے دین اللہ کا ہے اس پر قائم رہو اور اشارت نکلتی ہے کہ حضرت کی وفات پر بعضے لوگ پھر جاویں گے اور جو قائم رہیں گے ان کو بڑا ثواب ہے۔ اسی طرح ہوا کہ بہت لوگ حضرت کے بعد مرتد ہوئے اور حضرت صدیق نے ان کو پھر مسلمان کیا اور بعضوں کو مارا (موضح القرآن)

## شان نزول اور پس منظر

حضرات مفسرین نے اس آیت مبارکہ کا جو شان نزول اور پس منظر لکھا ہے اس کا مکمل نچوڑ درج ذیل عبارت میں ملاحظہ فرمائیں:

''واقعہ یہ ہے کہ احد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس نقشہ جنگ قائم کیا۔ تمام صفوف درست کرنے کے بعد پہاڑ کا ایک درہ باقی رہ گیا جہاں سے اندیشہ تھا کہ دشمن لشکر اسلام کے عقب پر حملہ آور ہو جائے اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پچاس تیر اندازوں کو جن کے سردار حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے مامور فرما کر تاکید کر دی کہ ہم خواہ کسی حالت میں ہوں تم یہاں سے مت ٹلنا۔ مسلمان غالب ہوں یا مغلوب حتیٰ کہ اگر تم دیکھو کہ پرندے ان کا گوشت نوچ کر کھا رہے ہیں تب بھی اپنی جگہ مت چھوڑنا وانا لن نزال غالبین ماثبتم مکانکم (بغوی) ہم برابر اس وقت تک غالب رہیں گے جب تک تم اپنی جگہ قائم رہو گے الغرض فوج کو پوری ہدایت دینے کے بعد جنگ شروع کی گئی۔ میدان کارزار گرم تھا۔ غازیان اسلام بڑھ بڑھ کر جوہر شجاعت دکھا رہے تھے ابو دجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے مجاہدین کی بسالت و بے جگری کے سامنے مشرکین قریش کی کمریں ٹوٹ چکی تھیں ان کو راہ فرار کے سوا اب کوئی راستہ نظر نہ آتا تھا کہ حق تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا کر دکھایا۔ کفار کو شکست فاش ہوئی وہ بدحواس ہو کر بھاگے۔ ان کی عورتیں جو غیرت دلانے کو آئی تھیں پائنچے چڑھا کر ادھر ادھر بھاگتی نظر آئیں مجاہدین نے مال غنیمت پر قبضہ کرنا شروع کر دیا۔ یہ منظر جب تیر اندازوں نے دیکھا تو سمجھے کہ اب فتح کامل ہو چکی دشمن بھاگ رہا ہے۔ یہاں بے کار ٹھہرنا کیا ضروری ہے چل کر دشمن کا تعاقب کریں اور غنیمت میں حصہ لیں۔ عبداللہ بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ان کو یاد دلایا وہ سمجھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا اصلی منشاء ہم پورا کر چکے ہیں یہاں ٹھہرنے کی حاجت نہیں۔ یہ خیال کر کے سب غنیمت پر جا پڑے صرف عبداللہ بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے گیارہ ساتھی درے کی حفاظت پر باقی رہ گئے۔ مشرکین کے سواروں کا رسالہ خالد بن الولید کے زیر کمان تھا جو اس وقت ''حضرت'' اور ''رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' نہیں بنے تھے۔ انہوں نے پلٹ کر درہ کی طرف حملہ کر دیا پس بارہ تیر انداز ڈھائی سو سواروں کی یلغار کو کہاں روک سکتے تھے، تاہم عبداللہ بن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے رفقاء نے مدافعت میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا اور اسی میں جان دے دی، مسلمان مجاہدین اپنے عقب سے مطمئن تھے ناگہاں مشرکین کا رسالہ ان کے سروں پر جا پہنچا اور سامنے سے مشرکین کی فوج جو بھاگی جا رہی تھی پیچھے پلٹ پڑی مسلمان دونوں طرف سے گھر گئے اور بہت زور کا رن پڑا کتنے ہی مسلمان شہید اور زخمی ہوئے۔ اسی افراتفری میں ابن قمیہ (مشرک) نے ایک بھاری پتھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پھینکا جس سے دندان مبارک شہید اور چہرہ انور زخمی ہوا ابن قمیہ نے چاہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرے مگر مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (جن کے ہاتھوں میں اسلام کا جھنڈا تھا) مدافعت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم زخم کی شدت سے زمین پر گرے کسی شیطان نے آواز لگادی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم قتل کر دیے گئے یہ سنتے ہی مسلمانوں کے ہوش خطا ہو گئے اور پاؤں اکھڑ گئے۔ بعض مسلمان ہاتھ پاؤں چھوڑ کر بیٹھ رہے۔ بعض ضعفاء کو خیال ہوا کہ مشرکین کے سردار ابو سفیان سے امن حاصل کر لیں بعض منافقین کہنے لگے جب محمد قتل کر دیے گئے تو اسلام چھوڑ کر اپنے قدیم مذہب میں واپس چلا جانا چاہیے اس وقت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچا انس بن النضر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم مقتول ہو گئے تو رب محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو مقتول نہیں ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمہارا زندہ رہنا کس کام کا ہے جس چیز پر آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) قتل ہوئے تم بھی اسی پر کٹ مرو اور جس چیز پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جان دی ہے اسی پر تم بھی جان دے دو یہ کہہ کر آگے بڑھے حملہ کیا لڑے اور مارے گئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ اسی اثنا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی الیّ عباد اللہ انا رسول اللہ اللہ کے بندو ادھر آؤ میں خدا کا پیغمبر ہوں کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان کر چلائے "یا معشر المسلمین" "مسلمانو! بشارت حاصل کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں موجود ہیں آواز کا سننا تھا کہ مسلمان ادھر ہی سمٹنا شروع ہو گئے تیس صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہو کر مدافعت کی اور مشرکین کی فوج کو منتشر کر دیا۔ اس موقع پر سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور قتادہ بن النعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم وغیرہ نے بڑی جانبازیاں دکھلائیں آخر مشرکین میدان چھوڑ کر چلے جانے پر مجبور ہوئے اور یہ آیات نازل ہوئیں وما محمد الا رسول یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی آخر خدا تو نہیں ایک رسول ہیں۔ ان سے پہلے کتنے رسول گذر چکے جن کے بعد ان کے متبعین نے دین کو سنبھالا اور جان و مال فدا کر کے قائم رکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس دنیا سے گذرنا بھی کچھ اچنبھا نہیں اس وقت نہ سہی اگر کسی وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی۔ یا شہید کر دیے گئے تو کیا تم دین کی خدمت و حفاظت کے راستہ سے الٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جہاد فی سبیل اللہ ترک کر دو گے جیسے اس وقت محض خبر قتل سن کر بہت سے لوگ حوصلہ چھوڑ کر بیٹھنے لگے تھے یا منافقین کے مشورہ کے موافق العیاذ باللہ سرے سے دین کو خیر باد کہہ دو گے۔ تم سے ایسی امید ہرگز نہیں اور کسی نے ایسا کیا تو اپنا نقصان کرے گا خدا کا کیا بگاڑ سکتا ہے وہ تمہاری مدد کا محتاج نہیں بلکہ تم شکر کرو اگر اس نے اپنے دین کی خدمت میں لگا لیا۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وسیجزی اللہ الشکرین نعمہ بالثبات (جلالین) اور اللہ تعالیٰ عنقریب ان شاکرین کو بدلہ دے گا جو ثابت قدمی کے ذریعہ اسکی نعمتوں کا شکر ادا کرتے ہیں۔ یعنی جہاد میں ثابت قدمی کے ذریعے۔

## نکتہ

اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی شہید ہو جائیں تو جہاد چھوڑنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ یہ بات فرما کر حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نظریات کو چٹانوں سے بڑھکر مضبوط بنا دیا گیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی سے بڑھکر روئے زمین پر کوئی حادثہ عظیم نہیں ہو سکتا۔ جب اتنے عظیم غم اور حادثے کے وقت جہاد چھوڑنا جائز نہیں تو پھر کسی اور حادثے کے وقت کہاں اسکی اجازت ہو سکتی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۴۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۗ وَ

اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے سوا کوئی مر نہیں سکتا ایک وقت مقرر لکھا ہوا ہے اور

مَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

جو شخص دنیا کا بدلہ چاہے گا ہم اسے دنیا ہی میں دے دیں گے اور جو آخرت کا

الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۭ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝۱۴۵

بدلہ چاہے گا ہم اسے اس میں سے دیں گے اور ہم شکر گزاروں کو جزا دیں گے

### خلاصہ

اگر یہ سمجھتے ہو کہ جہاد سے موت آتی ہے تو تمہارا خیال غلط ہے موت کا وقت مقرر ہے اس سے پہلے کوئی نہیں مرتا۔ اگر کوئی جہاد میں لوٹ اور مال غنیمت کے لئے شریک ہوتا ہے تو ہم اسکو یہ چیز دنیا ہی میں دے دیتے ہیں اور جو شہادت اور آخرت کا طلبگار ہو تو بس آنکھ بند ہونے کی دیر ہے ہمیشہ کے عیش وعشرت اور سلطنت والا بدلہ اس کے لئے موجود ہے۔ (مستفاد از تفسیر حقانی)

### تفسیری اقوال

❶ (موت کی) اس میعاد مقرر کا علم بجز اللہ تعالیٰ کسی کو نہیں پھر آخر شرکت جنگ میں اتنا خوف اور گریز کیوں؟ موت جب بھی آئے گی حکم خدا ہی سے آئے گی اس کے بدون (یعنی بغیر) نہیں آ سکتی اور پھر جب آئے گی وقت موعود ہی پر آئے گی اس کے قبل نہیں آ سکتی خواہ خطرات کیسے ہی شدید ہوں، ان حقائق کا اگر استحضار رہے تو موت کا طبعی خوف بھی حد اعتدال سے زیادہ نہ بڑھنے پائے (تفسیر ماجدی)

❷ وسنجزی الشاکرین اور عنقریب ہم شکر گذاروں کو بدلہ دے دیں گے۔ جنہوں نے نعمت الٰہی کا شکر یوں ادا کیا کہ جنگ میں شریک ہوئے اور جہاد سے جی نہیں چرایا۔ الذین شکروا نعمة الله فلم یشغلهم شئی عن الجهاد (بیضاوی) (تفسیر ماجدی)

❸ لایتقدم ولا یتاخر فلم انهزمتم والهزیمة لا تدفع الموت والثبات لایقطع الحیاة۔

یعنی موت اپنے وقت سے نہ پہلے آتی ہے نہ بعد میں، پھر تم نے جنگ میں پسپائی کیوں اختیار کی؟ جنگ میں پسپائی موت سے بچا نہیں سکتی اور جنگ میں ثابت قدمی موت کو لا نہیں سکتی۔ (جلالین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❹ جب کوئی شخص بدون حکم الٰہی کے مر نہیں سکتا خواہ کتنے ہی اسباب موت کے جمع ہوں اور ہر ایک کی موت وقت مقدر پر آنی ضرور ہے خواہ بیماری سے ہو یا قتل سے یا کسی اور سبب سے تو خدا پر توکل کرنے والوں کو اس سے گھبرانا نہیں چاہیے اور نہ کسی بڑے یا چھوٹے کی موت کو سن کر مایوس اور بددل ہو کر بیٹھ رہنا چاہیے۔ (تفسیر عثمانی)

## کلام برکت

یعنی جو لوگ اس دین پر ثابت رہیں گے ان کو دین بھی ملے گا اور دنیا بھی لیکن جو کوئی اس نعمت کی قدر جانے (موضح القرآن)

## نکتہ

آیت کے پہلے حصے میں ترغیب جہاد ہے کہ جب موت کا وقت اٹل ہے تو پھر موت کے ڈر سے جہاد چھوڑنا کم عقلی اور بزدلی ہے اور اس میں مسلمانوں کا شدید نقصان ہے اور آیت کے دوسرے حصے میں ترغیب اخلاص ہے کہ جہاد صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضاء اور ثواب آخرت کے لئے کرنا چاہیے اور آیت کے آخری ٹکڑے میں جہاد پر ثابت قدم رہنے والے مجاہدین کی تعریف اور فضیلت کا بیان ہے واللہ اعلم بالصواب

## ترغیب جہاد

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

الثاني: ان يكون المراد تحريض المسلمين على الجهاد باعلامهم ان الحذر لايدفع القدر وأن احدا لايموت قبل الأجل واذا جاء الأجل لايندفع الموت بشي فلا فائدة في الجبن والخوف.

یعنی دوسری صورت اس آیت کے ماقبل کے ساتھ تعلق کی یہ ہے کہ اس میں مسلمانوں کو جہاد پر ابھارا گیا ہے اور یہ سمجھایا گیا ہے کہ بچاؤ کی تدبیر تقدیر کو نہیں ٹال سکتی اور کوئی شخص اپنے وقت مقرر سے پہلے نہیں مر سکتا اور جب وقت مقررہ آجاتا ہے تو کوئی بھی چیز موت سے نہیں بچا سکتی پس بزدلی اور خوف کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ (التفسیر الکبیر)

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وهذه الاية فيها تشجيع للجبناء وترغيب لهم في القتال، فان الاقدام والاحجام لاينقص من العمر ولا يزيد فيه.

یعنی اس آیت میں بزدلوں کے لئے بہادری کا درس اور قتال کی ترغیب ہے بے شک آگے بڑھ کر لڑنے یا پیچھے ہٹ جانے سے نہ عمر میں کوئی کمی ہوتی ہے نہ زیادتی۔

اس کے بعد علامہ ابن کثیر ایک قصہ لکھتے ہیں:

قال رجل من المسلمين وهو حجر بن عدي الخ. کہ ایک جہاد کے دوران ایک مسلمان حجر بن عدی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رحمہ اللہ نے دریائے دجلہ کے کنارے اپنے لشکر سے فرمایا تمہیں اس معمولی قطرے کو عبور کر کے دشمن تک پہنچنے سے کس چیز نے روکا ہوا ہے پھر انہوں نے یہی آیت وما کان لنفس ان تموت الا باذن اللہ کتبا مؤجلا پڑھ کر اپنا گھوڑا دریائے دجلہ میں ڈال دیا ان کے پیچھے تمام لشکر نے بھی اپنے گھوڑے دریا میں اتار دیئے۔ جب دشمنوں نے انہیں اس حال میں دیکھا تو پکار اٹھے کہ یہ دیو ہیں اور وہ بھاگ گئے۔ (تفسیر ابن کثیر)

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

ھذا حض علی الجھاد واعلام ان الموت لابد منہ وان کل انسان مقتول او غیر مقتول میت اذا بلغ اجلہ المکتوب لہ۔ اس میں جہاد پر ابھارا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ موت لازمی چیز ہے کوئی انسان قتل ہو یا قتل نہ ہو جب اس کا وقت آ جائے گا تو ضرور مر جائے گا۔ (القرطبی)

علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

استئناف سیق للحض علی الجھاد واللوم علی ترکہ خشیۃ القتل مع قطع عذر المنھزمین خشیۃ ذلک بالکلیۃ ویجوز ان یکون تسلیۃ عما لحق الناس بموت النبی صلی اللہ علیہ وسلم واشارۃ الی انہ علیہ السلام کغیرہ لایموت الا باذن اللہ تعالیٰ فلا عذر لاحد بترک دینہ بعد موتہ۔

یہ جملہ جہاد پر ابھارنے کے لئے لایا گیا ہے اور اس میں موت کے ڈر سے جہاد چھوڑنے پر ملامت کی گئی ہے اور موت کے ڈر سے پسپا ہونے والوں کے عذر کو بالکل ناقابل قبول قرار دیا گیا ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ لوگوں پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا سنکر جو حالت طاری ہو گئی تھی اس میں انہیں حوصلہ دلایا جا رہا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی دوسروں کی طرح اللہ تعالیٰ ہی کے حکم سے وفات آئے گی پس کسی کے لئے اجازت نہیں کہ وہ ان کی وفات کو عذر بنا کر دین کو چھوڑ دے۔ (روح المعانی)

## دعاء

یا اللہ موت کے بارے میں ہمارے عقیدے کو اس آیت کے مطابق بنا۔ اور ہمارے دلوں کو بزدلی سے پاک فرما۔ (آمین یا اکرم الاکرمین)

★★★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ — آیت ۱۴۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَكَأَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ

اور کئی نبی ہیں جن کے ساتھ ہو کر بہت اللہ والے لڑے ہیں پھر اللہ تعالیٰ کی راہ میں

أَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ

تکلیف پہنچنے پر نہ ہارے ہیں اور نہ سست ہوئے ہیں اور نہ وہ دبے ہیں اور اللہ تعالیٰ

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾

ثابت قدم رہنے والوں کو پسند کرتا ہے

## خلاصہ

تم سے پہلے بہت سے اللہ والوں نے نبیوں کے ساتھ مل کر کفار سے جنگ کی ہے جس میں انہوں نے بہت تکلیفیں اور سختیاں اٹھائی ہیں۔ مگر ان شدید تکلیفوں اور مصیبتوں سے نہ ان کے ارادے سست ہوئے نہ انہوں نے ہمت ہاری اور نہ کمزوری دکھائی نہ دشمن کی طرف جھکے۔ اللہ تعالیٰ جہاد میں ثابت قدم رہنے والوں سے خاص محبت فرماتا ہے۔ پس مسلمان جو خیر امت ہیں انہیں بھی اسی طرح جہاد میں ہمت، قوت، صبر اور مضبوطی دکھانی چاہیے۔ اور ظاہری شکست کے وقت حوصلہ نہیں ہارنا چاہیے۔

## اقوال وحوالے

❶ بہت سے ایسے نبی ہو گذرے ہیں کہ جن کے ساتھ میں ہو کر "باخدا" لوگ مخالفان حق سے لڑے ہیں جیسا کہ موسیٰ علیہ السلام اور یوشع بن نونؑ وغیرہما پھر جو کچھ ان کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں تکلیف پہنچی ہے (زخمی ہوئے، مارے گئے گرمی اور بھوک اور پیاس اٹھائی پاپیادہ سفر کئے ہیں) اس سے ان کا جوش ایمانی ٹھنڈا نہیں ہو گیا تھا اور نہ ان میں بوقت قتل بھی کچھ بودا پن پیدا ہوا تھا اور نہ اس کے بعد وہ جہاد سے ضعیف ہو گئے تھے نہ دشمنوں کی شوکت سے ان کے حوصلہ پست ہوئے تھے دیکھو خدا کو ایسے صابروں سے محبت ہے۔ (تفسیر حقانی)

❷ سچا مومن وہ ہے جو شدتوں اور محنتوں میں نہ تو بے ہمت ہو نہ کمزور پڑے اور نہ کسی حال میں بھی ظالموں کے آگے عجز و بے چارگی کا اظہار گوارا کرے۔ قرآن کہتا ہے وھن ضعف اور استکانۃ للخصم اس میں نہیں ہو سکتی وھن - یہ ہے کہ بے ہمت ہو کر بیٹھ رہے "ضعف" یہ ہے کہ میدان میں نکلے مگر کمزوری دکھائے۔ "استکانۃ للخصم" یہ ہے کہ لاچار ہو کر حریف (یعنی دشمن) کے آگے گڑگڑانے لگے۔ (ترجمان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❸ یہاں یہ بتلایا ہے کہ جہاد کی سنت (یعنی طریقہ) انبیاء قدیم کے وقت سے چلی آتی ہے اور اس راہ کے رہروؤں کو برابر ان منزلوں سے گذرنا پڑتا ہے ربیون ربی۔ ربانی کے مرادف ہے یعنی اللہ والے اور مراد علماء وفقہا بھی لئے گئے ہیں ای ربانیون (کشاف) اخرج سعید بن المنصور عن الحسن انھم العلماء الفقھاء وأخرجه ابن جبیر عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنه ایضاً فھو منسوب الی الرب۔(روح المعانی) ایک معنی "جماعت کثیر" کے بھی منقول ہیں۔ أي ألوف وقال ابن عباس ومجاھد وسعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنه وعکرمة والحسن وقتادة والسدی والربیع وعطاء الخراسانی الربیون الجموع الکثیرة (ابن کثیر)۔ "وھن ،ضعف استکانة۔ تین متقارب المعنی الفاظ کے درمیان ایک فرق امام رازی رحمہ اللہ نے نقل کیا ہے کہ وھن تو کہتے ہیں قلب کی کمزوری یا بے ہمتی کو اور ضعف مطلق ہے اس کا تعلق جسمانی قوت ومادی قدرت کے انحطاط سے خصوصی ہے اور استکانة اظہار عجز کو کہتے ہیں ایک دوسرا فرق بھی امام موصوف ہی نے نقل کیا ہے کہ "وھن کی تفسیر غلبہ خوف سے کی جائے اور ضعف کی ضعف ایمانی اور شکوک وشبہات سے اور استکانة کی تبدیل دین سے (تفسیر ماجدی)

❹ الوھن انکسار الجد بالخوف (قرطبی)۔ یعنی وہن کہتے ہیں خوف کی وجہ سے عزم کا کمزور ہو جانا۔

واللہ یحب الصابرین یعنی الصابرین علی الجھاد (قرطبی)

یعنی اللہ تعالیٰ جہاد پر ثابت قدم رہنے والوں سے محبت فرماتے ہیں۔ علامہ ابو حیان نے اسے جمہور کا قول قرار دیا ہے۔(البحر المحیط)

❺ یہاں مسلمانوں کو تنبیہ فرمائی اور غیرت دلائی ہے جنہوں نے احد میں کمزوری دکھلائی تھی حتی کہ بعض نے یہ کہہ دیا تھا کہ کسی کو بیچ میں ڈال کر ابوسفیان سے امن حاصل کر لیا جائے مطلب یہ کہ جب پہلی امتوں کے حق پرستوں نے مصائب وشدائد میں اس قدر صبر واستقلال کا ثبوت دیا تو اس امت کو جو خیر الامم ہے ان سے بڑھ کر صبر واستقامت کا ثبوت دینا چاہیے (تفسیر عثمانی)

یہ تقریر امام رازی رحمہ اللہ کی اس تقریر سے ملتی جلتی ہے۔ واعلم انه تعالیٰ من تمام تأدیبه قال للمنھزمین یوم احد ان لکم بالانبیاء المتقدمین واتباعھم اسوة حسنه فلما کانت طریقة اتباع الانبیاء المتقدمین الصبر علی الجھاد وترک الفرار فکیف یلیق بکم ھذا الفرار والانھزام ؟(التفسیر الکبیر)

## آیت کے دو مطلب

تقریباً تمام بڑے مفسرین نے آیت کے دو مطلب بیان کئے ہیں:

❶ ماضی میں جہاد کے دوران کئی انبیاء اور ان کے اللہ والے ساتھی شہید ہوئے مگر ان کی شہادت کی وجہ سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

باقی حق والوں نے جہاد میں کمزوری نہیں دکھائی بلکہ استقامت کے ساتھ جہاد کرتے رہے تو اے مسلمانو اتم حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کی خبر پر کیوں بے ہمت ہو بیٹھے؟

❷ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جہاد کے دوران کوئی نبی شہید نہیں ہوئے (تفسیر کبیر، البحر الحمید، کشاف) تو مطلب یہ ہوا کہ ماضی کے اللہ والے اپنے انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مل کر دشمنوں سے جہاد کرتے رہے پھر ان کو جو تکلیفیں اور مشکل حالات جہاد میں پیش آئے ان کی وجہ سے وہ کمزور نہیں ہوئے بلکہ استقامت کے ساتھ جہاد میں ڈٹے رہے پس اے مسلمانو اتم بھی ان سے بڑھ کر جہاد میں ہمت اور استقامت کا مظاہرہ کرو۔

## نکتہ

شکست کے بعد عموی طور پر وھـــن پیدا ہوتا ہے جس کا آسان ترجمہ کم ہمتی یعنی دل چھوڑ بیٹھنا اور شہادت کے شوق سے محروم ہو کر حب دنیا میں مبتلا ہونا اس وہن کی وجہ سے ضــعف یعنی مسلمانوں کی قوت میں کمزوری پیدا ہو جاتی ہے اور پھر استــکــانة کا مرحلہ آتا ہے کہ کافروں کے سامنے جھکنے کی نوبت پیش آ جاتی ہے۔ اسی لئے ان تینوں چیزوں سے بچنے کی تلقین کی گئی اور اس کا طریقہ ''استغفار'' بتایا گیا یعنی جان بچانے، ایک دوسرے پر الزام لگانے اور کافروں کے قدموں میں جھکنے کی بجائے فوراً اپنے گناہوں اور غلطیوں پر نظر کر لی جائے اور خوب سچے دل سے اللہ تعالیٰ کے حضور استغفار کیا جائے اور اس سے مدد مانگی جائے تو انسان شکست سے پیدا ہونے والی ان تینوں بیماریوں سے بچ سکتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

علاج اگلی آیت میں مذکور ہے یعنی ال عمران (۱۴۷)

مااستکانوا وہ جھکے اور دبے نہیں۔ اس لفظ کے معنی میں علامہ ابو حیان رحمہ اللہ نے چند اقوال نقل کیے ہیں۔

❶ ابن اسحاق ماقعد واعن الجهاد فی دینهم یعنی دین کی خاطر جہاد کرنے سے بیٹھ نہیں گئے۔

❷ وقال السدی ماذلوا یعنی جھکے نہیں۔

❸ وقال عطاء ماتضرعوا یعنی دشمنوں کے سامنے گڑگڑائے نہیں۔

❹ وقال مقاتل مااستسلموا یعنی انہوں نے دشمنوں کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے تسلیم نہیں ہوئے۔

❺ وقال ابوالعالیة ماجبنوا یعنی انہوں نے بزدلی نہیں دکھائی۔

❻ وقال المفضل ماخشعوا یعنی ڈرے اور گھبرائے نہیں

❼ وقال قتادة والربیع ماارتدوا عن نصر تهم دینهم ولکنهم قاتلوا علی ماقاتل علیه نبیهم حتی لحقوا بربهم یعنی وہ اپنے دین کی نصرت سے پھرے نہیں بلکہ اس چیز پر قتال کرتے رہے جس پر ان کے نبی نے قتال کیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے جا ملے۔ (البحر المحیط)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

معلوم ہوا کہ

1. انبیاء علیہم السلام اللہ تعالیٰ کے راستے میں جنگ وقتال فرماتے تھے
2. صحابہ، اولیاء، علماء، فقہا بھی جہاد فرماتے تھے۔
3. جہاد کے دوران ان پر بھی سخت حالات، ظاہری شکست اور آزمائشیں آتی تھیں۔ ان تینوں امور پر غور کیا جائے تو جہاد کے خلاف اٹھائے جانے والے بہت سے وساوس کا جواب مل سکتا ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۴۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا

اور انہوں نے سوائے اس کے کچھ نہیں کہا کہ اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش دے اور جو ہمارے کام میں ہم سے

فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ ﴿۱۴۷﴾

زیادتی ہوئی ہے اور ہمارے قدم جمادے اور کافروں کی قوم پر ہمیں مدد دے

### خلاصہ

انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مل کر جن اللہ والوں نے جہاد کیا وہ غم پریشانی اور مصیبت کے وقت ایک طرف تو ثابت قدمی سے جہاد کرتے رہے اور دوسری طرف وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعائیں مانگتے رہے:

1. یا اللہ ہمارے گناہ معاف فرما۔
2. اس جہاد کے عمل میں ہم سے جو غلطیاں ہوئی ہیں وہ معاف فرما۔
3. ہمیں ثابت قدمی عطا فرما۔
4. ہمیں دشمنوں پر غلبہ نصیب فرما۔

### نکتہ

پہلے گناہوں کی معافی مانگ کر پاکی حاصل کی اور اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق جوڑا پھر ثابت قدمی مانگ کر وفاداری کا اظہار کیا اور پھر دشمنوں پر غلبے کی دعاء مانگی۔ واللہ اعلم

### فائدہ

یعنی مصائب و شدائد کے ہجوم میں نہ گھبراہٹ کی کوئی بات کہی نہ مقابلہ سے ہٹ جانے اور دشمن کی اطاعت قبول کرنے کا ایک لفظ زبان سے نکالا بولے تو یہی بولے کہ خداوندا ہم سب کی تقصیرات اور زیادتیوں کو معاف فرمادے اور ہمارے دلوں کو مضبوط و مستقل رکھ تا کہ ہمارا قدم جادۂ حق سے نہ لڑکھڑائے اور ہم کو کافروں کے مقابلہ میں مدد پہنچا۔ وہ سمجھے کہ بسا اوقات مصیبت کے آنے میں لوگوں کے گناہوں اور کوتاہیوں کو دخل ہوتا ہے اور ہم میں کون دعویٰ کرسکتا ہے کہ اس سے کبھی کوئی تقصیر نہ ہوئی ہوگی۔ بہرحال بجائے اس کے کہ مصیبت سے گھبرا کر مخلوق کی طرف جھکتے اپنے خالق و مالک کی طرف جھکے (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

آیت سے چند باتیں معلوم ہوئیں:

1. جہاد میں شکست اور مصیبت کے وقت عام لوگوں کو جان کی فکر پڑ جاتی ہے مگر مخلص اللہ والے مجاہدین کو ایمان کی فکر لگ جاتی ہے اور وہ استغفار کرنے لگتے ہیں۔
2. جہاد میں شکست کے وقت عام لوگ دنیوی سہارے ڈھونڈتے ہیں مگر مخلص مجاہدین اللہ تعالیٰ کے سامنے جھولی پھیلا کر اس کا سہارا مانگتے ہیں۔
3. جہاد میں شکست کے وقت عام لوگ ایک دوسرے کی غلطیاں اچھالنے لگتے ہے جبکہ مخلص اللہ والوں کی نظر فوراً اپنے گریبان پر پڑتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے اپنی غلطیوں کی معافی مانگنے لگ جاتے ہیں۔
4. جہاد میں شکست کے وقت عام لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اب ہم کبھی دشمن پر غالب نہیں آسکتے مگر مخلص مجاہدین اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتے ہیں اور انہیں امید ہوتی ہے کہ وہ دشمن پر غالب آسکتے ہیں چنانچہ وہ اللہ تعالیٰ سے اسکی دعاء کرتے ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دعاء

ربنا اغفر لنا ذنوبنا واسرافنا في امرنا وثبت اقدامنا وانصرنا على القوم الكافرين۔ (آمین یا رب العلمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۴۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ

پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا کا ثواب اور آخرت کا عمدہ بدلہ دیا اور اللہ تعالیٰ

يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾

نیک کاموں کو پسند کرتا ہے

### خلاصہ

ان کی اس استقامت اور دعاء کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا کا بھی بدلہ دیا یعنی فتح و کامیابی اور آخرت کا بھی عمدہ بدلہ دیا یعنی ثواب اور جنت اور اللہ تعالیٰ کو ایسے محسنین سے محبت ہے۔

### فائدہ

یعنی دنیا میں ان کی فتح و ظفر کا سکہ بٹھا دیا وجاہت و قبول عطاء کیا اور آخرت کا جو بہترین ثواب ملا اس کا تو پوچھنا ہی کیا ہے۔ دیکھو جو لوگ خدا تعالیٰ سے اپنا معاملہ ٹھیک رکھیں اور نیک کام کریں ان سے خدا ایسی محبت کرتا ہے اور ایسا پھل دیتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

ثواب الدنیا یعنی النصر والظفر علی عدوھم (قرطبی)
دنیا کے ثواب سے مراد دشمنوں کے مقابلے میں نصرت اور فتح ہے۔

### فائدہ

پھر (اللہ تعالیٰ) ان کی سعی اور کوشش کا نتیجہ ذکر کر کے رغبت دلاتا ہے کہ خدا نے انکو دنیا میں عمدہ بدلہ دیا مخالفوں کی حکومت اور ملک اور عمدہ باغ اور مکان سب اہل حق کو دیئے چنانچہ یوشع بن نون علیہ السلام کے عہد میں بنی اسرائیل نے ملک شام لیا اور خدا انکو آخرت میں بھی اچھا بدلہ دے گا بلکہ دے دیا وہاں ان کے لئے وہ کچھ ہے جس کا بیان (کماحقہ ممکن) نہیں۔ (تفسیر حقانی)

واللہ یحب المحسنین اور اللہ تعالیٰ محسنین سے محبت فرماتا ہے علامہ ابوحیان رحمہ اللہ نے یہاں "المحسنین" کے دو معنی بیان فرمائے ہیں۔

❶ وھو من احسن مابینہ وبین ربہ فی لزوم طاعتہ. جو اللہ تعالیٰ کی پکی فرمانبرداری کے ذریعہ اس کے ساتھ اپنا معاملہ ٹھیک کر لے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ او من ثبت فی القتال مع نبیه حتی یقتل او یغلب یا محسن۔ سے مراد وہ ہے جو اپنے نبی کے ساتھ جہاد میں ڈٹا رہے یہاں تک کہ شہید ہو جائے یا غالب ہو جائے۔ (البحر المحیط)

### عجیب نکتہ

آیت کے الفاظ پر ذرا غور کر لیا جائے "دنیا" کے ساتھ محض "ثواب" (نتیجہ عمل یا معاوضہ) کا لفظ ہے اور "آخرت" کے ساتھ "حسن ثواب" کا۔ حسن تو آخرت ہی کے ساتھ مخصوص ہے دنیا غریب کی قسمت میں حسن کہاں؟ یہاں تو نری نمائش ہی نمائش رہتی ہے۔ (تفسیر ماجدی)

### نکتہ

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

انہوں نے جب اپنے "مسیء" یعنی گناہگار ہونے کا اعتراف کیا اور اللہ پاک سے معافی مانگی ربنا اغفر لنا ذنوبنا تو اللہ تعالیٰ نے انہیں "محسنین" نیکوکار قرار دے دیا گویا کہ اللہ پاک نے فرمایا جب تم نے اپنی برائی اور عاجزی کا اعتراف کر لیا تو میں نے تمہیں اپنا محسن اور اپنا محبوب قرار دے دیا پس بندہ اللہ تعالیٰ تک ذلت، مسکنت اور عاجزی کے حقیقی اظہار ہی کے ذریعہ پہنچ سکتا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۴۹ تا ۱۵۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا الَّذِينَ كَفَرُوا يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰ

اے ایمان والو اگر تم کافروں کا کہا مانو گے تو وہ تمہیں الٹے پاؤں

أَعْقَابِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ ﴿١٤٩﴾ بَلِ اللَّهُ مَوْلَاكُمْ ۖ وَهُوَ

پھیر دیں گے پھر تم نقصان میں جا پڑو گے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارا مددگار ہے اور وہ

خَيْرُ النَّاصِرِينَ ﴿١٥٠﴾

بہترین مدد کرنے والا ہے

## خلاصہ

ظاہری شکست کے اس موقع کا فائدہ اٹھا کر تمہارے دشمن کفار و منافقین تمہیں غلط راستے پر لیجانے کی کوشش کریں گے۔ تم ان کی بات نہ مانو ورنہ سخت خسارہ اٹھاؤ گے۔ تمہیں کسی سے تعاون مانگنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہارا حامی و مددگار ہے اور اسی کی مدد سب سے بہتر ہے۔

## ربط

شکست کے موقع پر ہمت بندھانے کے لئے ماضی کے اللہ والے مجاہدین کا تذکرہ ہوا اب گمراہی سے بچنے کے لئے اس بات کی ہدایت دی جارہی ہے کہ تم ماضی کے اللہ والے مجاہدین کے طریقہ پر چلو اور کافروں کی بات نہ مانو۔ ایسے مواقع پر کفار و منافقین مسلمانوں کو دین سے اور جہاد سے پھیرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ واللہ اعلم

## تفسیری اقوال

❶ واعلم ان هذه الاية من تمام الكلام الاول وذلك لان الكفار لما ارجفوا ان النبي صلى الله عليه وسلم قد قتل ودعا المنافقون بعض ضعفة المسلمين الى الكفر منع الله المسلمين بهذه الاية عن الالتفات الى كلام اولئك المنافقين. یعنی یہ آیت پچھلے کلام کا تتمہ ہے اور وہ اس طرح کہ جب کفار نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کا اعلان کر کے خوف پھیلا دیا اور منافقین نے بعض کمزور مسلمانوں کو کفر اختیار کرنے کی دعوت دی تو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں مسلمانوں کو منافقین کی باتوں کی طرف توجہ کرنے سے روک دیا (التفسیر الکبیر)

ان تطیعوا الذین کفروا اگر تم نے کافروں کی اطاعت کی۔ یہاں کافروں سے کون مراد ہے۔ امام رازی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رحمہ اللہ نے چار اقوال ذکر فرمائے ہیں۔

❶ مراد ابو سفیان ہیں کیونکہ وہ اس دن کافروں کے سردار تھے۔(اور شکست کے وقت مسلمانوں کو ترغیب دی جا رہی تھی کہ عبداللہ بن ابی منافق کو بیچ میں ڈال کر ابو سفیان سے امان لے لی جائے تو منع فرما دیا گیا کہ ابو سفیان کے سامنے نہ جھکو۔)

❷ کفروا سے مراد عبداللہ بن ابی اور اس کے منافق ساتھی ہیں، یہی لوگ کمزور دل مسلمانوں کے دلوں میں شبہات ڈال رہے تھے اور کہہ رہے تھے اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) رسول ہوتے تو ان کے ساتھ یہ واقعہ پیش نہ آتا وہ (نعوذ باللہ) عام آدمی ہیں کبھی فتح حاصل کرتے ہیں اور کبھی شکست اس لئے تم لوگ واپس اپنے دین کی طرف لوٹ آؤ۔

❸ اس سے مراد یہودی ہیں۔کیونکہ مدینہ میں یہودیوں کا ایک ایسا گروہ موجود تھا جس کے افراد مسلمانوں کے دلوں میں شبہات ڈالتے رہتے تھے خصوصا غزوہ احد کے واقعہ کے بعد۔

❹ زیادہ درست بات یہ ہے کہ اس سے تمام کافر مراد ہیں اور یہ جو ان کی بات نہ ماننے کا حکم دیا گیا ہے تو یہ عام نہیں ہے کہ ہر بات نہ مانی جائے بلکہ یہ خاص ہے کہ وہ دین اسلام اور جہاد کے خلاف جو باتیں کرتے ہیں وہ نہ مانی جائیں۔(مستفاد از تفسیر کبیر)

بل اللہ مولکم بلکہ اللہ تعالیٰ ہی تمہارا مددگار ہے۔

والمعنیٰ انکم تطیعون الکفار لینصروکم ویعینوکم علی مطالبکم وھذا جھل لانھم عاجزون متحیرون ،والعاقل یطلب النصرۃ من اللہ تعالیٰ لانہ الذی ینصرکم علی العدو ویدفع عنکم کیدہ۔(التفسیر الکبیر)

مطلب یہ ہے کہ تم کافروں کا کہنا اس لئے مانتے ہو تا کہ وہ تمہاری مدد کریں اور تمہارے مقاصد میں تمہاری اعانت کریں تو یہ جہالت کی بات ہے کیونکہ کافر خود عاجز و بے بس ہیں، عقلمند آدمی تو صرف اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مانگتا ہے کیونکہ صرف وہی دشمنوں کے مقابلے میں تمہاری مدد کرتا ہے اور تم سے ان کے شر کو دور کرتا ہے۔

خیر الناصرین ("اللہ تعالیٰ کی مدد سب سے بہتر ہے")

اللہ تعالیٰ کی مدد بہتر ہے کئی وجوہ سے۔

❶ تم جو کچھ بھی چاہتے ہو اس میں تمہاری مدد پر صرف اللہ تعالیٰ ہی قادر ہے۔

❷ اسی کے پاس علم حقیقی ہے پس تمہارا پکارنا اور گڑگڑانا اس سے کسی حال میں مخفی نہیں رہتا۔

❸ وہ ایسا کریم ہے جو سخاوت کرنے میں بخل نہیں فرماتا۔

❹ وہ دنیا اور آخرت دونوں جگہ تمہاری مدد کرتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کیا بندوں میں سے کوئی ایسا ہے جس میں یہ ساری صفات ہوں؟ بالکل نہیں تو پھر اللہ تعالیٰ کی مدد ہی بہترین ہوئی۔ (مستفاد من التفسیر الکبیر)

## اقوال وحوالے

### ❶ کلام برکت

یعنی اس جنگ میں جو مسلمانوں کے دل ٹوٹے تو کافروں نے اور منافقوں نے وقت (یعنی موقع) پایا بعضے الزام (یعنی طعنے) دینے لگے۔ بعضے خیر خواہی کے پردے میں سمجھانے لگے تا (کہ) آگے لڑائی پر دلیری نہ کریں (یعنی یہ سب کچھ اس لئے کر رہے تھے تاکہ مسلمان آئندہ جہاد پر دلیری نہ کریں) حق تعالیٰ خبردار کرتا ہے کہ دشمن کا فریب نہ کھاؤ (موضح القرآن)

معلوم ہوا کہ کافر و منافق ایسے موقع کی تاک میں رہتے ہیں کہ کب مسلمان مجاہدین کو شکست ہو تو وہ اسلام اور جہاد کے خلاف خفتی شور شرابا شروع کریں۔ اس لئے مسلمانوں کو سمجھا دیا گیا کہ اگر ظاہری شکست کا حادثہ ہو جائے تو پھر کافروں کے شور شرابے اور ان کی باتوں سے اپنے کان بالکل بند کرلیں اور ماضی کے اولوالعزم مجاہدین کے قصے یاد کریں اور اللہ پاک کے حضور خوب خوب استغفار کریں یوں شکست کے اثرات سے ابھرنا آسان ہو جائے گا۔ واللہ اعلم

❷ غرض کسی طرح (یہ کافر) تمہارے دوست نہیں ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارا دوست اور وہ سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے پس اسی کی دوستی پر اکتفا کرو اور اسی کو مددگار سمجھو دوسرا مخالف اگر نصرت کی بھی تدبیر بتلا دے خلاف حکم خداوندی عمل مت کرو (بیان القرآن)

❸ أعداء حق اس موقعے سے فائدہ اٹھا کر تمہیں ایسی راہ لگانا چاہتے ہیں کہ راہ حق سے بے دل ہو جاؤ وہ تمہیں دشمنوں کی کثرت وطاقت کے افسانے سنا کر مرعوب کرنا چاہتے ہیں لیکن اگر تم راہ حق میں ثابت قدم رہے اور انسانی طاقتوں کی جگہ اللہ تعالیٰ کی کارسازی و رفاقت پر بھروسہ رکھا تو وہ وقت دور نہیں جب تمہاری ہیبت سے ان کے دل کانپ اٹھیں گے۔ (ترجمان القرآن)

❹ بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارا مددگار رب ہے اور اسکی مدد سب سے بہتر ہے لہٰذا اسی کا کہنا ماننا چاہیے اور اسی کی مدد پر بھروسہ رکھنا چاہیے جسکی مدد پر خدا ہو اس کو کیا حاجت ہے کہ دشمنان خدا کی مدد کا منتظر رہے یا ان کے سامنے گردن اطاعت خم کرے۔ حدیث میں ہے کہ احد سے واپسی کے وقت ابوسفیان نے "ھبل" کی جے پکاری اور کہا "لنا العزی ولا عزی لکم" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جواب دو "اللہ مولانا ولا مولیٰ لکم" (تفسیر عثمانی)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۵۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا

اب ہم کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈال دیں گے اس لیے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرایا جس کی

لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

اس نے کوئی دلیل نہیں اتاری اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا وہ بہت برا ٹھکانا ہے

### خلاصہ

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کا مولیٰ ہے اور اسکی مدد ہی "بہترین" ہے چنانچہ اس نے اپنی خاص مدد کے ذریعے کافروں کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب ڈال دیا۔ (یہ وہ نصرت ہے جو کوئی اور نہیں کر سکتا) کافروں پر یہ رعب اس لئے ڈالا گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور چیزوں کو شریک ٹھہراتے ہیں۔ شرک کرنا ظلم ہے پس ایسے ظالموں کو جہنم کے برے ٹھکانے میں ڈال دیا جائے گا۔ (معلوم ہوا کہ عقیدۂ توحید سے قوت پیدا ہوتی ہے اور شرک کی وجہ سے دل کمزور ہو جاتا ہے۔)

### ربط

❶ اعلم أن هذه الاية من تمام ماتقدم ذكره فانه تعالىٰ ذكر وجوها كثيرةً في الترغيب في الجهاد وعدم المبالاة بالكفار ومن جملتها ماذكر في هذه الاية انه تعالىٰ يلقي الخوف في قلوب الكفار (التفسير الكبير)

یہ آیت پچھلے مضمون کا تتمہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دینے اور انہیں کافروں کی اطاعت سے بچانے کے لئے کئی باتیں ارشاد فرمائیں جن میں سے ایک کا ذکر اس آیت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کے دل میں خوف ڈال دے گا۔ (پس مسلمان جہاد میں ڈٹے رہیں اور کافروں کی باتوں اور طاقت کی پرواہ نہ کریں)

❷ اوپر (پچھلی آیت میں) اللہ تعالیٰ کا مولیٰ اور ناصر ہونا مذکور تھا آگے (اس آیت میں) ایک واقعہ سے اس کا اثبات ہے۔ (بیان القرآن)

### اقوال وحوالے

❶ علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے آیت کے شان نزول میں دو قول ذکر فرمائے ہیں:

اول: لما ارتحل ابوسفيان والمشركون يوم أحد متوجهين نحو مكة الخ یعنی جب ابوسفیان اور باقی مشرکین احد کے دن مکہ کی طرف واپس لوٹے تو راستے میں انہیں ندامت ہوئی اور وہ آپس میں کہنے لگے یہ تم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نے کیا کیا؟ تم نے مسلمانوں کو مارا اور جب ان کا لشکر بکھر گیا اور ان میں دم نہیں رہا تو تم لوٹ آئے اب واپس چلو اور چل کر ان کا مکمل خاتمہ کر دو اس وقت اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا اور وہ بے ہمت ہو کر لوٹ گئے راستے میں انکو ایک بدو ملا تو اس کو کچھ اُجرت دیکر کہا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ان کے ساتھیوں کو ڈرا دینا کہ ہم واپس حملہ کرنے آ رہے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے حالات کی خبر دی چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا پیچھا کیا یہاں تک کہ حمراء الاسد تک جا پہنچے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

دوم: وقیل ان الایۃ نزلت فی یوم الأحزاب اور ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت غزوۂ احزاب کے بارے میں نازل ہوئی۔ (روح المعانی)

❷ امام رازی رحمہ اللہ نے اس پر بحث فرمائی ہے کہ ''القاء رعب'' یعنی رعب ڈالنے کا یہ وعدہ غزوۂ احد کے ساتھ خاص تھا یا یہ وعدہ عام ہے۔ بعض مفسرین اسے غزوۂ احد کے ساتھ خاص قرار دیتے ہیں جبکہ دیگر حضرات کے نزدیک یہ وعدہ عام ہے۔

والقول الثانی: أن هذا الوعد غیر مختص بیوم احد بل هو عام قال القفال رحمه الله: کانه قیل انه ان وقعت لکم هذه الواقعه فی یوم احد الاان الله تعالیٰ سیلقی الرعب منکم بعد ذلك فی قلوب الکافرین حتی یقهر الکفار ویظهر دینکم علی سائر الادیان وقد فعل الله ذلك حتی صار دین الاسلام قاهرا لجمیع الادیان والملل ونظیر هذه الایة قوله علیه السلام "نصرت بالرعب مسیرة شهر"

قفال رحمہ اللہ فرماتے ہیں: گویا کہ اس آیت میں فرمایا گیا کہ احد کے دن تو تمہارے ساتھ یہ (آزمائش والا) واقعہ ہو گیا مگر اب اللہ تعالیٰ اسکے بعد تمہارا رعب کافروں کے دلوں میں ڈال دے گا یہاں تک کہ کافروں کو مغلوب فرما دے گا۔ اور تمہارے دین کو تمام ادیان پر غالب فرما دے گا اور اللہ پاک نے ایسا ہی کیا یہاں تک کہ دین اسلام تمام قوموں اور ادیان پر غالب آ گیا اور اس آیت کی نظیر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے۔ مجھے ایک ماہ کی مسافت سے طاری ہونے والے رعب کے ذریعہ مدد دی گئی۔ (التفسیر الکبیر)

اردو مفسرین میں سے بڑے اہل تحقیق حضرات کی رائے بھی یہی ہے کہ رعب کا یہ وعدہ عام ہے غزوۂ احد کے فوراً بعد بھی اس کا ظہور ہوا کہ مشرکین واپس نہ آ سکے اور پھر آئندہ بھی اس وعدہ کا ظہور ہوتا رہا ملاحظہ فرمایئے چند عبارتیں:

☆ ہم کفار کے دل میں کفر کی شامت سے رعب ڈال دیں گے، ان کا کروفر ظاہری کچھ کام نہ آوے گا چنانچہ اس پیشن گوئی کے مطابق واقع ہوا روم اور ایران کے جرار سپاہ کے دل میں صحابہ کا رعب ڈال دیا گیا جو کملی پوش اور بے سرو سامان تھے۔ (تفسیر حقانی)

☆ دشمنان دین کے دلوں میں القاء رعب یا ہیبت حق کے معجزانہ ظہور کی ایک یادگار مثال تاریخ کے صفحات میں یوں محفوظ ہے کہ معرکۂ احد میں جب آخری فتح بظاہر مشرکین مکہ کو ہو گئی تو اب قدرتی نتیجہ یہ نکلتا تھا کہ وہ لوگ دیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سے شہر مدینہ پر چڑھ دوڑتے فاصلہ اب رہ ہی کتنا گیا تھا لیکن ہمت اس کی انہیں کسی طرح نہ پڑی بلکہ الٹے انہیں واپس جاتے ہی بنی۔ اور تعاقب اس کے برعکس خود "شکست خوردہ" مسلمانوں نے اپنے بے مثل و بے مثال سالار لشکر کے ماتحت مدینہ سے آٹھ میل دور "حمراء الاسد" تک کیا یہاں تین دن تک مسلمانوں کا کیمپ رہا اور لگے ہاتھوں غنیم (یعنی دشمن) کا ایک آدمی بھی گرفتار کرتے لائے۔ (تفسیر ماجدی)

☆ مشرک خواہ کتنا ہی زور دکھلائے اس کا دل کمزور ہوتا ہے کیونکہ وہ کمزور مخلوق کی عبادت کرتا ہے بس جیسا معبود ویسے عابد ضعف الطالب والمطلوب (الحج) اور ویسے بھی اصلی زور و قوت تو فی الحقیقت خدا کی تائید و امداد سے ہے جس سے کفار مشرکین یقیناً محروم ہیں۔ اس لئے جب تک مسلمان مسلمان رہے۔ ہمیشہ کفار ان سے خائف و مرعوب رہے بلکہ ہم آج تک مشاہدہ کرتے ہیں کہ باوجود مسلمانوں کے سخت انتشار و تشتت اور ضعف و تنزل کے دنیا کی تمام کافر طاقتیں اس سوئے ہوئے زخمی شیر سے ڈرتی رہتی ہیں، اور ہمیشہ فکر رکھتی ہیں کہ یہ قوم بیدار ہونے نہ پائے علمی اور مذہبی مناظروں میں بھی اسلام کا یہی رعب مشاہدہ کیا جاتا ہے، حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرا رعب ایک مہینہ کی مسافت سے دشمنوں کے دل میں ڈال دیا جاتا ہے، بے شک اسی کا اثر ہے جو امت کو ملا فللّٰہ الحمد علی ذلک ولہ المنۃ (تفسیر عثمانی)

## نکتہ

آج بھی جو مسلمان کافروں کی فرمانبرداری نہیں کرتے اور صرف اللہ تعالیٰ کو اپنا مولیٰ اور مالک مانتے ہیں اور اسی کی بہترین مدد پر بھروسا رکھتے ہیں۔ ان مسلمانوں کا رعب دنیا بھر کے اسلام دشمن کافروں کے دلوں پر چھایا ہوا ہے۔ اور خود کو "بڑی طاقت" سمجھنے والے ان بوریا نشین مسلمانوں سے لرزہ براندام ہیں۔

## کلام برکت

یعنی وہ (کافر) چور ہیں اللہ تعالیٰ کے اور چور کے دل میں ڈر رہتا ہے اس واسطے ان کے دل میں اللہ تعالیٰ ہیبت ڈالے گا (موضح القرآن)

اس عبارت سے بھی معلوم ہوا کہ رعب کی اصل وجہ کفر و شرک ہے جو قیامت تک قائم ہے اس لئے قیامت تک کے کافروں کے دلوں میں اصلی اور سچے مسلمانوں کا رعب ہوتا ہے اور اس رعب کی وجہ سے وہ کمزور ہوتے ہیں پس مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی اس بہترین نصرت کا فائدہ اٹھانا چاہیے (واللہ اعلم)

## فائدہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے خصوصی رعب نصیب فرمایا۔ علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اس آیت کی تفسیر میں ایسی کئی احادیث ذکر فرمائی ہیں جن میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے "پر عظمت رعب" کا تذکرہ ہے شائقین وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۵۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا

اور اللہ تعالیٰ نے تو اپنا وعدہ تم سے سچا کر دکھایا جب تم اسکے حکم سے انہیں قتل کرنے لگے یہاں تک کہ جب

فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ

تم نے بزدلی کی اور کام میں جھگڑا ڈالا اور نافرمانی کی بعد اسکے کہ تم کو دکھادی

مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ

وہ چیز جسے تم پسند کرتے تھے بعض تم میں سے دنیا چاہتے تھے اور بعض تم میں سے

الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْھُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ

آخرت کے طالب تھے پھر تمہیں ان سے پھیر دیا تاکہ تمہیں آزمائے اور البتہ تحقیق تمہیں اس نے معاف کر دیا ہے

وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۵۲

اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں پر فضل والا ہے

### خلاصہ

منافق تمہیں جنگ احد کی شکست یاد دلا کر ڈرا رہے ہیں تاکہ آئندہ دشمنوں کے مقابلہ کی جرأت نہ کرو لیکن تم اچھی طرح جانتے ہو کہ احد کے میدان میں جو کچھ پیش آیا اسکی حقیقت کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کا وعدۂ نصرت اس موقع پر بھی پورا ہوا تھا تم انہیں خوب قتل کر رہے تھے اور دشمنوں کے قدم اکھڑ گئے تھے لیکن جب تم نے عین حالت جنگ میں حکم رسول کی نافرمانی کی اور اسکی وجہ سے تم میں نزاع اور کمزوری پیدا ہوگئی تو میدان جنگ کا نقشہ پلٹ گیا اور فتح ہوتے ہوتے شکست ہوگئی پس یہ جو کچھ ہوا دشمنوں کی طاقت و کثرت سے نہیں ہوا جس سے منافق تمہیں ڈرا رہے ہیں۔ بلکہ تمہارے حالات کی وجہ سے ہوا۔ مگر اب اللہ پاک نے تمہیں معاف فرما دیا ہے اور بے شک وہ ایمان والوں پر بہت فضل فرمانے والا ہے۔ (مفہوم ترجمان القرآن)

### شان نزول

❶ لما رجع رسول الله صلى الله عليه وسلم الى المدينة بعد أحد وقد اصيبوا قال بعضهم لبعض من اين اصابنا هذا وقد وعدنا الله النصر فنزلت هذه الاية وذلك انهم قتلوا صاحب لواء المشركين وسبعة نفر منهم بعده على اللواء وكان الظفر ابتداء

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

للمسلمين غير انهم اشتغلوا بالغنيمة وترك بعض الرماة ايضا مركزهم طلباً للغنيمة فكان ذلك سبب الهزيمة (قرطبی).

یعنی غزوہ احد کے بعد جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لے آئے تو مسلمانوں کو اس جنگ میں کافی مصائب پہنچے تھے تو وہ آپس میں کہنے لگے ہم پر یہ حالات کیسے آئے؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے تو ہم سے نصرت کا وعدہ فرمایا تھا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اس جنگ کے آغاز میں مسلمانوں نے مشرکین کے آٹھ علم بردار یکے بعد دیگرے قتل کر دیئے تھے اور شروع میں مسلمانوں کو فتح مل گئی تھی مگر پھر وہ مال غنیمت جمع کرنے میں مشغول ہو گئے اور بعض تیر اندازوں نے اپنا مرکز (جس پر انہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعین فرمایا تھا۔) غنیمت جمع کرنے کے لئے چھوڑ دیا تو یہ شکست کا سبب بن گیا۔

❷ پہلی آیت میں تھا کہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے اور وہ فتح دینے والا ہے اور نیز پہلے عموماً اسلام کی فتحمندی اور ظہور کا وعدہ دیا گیا تھا اس پر احد میں شکست سی واقع ہوئی تو مدینہ میں آ کر بعض منافق مسلمانوں سے کہنے لگے لو صاحب! اچھا وعدہ خدا نے پورا کیا ارے میاں ایسے وعدوں کا کیا اعتبار ہے؟ ان آیتوں میں خدا تعالیٰ نے جواب دیا کہ اس نے تو تم سے اپنا وعدہ پورا کر دیا تھا کہ تم نے تو اول ہی حملہ میں کفار کی جماعت کو تہ تیغ کر کے بھگا دیا مگر تم نے خود نافرمانی کر کے یہ مصیبت سر پر لی (تفسیر حقانی)

## وعدہ کیا تھا؟

ولقد صدقكم الله وعده اور اللہ تعالیٰ نے تم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا یہ وعدہ کیا تھا اور کب ہوا تھا؟ اس بارے میں مفسرین کے کئی اقوال ہیں۔

❶ یہ وعدہ اس آیت میں کیا گیا تھا۔

بلى ان تصبروا وتتقوا ويأتوكم من فورهم هذا يمددكم ربكم۔ (آل عمران۔۱۲۵)

اس میں شرط تھی کہ اگر تم استقامت اور تقویٰ پر قائم رہے تو اللہ پاک تمہاری نصرت فرمائے گا ابتداء میں یہ نصرت ہوئی اور وعدہ سچا ہوا مگر جب شرط پر عمل نہ رہا تو نصرت اٹھ گئی۔ (روح المعانی، تفسیر کبیر)

❷ یہ وعدہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے ادا ہوا تھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پچاس تیر اندازوں کو گھاٹی پر مقرر کر کے ارشاد فرمایا۔ فلن نزال غالبين ماثبتم مكانكم ہم برابر اپنے دشمنوں پر غالب رہیں گے جن تک تم لوگ اپنی جگہ ڈٹے رہو گے۔ (ان کے ڈٹے رہنے تک وعدہ پورا ہوا۔) (تفسیر کبیر، روح المعانی)

❸ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مینڈھا ذبح فرما رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس خواب کو سچا فرما دیا اور وہ اس طرح کہ مشرکین کا علمبردار طلحہ بن عثمان مارا گیا اور اس کے بعد نو مزید علمبردار بھی مارے گئے۔ تو وعدہ سچا ہونے سے مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سچا ہوتا ہے (تفسیر کبیر)

❹ یہ وعدہ سورۃ الحج کی اس آیت میں ہے ولینصرن اللہ من ینصرہ (الحج ۴۰) یہ وعدہ بھی مشروط ہے۔ (تفسیر کبیر)

❺ پچھلی آیت میں فرمایا سنلقی فی قلوب الذین کفروا الرعب کہ ہم کافروں کے دل میں رعب ڈال دیں گے یہ وعدہ تھا اور ابتداء میں وہ لوگ مرعوب ہو کر بھاگ گئے تھے۔ (تفسیر کبیر)

## شانِ صحابہ

❶ اس آیت سے صحابہ کے حال پر بڑی عنایت معلوم ہوئی کہ عتاب (تنبیہ) میں بھی چند در چند (کئی ایک) تسلیاں فرمائیں۔ ایک یہ کہ سزا نہ تھی بلکہ اس میں بھی تمہاری مصلحت تھی (لیبتلیکم) پھر مواخذہ (آخرت کی پکڑ) سے بے فکر کر دیا (ولقد عفا عنکم) چونکہ ظاہر ہے کہ ایسے حضرات جو ایسی عنایات (یعنی مہربانیوں) کے مورد ہوں طالب دنیا نہیں ہو سکتے اس لئے یرید الدنیا میں دنیا کا مراد بالذات ہونا مراد نہیں ہو سکتا (یعنی دنیا برائے دنیا ان کا مطلوب نہیں تھی بلکہ دنیا برائے آخرت مطلوب تھی تاکہ مال جمع کر کے کفار کو نقصان پہنچائیں اور اس مال کے ذریعہ آئندہ جہاد میں قوت حاصل کریں) اور اس پر قرینہ عقلی بھی ہے وہ یہ کہ اگر یہ حضرات غنائم کو جمع نہ بھی کرتے تب بھی حسب قانون شریعت شریک و مستحق غنیمت یقیناً تھے اس سے معلوم ہوا کہ اس میں بھی آخرت ہی مقصود تھی کہ حفاظت مورچہ کا ثواب حاصل کر کے اب ترہیب و تخریب کفار (یعنی کافروں کو ڈرانے اور انہیں تباہ کرنے) کا ثواب بھی لیں اسی لئے بعض اقطاب نے اس آیت میں فرمایا منکم من یرید الدنیا للآخرۃ ومنکم من یرید الآخرۃ الصرفۃ (یعنی کچھ تم میں سے دنیا چاہتے تھے آخرت کی خاطر اور کچھ تم میں سے صرف آخرت کے طلبگار تھے) مگر چونکہ طریق ثواب کا نص (حکم) کے خلاف تھا اس لئے محمود (پسندیدہ) نہ ہوا (بیان القرآن)

❷ کفار کا نشانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس تھی، اس لئے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ایک جماعت فوراً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد و پیش جمع ہو گئی دشمن تیر پر تیر چلاتے ہیں مگر کیا مجال ہے کہ ایک مسلمان بھی اپنی جان بچانے کی خاطر وہاں سے ہٹ جائے ایک آہنی دیوار ہے کہ اپنی جگہ پر قائم ہے، ایک شخص تلوار کا وار کرتا ہے تو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنا ہاتھ کٹوا لیتے ہیں مگر اس ذات اقدس (صلی اللہ علیہ وسلم) پر آنچ نہیں آنے دیتے۔ ابن قمیہ آگے بڑھتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کر دے، مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علمبردار درمیان میں حائل ہو جاتے ہیں اور خود شہید ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جان نثار کر دیتے ہیں۔ ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کفار کی جانب پشت کر کے کھڑے ہیں کہ اس وجود مقدس (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے ڈھال بن جائیں، جو تیر ان کو لگتا ہے وہ نکال کر اپنے ہمراہی کو دیتے ہیں کہ اسی سے دشمن کو نشانہ بنایا جائے اللہ اکبر! اگر یہ مصیبت نہ آتی اور کفار یوں رسول اللہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ نہ کرتے تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی خوبیوں کا دنیا کو کیا پتہ لگتا۔ (تفسیر الفرقان)

❸ اس میں بتایا جاتا ہے کہ جب تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی نافرمانی کی تو تم کو ان سے ہٹا دیا کہ اب خدائے قدوس تمہیں امتحان میں مبتلا کرے اور اس کی صورت یہ ہوئی کہ جب کفار نے تیراندازوں کی جگہ کو خالی پایا اور ان کی زد سے محفوظ ہو گئے تو لوٹ کر مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے یہ بھی ابتلاء تھا اس کا مقصد یہ تھا کہ تم میں جو بہترین افراد ہیں ان کے فضائل وکمالات کا اظہار ہو اور دنیا دیکھ لے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہتر کسی کو جانثار اور فداکار نصیب نہیں ہوئے (تفسیر الفرقان)

## فائدہ

آزمائش کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ مخلص اور غیر مخلص مؤمن اور منافق اور پکے اور کچے کی چھانٹی ہو جائے۔ (مستفاد من عثمانی)

## فائدہ

حتی اذا فشلتم وتنازعتم فی الامر وعصیتم گویا فشل کا سبب تنازع اور تنازع کا سبب عصیان تھا (تفسیر عثمانی) یعنی کم ہمتی اور بزدلی آپس کے اختلاف کی وجہ سے پیدا ہوئی اور آپس کا اختلاف حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی سے پیدا ہوا۔

## دعاء

اللهم يا ذاالفضل العظيم نسئلك من فضلك ورحمتك آمين يا ذاالفضل العظيم۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۵۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ

جس وقت تم چڑھے جاتے تھے اور کسی کو مڑ کر نہ دیکھتے تھے اور رسول تمہیں تمہارے پیچھے سے

اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ

پکار رہے تھے سو اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس کی پاداش میں غم دیا بسبب غم دینے کے تاکہ تم مغموم نہ ہو اس پر جو ہاتھ سے نکل گئی

وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۵۳

اور نہ اس پر جو تمہیں پیش آئی اور اللہ تعالیٰ خبردار ہے اس چیز سے جو تم کرتے ہو

## خلاصہ

اس وقت بھی اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور تمہیں معاف فرما دیا جب تم بے تحاشا بھاگ رہے تھے اور پیچھے مڑ کر بھی نہیں دیکھ رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں پیچھے سے پکار رہے تھے تب تم پر غموں کی بوچھاڑ ہوئی تاکہ تم آئندہ کے لئے مضبوط ہو جاؤ۔

## اقوال وحوالے

❶ یعنی تم بھاگ کر پہاڑوں جنگلوں کو چڑھے جا رہے تھے اور گھبراہٹ میں پیچھے مڑ کر بھی کسی کو نہ دیکھتے تھے۔ اس وقت خدا کا پیغمبر بدستور اپنی جگہ کھڑا ہوا تم کو اس قبیح حرکت سے روکتا تھا اور اپنی طرف بلا رہا تھا۔ مگر تم تشویش واضطراب میں آواز کہاں سننے والے تھے۔ آخر جب کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ چلائے تب لوگوں نے سنا اور واپس آکر اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد جمع ہو گئے۔ فاثابکم غما بغم یعنی تم نے رسول کا دل تنگ کیا اس کے بدلے تم پر تنگی آئی۔ غم کا بدلہ غم ملا تا (کہ) آگے کو یاد رکھو کہ ہر حالت میں رسول کے حکم پر چلنا چاہیے خواہ کوئی نفع کی چیز مثلاً غنیمت وغیرہ ہاتھ سے جائے یا کچھ بلا سامنے آئے۔ (تفسیر عثمانی)

## تنبیہ

اکثر مفسرین نے فاثابکم غما بغم کے معنی یوں کیے ہیں کہ خدا نے تم کو غم پر غم دیا۔ یعنی ایک غم تو ابتدائی فتح و کامیابی کے فوت ہونے کا تھا دوسرا اپنے آدمیوں کے مارے جانے اور زخمی ہونے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر شہادت مشہور ہونے سے پہنچا بعض نے یہ مطلب لیا ہے کہ فتح وکامرانی کے فوت ہونے غنیمت کے ہاتھ سے نکل جانے اور نقصان جانی وبدنی اٹھانے کا جو غم تھا اس کے عوض میں ایک ایسا بڑا غم دے دیا گیا جس نے پہلے سب غموں کو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بھلا دیا۔ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقتول ہونے کی افواہ اس غم کی شدت میں آگے پیچھے کا کچھ ہوش نہ رہا حتی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز بھی نہ سنی، جیسا کہ ایک طرف ہمہ تن ملتفت ہونے کے وقت دوسری طرف سے ذہول وغفلت پیش آجاتی ہے (تفسیر عثمانی)

❷ والرسول یدعوکم اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں پکار رہے تھے کان یقول الی عباد اللہ انا رسول اللہ من کر فلہ الجنۃ. یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے۔ میری طرف آؤ اے اللہ کے بندو! میں اللہ کا رسول ہوں جو واپس میدان میں آئے گا اس کے لئے جنت کا وعدہ ہے۔ (تفسیر کبیر)

❸ "والرسول یدعوکم رسول اسلام علیہ الصلوۃ والسلام علاوہ اپنے دوسرے کمالات وفضائل کے ہمت وشجاعت میں بھی منفرد وبے عدیل تھے حال کے ایک مسلمان جنگی مورخ کے الفاظ ہیں:

اس پورے معرکہ (احد) میں اسلامی جھنڈا کسی وقت بھی سرنگوں نہیں ہوا، جھنڈے کو اونچا رکھنے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جان کی حفاظت کے لئے غزوۂ احد میں مجاہدین نے جس جانبازی وایثار کا ثبوت دیا، وہ ابد تک یادگار رہے گا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی انتہائی ماندہ اور زخمی ہونے کے باوجود دشمن سے برابر لڑتے رہے، بھالے سے لڑنے میں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اس کمال کا ثبوت دیا کہ مسلمانوں کی ہمتیں دوچند ہوگئیں۔ لوٹ مار میں عجلت اور تیر اندازوں کے مورچوں سے ہٹ جانے کی وجہ سے لشکر اسلام کو سخت نقصان پہنچا تھا مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی مستقل مزاجی سے باقی آدمیوں کو ساتھ لے کر جنگ کرتے تھے۔" (تفسیر ماجدی)

❹ کفار نے نہایت شدت سے مسلمانوں پر حملہ کیا، اب یہ لوگ کفار کا تعاقب کرنے کی بجائے خود اپنی مصیبت میں گرفتار ہوگئے، بے ترتیب اور منتشر ہونے کی وجہ سے ہر ایک بھاگا جاتا تھا اور کسی کی طرف مڑ کر بھی نہ دیکھتا تھا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حالت دیکھی تو آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ان کو جمع کرنے کے لئے فرمایا: الیّ عباد اللہ انی رسول اللہ اللہ کے بندو میں اللہ کا رسول ہوں۔ میری طرف آؤ۔ غور کیجئے دشمن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو فنا کرنا چاہتا ہے مسلمان پریشان ہو کر منتشر ہو چکے ہیں مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان تمام مشکلات کی مطلقاً پرواہ نہیں کرتے اور تمام مسلمانوں کو جمع کرنے کیلئے بلند آواز سے پکارتے ہیں۔ جس پر تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد جمع ہونا شروع ہوجاتے ہیں غزوۂ حنین میں بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی شجاعت کا اظہار کیا ہے، مسلمان بھاگے جا رہے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم دشمن کی صف کی طرف بڑھ کر یہ ارشاد فرماتے ہیں۔ انا النبی لا کذب، میں حقیقت میں خدا کا فرستادہ ہوں اور نبی کے لئے ناممکن ہے کہ وہ میدان جنگ سے ایک انچ بھی ہٹ جائے۔ انا ابن عبد المطلب۔ "میں عبد المطلب کی اولاد میں سے ہوں، جس کی شجاعت وبسالت سے عرب کا بچہ بچہ واقف ہے، ایسے اعلیٰ ترین خاندان کا فرزند ان مشکلات وموانع میں کبھی بھاگ سکتا ہے بلکہ یہی میدان جنگ اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کے کمالات وفضائل قومی کے اظہار کا بہترین محل ہے" اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ طرز عمل حکام فوج (یعنی فوج کے کمانڈروں) کے لئے ایک اسوۂ حسنہ ہے کہ ان کو کس قدر جانباز ہونا چاہیے، وہ اپنے آپ کو سب سے آگے رکھیں تا کہ سپاہیوں میں ہمت اور جوش پیدا ہو (تفسیر الفرقان)

❺ فاثابکم غما بغم تفسیر عثمانی کے حوالے سے اس جملے کے بعض معانی بیان ہو چکے ہیں حضرت امام رازی رحمہ اللہ نے اس پر جو تقریر فرمائی ہے ذیل میں اسکی تلخیص ملاحظہ فرمایئے۔

"غما بغم" میں ب یا تو معاوضہ کے معنی میں ہے یعنی تمہیں غم کے بدلے غم پہنچایا یا بمعنی "مع" ہے یعنی تمہیں غم پر غم پہنچایا۔

اگر ب معاوضہ کے معنی ہیں تو اس میں چند اقوال ہیں:

☆ تم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نافرمانی کے ذریعہ غم پہنچایا تو اس کے بدلہ میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں غم پہنچایا یہ زجاج رحمہ اللہ کا قول ہے۔

☆ بدر کے دن مشرکین کو جو غم پہنچا تھا اس کے بدلے اب تمہیں غم پہنچا تا کہ تمہارا دل دنیا سے بالکل بے رغبت ہو جائے، نہ دنیا کے ملنے سے خوش ہو اور نہ اسکے منہ موڑنے سے غمگین ہو یہ حسن بصری رحمہ اللہ کا قول ہے۔

☆ فاثابکم کی ضمیر رسول کی طرف راجع ہو مطلب یہ کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو زخمی دیکھا تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے غم میں مبتلا ہوئے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو دیکھا کہ ان سے نافرمانی ہوئی اور پھر ان کا نقصان ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی وجہ سے غم میں مبتلا ہوئے۔

اگر ب بمعنی مع ہو کہ تمہیں ایک غم کے ساتھ دوسرا غم پہنچایا تو اس میں درج ذیل صورتیں ہیں:

❶ پہلا غم نزاع اور بزدلی کا اور دوسرا غم شکست کا۔

❷ پہلا غم غنیمت کے فوت ہونے کا اور دوسرا غم مشرکین کے جوابی حملے میں نقصانات شدیدہ کا۔

❸ پہلا غم مشرکین کے ہاتھوں قتل ہونے اور نقصان اٹھانے کا اور دوسرا غم اس خوف کا کہ اگر مشرکین راستے سے واپس لوٹ آئے تو وہ سب کو شہید کر دیں گے۔

❹ پہلا غم اپنی جان ومال کے نقصان کا اور دوسرا غم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کی خبر کا (جس نے باقی تمام غم بھلا دیئے)۔ اسی صورت کو تھوڑے سے فرق کے ساتھ اختیار کرتے ہوئے ایک مفسر تحریر فرماتے ہیں:

مسلمانوں کو پہلے تو یہ غم تھا کہ دشمن ہمارے تعاقب سے بچ گیا اور مال غنیمت وصول نہ ہو سکا مگر اب جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حالت دیکھی تو اپنا غم تو بھول گئے، تمام تکلیفیں اور مصیبتیں فراموش ہو گئیں اور آپ کی مصیبت ان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سب پر غالب آ گئی وہ حیران تھے کہ یہ کیا ہو گیا۔ ایک عورت کو خبر دی گئی کہ اس کا والد، اس کا بیٹا اور اس کا خاوند تینوں اس جنگ میں شہید ہو گئے ہیں اس نے تمام باتوں کے جواب میں صرف اتنا پوچھا کہ بتاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حال ہے؟ لوگوں نے کہا وہ خیریت سے ہیں اس پر وہ بول اٹھی:

"کل مصیبۃ بعدک جلل"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں تو کچھ پرواہ نہیں، یہ تمام مصیبتیں ہیچ ہیں۔

جب مدینہ کی عورتوں کو یہ اطلاع مل گئی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہیں تو انہوں نے اپنے خاوندوں، بیٹوں اور بھائیوں کی وفات پر ذرہ برابر بھی اظہار رنج نہ کیا (تفسیر الفرقان)

امام رازی رحمہ اللہ ان تمام اقوال کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

وفی الآیۃ قول ثالث اختارہ القفال رحمہ اللہ تعالیٰ قال: وعندنا ان اللہ تعالیٰ ما اراد بقولہ "غما بغم" اثنین وانما اراد مواصلۃ الغموم وطولھا ای ان اللہ عاقبکم بغموم کثیرۃ۔

یعنی آیت کی تفسیر میں ایک تیسرا قول بھی ہے جسے امام قفال رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ غما بغم میں دو غم مراد نہیں ہیں بلکہ مسلسل غموں کی بوچھاڑ مراد ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے بہت سے غموں کے ذریعہ تمہیں تنبیہ فرمائی۔ (التفسیر الکبیر)

❻ لکیلا تحزنوا علی مافاتکم ولا مااصابکم تاکہ تم غم نہ کرو اس پر جو ہاتھ سے نکل گئی اور نہ اس مصیبت پر جو تمہیں پیش آئی۔ امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

انھا متصلہ بقولہ ولقد عفا عنکم اس کا تعلق ولقد عفا عنکم کے ساتھ ہے گویا کہ فرمایا گیا کہ اللہ پاک نے تمہیں معاف فرما دیا تاکہ تم غم نہ کرو الخ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی معافی ہر غم اور صدمے کو دور کر دیتی ہے۔

والثانی ان اللام متصلہ بقولہ فاثابکم یا اس کا تعلق فاثابکم کے ساتھ ہے۔ (التفسیر الکبیر)

❼ کلام برکت: "یعنی تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل تنگ کیا اس کے بدلے میں تم پر تنگی آئی تا (کہ) آگے کو یاد رکھو کہ حکم (رسول صلی اللہ علیہ وسلم) پر چلیے کچھ ہاتھ سے جاوے یا کچھ بلا سامنے آوے۔ (موضح القرآن)

یہ لکیلا تحزنوا کی عجیب تفسیر ہے کہ اللہ پاک نے یہ غم اس لئے دیئے تاکہ دنیا کا غم دل سے نکل جائے اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا جذبہ پختہ ہو جائے۔ بے شک دنیا کے غموں کو زیادہ محسوس کرنے والے اطاعت کے جذبہ سے محروم ہو کر اپنی فکر میں مبتلا ہو جاتے ہیں، اس کے بعد والی آیت پر غور کیا جائے تو اس تفسیر کی قدر و قیمت اور بڑھ جاتی ہے۔ (واللہ اعلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لكيلا تحزنوا فالمعنىٰ لتتمرنوا على الصبر في الشدائد فلا تحزنوا على نفع مافات أوضر آت.

یعنی یہ مطلب ہے کہ تمہیں مصیبتوں پر صبر کرنے کی مشق ہو جائے تاکہ تم کسی نفع کے فوت ہونے یا کسی نقصان کے آنے سے غمگین نہ ہو جایا کرو۔ (روح المعانی)

## فائدہ

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اس آیت مبارکہ کے ذیل میں غزوۂ احد کے متعدد واقعات پر مبنی بہت سی احادیث جمع فرمادی ہیں فجزاهم الله خيرا شائقین تفسیر ابن کثیر میں ملاحظہ فرمالیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ — آیت ١٥٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً

پھر اللہ تعالیٰ نے اس غم کے بعد تم پر چین یعنی اونگھ بھیجی اس نے بعضوں کو تم میں سے

مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ

ڈھانک لیا اور بعضوں کو اپنی جان کا فکر پڑ رہا تھا اللہ تعالیٰ پر جھوٹے خیال

الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ

جاہلوں جیسے کر رہے تھے کہتے تھے ہمارے ہاتھ میں کچھ کام ہے

قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ

کہہ دو کہ سب کام اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے وہ اپنے دل میں چھپاتے ہیں جو تیرے سامنے ظاہر نہیں

لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ

کرتے کہتے ہیں اگر ہمارے ہاتھ میں کچھ کام ہوتا تو ہم اس جگہ مارے نہ جاتے

قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ

کہہ دو اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے البتہ اپنے گرنے کی جگہ پر باہر نکل آتے وہ لوگ جن پر

الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

قتل ہونا لکھا جاچکا تھا اور تاکہ اللہ تعالیٰ آزمائے جو تمہارے سینوں میں ہے

وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿١٥٤﴾

اور تاکہ اس چیز کو صاف کردے جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ تعالیٰ دلوں کے بھید جاننے والا ہے

### خلاصہ

❶ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی نصرت دیکھو کہ غزوۂ احد کے سخت ترین لمحات میں مخلص مجاہدین پر اونگھ طاری فرمائی تاکہ انہیں امن، سکون اور اطمینان نصیب ہو جائے۔ جن لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور دین کی فکر تھی اللہ پاک نے انہیں سکون عطا فرما دیا۔

❷ مگر وہ منافقین جن کو بس اپنی جان کی فکر تھی وہ خوف اور پریشانی میں ہی مبتلا رہے اور وہ اونگھ سے محروم رہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے بارے میں غلط گمان باندھتے رہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۳ منافق واویلا کر رہے تھے کہ ہمارا کوئی اختیار نہیں ہے۔ بظاہر یہ جملہ ٹھیک تھا مگر ان کے دل میں ایک غلط مطلب چھپا ہوا تھا اور وہ یہ کہ اگر جنگ کے شروع میں ہمارا کہنا مانا جاتا تو ہم اس بری طرح سے یہاں احد میں قتل نہ ہوتے۔

۴ ان منافقین کو بتا دیا جائے کہ بے شک اختیار تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کا چلتا ہے۔ باقی جہاں تک تمہارے مشورے کا تعلق ہے تو وہ بالکل فضول بات ہے۔ جس آدمی کے مقدر میں جب اور جہاں مرنا لکھا ہوتا ہے وہ اسی وقت اور اسی جگہ مرتا ہے۔ تم بھی اگر گھر بیٹھ جاؤ تو موت کے وقت اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے مرنے کی جگہ ضرور نکال لائے گا۔

۵ احد میں جو کچھ ہوا اس کا مقصد چھانٹی اور صفائی تھا۔ چھانٹی جماعت میں اور صفائی دلوں کی۔

## اقوال وحوالے

۱ ثم انزل علیکم من بعد الغم مخلص مسلمانوں پر حق تعالیٰ نے ایکدم غنودگی طاری کر دی، لوگ کھڑے کھڑے اونگھنے لگے۔ حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ سے کئی مرتبہ تلوار چھوٹ کر زمین پر گری، یہ ایک حسی اثر اس باطنی سکون واطمینان کا تھا جو ایسے ہنگامہ رستخیز میں مؤمنین کے قلوب پر محض خدا کے فضل ورحمت سے وارد ہوا اسکے بعد دشمن کا خوف وہراس سب کافور ہو گیا، یہ کیفیت عین اس وقت پیش آئی جب لشکر مجاہدین میں نظم وضبط قائم نہ رہا تھا۔ بیسیوں لاشیں خاک وخون میں تڑپ رہی تھیں۔ سپاہی زخموں سے چور ہو رہے تھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی افواہ نے رہے سہے ہوش وحواس کھو دیئے تھے، گویا یہ سونا بیدار ہونے کا پیام تھا۔ غنودگی طاری کر کے ان کی ساری تھکن دور کر دی گئی اور متنبہ فرما دیا کہ خوف وہراس اور تشویش واضطراب کا وقت جا چکا۔ اب مامون ومطمئن ہو کر اپنا فرض انجام دو فوراً اصحاب کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد جمع ہو کر لڑائی کا محاذ قائم کر دیا۔ تھوڑی دیر بعد مطلع صاف تھا دشمن سامنے سے بھاگتا نظر آیا (تنبیہ) ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ عین لڑائی کے موقع پر نعاس (اونگھ) کا طاری ہونا اللہ تعالیٰ کی طرف سے (فتح وظفر کی علامت) ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فوج کو "صفین" میں ایسا ہی واقعہ پیش آیا۔ (تفسیر عثمانی)

۲ عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه قال: النعاس فی القتال من الله وفی الصلوٰة من الشیطان (ابن کثیر)

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اونگھ قتال میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور نماز میں شیطان کی طرف سے۔

عن ابی طلحة رضی الله تعالیٰ عنه قال: كنت من تغشه النعاس یوم احد حتی سقط سیفی من یدی مرارا یسقط وآخذه ویسقط وآخذه (بخاری، ابن کثیر)

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بھی ان میں سے ہوں جن پر احد کے دن اونگھ طاری ہوئی تھی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میری تلوار کئی بار میرے ہاتھ سے گری اور میں نے ہر بار گرنے کے بعد اسے اٹھایا۔

❸ وطائفة قد اهمتهم انفسهم اور کچھ لوگ ایسے تھے کہ انہیں صرف اپنی جان کی فکر پڑی ہوئی تھی۔

"یہ بزدل اور ڈرپوک منافقین ہیں جن کو نہ اسلام کی فکر تھی نہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی (وہ) محض اپنی جان بچانے کی فکر میں ڈوبے ہوئے تھے کہ کہیں ابوسفیان کی فوج نے دوبارہ حملہ کردیا تو ہمارا کیا حشر ہوگا؟ اس خوف وفکر میں اونگھ اور نیند کہاں؟ (تفسیر عثمانی)

❹ یعني المنافقین معتب بن قشیر واصحابه ،وکانوا خرجوا طمعاً في الغنیمة وخوف المومنین فلم یغشهم النعاس وجعلوا یتاسفون علی الحضور (قرطبی)

(جن کو اپنی فکر پڑی تھی) یعنی منافقین معتب بن قشیر اور اس کے ساتھی، یہ لوگ غنیمت کے لالچ اور مسلمانوں کے ڈر سے میدان احد میں آگئے تھے ان پر اونگھ طاری نہیں ہوئی اور یہ لوگ میدان جہاد میں آنے پر افسوس کر رہے تھے۔

❺ مـابهم الاهم انفسهم لاهم الدین ولا هم رسول الله صلی الله علیه وسلم والمسلمین (البحر المحیط) ان لوگوں کو بس اپنی جان کی فکر تھی، انہیں دین کی، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور مسلمانوں کی کوئی فکر نہیں تھی۔

❻ اپنی جان کی فکر بجائے خود کوئی بری چیز نہیں اگر یہ امر طبعی کے درجہ میں رہے (اور عقلی نظریہ نہ بن جائے) یہاں مراد یہ ہے کہ ان منافقین کو اپنی ہی پڑی تھی اور طبعاً دین کی کوئی فکر تھی نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی خیال تھا۔ (تفسیر ماجدی)

شکست اور پریشانی کے وقت اہل نفاق کا ہمیشہ یہی طرز عمل رہتا ہے اللهم انا نعوذبك من النفاق والشقاق وسوء الاخلاق۔

❼ یظنون بالله غیر الحق ظن الجاهلیة وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹے خیال جاہلوں جیسے کر رہے تھے۔

"یعنی وہ اللہ تعالیٰ کے وعدے کہاں گئے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کا قصہ ختم ہوا، اب پیغمبر اور مسلمان اپنے گھر واپس جانے والے نہیں سب یہیں کام آئیں گے (مارے جائیں گے) جیسے دوسری جگہ فرمایا بل ظننتم ان لن ینقلب الرسول والمومنون الی اهلیهم ابدا (الفتح) (تفسیر عثمانی)

❽ یظنون ان أمر محمد (صلی الله علیه وسلم) باطل وانه لا ینصر (قرطبی)

وہ گمان کر رہے تھے کہ (نعوذ باللہ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دین باطل ہے اور ان پر اللہ تعالیٰ کی نصرت نازل نہیں ہوگی۔

❾ یقولون هل لنا من الامر من شئي کہتے تھے ہمارا کچھ اختیار چلتا ہے؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی کچھ بھی ہمارا کام بنا رہے گا یا بالکل بگڑ چکا۔ یا یہ کہ ہم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ساتھ دینے والوں کے ہاتھ میں کچھ بھی فتح و ظفر آئی؟۔ یا یہ معنی کہ اللہ تعالیٰ نے جو چاہا سو کیا ہمارا یا کسی اور کا کیا اختیار؟ یہ تو الفاظ کے ظاہری معنی تھے لیکن چوروں میں نیت تھی وہ آگے آتی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

۱۰ لفظه الاستفهام ومعناه الجحد۔ هل لنا میں استفہام "جحد" یعنی انکار کے معنی میں ہے کہ ہمارا کچھ اختیار نہیں ہے۔ (قرطبی)

۱۱ قل ان الامر كله لله فرما دیجئے کہ اختیار تو سارا اللہ تعالیٰ کا ہے۔ "یعنی منافقین کا یہ قول هل لنا من الامر من شئی (یہ) کلمة حق ارید بها الباطل ہے بے شک یہ صحیح ہے کہ تمہارے ہاتھ میں کچھ نہیں سب کام اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جس کو چاہے بنائے یا بگاڑے، غالب کرے یا مغلوب، آفت بھیجے یا راحت، کامیاب کرے یا ناکام ایک واقعہ کو ایک قوم کے حق میں رحمت اور دوسری کے لئے زحمت (یعنی عذاب) بنادے سب اسی کے قبضہ میں ہے۔ مگر تم اس قول سے اپنے دل میں جو معنی لے رہے ہو خدا تمہارے دلوں کے چور سے واقف ہے جسے آگے بیان کیا جائے گا (تفسیر عثمانی)

۱۲ امام قرطبی رحمہ اللہ نے اس کے دو معنی بیان کئے ہیں (الف) ای النصر بيد الله ينصر من يشاء ويخذل من يشاء یعنی مدد اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جسے چاہتا ہے غالب کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے رسوا کرتا ہے۔
ب يعني القدر خيره وشره من الله۔ یعنی تقدیر اچھی ہو یا بری سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے (تفسیر القرطبی)

۱۳ يقولون لو كان لنا من الامر شئي ماقتلنا ههنا کہتے کہ اگر کچھ بھی ہمارا اختیار چلتا (یعنی ہماری بات مانی جاتی) تو ہم یہاں نہ مارے جاتے۔

"اصل چوروں کا یہ تھا هل لنا من الامر من شئي کہہ کر دل میں یہ مطلب لیتے تھے اور پکے مسلمانوں سے علیحدہ ہو کر آپس میں کہتے ہوں گے کہ میاں شروع میں ہماری رائے نہ مانی چند جوشیلے ناتجربہ کاروں کے کہنے پر مدینہ سے باہر لڑنے چلے گئے، آخر منہ کی کھائی، اگر کچھ کام ہمارے اختیار میں ہوتا اور ہمارے مشورہ پر عمل کیا جاتا تو اس قدر نقصان کیوں اٹھانا پڑتا۔ ہماری برادری کے اتنے آدمی مارے گئے۔ یہ کیوں مارے جاتے۔ اکثر منافقین نسبا انصار مدینہ کی برادری میں شامل تھے اس لئے ماقتلنا ههنا میں ان کے مارے جانے کو اپنا مارا جانا کہا یا یہ مطلب ہے کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کہنے کے موافق فتح و ظفر اور غلبہ مسلمانوں کے لئے ہوتا تو یہ قتل و جرح کی مصیبت ہم پر کیوں ٹوٹتی۔ (تنبیہ) بظاہر یہ باتیں منافقین نے مدینہ میں کہیں کیونکہ عبداللہ بن ابی جنگ شروع ہونے سے پیشتر اپنی جمعیت کو ساتھ لیکر واپس ہو گیا تھا اس صورت میں ههنا کا اشارہ قرب کی وجہ سے احد کی طرف ہوگا، لیکن بعض

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

روایات سے ایک منافق معتب بن قشیر کا میدان جنگ میں یہ کلمات کہنا ثابت ہوتا ہے تو شاید بعض منافقین عبداللہ بن ابی کے ہمراہ کسی مصلحت سے واپس نہ ہوئے ہونگے واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

⑭ قال الزبير أرسل علينا النوم ذلك اليوم، واني لاسمع قول معتب بن قشير والنعاس يغشاني يقول: لوكان لنا من الامر شئي ماقتلنا ههنا۔ (قرطبی)

حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ احد کے دن ہم پر اونگھ طاری کی گئی میں اونگھ کی حالت میں معتب بن قشیر (منافق) کا یہ قول سن رہا تھا لوكان لنا من الامر شئي ماقتلنا ههنا۔

⑮ ان المنافقين قالوا لوكان لنا عقل ماخرجنا لقتال اهل مكة ولما قتل رؤ ساء نا۔

یعنی منافقین نے کہا اگر ہمارے اندر عقل ہوتی تو ہم مکہ والوں سے لڑنے کے لئے نہ نکلتے اور نہ ہمارے بڑے قتل کئے جاتے اللہ تعالیٰ نے آیت کے اگلے حصے میں ان کو جواب دیا (قرطبی)

⑯ قل لو كنتم في بيوتكم یعنی اس طعن وتشنیع یا حسرت وافسوس سے کچھ حاصل نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کی جو اجل، موت کی جگہ، سبب اور وقت لکھ دیا ہے کبھی ٹل نہیں سکتا، اگر تم گھروں میں گھسے بیٹھے رہتے اور فرض کرو تمہاری رائے سنی جاتی تب بھی جن کی قسمت میں احد کے قریب جس جس پڑاؤ پر مارا جانا لکھا جا چکا تھا وہ کسی نہ کسی سبب سے ضرور ادھر نکلتے اور وہیں مارے جاتے، یہ خدا کا انعام ہے کہ جہاں مارا جانا مقدر تھا مارے گئے مگر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خوشی کے ساتھ بہادروں کی موت شہید ہوئے، پھر اس پر پچھتانے اور افسوس کرنے کا کیا موقع ہے مردان خدا کو اپنے اوپر قیاس مت کرو۔ (تفسیر عثمانی)

⑰ وليبتلى الله مافي صدوركم فرض الله عليكم القتال والحرب ولم ينصركم يوم احد ليختبر صبر كم وليمحص عنكم سيئاتكم ان تبتم واخلصتم۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے تم پر قتال اور جنگ کو فرض فرمایا اور تمہیں احد کے دن غلبہ نہیں دیا تا کہ تمہارے صبر واستقامت کا امتحان لے اور تمہارے گناہوں کو مٹا دے اگر تم توبہ کرو اور اخلاص پر رہو۔ (قرطبی)

⑱ والله عليم بذات الصدور "یعنی اللہ تعالیٰ تو دلوں کے پوشیدہ بھید جانتا ہے اس سے کسی کی کوئی حالت پوشیدہ نہیں۔ مقصود یہ تھا کہ تم سب کو ایک آزمائش میں ڈالا جائے تا (کہ) جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے وہ باہر نکل پڑے، امتحان کی بھٹی میں کھرا کھوٹا الگ ہو جائے، مخلصین کامیابی کا صلہ پائیں اور ان کے قلوب آئندہ کے لئے وساوس اور کمزوریوں سے پاک وصاف ہوں۔ منافقین کا اندرونی نفاق کھل جائے اور لوگ صاف طور پر ان کے خبث باطن کو سمجھنے لگیں۔ (تفسیر عثمانی)

⑲ وفيها تنبية على ان الله تعالىٰ غني عن الابتلاء وانمايبرز صورة الابتلاء لحكم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعلمها کتمرین المومنین اواظهار حال المنافقین. یعنی واللّٰہ علیم بذات الصدور میں اس بات پر بھی تنبیہ کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی کا امتحان لینے سے غنی ہے وہ تو ان بعض حکمتوں کی وجہ سے جنہیں وہ خود جانتا ہے امتحان کی صورت ظاہر فرماتا تھا۔ مثلاً ایمان والوں کو مشق کرانے کے لئے یا منافقین کی حالت لوگوں پر ظاہر کرنے کیلئے۔ (روح المعانی)

## دعاء

اللھم انا نعوذبک من النفاق والشقاق وسوء الاخلاق. اے ہمارے پروردگار ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں۔ نفاق، ضد اضدی اور برے اخلاق سے۔ (آمین یا ارحم الراحمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۵۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾

بے شک وہ لوگ جو تم میں پیٹھ پھیر گئے جس دن دونوں فوجیں ملیں سو شیطان نے ان کے گناہ کے سبب سے انہیں بہکادیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا ہے بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا تحمل کرنے والا ہے

## خلاصہ

اور جو لوگ اس روز (یعنی غزوۂ احد کے دن) بھاگے تھے تو ان کو شیطان نے ان کے بعض گناہوں کی شامت سے ڈگمگادیا تھا جو انہوں نے رسول کا کہنا نہیں مانا گھاٹی کو چھوڑ دیا اور خیر اس کو بھی اللہ تعالیٰ نے معاف کردیا کیونکہ وہ غفور حلیم ہے۔ (تفسیر حقانی)

## اقوال وحوالے

❶ استزلهم الشيطان شیطان نے انہیں پھسلادیا ذکرهم تلك الخطايا فكرهوا لقاء الله معها فاخروا الجهاد حتي يصلح امرهم ويجا هدوا علي حال مرضية (تفسير كبير، كشاف)

شیطان نے انہیں ان کی خطائیں یاد دلادیں پس انہوں نے ان خطاؤں کی موجودگی میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند نہ کیا اور جہاد کو مؤخر کردیا تاکہ ان کے معاملے کی اصلاح ہوجائے اور پھر وہ اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ حالت میں جہاد کرسکیں۔

❷ واعلم ان المراد: ان القوم الذين تولوا يوم احد عند التقاء الجمعين وفارقوا المكان وانهزموا قد عفا الله عنهم.

آیت کی مراد یہ ہے کہ وہ حضرات جو غزوۂ احد میں لڑائی کے وقت پیٹھ پھیر کر اپنی جگہ چھوڑ گئے تھے اور پسپا ہوگئے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرمادیا ہے (التفسیر الکبیر)

❸ مخلصین سے بھی بعض اوقات کوئی چھوٹا بڑا گناہ سرزد ہوجاتا ہے اور جس طرح ایک طاعت سے دوسری طاعت کی توفیق بڑھتی ہے ایک گناہ کی نحوست سے شیطان کو موقع ملتا ہے کہ دوسری غلطیوں اور لغزشوں کی طرف آمادہ کرے، جنگ احد میں بھی جو مخلصین مسلمان ہٹ گئے تھے، کسی پچھلے گناہ کی شامت سے شیطان نے بہکا کر ان کا قدم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ڈگمگا دیا چنانچہ ایک گناہ تو یہی تھا کہ تیراندازوں کی بڑی تعداد نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی پابندی نہ کی مگر خدا کا فضل دیکھو کہ اسکی سزا میں کوئی تباہ کن شکست نہیں دی بلکہ ان حضرات پر اب کوئی گناہ بھی نہیں رہا حق تعالیٰ کلیہ ان کی تقصیر معاف فرما چکا ہے کسی کو طعن وملامت کا حق نہیں (تفسیر عثمانی)

❹ ان اللہ غفور حلیم بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہے تحمل کرنے والا یہاں دو صفات باری کا اثبات کیا ہے غفور ایک صفت غفر کا اس کا ظہور آخرت میں ہوگا حلیم دوسرے صفت حلم کا اس کا ظہور اسی دنیا میں ہوتا رہتا ہے کہ فوراً مواخذہ نہیں کرتا بلکہ توبہ واستغفار کا موقع برابر دیتا رہتا ہے (تفسیر ماجدی)

## ❺ کلام برکت

اس (آیت) سے معلوم ہوا کہ اس جنگ میں جو لوگ ہٹ گئے ہیں ان پر گناہ نہیں رہا۔ (موضح القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۵۶

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ كَفَرُوا وَقَالُوا

اے ایمان والو تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جو کافر ہوئے اور وہ اپنے

لِإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُوا فِي الْأَرْضِ أَوْ كَانُوا غُزًّى لَّوْ كَانُوا

بھائیوں سے کہتے ہیں جب وہ ملک میں سفر پر نکلیں یا جہاد پر جائیں اگر ہمارے پاس رہتے تو

عِندَنَا مَا مَاتُوا وَمَا قُتِلُوا لِيَجْعَلَ اللَّهُ ذَٰلِكَ حَسْرَةً

نہ مرتے اور نہ مارے جاتے تاکہ اللہ تعالیٰ اس خیال سے ان کے دلوں

فِي قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ

میں افسوس ڈالے اور اللہ تعالیٰ ہی جلاتا اور مارتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو

بَصِيرٌ ﴿١٥٦﴾

دیکھنے والا ہے

### خلاصہ

"ایمان والوں کو ہدایت دی جا رہی ہے کہ تم اپنی گفتگو میں منافقین جیسے نہ ہو جاؤ کہ ان کی سی باتیں کرنے لگو اس قسم کی باتیں صرف ایمان سے محروم لوگ ہی کر سکتے ہیں، وہ جب دیکھتے ہیں کہ جہاد میں لوگوں کو شہادت نصیب ہوئی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ لوگ اگر جہاد میں نہ جاتے اور ہمارے ساتھ گھروں میں بیٹھے رہتے تو نہ مرتے، گویا (ان کے نزدیک) موت صرف جنگ میں آسکتی ہے جو آدمی اپنے گھر بیٹھا رہے گا وہ کبھی مرنے والا نہیں۔ ان کی باتوں سے صرف دل میں حسرت اور افسوس پیدا ہوتا ہے جو ایک روحانی عذاب اور بے فائدہ چیز ہے قضا تو کہیں ٹل نہیں سکتی۔ زندگی موت سب اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اس لئے سچا مومن موت سے نہیں ڈرتا اور کبھی اس ڈر سے قدم پیچھے نہیں ہٹاتا۔"

### عجیب تنبیہ

ظاہری شکست کے بعد ایک خطرناک فتنہ یہ اٹھتا ہے کہ مسلمانوں میں گھسے ہوئے منافقین (جن کو مسلمان ہی سمجھا جاتا ہے) یہ کہنا شروع کر دیتے ہیں کہ شہید ہونے والے مجاہدین اگر ہماری طرح گھر بیٹھے رہتے اور جہاد میں نہ جاتے تو وہ اس طرح سے نہ مارے جاتے۔ ان کا یہ شور اس قدر شدید ہوتا ہے کہ کمزور دل مسلمان بھی ان ہی کی طرح سوچنا شروع کر دیتے ہیں اس لئے اس آیت مبارکہ میں واضح تنبیہ فرما دی کہ اے مسلمانو! تم کافروں والی باتیں اپنی زبان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

پر نہ لایا کرو جہاد میں موت سمجھنے والے منافق دراصل کافر اور اللہ تعالیٰ کے منکر ہیں اس لئے ان کا عقیدہ بگڑا ہوا ہے اور وہ اس واضح حقیقت کو نہیں سمجھ سکتے کہ زندگی اور موت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور موت کا وقت اور مقام مقرر ہے ایسے بدنصیب لوگ ہمیشہ افسوس اور حیرت کی آگ میں جلتے رہتے ہیں اس لئے تم ان کے غلط اور کفریہ عقیدے کو زبان پر ہرگز نہ لاؤ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی اس واضح تنبیہ نے مسلمانوں کی اصلاح فرمادی اور موت کے بارے میں ان کے عقیدے کو چٹان کی طرح مضبوط بنادیا۔ آج بھی جب کسی جہاد میں مسلمانوں کو ظاہری شکست اور افراد کی شہادت کا سامنا ہوتا ہے تو سچے مسلمان یہی کہتے ہیں کہ ہر کسی کی موت اسکے وقت پر ہی آئی ہے البتہ جو شہید ہوگئے وہ خوش قسمت رہے کہ اللہ پاک نے انہیں قبول فرمالیا ہے۔ مگر کچھ لوگ یہی شور مچاتے ہیں کہ ہائے مرگئے، فلاں نے مروادیا، اگر یہ لوگ نہ جاتے تو بچ جاتے۔ اللہ تعالیٰ کافروں جیسی ان باتوں سے اہل اسلام کی حفاظت فرمائے۔ آمین واللہ اعلم بالصواب۔

## اقوال وحوالے

❶ موت وزندگی دونوں کے اسباب تمام تر اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں، اس مسبب الاسباب وعلت حقیقی کو چھوڑ کر نظر ظاہری اور فوری اسباب پر جانا اور سفر یا جہاد کو موت یا قتل کی علت تامہ قرار دینا ایک شدید جہالت وسفاہت ہے امریکہ میں اس وقت سوشیالوجی (عمرانیات) کا ایک ماہر فاضل "ڈیوی من" ہے وہ اپنی کتاب میں ایک جگہ لکھتا ہے۔ "مسلمانوں کے اس عقیدۂ تقدیر یا ہر امر تکوینی کو خدا کے تفویض کردینے کی عادت نے نیز عقیدۂ شہادت نے (کہ شہید معاً جنت میں داخل ہوجاتا ہے جہاں اسے بہتر حوریں ملتی ہیں اور کھانے کیلئے سونے کے ظروف) مسلمانوں میں معرکۂ جنگ کے اندر بڑی ہی قوت اور استقامت پیدا کردی تھی (ص ۲۰۶) امریکی فاضل کا ایمان نہ عقیدہ تقدیر پر ہے نہ عقیدہ شہادت پر اس پر بھی وہ ان عقیدوں کی نافعیت اور ان کی حیثیت افادی کی داد دینے پر اپنے کو مجبور پا رہا ہے۔ (تفسیر ماجدی)

(اسی لئے امریکہ اور یورپ مسلمانوں کے اس عقیدے کو کمزور کرنے کے لئے بھرپور محنت کررہے ہیں)

## ❷ کلام برکت

یعنی نیک کام پر نکلے اور مرگئے یا مارے گئے تو نکلنے پر افسوس نہ کرے اس میں انکار (لازم) آتا ہے تقدیر کا۔ اور آخرت کا فائدہ نہ دیکھنا دنیا کے جینے کو عزیز رکھنا سب خصلت ہے کافروں کی (موضح القرآن)

❸ یعنی تم منافقوں کی طرح ایسے لغو (بیہودہ) خیالات کو زنہار (یعنی ہرگز) دل میں جگہ نہ دینا کہ گھر میں بیٹھے رہتے تو نہ موت آتی نہ مارے جاتے۔ (تفسیر عثمانی)

❹ منافقین کہتے ہیں کہ اگر ہمارے وہ رشتہ دار جو جنگ میں مارے گئے ہیں ہمارے ہی پاس رہتے اور لڑائی میں شریک نہ ہوتے اور ہماری ہی طرح (جہاد میں جانے سے) انکار کردیتے تو ان پر یہ مصیبت نہ آتی ظاہر ہے جو کچھ ہونا تھا وہ تو ہوگیا، البتہ ایک حسرت ہے جو ان کے دلوں میں باقی رہ گئی ہے، اس کا غم انہیں زندگی بھر رہے گا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور اسی میں گھل گھل کر مر جائیں گے، اصل بات یہ ہے کہ زندگی اور موت کا رشتہ فقط خداوند قدوس کے ہاتھ میں ہے، اس کے سوا کوئی بڑی سے بڑی طاقت بھی یہ اختیار نہیں رکھتی، اگر تمام مادی اور جسمانی قوتیں بھی کام کرنے سے رک جائیں، پھر بھی اللہ تعالیٰ روحانی قوتوں کی مدد سے ہمیں زندگی نوازش کر سکتا ہے، جب حالت یہ ہے تو پھر زندگی اور موت کے جھگڑے میں ایک مسلمان کو پڑنے کی کیا ضرورت ہے اسے تو ہمیشہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے پاک نام پر قربان کرنے کو تیار رہنا چاہیے۔ (تفسیر الفرقان)

⑤ وہ منافق شہید ہونے والے مسلمانوں کے بارے میں کہتے ہیں لو کانو اعندنا ماماتوا وما قتلوا کہ اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے اور نہ قتل کیے جاتے۔ ”یعنی خواہ مخواہ باہر نکل کر مرے ہمارے پاس اپنے گھر پڑے رہتے تو کیوں مرتے یا کیوں مارے جاتے، یہ کہنا اس غرض سے تھا کہ سننے والے مسلمانوں کے دل میں حسرت وافسوس پیدا ہو کہ واقعی بے سوچے سمجھے نکل کھڑے ہوئے اور لڑائی کی آگ میں کود پڑنے کا یہ نتیجہ ہوا گھر رہتے تو یہ مصیبت کیوں دیکھنی پڑتی مگر مسلمان ایسے کچے نہ تھے جو ان چکموں میں آجاتے، ان باتوں سے الٹا منافقین کا بھرم کھل گیا بعض مفسرین نے لیجعل اللہ ذلک حسرۃ فی قلوبھم میں ”لام عاقبت“ لیکر یوں معنی کیے ہیں کہ منافقین کے زبان و دل پر یہ باتیں اس لئے جاری کی گئیں کہ خدا ان کو ہمیشہ اسی حسرت وافسوس کی آگ میں جلتا چھوڑ دے اور دوسری حسرت ان کو یہ رہی کہ مسلمان ہماری طرح نہ ہوئے اور ہماری باتوں پر کسی نے کان نہ دھرا، گویا اس طرح ”لیجعل“ کا تعلق لا تکونوا سے بھی ہو سکتا ہے (تفسیر عثمانی)

## ایک سوال

اس آیت میں فرمایا گیا کہ اے ایمان والو کافروں کی طرح نہ ہو جانا الخ حالانکہ یہ بات کہ لو کانو اعندنا ماماتوا وما قتلوا کافروں نے نہیں منافقوں نے کہی تھی۔

## جواب

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

فالآیۃ تدل علی ان الایمان لیس عبارۃ عن الاقرار باللسان الخ۔ اس آیت سے ثابت ہوا کہ ایمان صرف زبان سے اقرار کر لینے کا نام نہیں ہے ورنہ منافقوں کو کافر نہ کہا جاتا کیونکہ وہ زبان سے مسلمان ہونے کا اقرار کرتے تھے۔ (تفسیر کبیر)

بعض علماء کے نزدیک اس آیت میں مسلمانوں کو ہر اس کافر جیسا بننے سے منع کیا گیا ہے جو اس طرح کی باتیں کریں (کہ موت جہاد میں ہے وغیرہ) خواہ وہ کافر منافق ہو یا نہ ہو۔ (تفسیر کبیر)

## نکتہ

لیجعل اللہ ذلک حسرۃ فی قلوبھم کے تعلق اور معنی کی تعیین میں امام رازی رحمہ اللہ کے دلچسپ کلام

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کا خلاصہ ملاحظہ فرمایئے:

لیجعل کا تعلق یا تو قالوا کے ساتھ ہے یعنی منافقوں نے یہ بات کہی تا کہ اللہ تعالیٰ اس بات کو ان کے دل میں حسرت بنادے۔ یہ بات ان کے دل میں حسرت کا باعث کیسے بنی اس پر چھ اقوال ہیں۔

❶ منافقوں نے کہا یہ لوگ اگر جہاد میں نہ جاتے تو نہ مرتے۔ ان کی اس بات سے شہید کے خاندان والوں کے دل میں حسرت و افسوس پیدا ہوتا ہے کہ ہائے کاش ہم اس کو نہ جانے دیتے اور سختی سے روک لیتے، چونکہ ہم نے اسے جانے دیا اس لئے وہ مارا گیا تو گویا ہم اس کی موت کے ذمہ دار ہیں یہ بات سوچ کر ان کے دلوں میں غم اور حسرت کا درد اور بڑھ جاتا ہے۔ مگر یہ بات وہی لوگ کہتے اور سوچتے ہیں جن کے دلوں میں نفاق ہوتا ہے ورنہ سچا مسلمان تو اس غلط نظریہ کو مانتا ہی نہیں اس لئے وہ حسرت سے محفوظ رہتا ہے، تو گویا منافقین کی اس بات سے منافقین ہی کی حسرت بڑھتی ہے۔

❷ منافقین نے جب یہ بات پھیلائی کہ جہاد میں موت ہے تو وہ اور ان کے ساتھی جہاد سے بیٹھ رہے پھر جب مسلمانوں کو جہاد میں فتوحات، غنیمتیں اور غلبہ ملا تو پیچھے بیٹھ رہنے والے ان منافقین کے دل میں افسوس اور حسرت کی آگ لگ گئی۔

❸ یہ حسرت قیامت کے دن کی ہے جب منافقین دیکھیں گے کہ اللہ تعالیٰ مجاہدین کو اتنے اونچے درجات اور اعلیٰ انعامات سے نواز رہا ہے تب انہیں اپنی اس بات پر حسرت اور پچھتاوا ہوگا۔

❹ منافقین نے جب یہ شبہ ڈالا تو بعض کمزور دل مسلمانوں نے اسے قبول کر لیا اس پر منافقین نے خوشی منائی کہ ان کا مکر و فریب کامیاب رہا تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ عنقریب ان کا یہ عمل ان کے دل میں حسرت اور افسوس بن جائے گا جب انہیں معلوم ہوگا کہ وہ یہ شبہ ڈالنے میں باطل پر تھے۔

❺ ان منافقین کا ہر وقت گمراہی اور شبہات پھیلانے کے لئے محنت کرنا خود ان کے دل کو تنگی، حسرت اور پریشانی میں ڈال دیتا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ ومن یرد ان یضلہ یجعل صدرہ ضیقا حرجا (الانعام ۱۲۵)

❻ منافقین جب اپنا یہ شبہ کچے مسلمانوں کے دلوں میں ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ ان کی بات نہیں سنتے، تب انہیں اپنی ناکامی اور ذلت پر حسرت ہوتی ہے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ لیجعل کا تعلق لاتکونوا کے ساتھ ہے تب مطلب یہ ہوا کہ اے ایمان والو! تم ان کافروں، منافقوں جیسے نہ ہوتا کہ تمہارا ان جیسا نہ بننا ان کے دلوں میں افسوس اور حسرت کا باعث بن جائے، کیونکہ منافقین کے عقیدے اور ان کی باتوں کی مخالفت ان کو غم و غصے میں ڈالتی ہے۔ (التفسیر الکبیر)

## دعوتِ فکر

آیت مبارکہ کا مطلب بالکل واضح ہے اس کے باوجود ان تمام عبارات کو نقل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ دور حاضر کے مسلمانوں کا عقیدہ کفر اور نفاق کے اثر سے محفوظ ہو جائے۔ پس ہم سب مسلمانوں پر لازم ہے کہ ہم اپنے عقیدے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کو درست کریں اور کبھی بھی کافروں اور منافقوں والا یہ عقیدہ اختیار نہ کریں کہ موت جہاد میں ہے اگر ہم جہاد چھوڑ کر بیٹھ جائیں گے تو ہم بچ جائیں گے۔ بلکہ ہم اپنا عقیدہ اس آیت سے اگلی آیت کے مطابق یہ بنائیں کہ جہاد میں شہادت یا موت کا آنا اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور رحمت کا ذریعہ اور بہت اونچی سعادت ہے۔ اور موت کا وقت اور مقام مقرر ہے، جس میں ہرگز تبدیلی نہیں ہوتی۔

**واللہ یحیی ویمیت** اور اللہ تعالیٰ ہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے

❶ **ای یقدر علی ان یحیی من یخرج الی القتال ویمیت من اقام فی اھلہ (قرطبی)** یعنی وہ اس پر قادر ہے کہ جہاد میں جانے والے کو زندہ رکھے اور گھر بیٹھنے والے کو موت دے دے۔

❷ **وفیہ منع المومنین عن التخلف فی الجہاد لخشیۃ القتل۔(روح المعانی)**
اس میں مسلمانوں کو موت کے ڈر سے جہاد چھوڑنے سے منع کیا گیا ہے۔

## دعاء

یا اللہ کافروں اور منافقوں جیسے نظریات رکھنے اور ان جیسی غلط باتیں کرنے سے ہم سب مسلمانوں کی حفاظت فرما۔

**ربنا لاتزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب**

آمین یارب العالمین

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۵۷

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ

اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے گئے یا مر گئے تو اللہ تعالیٰ کی بخشش

وَرَحْمَۃٌ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

اور اس کی مہربانی اس چیز سے بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں

## خلاصہ

جہاد میں شہادت یا موت کا ملنا تمہارے لئے خوب نفع کی چیز ہے۔ کیونکہ اس سے اللہ تعالیٰ کی بخشش اور رحمت نصیب ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی بخشش اور رحمت دنیا کی ان تمام نعمتوں سے بہت افضل ہے جن نعمتوں کو لوگ بہت شوق سے چاہتے اور جمع کرتے ہیں۔

## ایک شعر

فان تکن الابدان للموت انشئت
فقتل امری ء بالسیف واللہ افضل

ترجمہ: جب بدن موت ہی کیلئے بنائے گئے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی قسم آدمی کا تلوار سے قتل ہونا ہی زیادہ بہتر اور افضل ہے۔

علامہ آلوسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ شعر حضرت سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہے۔ (روح المعانی)

## منافقین کے شبہ کا جواب

واعلم ان ھذا ھو الجواب الثانی عن شبھۃ المنافقین الخ۔

اس آیت میں منافقین کے شبہ کا دوسرا جواب دیا گیا ہے، کہ موت نے یقیناً آنا ہے اور کوئی انسان موت یا قتل سے نہیں بچ سکتا تو پھر اگر یہ موت یا قتل اللہ تعالیٰ کے راستے میں اور اسکی رضا جوئی میں نصیب ہو جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انسان دنیا حاصل کرنے اور اسکی لذتوں کو جمع کرنے میں مر جائے کیونکہ مرنے کے بعد دنیا کی کسی نعمت سے انسان فائدہ حاصل نہیں کر سکتا۔

یہ جواب بہت عمدہ اور بہت مضبوط ہے۔ کیونکہ انسان جب جہاد میں لگ جاتا ہے تو اپنے دل کو دنیا سے ہٹا کر آخرت کی طرف متوجہ کر دیتا ہے۔ پھر جب اسے موت آتی ہے تو گویا اسکی اپنے دشمن (یعنی دنیا) سے جان چھوٹ گئی اور اسے اپنے محبوب و مطلوب کا وصال نصیب ہو گیا۔ اس کے برعکس اگر وہ موت کے ڈر سے گھر میں بیٹھا رہا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور دنیا جمع کرنے کی حرص میں لگا رہا تو جب اسے موت آتی ہے تو گویا وہ اپنے محبوب سے جدا ہو گیا اور ایک انجانی (مصیبت کی) جگہ ڈال دیا گیا۔

فلا شك فی كمال سعادة الاول وكمال شقاوة الثانی۔ (التفسیر الكبیر)

## اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور رحمت بہت بہتر ہے

ارشاد فرمایا گیا

**ترجمہ** اگر تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے گئے یا مر گئے تو اللہ تعالیٰ کی بخشش اور اسکی مہربانی اس چیز سے بہتر ہے جو لوگ جمع کرتے ہیں امام رازی رحمہ اللہ نے اس پر ایمان افروز بحث فرمائی ہے وہ لکھتے ہیں:

ان رحمت اللہ ومغفرته خیر من نعیم الدنیا لوجوه۔

بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت دنیا کی نعمتوں سے بہتر ہے کئی وجوہات کی بنا پر۔

پھر وہ چھ وجوہات ذکر فرماتے ہیں جن کا خلاصہ درج ذیل ہے: ❶ جو شخص مال جمع کر رہا ہے وہ آج اس کے حصول کی مشقت اور تکلیف اٹھا رہا ہے اور ممکن ہے کہ وہ کل اس مال سے کوئی فائدہ بھی نہ اٹھا سکے اور کل آنے سے پہلے مر جائے، مگر جس نے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت چاہی (اور حاصل کر لی) وہ ضرور اس سے نفع اٹھائے گا کیونکہ اللہ پاک وعدہ خلافی نہیں فرماتا۔ ❷ ٹھیک ہے وہ مال جمع کرنے والا شخص کل تک نہ مرا اور زندہ رہا مگر یہ تو ممکن ہے کہ اس کا مال کل تک باقی نہ رہے اور ضائع ہو جائے، جبکہ آخرت کی نعمتیں لازوال ہیں۔ ❸ چلیں فرض کر لیں مال جمع کرنے والا بھی کل تک نہ مرا اور اس کا مال بھی ضائع نہ ہوا مگر یہ تو ممکن ہے کہ اس کے ساتھ کوئی ایسا حادثہ پیش آ جائے کہ وہ اپنے مال سے فائدہ اٹھانے کے قابل ہی نہ رہے، مثلاً وہ کسی مرض یا تکلیف میں مبتلا ہو جائے۔ جبکہ آخرت کے نفع میں ایسا کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ❹ ممکن ہے کہ مال جمع کرنے والے کو کل اپنے مال سے فائدہ اور لذت اٹھانے کا موقع مل جائے، مگر دنیا کی تمام لذتوں اور راحتوں کے ساتھ تکلیفیں اور پریشانیاں جڑی ہوئی ہیں، جبکہ آخرت کی لذتیں ہر نقصان اور تکلیف سے پاک ہیں۔ ❺ چلیں فرض کر لیں دنیا کے طلبگار کو یہاں ایسی لذتیں اور فائدے مل گئے جن میں کوئی تکلیف یا نقصان نہیں ہے مگر یہ تو حقیقت ہے کہ دنیا کی لذتیں اور فائدے دائمی نہیں ہیں، بلکہ ختم اور فنا ہونے والے ہیں بلکہ یہاں کی جو لذت جتنی مضبوط اور اچھی ہوتی ہے اسکے ختم اور فنا ہونے کا غم اور افسوس اتنا سخت ہوتا ہے جبکہ آخرت کے فائدے فنا سے محفوظ ہیں۔ ❻ دنیا کے فوائد حسی ہیں اور آخرت کے فوائد عقلی ہیں حسی (یعنی بدنی) فوائد ادنیٰ اور گھٹیا ہوتے ہیں جبکہ عقلی فوائد اعلیٰ اور افضل ہوتے ہیں، کیا ایک گدھے کا اپنے پیٹ اور شرمگاہ سے لذت اٹھانا اس لذت کے برابر ہو سکتا ہے جو مقرب فرشتوں کو انوار الٰہی نصیب ہوتے وقت حاصل ہوتی ہے؟ ان چھ وجوہات کو ذکر کرنے کے بعد امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

فهذه المعاقد الستة تنبهك علی مالا نهایة لها من الوجوه الدالة علی صحة قوله سبحانه

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وتعالى لمغفرة من الله ورحمة خير مما يجمعون.

یعنی وجوہات تو بے شمار ہیں ان چھ سے ان کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

❶ اعلم ان المنافقين كانوا يعيرون المؤمنين في الجهاد مع الكفار بقولهم الخ.

یعنی منافقین مسلمانوں کو کافروں کے خلاف جہاد کرنے پر طعنے دیا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اگر یہ لوگ ہمارے ساتھ رہتے (اور جہاد پر نہ جاتے) تو یہ نہ مرتے اور نہ قتل کئے جاتے پھر بعض مسلمانوں سے جہاد میں کمزوری اور سستی سرزد ہوئی یہاں تک کہ احد کے دن کا واقعہ پیش آیا تب اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مسلمانوں کو معاف فرما دیا اور مسلمانوں کو منع فرمایا کہ وہ منافقین جیسی باتیں ہرگز اپنی زبان سے نہ نکالیں، چنانچہ ارشاد فرمایا کہ اے ایمان والو جو شخص تم میں سے جہاد کیلئے جا رہا ہو تو اسے یہ نہ کہو کہ اگر تم نہیں نکلو گے تو نہیں مرو گے اور نہ قتل کئے جاؤ گے۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہی زندگی اور موت دیتا ہے۔

فمن قدرله البقاء لم يقتل في الجهاد ومن قدرله الموت لم يبق وان لم يجاهد.

پس جس کی زندگی کے دن مقدر میں باقی ہوں گے وہ جہاد میں قتل نہیں ہوگا اور جس کی موت لکھی ہوگی وہ جہاد میں نہ بھی جائے تب بھی نہیں بچے گا۔ اور یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے فرمان والله يحيى ويميت سے اور جو شخص جہاد میں شہید ہو جاتا ہے وہ اگر جہاد میں نہ بھی نکلتا تب بھی ضرور مر جاتا، پس جب موت لازمی چیز ہے اور جہاد میں قتل ہونا ثواب عظیم کا باعث ہے تو پھر بلا فائدہ مرنے سے شہید ہونا ہی انسان کیلئے زیادہ بہتر ہے اور یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول سے ولئن قتلتم في سبيل الله الاية۔ (التفسير الكبير)

## دعاء

اللهم ارزقنا شهادة في سبيلك.

اے ہمارے پروردگار ہمیں اپنے راستے کی شہادت نصیب فرما۔ آمین یا اللہ یا شہید۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۵۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِ۟لَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

اور اگر تم مرگئے یا مارے گئے تو البتہ تم سب اللہ تعالیٰ ہی کے ہاں جمع کیے جاؤ گے

## خلاصہ

جان بچانے کی فکر چھوڑ دو۔ بلکہ اس بات کی فکر کرو کہ تم سب نے ایک دن ضرور اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہونا ہے۔(تب یہاں قربانی دینے والوں کو وہاں خوب نوازا جائے گا)

## عبارات وحوالے

❶ امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وعظهم الله بهذا القول اى لا تفروا من القتال ومما امركم به بل فروا من عقابه واليم عذابه فإن مردكم اليه لا يملك لكم احد ضرا ولا نفعاً غيره والله سبحانه وتعالىٰ اعلم (قرطبی)

لالی اللہ تحشرون اللہ تعالیٰ نے اس فرمان کے ذریعہ نصیحت فرمائی ہے کہ جہاد سے اور اللہ تعالیٰ کے احکامات سے نہ بھاگو بلکہ اللہ تعالیٰ کی سزا اور اس کے دردناک عذاب سے بچنے کے لیے بھاگو کیونکہ تم سب نے اسی کے پاس لوٹ کے جانا ہے جہاں اس کے سوا تمہارے نفع اور نقصان کا کسی کو کوئی اختیار نہیں ہوگا واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

❷ امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

كانه قيل ان تركتم الجهاد واحترزتم عن القتل والموت بقيتم اياماً قليلة فى الدنيا مع تلك اللذات الخسيسة ثم تتركونها لامحالة. فتكون لذاتها لغيركم وتبعاتها عليكم اما لو اعرضتم عن لذات الدنيا وطيباتها وبذلتم النفس والمال للمولىٰ يكون حشركم الى الله ووقوفكم على عتبة رحمة الله وتلذذكم بذكر الله. فشتان مابين هاتين الدرجتين والمنزلين۔(التفسیر الکبیر)

یعنی اس آیت میں گویا کہ یوں کہا گیا کہ اگر تم نے جہاد چھوڑ دیا اور (اپنے گمان میں) خود کو شہادت اور موت سے بچالیا تو تم دنیا میں تھوڑے ہی دن (جو تمہاری زندگی کے باقی ہونگے) گھٹیا لذتوں کے ساتھ گذارو گے اور پھر یقیناً تم اس دنیا کو چھوڑ جاؤ گے۔ تمہاری لذتیں دوسروں کے قبضے میں چلی جائیں گی اور ان کا بوجھ تمہارے سر رہ جائے گا۔ لیکن اگر تم نے دنیا کی لذتوں اور نعمتوں سے منہ موڑ لیا اور اپنی جان اور مال کو اپنے مولیٰ کی خاطر قربان کردیا تو تمہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضری نصیب ہوگی اور تم اسکی رحمت کے دروازے پر جگہ پاؤ گے اور تم اللہ تعالیٰ کے ذکر سے لذت اٹھاؤ گے۔ ان دونوں درجوں اور منزلوں کے درمیان کتنا بڑا فرق ہے؟

❷ یعنی فرض کرو تم سفر یا جہاد میں نہ نکلے اور فی الحال موت سے بچ گئے مگر (یہ بات) ضروری ہے کہ کبھی نہ کبھی مرو گے یا مارے جاؤ گے پھر بہر حال خدا کے سامنے سب کو جمع ہونا ہے اس وقت پتہ چل جائے گا کہ جو خوش قسمت اللہ تعالیٰ کی راہ میں نیک کام کرتے ہوئے مرے یا مارے گئے تھے ان کو خدا تعالیٰ کی بخشش و مہربانی سے کیا حصہ ملا جس کے سامنے تمہاری دنیا کی کمائی اور جمع کی ہوئی دولت و ثروت سب ہیچ ہے۔ حاصل اگر منافقین ہی کا قول تسلیم کر لیا جائے کہ گھر سے نہ نکلتے تو نہ مارے جاتے، تب بھی سراسر خسارہ تھا کیونکہ اس صورت میں اس موت سے محروم رہ جاتے جس پر ایسی لاکھوں زندگیاں قربان کی جا سکتی ہیں بلکہ جو حقیقت میں موت نہیں حیات ابدی ہے۔

فنا فی اللہ کی تہ میں بقاء کا راز مضمر ہے

جو جینا ہے تو مرنے کے لئے تیار ہو جاؤ

(تفسیر عثمانی)

❸ ولئن متم او قتلتم کہ اگر تم سفر یا جہاد میں مر گئے یا مارے گئے مر کر نیست و نابود نہیں ہو جاؤ گے بلکہ ایک دوسرے پیکر (یعنی جسم) میں حیات جاودانی (یعنی ہمیشہ والی زندگی) پاؤ گے اور اللہ تعالیٰ کے پاس جمع ہو گے، یہ نجات حقیقی ہے کس (اس) لئے کہ وہ نور اصل جملہ روحانیات نورانیہ کا ماویٰ و ملجاً ہے تمام ذرات آفتاب کی طرف کھنچے چلے جاتے ہیں مگر جب کوئی حائل ہو جاتا ہے تو مطلوب حقیقی تک نہ پہنچنے کے سبب جو اضطراب ہوتا ہے وہی بڑا عذاب ہے، اس جملہ میں مر جانے کو مارے جانے پر مقدم کر کے یہ ثابت کر دیا کہ خدا کی رضامندی میں مر جانا بھی فلاح کا باعث ہے، انسان کی تین حالتیں ہیں اول غفلت و گناہ اس کے لئے تو شہادت "مغفرت" ہے دوئم (حالت) اصلاح و طاعت ایسی حالت میں شہادت "رحمت" (یعنی) باعث ترقی درجات ہے سوئم (حالت) خدا کا شوق ایسی حالت میں شہادت باعث تقرب ہے جس کو الی اللہ تحشرون سے تعبیر کیا ہے۔ (تفسیر حقانی)

## فائدہ

صاحب تفسیر حقانی نے جو نکتہ بیان فرمایا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ان دو آیات میں شہید کے لئے ترتیب کے ساتھ تین انعامات کا ذکر ہے۔ ❶ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت ❷ رحمت ❸ اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضری۔ تو ان تین انعامات کا تعلق شہید ہونے والے انسان کی تین حالتوں سے ہے اگر وہ گناہ گار انسان ہے تو شہادت سے اسے اللہ تعالیٰ کی مغفرت مل جاتی ہے، اگر وہ اطاعت گذار انسان ہے تو شہادت سے اسے مزید اونچا مقام جو "رحمت" کہلاتا ہے نصیب ہو جاتا ہے صاحب روح المعانی کے نزدیک رحمت جنت کا ایک نام بھی ہے اور اگر وہ انسان اللہ تعالیٰ سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ملاقات کا شوق اور جذبہ رکھتا ہے تو اسے خصوصی "لقاء اللہ" نصیب ہو جاتا ہے۔ حضرت امام رازی رحمہ اللہ نے اس نکتے کو دوسرے طریقے سے بہت تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے ان کے کلام کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے پہلی آیت میں مجاہدین کو اپنی مغفرت کی طرف رغبت دلائی اور اس آیت میں ان کا درجہ بڑھا کر انہیں خود اپنی ذات مبارک کی طرف رغبت دلائی۔ پس کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اس کے عذاب سے بچنے کے لئے۔ اور کچھ لوگ عبادت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کا اجر پانے کیلئے۔ اور کچھ مقرب لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہی بس اسی کی ذات کے لئے ہیں۔ چنانچہ لمغفرة من الله میں اشارہ ان لوگوں کی طرف ہے جو عذاب سے بچنے کے لئے عبادت (جہاد) کرتے ہیں۔ رحمة میں ان لوگوں کی طرف اشارہ ہے جو اجر کے لئے عبادت کرتے ہیں اور لالی الله تحشرون میں ان لوگوں کی طرف اشارہ ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے عبادت کرتے ہیں۔ اور یہی عبدیت کا سب سے اونچا اعلیٰ اور آخری مقام ہے۔ امام رازی رحمہ اللہ اس بحث کا اختتام ان ایمان افروز کلمات پر فرماتے ہیں:

فبين ان هؤلاء الذين بذلوا انفسهم وابدانهم فى طاعته ومجاهدة عدوه يكون حشرهم اليه۔ واستئنا سهم بكرمه، وتمتعهم بشروق نور ربوبيته۔ (التفسير الكبير)

پس اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے واضح فرما دیا کہ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری اور اسکے دشمنوں سے جہاد میں اپنی جانیں اور مال قربان کرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے حضور حاضری کا شرف پائیں گے اور اس کے کرم سے انس اور خوشی حاصل کریں گے اور اس کے نور ربوبیت کی روشنی کے مزے لوٹیں گے۔

⑤ حالانکہ جو شخص کسی دینی خدمت کے لئے نکلا اور وہاں مرگیا تو اس کا مرنا سب گذشتہ گناہوں کا جبر (یعنی کفارہ) ہوگا اور اگر وہ کام پورا ہونے سے پہلے فوت ہو گیا ہے تو بھی اس کا عمدہ بدلہ اور تنخواہ بند نہیں ہوگی، اگر بالفرض تم سفر نہ کرو اور میدان میں نہ جاؤ تو بھی ضرور مروگے اور حساب کتاب دوگے جب یہ باتیں ضروری ہیں تو پھر انسان اچھے کام میں کیوں نہ مرے (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

(اس عبارت میں مغفرت، رحمت، موت اور قتل کے الگ الگ مفاہیم کی طرف بہت لطیف اشارہ کیا گیا ہے طلبہ علم غور فرمالیں)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَۃُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِیَّۃٌ — آیت ۱۵۹

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ

پھر اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سبب سے تو ان کیلئے نرم ہوگیا اور اگر تو تند خو اور

الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ

سخت دل ہوتا تو ضرور تیرے گرد سے بھاگ جاتے پس انہیں معاف کردے اور ان کے واسطے بخشش مانگ

وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ

اور کام میں ان سے مشورہ لیا کر پھر جب تو اس کام کا ارادہ کرچکا تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾

بے شک اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے

### خلاصہ

غزوۂ احد کے موقع پر اگرچہ آپ کے بعض مخلص رفقاء سے غلطی سرزد ہوئی۔ اس غلطی پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اگر ان پر سختی کرتے تو آپ حق بجانب تھے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ آپ ان کے لئے نرم مزاج ہیں۔ (اس نرم مزاجی کو اللہ تعالیٰ کا فضل اور رحمت اس لئے فرمایا کہ خوش اخلاقی عبادت ہے اور عبادت کی توفیق اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہوتی ہے) اگر آپ سخت مزاج اور سخت دل والے ہوتے تو آپ کے پاس سے منتشر ہوجاتے (پھر ان کو یہ فیوض وبرکات کیسے میسر ہوتے) پس آپ کے حکم میں ان سے جو کوتاہی ہوئی ہے اس کو آپ (دل سے بھی) انکو معاف کر دیجئے (اور جو کچھ ان سے اللہ تعالیٰ کے حکم میں کوتاہی ہوئی) اس میں آپ ان کے لئے استغفار کیجئے آپ کا استغفار ان کے ساتھ آپ کی زیادہ شفقت کی علامت ہوگی جس سے ان کو اور زیادہ خوشی نصیب ہوگی اور آپ (بدستور) ان سے خاص خاص باتوں (مثلاً جہاد وجنگ وغیرہ کے معاملات) میں مشورہ لیتے رہا کیجئے (تا کہ امت میں مشورہ کی سنت قائم ہوجائے اور مسلمانوں کی جماعت مضبوط ہوجائے) پھر (مشورہ لینے کے بعد) جب آپ (ایک جانب) رائے پختہ کرلیں (خواہ وہ ان کے مشورہ کے موافق ہو یا مخالف ہو) تو اللہ تعالیٰ پر اعتماد (کر کے اس کام کو کر ڈالا) کیجئے بے شک اللہ تعالیٰ اپنے اوپر توکل کرنے والوں سے محبت فرماتے ہیں۔ (مستفاد من بیان القرآن وجلالین وغیرھا)

### فائدہ

سورۃ آل عمران کی اس آیت (۱۵۹) سے لیکر آیت (۱۶۴) تک مسلمانوں کے امیر اور قائد کی صفات کا بیان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ اس میں کون کون سی صفات ہونی چاہئیں، اور اس بات کی طرف بھی اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ جب شکست کی وجہ سے جماعت کا شیرازہ بکھر چکا ہو تو امیر جماعت کو جماعت کو جوڑنے اور دوبارہ ابھارنے کے لئے کیا کیا اقدامات کرنے چاہئیں۔ نیز شکست کے بعد امیر اور مامورین کے تعلق میں جو کھنچاؤ اور پھیکا پن آ جاتا ہے اس کو دور کرنے کا طریقہ بھی سمجھایا گیا کہ امیر اپنے دل کو صاف کر کے نرمی کا معاملہ کرے، شوریٰ کا نظام قائم کرے وغیرہ اور مامورین اپنے امیر کے خلاف منافقین کے پھیلائے ہوئے وساوس کا شکار نہ ہوں بلکہ پہلے سے بڑھ کر اسکی قدر و منزلت اپنے دل میں رکھیں تاکہ اطاعت آسان رہے اور جماعت مضبوط ہو۔ (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

## اقوال وحوالے

❶ مسلمانوں کو ان کی کوتاہیوں پر متنبہ فرمانے اور معافی کا اعلان سنانے کے بعد نصیحت کی تھی کہ آئندہ اس مار آستین (منافقین کی) جماعت کی باتوں سے فریب مت کھانا اس آیت میں ان کے عفو تقصیر (یعنی غلطی کی معافی) کی تکمیل کی گئی ہے۔ چونکہ جنگ احد میں سخت خوفناک غلطی اور زبردست کوتاہی مسلمانوں سے ہوئی تھی۔ شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل خفا ہوا ہوگا اور چاہا ہوگا کہ آئندہ ان سے مشورہ لیکر کام نہ کیا جائے اس لئے حق تعالیٰ نے نہایت عجیب پیرایہ (یعنی انداز) میں ان کی سفارش کی۔ اول اپنی طرف سے معافی کا اعلان کر دیا، کیونکہ خدا کو معلوم تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ اور رنج خالص اپنے پروردگار کے لئے ہوتا ہے پھر فرمایا فبما رحمة من الله لنت لهم یعنی اللہ تعالیٰ کی کتنی بڑی رحمت آپ پر اور ان پر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس قدر خوش اخلاق اور نرم خو بنا دیا۔ کوئی اور ہوتا تو خدا جانے ایسے سخت معاملہ میں کیا رویہ اختیار کرتا، یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کی مہربانی ہے کہ تجھ جیسا شفیق، نرم دل پیغمبران کو مل گیا۔ فرض کیجئے اگر خدانخواستہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل سخت ہوتا اور مزاج میں شدت ہوتی تو یہ قوم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد کہاں جمع رہ سکتی تھی۔ ان سے کوئی غلطی ہوتی اور آپ سخت پکڑتے تو شرم و دہشت کے مارے پاس بھی نہ آسکتے اس طرح یہ لوگ بڑی خیر اور سعادت سے محروم رہ جاتے اور جمعیت اسلامی کا شیرازہ بکھر جاتا لیکن حق تعالیٰ نے آپ کو نرم دل اور نرم خو بنایا۔ آپ اصلاح کے ساتھ ان کی کوتاہیوں سے اغماض (یعنی چشم پوشی) کرتے رہتے ہیں۔ سو یہ کوتاہی بھی جہاں تک آپ کے حقوق کا تعلق ہے معاف کر دیجئے اور گو خدا اپنا حق معاف کر چکا ہے، تاہم ان کی مزید دلجوئی اور تطییب خاطر کے لئے ہم سے بھی ان کے لئے معافی طلب کریں تا (کہ) یہ شکستہ دل آپکی خوشنودی اور انبساط محسوس کر کے بالکل مطمئن اور منشرح ہو جائیں اور صرف معاف کر دینا ہی نہیں آئندہ بدستور ان سے معاملات میں مشورہ لیا کریں، مشاورت کے بعد جب ایک بات طے ہو جائے اور پختہ ارادہ کر لیا جائے پھر خدا پر توکل کر کے اس کو بلا پس و پیش کر گذریے، خدا تعالیٰ متوکلین کو پسند کرتا اور ان کے کام بنا دیتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## تنبیہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا۔ ''عزم'' کیا ہے؟ فرمایا مشاورۃ اهل الرأی ثم اتباعهم (ابن کثیر) اور مجمع الزوائد میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے یارسول اللہ جو بات ہم کتاب وسنت میں نہ پائیں اس میں کیا طریقہ استعمال کریں؟ فرمایا فقہاء عابدین (سمجھدار خدا پرستوں) سے مشورہ کرو ولا تمضوا فیہ رأی خاصہ اور کسی ایک دو کے کی رائے مت جاری کرو (تفسیر عثمانی)

## ❷ نرمی کی حدود:

لیکن نرمی وملاطفت کے بھی شریعت میں حدود مقرر ہیں، جہاں دین کی توہین ہورہی ہو یا احکام دین کے اجراء کی ضرورت ہو وہاں سختی اور سزا لازم ہوجاتی ہے۔

اللین والرفق انما یجوز اذالم یفض الی اهمال حق من حقوق اللہ فاما اذا ادی الی ذلک لم یجز (کبیر) (تفسیر ماجدی)

❸ اسلام کے نظام سیاسی کو شخصی اور جمہوری (یا عمومی) دونوں سے الگ جو نظام شوریٰ دیا گیا اسکی یہ ایک اہم بنیادی آیت قرآنی ہے۔ اس مشاورت کے بارے میں دونوں قول فقہاء امت سے منقول ہیں، ایک یہ کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مشورہ لینا واجب تھا۔ دوسرا یہ کہ محض مستحب تھا۔ وقد اختلف الفقهاء هل کان واجباً علیه او من باب الندب تطییبا لقلو بهم علی قولین (ابن کثیر) ظاهر الامر للوجوب فقوله شاورهم یقتضی الوجوب وحمل الشافعی رحمه اللہ ذلک علی الندب (کثیر)

بہرصورت (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی) عادت مبارک مشورہ کی تھی بہت زائد (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت کثرت سے مشورہ فرماتے تھے) عن عروۃ عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت ما رأیت رجلاً اکثر استشارۃ للرجال من رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم (معالم) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ مشورہ کرنے والا نہیں دیکھا (تفسیر ماجدی)

## ❹ فیصلہ کثرت رائے پر یا؟

اس سے معلوم ہوا کہ امور انتظامیہ متعلقہ بالرائے والمشورہ (یعنی وہ انتظامی معاملات جن میں رائے اور مشورہ لینے کا حکم فرمایا گیا) میں کثرت رائے کا ضابطہ محض بے اصل ہے ورنہ یہاں عزم میں یہ قید ہوتی کہ بشرطیکہ آپ کا عزم کثرت رائے کے خلاف نہ ہو (بیان القرآن)

## ❺ امیر کی نرم مزاجی محبوب ہے

وقال علیه الصلوۃ والسلام لاحلم احب الی اللہ تعالیٰ من حلم امام ورفقه ولا جهل ابغض الی اللہ من جهل امام وخرقه۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ امیر کا تحمل اور اسکی نرمی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہے اور امیر کی جہالت اور خودسری اللہ تعالیٰ کو بہت ناپسند ہے (تفسیر کبیر)

### ❻ خوش اخلاقی کی وجہ

حسن خلق کا باعث یہ ہوتا ہے کہ جب روح پر انوار قدس (یعنی مقدس انورات) فائض (یعنی جاری) ہوتے ہیں تو اس (روح) کی قوت نظریہ اور علمیہ (یعنی عقیدہ اور عمل کی قوت) دونوں مکمل ہو جاتی ہیں پھر جو کچھ صدمہ اس کو پہنچتا ہے اس کو خدا ہی کی طرف سے جانتا ہے نہ کسی پر اس کو (اپنی ذات کی خاطر) غصہ آتا ہے نہ (اپنی ذات کے لئے) انتقام لیتا ہے یا جوراحت (اس کے) غیر کو پہنچتی ہے حسد نہیں کرتا علی ھذا القیاس جس قدر باتیں بدخلقی کی خام خیالی کے متعلق ہیں سب دور ہو جاتی ہیں اور جب اس کو روحانیت کا مشاہدہ ہوتا ہے تو جسمانیات اور یہاں کے لذائذ اسکی آنکھوں میں حقیر ہو جاتے ہیں۔ نہ شہوت ناجائز رہتی ہے نہ حب جاہ و مال جو تمام خرابیوں کا سرچشمہ ہے اور اسی لئے بزرگوں کے اخلاق حمیدہ (یعنی اچھے اور پسندیدہ) ہوتے ہیں۔ آنحضرت علیہ السلام کے اخلاق اس درجہ حمیدہ تھے کہ قرآن میں متعدد جگہ اللہ تعالیٰ نے آپکی مدح کی ہے انك لعلى خلق عظيم (تفسیر حقانی)

### ❼ بعض جگہ سختی کا حکم

انه تعالىٰ منعه من الغلظة في هذه الاية وامره بالغلظة في قوله واغلظ عليهم (التوبه ۷۳) فههنا نهاه عن الغلظة على المومنين وهناك امره بالغلظة مع الكافرين الخ۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سختی کرنے سے منع فرمایا اور دوسری جگہ فرمایا واغلظ عليهم اور آپ ان پر سختی کریں تو دراصل یہاں آپ کو مسلمانوں پر سختی کرنے سے روکا گیا اور وہاں کافروں پر سختی کرنے کا حکم دیا گیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی طرح ہے اذلة على المومنين اعزة على الكافرين (المائدہ ٥٤) کہ وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب لوگ مسلمانوں کے لئے نرم ہوں گے اور کافروں کے لئے سخت ہوں گے۔

اور اللہ تعالیٰ کا فرمان اشداء على الكفار رحماء بينهم (الفتح ۲۹)

(صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کافروں پر سخت اور آپس میں رحم دل ہیں)

تحقیقی بات یہ ہے کہ افراط اور تفریط دونوں برے ہیں اور فضیلت اعتدال میں ہے اس لئے بعض جگہ سختی کا حکم اور بعض جگہ سختی سے منع کیا گیا تاکہ افراط و تفریط سے دور رہیں اور اس اعتدال پر قائم رہیں جو صراط مستقیم ہے (التفسیر الکبیر)

### ❽ امت کے لئے مشورہ کی افادیت

قال علیہ السلام! "ماتشاور قوم قط الا هدوا لارشد امرهم" حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو قوم مشورہ کرتی ہے اسے درست معاملے کی طرف رہنمائی عطا کر دی جاتی ہے (امام قرطبی رحمہ اللہ نے اسے حسن بصری رحمہ اللہ کا قول قرار دیا ہے۔ قرطبی) قال الحسن وسفيان بن عيينة انما امر بذلك

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لیقتدی به غیره فی المشاورة ویصیر سنة فی امته. حسن بصری رحمہ اللہ اور سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورہ کا حکم اس لئے دیا گیا تاکہ دوسرے لوگ اس میں آپ کی اقتداء کریں اور مشورہ اس امت کا طریقہ بن جائے۔ (تفسیر کبیر)

**⑨ مشورہ کا حکم جہاد کے ساتھ خاص تھا یا نہیں؟**

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے رفقاء کے ساتھ مشاورت کا حکم دیا گیا تھا یہ مشاورت امور جہاد میں تھی یا ان تمام امور میں جن میں وحی کا نزول نہیں ہوتا تھا۔ امام رازی رحمہ اللہ نے دونوں طرح کے اقوال دلائل کے ساتھ جمع فرمادیے ہیں تفسیر کبیر ملاحظہ فرمالیجئے۔

**⑩ اسباب توکل کے منافی نہیں ہیں**

دلت الاية على انه ليس التوكل ان يهمل الانسان نفسه كما يقوله بعض الجهال والالكان الامر بالمشاورة منافياً بالتوكل بل التوكل هو ان يراعى الانسان الاسباب الظاهرة ولكن لا يعول بقلبه عليها بل يعول على عصمة الحق (التفسير الكبير)

یعنی اسباب کا اختیار کرنا توکل کے منافی ہوتا تو مشورہ کا حکم نہ دیا جاتا۔ اس لئے توکل کا معنی یہ ہے کہ ظاہری اسباب اختیار تو کئے جائیں مگر اعتماد ان پر نہیں اللہ تعالیٰ پر رہے۔

**⑪ اعتماد کی چیز اللہ تعالیٰ کی ذات ہے نہ کہ انسانی مشورے**

قال قتادة امر الله تعالىٰ نبيه عليه السلام اذا عزم على امر ان يمضى فيه ويتوكل على الله لا على مشاورتهم. (قرطبی)

قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ جب آپ کسی کام کا عزم کرلیں تو وہ کر گزریں اور توکل اللہ تعالیٰ پر کریں نہ کہ ان کے مشورہ پر۔ (یعنی مشورہ اچھی چیز ہے مگر وہ بھی سبب کے درجہ میں ہے اس لئے اصل بھروسہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر ہو)

**⑫ مشورہ کے بارے میں چند اقوال**

☆قال ابن عطية: والشورىٰ من قواعد الشريعة وعزائم الاحكام من لا يستشير اهل العلم والدين فعزله واجب ابن عطیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مشورہ شریعت کی بنیادوں اور اہم احکامات میں سے ہے پس جو حاکم اہل علم اور علم دین سے مشورہ نہ کرتا ہو اسے معزول کر دینا واجب ہے۔

☆وكان يقال ماندم من استشار. یعنی کہا جاتا تھا کہ جو مشورہ کرتا ہے اسے پچھتانا نہیں پڑتا۔

☆وكان يقال من أعجب برايه ضل. اور کہا جاتا تھا کہ جسے اپنی رائے پر عجب ہو وہ گمراہ ہو جاتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

☆وقال بعضهم شاور من جرب الامور ،فانه يعطيك من رأيه ماوقع عليه غالياً وانت تأخذه مجانا. بعض بزرگوں کا قول ہے کہ تجربہ کار لوگوں سے مشورہ کیا کرو کیونکہ وہ تمہیں اپنی رائے مفت دے دے گا جس تک وہ بہت قیمت خرچ کر کے پہنچا ہوگا۔

☆قال البخاري رحمه الله وكانت الائمة بعد النبي صلى الله عليه وسلم يستشيرون الامنلء من اهل العلم في الامور المباحة ليا خذوا باسهلها.

☆وقال سفيا ن الثوري :ليكن اهل مشور تك اهل التقوىٰ والامانة ومن يخشى الله تعالىٰ. سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تمہارے اہل مشورہ تقویٰ والے امانت دار اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے لوگ ہونے چاہئیں۔ یہ تمام اقوال امام قرطبی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں نقل فرمائے ہیں۔

## امیر کی صفات

اس آیت مبارکہ سے امیر کی درج ذیل صفات معلوم ہوئیں۔

1. نرم دل اور اچھے اخلاق والا ہو۔
2. اپنے رفقاء کو (شرعی حدود میں رہتے ہوئے) معاف کرنے والا ہو۔
3. اپنی جماعت اور رفقاء کے لئے استغفار کرتا ہو۔ (اشارۃ معلوم ہوا کہ خود اپنے لئے بھی کثرت سے توبہ استغفار کا عادی ہو)
4. جماعت کا نظام مشورہ سے چلاتا ہو۔
5. صاحب عزم یعنی پختہ عزم کا مالک ہو۔
6. توکل صرف اللہ تعالیٰ پر کرتا ہو۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۶۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا

اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے گا تو تم پر کوئی غالب نہ ہو سکے گا اور اگر اس نے مدد چھوڑ دی تو پھر ایسا کون ہے

الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿۱۶۰﴾

جو اس کے بعد تمہاری مدد کر سکے اور مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے

## خلاصہ

فتح اور شکست اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، وہ نصرت فرمادے تو فتح کو کوئی روک نہیں سکتا اور اگر وہ نصرت اٹھالے تو کسی اور کی مدد کچھ کام نہیں آتی۔ پس ایمان والوں کا کام ہے کہ اللہ تعالیٰ سے جڑے رہیں اور اسی پر کامل بھروسہ رکھیں۔

## اقوال وحوالے

### ① اطاعت کی ترغیب

امام رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

المقصود من الآیۃ الترغیب فی الطاعۃ والتحذیر عن المعصیۃ (تفسیر الکبیر) آیت کا مقصود اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی ترغیب دینا اور آپکی نافرمانی سے روکنا ہے کیونکہ اس کی نصرت اسی سے نصیب ہوتی ہے۔

### ② ازالہ حسرت

بعض مفسرین مثلاً امام ابوحیان رحمہ اللہ وغیرہ کے نزدیک آیت کا مقصد صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دلوں سے اس حسرت کو دور کرنا ہے جو شکست کی وجہ سے ان کے قلوب پر طاری تھی چنانچہ صاحب بیان القرآن تحریر فرماتے ہیں۔

حاصل ازالۂ حسرت کا یہ ہوا کہ غالب ومغلوب کرنا خدا تعالیٰ کے قبضہ میں ہے مثلاً بدر میں اپنی رحمت سے غالب کر دیا، احد میں اپنی حکمت سے مغلوب کر دیا پس جب پورا پورا یہ امر تمہاری قدرت میں نہیں تو اس قدر اس کے پیچھے اپنے جی کو نہ ڈالو، جو ہو گیا سو ہو گیا، ہاں اس میں جو آفت معصیت سے آئی اس سے توبہ کر لو آئندہ کے لئے اللہ تعالیٰ پر نظر رکھو یعنی اس سے توفیق مانگو کہ معصیت سے محفوظ رکھیں۔ (بیان القرآن)

### ③ جہاد جاری رکھیں

مسلمانوں کا فرض ہے کہ جہاد فی سبیل اللہ میں کسی رکاوٹ کی پرواہ نہ کریں، ضرور انہیں کو کامیابی ہوگی۔ (تفسیر الفرقان)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

اس آیت سے امیر کی یہ صفات بھی جا سکتی ہے کہ وہ توکل علی اللہ کے اس مقام پر فائز ہو کہ فتح و شکست ہر حال میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ جڑا رہے اور جماعت کو بھی جوڑے رکھے نیز وہ خود کو اور اپنی جماعت کو اللہ تعالیٰ کی طاعت میں لگائے اور معصیت سے روکے تاکہ اللہ تعالیٰ کی نصرت نازل ہو اور وہ مخلوق اور سامان کی بجائے اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر جہاد کو جاری رکھنے والا ہو۔ (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۶۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۭ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ

اور کسی نبی کو یہ لائق نہیں کہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرے گا اس چیز کو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَھُمْ

قیامت کے دن لائے گا جو خیانت کی تھی پھر ہر کوئی پورا پالے گا جو اس نے کمایا تھا اور وہ

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

ظلم نہیں کیے جائیں گے

## خلاصہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بہت بلند ہے، آپ امانت کے سب سے اونچے درجے پر فائز ہیں۔ خیانت کا کوئی بھی کام آپ کے قریب نہیں آسکتا۔ اس لئے کہ خیانت تو بڑا گناہ ہے، اور جو شخص خیانت کرے گا قیامت کے دن اس چیز کو اور اس کے وبال کو اپنے اوپر اٹھا کر لائے گا۔ پھر ان خائنوں کو ان کے جرم کی پوری پوری سزا دی جائے گی اور کسی پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

## فائدہ

❶ شکست کے بعد جماعت کو سنبھلنے اور ابھرنے کا نسخہ بتایا جا رہا ہے، جس کا ایک اہم جزو یہ ہے کہ جماعت صحابہ کے تمام افراد حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی بدظنی اور بدگمانی نہ رکھیں اور نہ منافقین کی باتوں میں آ کر ان کے دلوں میں آپ کا احترام اور ادب کمزور ہو۔ شکست کے بعد عمومی طور پر یہ فتنہ بھی آتا ہے کہ امام کے خلاف آوازیں اٹھنا شروع ہو جاتی ہیں۔ اگر جماعت کے لوگ اس کا اثر لے لیں تو جماعت کی قوت اور شوکت ختم ہو جاتی ہے اور اس کا رعب ٹوٹ جاتا ہے۔

صاحب تفسیر حقانی لکھتے ہیں: اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غنائم کے تقسیم کرنے میں کوئی مصلحت ملحوظ رکھیں یا قوم یا رفاہ عام کے لئے اس میں سے کچھ حصہ بیت المال میں جمع کریں یا کسی وجہ سے تقسیم غنائم میں دیر ہو تو تم منافقوں کے کہنے سے اپنے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف ایسی بدگمانی جائز نہ رکھو، منافق عبداللہ بن ابی وغیرہ ایسے ایسے شبہات مسلمانوں کے دلوں میں ڈالا کرتے تھے اور یہ ضرور (یعنی لازمی بات) ہے کہ جب سردار (یعنی امام اور امیر) کی نسبت ناجائز بدگمانیوں کا دروازہ کھلتا ہے تو (اس کا) انجام (یہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہوتا ہے کہ) بغاوت اور پھوٹ پڑ کر قوم اور ملت کی شوکت اور برکت جاتی رہتی ہے یہ (یعنی اس آیت میں) اہل اسلام کو اپنے سرداروں اور پیشواؤں کی نسبت ادب ملحوظ رکھنا تعلیم فرمایا (تفسیر حقانی)

❷ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ نرمی اور خوش اخلاقی کا حکم دیا گیا۔ اب صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو سمجھایا جا رہا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نرمی، تواضع اور خوش اخلاقی کا یہ مطلب نہیں کہ تمہارے دلوں میں انکے ادب واحترام میں کمی آجائے اور منافقوں کی باتیں عام لوگوں کی زبانوں پر آجائیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے تم سے نرمی رکھتے ہیں تو تم بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ان کے بلند مقام اور شان کو سمجھو اور اس کے مطابق ان کے ساتھ معاملہ کرو۔

❸ شکست کے بعد جماعت میں جو پھوٹ اور کمزوری آجاتی ہے اس کو دور کرنے کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل مبارکہ کا بیان چل رہا ہے تاکہ مامورین اپنے امیر سے پوری محبت اور عقیدت کے ساتھ جڑ جائیں اور اس طرح سے جماعت مضبوط ہو جائے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## مطالب آیت

"اس (آیت) سے غرض یا تو مسلمانوں کی پوری طرح خاطر جمع کرنا ہے (یعنی ان کو تسلی دینا ہے) تا (کہ وہ) یہ وسوسہ نہ لائیں کہ شاید حضرت نے ہم کو بظاہر معاف کر دیا اور دل میں خفا ہیں پھر کبھی خفگی نکالیں گے۔ (یعنی غلول کا معنی "چھپانا" اور مطلب یہ ہوا کہ نبی زبان سے کچھ کہیں اور دل میں کچھ اور چھپائیں تو ایسا ممکن نہیں ہے) یہ کام نبیوں کا نہیں کہ دل میں کچھ اور ظاہر میں کچھ۔ یا مسلمانوں کو سمجھانا ہے کہ حضرت کی عظمت اور عصمت وامانت کو پوری طرح (اپنے دل ودماغ اور عمل میں) مستحضر (یعنی حاضر) رکھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کبھی کوئی لغو اور بیہودہ خیال (دل ودماغ میں) نہ لائیں مثلاً یہ گمان نہ کریں کہ غنیمت کا کچھ مال چھپا رکھیں گے (العیاذ باللہ) شاید یہ اس واسطے فرمایا کہ وہ تیر انداز غنیمت کے لئے مورچہ چھوڑ کر دوڑے تھے، کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کو حصہ نہ دیتے؟ یا بعض چیزیں چھپا رکھتے؟ اور بعض روایات میں ہے کہ بدر کی لڑائی میں ایک چیز (چادر یا تلوار) غنیمت میں گم ہو گئی تھی، کسی نے کہا شاید حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے واسطے رکھی ہو گی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ بہر حال مسلمانوں کو سمجھانا ہے کہ اگر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نرم خوئی اور خوش خلقی سے تمہاری غلطیوں کو معاف کرتے ہیں تو تم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت شان اور عصمت ونزاہت کا زیادہ پاس (یعنی خیال) رکھنا چاہیے، کسی قسم کا کمزور اور رکیک خیال مؤمنین کے پاس نہ آئے۔ (تنبیہ) "غلول" کے اصل معنی غنیمت میں خیانت کرنے کے ہیں۔ لیکن کبھی مطلق خیانت کے معنی میں آتا ہے بلکہ بعض اوقات محض ایک چیز کے چھپالینے پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جیسے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا غلوا مصاحفکم (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## نبی معصوم ہیں

ماکان لنبی ان یغل نبی کا کام نہیں کہ خیانت کرے۔

والمعنیٰ انه لایمکن ذلك منه لان الغلول معصیة والنبی صلی الله علیه وسلم معصوم من المعاصی (البحر المحیط)

مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خیانت کا ہونا ممکن ہی نہیں کیونکہ خیانت گناہ ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمام گناہوں سے معصوم ہیں۔

غنیمت میں خیانت کبیرہ گناہ ہے۔ قال العلماء والغلول کبیرة من الکبائر بدلیل هذه الایة وماذکرنا ه من حدیث ابی هریرة انه یحمله علی عنقه وقد قال فی مدعم والذی نفسی بیده الخ. علماء فرماتے ہیں کہ مال غنیمت میں خیانت کبیرہ گناہ ہے اس قول کی دلیل ایک تو یہ آیت مبارکہ ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ روایت جو ہم ذکر کر چکے ہیں کہ خیانت کرنے والا اس چیز کو جو اس نے خیانۃً لی تھی قیامت کے دن اپنی گردن پر لاد کر لائے گا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدعم (ایک غلام جو جہاد میں مارے گئے تھے) کے بارے میں فرمایا قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے وہ چادر آگ بن کر اس پر بھڑک رہی ہے جو اس نے خیبر کے دن غنیمت تقسیم ہونے سے پہلے اٹھائی تھی جب لوگوں نے یہ بات سنی تو ایک صاحب ایک یا دو تسمے لیکر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے (کہ یہ میں نے تقسیم سے پہلے اٹھا لئے تھے) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک تسمہ یا دو تسمے آگ کے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا (غلام پر آگ کے بھڑکنے کو) قسم کھا کر بیان فرمانا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسکی نماز جنازہ ادا نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ مال غنیمت میں خیانت بہت بڑا گناہ ہے اور یہ کبائر میں سے ہے۔ (القرطبی)

## اسلام میں نبی کی شان

مشرک غریب تو سرے سے جانتے ہی نہ تھے کہ مرتبہ نبوت کس منصب عظیم کا نام ہے، اور پیغمبرانہ اخلاق کے معنی کیا ہوتے ہیں۔ یہود و نصاریٰ البتہ پیغمبروں کے نام اور کارناموں سے آشنا تھے، لیکن ان ظالموں نے بھی رفتہ رفتہ مرتبہ نبوت کی اخلاقی عظمت کو بالکل ہی بھلا دیا تھا اور نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو کاہن قسم کا محض ایک پیشگوئی کرنے والا انسان سمجھ رکھا تھا آیت ان سب غلط خیالوں کی اصلاح کر رہی ہے (اور نبی کی عظمت، شان اور پاکی بیان کر رہی ہے) (تفسیر ماجدی)

## خائن قیامت کے دن

ومن یغلل یات بما غل یوم القیمة اور جو کوئی خیانت کرے گا اس چیز کو قیامت کے دن لائے گا جو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

خیانت کی تھی۔اس کی تفسیر میں علامہ قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں

**ای یأتی به حاملا له علی ظهره ورقبته معذبابحمله وثقله ومرعوباً بصوته وموبخا باظهار خیانته علی رؤوس الاشهاد (القرطبی)**

یعنی وہ اس چیز کو اپنی پیٹھ اور گردن پر اٹھا کر لائے گا اس چیز کے بوجھ سے اسے عذاب دیا جائے گا۔اس چیز کی آواز سے وہ دہشت زدہ ہوگا اور تمام لوگوں کے سامنے اسکی خیانت کا اعلان کر کے اسے ذلیل کیا جائے گا۔(العیاذ باللہ)

## فائدہ

امام رازی رحمہ اللہ کے نزدیک اس آیت میں دو قرأتیں ہیں یَغُلَّ (کہ نبی خیانت نہیں کر سکتے) اور یُغَلَّ (کہ نبی کے ساتھ خیانت نہ کی جائے) پہلی قرأت کے اعتبار سے اس آیت کے شان نزول میں چھ روایتیں ہیں اور دوسری قرأت کے مطابق اس میں مسلمانوں کو خیانت سے منع کیا گیا ہے اور اس کا شان نزول ہوازن کی غنیمت میں سے ایک شخص کا چھوٹی سی خیانت کرنا ہے۔ یہ ہے خلاصہ امام رازی رحمہ اللہ کی تقریر کا۔شان نزول کی چھ روایات اور مال غنیمت میں خیانت کی وعیدوں کی تفصیل کے لئے شائقین تفسیر کبیر کی طرف رجوع فرمائیں۔

## نکتہ

گذشتہ آیت میں احد کا واقعہ مذکور تھا کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کی بکھری ہوئی قوت کو کس طرح جمع کیا،اب یہ سوال وارد ہو سکتا تھا کہ آئندہ اس کام کے کرنے والے کس قسم کے آدمی ہونگے لہذا بتلایا گیا کہ جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس صفت کا اپنے آپ کو نمونہ بنالیں گے وہ خیانت نہیں کریں گے اور کوئی چیز مسلمانوں سے چھپا کر اپنے لئے خاص نہیں کریں گے اس قسم کے آدمی آپ کے نائب ہونگے۔(حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## فائدہ

اس آیت سے امام اور امیر کی یہ لازمی صفت معلوم ہوگئی کہ وہ امانتدار ہو۔مال میں خیانت نہ کرے امانتدار سے یہ بھی لازم آتا ہے کہ وہ "حب دنیا" کا مغلوب نہ ہو۔(واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۶۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ

آیا وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی رضا کا تابع ہے اس کے برابر ہوسکتا ہے جو غضب الٰہی کا مستحق ہوا اور اس کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾

جہنم ہے اور وہ کیسی بری جگہ ہے

## خلاصہ

نبی تو سراسر رضامندی الٰہی کے تابع ہوتے ہیں وہ صرف وہی کام کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ ہوتے ہیں اور خیانت کرنے والا تو اللہ تعالیٰ کی ناراضی حاصل کر کے جہنم کی بری جگہ کو اپنا ٹھکانا بناتا ہے۔ یہ دونوں بھی برابر نہیں ہوسکتے۔

## اقوال وحوالے

❶ افمن اتبع رضوان اللہ یرید بترک الغلول والصبر علی الجھاد کمن بآء بسخط من اللہ یرید بکفر او غلول اوتول عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الحرب۔(قرطبی)

اللہ تعالیٰ کی رضا چاہنے سے مراد خیانت نہ کرنا اور جہاد پر ڈٹ جانا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی کمانے سے مراد کفر یا خیانت یا جہاد میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر بھاگ جانا ہے۔

❷ وقال الزجاج ایضاً رضوان اللہ الجھاد والسخط الفرار (البحر المحیط)

زجاج رحمہ اللہ کا یہ بھی قول ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا جہاد اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی جہاد سے فرار ہے۔

❸ امام غزالی رحمہ اللہ نے افمن اتبع رضوان اللہ اور کمن باء بسخط من اللہ کے مصداق میں کئی اقوال نقل فرمائے ہیں تفسیر کبیر میں ان تمام اقوال کو نقل کرنے کے بعد وہ لکھتے ہیں۔

وقال القاضی کل واحد من ھذہ الوجوہ صحیح ولکن لایجوز قصر اللفظ علیہ لان اللفظ عام فوجب ان یتناول الکل الخ۔ اور قاضی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ تمام اقوال درست ہیں لیکن لفظ کو کسی ایک معنی کے ساتھ خاص کر دینا درست نہیں ہے کیونکہ لفظ عام ہے اس لئے سب کو شامل ہوگا پس جو بھی اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرے گا وہ اتبع رضوان اللہ میں شامل ہے اور جو بھی اپنے نفس اور خواہشات کی پیروی میں پڑ جائے گا وہ کمن باء بسخط من اللہ میں داخل ہوگا۔(التفسیر الکبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق بہت بلند ہیں اور آپ سے خیانت کا تصور بھی محال ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ آپ سراسر اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے تابع ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم صرف وہی کام کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر کام اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کرتے ہیں۔ پس اخلاص کا یہ اونچا مقام اور اپنی ذاتی اغراض کا بالکل چھوڑ دینا یہ بات انسان کے اندر اعلیٰ اخلاق اور امانت پیدا کرتی ہے۔ پس امیر اور امام کی یہ صفت بھی اس آیت سے سمجھی جاسکتی ہے کہ وہ اپنی ذاتی اغراض اور نفسانی خواہشات کا تابع نہ ہو بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا طالب ہو۔ واللہ اعلم بالصواب

حضرت لاہوری رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

فقط وہی شخص اسلامی خدمت کر سکنے قابل ہے جو قانون الٰہی پورا کرنے کے لئے اپنے مقاصد کو موخر کر سکتا ہو۔ (یعنی ذاتی مقاصد کو) (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## نکتہ

جب انسان کی روح پر تجلی ذاتی ہوتی ہے اور کدورات بشریہ کو آب عصمت سے دھویا جاتا ہے تو اس سے ہرگز معصیت سرزد نہیں ہوسکتی یہاں سے آنحضرت علیہ السلام کا معصوم ہونا پایا گیا۔ (تفسیر حقانی)

## دعاء

اللهم انا نعوذ برضاك من سخطك وبمعافاتك من عقوبتك ونعوذبك منك جل وجهك لا نحصي ثناءً عليك انت كما اثنيت على نفسك۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۶۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۗ وَ اللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾

اللہ تعالیٰ کے ہاں لوگوں کے مختلف درجے ہیں اور اللہ تعالیٰ دیکھتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں

## خلاصہ

ان میں سے ہرایک کے اللہ تعالیٰ کے ہاں الگ الگ درجات ہیں اور اللہ تعالیٰ سب کے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے۔

## اقوال وحوالے

❶ کلام برکت:...... یعنی نبی اور سب خلق برابر نہیں طمع (یعنی لالچ) کے کام ادنی (یعنی گھٹیا کام) نبیوں سے نہیں ہوتے (موضح القرآن)

❷ من اتبع رضوان اللہ اور من باء بسخط من اللہ والوں کے بے انتہا مدارج نکل سکتے ہیں چونکہ دونوں جنسیں (یعنی دونوں قسم کے لوگ) برابر نہیں ہیں اس لئے نیابت نبوی کے لئے من اتبع رضوان اللہ والوں میں سے آدمی ہونا چاہیے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

❸ پھر فرماتا ہے کہ یہ اہل اصلاح خدا کے نزدیک باعتبار استعداد نفوس کے سعادت اور کمال کے مختلف درجوں پر ہیں۔ (تفسیر حقانی)

## نکتہ

جب اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب انسانوں کا درجہ برابر نہیں تو دنیا میں انسانوں کو بھی درجات کا لحاظ رکھنا چاہیے اور یہ سمجھ کر کہ سب انسان برابر ہیں نبی کے ادب واحترام میں کمی نہیں کرنی چاہیے اور نہ ان کی اطاعت میں کمزوری دکھانی چاہیے۔ اللہ پاک نے ہرایک کو الگ درجہ دیا ہے پس لوگوں کے ساتھ ان کے درجات کے مطابق معاملہ کرنا چاہیے اس میں بھی ''اطاعت امام'' کا پہلو نکلتا ہے۔ چنانچہ امام ابوحیان، حضرت مجاہد اور قتادہ رحمہ اللہ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ ای ذو درجات فان بعض المؤمنین افضل من بعض (البحر المحیط) یعنی لوگ درجات والے ہیں کیونکہ بعض مسلمان دوسرے بعض سے افضل ہیں۔ پس اسی افضلیت کا دل سے اعتراف انسان کے لئے اطاعت کو آسان کرتا ہے۔ اور اس سے دین اور جماعت کو مضبوطی ملتی ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

❹ واللہ بصیر بمایعملون اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے'' پھر تنبیہ کرتا ہے کہ خدا بندوں کے اعمال دیکھ رہا ہے اس سے ہر شخص کو ہر وقت ڈرنا چاہیے امانت ملحوظ رکھنے کے لئے یہ جملہ کہا (یعنی فرمایا) ہے (یہ) تاکید (ہے) اور (سابقہ) مضمون کی لہر (یعنی حصہ) ہے۔ (تفسیر حقانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۶۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ

اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں پر احسان کیا ہے جو ان میں انہی میں سے رسول بھیجا

أَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَإِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾

اور دانش سکھاتا ہے اگرچہ وہ اس سے پہلے صریح گمراہی میں تھے

## خلاصہ

بے شک اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں پر بڑا احسان فرمایا کہ ان کے پاس ایک ایسے رسول مبعوث فرمائے جو ان ہی میں سے ہیں۔ وہ انہیں اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں۔ اور ان کا تزکیہ نفس کر کے انہیں ہر طرح کی برائیوں سے پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب اللہ اور حکمت کی تعلیم دیتے ہیں حالانکہ اس سے پہلے یہ لوگ کھلی گمراہی میں بھٹک رہے تھے۔

## ربط

پچھلی آیات میں تذکرہ غزوۂ احد کے حالات واثرات وغیرہ کا چل رہا ہے۔ تو اس آیت کا ماقبل سے کیا ربط ہے اور جہاد سے کیا تعلق ہے؟ حضرات مفسرین کے اقوال ملاحظہ فرمائیں:

❶ مال غنیمت میں خیانت ایسی ہستی سے کس طرح ممکن ہے جن کا وجود پورے عالم پر احسان ہے، اور تلاوت آیات، تزکیہ قلوب اور تعلیم کتاب وحکمت جن کے اعمال ہیں۔ اور جن کے آنے سے پہلے تم لوگ خود ذلت وگمراہی میں پڑے ہوئے تھے۔ ان کی تعلیم وتربیت نے تمہیں جو اعلیٰ مقامات دیئے ان سے اندازہ لگالو کہ خود ان کا مقام کیا ہوگا؟ کیا ایسی ہستی سے "غلول" جیسا گناہ ممکن ہے اور کیا ایسی ہستی فرض امانت کے ادا کرنے میں کسی طرح کی کوئی خیانت اور کمی کر سکتی ہے؟ (تفسیر کبیر اور بیان القرآن وغیرہ میں ربط کی جو وجوہات لکھی ہیں یہاں سب کا خلاصہ ہے)

❷ انه لما في الشرف والمنقبة بحيث يمن الله به على عباده وجب على كل عاقل ان يعينه بأقصى مايقدر عليه، فوجب عليكم ان تحاربوا اعدائه وان تكونوا معه باليد واللسان والسيف والسنان، والمقصود منه العود الى ترغيب المسلمين في

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مجاهدة الكفار (التفسير الكبير).

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اور عزت اسقدر بلند ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے ذریعے سے اپنے بندوں پر احسان فرماتا ہے تو پھر ہر عقلمند انسان پر لازم ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حد درجہ تعاون کرے۔ پس اے مسلمانو! تم پر لازم ہے کہ تم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں سے لڑو اور اپنے ہاتھ، زبان، نیزے اور تلوار سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دو، تو آیت کا مقصود مسلمانوں کو کفار کے خلاف جہاد کی ترغیب ہے۔ (یعنی اس مضمون کی طرف لوٹنا ہے جو پہلے چل رہا تھا)

**فائدہ**

مسلمانوں کو شکست کے اثرات سے ابھارا جارہا ہے اور انہیں تسلی دی جارہی ہے کہ مایوس ہونے کی کیا ضرورت ہے؟ تمہارا سب کچھ سلامت ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری تلاوت، تزکیہ اور تعلیم موجود ہے اس لئے ہمت سے کام لو اور خود کو مضبوط بناؤ۔ (واللہ اعلم بالصواب)

**فائدہ**

شکست کے وقت کا ایک فتنہ امام کے خلاف اٹھنے والی آوازیں اور وساوس ہیں اس آیت میں بھی اس فتنے کا علاج ہے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم جو تمہارے امام و امیر ہیں ان کے تم پر یہ عظیم احسانات ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

**فائدہ**

شکست کے بعد افراتفری کا عالم ہوتا ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اس افراتفری سے بچانے کے لئے مرکز کی طرف بلایا جارہا ہے کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے گرد جمع ہو جاؤ قرآن پاک سنو اور پڑھو اپنے دلوں کو پاک کرو علم الٰہی کی روشنی حاصل کرو، انتشار اور افراتفری ختم ہو جائے گی اور دلوں کے زخم دور ہو جائیں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

**فائدہ**

شکست کے بعد جماعت کی تازہ اور مضبوط تربیت کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ غلطی آئندہ نہ ہو جسکی وجہ سے شکست ہوئی ہے تو جماعت کی تربیت کا نصاب ایک بار پھر یاد دلایا گیا ہے وہ نصاب یہ ہے۔

(۱) تلاوت قرآن پاک (۲) تزکیہ نفس (۳) تعلیم کتاب اللہ (۴) تعلیم حکمت۔

**فائدہ**

شکست کے بعد کمزور دل لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اب ہمارا کام ختم ہو جائے گا اور ہماری جماعت مٹ جائے گی۔ اور مخالفین بھی اسی غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ اب اسلام کا کام ختم اور مسلمان بھی عنقریب ختم۔ غزوہ احد کے بعد بھی ایسے ہی حالات تھے اور منافقین اور کفار سمجھ رہے تھے کہ بس اب مسلمان دوبارہ نہیں ابھر سکیں گے اور عنقریب ختم ہو جائیں گے۔ ان کو جواب دیا گیا کہ اسلام کی بنیاد بہت مضبوط ہے اور وہ ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریف

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لانا جو قیامت تک کے لئے مبعوث ہوئے ہیں۔ اور اسلامی جماعت کا نظام تربیت بہت مضبوط ہے۔ اور جس جماعت کا نصاب اور نظام تربیت تلاوت، تزکیہ اور تعلیم کتاب وسنت پر قائم ہو وہ کبھی نہیں مٹ سکتی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## نکتہ

حضرت لاہوری رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس فرض کے انجام دینے کے لئے بھیجا گیا ہے لہٰذا اس کسوٹی پر آئندہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سچے متبعین کو پرکھ لیا جائے گا۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

یعنی جن لوگوں میں تلاوت، تزکیہ اور تعلیم کتاب وحکمت کے اعمال زندہ ہوں گے وہی لوگ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سچے متبع اور پیروکار ہونگے، اور جو ان تمام چیزوں کو یا ان میں سے بعض کو چھوڑ دیں گے وہ دین سے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے (نعوذ باللہ) دور ہو جائیں گے۔

## فائدہ

مسلمانوں کے امیر کی یہ صفت بھی معلوم ہوگئی کہ وہ اپنے لئے اور اپنی جماعت کے لئے تلاوت، تزکیہ اور تعلیم کتاب وسنت کا اہتمام کرنے والا ہو۔ واللہ اعلم بالصواب

## فائدہ

جہاد کے مسلسل بیان کے درمیان اس آیت کو لانے سے یہ بات بھی سمجھی جاسکتی ہے کہ مجاہدین کو خصوصی طور پر ان چار چیزوں کا اہتمام کرنا چاہیے اور خود کو پوری طرح سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جوڑے رکھنا چاہیے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دعاء

اللھم ارحمنا بالقرآن العظیم واجعلہ لنا اماما ونورا وھدی ورحمۃ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۶۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنَّىٰ

کیا جب تمہیں ایک تکلیف پہنچی حالانکہ تم تو اس سے دوچند تکلیف پہنچا چکے ہو تو کہتے ہو یہ کہاں

هَٰذَا ۖ قُلْ هُوَ مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ

سے آئی کہہ دو یہ تکلیف تمہیں تمہاری ہی طرف سے پہنچی ہے بے شک اللہ تعالیٰ ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٦٥﴾

چیز پر قادر ہے

## خلاصہ

غزوۂ احد میں تمہیں جتنی تکلیف پہنچی، اس سے دگنی مصیبت تمہارے ہاتھوں سے مشرکین کو پہنچ چکی ہے مگر اس کے باوجود کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم پر شکست کیوں آئی حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں موجود ہیں اور ہم مسلمان ہیں، ان لوگوں کو بتلا دیا جائے کہ یہ جو کچھ ہوا خود تمہاری وجہ سے ہوا۔ اللہ تعالیٰ تو ہر چیز پر قادر ہے۔

اعلم ان اللہ تعالیٰ لما اخبر عن المنافقین الخ۔

حاصل یہ کہ اس آیت میں منافقین کے ایک دوسرے شبہ کا جواب ہے پہلے ان منافقین نے (نعوذ باللہ) حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر خیانت کے اشارے کئے تو پچھلی آیات میں ان کو جواب دے دیا گیا پھر ان منافقین نے کہا کہ اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) رسول ہوتے تو انہیں احد کے دن شکست نہ ہوتی تو اس شبہ کا جواب اس آیت میں دیا گیا۔ (التفسیر الکبیر)

## تفسیری اقوال

❶ قد اصبتم مثلیھا تم اپنی مصیبت سے دگنی مصیبت کافروں کو پہنچا چکے تھے یوم بدر بأن قتلتم منھم سبعین واسرتم سبعین۔ (قرطبی)

یعنی بدر کے دن تم نے انہیں دگنی مصیبت پہنچائی کہ ان میں سے ستر کو قتل کیا اور ستر کو قید کیا۔ (زجاج رحمہ اللہ اس قول پر رد کرتے ہیں۔ (البحر المحیط)

❷ قد اصبتم مثلیھا ان المسلمین ھزموا الکفار یوم بدر وھزموھم ایضاً فی الاول یوم احد (التفسیر الکبیر) مسلمانوں نے بدر میں بھی کافروں کو شکست دی اور احد کے آغاز میں بھی انہیں شکست

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

دی یوں مسلمانوں نے دو بار کافروں کو ہزیمت سے دوچار کیا جبکہ خود ان کی ظاہری شکست ایک بار ہوئی (واحدی رحمہ اللہ اس قول پر رد کرتے ہیں۔ الکبیر)

❸ قلتم انی هذا تم نے کہا ہمیں یہ شکست کیسے ہوگئی؟

قلتم متعجبين یعنی تمہارا یہ کہنا بطور تعجب کے تھا (بطور اعتراض کے نہیں۔ جلالین)

❹ قلتم انی هذا ای من این اصابنا هذا الانهزام والقتل ونحن نقاتل فی سبيل الله ونحن مسلمون وفينا النبي والوحي وهم مشركون (قرطبی)۔ یعنی یہ شکست ہمیں کس طرح سے ہوئی حالانکہ ہم اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کر رہے ہیں، اور ہم مسلمان ہیں، اور ہم میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور وحی موجود ہے اور ہمارے مقابل مشرکین ہیں۔

❺ قل هو من عند انفسكم آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) فرما دیجئے کہ یہ شکست تمہیں خود تمہاری وجہ سے پہنچی ہے۔

يعني مخالفة الرماة۔ ومامن قوم اطاعوا نبيهم في حرب الا نصروا لانهم اذا اطاعوا فهم حزب الله وحزب الله هم الغالبون (قرطبی)۔ یعنی تیراندازوں کی نافرمانی کی وجہ سے شکست ہوئی ہے۔ (ورنہ) جس قوم نے بھی جنگ میں اپنے نبی کی فرمانبرداری کی وہ ضرور غالب ہوئی کیونکہ جب قوم والے نبی کی فرمانبرداری کرتے ہیں تو وہ ''حزب اللہ'' بن جاتے ہیں اور حزب اللہ (یعنی اللہ تعالیٰ کی جماعت) تو غالب ہی رہتی ہیں۔

❻ قل هو من عند انفسكم قال قتادة والربيع بن انس: يعني سوالهم النبي ان يخرج بعد ما اراد الاقامة بالمدينة (قرطبی) قتادہ رحمہ اللہ اور ربیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ خود تمہاری وجہ سے شکست ہونے کا مطلب یہ ہے کہ خود تم نے ہی مدینہ سے باہر نکل کر لڑنے کی درخواست کی تھی جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں ٹھہر کر مقابلہ کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔

❼ قل هو من عند انفسكم هو اختيارهم الفداء يوم بدر على القتل (قرطبی)۔ یعنی غزوۂ احد میں جو تکلیف پہنچی اس کی وجہ خود مسلمانوں کا بدر کے موقع پر ستر قیدیوں کو فدیہ لے کر چھوڑنا ہے۔ (چنانچہ بہت سی روایات سے ثابت ہے کہ بدر کے دن مسلمانوں کو اختیار دیا گیا تھا کہ یا تو وہ قیدیوں کو قتل کریں یا فدیہ لیکر چھوڑ دیں مگر فدیہ لینے کی صورت میں تم میں سے ستر افراد شہید ہوں گے، اختلاف آراء کے باوجود فیصلہ فدیہ لینے کا ہوا چنانچہ خود تمہارے اس فیصلے کے مطابق اب غزوۂ احد میں ستر مسلمان شہید ہوئے ہیں) اس روایت کی تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے (تفسیر قرطبی اور تفسیر کبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

**۸ کلام برکت**

یعنی تم بدر کی لڑائی میں ستر کافروں کو مار چکے ہو اور ستر کو پکڑ لائے تھے۔ تمہارے اس لڑائی میں ستر آدمی شہید ہوئے، تو بددل کیوں ہوتے ہو سو (یہ تکلیف بھی تمہیں) اپنے قصور سے (پہنچی) کہ بے حکمی (نافرمانی) سے لڑے یا قصور یہ کہ بدر کے اسیروں کو نہ مارا (اور) مال لیکر چھوڑ دیا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اگر ان کو چھوڑتے ہو تو تم میں ستر آدمی شہید ہونگے لوگوں نے قبول کر کر مال لیا اور ان کو چھوڑا (موضح القرآن)

**نکتہ**

اس آیت میں لفظ مصیبت استعمال ہوا کہ جب تم پر مصیبت آئی عام طور پر اس سے مراد ستر مسلمانوں کا شہید ہونا لیا گیا ہے جبکہ ابوحیان رحمہ اللہ نے اس کے ایک اور معنی بھی لکھے ہیں وکفھم عن الثبات للقتال یعنی میدان میں ثابت قدمی سے جنگ نہ کر سکنا (یہ بھی مصیبت تھی جو ان پر آئی تھی) (البحر المحیط)

**۹ ان اللہ علی کل شئی قدیر** بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے ونبہ بذلك علی ان ما اصابهم كان لوهن فی دينهم لا لضعف فی قدرة الله (البحر المحيط)

یعنی اس جملہ سے اس بات پر تنبیہ فرمائی کہ مسلمانوں پر جو شکست آئی ہے وہ خود ان کی غلطی سے آئی ہے اللہ تعالیٰ کی قدرت میں کمزوری کی وجہ سے نہیں (اس کی قدرت میں کوئی کمزوری نہیں ہے)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۶۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾

اور جو کچھ تمہیں اس دن پیش آیا جس دن دونوں جماعتیں ملیں سو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوا اور تاکہ اللہ تعالیٰ ایمانداروں کو ظاہر کردے

## خلاصہ

غزوۂ احد کے دن جو کچھ پیش آیا وہ مقدر تھا (اور اس میں بہت سی حکمتیں تھیں جن میں سے ایک حکمت یہ تھی کہ) اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ظاہر کردے (یعنی علانیہ اس کا فیصلہ ہو جائے کہ مومن کون کون ہے اور منافق کون کون؟)

## اقوال

وما اصابكم يوم التقى الجمعان.

❶ يعني يوم احد من القتل والجرح والهزيمة (قرطبی)

یعنی احد کے دن تمہیں جو قتل، زخم اور شکست کے ذریعہ تکلیف پہنچی۔

❷ بہر حال (احد کے دن) جو کچھ ہوا اس (یعنی اللہ تعالیٰ) کے حکم و مشیت سے ہوا جس کا سبب تم تھے اور حکمت یہ تھی کہ ایک طرف ہر مومن مخلص کے ایمان و اخلاص کا اور دوسری جانب ہر منافق کے نفاق کا درجہ ظاہر ہو جائے، کھرے کھوٹے اور کچے پکے میں کسی کو کوئی التباس نہ رہے۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۶۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚۖ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

اور تاکہ منافقوں کو ظاہر کردے اور انہیں کہا گیا تھا کہ آؤ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑو

اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ۭ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ۭ هُمْ

یا دشمنوں کو دفع کرو تو انہوں نے کہا اگر ہمیں علم ہوتا کہ آج جنگ ہوگی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ چلتے وہ

لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ

اس وقت بہ نسبت ایمان کے کفر سے زیادہ قریب تھے وہ اپنے مونہوں سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے

مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿۱۶۷﴾

دلوں میں نہیں ہیں اور جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے

## خلاصہ

غزوۂ احد میں مسلمانوں کو شکست کے حالات اس لئے پیش آئے (تاکہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ظاہر کردے) اور ان لوگوں کو بھی ظاہر کردے جو منافق تھے مسلمانوں نے ان منافقوں کو بھی غزوۂ احد میں شرکت کے لئے بلایا تھا کہ تم خود کو مسلمان کہتے ہو تو آؤ اور ہمارے ساتھ ملکر جہاد کرو اور جہاد نہیں کرتے تو کم از کم دفاع تو کرو ان منافقین نے جواب دیا کہ اگر کوئی ڈھنگ کا مقابلہ ہوتا تو ہم تمہارے ساتھ چلتے (اتنے بڑے لشکر کے مقابلہ میں نکلنا تو محض خودکشی ہے)

اس دن یہ منافقین ظاہری طور پر بھی ایمان کی بنسبت کفر کے زیادہ قریب نظر آرہے تھے۔ ان کی زبانیں کچھ کہتی تھیں اور ان کے دل کچھ اور چھپاتے تھے اور جو کچھ وہ دل میں چھپاتے تھے وہ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔

## شانِ نزول

هي الى عبد الله بن ابي واصحابه الذين انصرفوامعه عن نصرة النبي صلى الله عليه وسلم وكانوا ثلثمائة فمشى في اثرهم عبدالله بن عمرو بن حرام الانصاري ابو جابر عبدالله فقال لهم اتقوالله ولا تتركوا نبيكم وقاتلوافي سبيل الله اوادفعوا ونحو هذا من القول فقال له ابن ابي ! ما ارى ان يكون قتال ولو علمنا ان يكون قتال لكنا معكم فلما يئس منهم. عبدالله قال: اذهبوا اعداء الله فسيغني الله رسوله عنكم ومضى مع النبي صلى الله

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

علیه وسلم واستشهد رحمه الله تعالیٰ (القرطبی)

یعنی اس آیت میں عبداللہ بن ابی اور اسکے ساتھیوں کا ذکر ہے یہ تین سو افراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت چھوڑ کر واپس مدینہ چلے گئے تھے، حضرت عبداللہ بن حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پیچھے گئے اور انہیں فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنے نبی کا ساتھ نہ چھوڑو آؤ اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑو یا (کم از کم) دفاع تو کرو اور اسی طرح کی اور باتیں کہیں، اس پر ابن ابی (منافق) نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ جنگ نہیں ہوگی، اگر مجھے جنگ ہوتی نظر آتی تو ہم تمہارے ساتھ نکل پڑتے، جب حضرت عبداللہ بن حرام ان سے مایوس ہوگئے تو فرمایا! جاؤ اللہ تعالیٰ کے دشمنو! اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو تمہارا احتیاج نہیں فرمائے گا پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے اور انہوں نے جام شہادت نوش فرمایا رحمہ اللہ تعالیٰ۔

## اقوال وحوالے

❶ ولیعلم الذین نافقوا اور اللہ تعالیٰ ظاہر کردے منافقین کو، ای لیمیز وقیل لیری وقیل لیظهر ایمان المومنین بثبوتهم فی القتال ولیظهر کفر المنافقین باظهارهم الشماتة (قرطبی)

یعنی مومن اور منافق کو الگ الگ کردے۔ یا مومن اور منافق کو دیکھ لے یا مومنوں کا ایمان جہاد میں ثابت قدمی کے ذریعہ ظاہر فرمادے اور منافقین کا کفران کی شماتت کے ذریعے ظاہر فرمادے۔

❷ قاتلوا فی سبیل الله او ادفعوا.

قاتلوا فی سبیل الله کا معنیٰ تو واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرو۔ مگر او ادفعوا (یا دفاع کرو) کا مطلب کیا ہے؟

چند اقوال ملاحظہ فرمایئے:

☆کثروا سوادنا وان لم تقاتلوا معنا (قرطبی عن السدی) یعنی ہماری تعداد بڑھاؤ اگرچہ جنگ میں حصہ نہ لو۔

☆یعنی ان کان فی قلبکم حب الدین والاسلام فقاتلوا للدین والاسلام وان لم تکونوا کذلك فقاتلوادفعا عن انفسکم واهلیکم واموالکم (تفسیر کبیر)

☆یعنی اگر تمہارے دل میں دین اور اسلام کی محبت ہے تو پھر اسلام کی خاطر جہاد کرو اور اگر دل میں دین کی محبت نہیں تو پھر بھی (کم از کم) اپنی جان، مال اور گھر والوں کے دفاع کے لئے جنگ میں حصہ لو (کیونکہ اگر مشرکین غالب آگئے تو وہ تمہیں بھی مسلمان سمجھ کر نہیں چھوڑیں گے)

☆انما هو استدعاء الی القتال حمية (قرطبی) یعنی او ادفعوا کا مطلب قومی غیرت کے لئے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جنگ کرنے کی دعوت ہے، کہ اگر دین کی خاطر نہیں لڑتے ہو تو کم از کم اپنی قوم کی خاطر تو جنگ میں شامل ہو جاؤ۔ ایسی دعوت انہیں بعض انصاری مسلمانوں نے دی تھی۔

❸ لو نعلم قتالاً لا اتبعنکم اگر ہم جنگ دیکھتے تو تمہارے ساتھ چل پڑتے۔ اس جملے کے مفہوم میں مفسرین کے کئی اقوال ہیں۔

☆ یعنی ہمیں جنگ ہوتی نظر نہیں آتی ورنہ ہم ضرور نکل پڑتے۔

☆ کوئی مناسب ڈھنگ کی جنگ ہوتی تو ہم نکلتے، اپنے سے کئی گنا طاقتور لشکر کا مقابلہ تو واضح خودکشی ہے۔

☆ اگر ہمیں جنگ کا تجربہ اور سلیقہ ہوتا تو ہم ضرور نکلتے مگر ہم تو ناواقف لوگ ہیں۔ چونکہ عبداللہ بن ابی کی رائے یہ تھی کہ مدینہ منورہ میں رہ کر مقابلہ کیا جائے مگر جب اس کی رائے نہیں مانی گئی تو اس نے طنزاً کہا کہ آپ لوگوں کے نزدیک ہم جنگ کی باریکیوں کو سمجھتے ہی نہیں اس لئے ہمارے جانے میں کیا فائدہ؟ تینوں میں سے جو مطلب بھی لیا جائے اس کا جھوٹ، فریب اور طنز ہونا بالکل واضح ہے۔ (تفسیر کبیر وغیرہ)

❹ هم للكفر يومئذ اقرب منهم للايمان

☆ اي بينوا حالهم، وهتكوا استارهم وكشفوا عن نفاقهم لمن كان يظن انهم مسلمون۔ (قرطبی)

☆ منافقین دل سے کافر اور زبان سے ایمان کا اظہار کرتے تھے اور اسی زبانی اسلام کی بنا پر مسلمانوں میں ملے جلے رہتے تھے، اس روز عین موقع پر پیغمبر علیہ السلام اور مسلمانوں کو چھوڑ کر چلے جانے اور جھوٹے حیلے تراشنے سے اچھی طرح نفاق کی قلعی کھل گئی اب ظاہر میں بھی بہ نسبت ایمان کے کفر سے زیادہ قریب ہو گئے اور اپنے فعل سے مسلمانوں کو نقصان اور کافروں کو تقویت پہنچائی۔ (تفسیر عثمانی)

## ایک ایمان افروز واقعہ

امام قرطبی رحمہ اللہ نے اس آیت مبارکہ کے ذیل میں ایک واقعہ لکھا ہے:

وقال انس بن مالك رأيت يوم القادسية عبدالله بن ام مكتوم الاعمىٰ وعليه درع يجر اطرافها وبيده رأية سوداء قيل له اليس قد انزل الله عذرك قال بلىٰ ولكني اكثر سواد المسلمين بنفسي (قرطبی)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے جنگ قادسیہ کے دن نابینا صحابی حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ زرہ پہن کر اسے گھسیٹتے پھر رہے ہیں اور انہوں نے ہاتھ میں کالا جھنڈا اٹھا رکھا ہے۔ ان سے عرض کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو معذور قرار نہیں دیا؟ فرمانے لگے کیوں نہیں؟ مگر میں مسلمانوں کی تعداد بڑھانے کے لئے نکلا ہوں۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ) ★★★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۶۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ

یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں حالانکہ خود بیٹھے رہے تھے اگر وہ ہماری بات مانتے تو قتل نہ کیے جاتے کہہ دو

فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۱۶۸

اگر تم سچے ہو تو اپنی جانوں سے موت کو ہٹا دو

## خلاصہ

ان منافقین کے جرائم میں یہ بھی شامل ہے کہ وہ خود تو جہاد میں شریک نہ ہوئے اور گھروں میں بیٹھے رہے دوسری طرف شہید ہونے والے مسلمانوں پر باتیں بناتے رہے کہ وہ اگر ہمارا کہا مان لیتے تو قتل نہ کیے جاتے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) فرما دیجئے (اے منافقو) تم خود کو موت سے بچا لو اگر تم سچے ہو (اپنی اس بات میں کہ میدان میں جانے سے ہلاکت ہوتی ہے)

## تفسیری اقوال

**❶ جہاد سے روکنے کی کوشش:**

یہ بھی منافقوں کا ایک شبہ مسلمانوں کو جہاد فی سبیل اللہ سے روکنے کے لئے کہ وہ اپنے ان بھائیوں کی نسبت جو کہ جنگ میں شہید ہو گئے یہ کہا کرتے تھے کہ اگر وہ ہمارا کہا مانتے تو مارے نہ جاتے چونکہ حیات (یعنی زندگی) ایک مرغوب چیز اور مرنے سے ڈرنا ایک طبعی بات ہے پھر جب اس کو اس شبہ سے قوت دیجائے تو خواہ مخواہ گھر میں چھپ کر بیٹھنے کو دل چاہے گا اس لئے خدا نے اس کا جواب دیا (تفسیر حقانی)

## فائدہ

یہ عبارت امام رازی رحمہ اللہ کے کلام کے مطابق ہے امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

فخوفوا من مراده موافقة الرسول في محاربة الكفار بالقتل لما عرفوا ماجرى يوم احد من الكفار على المسلمين من القتل لان المعلوم من الطباع محبة الحياة. (تفسیر کبیر) یعنی ان کی ان باتوں کا مقصد لوگوں کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد میں جانے سے روکنا تھا اور وہ لوگوں میں زندہ رہنے کا طبعی شوق بھڑکاتے تھے۔

❷ یہ احمق پھر اسی پر قناعت نہیں کرتے، بلکہ اپنے مشوروں کی اہمیت، اصابت رائے اور دانشمندی جتانے کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لئے کہتے ہیں کہ اگر وہ مسلمان بھی ہمارا کہنا مان لیتے جو جنگ میں شریک ہوئے ہیں تو ہرگز قتل نہ ہوتے اور نہ ان کے مما لک ان کے قبضے سے نکلتے ان سے کہہ دو کہ اگر تمہاری بات ماننے سے انسان نہیں مرتا، اور تمہاری صحبت و یکجائی زندگی بخش ہے تو ذرا اپنی موت کو تو ٹال دو، جب ایسا نہیں کر سکتے اور وہ ضرور آ کر رہے گی تو اس موت سے یقیناً یہ بہتر ہے کہ ایک مسلم جہاد فی سبیل اللہ میں اپنی جان دے دے۔ (تفسیر الفرقان)

❸ وقعدوا اور وہ بیٹھے رہے۔

قالوا هذا القول وقعدوا بانفسهم عن الجهاد (قرطبی) ومعنیٰ هذا القعود القعود عن الجهاد (تفسیر کبیر)

یعنی بیٹھے رہنے سے مراد یہ ہے کہ جہاد میں نہیں نکلے۔

❹ قالوا لاخوانهم ای قالوا لا جل اخوانهم انہوں نے اپنے بھائیوں کے بارے میں کہا۔ (التفسیر الکبیر)

❺ قالوا لاخوانهم وهم الشهداء المقتولون من الخزرج وهم اخوة نسب ومجاورة لا اخوة الدين (قرطبی)

ان کے بھائیوں سے مراد قبیلہ خزرج کے شہید ہونے والے مسلمان تھے جو ان منافقین کے نسب اور پڑوس کے اعتبار سے بھائی تھے نہ کہ دین کے اعتبار سے۔

وقيل لا شكالهم من المنافقين اور ایک قول یہ ہے کہ منافقین نے یہ بات اپنے جیسے منافقین کے بارے میں کہی تب ان کے دینی بھائی مراد ہونگے۔ (قرطبی)

## نکتہ

### جہاد کے دوران منافقین کے طرز عمل کا خلاصہ:

* جنگ احد کا معاملہ منافقوں کے لئے جو مخلص مسلمانوں کے ساتھ ملے جلے زندگی بسر کر رہے تھے، ایک فیصلہ کن آزمائش تھی، اس موقع پر ان کا نفاق پوری طرح کھل گیا، جنگ کے ابتدائی مشورے سے لیکر جنگ کے بعد تک کوئی موقع ایسا نہیں کہ فتنہ پردازی سے باز رہے ہوں، جب کثرت رائے سے یہ بات قرار پائی کہ شہر سے باہر نکل کر مقابلہ کرنا چاہیے تو لوگوں کو بہکانے لگے کہ باہر نکل کے لڑنا موت کے منہ میں جانا ہے جب ان سے کہا گیا کہ اچھا شہر کی مدافعت کرو تو لگے طرح طرح کے حیلے بہانے کرنے، کہتے تھے کہ ہمیں امید نہیں کہ لڑائی کی نوبت آئے اگر امید ہوتی تو ضرور تیاری کرتے، پھر جب (بعض) لوگوں کی کمزوری اور نافرمانی سے فتح ہوتے ہوتے شکست ہوگئی تو انہیں فتنہ و شرارت کا نیا موقع ہاتھ آ گیا کبھی کہتے یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ ہماری بات نہیں مانی گئی، کبھی کہتے روز روز کی لڑائیوں سے فائدہ؟ نجات اسی میں ہے کہ دشمنوں کو راضی کر لیا جائے، مقصود یہ تھا کہ کسی نہ کسی طرح مسلمانوں کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دلوں میں مایوسی اور ہراس پیدا کردیں اور ان کی کوئی بات بھی ٹھیک طور پر بن نہ سکے، ان آیات میں منافقوں کی جو نفسیاتی حالت دکھائی گئی ہے وہ کوئی مخصوص صورتحال نہیں ہے اگر غور کروگے تو معلوم ہوجائے گا کہ جماعت کے کمزور اور مذبذب افراد ہمیشہ ایسی ہی صورتحال پیدا کردیا کرتے ہیں"۔ (ترجمان القرآن)

❻ قل فادرؤا عن انفسکم الموت فرمادیجئے کہ دور کردو اپنے آپ سے موت کو اگر تم سچے ہو۔

"یعنی اگر گھر میں بیٹھ رہنے سے جان بچ سکتی ہے تو دیکھیں موت کو گھر میں کس طرح نہ آنے دیں گے۔ اگر یہاں رہ کر بھی موت پیچھا نہیں چھوڑتی تو پھر بہادروں کی طرح میدان میں عزت کی موت کیوں نہ مریں (عثمانی)

❼ وقال ابو اللیث السمرقندی :سمعت بعض المفسرین بسمرقند یقول ، لما نزلت الایة قل فادرء وا عن انفسکم الموت مات یومئذ سبعون نفسا من المنافقین (قرطبی)

امام ابواللیث سمرقندی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے سمرقند میں کسی مفسر سے سنا وہ فرمارہے تھے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی (ترجمہ: اے منافقو! اگر تم سچے ہو تو خود کو موت سے بچالو) تو اسی دن ستر منافقین مرگئے۔

یعنی منافقین کہہ رہے تھے کہ جہاد میں جانے سے موت آتی ہے احد کے شہداء اگر ہماری طرح گھروں میں بیٹھے رہتے تو نہ مرتے تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ تم لوگ بھی مرہی جاؤ گے اور پھر اسی دن ان میں سے ستر افراد مرگئے۔ واللہ اعلم

## تنبیہ

یہ روایت بلاسند ذکر کی گئی ہے چنانچہ تفسیر قرطبی کے محشی لکھتے ہیں:

تفرد بذکرہ ابو اللیث وھو معضل لا حجة فیه ولو صح لجاء مسندا (حاشیہ قرطبی)

## فائدہ

شہداء احد بھی دنیا میں نہ رہے اور ان کی شہادت پر آوازیں کسنے والے منافقین بھی اس دنیا کو چھوڑ گئے۔ یہ دنیا فانی ہے، سب نے ضرور جانا ہے البتہ شہداء احد سعادتوں کی جھولیاں بھر کے لے گئے اور منافقین ذلت، رسوائی اور ناکامی کا بوجھ اٹھا کر مرے۔ مرنا سب نے ہے مگر قسمت اپنی اپنی ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں شہادت وسعادت نصیب فرمائے اور نفاق سے ہماری حفاظت فرمائے۔ اگلی آیت میں بتایا کہ (یہ منافق تو مرجائیں گے) اور جن کے بارے میں یہ شور مچا رہے ہیں کہ وہ مرگئے، وہ مرگئے وہ تو زندہ ہیں اپنے رب کے پاس کھاپی رہے ہیں مزے کررہے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۶۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے گئے ہیں انہیں مردے نہ سمجھو بلکہ وہ زندہ ہیں

عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝١٦٩

اپنے رب کے ہاں سے رزق دیے جاتے ہیں

## خلاصہ

ازبیان القرآن

''اور (اے مخاطب) جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں (یعنی دین کے واسطے) قتل کئے گئے ان کو (دوسرے مردوں کی طرح) مردہ خیال نہ کرو بلکہ وہ لوگ (ایک ممتاز حیات کے ساتھ) زندہ ہیں (اور) اپنے پروردگار کے مقرب (یعنی مقبول ہیں) ان کو رزق بھی ملتا ہے''۔

## شانِ نزول

❶ شہداء کرام کو جب اللہ پاک کے ہاں عزت اونچے مقامات، اعلیٰ روزی اور خوشیاں ملیں تو انہوں نے کہا کاش پیچھے رہ جانے والے مسلمانوں تک ہماری ان نعمتوں کی خبر پہنچ جائے تا کہ ان کا شوق جہاد بڑھ جائے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا میں ان تک تمہاری خبر پہنچاتا ہوں اس کے بعد یہ آیات نازل فرمائیں۔

❷ جو حضرات شہید ہو گئے ان کے گھر والے جب دنیا کی کوئی نعمت اور خوشی پاتے تو حسرت سے کہتے ہم تو مزے اور سرور میں ہیں اور ہمارے شہید بھائی قبور میں ہیں۔ تب یہ آیات نازل ہوئیں اور بتایا گیا کہ اصل مزے اور سرور میں تو وہی لوگ ہیں جو شہید ہو چکے ہیں۔

وهل سبب ذلك قول من استشهد، وقد دخل الجنة فاكل من ثمارها من يبلغ عنا اخواننا انا فى الجنة ترزق لا تزهدوا فى الجهاد فقال الله انا ابلغ عنكم فنزلت، أو قول من لم يستشهد من اولياء الشهداء اذا اصابتهم نعمة نحن فى النعمة والسرور وآباؤنا واخواننا فى القبور فنزلت (القرطبى، والبحر المحيط، واللفظ له)

## شہداء احد بدر یا بئر معونہ

وقال ابو الضحیٰ: نزلت هذه الآية فى اهل احد خاصة (قرطبى) ابوالضحیٰ فرماتے ہیں کہ یہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آیت خصوصی طور پر شہداء احد کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

وقال بعضهم: نزلت في شهداء بدر (قرطبي)

اور بعض مفسرین کے نزدیک یہ آیت شہداء بدر کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

وقيل نزلت في شهداء بئر معونة (قرطبي) اور ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت شہداء بئر معونہ کے متعلق نازل ہوئی۔

## امام رازی رحمہ اللہ کی عجیب تقریر

هذا الآية واردة في شهداء بدر واحد لان في وقت نزول هذه الآية لم يكن احد من الشهداء الا من قتل في هذين اليومين. یہ آیت شہداء بدر اور شہداء احد کے بارے میں نازل ہوئی کیونکہ آیت کے نزول کے وقت انہیں دو مشہور دنوں میں قتل ہونے والوں کے علاوہ مسلمانوں میں کوئی شہید نہیں تھا۔

والمنافقون انما ينفرون المجاهدين عن الجهاد لئلا يصيروا مقتولين مثل من قتل في هذين اليومين من المسلمين اور منافقین مجاہدین کو یہی بتا کر جہاد سے دور کرنے کی کوشش کرتے تھے کہ تم بھی ان دونوں کے مقتولین کی طرح مارے جاؤ گے۔ (اگر تم ہماری بات مان کر جہاد سے باز نہ آئے) والله تعالى بين فضائل من قتل في هذين اليومين ليصير ذلك داعياً الى التشبه بما جاهد في هذين اليومين وقتل۔

اللہ تعالیٰ نے ان دونوں میں قتل ہونے والوں کے فضائل (اس آیت میں) بیان فرمادیئے تاکہ مسلمانوں کو اس بات کی دعوت دی جائے کہ وہ بھی بدر و احد کے جہاد میں شہید ہونے والوں جیسے بنیں۔

وتحقيق الكلام ان من ترك الجهاد فربما وصل الى نعيم الدنيا و ربما لم يصل وبتقدير ان يصل اليه فهو حقير وقليل ومن اقبل على الجهاد فاز بنعيم الآخرة قطعاً وهو نعيم عظيم ومع كونه عظيماً فهو دائم مقيم واذا كان الامر كذلك ظهر أن الاقبال على الجهاد افضل من تركه۔

اور مطلب اس کلام کا یہ ہے کہ جو شخص جہاد چھوڑتا ہے وہ کبھی دنیا کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتا ہے اور کبھی نہیں، اور اگر فائدہ اٹھا بھی لے تو دنیا کی نعمتیں تھوڑی اور حقیر ہیں۔ اور جو شخص جہاد میں جاتا ہے تو وہ یقیناً آخرت کی نعمتیں حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور آخرت کی نعمتیں عظیم ہونے کے ساتھ ساتھ دائمی اور پائیدار بھی ہیں۔ تو جب معاملہ اس طرح ہے تو پھر جہاد میں نکلنا جہاد چھوڑنے سے بہتر ہی ہوا۔ (التفسیر الکبیر)

## ربط

ماقبل کی آیت سے ربط واضح ہے، منافقین لوگوں کو جہاد سے روک رہے تھے اور وجہ یہ بتا رہے تھے کہ جہاد میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

موت آتی ہے، دیکھو احد میں کتنے لوگ مارے گئے، وہ اگر ہماری بات مان لیتے اور جہاد میں نہ جاتے تو بچ جاتے۔ ان منافقین کو جواب دیا گیا کہ موت تو اپنے وقت پر آتی ہے تم لوگ جو گھروں میں بیٹھے ہو موت سے نہیں بچ سکو گے۔ اور اس آیت میں یہ جواب دیا گیا کہ جس موت سے تم لوگوں کو ڈرا رہے ہو وہ موت تو حقیقت میں مزیدار ترین زندگی ہے۔ (مفصلہ تفسیر کبیر)

❷ شہداء کا اتنا اونچا مقام بتا کر شکست کا غم دھویا جا رہا ہے اور مسلمانوں کو دوبارہ ابھرنے کی ہمت دلائی جا رہی ہے، جیسا کہ پچھلی کئی آیات سے یہ مضمون چل رہا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دو احادیث

علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے اس آیت کے شان نزول میں مسند احمد اور ترمذی کی دو مرفوع احادیث ذکر فرمائی ہیں، ان کا ترجمہ ملاحظہ فرمایئے:

❶ أخرج الامام احمد وجماعة عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الـخ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جب تمہارے بھائی احد میں قتل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی ارواح سبز پرندوں کے جسموں میں داخل کر دیں، وہ جنت کی نہروں پر اترتے ہیں، جنت کے پھل کھاتے ہیں، اور عرش کے سائے میں لٹکی ہوئی سونے کی قندیلوں میں رہتے ہیں، جب انہوں نے اپنے لئے اتنا عمدہ اور بہترین کھانا، پینا اور رہنا دیکھا تو کہنے لگے۔ کون ہمارے بھائیوں تک خبر پہنچائے گا کہ ہم جنت میں زندہ ہیں اور ہمیں رزق ملتا ہے تا کہ (ہمارے بھائی) جہاد نہ چھوڑیں اور جنگ میں کمزوری نہ دکھائیں اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں تمہاری طرف سے ان تک یہ بات پہنچا دوں گا، پھر یہ آیات نازل ہوئیں (روح المعانی)

❷ واخـرج الترمذی وحسنه والحاكم وصححه وغيرهما عن جابر بن عبد الله قال الخ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ملے تو ارشاد فرمایا اے جابر کیا ہوا؟ میں تمہیں پریشان دیکھتا ہوں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے والد شہید ہو گئے ہیں اور پیچھے قرضہ اور عیال چھوڑ گئے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تمہیں خوشخبری نہ سناؤں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد سے کس طرح ملاقات فرمائی میں نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمایئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جس سے بھی کلام فرماتے ہیں پردے کے پیچھے سے کلام فرماتے ہیں مگر تیرے والد کو اللہ تعالیٰ نے زندہ فرما کر بلا حجاب کلام فرمایا اور ارشاد فرمایا اے میرے بندے مجھ سے جو چاہو مانگو میں عطاء فرماؤں گا انہوں نے عرض کیا اے میرے رب مجھے زندہ فرما دیجئے (یعنی دنیا میں بھیج دیجئے) تا کہ میں دوبارہ آپ کی خاطر شہید کیا جاؤں رب تعالیٰ نے فرمایا میری طرف سے پہلے یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ (دنیا میں) واپسی نہیں ہوگی انہوں نے عرض کیا ٹھیک ہے میرے رب میرے پیچھے والوں کو (میری خبر) پہنچا دیجئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ (روح المعانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بل أحياء: بلکہ شہداء زندہ ہیں۔

❶ **کلام برکت**

شہیدوں کو مرنے کے بعد ایک طرح کی زندگی (حاصل) ہے کہ اور مردوں کو (حاصل) نہیں (ہے) کھانا، پینا اور عیش اور خوشی ان (شہیدوں) کو پوری (طرح حاصل) ہے (ان کے علاوہ) اوروں کو قیامت کے بعد ہوگی۔ (موضح القرآن)

❷ (جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے جاتے ہیں) ایسے مقتول کو شہید کہتے ہیں اور اسکی نسبت گو یہ کہنا کہ وہ مر گیا صحیح اور جائز ہے لیکن اسکی موت کو دوسرے مردوں کی سی موت سمجھنے کی ممانعت کی گئی ہے وجہ اسکی یہ ہے کہ بعد مرنے کے گو برزخی حیات (یعنی برزخ کی زندگی) ہر شخص کی روح کو حاصل ہے اور اسی سے جزا و سزا کا ادراک ہوتا ہے لیکن شہید کو اس حیات میں اور مردوں سے ایک گونہ امتیاز ہے اور وہ امتیاز یہ ہے کہ اسکی یہ حیات آثار میں اوروں سے قوی ہے۔ پس اس حیات میں سب سے قوی تر انبیاء علیہم السلام ہیں پھر شہداء پھر اور معمولی مردے۔ (بیان القرآن)

❸ ان لوگوں کو جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے گئے ہیں یہ نہ سمجھو کہ وہ مر گئے بلکہ وہ اپنے خدا کے پاس زندہ ہیں اور یہ زندگی کچھ فرضی نہیں جیسا کہ نیک نام کو لوگ مجازاً زندہ کہہ دیا کرتے ہیں اس معنی سے کہ لوگوں میں اس کا نام زندہ ہے بلکہ ان کو حیات جاودانی اور حقیقی زندگی (حاصل) ہے وہ یرزقون روزی دیے جاتے ہیں۔ شہیدوں کے زندہ ہونے سے ابوالقاسم وغیرہ معتزلہ نے یہ مراد لی ہے کہ وہ قیامت کو زندہ کیے جاویں گے اہلسنت کے نزدیک یہ قول غلط ہے اس لئے کہ خدا تعالیٰ ان کو احیاء (یعنی بالفعل زندہ ہیں) فرما رہا ہے۔ وہ احادیث جو شہیدوں کے بالفعل زندہ ہونے پر دلالت کر رہی ہیں حد تواتر کو پہنچ گئی ہیں صحاح اور دیگر کتب حدیث ان سے مالا مال ہیں۔ بعض حمقاء نے اس سے مجازی معنی مراد لیے ہیں کہ ان کا نام زندہ رہتا ہے کیونکہ (وہ) قوم اور ملت پر قربان ہوئے ہیں مگر یہ بھی لغو (یعنی فضول بات) ہے کیونکہ سیاق اور سباق کلام (اللہ) اور احادیث اور اجماع امت کے برخلاف اور تاویل باطل ہے۔ (تفسیر حقانی)

**نکتہ**

اگر صرف یہ کہا جائے کہ شہید کی روح زندہ ہوتی ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ عام مردوں کی روح بھی زندہ ہوتی ہے۔ اگر کہا جائے کہ شہید کو حیات برزخی حاصل ہے تو عام مردوں کو بھی حیات برزخی حاصل ہے۔ پھر فرق کیا ہے؟ قرآن پاک بار بار سمجھا رہا ہے کہ شہید عام مردوں کی طرح نہیں ہے۔ یعنی اس میں اور عام مردوں میں بہت فرق ہے۔ قرآن پاک سمجھا رہا ہے کہ شہید "زندہ" ہے اگر اس سے مراد صرف یہ ہو کہ اسکی روح زندہ ہے تو یہ کوئی خاص بات ہے۔ یہ خصوصی زندگی کیا ہے (جو قتل ہوتے ہی اس طرح سے فوراً شروع ہو جاتی ہے کہ گویا کہ دنیا والی زندگی ختم ہی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوئی) اور اس زندگی کی حقیقت اور کیفیت کیا ہے؟ اس کو کما حقہ سمجھنا تو انسان کے بس کی بات نہیں تاہم حضرات مفسرین اور فقہاء کرام نے اس پر تفصیلی کلام فرمایا ہے۔ یہاں اکابر کی وہ بعض عبارتیں ذکر کر دی گئیں ہیں جن میں بہت بلیغ اشارات موجود ہیں۔ صاحب تفسیر حقانی نے اس موقع پر معتزلہ کے مسلک کی خوب تردید فرمائی ہے جو حیات شہداء کے منکر ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

حضرت لاہوری رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

جو لوگ شہید ہو گئے وہ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے لطف اٹھا رہے ہیں جس طرح زندگی میں انسان نعمتوں سے متمتع ہوتا ہے (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

**فائدہ**

شہداء زندہ ہیں، اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت مقرب ہیں، انہیں رزق دیا جاتا ہے۔ ان باتوں پر ایمان لانا ضروری ہے، یہ فضائل ہر سچے مسلمان کے دل میں شوق شہادت پیدا کرنے کے لئے کافی ہیں اور یہ ان تمام وسوسوں کا جواب ہیں جو جہاد کے بارے میں دنیا پرست منافق ہر زمانے میں پھیلاتے ہیں ان کو شہادت (نعوذ باللہ) ہلاکت نظر آتی ہے کیونکہ دنیا کی زندگی اور اسکی نعمتیں ان کا مقصود ہوتی ہیں (واللہ اعلم بالصواب)

عند ربهم عندهنا تقتضي غاية القرب (قرطبی)

مقربون عنده ذو و زلفى (کشاف) یعنی شہداء کو اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت قرب حاصل ہے وہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی مقرب ہیں۔ یرزقون انہیں رزق دیا جاتا ہے مثل ما یرزق سائر الاحياء يأكلون ويشربون یعنی جس طرح تمام زندوں کو رزق دیا جاتا ہے وہ کھاتے پیتے ہیں۔ (کشاف) "اور رزق ملنے کی کیفیت احادیث صحیحہ میں وارد ہے کہ ان کی ارواح قنادیل عرش میں رہتی ہیں اور جنت کی انہار سے پانی پیتی ہیں اور اس کے اثمار (یعنی پھلوں) سے کھاتی ہیں رواه احمد وابو داؤد والحاكم عن ابن عباس مرفوعاً كذافي لباب النقول میں کہتا ہوں کہ یہ حصہ انہار و ثمار کا کسی ایسے مقام سے مل جاتا ہوگا جو جنت کے متعلق ہوگا پس یہ اشکال لازم نہیں آتا کہ جنت میں جا کر پھر حشر کے وقت کیسے نکالے جاویں گے (بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۷۰، ۱۷۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے جو انہیں دیا ہے اس پر خوش ہونے والے ہیں اور ان کی طرف سے بھی خوش ہوتے ہیں جو

لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ

ابھی تک ان کے پیچھے سے ان کے پاس نہیں پہنچے اس لیے کہ نہ ان پر خوف ہے اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ

غم کھائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل سے خوش ہوتے ہیں اور اس بات سے کہ اللہ تعالیٰ

لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾

ایمان والوں کی مزدوری کو ضائع نہیں کرتا

### خلاصہ

(اور) وہ (شہداء کرام) خوش ہیں اس چیز سے جو ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل (اور کرم) سے عطاء فرمائی (مثلاً درجات قرب وغیرہ یعنی رزق حسی (کھانا پینا وغیرہ) بھی ملتا ہے اور رزق معنوی یعنی مسرت (اور خوشی بھی) اور (جس طرح وہ اپنے حال پر خوش ہیں اس طرح) جو لوگ (ابھی دنیا میں زندہ ہیں اور اس وجہ سے) ان کے پاس نہیں پہنچے (بلکہ) ان سے پیچھے (دنیا میں) رہ گئے ہیں ان کی بھی اس حالت پر وہ (شہداء) خوش ہوتے ہیں کہ (اگر وہ بھی شہید ہو جاویں تو ہماری طرح) ان پر بھی کسی طرح کا خوف (ناک سانحہ) واقع ہونے والا نہیں اور نہ وہ (کسی طرح) مغموم ہوں گے (غرض انکو دو خوشیاں حاصل) ہیں اپنی بھی اور اپنے تعلق والوں کی بھی آگے ان دونوں خوشیوں کا سبب بتلاتے ہیں) وہ (اپنی حالت پر تو) خوش ہوتے ہیں بوجہ نعمت و فضل خداوندی کے (جو ان کے ساتھ مبذول ہے یعنی ان کی طرف متوجہ ہے) اور (دوسروں کی حالت پر خوش ہوتے ہیں) بوجہ اس کے کہ (وہاں جا کر آنکھوں سے دیکھ لیا کہ) اللہ تعالیٰ اہل ایمان (کے اعمال) کا اجر ضائع نہیں فرماتے (بلکہ جس درجہ کا عمل ہوتا ہے اسی درجہ کا اجر دیتے ہیں پس شہادت کہ "افضل الاعمال" ہے اس پر "افضل اجور" (یعنی افضل ترین اجر) ملے گا جس کے لوازم میں سے ہے کہ اصلاً (یعنی بالکل) خوف و حزن نہ ہو (بیان القرآن)

### جامع و مختصر تفسیر

"یعنی گھر میں بیٹھے رہنے سے موت تو رک نہیں سکتی ہاں آدمی اس موت سے محروم رہتا ہے جس کو موت کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بجائے حیات جاودانی کہنا چاہیے۔شہیدوں کو مرنے کے بعد ایک خاص طرح کی زندگی ملتی ہے جو اور مردوں کو نہیں ملتی ان کو حق تعالیٰ کا ممتاز قرب حاصل ہوتا ہے۔بڑے عالی درجات و مقامات پر فائز ہوتے ہیں،جنت کا رزق آزادی سے پہنچتا ہے،جس طرح ہم اعلیٰ درجے کے ہوائی جہازوں میں بیٹھ کر ذرا سی دیر میں جہاں چاہیں اڑے چلے جاتے ہیں،شہداء کی ارواح ''حواصل طیور خضر'' (یعنی سبز پرندوں کے جسموں میں) داخل ہو کر جنت کی سیر کرتی رہتی ہیں ''ان طیور خضر'' کی کیفیت وکلانی کو اللہ تعالیٰ ہی جانے،وہاں کی چیزیں ہمارے احاطۂ خیال میں کہاں آسکتی ہیں؟ اس وقت شہداء بے حد مسرور و مبتہج ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دولت شہادت عنایت فرمائی،اپنی عظیم نعمتوں سے نوازا اور اپنے فضل سے ہر آن مزید انعامات کا سلسلہ قائم کر دیا،جو وعدے شہیدوں کے لئے پیغمبر علیہ السلام کی زبانی کئے گئے تھے انہیں آنکھوں سے مشاہدہ کر کے بے انتہا خوش ہوتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کی محنت ضائع نہیں کرتا بلکہ خیال و گمان سے بڑھ کر بدلہ دیتا ہے،پھر نہ صرف یہ کہ اپنی حالت پر شاداں و فرحاں ہوتے ہیں بلکہ اپنے ان مسلمان بھائیوں کا تصور کر کے بھی انہیں ایک خاص خوشی حاصل ہوتی ہے جن کو اپنے پیچھے جہاد فی سبیل اللہ اور دوسرے امور خیر میں مشغول چھوڑ آتے ہیں کہ وہ بھی اگر ہماری طرح اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے گئے یا کم از کم ایمان پر مرے تو اپنی حیثیت کے موافق ایسی ہی پر لطف اور بے خوف زندگی کے مزے لوٹیں گے نہ ان کو اپنے آگے کا ڈر ہوگا نہ پیچھے کا غم،مامون و مطمئن سیدھے خدا کی رحمت میں داخل ہو جائیں گے،بعض روایات میں ہے کہ شہدائے احد یا شہدائے بئر معونہ نے خدا کے ہاں پہنچ کر تمنا کی تھی کہ کاش ہمارے اس عیش و تنعم کی خبر کوئی ہمارے بھائیوں تک پہنچا دے تا (کہ) وہ بھی اس (شہادت والی) زندگی کی طرف جھپٹیں اور جہاد سے جان نہ چرائیں حق تعالیٰ نے فرمایا کہ میں (یہ خبر) پہنچاتا ہوں،اس پر یہ آیات نازل کیں اور ان کو مطلع کر دیا گیا کہ ہم نے تمہاری تمنا کے موافق خبر پہنچا دی اس پر وہ اور زیادہ خوش ہوئے (تفسیر عثمانی)

## اقوال و حوالے

❶ ویستبشرون بالذین لم یلحقوابھم من خلفھم
(وہ پیچھے رہ جانے والوں کے بارے میں بھی خوش ہوتے ہیں)

☆قال السدی: یؤتی الشھید بکتاب فیه ذکر من یقدم علیه من اخوانه فیستبشر کما یستبشر اھل الغائب بقدومه (قرطبی)

سدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں شہید کو ایک فہرست دی جائے گی جس میں اس کے ان بھائیوں (یعنی مسلمانوں) کے نام ہونگے جو (شہید ہو کر) اس کے پاس پہنچیں گے پس وہ ایسے خوش ہوگا جس طرح کسی گمشدہ آدمی کے گھر والے اس کی واپسی کی خبر پر خوش ہوتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

☆وقال قتادة وابن جريج والربيع وغيرهم:استبشارهم بانهم يقولون: اخواننا الذين تركنا خلفنافي الدنيا يقاتلون في سبيل الله مع نبيهم فيستشهدون فينا لون من الكرامة مثل مانحن فيه فيسرون ويفرحون لهم بذلك (قرطبي)۔ یعنی ان کی خوشی کی وجہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں ہمارے جو بھائی جہاد میں مشغول ہیں وہ بھی شہید ہو کر آئیں گے تو ایسے انعامات پائیں گے۔

☆وقيل ان الاشارة بالا ستبشار للذين لم يلحقوا بهم الى جميع المومنين وان لم يقتلوا الخ (قرطبي)

یعنی ایک قول یہ ہے کہ وہ پیچھے رہ جانے والے تمام مسلمانوں کے بارے میں خوش ہوں گے وہ شہید ہوں یا نہ ہوں کیونکہ انہیں اللہ تعالیٰ کے انعامات حاصل کر کے دین اسلام کے برحق ہونے کا عین الیقین حاصل ہو جائے گا۔

☆وقال سعيد بن جبير رحمه الله لما دخلوا الجنة ورأوا مافيها من الكرامة للشهداء قالو...... الخ۔

حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ شہداء جب جنت میں داخل ہوئے اور انہوں نے اس میں شہداء کے اعلیٰ اعزاز و اکرام کو دیکھا تو کہنے لگے کاش ہمارے دنیا میں رہ جانے والے بھائیوں کو اس اعزاز و اکرام کا علم ہو جائے تاکہ وہ خود جہاد میں نکلیں اور لڑائی میں حصہ لے کر شہید ہوں اور پھر ہماری طرح یہ اعزاز و اکرام پائیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی بات پہنچادی پھر ان سے فرمایا کہ ہم نے تمہاری بات اور تمہاری موجودہ حالت کی خبر پہنچادی ہے، اس پر شہداء خوش ہوئے۔ (یعنی پیچھے والوں تک خبر پہنچنے سے انہیں خوشی ہوئی آیت میں اس کا ذکر ہے) (تفسیر ابن کثیر)

❷ ان (شہداء) کو وہاں ہر وقت خدا کی بے شمار نعمتوں سے فرحت اور سرور بھی (حاصل) ہے اور جو لوگ ان کے اقارب اور دوستوں میں سے ابھی زندہ ہیں اور ان (شہیدوں) کو ان (اقارب اور دوستوں) کی طرف سے فکر ہے کہ دیکھئے! وہ کیسے اعمال کرتے ہیں اور مر کر کہاں جاتے ہیں: جیسا کوئی مسافر منزل سخت اور ہولناک طے کر کے اپنے مقام پر جہاں ہر قسم کا آرام ہے پہنچ جائے۔ اور اس کے متعلق (یعنی تعلق والے) لوگ پیچھے ہوں اور اس کو فکر ہو کہ دیکھئے! (وہ لوگ) منزل کیونکر (یعنی کس طرح) طے کرتے ہیں سو ان (شہداء) کو وہاں خوشی سنائی جاتی ہے کہ تمہاری برکت سے ان پر بھی کچھ خوف و غم نہیں وہ بھی تمہارے ہی پاس آتے ہیں (عالم روحانی میں ان احیاء (زندہ شہیدوں) کو دنیا کا علم اور اشتیاق بھی رہتا ہے) اور یہ بھی مژدہ سنایا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مؤمنوں کے اجر اور دینی خدمت کو ضائع نہیں کرتا۔ تم اپنی نوکری پوری کر چکے ہو اب تم پر رحمت ہے (تفسیر حقانی)

❸ يستبشرون بنعمة من الله وفضل ۔ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل پر خوش ہوتے ہیں۔

حضرات مفسرین کے نزدیک نعمت سے مراد ان کے اعمال کا اجر جنت، مغفرت وغیرہ اور فضل سے مراد استحقاق

www.KitaboSunnat.com

سے بڑھ کر مزید انعامات (جن کو رب تعالیٰ ہی جانتا ہے)

☆ای بجنة من الله ویقال: بمغفرة من الله وفضل هذا لزیادة البیان والفضل داخل فی النعمة، وفیه دلیل علی اتساعها وانها لیست کنعم الدنیا (قرطبی)

☆نعمت یہ کہ اجر انہیں پورا پورا مل رہا ہے ای ثوابا لاعمالهم (بیضاوی) فضل یہ کہ انعام واکرام استحقاق سے کہیں بڑھ کر ملا ای زیادة علیه (بیضاوی) (تفسیر ماجدی)

## ایک حدیث شریف

امام قرطبی رحمہ اللہ نے نعمت اور فضل کی تفسیر اس حدیث پاک سے فرمائی ہے:

عن المقدام بن معدی کرب قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم للشهید عند الله ست خصال یغفر له فی اول دفعة ویری مقعده من الجنة ویجار من عذاب القبر ویأ من الفزع الاکبر ویوضع علی راسه تاج الوقار الیاقوتة منها خیر من الدنیا وما فیها ویزوج اثنتین وسبعین زوجة من الحور العین ویشفع فی سبعین من اقاربه (قرطبی).

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ شہید کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں چھ انعامات ہیں۔ پہلے ہی لمحے اسکی بخشش کر دی جاتی ہے۔ وہ جنت میں اپنا ٹھکانا دیکھ لیتا ہے۔ اسے عذاب قبر سے بچا دیا جاتا ہے۔ اور وہ (قیامت کے دن کے) بڑے خوف سے مامون رہتا ہے۔ اور اس کے سر پر وقار کا تاج رکھا جاتا ہے جس کا ایک موتی دنیا و مافیھا سے بہتر ہے اور بہتر (۷۲) حورعین سے اسکی شادی کرا دی جاتی ہے اور اس کے اقارب میں سے ستر کے حق میں اسکی شفاعت قبول کی جاتی ہے۔ ترمذی کی یہ روایت لکھنے کے بعد امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

وهذا تفسیر للنعمة والفضل والآثار فی هذا المعنیٰ کثیرة وروی عن مجاهد انه قال السیوف مفاتیح الجنة (قرطبی)

یہ ہے نعمت اور فضل کی تفسیر۔ اور اس بارے میں آثار بہت زیادہ ہیں مجاہد رحمہ اللہ کے بارے میں آتا ہے کہ انہوں نے فرمایا تلواریں جنت کی چابیاں ہیں۔ (قرطبی)

## دعاء

اللهم یا ربنا یا ربنا یا ربنا یا ربنا یا ربنا ارزقنا شهادة فی سبیلك.

★★★

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران آیت ۱۷۲ تا ۱۷۵ کے مضامین غزوہ حمراء الاسد اور غزوہ بدر موعد سے متعلق ہیں، اس لیے ان آیات مبارکہ کی تفسیر پڑھنے سے پہلے ان دونوں غزوات کا مختصر تذکرہ ملاحظہ فرمائیں!

# غزوہ حمراء الاسد

**۱۶ شوال یوم یکشنبہ ۳ھ**

قریش جب جنگ احد سے واپس ہوئے اور مدینہ سے چل کر مقام روحاء میں ٹھہرے تو یہ خیال آیا کہ کام ناتمام رہا جب ہم محمد کے بہت سے اصحاب کو قتل کر چکے اور بہت سوں کو زخمی تو بہتر یہ ہے کہ پلٹ کر دفعۃً مدینہ پر حملہ کر دینا چاہیے مسلمان اس وقت بالکل خستہ اور زخمی ہیں مقابلہ کی تاب نہ لا سکیں گے، صفوان بن امیہ نے کہا کہ بہتر یہ ہے کہ مکہ واپس چلو۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اصحاب جوش میں بھرے ہوئے ہیں ممکن ہے کہ دوسرے حملہ میں تم کو کامیابی نہ ہو۔

۱۵ شوال یوم شنبہ کی شام کو قریش روحاء میں پہنچے اور یکشنبہ کی شب میں یہ گفتگو ہوئی یکشنبہ کی یہ شب گزرنے نہ پائی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخبر نے عین صبح صادق کے وقت اس کی اطلاع دی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیج کر تمام مدینہ میں منادی کرادی کہ خروج کیلئے تیار ہو جائیں اور فقط وہی لوگ ہمراہ چلیں کہ جو معرکہ احد میں شریک تھے۔ جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرے باپ غزوہ احد میں شہید ہوئے بہنوں کی خبر گیری کی وجہ سے میں احد میں شریک نہ ہو سکا۔ اب میں ساتھ چلنے کی اجازت چاہتا ہوں، آپ نے ساتھ چلنے کی اجازت دی اس خروج سے آپ کا مقصد یہ تھا کہ دشمن یہ نہ سمجھ لے کہ مسلمان کمزور ہو چکے ہیں۔ باوجود یہ کہ صحابہ خستہ اور نیم جان ہو چکے تھے اور ایک شب بھی آرام نہ کیا تھا کہ آپ کی ایک آواز پر پھر نکل کھڑے ہوئے۔

رشتہ در گردنم افگندہ دوست
می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

۱۶ شوال یوم یکشنبہ کو مدینہ سے چل کر آپ نے مقام حمراء الاسد پر قیام فرمایا جو مدینہ سے تقریباً آٹھ دس میل کے فاصلہ پر ہے آپ مقام حمراء الاسد میں مقیم تھے کہ قبیلہ خزاعہ کا سردار معبد خزاعی، احد کی شکست کی خبر سن کر بغرض تعزیت آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے ان اصحاب کی تعزیت کی جو احد میں شہید ہوئے تھے معبد آپ سے رخصت ہو کر ابو سفیان سے جا کر ملا۔ ابو سفیان نے اپنا خیال ظاہر کیا کہ میرا ارادہ ہے کہ دوبارہ مدینہ پر حملہ کیا جائے۔ معبد نے کہا کہ محمد تو بڑی عظیم الشان جمعیت لے کر تمہارے مقابلہ اور تعاقب کیلئے نکلے ہیں ابو سفیان یہ سنتے ہی مکہ واپس ہو گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین دن قیام فرما کر جمعہ کے روز مدینہ تشریف لائے۔

اسی بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

**الذین استجابوا للہ والرسول من بعد ما اصابھم القرح للذین احسنوا منھم واتقوا اجر عظیم.** (آل عمران آیت ۱۷۲)

جن لوگوں نے اللہ اور رسول کی بات کو مانا بعد اس کے کہ ان کو زخم پہنچ چکا تھا تو ایسے نیکوکاروں اور پرہیزگاروں کیلئے اجر عظیم ہے۔

(فتح الباری ص ۲۸۷ ج ۷ باب قول اللہ عز وجل الذین استجابوا للہ والرسول البدایۃ والنہایۃ ص ۴۸ ج ۴ زرقانی ص ۵۹ ج ۲۔ ماخوذ از سیرۃ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، مؤلفہ حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# غزوۂ بدر موعد

## شعبان ۴ھ

غزوۂ ذات الرقاع سے واپسی کے بعد آخر رجب تک آپ مدینہ ہی میں مقیم رہے۔ احد سے واپسی کے وقت چونکہ ابوسفیان سے وعدہ ہو چکا تھا کہ سال آئندہ بدر میں لڑائی ہوگی اس بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پندرہ سو صحابہ کو اپنے ہمراہ لے کر ماہ شعبان میں بدر کی طرف روانہ ہوئے بدر پہنچ کر آٹھ روز تک ابوسفیان کا انتظار فرمایا۔ ابوسفیان بھی اہل مکہ کو لے کر مر الظہران تک پہنچا لیکن مقابلہ کی ہمت نہ ہوئی اور یہ کہہ کر واپس ہوا کہ یہ سال قحط اور گرانی کا ہے جنگ وجدال کا نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آٹھ روز کے انتظار کے بعد جب مقابلہ سے ناامید ہوئے تو بلا جدال وقتال مدینہ واپس ہوئے۔ (ابن ہشام ج ۲ ص ۱۳۶)

ابوسفیان اگرچہ احد سے واپسی کے وقت یہ کہہ گیا تھا کہ سال آئندہ پھر بدر پر لڑائی ہوگی۔ مگر اندر سے ابوسفیان کا دل مرعوب تھا، دل سے یہ چاہتا تھا کہ حضور پر نور بھی بدر پر نہ آئیں تاکہ مجھے ندامت اور شرمندگی نہ ہو۔ اور الزام مسلمانوں پر رہے۔ نعیم [1] بن مسعود نامی ایک شخص مدینہ جا رہا تھا اس کو مال دینا منظور کیا کہ مدینہ پہنچ کر مسلمانوں میں یہ مشہور کرے کہ اہل مکہ نے مسلمانوں کے استیصال کیلئے بڑی بھاری جمعیت اکٹھی کی ہے لہٰذا تمہارے لیے بہتر یہی ہے کہ قریش کے مقابلہ کیلئے نہ نکلو۔ ابوسفیان کا مقصد یہ تھا کہ جب اس قسم کی خبریں مشہور ہوں گی تو مسلمان خوف زدہ ہو جائیں گے۔ اور جنگ کے لئے نہیں نکلیں گے۔ (جس کو آج کل کی اصطلاح میں پروپیگنڈا کہتے ہیں) سنتے ہی مسلمانوں کے جوش ایمانی میں اور اضافہ ہو گیا۔ اور حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھتے ہوئے بدر کی طرف روانہ ہو گئے اور حسب وعدہ بدر پہنچے وہاں ایک بڑا بازار لگتا تھا تین روز رہ کر تجارت کی اور خوب نفع اٹھایا اور خیر و برکت کے ساتھ مدینہ واپس ہوئے اسی بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

الذین استجابوا للہ والرسول من بعد ما اصابھم القرح للذین احسنوا منھم واتقوا اجر عظیم ○ الذین قال لھم الناس ان الناس قد جمعوا لکم فاخشوھم فزادھم ایمانا وقالوا حسبنا اللہ ونعم الوکیل ○ فانقلبوا بنعمۃ من اللہ وفضل لم یمسسھم سوٓء واتبعوا رضوان اللہ واللہ ذو فضل عظیم ○ انما ذلکم الشیطن یخوف اولیآءہ فلا تخافوھم وخافون ان کنتم مؤمنین ۔ (سورۃ آل عمران ۱۷۵)

[1] علامہ ابن حجرؒ کی وضاحت کے مطابق یہ نعیم بن مسعود بعد میں مسلمان ہو گئے تھے (رضی اللہ عنہ) (فتح الباری ج ۹ ص ۹۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

اس آیت میں جھوٹی خبریں مشہور کرنے والے کو حق تعالیٰ نے شیطان فرمایا ہے۔ قال تعالیٰ انما ذلکم الشیطن یخوف اولیآءہ اور حق تعالیٰ نے پروپیگنڈہ کا علاج اور جواب یہ بتلا دیا ہے کہ تم اپنی قدرت کے مطابق جہاد و قتال کی تیاری کرو اور حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھو یعنی بھروسہ اللہ پر رکھو۔ معاذ اللہ یہ نہ کرنا کہ شیطان کی طرح تم بھی اپنے دشمنوں کے متعلق جھوٹی خبریں اڑانے لگو جھوٹ کا جواب سچائی سے دو۔ معاذ اللہ اگر تم نے بھی جھوٹ کے جواب میں جھوٹ بولا تو پھر فائدہ ہی کیا ہوا۔ اسلام اپنے دشمنوں کے متعلق بھی جھوٹ بولنے کی اجازت نہیں دیتا۔ (ماخوذ از سیرت المصطفیٰ مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ — آیت ١٧٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛؕ

جن لوگوں نے اللہ تعالی اور اس کے رسول کا حکم مانا بعد اس کے کہ انہیں زخم پہنچ چکے تھے

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٧٢﴾

جو ان میں سے نیک ہیں اور پرہیزگار ہوئے ان کے لئے بڑا اجر ہے

### خلاصہ

غزوہ احد کے بعد جن لوگوں نے زخمی حالت میں اللہ تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم مانا اور جہاد کے لئے نکلے۔ ان محسن و متقی لوگوں کے لئے بہت بڑا اجر ہے۔

### شان نزول

اکثر مفسرین حضرات کے نزدیک یہ آیت غزوہ حمراء الاسد کے مجاہدین کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ (علامہ قرطبی رحمہ اللہ نے اسے جمہور کا قول قرار دیا ہے۔ هذا تفسير الجمهور لهذه الاية (قرطبی)

مگر بعض مفسرین حضرات نے ان آیات کا تعلق غزوہ بدر صغری سے جوڑا ہے امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ مجاہد رحمہ اللہ اور عکرمہ کا قول ہے۔

وشذ مجاهد وعكرمه رحمهما الله تعالىٰ فقالا: ان هذه الاية انما نزلت في خروج النبي صلى الله عليه وسلم الى بدر الصغرىٰ (قرطبی)۔

حضرت شاہ عبد القادر رحمہ اللہ نے اسی قول کو اختیار فرمایا ہے چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں:

جب جنگ احد فتح ہوئی ابوسفیان کہ سردار تھا کافروں کا کہہ گیا کہ اگلے سال بدر پر پھر لڑائی ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول کرلیا۔ جب اگلا سال آیا حضرت نے لوگوں کو حکم دیا کہ چلو لڑائی کو، اس وقت جنہوں نے رفاقت کی اور تیار ہوئے ان کو بشارت ہے کہ شکست کے بعد پھر جرأت کی۔ (موضح القرآن)

### امام رازیؒ کی عجیب تحقیق

امام رازی رحمہ اللہ نے ان آیات کو الگ الگ کردیا ہے ان کے نزدیک یہ آیت (١٧٢) غزوہ حمراء الاسد کے متعلق ہے اما غزوة حمراء الاسد فهي المراد من هذه الاية (تفسیر کبیر) اور اگلی آیت (١٧٣) اور (١٧٤) غزوہ بدر صغری کے بارے میں ہے۔ (تفسیر کبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## شانِ نزول کے اقوال وواقعات

❶ عن عروة بن الزبير قال: قالت لي عائشة رضي الله عنها كان ابوك من الذين استجابوا لله والرسول من بعدما اصابهم القرح (قرطبی)۔

حضرت عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا تمہارے والد بھی ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے (اس آیت کے مطابق) زخمی ہونے کی حالت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا حکم مانا۔

❷ فانتدب ابو بكر والزبير في سبعين۔ (قرطبی)

یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر حضرت ابو بکر اور حضرت زبیر سمیت ستر افراد نکلے۔

❸ استنفر الرسول لطلب الكفار فاستجاب له تسعون (البحر المحيط)۔

یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کا پیچھا کرنے کے لئے نکلنے کا حکم دیا تو نوے افراد نے (فوراً) لبیک کہی۔

❹ لما كان في يوم الأحد وهو الثاني من يوم احد نادى رسول الله صلى الله عليه وسلم في الناس باتباع المشركين وقال لايخرج معنا الا من شهدها بالامس فنهض معه مأتا رجل من المومنين۔ (قرطبی)

جب اتوار کا دن آیا یعنی غزوۂ احد کے بعد والا دن تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کا تعاقب کرنے کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کو پکارا اور ارشاد فرمایا ہمارے ساتھ صرف وہی لوگ نکلیں جو کل جنگ میں شریک تھے، یہ سنکر دوسو افراد آپ کے ساتھ روانہ ہوگئے۔ (تعداد میں اختلاف ہے زیادہ مضبوط قول تو ستر افراد والا ہے۔ جبکہ سیرت حلبیہ میں لکھا ہے کہ وہ تمام صحابہ کرام جو غزوۂ احد میں شریک تھے اور شہید نہیں ہوئے تھے غزوۂ حمراء الاسد میں نکلے)

❺ **ایک عجیب واقعہ**

وقيل ان الاية نزلت في رجلين من بني عبدالاشهل كانا مثخنين بالجراح يتوكأ احدهما على صاحبه الخ۔ (قرطبی)

یعنی ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت قبیلہ بنی عبدالاشھل کے دو افراد کے متعلق نازل ہوئی یہ دونوں زخموں کی وجہ سے خون میں لت پت تھے۔ مگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پکارنے پر حمراء الاسد کی طرف اس طرح نکلے کہ دونوں ایکدوسرے کا سہارا لیکر چلتے تھے۔

❻ **ایک نادر قول**

قال ابو بكر الاصم: نزلت هذه الاية في يوم احد الخ۔ یعنی ابو بکر الاصم رحمہ اللہ کا قول یہ ہے کہ آیت خود غزوۂ احد کے بارے میں ہے کہ جب مشرکین نے فتح حاصل کرلی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللہ عنہما کو پکارا۔ زخمی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جمع ہو کر دوبارہ حملہ کیا اور مشرکین کو بھگا دیا۔ (التفسیر الکبیر)

## ⑦ جہاد میں نکلنے کے مناظر

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وروی انه كان فيهم من يحمل صاحبه على عنقه ساعة ثم كان المحمول يحمل الحامل ساعة أخرى وكان كل ذلك لاثخان الجراحات فيهم وكان فيهم من يتوكأ على صاحبه ساعة ويتوكأ عليه صاحبه ساعة (التفسير الكبير)

یعنی مروی ہے کہ غزوہ حمراء الاسد میں نکلنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے بعض اس حالت میں تھے کہ ان کا ساتھی کچھ دیر انہیں اٹھا کر چلتا تھا پھر تھوڑی دیر کے لئے وہ اپنے ساتھی کو اٹھا کر چلتے (یعنی باری باری ایکدوسرے کو اٹھاتے تھے) اور ایکدوسرے کا سہارا لیکر چلتے تھے، اس لئے کہ وہ زخموں سے چور تھے۔

⑧ فربما كان فيهم المثقل بالجراح لايستطيع المشي ولا يجد مركوبا فربما يحمل على الاعناق وكل ذلك امتثال لامر رسول الله صلى الله عليه وسلم ورغبة في الجهاد (قرطبي)

ان صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں کئی افراد زخموں سے بوجھل تھے نہ خود چل سکتے تھے اور نہ ان کے پاس سواری تھی بعض اوقات وہ کندھوں پر اٹھا کر لیجائے گئے یہ سب کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری اور جہاد کے شوق میں برداشت کیا جا رہا تھا۔

## لغت

استجابو بمعنیٰ اجابوا ہے اور احسنوامنھم میں من تبعیض کے لئے نہیں تبیین کے لئے ہے کیونکہ وہ سب محسن و متقی تھے۔

"استجاب بمعنیٰ اجاب. قال صاحب الكشاف من" في قوله للذين احسنوا منهم للتبيين لان الذين استجابوا لله والرسول قد احسنو واتقوا كلهم لا بعضهم. (التفسير الكبير)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۷۴-۱۷۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ

جنہیں لوگوں نے کہا کہ مکہ والوں نے تمہارے مقابلہ کیلئے سامان جمع کیا ہے سو تم ان سے ڈرو

فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانْقَلَبُوْا

تو ان کا ایمان اور زیادہ ہوا اور کہا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔ پھر مسلمان

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا

اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل کے ساتھ لوٹ آئے انہیں کوئی تکلیف نہ پہنچی اور اللہ تعالیٰ کی

رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۷۴﴾

مرضی کے تابع ہوئے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا

## خلاصہ

زخمی حالت میں جہاد کے لئے جانے والے یہ لوگ ایسے مخلص اور بہادر ہیں کہ جب ان کو بتایا گیا کہ دشمنوں نے تمہارے خلاف خوب تیاری کر لی ہے اور بہت سامان جنگ جمع کر لیا ہے اس لئے تم لوگ ڈر جاؤ تو یہ سن کر ان کا ایمان اور بڑھ گیا اور انہوں نے کہا۔ حسبنا الله ونعم الوكيل۔

ہماری مدد کے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔ پھر یہ لوگ میدان جنگ سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کے فضل کی جھولیاں بھر کر صحیح سالم لوٹ آئے۔ انہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچی اور وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے تابع رہے۔ اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔

## اقوال وحوالے

### ❶ غزوہ حمراء الاسد ہو یا غزوہ بدر صغریٰ (ثانیہ)

مشرکین کے سردار "ابوسفیان" نے مسلمانوں کے خلاف جنگ کا ایک موثر طریقہ اختیار کیا۔ اس نے حمراء الاسد کے موقع پر کچھ دیہاتی مسافروں کو اور بدر صغریٰ کے موقع پر نعیم بن مسعود ثقفی کو مال دیکر خریدا اور ان کے ذمہ یہ کام لگایا کہ وہ مسلمانوں کو مشرکین مکہ کے لشکر سے خوفزدہ کریں۔ دراصل ابوسفیان کو احد میں جو فتح ملی تھی اسے وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ یہ محض ایک اتفاقی فتح ہے۔ اس نے احد کے دن بھی جنگ کے شروع اور آخر میں مسلمان مجاہدین کی جانبازی، سرفروشی اور دیوانگی دیکھ لی تھی۔ اور اب اس کے دل سے مقابلہ کی ہمت نکل چکی تھی۔ اس لئے اس نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کرائے کے افراد بھرتی کیے جو مسلمانوں کو جا کر کفار کی طاقت سے مرعوب کریں اور ایسی باتیں پھیلائیں کہ مسلمان خوفزدہ ہو کر مقابلہ پر ہی نہ آئیں چنانچہ ان افراد نے آ کر مسلمانوں کو ڈرانے کی خوب کوشش کی۔ مگر ان کی ہر تدبیر الٹی پڑی اور ان کی باتوں سے مخلص مسلمانوں کا ایمانی جذبہ بڑھتا چلا گیا۔ اور وہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل کا نعرۂ مستانہ لگا کر میدان میں اتر آئے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## تدبیر نا کام

❷ فقدم علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وأفزع الناس وخوفهم اللقاء فقال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لاخرجن ولو وحدی فاما الجبان فرجع واما الشجاع فتجهز للقتال وقال: حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ (البحر المحیط)

یعنی ابونعیم اشجعی نے دس اونٹ معاوضہ کے طور پر لئے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر لوگوں کو خوفزدہ کرنے لگا اور جنگ سے ڈرانے لگا اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں ضرور جہاد کے لئے نکلوں گا اگرچہ مجھے اکیلا ہی نکلنا پڑے۔ پس جو بزدل تھے وہ ڈر کی وجہ سے رک گئے اور جو بہادر تھے وہ نکلنے کے لئے تیار ہو گئے اور انہوں نے کہا حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔

## عجیب نکتہ

اگر کسی کو اپنی جان کی فکر ہو اور اس کے نزدیک دنیا میں زندہ رہنا اور مزے کرنا ہی سب سے اہم کام ہو تو وہ ضرور دشمنوں کی طاقت کا سن کر ڈر جاتا ہے۔ مگر جس کا مقصود اللہ تعالیٰ کی رضا اور دین کی سربلندی ہو تو اسے دشمنانِ اسلام کی طاقت کا سن کر اور زیادہ غصہ آتا ہے۔ کیونکہ دشمنانِ اسلام کا طاقتور ہونا دین کی سربلندی کے لئے خطرناک ہے۔ تب اس کی غیرت ایمانی جوش میں آ جاتی ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے لڑنے کے لئے بے تاب ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## نکتہ

جس کو دنیا کی زندگی سب کچھ نظر آتی ہو اسے جب بتایا جائے کہ طاقتور دشمن حملہ کرنے آ رہا ہے تو وہ ڈر جاتا ہے۔ کیونکہ اسے اپنی دنیا کی زندگی کے ختم ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ مگر جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے لئے تڑپ رہا ہو۔ اور جس کے دل میں شہادت کا شوق مچل رہا ہو۔ ایسے آدمی کو جب بتایا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی خوشی اور تیاری میں اس کا ایمان بڑھ جاتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## ❸ کلام برکت

ابوسفیان نے چاہا کہ حضرت وعدے پر نہ آ دیں تو الزام انہیں پر رہے اور لڑائی سے خوف کھا کر ایک شخص مدینے کی طرف جاتا تھا اس کو کچھ دینا کیا (یعنی کچھ مال دیا) کہ وہاں اس طرف کی ایسی خبریں کہیو کہ وہ خوف کھاویں اور جنگ کو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نہ آویں۔ وہ شخص مدینے میں پہنچ کر کہنے لگا کہ مکے کے لوگوں نے بڑی جمعیت (تیار) کی ہے تم کو لڑنا بہتر نہیں۔ مسلمانوں کو حق تعالیٰ نے استقلال دیا اور (انہوں نے) یہی کہا کہ ہم کو اللہ بس (کافی) ہے آخر بدر پر گئے، تین روز رہ کر تجارت کر کر نفع لے کر پھر آئے۔ (موضح القرآن)

❷ وقالوا حسبنا الله ونعم الوكيل۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کہا حسبنا الله ونعم الوكيل۔

روى البخاري رحمه الله عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما قال في قوله تعالىٰ الذين قال لهم الناس ان الناس قد جمعوا لكم الى قوله وقالوا حسبنا الله ونعم الوكيل قال ابراهيم الخليل عليه السلام حين ألقي في النار وقالها محمد صلى الله عليه وسلم حين قال لهم الناس ان الناس قد جمعوا لكم ۔ (والله اعلم)

یعنی بخاری رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے اس آیت کے بارے میں فرمایا کہ حسبنا الله ونعم الوكيل وہ کلمہ ہے کہ جسے حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام نے کہا جب ان کو آگ میں ڈالا گیا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا جب ان کو بتایا گیا کہ مشرکین مکہ نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف خوب تیاری کر لی ہے۔ واللہ اعلم (قرطبی)

عن ابي هريرة رضي الله عنه قال: قال :رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا وقعتم في الامر العظيم فقولوا ! حسبنا الله ونعم الوكيل (ابن كثير)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم کسی بڑے معاملے میں پڑ جاؤ تو کہو حسبنا الله ونعم الوكيل۔

امام ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں حسبنا الله ونعم الوكيل کے فضائل پر مزید بھی کئی روایات ذکر فرمائی ہیں۔ وہاں ملاحظہ فرمالیں۔

"واخرج ابن ابي الدنيا عن عائشه رضي الله تعالىٰ عنها ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا اشتد غمه مسح بيده على رأسه ولحيته ثم تنفس الصعداء وقال: حسبي الله ونعم الوكيل۔ (روح المعاني)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت غم پہنچتا تو آپ سر اور ڈاڑھی مبارک پر ہاتھ پھیرتے اور لمبا سانس لیکر فرماتے حسبی اللہ ونعم الوکیل۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## نکتہ

قرآن پاک کی اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جہاد کے موقع پر یہ کلمہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل کہا تھا جو اللہ تعالیٰ کو پسند آیا۔ پس مجاہدین کو اس کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

۵ فانقلبوا بنعمة من الله وفضل۔

”پھر مسلمان اللہ تعالیٰ کی نعمت اور فضل کے ساتھ لوٹ آئے“ نعمت اور فضل سے کیا مراد ہے؟ حضرات مفسرین نے کئی اقوال نقل فرمائے ہیں۔ ایک جامع قول ملاحظہ فرمائیں:

بنعمة من الله نعمت مقبولیت اور ترقی ایمان کے ساتھ۔

فضل یعنی دنیوی نفع کے ساتھ بھی۔

چنانچہ یہاں (اللہ تعالیٰ) کا فضل مسلمانوں پر ان صورتوں میں ظاہر ہوا۔ ۱ ان کے درجہ ایمان میں ترقی ہوئی۔ ۲ انہیں معرکہ جہاد میں نکلنے کی توفیق ہوئی۔ ۳ وہ قوت دشمن کی شوکت وصولت سے ذرا مرعوب نہ ہوئے مقابلہ کی ہمت قائم رکھی۔ ۴ مالی وتجارتی منافع حاصل ہوئے۔ ۵ اجر عظیم کی بشارت ملی۔ (تفسیر ماجدی)

قال علماؤنا: لما فوضوا امورهم اليه، واعتمدوا بقلوبهم عليه اعطاهم من الجزاء اربعة معانٍ: النعمة، والفضل، وصرف السوء، واتباع الرضا فرضاهم عنه، ورضى عنهم (قرطبی)

”یعنی اللہ تعالیٰ کا فضل دیکھو نہ کچھ لڑائی کرنی پڑی، نہ کانٹا چبھا، مفت میں ثواب کمایا، تجارت میں نفع حاصل کرکے اور دشمنوں پر دھاک بٹھلا کر خدا تعالیٰ کی خوشنودی لئے ہوئے صحیح سلامت گھر واپس آگئے۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۷۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّمَا ذَٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَاءَهُ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَ

سو یہ شیطان ہے کہ اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے پس تم ان سے مت ڈرو اور

خَافُونِ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿۱۷۵﴾

مجھ سے ڈرو اگر تم ایمان دار ہو

## خلاصہ

اے مسلمانو! جو شخص تمہیں اپنے یاروں یعنی کافروں سے ڈرا رہا ہے وہ شیطان ہے۔ کافروں سے ڈر کر جہاد میں کمزوری نہ دکھاؤ بلکہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جہاد میں نکلو اگر تم ایمان والے ہو۔

## اقوال وحوالے

یخوف اولیاءہ وہ تمہیں اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے۔

❶ ای باؤلیاءہ یعنی یخوف المومن بالکافر۔ (القرطبی)

یعنی وہ شیطان مسلمانوں کو کافروں سے ڈراتا ہے۔

ان المراد ھذا الذی یخوفکم بجمع الکفار شیطان من شیاطین الانس۔ (قرطبی)

یعنی مطلب یہ ہے کہ جو شخص تمہیں کافروں کی طاقت سے ڈرا رہا ہے وہ انسانی شیطانوں میں سے ایک شیطان ہے۔

❷ یعنی جو ادھر سے آکر مرعوب کن خبریں پھیلاتا ہے وہ شیطان ہے یا شیطان کے اغوا (یعنی بہکانے) سے ایسا کر رہا ہے جس کی غرض یہ ہے کہ اپنے چیلوں چانٹوں یا بھائی بندوں کا رعب تم پر بٹھلا کر خوفزدہ کر دے سو اگر تم ایمان رکھتے ہو (اور ضرور رکھتے ہو جس کا ثبوت عملاً دے چکے ہو) تو ان شیطانوں سے اصلاً (بالکل) مت ڈرو صرف مجھ سے ڈرتے رہو (تفسیر عثمانی)

❸ القول الثالث ان معنی الایۃ یخوف اولیاءہ المنافقین لیقعد ھم عن قتال المشرکین والمعنی الشیطان یخوف اولیاءہ الذین یطیعونہ ویؤثرون امرہ فاما اولیاء اللہ فانھم لا یخافونہ اذا خوفھم ولا ینقادون لامرہ۔ وھذا قول الحسن والسدی۔

یعنی ایک قول یہ ہے کہ شیطان اپنے یار منافقین کو ڈراتا ہے تاکہ وہ مشرکین کے خلاف جہاد کریں، مقصد یہ ہے کہ شیطان اپنے ان یاروں کو جو اس کا کہنا مانتے ہیں اور اس کی بات کا اثر لیتے ہیں جہاد سے ڈراتا ہے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کے دوست شیطان کی بات میں نہیں آتے اور نہ اس کے خوفزدہ کرنے سے ڈرتے ہیں۔ (التفسیر الکبیر)

(۴) شیطان کہیں بھی اپنی اصلی صورت میں آکر حملہ نہیں کرتا، جب وار کرتا ہے کسی نہ کسی انسانی شکل وقالب ہی میں آکر، اور یہی اولیاء الشیطان (شیطان کے یار) کہلاتے ہیں، یہاں اس جماعت کا لیڈر نعیم ثقفی تھا۔ (تفسیر ماجدی)

۵ **کلام برکت**

یعنی وہ شخص جو خبر کہتا تھا اسکو شیطان سکھاتا تھا۔ (موضح القرآن)

۶ **فلاتخافوھم** پس تم کافروں سے نہ ڈرو فتقعدوا عن القتال وتجبنوا۔ (التفسیر الکبیر)
کہ ان سے ڈر کر جہاد سے بیٹھ جاؤ اور بزدلی دکھانے لگو۔

۷ **وخافون** اور مجھ (اللہ تعالیٰ) سے ڈرو فجاھدوا مع رسولی وسارعوا الی مایامرکم بہ۔ پس میرے رسول کے ساتھ جہاد میں نکلو اور وہ جس بات کا حکم دیں اسے فوراً بجالاؤ۔ (التفسیر الکبیر)

۸ **ان کنتم مومنین** اگر تم ایمان والے ہو یعنی أن الایمان یقتضی ان تؤثروا خوف اللہ علی خوف الناس۔
یعنی ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے خوف کو لوگوں کے خوف پر ترجیح دو۔ (التفسیر الکبیر)

**فائدہ**

کئی مفسرین حضرات کے نزدیک اس آیت پر غزوۂ احد کی بحث مکمل ہوگئی آگے بعض دیگر مضامین کا ذکر ہے۔
"یہاں غزوۂ احد کی بحث ختم ہوگئی۔ (تفسیر الفرقان)
مگر بعض مفسرین اگلی آیات کا تعلق بھی اس مضمون سے جوڑتے ہیں ملاحظہ فرمایئے تفسیر کبیر۔ تب اگلی آیات کو بھی جہادی مضامین میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ (واللہ اعلم)

**فائدہ**

اس آخری آیت میں اس بات کی تنبیہ معلوم ہوتی ہے کہ شکست کے بعد جماعت کا ابھرنا تبھی ممکن ہوگا جب کافروں کی طاقت کا پروپیگنڈہ کرنے والے منافقوں اور شیطانوں کی باتوں کو نہ سنا جائے اور اپنے دل کو کافروں کی طاقت کے رعب سے پاک رکھا جائے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کی عظمت کا نور بھرا جائے اور اللہ تعالیٰ کے خوف سے اپنے دلوں کو منور کیا جائے۔ (واللہ اعلم)

**نکتہ**

غزوۂ احد کے مفصل تذکرہ کے بعد غزوۂ حمراء الاسد کا بیان اس بات کا اشارہ دیتا ہے کہ شکست کے بعد اگر آرام کی بجائے کام شروع کردیا جائے تو جماعت کی قوت مضبوط ہوجاتی ہے اور اس کے لئے دوبارہ ابھرنا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور منظم ہونا آسان ہو جاتا ہے ورنہ اگر شکست کے بعد ہر کوئی آرام اور علاج کے لئے گھروں میں بیٹھ جائے تو پھر اجتماعیت اور قوت کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لئے اشارۃً ترغیب دی گئی کہ جہاد میں ظاہری شکست کے بعد دوبارہ قوت حاصل کرنے کا طریقہ بھی جہاد ہے۔ اور آزمائش کے بعد جو لوگ "کچھ عرصہ آرام" کے بہانے گھر بیٹھ جاتے ہیں ان کا دوبارہ میدان عمل میں آنا مشکل ہوتا ہے۔ اور ان پر منافقوں اور شیطانوں کی باتیں بھی سخت اثر ڈالتی ہیں۔ اس لئے زخمی حالت میں بھی اللہ تعالیٰ کا رستہ نہ چھوڑا جائے اور نہ تکلیف اور پریشانی کا عذر کر کے جہاد سے غفلت کی جائے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

موجودہ دور میں مسلمانوں کو ظاہری شکست کا سامنا ہے جو انہیں افغانستان وغیرہ میں کفریہ طاقتوں کے مقابلہ میں ہوئی۔ مگر اس شکست میں بڑی حکمتیں ہیں اور مسلمانوں کے لئے بے شمار سبق ہیں، اور ان شاء اللہ اس کے بعد فتح کا دور ہے۔ سورۃ آل عمران کی آیات (۱۳۹) تا (۱۷۵) موجودہ دور میں مسلمانوں کو سنبھلنے اور ابھرنے کا پورا نصاب سمجھاتی ہیں۔ اور ان تمام شبہات کا جواب دیتی ہیں جو آج ہر طرف پھیلائے جا رہے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا اس امت پر احسان ہے کہ قرآن پاک جیسی کتاب اس نے اس امت کو عطا فرمائی ہے۔ جس میں ہر زمانے اور حالات کے لئے مکمل ہدایات موجود ہیں۔ سورۃ آل عمران کی ان آیات کا بار بار مذاکرہ کیا جائے۔ اور اس میں سمجھائے گئے اسباق پر عمل کیا جائے تو ان شاء اللہ بہت جلد مسلمانوں کے لئے اچھے حالات آ سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۹۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

اے رب ہمارے اور ہمیں دے جو تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے سے وعدہ کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾

رسوا نہ کر بے شک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا

## خلاصہ

اے ہمارے پروردگار آپ نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے جس (نصرت، فتح غلبے اور آخرت کی) کامیابی کا وعدہ فرمایا ہے وہ ہمیں عطاء فرما دیجئے۔ اور ہمیں (دنیا) آخرت کی رسوائی سے بچا لیجئے۔ بے شک آپ تو وعدہ پورا فرمانے والے ہیں۔

## اقوال وحوالے

❶ یعنی پیغمبروں کی زبانی، ان کی تصدیق کرنے پر جو وعدے آپ نے کئے مثلاً دنیا میں آخر کار اعداء اللہ (یعنی اللہ تعالیٰ کے دشمنوں) پر غالب ومنصور کرنا اور آخرت میں جنت ورضوان سے سرفراز فرمانا ان سے ہم کو اس طرح سے بہرہ اندوز کیجئے (یعنی نوازیے) کہ قیامت کے دن ہماری کسی قسم کی ادنیٰ سے ادنیٰ رسوائی بھی نہ ہو۔ (تفسیر عثمانی)

❷ (وعدہ یہ ہے کہ) جو میرے کام میں لگے میں اسے دین ودنیا میں ہر قسم کی امداد دوں گا۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

❸ فسر هذا الموعود بالجنة قال ابن عباس وقيل: الموعود به النصر على الاعداء (البحر المحيط)

یعنی رسولوں کے ذریعے جو وعدہ کیا گیا ہے۔ وہ جنت کا وعدہ ہے یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد دشمنوں پر غلبے کا وعدہ ہے۔

❹ والموعود هو الثواب وقيل النصرة على الاعداء وعدہ سے مراد اجر کا وعدہ ہے اور ایک قول یہ ہے کہ دشمنوں پر غلبے کا وعدہ مراد ہے۔ (کشاف)

❺ ان الله تعالى وعد المومنين بان ينصرهم في الدينا ويقهر عدوهم فهم طلبوا تعجيل ذلك. (التفسير الكبير)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی بے شک اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں سے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ دنیا میں ان کی نصرت فرمائے گا اور ان کے دشمنوں کو مغلوب فرمائے گا تو اس دعاء میں ایمان والوں نے یہ وعدہ جلدی پورا ہونے کی درخواست کی ہے۔

❶ لاتخزنا ہمیں رسوانہ فرما۔

لاتخزنا فی الدنیا بغلبة العدو علینا فکانهم قالوا: لاتخزنا فی الدنیا ولا تخزنا فی الآخرة۔ (روح المعانی)

یعنی ہم پر دشمنوں کو غالب کر کے ہمیں دنیا میں رسوانہ فرما۔ تو گویا انہوں نے یوں دعاء کی یا اللہ ہمیں دنیا میں رسوانہ فرما اور ہمیں آخرت میں رسوانہ فرما۔

**فائدہ**

سورۃ ال عمران میں نصاریٰ (یعنی عیسائیوں) کی اصلاح مقصود بالذات ہے۔ جیسا کہ حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ اور حضرت لاہوری رحمہ اللہ کا خیال ہے۔ تو پچھلی آیت میں اس بات کا اعلان ہے کہ ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پکار پر لبیک کہی ہے اور ہم ایمان لے آئے ہیں پس ہمارے گناہ معاف فرما دیجئے۔ پھر اس آیت میں یہ دعاء مانگی گئی کہ اس امت محمدیہ کے لئے آپ نے نصرت اور غلبے کا وعدہ فرمایا ہے۔ اور یہ وعدہ ماضی کے تمام رسول بھی دہراتے رہے ہیں اس لئے اب ہمارے لئے یہ وعدہ پورا فرما دیجئے۔ علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وقیل: ان الموعود به هو النصر لا غیر، والقوم قد علموا ذلك لکنهم لم یوقت لهم فی الوعد لیعلموه فرغبوا الی الله تعالیٰ فی تعجیل ذلك لما فیه من السرور بالظفر۔ والیٰ هذا ذهب الطبری وقال: ان الآیة مختصة بمن هاجر من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم واستبطئو النصر علی اعدائهم بعد ان وعدو به۔ (روح المعانی)

سورۃ البقرہ کے آخر میں بھی کفار پر غلبے کی دعاء تھی۔ جبکہ اس سورۃ میں مقصود بالذات یہودیوں کی اصلاح تھی۔ اور اب اس سورۃ میں بھی غلبے کی دعاء مانگی گئی ہے، جبکہ زیادہ تذکرہ عیسائیوں کا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ یہود و نصاریٰ میں سے جو اسلام قبول کر لیں گے وہ تو کامیاب ہو جائیں گے۔ اور جو اسلام کے مقابلے میں کھڑے ہونگے تو اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی نصرت فرما کر ان کو مغلوب کر دے گا اور آخرت میں سخت سزا دے گا۔ اگلی بات یہ ہے کہ مسلمانوں کو غلبہ ضرور ملے گا مگر اس کے لئے انہیں چند کام کرنے ہونگے۔ ان کاموں کا ذکر بعد والی آیت (۱۹۵) میں ہے کہ انہیں دین کی خاطر ہجرت اور جہاد کے عمل کو زندہ کرنا ہوگا۔ اب سوال یہ اٹھا کہ کافر تو بہت طاقتور ہیں، ساری زمین ان کی دسترس میں ہے اور وہ مزے سے جہاں چاہیں گھومتے پھرتے ہیں تو بعد والی تین آیات (۱۹۶۔۱۹۷۔۱۹۸) میں اس کا جواب دیا گیا کہ مسلمان کافروں کی ظاہری ترقی سے مرعوب نہ ہوں، بلکہ اپنی نظر آخرت کی نعمتوں پر رکھیں تب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اسلام کو غلبہ اور مسلمانوں کو کامیابی ملے گی۔ اب یہ خیال آیا کہ اہل کتاب کی تعداد تو بہت زیادہ ہے کیا مسلمانوں کو سب سے جنگ کرنی ہوگی۔ تو آیت (۱۹۹) میں فرمایا گیا کہ ان اہل کتاب میں سے ایک بڑی تعداد مسلمان ہو جائے گی اور ان لوگوں کو بہت اجر ملے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور عیسائیوں کی بہت بڑی تعداد نے اسلام قبول کیا۔ (بعض مفسرین کے نزدیک آیت (۱۹۹) میں مسلمانوں کو سمجھایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ماضی میں عیسائیوں کو فلاں فلاں صفات (جن کا تذکرہ آیت میں موجود ہے) کی وجہ سے غلبہ دیا اب اہل اسلام کو چاہیے کہ وہ بھی ان صفات کو اختیار کریں یہ تو ہوا آیت (۱۹۴) تا (۱۹۹) کا ربط اور جہادی مضمون، باقی آیت (۲۰۰) کا ربط اور جہادی مضمون تو بالکل واضح ہے۔ اس سورۃ میں ایمان اور جہاد کی فضیلت اور مسلمانوں کے لئے غلبے کا وعدہ ہے، اب آخری آیت میں ایمان اور غلبے دونوں کی حفاظت کا طریقہ سمجھا دیا کہ ایمان کی حفاظت صبر سے ہوگی اور غلبے کی حفاظت رباط فی سبیل اللہ (یعنی پہرے داری اور مسلسل جہاد) سے ہوگی۔ اور ہر عمل میں کامیابی کا راز تقویٰ میں پوشیدہ ہے۔

گویا کہ مسلمانوں نے پوچھا کہ ہمیں ایمان کی دولت نصیب ہوگئی۔ اور کافروں پر غلبہ بھی مل گیا۔ اب ایمان اور غلبے کی حفاظت کیسے ہوگی تو سورۃ آل عمران کی آخری آیت میں اس کا مکمل نصاب بیان فرما دیا گیا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

اسلام اور مسلمان ابھی مدینہ منورہ میں تھے، اور قرآن پاک اعلان کر رہا تھا کہ مسلمانوں نے غلبے کی جو دعاء مانگی ہے وہ اللہ تعالیٰ نے قبول فرمالی ہے۔ اس میں مستقبل کے لئے بشارت بھی تھی اور پیشین گوئی بھی کہ دنیا سے کفر کا اقتدار ختم ہونے والا ہے اور اسلام کی حکومت قائم ہونے والی ہے۔ چنانچہ قیصر کا اقتدار بھی ختم ہو گیا اور کسریٰ کی حکومت بھی ٹوٹ گئی۔ اور ہر طرف اسلام چھا گیا وللہ الحمد والمنہ۔ موجودہ دور میں جو طاقت کافروں کو حاصل ہے وہ اس وجہ سے نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہے بلکہ یہ سب حالات اس وجہ سے ہیں کہ مسلمانوں نے کامیابی اور غلبے کا راستہ چھوڑ دیا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۹۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ

پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول کی کہ میں تم میں سے کسی کام کرنے والے کا کام ضائع نہیں کرتا

مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَ

خواہ مرد ہو یا عورت تم آپس میں ایک دوسرے کے جز ہو پھر جن لوگوں نے وطن چھوڑا اور

اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَ قٰتَلُوْا وَ قُتِلُوْا

اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور لڑے اور مارے گئے

لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ لَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

البتہ میں ان سے ان کی برائیاں دور کروں گا اور انہیں باغوں میں داخل کروں گا جن کے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ

نیچے نہریں بہتی ہوں گی یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سے بدلہ ہے اور اللہ تعالیٰ ہی کے ہاں اچھا

الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾

بدلہ ہے

## خلاصہ

اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمالی کیونکہ وہ کسی کی محنت اور عمل کو ضائع نہیں فرماتا۔ یہ عمل کرنے والا کوئی مرد ہو یا عورت اللہ تعالیٰ کا قانون سب کے لئے ایک ہے اور مرد اور عورت آپس میں ایک ہیں۔ پس جس مسلمان نے بھی اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہجرت کی یا اسے مسلمان ہونے کی وجہ سے اس کے گھر سے نکالا گیا۔ اور وہ مسلمان جن کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں تکلیفیں پہنچائی گئیں اور انہوں نے جہاد کیا اور شہید ہو گئے، ان میں سے کسی کا عمل ضائع نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ان کے گناہ معاف فرما دے گا اور انہیں اپنی پاکیزہ جنتوں میں داخل فرمائے گا اور بھی اچھی اچھی نعمتوں کے ساتھ ان کو بدلہ دے گا۔ ان تمام اعمال کا اصل بدلہ تو اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے (یعنی اس کا دیدار)۔

## اقوال وحوالے

❶ یعنی جب کسی عمل کرنے والے کا چھوٹا موٹا عمل بھی ضائع نہیں ہوتا، پھر ان مردان خدا کا تو پوچھنا ہی کیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جنہوں نے کفر وعصیان چھوڑنے کے ساتھ دارالکفر بھی چھوڑ دیا، وطن، خویش، اقارب، اہل وعیال اور مال ومنال سب کو خیر باد کہہ کر دارالاسلام کی طرف نکل کھڑے ہوئے کفار نے ان پر وہ ظلم وستم توڑے کہ گھروں میں ٹھہرنا محال ہوگیا۔ وطن چھوڑنے اور گھر بار ترک کرنے پر بھی دشمنوں نے چین نہ لینے دیا، طرح طرح کی ایذائیں پہنچاتے رہے اور یہ سب کچھ اس لئے ہوا کہ وہ میرا نام لیتے تھے اور میرا کلمہ پڑھتے تھے۔

یخرجون الرسول وایاکم أن تو منوا باللہ ربکم (الممتحنہ) وما نقموا منھم الاان یؤمنوا باللہ العزیز الحمید (البحر المحیط)

آخر وہ میرے راستے میں لڑے اور لڑ کر جان دی، یہ بندے ہیں جن کی تقصیرات معاف کردی گئیں اور جنت ان کا انتظار کر رہی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

❷ یہ پورا خاکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ہے۔ جب تم ایسے بن گئے پھر تمہارے سامنے عیسائیوں کی سلطنتیں منقاد (یعنی مغلوب ومفتوح) ہوسکیں گی (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

(مطلب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے ہجرت کی، دین کی خاطر تکلیفیں برداشت کیں، اور شہادتیں پائیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کو زمین پر بڑی بڑی سلطنتیں عطاء فرمائیں اور آخرت میں کامیابی کا پکا وعدہ کیا، اب عیسائی اپنے طریقہ سے ہٹ چکے ہیں، اور وہ اسلام کی دعوت بھی قبول نہیں کررہے چنانچہ اب مسلمان اگر ان صفات ہجرت وجہاد کو اختیار کریں گے تو اللہ تعالیٰ عیسائیوں کی سلطنت ان کو عطاء فرمادے گا۔ الحمد للہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ان صفات کو اپنایا اور اللہ تعالیٰ نے ان کو زمین پر خلافت عطاء فرمائی۔)

❸ سورۃ بقرہ کا خاتمہ اس دعاء پر ہوا تھا، فانصرنا علی القوم الکافرین : (یا اللہ ہمیں کافروں پر غلبہ عطاء فرمایئے) اس سورۃ میں اس دعاء کو شرف اجابت بخشا گیا۔ اور یہ فیصلہ کردیا گیا کہ یہودیوں، عیسائیوں اور مشرکوں کی تمام حکومتیں مسلمانوں کو مل کر رہیں گی، لیکن اس فتح وکامرانی کے لئے ایک شرط بھی ہوگی، وہ یہ کہ محض دعاء پر قناعت نہ کر بیٹھیں، بلکہ دعاء بھی کریں اور ہاتھ پاؤں بھی ماریں، کام کروگے، اور جان ومال قربان کروگے تو ان نتائج وثمرات سے بہرہ اندوز ہوگے۔ (تفسیر الفرقان)

❹ امام رازی رحمہ اللہ نے الذین ھاجروا اور الذین أخرجوا من دیارھم میں باہم فرق کیا ہے الذین ھاجروا سے مراد وہ ہیں جنہوں نے دین کی خاطر خود ہجرت اختیار کی اور الذین أخرجوا سے مراد وہ ہیں جن کو کفار نے زبردستی نکالا۔ یہ بہت باریک فرق اور سمجھنے کی بات ہے۔

ملاحظہ فرمائیں تفسیر کبیر کی اس آیت پر تقریر۔

❺ ہجرت اور جہاد وغیرہ جن اعمال کا اس آیت میں تذکرہ ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے تین انعامات کا وعدہ فرمایا:

☆ برائیوں کا مٹادینا اور گناہوں کا معاف کردینا لاکفرن عنھم سیئاتھم۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

☆ بدلہ عطا فرماتا ولادخلنهم جنات الایه

☆ اس کے بدلے کے ساتھ ان کو بہت اونچا مقام اور بہت عزت واعزاز بھی ملے گا جسکی طرف من عند الله سے اشارہ ہے۔ (التفسیر الکبیر)

صاحب روح المعانی نے یہ روایت بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جنہوں نے جہاد اور قتال کیا اور دین کی خاطر تکلیفیں اٹھائی بلاحساب وکتاب جنت میں داخل فرمائے گا فرشتے جب ان کے اس اعزاز کو دیکھیں گے تو عرض کریں گے کہ اے ہمارے رب یہ کون لوگ ہیں جنہیں آپ نے ہم پر بھی فضیلت دی ہے اللہ تعالیٰ فرمائیں گے یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے میرے راستے میں قتال کیا اور تکلیفیں برداشت کیں تب فرشتے ان پر ہر دروازے سے سلام کرتے ہوئے داخل ہوں گے۔ وان الله تعالیٰ یدعو یوم القیمة الجنة فتاتی بزخرفها وزینتها فیقول أین عبادی الذین قاتلوا فی سبیلی وأوذوا فی سبیلی وجاهدوا فی سبیلی ادخلوا الجنة فید خلونها بغیر عذاب ولا حساب وتأتی الملئكة فیسجدون ویقولون: ربنا نحن نسبح لك اللیل والنهار ونقدس لك ماهؤلاء الذین آثرتهم علینا؟ فیقول: هؤلاء عبادی الذین قاتلوا فی سبیلی وأوذوا فی سبیلی فتدخل الملئكة علیهم من كل باب سلام علیكم بما صبرتم فنعم عقبی الدار۔ (روح المعانی)

⑤ وقاتلوا وقتلوا اور انہوں نے قتال کیا اور شہید ہوئے۔

وهذا اعلی المقامات ان یقاتل فی سبیل الله فیعقر جواده ویعفر وجهه بدمه وترابه۔

یعنی یہ سب سے اونچا مقام ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرے اور اس کا گھوڑا بھی مارا جائے اور اس کا چہرہ مٹی اور خون میں لت پت ہو جائے۔ (ابن کثیر)

## فائدہ

پہلے ارشاد فرمایا کہ ہم کسی محنت کرنے والے کی محنت اور عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کرتے پھر اپنے پسندیدہ اعمال کا ذکر فرمایا۔ ہجرت، تکلیفیں، جہاد، شہادت، گویا کہ یہ اعمال جن میں اللہ تعالیٰ کے لئے قربانی ہے اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہیں۔ جن پر وہ اپنی طرف سے خاص بدلے عطاء فرماتا ہے، مطلب یہ ہوا کہ دعاء کی قبولیت کے لئے عمل ضروری ہے اور وہ اعمال جن کا بدلہ یقینی اور اجر بے شمار ہے ہجرت، جہاد وغیرہ قربانی والے اعمال ہیں۔ ان اعمال سے مسلمانوں کو اجتماعی فائدہ بھی ملتا ہے اور انفرادی بھی۔ اور ان اعمال کی بدولت اسلام اور مسلمانوں کو غلبہ نصیب ہوتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## دعاء

ربنا واتنا ما وعدتنا علی رسلك ولا تخزنا یوم القیمة انك لا تخلف المیعاد آمین

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۹۶۔۱۹۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ

تجھ کو کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا دھوکہ نہ دے۔ یہ تھوڑا سا فائدہ ہے

ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾

پھر ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے

## خلاصہ

کافروں کا دنیا کے شہروں میں گھومنا پھرنا (اور مال و دولت میں ترقی کرنا) مسلمانوں کو مغالطے میں نہ ڈالے (کہ ان چیزوں کی کوئی وقعت ہے) یہ چند روزہ بہار ہے (کیونکہ مرتے ہی اس کا نام و نشان نہ رہے گا) پھر ان کا ٹھکانا جہنم میں ہوگا اور وہ بری آرامگاہ ہے۔ (مستفاد من بیان القرآن)

## اقوال و حوالے

❶ یعنی کفار جو ادھر اُدھر تجارت وغیرہ کرکے دولت کماتے اور اکڑتے پھرتے ہیں مسلمان کو چاہیے کہ ان سے دھوکہ نہ کھائے یہ محض چند روز کی بہار ہے، اگر ایک شخص کو چار دن پلاؤ قورمے کھلانے کے بعد پھانسی یا حبس دوام کی سزا دی جائے تو وہ کیا خوش عیش ہوا؟ خوش عیش وہ ہے جو تھوڑی سی محنت اور تکلیف اٹھا کر ہمیشہ کے لئے اعلیٰ درجہ کی راحت و آسائش کا سامان مہیا کرلے۔ (تفسیر عثمانی) (جیسا کہ پچھلی آیت میں ہجرت، جہاد اور شہادت کے اعلیٰ اجر کا تذکرہ ہے)

❷ تمہیں یہ خیال پیدا نہ ہو کہ ان کے ہاں پورا ساز و سامان موجود ہے اور تمہارے ہاں نہیں۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## فائدہ

کافر کا مقصود چونکہ دنیا کی زندگی اور اس کا عیش و آرام ہے تو اس کی خاطر وہ ہر وقت محنت کرتا رہتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے ڈھیل دی جاتی ہے۔ اس لئے ہر زمانے میں وہ دنیا کی چمک دمک جمع کر لیتا ہے۔ اب اگر مسلمانوں کی نظر کافروں کی اس ترقی اور چمک دمک پر ہوگی۔ اور وہ اس کو کوئی عزت اور وقعت والی چیز سمجھنے لگے تو وہ سخت نقصان اٹھائیں گے اور اپنے مقصد سے ہٹ جائیں گے۔ اور ممکن ہے کہ جہاد اور غلبے سے بھی محروم ہو جائیں۔ اور دین کی خاطر دنیا چھوڑنے کی بجائے۔ دنیا کی خاطر دین چھوڑنے لگ جائیں۔ اس لئے قرآن پاک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کی ''دعوت جہاد'' کا ایک اہم سبق یہ ہے کہ مسلمان کافروں کی مادی اور ظاہری ترقی سے مرعوب نہ ہوں اور نہ اس عارضی چمک دمک کو کوئی حیثیت اور وقعت دیں۔ اور نہ اس ترقی کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں۔ بلکہ ان کی نظر ہمیشہ آخرت کی نعمتوں پر رہنی چاہیے۔ اس لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار مدینہ سے صرف جنت ہی کا وعدہ فرمایا تھا۔ اگر مسلمان کا نظریہ اس بارے میں قرآن پاک کے مطابق ہو جائے تو وہ آسانی سے ہجرت اور جہاد کی تکلیف برداشت کر سکتا ہے ورنہ نہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

مسلمان جب دنیا کی ظاہری چمک دمک اور ترقی کو وقعت نہیں دیتا اور اپنی نظر آخرت پر رکھتا ہے تو یہ دنیا اس کے قدموں میں گرتی ہے۔ جیسا کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اسلاف امت کے ساتھ ہوا۔ لیکن جب مسلمان قرآن پاک کے اس حکم کو بھول جاتا ہے اور دنیا کی مادی ترقی اسکی نظروں میں اہم ہو جاتی ہے تو وہ قدم قدم پر رسوا ہوتا ہے اور اسے کافروں کی نوکری چاکری اور غلامی کرنی پڑتی ہے جیسا کہ اس زمانہ میں بکثرت ہو رہا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

قرآن پاک میں یہ اہم مضمون مختلف مقامات پر بار بار بیان کیا گیا ہے تاکہ اچھی طرح سے دلنشین ہو جائے اور احادیث مبارکہ میں تو یہ مضمون بہت کثرت سے بیان ہوا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سورۃ آل عمران مدنیۃ آیت ۱۹۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾

ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مہمانی ہے اور جو اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے وہ نیک بندوں کیلئے بدرجہا بہتر ہے

### خلاصہ

مسلمان کی نظر ان نعمتوں پر رہے جو اللہ پاک نے اپنے متقی بندوں کے لئے تیار کر رکھی ہیں، ہمیشہ کی جنتیں اور اللہ تعالیٰ کی اعلیٰ اور بہترین مہمان نوازی۔

### فائدہ

یہ ہے راز کامیابی کا اور یہ ہے طریقہ دنیا کو اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکا کر اس میں اسلام نافذ کرنے کا۔ مسلمان اپنی نظر آخرت کی زندگی اور نعمتوں پر رکھے اور پھر ان کے حاصل کرنے کے لئے جہاد سمیت اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو زندہ کرے اور موت کے ڈر سے بے پرواہ ہو کر آگے بڑھتا چلا جائے۔ جنت اور آخرت کا شوق مؤمن کو فولاد بنا دیتا ہے۔ اور پھر دنیا کی کوئی طاقت اس کے مقابلے میں نہیں ٹھہر سکتی لیکن اگر مومن خود دنیا کی محبت میں مبتلا ہو جائے تو وہ خاک کا ڈھیر اور مکڑی کا جالا بن جاتا ہے۔ جسے اس کے مخالف روند ڈالتے ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

اور اہل کتاب میں بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہیں اور جو چیز تمہاری طرف نازل کی گئی

وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اور جو ان کی طرف نازل کی گئی اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی کرنے والے ہیں اللہ تعالیٰ کی آیتوں پر

ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

تھوڑا مول نہیں لیتے یہی ہیں جن کے لئے ان کے رب کے ہاں مزدوری ہے بے شک اللہ تعالیٰ جلد

الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾

حساب لینے والا ہے

### خلاصہ

اہل کتاب میں سے ایسے خوش بخت لوگ بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر مکمل اور درست ایمان رکھتے ہیں۔ قرآن پاک سمیت اللہ تعالیٰ کی تمام کتابوں کو مانتے ہیں۔ ان کے دل اللہ تعالیٰ کی عظمت کے سامنے جھکے رہتے ہیں، وہ دنیا کی خاطر دین کو نہیں بیچتے، ایسے لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ کے ہاں بہترین بدلہ ہے، بے شک اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔

### فائدہ

اس امت کے غلبے کے لئے ان صفات کو اپنانا مسلمانوں پر لازم ہے، حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ان صفات کو اپنایا، اور دنیا و آخرت میں پورا پورا بدلہ پایا۔ اہل کتاب میں سے جو کامیابی چاہتا ہے اس کے لئے یہی کامیابی کا نصاب ہے، چنانچہ جنہوں نے عمل کیا وہ کامیاب رہے۔ (واللہ اعلم بالصواب) (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ آلِ عِمْرَانَ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۗ وَ

اے ایمان والو صبر کرو اور مقابلہ کے وقت مضبوط رہو اور لگے رہو

اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾

اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تاکہ تم نجات پاؤ

## خلاصہ

ایمان کی حفاظت اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا نصاب:

❶ صبر یعنی دین پر استقامت۔ ❷ مصابرہ یعنی جہاد کے دوران ثابت قدمی۔ ❸ رباط یعنی ہر وقت جہاد کے لیے تیار رہنا۔

❹ تقویٰ یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اسکی نافرمانی سے بچنا۔

## اقوال و حوالے

❶ خاتمہ پر مسلمانوں کو نہایت جامع و مانع نصیحت فرمادی جو گویا ساری سورۃ کا ماحصل ہے یعنی اگر کامیاب ہونا اور دنیا و آخرت میں مراد کو پہنچنا چاہتے ہو تو سختیاں اٹھا کر بھی طاعت پر جمے رہو، معصیت سے رکو، دشمنوں کے مقابلے میں مضبوطی اور ثابت قدمی دکھلاؤ اسلام اور حدود اسلام کی حفاظت میں لگے رہو جہاں سے دشمن کے حملہ آور ہونے کا خطرہ ہو وہاں آہنی دیوار کی طرح سینہ سپر ہو کر ڈٹ جاؤ۔ واعدوا لهم ما استطعتم من قوة ومن رباط الخيل ترهبون به عدو الله وعدوكم۔ (انفال) اور ہر وقت ہر کام میں خدا سے ڈرتے رہو۔ یہ کر لیا تو سمجھو کہ مراد کو پہنچ گئے (تفسیر عثمانی)

❷ **کلام برکت**

ثابت رہو یعنی دین پر اور مقابلے میں (مضبوطی کرو) یعنی جہاد میں اور لگے رہو یعنی کافروں کے سامنے (حفاظت اور تیاری میں) (موضح القرآن)

❸ اے ایمان والو اپنے فرض پر مر مٹو اور دوسروں کو مر مٹنے پر تیار کرو دشمنوں کی گھات میں لگے رہو اور خدا تعالیٰ سے تعلق درست رکھو تاکہ تم ہر مصیبت میں نجات پا سکو۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

❹ اے ایمان والو (تکالیف پر) خود صبر کرو اور جب کفار سے مقاتلہ (یعنی جنگ) ہو تو مقابلہ میں صبر کرو اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

احتمال مقاتلہ (یعنی جنگ کے امکان) کے وقت مقابلہ کے لئے مستعد رہو اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور حدود شرع سے نہ نکلو تم پورے کامیاب ہو آخرت میں تو ضروری اور اکثر اوقات دنیا میں بھی۔ (بیان القرآن)

**فائدہ**

صبر، مصابرہ، رباط، تقویٰ ان چار الفاظ کے جامع معانی سمجھنے کے لئے اوپر دی گئی چار عبارات میں باریکی سے غور کریں تو ان شاء اللہ بہت سے نکات معلوم ہو جائیں گے۔

۵ یا ایہا الذین امنو اصبروا علی الطاعات، والمصائب، وعن المعاصی وصابروا الکفار فلا یکونوا اشد صبرا منکم ورابطوا اقیموا علی الجہاد. (جلالین)

یعنی صبر کا معنی نیکیوں پر ڈٹے رہنا مصیبت میں حوصلہ رکھنا اور گناہوں سے بچنا۔ اور مصابرہ کا معنی کفار سے ڈٹ کر لڑنا پس ایسا نہ ہو کہ وہ کفار تم سے زیادہ ڈٹ کر لڑنے والے ہوں اور رباط کا معنی جہاد میں لگے رہنا اور جہاد کو قائم رکھنا۔

۶ وقال الاصم لما کثرت تکالیف اللہ فی ھذہ السورۃ امرھم بالصبر علیھا ولما کثر ترغیب اللہ تعالیٰ فی الجہاد فی ھذہ السورۃ امرھم بمصابرۃ الاعداء (التفسیر الکبیر)

یعنی امام ابوبکر اصم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ چونکہ اس سورۃ میں کثرت سے اللہ تعالیٰ کے احکامات (جن کا انسان مکلف ہوتا ہے) بیان ہوئے ہیں اس لئے آخر میں اس پر صبر یعنی استقامت کا حکم دیا۔ اور چونکہ اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ نے کثرت سے جہاد کی ترغیب دی ہے تو آخری آیت میں مصابرۃ یعنی دشمنوں سے ڈٹ کر مقابلہ کرنے کا حکم دیا۔

۷ مرابطہ کے معنی دشمنوں سے مقابلہ کی تیاری (مباراۃ الاعداء) کے ہیں اور اس تحت میں ہر قسم کی جنگی تیاریاں آجاتی ہیں جو عصر جدید کے تقاضوں کے تحت دشمنان دین کے مقابلہ میں کی جائیں۔ (تفسیر ماجدی)

۸ اصبروا ہر وقت اپنے مقصد حیات پر مرنے کے لئے تیار رہو وصابروا مسلمانوں کو ہمیشہ جہاد وقتال فی سبیل اللہ کے لئے جوش دلاتے رہو اور ان کو بھی اعلیٰ مقاصد زندگی پر مرنے کے لئے تیار کرو رابطوا جس قدر تمہارے مخالفین ہیں ان کی نقل وحرکت کی نگرانی کرو تا کہ اگر وہ کوئی تدبیر اسلام کی بربادی کی سوچیں تو تم اس کا رد عمل کرو۔ (تفسیر الفرقان)

۹ صابروا اعداء اللہ فی الجہاد ای غالبوھم فی الصبر علیٰ شدائد الحرب لا تکونوا اقل صبرا منھم وثباتا ورابطوا واقیموا فی الثغور رابطین خیلکم فیھا مترصدین مستعدین للغزو قال اللہ عزوجل ومن رباط الخیل ترھبون بہ عدو اللہ وعدوکم. (کشاف)

یعنی صابروا کا معنی جہاد میں اللہ کے دشمنوں سے ڈٹ کے لڑنا یعنی جنگ کی شدتوں میں اپنے دشمنوں سے بڑھ کر استقامت دکھاؤ تا کہ تم صبر اور ثابت قدمی میں ان سے کم نہ رہو (گویا ثابت قدمی سے ان کا مقابلہ کرو اور اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں ان پر غالب رہو کہ تمہاری ثابت قدمی ان کی ثابت قدمی سے زیادہ ہو) اور رابطوا کا معنٰی اسلامی سرحدوں پر واقع محاذوں پر گھوڑے باندھ کر موجود رہو۔ وہاں پہرہ دو، دشمن کی نگرانی کرو اور جنگ کے لئے تیار رہو رباط کا لفظ رباط الخیل سے ہے جس کا تذکرہ آیت ومن رباط الخیل میں ہے یعنی گھوڑے باندھنا۔

⑩ ختم الله تعالىٰ هذه السورة بهذه الوصاية التي جمعت الظهور في الدنيا على العدو والفوز بنعيم الآخرة فامر الله بالصبر والمصابرة والرباط (البحر المحيط) یعنی اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کا اختتام ان نصیحتوں پر فرمایا جو دنیا میں دشمنوں پر غلبے اور آخرت میں کامیابی کے جامع طریقے بتاتی ہیں۔ یعنی صبر، مصابرہ اور رباط۔

⑪ وقال الحسن وقتادة والضحاك وابن جريج اصبروا علىٰ طاعة الله في تكاليفه، وصابروا اعداء الله في الجهاد ورابطوا في الثغور في سبيل الله اى ارتبطوا الخيل كما يرتبطها اعداء كم. (البحر المحيط)

⑫ مصابرہ کے ایک عجیب معنٰی وقال ابى و محمد بن كعب القرظي هي مصابرة وعدالله بالنصر أى لاتسأموا وانتظروا الفرج. یعنی مصابرہ کے معنٰی ہیں اللہ تعالیٰ کی نصرت کے پورا ہونے کا انتظار کرنا۔ مطلب یہ ہوا کہ اکتاؤ نہیں (اور مایوس نہ ہو جاؤ بلکہ) اچھے حالات یعنی اللہ تعالیٰ کی نصرت کا انتظار کرو۔ (البحر المحیط)

⑬ والمرابط في سبيل الله عند الفقهاء هوالذي يشخص الى ثغر من الثغور ليرابط فيه مدة. (البحر المحيط)

یعنی فقہاء کے نزدیک مرابط فی سبیل اللہ وہ ہے جو اسلامی سرحدوں کے کسی محاذ پر پہرہ دینے کے لئے کچھ عرصہ موجود رہے۔

⑭ ورابطوا فقال جمهور الامة رابطوا اعداء كم بالخيل اى ارتبطوها كما يرتبطها اعداء كم (قرطبي)

یعنی جمہور امت کا قول یہ ہے کہ رباط کا معنٰی گھوڑے باندھ کر دشمن کے مقابلے کے لئے موجود رہنا جس طرح وہ تمہارے خلاف لڑنے کے لئے گھوڑے باندھتے ہیں۔

⑮ قال ابن عطية: والقول الصحيح هو ان الرباط الملازمة في سبيل الله اصلها من ربط الخيل، ثم كل ملازم لثغر من ثغور الاسلام مرابطاً فارساً كان أوراجلاً. یعنی رباط کے اصل معنٰی تو جہاد کو لازم پکڑنے کے ہیں اور اس میں گھوڑے باندھنے کا معنٰی بھی موجود ہے۔ پھر ہر وہ شخص جو کسی اسلامی سرحدی محاذ پر جہاد کے لئے موجود ہو مرابط کہلاتا ہے خواہ گھڑ سوار ہو یا پیدل۔ (قرطبی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

روایات سے رباط کے درج ذیل معانی معلوم ہوتے ہیں:

(۱) اسلامی سرحدوں اور لشکر کی پہرے داری کرنا۔ (۲) جہاد کو لازم پکڑنا۔ (۳) جہاد کی تیاری میں لگے رہنا۔

(۴) دشمنوں پر گھات لگانا اور انکی نقل وحرکت اور تدابیر پر نظر رکھنا۔

(۵) ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔ (۶) اپنا دل مسجد سے جوڑنا وغیرہ۔

## رباط کے فضائل

رباط فی سبیل اللہ یعنی پوری جنگی تیاری کے ساتھ اسلامی سرحدوں اور محاذوں پر موجود رہنا اور پہرہ دینا۔ یا اسلامی لشکر یا امیر جہاد کا پہرہ دینا وغیرہ۔ یہ بہت ہی افضل عمل ہے۔ اور جہاد کا اونچا درجہ ہے۔ احادیث مبارکہ میں اس عمل کے بے شمار فضائل مذکور ہیں۔ یہ تمام احادیث اگر جمع کی جائیں تو ایک مکمل کتاب بن جائے۔ یہاں بطور تبرک مختصر طور پر ان چند فضائل کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے جو احادیث مبارکہ میں مذکور ہیں۔

❶ ایک دن کا رباط دنیا ومافیھا سے بہتر ہے۔ یعنی اگر کوئی شخص ساری دنیا کا مالک ہوجائے پھر وہ اپنا مال اللہ تعالیٰ کی طاعت میں خرچ کردے تب بھی وہ ایک دن کے رباط کے مقام تک نہیں پہنچ سکے گا۔ ❷ ایک دن رات کا رباط ایک مہینے کے قیام اور روزوں سے افضل ہے۔ ❸ مرابط کا عمل قیامت تک جاری رہے گا اور مرنے کے بعد اس کا اجر اسے ملتا رہے گا۔ ❹ مرابط شیطان سے محفوظ رہتا ہے۔ ❺ مرابط کا عمل قیامت تک بڑھتا رہتا ہے۔ ❻ وہ قبر کے فرشتوں سے امن میں رہتا ہے۔ ❼ تمام صدقات جاریہ کا اجر مرنے کے بعد اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک وہ صدقہ اور نیکی اور اس کے اثرات جاری رہیں۔ جب اثرات ختم تو اجر بھی بند مگر مرابط کا اجر قیامت تک جاری رہتا ہے کیونکہ وہ پورے دین کی حفاظت کرتا ہے، شعائر اسلام کی حفاظت کرتا ہے اور یہ تمام چیزیں قیامت تک رہنے والی ہیں۔ (تفسیر قرطبی میں پوری بحث ملاحظہ فرمالیں)

❽ مرابط قیامت کے دن کی گھبراہٹ اور خوف سے محفوظ رہے گا۔

## دعاء

یا اللہ ہمیں ایمان، صبر، مصابرہ، رباط، تقویٰ، اور فلاح نصیب فرما۔

آمین یا ارحم الراحمین

(۶ صفر ۱۴۲۷ھ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سورة

# النساء

مدنية

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# ابتدائیہ

اس تالیف میں **سورۃ النساء** کی درج ذیل بیالیس (۴۲) آیات کے مضامین جہاد کو بیان کیا گیا ہے:

آیات ۶۹ تا ۸۵

آیات ۸۸ تا ۹۱

آیات ۹۴ تا ۱۰۴

آیات ۱۳۸ تا ۱۴۷

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## بیالیس (۴۲) آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ

آیت (۶۹) (۷۰)۔شہداء کرام پر اللہ تعالیٰ کا خاص انعام ہے۔

آیت (۷۱)۔جہاد کے لئے بھرپور جنگی اور دفاعی تیاری کرو اور حکمت عملی کے ساتھ نکلو۔

آیت (۷۲)۔منافق جہاد سے محروم رہتا ہے اور اپنی اس محرومی کو اللہ تعالیٰ کا احسان سمجھتا ہے۔

آیت (۷۳)۔جہاد میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہو تو منافق حسد اور حسرت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

آیت (۷۴)۔آخرت میں کامیابی کے طلبگار جہاد میں نکل پڑیں وہ شہید ہوں یا غالب ان کے لئے کامیابی ہے۔

آیت (۷۵)۔تمہارے لئے کیا عذر ہے کہ تم اپنے رب اللہ تعالیٰ کے لئے جہاد نہیں کرتے۔اور مظلوم مسلمانوں کی خلاصی کے لئے جہاد نہیں کرتے۔

آیت (۷۶)۔مسلمان اللہ تعالیٰ کے لئے لڑتے ہیں جبکہ کافر طاغوت کی خاطر جنگ کرتے ہیں۔

آیت (۷۷)۔کافروں سے نہ ڈرو، دنیا کی فانی زندگی سے دل نہ لگاؤ بلکہ اپنی آخرت کے لئے خوب جہاد کرو۔

آیت (۷۸)۔جہاد سے بھاگنے والو، مضبوط قلعوں میں جا بیٹھو موت وہاں بھی تمہیں پکڑ لے گی، منافق شکست کی آڑ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تنقید کرتے ہیں۔

آیت (۷۹)۔جہاد میں شکست کا قصور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نہ ڈالو۔

آیت (۸۰)۔جہاد کے خلاف منافقین کی باتوں میں نہ آؤ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت دراصل اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے۔

آیت (۸۱)۔مسلمانوں کو جہاد میں منافقین کی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔

آیت (۸۲)۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جہاد کی مخالفت کرنے والے قرآن پاک میں غور نہیں کرتے؟

آیت (۸۳)۔جماعت اور جہاد کی حفاظت کے لئے افواہوں اور خبروں پر قابو پانا، اور مجاہدین کا قرآن پاک اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مسلسل رہنمائی لینا ضروری ہے۔

آیت (۸۴)۔اے نبی آپ جہاد کیجئے اگرچہ آپ اکیلے ہوں اور ایمان والوں کو جہاد پر ابھاریئے، آپکے جہاد کرنے سے اللہ تعالیٰ کافروں کے زور جنگ کو توڑ دے گا۔

آیت (۸۵)۔دعوت جہاد دینے والوں کے لئے بشارت۔

آیت (۸۸)۔منافقین سے لڑنے کے بارے میں دو فریق نہ بنو۔

آیت (۸۹)۔جو منافق کھلم کھلا مرتد ہو چکے ہیں وہ اگر سچی توبہ اور ہجرت نہ کریں تو ان سے لڑو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

آیت (۹۰)- جو کافر تم سے مصالحت اور امن کے ساتھ رہنے کی ترتیب بنائیں ان سے نہ لڑو۔

آیت (۹۱)- جو منافق دھوکا بازی کے ذریعے تمہیں نقصان پہنچانا چاہیں ان سے لڑو۔

آیت (۹۴)- مجاہدین کو چاہئے کہ جہاد کے معاملات میں خوب تحقیق سے کام لیا کریں اور ناحق قتل سے بہت بچیں۔

آیت (۹۵)- گھر بیٹھنے والے مسلمان درجات اور فضیلت میں مجاہدین کے برابر نہیں ہیں۔

آیت (۹۶)- مجاہدین کے لئے اونچے اونچے درجے، خاص مغفرت اور خصوصی رحمت ہے۔

آیت (۹۷)- ہجرت و جہاد چھوڑنے اور کافروں کا ساتھ دینے کا برا انجام۔

آیت (۹۸)(۹۹)- جو واقعی ہجرت سے معذور ہیں ان کے لئے معافی ہے۔

آیت (۱۰۰)- جس کا راستے میں انتقال ہو گیا اس کی ہجرت پوری اور اس کا اجر پکا۔

آیت (۱۰۱)- شرعی سفر جہاد میں نماز کا مسئلہ کہ قصر ادا ہوگی۔

آیت (۱۰۲)- جنگ کے دوران نماز کا طریقہ۔

آیت (۱۰۳)- جہاد میں ذکر اللہ۔

آیت (۱۰۴)- جہاد میں سستی ناجائز ہے۔

آیت (۱۳۸)- منافقوں کے لئے دکھ والی مار ہے۔

آیت (۱۳۹)- منافق عزت اور حفاظت کی خاطر کافروں سے یاری کرتے ہیں۔

آیت (۱۴۰)- اللہ تعالیٰ کے کسی بھی حکم کے خلاف کوئی بات نہ سنو۔

آیت (۱۴۱)- منافق فتح میں تم مسلمانوں کے ساتھ اور شکست میں تمہارے مخالف۔

آیت (۱۴۲)- منافق دھوکے باز، نماز میں سست اور ریاکار۔

آیت (۱۴۳)- منافق کبھی ادھر کبھی ادھر۔

آیت (۱۴۴)- مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں سے دوستی کرنا نفاق کی دلیل ہے۔

آیت (۱۴۵)- جہنم میں منافقوں پر کافروں سے زیادہ سخت عذاب ہوگا۔

آیت (۱۴۶)- منافق سخت عذاب سے بچنا چاہتے ہیں تو چار کام کر کے مومنین کی جماعت میں شامل ہو جائیں۔

آیت (۱۴۷)- اللہ تعالیٰ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر گذاری اور ایمان کا راستہ اختیار کرو۔ یعنی نفاق چھوڑ دو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## دیگر

امام رازی رحمہ اللہ کے نزدیک النساء آیت (۶۹) سے پہلے بھی بعض آیات میں جہادی مضامین موجود ہیں ملاحظہ فرمائیں ”التفسیر الکبیر“۔

اور حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ کے نزدیک سورۃ النساء کی آیت (۸۵) آیت (۱۱۰) آیت (۱۵۰) میں بھی جہادی مضامین بیان ہوئے ہیں، ملاحظہ فرمائیں حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۶۹، ۷۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ

اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا فرمانبردار ہو تو وہ ان کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے

عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ

انعام کیا وہ نبی اور صدیق اور شہید اور صالح ہیں

وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اور یہ رفیق کیسے اچھے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے احسان ہے اور اللہ تعالیٰ کافی ہے

عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾

جاننے والا

### خلاصہ

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کا یہ صلہ ہے کہ ایسے لوگوں کو آخرت میں حضرات انبیاء علیہم السلام، حضرات صدیقین، حضرات شہداء اور صالحین کی رفاقت نصیب ہوگی۔ اور انبیاء علیہم السلام، صدیقین، شہداء اور صالحین وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔ ایسے حضرات کی اچھی اور عمدہ رفاقت کا مل جانا اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔

### انعام یافتہ کامیاب حضرات

سورۃ فاتحہ میں دعاء مانگی جاتی ہے کہ یا اللہ ہمیں اُن لوگوں کے راستے پر چلا جن پر تیرا کامل انعام ہے۔ یعنی اُن کا دین تیرے نزدیک مقبول ہے اور وہ تیرے ہاں کامیاب اور انعام یافتہ ہیں۔ اس آیت میں بتا دیا گیا کہ مقبول، کامیاب اور پکے انعام یافتہ یہ چار طبقے ہیں (۱) انبیاء علیہم السلام (۲) صدیقین (۳) شہداء (۴) صالحین۔ (واللہ اعلم بالصواب)

### حضرات شہداء کرام

ان چار یعنی کامیاب طبقوں میں سے ایک شہداء کرام کا طبقہ بھی ہے۔

(۱) والشھداء الذین استشھدوا فی سبیل اللہ (المدارک) یعنی وہ حضرات جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہوتے ہیں۔

(۲) "شہداء یعنی وہ حضرات جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے دین کو بلند کرنے کے لئے دشمنان اسلام سے جنگ لڑی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اورکافروں کے ہاتھوں مقتول ہو گئے یہ بھی مقربین بارگاہ الٰہی ہیں اوران کے بڑے درجات ہیں۔“(انوار البیان)

❸ ”اورشہید وہ جن کو پیغمبر کے حکم پر ایسا صدق (یقین) آیا کہ اس پر جان دیتے ہیں۔(موضح القرآن)

❹ والشھداء القتلیٰ فی سبیل اللّٰہ۔ یعنی شہداء سے مراد اللہ تعالیٰ کے راستے میں مقتول ہونے والے ہیں۔“ (جلالین)

❺ اما الشهيد: فهو المقتول في سبيل الله، المخصوص بفضل الميتة وفرق الشرع حكمهم في ترك الغسل والصلوٰة لانهم اكرم من ان يشفع فيهم. (البحر المحيط)

یعنی شہید سے مراد اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتل ہونے والا ہے۔ اس کی موت کو خصوصی فضیلت حاصل ہے۔ اور شریعت نے انہیں امتیازی احکامات سے نوازا ہے کہ انہیں غسل نہیں دیا جاتا اور ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی۔ کیونکہ وہ اس بات سے بلند ہیں کہ کوئی ان کی بخشش کے لئے (نماز جنازہ میں) سفارش کرے۔

(احناف کے نزدیک شہداء کرام کی نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے جیسا کہ شہداء غزوہ احد کی ادا کی گئی، حضرت ابوحیانؒ رحمہ اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ کے قول کو اختیار فرمایا ہے)

## عظیم فضیلت

سورۃ فاتحہ کی دعاء اور پھر اس آیت کو مکمل غور اور یقین سے پڑھا جائے تو شہادت کی فضیلت سمجھنے کے لئے یہ آیت مبارکہ ہی کافی ہے۔(واللہ اعلم بالصواب)

## ایک قول

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

والمراد هنا بالشهداء عمر وعثمان وعلي، والصالحين سائر الصحابة رضي الله عنهم اجمعين. یعنی (صدیقین میں تو حضرت ابوبکر صدیق آ گئے، جبکہ شہداء سے مراد حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں اور صالحین سے تمام صحابہ مراد ہیں (القرطبی) اس قول کو ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

قلت واللفظ يعم كل صالح وشهيد۔ یعنی میرے نزدیک صالح اور شہید کا لفظ تمام صلحاء اور شہداء کے لئے عام ہے۔(یعنی صرف حضرات صحابہ کرام مراد نہیں ہیں) (قرطبی)

صاحب تفسیر ماجدی نے الشھداء کے اطلاق کو بہت عام کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ ”مقتولیت کوئی اپنے اختیار کی چیز ہے بھی نہیں“ اس پر کہا جا سکتا ہے کہ جناب! کوئی مقام بھی اپنے اختیار کی چیز نہیں ہے انسان دعاء اور کوشش کر سکتا ہے اور راستہ اختیار کر سکتا ہے۔

## دعاء

اللهم اهدنا الصراط المستقيم، صراط الذين انعمت عليهم من الانبياء والصديقين والشهداء والصالحين۔ ياذاالفضل العظيم۔ (آمين يارب العالمين)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ٧١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ

اے ایمان والو اپنے ہتھیار لے لو پھر جدا جدا فوج ہو کر نکلو

اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿٧١﴾

یا سب اکٹھے ہو کر نکلو

### خلاصہ

اے ایمان والو اپنا اسلحہ اور جنگی دفاع کا مکمل سامان لے لو۔ اور پھر ضرورت اور جنگی حکمت عملی کے تحت چھوٹے چھوٹے دستوں کی صورت میں نکلو یا بڑے لشکر کی صورت میں۔

### ربط

اس آیت کے ماقبل کے ساتھ ربط میں مفسرین حضرات کے چند اقوال ملاحظہ فرمائیں:

**١ جہاد سب سے بڑا کام ہے:**

**واعلم انه تعالىٰ عاد بعد الترغيب في طاعة الله وطاعة رسوله الى ذكر الجهاد الذي تقدم لانه اشق الطاعات ولانه اعظم الامور التي بها يحصل تقوية الدين.**

یعنی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی ترغیب کے بعد اللہ تعالیٰ دوبارہ جہاد کا تذکرہ فرما رہا ہے کیونکہ جہاد سب سے مشکل عبادت ہے۔ اور وہ ان کاموں میں سب سے بڑا کام ہے جن سے دین کو قوت ملتی ہے۔ (التفسیر الکبیر)

**٢ جہاد اصل الاصول ہے:**

"جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم ہو چکا تو وہ خاص چیزیں جن میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت زیادہ ضروری ہے کا بیان شروع ہوتا ہے اور ان میں بڑی اصل الاصول بات جہاد ہے اس لئے اس تمہید کے بعد اس کا حکم دیتا ہے کہ ایماندارو! ہتھیار اٹھاؤ اور دشمن کے مقابلہ کے لئے ایک ایک جماعت ہو کر نکلو یا سب مل کر چلو۔" (ملخص از حقانی)

**٣ انبیاء و صدیقین کی معیت کے لئے جہاد ضروری ہے:**

"یہاں سے جہاد کا ذکر ہے اس سے پہلی آیت میں یہ ذکر تھا کہ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فرمانبرداری کرے گا اسکو انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صالحین کی رفاقت انعام میں ملے گی اور احکام خداوندی میں حکم جہاد چونکہ شاق اور دشوار ہے، خصوصا منافقین پر جن کا ذکر اوپر سے آرہا ہے، اس لئے جہاد کا حکم فرمایا کہ ہر کوئی انبیاء و صدیقین وغیرہم کی رفاقت اور معیت کی امید نہ کرنے لگے، منقول ہے کہ شروع اسلام میں بہت سے ضعیف الاسلام بھی دعوت اسلام قبول کر چکے تھے، پھر جب جہاد فرض ہوگیا تو بعض متزلزل ہوگئے اور بعض کفار کے ہم زبان ہوکر آپ کی مخالفت کرنے لگے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ مطلب یہ ہے کہ اے مسلمانو! منافقوں کی کیفیت تو تم کو پہلے سے معلوم ہو چکی اب خیر اسی میں ہے کہ تم اپنا ہر طرح سے بچاؤ اور اپنی خبرداری اور احتیاط کرلو، ہتھیاروں سے ہو یا تدبیر سے، عقل سے ہو یا سامان سے اور دشمنوں کے مقابلہ اور مقاتلہ کے لئے گھر سے باہر نکلو متفرق طور پر یا سب اکٹھے ہوکر جیسا موقع ہو۔" (تفسیر عثمانی)

**۲ شکست کے صدمہ سے ابھارا جارہا ہے:**

" قرآن مجید کی اکثر آیتوں کی طرح ان آیتوں کو بھی پوری طرح سمجھنے کے لئے ان کا پس منظر پیش نظر رکھنا ضروری ہے احد میں ابھی حال ہی میں مسلمانوں کو عارضی شکست ہوئی تھی اور مشرکین کی ٹوٹی ہوئی ہمتیں اس سے قدرتا بڑھ گئی تھیں اور اکیلے قریش مکہ ہی نہیں گرد و پیش کے دوسرے قبیلے بھی متحد ہوکر اسلام کے خلاف زبردست محاذ تیار کرچکے تھے مسلمانوں کو ہمت، ثبات و استقامت کے یہ درس عین اس وقت دیئے جارہے ہیں۔ خذوا حذرکم حذر کا مفہوم بہت وسیع و جامع ہے ہر وہ چیز جو دشمن سے بچاؤ کے کام میں آتی ہے اس میں شامل ہے خواہ ہتھیار ہوں خواہ تدبیریں، وقس علیٰ ھذا گویا کہا جارہا ہے کہ دشمن کے مقابلہ میں ہر طرح کے کیل کانٹے سے درست اور آمادہ رہو۔" (تفسیر ماجدی)

آیت کا ربط سمجھنے کے بعد اب خذوا حذرکم کا معنیٰ ملاحظہ فرمایئے:

## خذو حذرکم

**۱** وقال الواحدی رحمہ اللہ فیہ قولان احدھما المراد بالحذر السلاح والمعنیٰ خذوا سلاحکم: الخ.

واحدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس میں دو قول ہیں۔ پہلا قول یہ ہے کہ حذر سے مراد اسلحہ ہے تو مطلب یہ ہوا کہ اپنا اسلحہ ساتھ لے لو۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ دشمن سے خود کو بچاؤ اور دشمن سے بچاؤ بھی اسلحہ ہی کے ذریعہ سے ہوتا ہے۔ تب بھی مطلب یہی ہوا کہ اپنا اسلحہ لے لو۔ (التفسیر الکبیر)

**۲** ای احترزوا منہ وتیقظوا لہ. یعنی دشمن سے اپنا دفاع کرو اور اس سے خوب ہوشیار رہو۔ (یعنی غفلت نہ کرو کہ تمہیں غافل پاکر نقصان پہنچادے) (جلالین)

امام قرطبیؒ لکھتے ہیں:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❸ هذا خطاب للمؤمنين المخلصين من امة محمد صلى الله عليه وسلم وامر لهم بجهاد الكفار والخروج في سبيل الله وحماية الشرع.

یعنی اس آیت میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے مخلص ایمان والوں سے خطاب ہے اور ان کو کفار سے جہاد کرنے، اللہ کے راستے میں نکلنے اور شریعت کی حمایت میں لڑنے کا حکم ہے۔

آیت کا ربط بیان کرنے کے بعد امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وامرهم الا يقتحموا على عدوهم على جهالة حتى يتحسسوا الى ماعندهم، ويعلموا كيف يردون عليهم، فذلك اثبت لهم فقال خذوا حذركم فعلمهم مباشرة الحروب. (القرطبی)

یعنی اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو حکم دیا کہ وہ دشمن پر ایسے نہ چڑھ دوڑیں کہ اس کے مکمل حالات سے واقف نہ ہوں بلکہ اچھی طرح سے دشمن کی قوت کا پتا لگائیں اور پھر اس تک پہنچنے کے راستوں اور طریقوں کو سمجھیں (اور پھر حملہ کریں) یہ ترتیب ان کے غلبے اور مضبوطی کا ذریعہ بنے گی اسی لئے ارشاد فرمایا خذوا حذرکم اور انہیں جنگ کرنے کا طریقہ سکھا دیا۔

## کلام برکت

یعنی لڑائی میں اپنا بچاؤ کر تا زرہ (چھن) کر یا سپر (یعنی ڈھال اٹھا) کر یا تدبیر کر یا سرکر منع نہیں۔ (موضح القرآن)

## چاروں اقوال کا خلاصہ

ان چاروں اقوال میں غور کیا جائے تو جہاد کا پورا دفاعی نظام سمجھ میں آ جاتا ہے۔ اور یہ بات بھی معلوم ہو جاتی ہے کہ جہاد کے دوران زیادہ فکر دشمن کو نقصان پہنچانے کی، اور اپنے بچاؤ کی رکھنی چاہیے۔ دشمن کی مکمل جاسوسی کرنا۔ راستوں کا کھوج لگانا۔ مناسب طرف سے حملہ کرنا۔ محفوظ راستہ اختیار کرنا۔ دشمن کی نقل و حرکت پر مکمل نظر رکھنا۔ اُس کی جنگی تیاری کے مطابق اپنا اسلحہ تیار کرنا۔ اپنے جسم کو دشمن کی ضرب سے بچانے کے لئے حفاظتی لباس پہننا، خوب تدبیر اور حکمت عملی سے لڑنا۔ دشمن کو زیادہ سے زیادہ نقصان پہنچانے کے لئے اپنے ذہنی ہنر کو بروئے کار لانا۔ جنگ کا ایسا طریقہ اختیار کرنا جس میں دشمن کا نقصان اور اپنے لشکر کا بچاؤ ہو۔ الغرض جہاد کے دوران دشمن کا نقصان اور اپنا دفاع مدنظر رکھ کر مقابلے میں کود پڑو۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## نکتہ

حذر کا معنیٰ بچاؤ آتا ہے مگر اس سے یہ بچاؤ مراد نہیں کہ انسان جہاد اور جنگ سے ہی بھاگ جائے۔ بلکہ جنگ کے دوران اپنا اور اسلامی لشکر کا زیادہ سے زیادہ دفاع مراد ہے۔ جیسا کہ آیت کریمہ کے الفاظ سے بالکل ظاہر اور واضح ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

فانفروا ثبات او انفروا جميعاً

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

پھر چھوٹے چھوٹے دستے بنا کر کوچ کر دیا اکٹھے۔

فانفروا انہضوا لقتال العدو. یعنی دشمن سے لڑنے کے لئے نکلو۔(قرطبی)

ثبات کنایة عن السرایا. یعنی چھوٹے چھوٹے سریے اور دستے بنا کر نکلو۔(قرطبی)

جمیعاً معناہ الجیش الکثیف. یعنی بڑے لشکر میں نکلو۔(قرطبی) باقی مفسرین نے بھی تقریباً یہی معنیٰ بیان کئے ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے یہ دو عبارتیں:

(۱) ثبات متفرقین، سریة بعد أخری او انفروا جمیعاً مجتمعین (جیشاً واحداً) (جلالین)

(۲) معناہ انفروا الی العدو اما ثبات ای جماعات متفرقة، سریة بعد سریة، واما جمیعاً ای مجتمعین کوکبة واحدة. (التفسیر الکبیر)

## اقوال کا خلاصہ

ان تمام اقوال کا خلاصہ بھی وہی ہوا جو امام قرطبی رحمہ اللہ کے حوالے سے گذر چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس آیت میں مسلمانوں کو جنگ کرنے کا طریقہ سکھا رہے ہیں۔ پہلے پورا دفاعی نظام خذوا حذرکم کے جامع الفاظ میں ارشاد فرما دیا۔ اور اب انفروا سے لڑائی کے لئے نکلنے کا طریقہ ارشاد فرما دیا کہ اصل مقصود چونکہ اعلاء کلمۃ اللہ کی خاطر دشمنان اسلام سے لڑنا ہے۔ اس لئے جنگی حکمت عملی کے تحت وہ صورت اختیار کرو جس میں دشمن کا زیادہ سے زیادہ نقصان اور اسلامی لشکر کا زیادہ سے زیادہ دفاع اور فائدہ ہو۔ چنانچہ اگر گوریلا جنگ مناسب ہو تو انفروا ثبات اور مکمل لشکر کشی مناسب ہو تو انفروا جمیعاً۔ اور (واللہ اعلم) یہ بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ مکمل جاسوسی، نگرانی اور تدبیر کے بعد پہلے انفروا ثبات ایک ایک، دو دو افراد اور چھوٹے دستے گوریلا کاروائیاں کر کے دشمن کو نقصان پہنچائیں، تنگ کریں، اور اس کے راستے تباہ کریں۔ اور پھر اگر ضرورت باقی رہے تو اس کمزور اور تنگ شدہ دشمن پر، انفروا جمیعاً پورا لشکر حملہ آور ہو جائے۔ مگر لفظ او کے ہوتے ہوئے یہ معنیٰ بعید ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## فائدہ

حضرت لاہوری رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

''مسلمانوں کو حکم بنا کر بھیجا اور محاکمہ بالعدل کا قانون دیا گیا۔ اب اس قانون کی نشر و اشاعت کے لئے آگے بڑھیں گے تو اسباب قتال پیدا ہوں گے، ضعیف افراد یا جماعتیں اس قانون کو سر آنکھوں پر رکھنا چاہیں گی، لہٰذا مرکزی جماعت کا فرض ہو گا کہ اس ضعیف جماعت کو اعدائے اسلام کے پنجے سے چھڑائے اور ان کے چھڑانے کے لئے قتال کرنا پڑے گا نویں رکوع تک مبلغین حق کی تکمیل کا پروگرام بتا دیا گیا، اب دسویں رکوع سے سفر تبلیغ شروع ہوتا ہے۔(انتہیٰ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اس جملہ معترضہ کے بعد آیت کا مطلب ان الفاظ میں لکھتے ہیں: اے مسلمانو! نشر واشاعت قانون الٰہی یعنی قرآن کے لئے نکلو تو اپنی حفاظت کے لئے ہتھیار باندھ کر نکلو۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## فائدہ

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی اطاعت، اور جنت میں اونچی رفاقت کے لئے اس آیت میں جو نسخہ بتایا گیا ہے وہ جہاد فی سبیل اللہ کا ہے۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس پر پورا عمل فرمایا انہوں نے چھوٹے چھوٹے دستوں کے ذریعے بھی کاروائیاں کیں۔ خصوصاً گستاخان رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ائمۃ الکفر کا خاتمہ انفروا ثبات کے ذریعے کیا اور وہ بڑے لشکر بنا کر بھی نکلے جس سے انہوں نے اقوام عالم کو شکست دی مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ جنگ کے ان دونوں آسمانی طریقوں کو ہر زمانے میں زندہ رکھیں۔ اور خذوا حذرکم کے لازمی حکم سے کبھی غافل نہ ہوں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ جلیلہ

علامہ آلوسی رحمہ اللہ ”سریہ“ اور ”جیش“ کے معنیٰ متعین کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ویسمی الجیش اذا اجتمع ولم ینتشر کتیبة، وللقطعة المنتخبة المنقطعة منه سریة. یعنی لشکر جب اکٹھا ہو اور الگ الگ دستوں میں منتشر نہ ہو تو ”جیش“ کہلاتا ہے اور اس ”جیش“ میں سے چند منتخب افراد کے دستے کو سریہ کہتے ہیں۔ وعن بعضهم انها التی تخرج لیلاً وتعود الیه وهی من مائة الی خمسمائة أو من خمس انفس الی ثلاثمائة واربعمائة۔ اور بعض کے نزدیک سریہ وہ دستہ ہے جو رات کو کاروائی کے لئے جاتا ہے۔ اور پھر لشکر کی طرف لوٹ آتا ہے ان کی تعداد ایک سو سے پانچ سو افراد تک ہوتی ہے یا پانچ افراد سے تین سو اور چار سو افراد تک، وما زاد علی السریة "منسر" کمجلس ومنبر الی الثمانمائة۔ اور سریہ سے بڑے دستے کو ”منسر“ کہتے ہیں ان کی تعداد آٹھ سو تک ہوتی ہے۔ فان زاد یقال له جیش الی اربعة آلاف فان زاد یسمی جحفلاً. ویسمی الجیش العظیم، خمیسا، وما افترق من السریة. بعثا. وقد تطلق السریة علی مطلق الجماعة.

اور جب تعداد آٹھ سو سے زائد ہو تو ”جیش“ کہلاتا ہے چار ہزار کی تعداد تک، پھر اگر تعداد اس سے زیادہ ہو تو ”جحفل“ کہلاتا ہے۔ اور بڑے لشکر کو ”خمیس“ کہتے ہیں اور ”سریہ“ میں سے چند افراد کا اگر دستہ الگ بھیجا جائے تو وہ ”بعث“ کہلاتا ہے۔ اور کبھی سریہ کا لفظ مطلق جماعت کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ (روح المعانی)

## دعاء

اللہ تعالیٰ اسلامی حکومتوں، اور دینی جماعتوں کو ان اصطلاحات کو زندہ کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

(آمین یا ارحم الراحمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۷۲ تا ۷۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ إِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَإِنْ أَصَابَتْكُمْ مُّصِيبَةٌ قَالَ قَدْ

اور بے شک تم میں بعض ایسا بھی ہے جو لڑائی سے جی چراتا ہے پھر اگر تم پر کوئی مصیبت آجائے تو کہتا ہے کہ

أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ إِذْ لَمْ أَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيدًا ﴿٧٢﴾ وَلَئِنْ أَصَابَكُمْ

اللہ تعالیٰ نے مجھ پر فضل کیا کہ میں ان لوگوں کے ساتھ نہ تھا۔ اور اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر

فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُولَنَّ كَأَنْ لَّمْ تَكُنْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ

فضل ہو تو اس طرح کہنے لگتا ہے کہ گویا تمہارے اور اس کے درمیان دوستی کا کوئی

مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧٣﴾

تعلق ہی نہیں کہ کاش میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی مراد پاتا

اے مسلمانو! تم میں کچھ ایسے (منافق) لوگ بھی گھس گئے ہیں جو خود جہاد میں نہیں جاتے اور دوسروں کو بھی روکتے ہیں۔ پھر جب تم پر شکست وغیرہ کی مصیبت اور آزمائش آتی ہے تو اپنے جہاد پر نہ جانے سے خوش ہوتے ہیں اور اسے اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کا فضل سمجھتے ہیں۔ اور اگر تمہیں اللہ تعالیٰ فتح عطاء فرماتا ہے تو وہ حسد اور حسرت کی آگ میں یوں جلنے لگتے ہیں گویا کہ ان کا تم سے کبھی کوئی تعلق ہی نہیں تھا۔ اگر وہ تمہارے ہمدرد ہوتے تو تمہاری فتح پر حسد اور حسرت کی بجائے خوشی کا اظہار کرتے۔ (مگر وہ مال کے لالچی، خودغرض اور جہاد کے مقاصد سے ناآشنا لوگ ہیں۔)

### فائدہ

جہاد کا حکم دیتے ہی مسلمانوں کو ان داخلی دشمنوں سے خبردار کیا گیا جو مسلمان بن کر "جماعت اسلام" کی صفوں میں گھسے رہتے ہیں۔ مگر ان کی کم ہمتی، خودغرضی، بزدلی اور بے وفائی ہمیشہ مسلمانوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اور جہاد کی دعوت اور اس کی ترتیب کو خراب کرتی ہے۔ پس مسلمانوں کو ایسے منافق صفت لوگوں سے ہوشیار رہنا چاہئے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

### اقوال وحوالے

**① دوسروں کو جہاد سے روکنے والے:**

قال مجاهد وغير واحد:نزلت في المنافقين ،وقال مقاتل بن حيان:ليبطئن اي ليتخلفن عن الجهاد ، ويحتمل ان يكون المراد انه يتباطأ هو في نفسه ،ويبطئ غيره عن الجهاد كما كان عبدالله بن ابي ابن سلول. قبحه الله. يفعل يتأخر عن الجهاد ويثبط الناس عن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الخروج فيه وهذا قول ابن جريج وابن جرير. (تفسير ابن كثير)

یعنی مجاہد رحمہ اللہ اور کئی حضرات کا قول یہ ہے کہ یہ آیت منافقین کے بارے میں نازل ہوئی مقاتل رحمہ اللہ فرماتے ہیں لیبطئن کا معنیٰ ہے جہاد سے پیچھے رہ جاتا ہے اور یہ معنیٰ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ خود بھی جہاد میں سستی کرتا ہے اور دوسروں کو بھی جہاد سے روکتا ہے جیسا کہ عبداللہ بن ابی (اللہ اسے رسوا کرے) کیا کرتا تھا کہ خود بھی جہاد سے پیچھے رہتا تھا اور لوگوں کو بھی جہاد میں نکلنے سے روکتا تھا۔

**۲ منافق کی مقاصد جہاد سے بے خبری:**

"فانفروا نفر کے معنیٰ کوچ کرنے اور تیار ہونے کے ہیں اور ایسے آمادۂ جنگ لوگوں کو نفیر کہا کرتے ہیں۔ یعنی اگر چھوٹی جماعت کہ جس کو سریہ کہتے ہیں ضرورت پڑے تو وہ نکلے اور اگر سب کی ضرورت ہو تو سب نکلیں۔ لڑائی کا انجام یا فتح و کامیابی، دشمن کا مال و ملک قبضہ میں آنا۔ یا شکست پانا، زخم اٹھانا ہے، چونکہ یہ جنگ دنیاوی بادشاہوں کی جنگ نہیں جنگی صرف "فتح" میں فائدہ تصور ہو، اور جہاں ظاہری فتح نظر نہ آئے یا مشقت و تکلیف دکھلائی دے تو کنارہ کشی اور پہلوتہی کی جائے۔ بلکہ یہ اس آسمانی سلطنت کی جنگ ہے جس کے ظہور کی انبیاء علیہم السلام خصوصاً حضرت یسعیا علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت دانیال علیہ السلام، اور حضرت مسیح علیہ السلام خبر دیتے آئے ہیں، جس جنگ کا مقصد بت پرستی کی شوکت (وقوت) توڑنا، اور سچائی، تہذیب اور توحید کے مٹانے والوں کو مٹانا ہے، اس جنگ کی فتح تو فتح ہے مگر اس کی شکست میں بھی عالم آخرت کے لئے اس فوج کے سپاہیوں کو حیات ابدی اور جنت الفردوس کی دائمی پنشن ملتی ہے۔ پس اس کی شکست کو قہر اور مصیبت سمجھ کر اور اس کی ہزیمت کو زہر سمجھ کر اس میں سستی نہیں کرنی چاہیے، مگر مدینہ میں کچھ لوگ منافق اور سست ایمان والے ایسے بھی تھے کہ جو اس جنگ کے شریک ہونے میں حیلہ جوئی اور سستی کرتے تھے اور جب کبھی لشکر اسلام پر مصیبت و ہزیمت پڑ جاتی تھی تو خوش ہو کر یہ کہتے تھے کہ خدا نے ہم پر بڑی مہربانی کی جو ہم اس جنگ میں شریک نہ ہوئے ورنہ ہم پر بھی مصیبت پڑتی وہ اپنے شریک نہ ہونے کو حالت شکست میں انعام الٰہی سمجھتے ہیں۔ اور مسلمانوں کی فتح و نصرت کے وقت تاسف کر کے اور اپنے آپ کو بالکل اجنبی سمجھ کر گویا ان میں اور اہل اسلام میں کبھی کوئی محبت اور دوستی کا رشتہ ہی نہ تھا یہ کہتے ہیں کہ کاش ہم بھی ان کے ساتھ ہوتے تو اس غنیمت میں شریک ہو کر بڑے ہی نہال ہوتے۔ اس سے اللہ تعالیٰ کی یہ غرض ہے کہ اے ایمان والو! تم کو ایسا سست ایمان اور حیلہ جو (یعنی بہانے خور) نہیں ہونا چاہیے خصوصاً ایسے کام (یعنی جہاد) میں کہ جس پر تمہاری سعادت دارین (یعنی دونوں جہانوں کی کامیابی) موقوف ہے۔" (محصلہ تفسیر حقانی)

**فائدہ**

جہاد کی حقیقت کو سمجھنے کے لئے حضرت حقانی رحمہ اللہ کی اس عبارت کو بار بار پڑھا اور سمجھا جائے کیونکہ اس حقیقت کو سمجھنے سے ہی جہاد پر استقامت آسان رہتی ہے اور انسان نفاق کے اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔ اور اسے جہاد کا وہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اصل فلسفہ سمجھا جاتا ہے جو فتح و شکست سے بالاتر ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

**۳ منافق کا مقصود دنیا ہے:**

**کلام برکت**

یعنی ایسا شخص منافق ہے کہ خدا کے حکم پر نہیں دوڑتا بلکہ نفع دنیا تکتا ہے۔ اگر لوگوں کو اس کام (یعنی جہاد) میں تکلیف پہنچی تو اپنے الگ رہنے پر خوش ہوتا ہے (یعنی فخر کرتا ہے) اور اگر لوگوں کو فائدہ پہنچا تو پچھتاتا ہے اور دشمنوں کی طرح حسد کرتا ہے۔ (موضح القرآن)

**فائدہ**

وہ لوگ جو اچھے حالات میں مجاہد بن جاتے ہیں اور برے حالات میں اپنے بچ جانے پر فخر کرتے ہیں وہ اس عبارت سے عبرت حاصل کریں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

**۴ جماعت سے الگ لوگ:**

”ہر جماعت میں کچھ لوگ ایمان و یقین سے محروم اور عزم و ہمت سے تہی دست ہوتے ہیں، وہ جب دیکھتے ہیں کہ عزم و ہمت کا کوئی قدم اٹھایا جا رہا ہے تو اپنی کمزوری سے خود بھی باز رہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ دوسروں کو بھی باز رکھیں، پھر جب جماعت قدم اٹھا دیتی ہے تو الگ تھلگ رہ کر غیروں کی طرح تماشہ دیکھتے ہیں، اگر کوئی حادثہ پیش آ گیا تو خوش ہوتے ہیں اور کہتے ہیں، اچھا ہوا ہم ان لوگوں کے ساتھ شریک نہ ہوئے، اگر کامیابی ہوتی ہے تو رشک و حسد سے جل مرتے ہیں اور کہنے لگتے ہیں، کاش ہم نے بھی ساتھ دیا ہوتا تو آج کامیابی میں ہمارا حصہ ہوتا، گویا ان کی شخصیت جماعت کی ہستی سے بالکل الگ ہے، نہ تو اس کا نقصان ان کا نقصان ہے اور نہ اس کی کامیابی ان کی کامیابی۔“ (ترجمان القرآن)

**۵ منافقین کا شہداء سے مذاق:**

امام ابوحیان رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

منافق کہا کرتے تھے: اذ لم اکن معهم شهيدا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر انعام کیا کہ میں مسلمانوں کے ساتھ جہاد میں نہیں گیا، شهيدا کے ایک معنی حاضر کے ہیں یعنی اچھا ہوا کہ میں شکست اور مصیبت میں ان کے ساتھ حاضر و موجود نہیں تھا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ شهيدا کو اصلی معنی میں لیا جائے تو گویا وہ مذاق اڑانے کے لئے کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر فضل کیا کہ ہم شہید ہونے سے بچ گئے۔ (نعوذ باللہ)

”والشهيد هنا الحاضر معهم فى معترك الحرب، او المقتول فى سبيل الله يقوله المنافق استهزاءً لانه لا يعتقد حقيقة الشهادة فى سبيل الله۔ (البحر المحيط)

کیونکہ منافق شہادت کی حقیقت کا یقین نہیں رکھتا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## دعاء

اللهم انانعوذبك من الشقاق والنفاق وسوء الاخلاق۔اللهم طهر قلوبنامن النفاق وارزقنا شهادة في سبيلك۔ (آمين ياارحم الراحمين)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّة — آیت ۷۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

سو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں وہ لوگ لڑیں جو دنیا کی زندگی کو

بِالْاٰخِرَةِ ۭ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ

آخرت کے بدلے بیچتے ہیں اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑے پھر مارا جائے یا غالب رہے

فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۷۴

تو اسے ہم بڑا ثواب دیں گے

## خلاصہ

جو آخرت کی کامیابی کا طلبگار رہو وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرے گا وہ شہید ہو یا غالب، اس کے لئے ہر حال میں عظیم الشان اجر ہے۔

## فائدہ

منافق ''اسلامی جہاد'' کے فلسفے اور مقصد کو نہیں سمجھتے تھے، اس لئے وہ ظاہری فتح اور شکست کا اثر لیتے تھے۔ جبکہ ایمان والوں کو سمجھایا گیا کہ جہاد تو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا نام ہے۔ اور جہاد ایک کامیاب ترین سودا ہے۔ اور جہاد میں آخرت کی بڑی کامیابی ہے۔ باقی رہی ظاہری فتح اور شکست تو اس پر جہاد کی قبولیت اور اجر موقوف نہیں ہے۔ مسلمان شہید ہو جائے یا غالب ہر حال میں وہی کامیاب اور بامراد ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## آیت کے تین ترجمے

حضرات مفسرین نے اس آیت مبارکہ کے تین مختلف ترجمے کئے ہیں۔ یہ تینوں ترجمے جہاد کے الگ الگ پہلوؤں کو نمایاں کرتے ہیں۔

### پہلا ترجمہ

سو چاہیے لڑیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں وہ لوگ جو بیچتے ہیں دنیا کی زندگی آخرت کے بدلے۔ (ترجمہ شاہ عبدالقادر، شیخ الہند، حضرت لاہوری رحمہم اللہ وغیرہم)

اس ترجمے کے مطابق یشرون بمعنی یبیعون ہے۔ اور فلیقاتل کا فاعل الذین یشرون ہے۔ اور خطاب ایمان والوں کو ہے کہ دنیا کی فانی زندگی بیچ کر وہ جہاد کے ذریعے آخرت کے طلبگار بنیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

فکان معنی الایة فلیقاتل فی سبیل اللہ الذین یبیعون الحیاة الدنیا بالآخرة وھوکقوله ان اللہ اشتری من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنة ۔ (التفسیر الکبیر)

**دوسرا ترجمہ:**

جو لوگ آخرت کے بدلے دنیا والی زندگی کو اختیار کرتے ہیں ان کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کریں (انوار البیان وغیرہ)

یعنی دنیا کے طالب منافقین کو حکم دیا جا رہا ہے کہ تم نے آخرت کو چھوڑ کر دنیا کو مقصود بنا لیا ہے جو بہت بڑی غلطی ہے اب تمہیں چاہیے کہ توبہ کرو اور ایمان لا کر جہاد میں لگ جاؤ تاکہ آخرت کی کامیابی سے محروم نہ ہو۔

اس صورت میں یشرون بمعنی یشترون ہوگا۔

والقول الثانی معنی قوله یشرون ای یشترون :قالوا والمخاطبون بھذا الخطاب ھم المنافقون الذین تخلفوا عن أحد (التفسیر الکبیر)

قیل نزلت فی المنافقین الذین تخلفوا عن أحد ویشرون بمعنی یشترون۔ (البحر المحیط)

**تیسرا ترجمہ:**

تو ہاں اس شخص کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑے جو آخرت کے بدلے دنیوی زندگی کو اختیار کیے ہوئے ہیں۔ (بیان القرآن)

یعنی الذین یشرون الحیوة الدنیا سے مراد کفار ہیں۔ کہ ان کافروں سے لڑنا چاہیے جنہوں نے آخرت کو چھوڑ کر دنیا کی زندگی کو مقصود بنایا ہوا ہے حب الدین۔ فلیقاتل کا مفعول ہوگا۔

فلیقاتل ای المومن النافر فی سبیل اللہ الذین یشرون الحیوة الدنیا بالآخرة ای یبیعون دینھم بعرض قلیل من الدنیا وما ذلك الالکفرھم وعدم ایمانھم۔ (تفسیر ابن کثیر)

## جہاد کے مختلف پہلو

آپ نے تین ترجمے اور ان کے حوالہ جات ملاحظہ فرمالئے۔ ان تینوں ترجموں میں جہاد کے مختلف پہلو نمایاں ہوتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس آیت میں قتال فی سبیل اللہ کی ترغیب ہے، جیسا کہ بالکل ظاہر اور واضح ہے اور اس میں فرضیتِ جہاد کی دلیل بھی موجود ہے کیونکہ فلیقاتل امر کا صیغہ ہے۔

پھر پہلے ترجمے کے اعتبار سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ جہاد بندے کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک کامیاب سودا ہے۔ پس جس کا ایمان سلامت ہو اور عقل درست ہو وہ دنیا کی اس حقیر اور فانی زندگی کو آخرت کی اعلیٰ اور باقی زندگی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کے بدلے خوشی سے بیچ دیتا ہے۔ایک مسلمان کا جہاد میں نکلنا ہی اس سودے کو پکا کر دیتا ہے آگے اللہ تعالیٰ کی مرضی کہ وہ جب چاہے جان قبول فرمائے۔ دوسرے ترجمے کے اعتبار سے یہ بات سمجھ آتی ہے کہ جہاد بہت بڑے بڑے گناہوں کا کفارہ ہے۔ چنانچہ وہ لوگ جو غزوہ احد سے رہ گئے تھے اور نفاق جیسے جرم میں مبتلا تھے ان کو سمجھایا جارہا ہے کہ اب بھی توبہ کر کے جہاد میں آجاؤ تو تمہارے گناہ معاف ہو جائیں گے اور ساتھ ہی اجر عظیم بھی ملے گا۔ گویا زندگی بھر کے گناہوں سے جان چھڑانی ہو تو بندہ میدان جہاد میں کود پڑے۔

تیسرے ترجمے کے اعتبار سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کافر جو دنیا ہی کو اپنا مقصود بنا چکے ہیں دین اور انسانیت کے لئے خطرہ ہیں۔ یہ لوگ دنیا کی محبت اور اس کی چمک کو اگر اسی طرح عام کرتے رہے تو پھر اکثر لوگ ایمان نہیں لائیں گے اور دنیا کی چمک میں پھنس کر کفر کے اندھیروں میں گرتے چلے جائیں گے۔ اس لئے ایسے طالب دنیا کافروں سے لڑو۔ تاکہ ان کا زور ٹوٹ جائے۔ وہ مغلوب ہو جائیں اور وہ اپنی دنیوی قوت اور زیب و زینت کی وجہ سے کسی کو کافر نہ بنا سکیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## ایک دلچسپ بحث

امام قرطبی رحمہ اللہ نے اس آیت کے دوسرے حصے (کہ کوئی جہاد میں شہید ہو یا غالب اسے اجر عظیم ملے گا) سے یہ مسئلہ بیان فرمایا ہے کہ۔ جہاد میں اگر کسی کو غنیمت یا فتح مل جائے تو اس سے اُس کے اجر میں کمی نہیں آتی۔ پھر انہوں نے ان احادیث مبارکہ کا مفہوم بھی واضح کیا ہے جن میں اس بات کی صراحت ہے کہ جن مجاہدین کو غنیمت مل جاتی ہے ان کا دوتہائی اجر کم ہو جاتا ہے یعنی انہیں دنیا میں مل جاتا ہے۔ پوری بحث تفسیر قرطبی میں ملاحظہ فرمالیں۔ امام قرطبی رحمہ اللہ کی طرح علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ کی رائے بھی یہی ہے کہ اس آیت مبارکہ کے مطابق ہر مجاہد کو پورا پورا اجر ملتا ہے۔ خواہ اسے غنیمت ملے یا شہادت۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

ای کل من قاتل فی سبیل اللہ سواء قتل أوغلب فله عنداللہ مثوبة عظیمة واجر جزیل کماثبت فی الصحیحین: وتکفل اللہ للمجاھدفی سبیله ان توفاہ ان ید خله الجنة أویرجعه الی مسکنه الذی خرج منه مانال من أجر أوغنیمة. (تفسیر ابن کثیر)

یعنی آیت مبارکہ اور حدیث صحیح سے یہی ثابت ہوا کہ جو بھی اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کے لئے نکلتا ہے پھر وہ شہید ہو یا غالب اس کے لئے اجر عظیم ہے۔ (البتہ مقام شہادت کے الگ فضائل ہیں)

## کلام برکت

اس آیت کی تفسیر میں حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

یعنی مسلمانوں کو چاہئے زندگی دنیا پر نظر نہ رکھیں، آخرت چاہیں اور سمجھیں کہ اللہ تعالیٰ کے حکم میں ہر طرح

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نفع ہے۔(موضح القرآن)

(ہر طرح یعنی ظاہری فتح ملے یا شکست، کامیابی ملے یا زخم، غنیمت ملے یا شہادت ظاہری نتیجہ نکلے یا نہ نکلے، مقصد اللہ تعالیٰ کا حکم پورا کرنا اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دینا ہے۔ بس یہ بات سمجھ آ جائے تو جہاد پر کیے جانے والے ہزاروں فضول اشکالات کا غبار خود بخود دھل جاتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب)

## پیغام حق کے داعی

" جو لوگ دنیاوی زندگی کے بدلے میں آخرت خریدنا چاہتے ہیں ان پر لازم ہے کہ پیغام حق کو لے کر ہر نوع کی مشکلات کے مقابلے کے لئے نکلیں، خدا کی راہ میں جہاد کرنے والا خواہ قتل ہو جائے یا فتح پائے دونوں صورتوں میں ثواب عظیم کا مستحق ہوگا۔"(حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۷۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ

اور کیا وجہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں ان بے بس مردوں

الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال

مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ

جس کے باشندے ظالم ہیں اور ہمارے واسطے اپنے ہاں سے کوئی حامی کر دے

وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾

اور ہمارے واسطے اپنے ہاں سے کوئی مددگار بنا دے

### خلاصہ

اور تمہارے لئے کیا عذر ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کے راستے میں نہیں لڑتے۔ اور ان کمزور و مظلوم مردوں، عورتوں اور بچوں کو چھڑانے کی خاطر۔ جہاد نہیں کرتے جو اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر فریاد کر رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے سخت ظالم ہیں اور ہمارے لئے اپنی طرف سے کوئی یار و مددگار کھڑا فرما۔

### اقوال و حوالے

**① جہاد فرض ہے:**

وما لكم لا تقاتلون يدل على ان الجهاد واجب ومعناه انه لا عذرلكم في ترك المقاتلة وقد بلغ حال المستضعفين من الرجال والنساء والولدان من المسلمين الى مابلغ في الضعف. (التفسير الكبير)

وما لكم لا تقاتلون. یہ الفاظ جہاد کے فرض ہونے کی دلیل ہیں۔ اور مطلب یہ ہے کہ تمہارے لئے جہاد چھوڑنے کا کوئی عذر باقی نہیں ہے کیونکہ کمزور مسلمان مردوں عورتوں اور بچوں کی مظلومیت اس حد تک پہنچ چکی ہے۔

ان الفاظ کے بعد امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

فهذا حث شديد على القتال.

اس میں جہاد پر بہت سختی سے ابھارا گیا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ مظلوموں اور قیدیوں کا چھڑانا واجب ہے:

قولہ تعالیٰ ومالکم لاتقاتلون فی سبیل اللّٰہ حض علی الجهاد،وهو يتضمن تخليص المستضعفين من ايدى الكفرة المشركين الذين يسومونهم سوء العذاب ويفتنونهم عن الدين، فأوجب تعالىٰ الجهاد لاعلاء كلمته واظهار دينه و استنقاذ المومنين الضعفاء من عباده وان كان في ذلك تلف النفوس.

یعنی اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ومالکم لاتقاتلون فی سبیل اللّٰہ میں جہاد پر ابھارا گیا ہے۔ اور اس میں کمزور مسلمانوں کو ان کافر مشرکوں سے رہا کرانے کی بھی ترغیب ہے جو انہیں دردناک عذاب پہنچاتے ہیں اور انہیں دین سے ہٹانے کی کوشش کرتے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے جہاد کو فرض فرمایا اپنے کلمے کی بلندی، اپنے دین کے غلبے اور اپنے کمزور مسلمان بندوں کی آزادی کے لئے۔ اگرچہ اس جہاد میں جانوں کا (ظاہری) نقصان ہے۔ (القرطبی)

اس کے بعد امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وتخليص الأسارىٰ واجب علىٰ جماعة المسلمين امابالقتال واما بالأموال، وذلك أوجب لكونها دون النفوس انهى اهون منها قال مالك: واجب على الناس ان يفدوا الاسارىٰ بجميع اموالهم وهذا لاخلاف فيه؛لقوله عليه السلام "فكوا العانى" اور قیدیوں کا چھڑانا مسلمانوں کی جماعت پر واجب ہے یا تو قتال کے ذریعے یا اموال کے ذریعے۔ اور اموال کے ذریعے چھڑانا زیادہ تاکیدی حکم ہے کیونکہ مال کی قربانی جان کی قربانی سے کم درجے کی ہے۔ (پس اگر قیدی مال سے چھوٹتے ہوں تو مال کی قربانی دینا زیادہ لازمی ہے)

امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مسلمانوں کے ذمہ لازم ہے کہ وہ (ضرورت پڑنے پر) اپنا سارا مال قیدیوں کے فدیے میں ادا کریں۔ اس بات میں کسی کا اختلاف نہیں ہے اس لئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے قیدیوں کو چھڑاؤ۔ (القرطبی)

❸ فرضیت جہاد کا ایک سبب:

فهذا حث شديد على القتال وبيان العلة التى لها صار القتال واجباً. (التفسير الكبير)

اس آیت میں جہاد کی سخت ترغیب ہے اور اُس علت کا بیان ہے جس کی وجہ سے جہاد کو فرض کیا گیا۔ (یعنی نصرۃ المستضعفین، کمزوروں کی مدد اور خلاصی)

❹ فرضیت جہاد کے دو سبب:

کلام برکت

یعنی دو واسطے لڑائی تم کو (یعنی تم پر) ضرور (یعنی لازمی) ہے، ایک تو اللہ تعالیٰ کا دین بلند کرنے کو، دوسرے مظلوم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مسلمانوں کو جو کافروں کے ہاتھ بے بس پڑے ہیں ان کی خلاصی کرنے کو۔ شہر مکہ میں ایسے لوگ بہت تھے کہ حضرت کے ساتھ ہجرت نہ کر سکے اور ان کے اقرباء ان پر ظلم کرنے لگے کہ مسلمان سے پھر کافر کریں۔ (موضح القرآن)

**۵ مقاصد جہاد:**

"جبکہ اعلاء کلمۃ اللہ تو خود جہاد کا ایک مستقل محرک اور قوی داعی ہے یہ (مظلوموں کی مدد) دوسرا داعی جہاد کے لئے ارشاد ہوا، کمزوروں کی دستگیری و نصرت اور مظلوموں کی اعانت اور انہیں ظالم کافروں کے پنجہ سے رہائی دلانا بجائے خود مقاصد جہاد میں سے ہے۔" (تفسیر ماجدی)

**۶ کمزور حق پرست:**

"حق پرستوں کی اسی کمزور جماعت کیلئے سرفروشان اسلام کو میدان جنگ میں آنا لازمی ہے۔" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

**نکتہ**

کافروں کا ظلم اور ان کی دشمنی مسلمانوں کے حق میں کتنی اچھی رہی کہ اللہ پاک کو ان مسلمانوں پر اتنا پیار آیا کہ ان کی خاطر دوسرے مسلمانوں پر جہاد فرض کیا۔ اور ان مظلوموں کی فریاد اور دعاء کو قرآن پاک کا حصہ بنایا اور ان کے غم اور دکھ میں پوری امت کو شریک فرمایا، کافروں کے ظلم کے سامنے حق پر ڈٹے رہنا اور سخت حالات کا سامنا کرنا اگرچہ بہت مشکل ہے۔ مگر آخرت کے اعتبار سے ایک مومن کے لئے بہت بڑی چیز ہے۔ اس کے برعکس کافروں کی یاری، ان کی نوازشات اور ان کی محبت میں مسلمانوں کے لئے نقصان ہی نقصان ہے۔ اور خسارہ ہی خسارہ۔ اس آیت پر غور کر کے دیکھیں تو اچھی طرح سے سمجھا جاسکتا ہے کہ۔ اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں کے ساتھ ہے جو اپنے دین پر قائم رہتے ہیں اور کافروں کی نظروں میں کھٹکتے ہیں؟ یا ان کے ساتھ ہے جو اپنے نظریات چھوڑ کر کافروں کو خوش کرتے ہیں اور انہیں مطمئن کرنے کے لئے اپنا دین بدلتے ہیں؟ (واللہ اعلم بالصواب)

**۷ مظلوم مسلمان:**

المراد بالمستضعفين من الرجال والنساء والولدان قوم من المسلمين بقوا بمكة وعجزوا عن الهجرة الى المدينة وكانوا يلقون من كفار مكة اذى شديداً: قال ابن عباس:كنت انا وامي من المستضعفين من النساء والولدان۔ (التفسير الكبير)

آیت میں مستضعفین (کمزوروں) سے مراد وہ مسلمان مرد، عورتیں اور بچے ہیں جو مکہ میں رہ گئے تھے اور مدینہ کی طرف ہجرت سے قاصر تھے، ان سب کو مشرکین مکہ کی طرف سے سخت اذیتوں کا سامنا تھا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں اور میری والدہ بھی ان کمزور عورتوں اور بچوں میں سے تھے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

### ⑧ چند اور حضرات:

وهم المعنيون بقوله عليه السلام:

"اللهم أنج الوليد بن الوليد وسلمة بن هشام وعياش بن ربيعة والمستضعفين من المومنين (رضي الله عنهم)" (القرطبي)

یعنی مراد وہ لوگ ہیں جن کا تذکرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعاء مبارک میں ہے۔ اے میرے پروردگار ولید بن ولید، سلمہ بن ہشام، عیاش بن ربیعہ اور تمام کمزور مسلمانوں کو نجات عطاء فرما۔

علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے ان حضرات میں حضرت ابوجندل بن سہیل رضی اللہ عنہ کا نام بھی شامل کیا ہے۔ (روح المعانی)

### ⑨ دعاء قبول ہوگئی:

والجمهور على ان الله تعالى استجاب دعاءهم، فجعل لهم من لدنه خير وليّ وناصر، وهو محمد صلى الله عليه وسلم، فتولاهم احسن التولّي، ونصرهم اقوى النصر، ولما خرج من مكة ولى عليهم عتاب بن أسيد وعمره أحد وعشرون سنة فراوا منه الولاية والنصر كما سألوا. (البحر المحيط)

یعنی جمہور کا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کمزور مسلمانوں کی دعاء قبول فرمائی اور اپنی طرف سے انہیں بہترین یار و مددگار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت میں عطاء فرمائے، جنہوں نے ان کی خوب حمایت اور زبردست نصرت کی اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ سے واپس تشریف لے گئے تو ان پر حضرت عتاب بن اسید کو والی بنا گئے جن کی عمر اکیس سال تھی، مکہ کے مظلوموں نے ان کی طرف سے ویسی یاری اور مدد دیکھی جیسی انہوں نے اللہ تعالیٰ سے مانگی تھی۔

### ⑩ اٹھارہ سالہ جوان:

ثم استعمل عليهم عتاب بن أسيد وكان ابن ثماني عشرة سنة فحماهم ونصرهم حتى صاروا اعزا هلها. (روح المعاني)

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر حضرت عتاب بن اسید کو والی بنایا وہ اٹھارہ برس کے تھے انہوں نے مکہ کے مظلوم مسلمانوں کی خوب حمایت اور مدد کی یہاں تک کہ یہ لوگ مکہ کے معزز ترین افراد بن گئے۔

(پیچھے البحر المحیط کے حوالے سے حضرت عتاب کی عمر اکیس سال بیان کی گئی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب)

### ⑪ ظالم مغلوب و ذلیل ہوگئے:

قال ابن عباس رضي الله عنهما: كان ينصرا لضعيف من القوي حتى كانوا أعزّ بها من الظلمة. (المدارك)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ طاقتور لوگوں کے مقابلے میں کمزوروں کی مدد کرتے تھے، یہاں تک کہ یہ کمزور لوگ ظالموں سے زیادہ معزز اور مضبوط ہو گئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۷۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| جو | ایمان | والے | ہیں | وہ | اللہ | تعالیٰ | کی | راہ | میں | لڑتے | ہیں | اور | جو | کافر | ہیں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ

| وہ | شیطان | کی | راہ | میں | لڑتے | ہیں | سو | تم | شیطان | کے | ساتھیوں | سے | لڑو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾

| بے | شک | شیطان | کا | فریب | کمزور | ہے | ۷۶ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

### خلاصہ

جولوگ واقعی پکے مسلمان ہیں (وہ تو یہ آیتیں اور باتیں سن کر) اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں اور جولوگ کافر ہیں وہ شیطان اور شیطانی قوتوں کی خاطر جنگ کرتے ہیں۔ پس جب صورتحال یہ ہے تو اے مسلمانو! (ایمان اور اللہ تعالیٰ سے محبت اور وفاداری کا تقاضا یہ ہے کہ) تم شیطانی قوتوں سے لڑو (وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے) کیونکہ شیطان کی تدبیر اور فریب بہت کمزور ہے۔

یعنی مسلمان لاہوتی لشکر ہیں اور کافر طاغوتی لشکر۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنا مسلمانوں والا کام ہے اور شیطانی طاقتوں کی خاطر لڑنا کافروں والا کام ہے۔

### اقوال و حوالے

**۱ جہاد پر غیرت دلانے کا عجیب انداز:**

" اس آیت میں اور طرح سے جہاد کی ترغیب دلائی جاتی ہے وہ یہ کہ جب کفار شیطانی کام پر لڑتے اور شیطان کی سپاہ بن کر نیک کاموں سے روکتے اور اہل توحید کو ستاتے ہیں تو پھر ایمان والوں کو کیا ہوا جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں حق پر نہ لڑیں بلکہ جو حقیقی ایمان والے ہیں وہ ضرور اس کی راہ میں جان دینے سے دریغ نہیں کرتے پھر ارشاد فرمایا کہ شیطان کے گروہ اور جماعت سے لڑو کیونکہ شیطان کی فوج ہمیشہ شکست کھایا کرتی ہے۔ کہاں گیا فرعون اور اس کا لشکر؟ آخر نمرود کا کیا حال ہوا؟ حضرت مسیح علیہ السلام کے ستانے والوں کے ساتھ کیا ہوا؟" (ملخصاً تفسیر حقانی)

**۲ جہاد کے لئے حوصلہ بڑھایا جارہا ہے:**

كلام مستأنف سيق لتشجيع المؤمنين وترغيبهم في الجهاد اي المؤمنون انما يقاتلون في

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دین اللہ تعالیٰ الموصل لھم الیہ عزوجل وفی اعلاء کلمتہ فھو ولیھم وناصرھم لامحالۃ الخ۔

یعنی اس نئے جملے میں مسلمانوں کی ہمت بڑھائی جارہی ہے اور انہیں جہاد کے لئے ترغیب دی جارہی ہے کہ ایمان والے تو صرف اللہ تعالیٰ کے اس دین کی خاطر لڑتے ہیں جو دین انہیں اللہ تعالیٰ تک پہنچاتا ہے اور یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے کلمے کی بلندی کے لیے لڑتے ہیں پس اللہ تعالیٰ ضرور ان کی نصرت وحمایت فرماتا ہے۔

جبکہ کافر طاغوت کے اس راستے کی خاطر لڑتے ہیں جو انہیں شیطان تک پہنچاتا ہے۔ طاغوت سے مراد کفر ہے۔ (روح المعانی)

**۳ جہاد ضروری ہے:**

" یعنی جب یہ بات ظاہر ہے کہ مسلمان اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں اور کافر لوگ شیطان کی راہ میں سو پھر تو مسلمانوں کو شیطان کے دوستوں یعنی کافروں کے ساتھ لڑنا بلاتامل ضروری ہوا۔ اللہ تعالیٰ ان کا مددگار رہے، کسی قسم کا تردد نہ چاہیے اور سمجھ لو کہ شیطان کا حیلہ اور فریب کمزور ہے مسلمانوں پر نہ چل سکے گا۔ اس سے مقصود مسلمانوں کو جہاد پر ترغیب دلانا اور ہمت بندھانا ہے جس کا ذکر آیات آئندہ میں بالتصریح آتا ہے" (تفسیر عثمانی)

**۴ مومن اور کافر کے درمیان فرق کا بیان:**

لما أمر تعالیٰ المومنین اولاً بالنفر الی الجھاد ثم ثانیاً بقولہ فلیقاتل فی سبیل اللہ ثم ثالثاً علی طریق الحث والحض بقولہ ومالکم لاتقاتلون فی سبیل اللہ اخبر فی ھذہ الآیۃ بالتقسیم۔

یعنی پہلے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو جہاد میں نکلنے کا حکم دیا فانفروا ثبات پھر دوبارہ حکم دیا فلیقاتل فی سبیل اللہ پھر تیسری بار رغبت اور جوش دلا کر حکم دیا ومالکم لاتقاتلون اور اب اس آیت میں مسلمان اور کافر کو الگ الگ تقسیم فرمادیا۔

أن المومن ھو الذی یقاتل فی سبیل اللہ، وان الکافر ھو الذی یقاتل فی سبیل الطاغوت، لیبین للمومنین فرق مابینھم وبین الکفار، ویقویھم بذلک، ویشجعھم ویحرضھم۔

یعنی مومن وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں لڑتا ہے اور کافر وہ ہے جو طاغوت کے راستے میں لڑتا ہے۔ یہ تقسیم اس لئے فرمائی تاکہ ایمان والوں کو وہ فرق سمجھا دے جو ان کے اور کافروں کے درمیان ہے اور انہیں حوصلہ، قوت اور جہاد کی ترغیب دے۔ (البحر المحیط)

**طاغوت کے معنیٰ**

ان چند اقوال سے آیت مبارکہ کی تفسیر تو سمجھ آگئی ہوگی۔ مزید چند اقوال ان شاء اللہ آگے بیان کئے جائیں گے۔ ان سے پہلے طاغوت کا معنیٰ مختصر طور پر سمجھنا ضروری ہے۔ آیت مبارکہ میں فرمایا گیا کہ جو لوگ کافر ہیں وہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

طاغوت کے راستے میں جنگ کرتے ہیں۔ طاغوت عربی زبان کا ایک "وسیع المحمل" لفظ ہے۔ صاحب مصباح اللغات لکھتے ہیں۔ الطاغوت ہر حد سے تجاوز کرنے والا۔ بدی اور شرارت کا سرغنہ، شیطان، معبود باطل۔ (مصباح اللغات ص ۵۱۱)

صاحب "القاموس" لکھتے ہیں:

الطاغوت: ❶ ظالم و سرکش، انتہائی سرکش ❷ راہ خیر سے ہٹانے والا ہر گمراہ شخص، حد بندگی سے تجاوز کرنے والا۔ ❸ شیطان ❹ کاہن ❺ جادوگر ❻ معبود باطل خواہ انسان ہو یا جن یا بت۔ (القاموس الوحید ص ۱۰۰۰)

صاحب تفسیر ماجدی لکھتے ہیں:

الطاغوت: طاغوت کا صحیح ترجمہ مشکل ہی ہے اردو میں اس کے لئے قریب ترین لفظ شیطان کا ہو سکتا ہے، اپنے عام و وسیع معنی میں عربی میں اس کا اطلاق ہر معبود باطل اور ہر سرکش پر ہوتا ہے۔

قال ابواسحق کل معبود من دون اللہ جبت وطاغوت (لسان) ابواسحق فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر معبود "جبت" اور "طاغوت" ہے۔ الطاغوت عبارۃ عن کل معبدومعبود من دون اللہ۔ (راغب) طاغوت اللہ کے علاوہ ہر معبود اور اس کا عبادتخانہ ہے۔

قال مالك بن انس کل ماعبد من دون اللہ تعالیٰ۔ (روح)

مالک بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جس کی بھی اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کی جائے وہ طاغوت ہے۔ ما عبد من دون اللہ تعالیٰ قالہ الطبری۔ (بحر)

وھو کل ماتکون عبادتہ والایمان بہ سببا للطغیان والخروج عن الحق من مخلوق یعبد، ورئیس یقلد وھوی یتبع۔

طاغوت ہر وہ چیز ہے جسکی عبادت اور اطاعت سرکشی کا اور حق سے محرومی کا باعث ہو، خواہ وہ ایسی مخلوق ہو جسکی پوجا کی جاتی ہو یا ایسا سردار (حکمران) ہو جس کی پیروی کی جاتی ہو یا ایسی خواہش ہو جس پر چلا جاتا ہو۔ (تفسیر ماجدی مع اضافہ ترجمہ)

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

حدثنا ابو الزبیر انہ سمع جابر بن عبداللہ وسئل عن الطاغوت التی کانوا یتحاکمون الیھا فقال: کانت فی جھینۃ واحدۃ وفی اسلم واحدۃ وفی کل حی واحدۃ۔ (القرطبی)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے اس طاغوت کے بارے میں پوچھا گیا جس کے پاس لوگ اپنے فیصلے کروانے جاتے تھے تو انہوں نے فرمایا کہ قبیلہ جہینہ میں ایک تھا، قبیلہ اسلم میں بھی ایک تھا اور ہر قبیلے میں ایک تھا۔

معلوم ہوا کہ یہ طاغوت انسان تھے اور لوگوں کو کفر اور شیطان کے راستے پر چلاتے تھے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## خلاصہ

اس مختصری تحقیق سے یہ بات سامنے آ گئی کہ طاغوت ہر اس قوت اور طاقت کا نام ہے جو دین اسلام کے خلاف سرگرم ہو۔ اور طاغوت ہر اس فرد کا نام ہے جو لوگوں کو دین حق سے گمراہ کرتا ہو۔ خواہ وہ انسان ہو یا جن اور طاغوت ہر اس فرد کا نام ہے جو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف لڑتا ہو اور طاغوت ہر اس نظام کا نام ہے جس کے گرد جمع ہو کر لوگ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف تدبیر یا جنگ کرتے ہوں۔ اور طاغوت ہر اس ادارے کا نام ہے جہاں دین حق کے خلاف کسی طرح کے محاذ قائم ہوتے ہوں۔

اپنی قوت اور طاقت کے ذریعے اسلام کا راستہ روکنے، اسلامی قوانین کی تنفیذ کو روکنے، مسلمانوں کے مقابلے میں کافروں کی مدد کرنے والے طاقتور لوگ بھی اسی زمرے میں شامل ہیں۔ جبکہ شیاطین (انسان ہوں یا جنات) اور معبودان باطلہ تو طاغوت کے اولین معنیٰ ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## عبرت

ماضی میں حکومت برطانیہ ایک طاغوت بن کر ابھری جس نے اسلامی خلافت کو ختم کیا اور مسلمانوں کے ممالک اپنے قبضے میں لئے۔ اس زمانے کے علماء کرام نے مسلمانوں کو انگریز کی فوج میں بھرتی ہونے سے منع کیا تاکہ وہ طاغوت کے راستے میں نہ لڑیں۔ خوش نصیب لوگوں نے اس قرآنی فتوے پر عمل کیا مگر کئی لوگ وقت کی بدترین غلطی میں مبتلا ہو کر طاغوت کے سپاہی بن گئے۔

آج امریکہ سمیت دنیا میں کئی طاغوت اسلام اور مسلمانوں کے خلاف برسرپیکار ہیں جو لوگ مسلمان ہیں وہ اس آیت مبارکہ کی آواز سنیں اور خود کو طاغوت کا خدمتگار اور سپاہی نہ بنائیں۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے۔

والذین کفروا یقاتلون فی سبیل الطاغوت کہ جو لوگ کافر ہیں وہ طاغوت کی خاطر لڑتے ہیں۔

سب لوگوں نے مرنا ہے اور اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہونا ہے۔ ایمان سے بڑی کوئی نعمت نہیں۔ اور روزی کا مالک صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ تھوڑی سی تنخواہ اور حقیر سے مال کی خاطر طاغوت کو مضبوط کرنا مسلمان کا کام نہیں ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

اب آیت کی تفسیر میں چند مزید اقوال ملاحظہ فرمایئے:

### ۵ طاغوتی سپاہیوں کا حال:

" طاغوت۔ یہاں اس لفظ کو لا کر طاغوتی، جاہلی سپاہیوں کے تمرد، خدا فراموشی، نفس پرستی اور تجاوز عن الحدود کے پہلو کو نمایاں کرتا ہے، طاغوت کا ترجمہ اگر اس موقع پر "نفس" سے کیا جائے تو اردو میں شاید پورا مفہوم ادا ہو جائے طاغوت اور نفس کی راہ میں آج بھی جو قومیں وطن دوستی، قوم پروری، ملکی آزادی کے خوشنما لفظ اور لقب کے ساتھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جنگ کرتی رہتی ہیں ان کی اخلاقی حالت کا جائزہ لے لیا جائے، شقاوت و سنگ دلی، فریب و خیانت، شراب خوری و حرام کاری، غرض جس معیار سے چاہے جانچ لیا جائے جانوروں اور درندوں سے بھی بدتر حالت نکلے گی، یہ سب کرشمے فی سبیل الطاغوت لڑنے کے ہیں، محاسبہ آخرت سے بے نیاز ہو کر جنگ و جدال کرنے کے ہیں نفس قتال دونوں میں مشترک ہے، لیکن آگے طاغوتیوں کو کوئی مناسبت لاہوتیوں سے نہیں رہ جاتی۔" (تفسیر ماجدی)

(اس زمانے میں طاغوتی جنگوں کے خوشنما نعرے بحالی جمہوریت، ملکی مفاد، عالمی برداری کا تعاون وغیرہ ہیں ظاہر بات ہے کہ ان میں سے کوئی چیز بھی "اللہ تعالیٰ کا راستہ" نہیں ہے بلکہ یہ سب طاغوت کے راستے ہیں)

**۶ اس آیت کے چند اسرار:**

(ذیل میں تفسیر حقانی کے مفصل کلام کا خلاصہ ملاحظہ فرمایئے)

**الف** ان لوگوں کے اعتراض کا جواب ہے جو کہتے ہیں کہ دین کو وعظ، نصیحت اور معجزات تک محدود ہونا چاہئے اس میں مار پیٹ اور قتل و قتال کی کیا ضرورت ہے؟ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جنگ نہیں کی صبر سے کام لیا وغیرہ۔ ان کو بتایا گیا ہے کہ جب حق و صداقت کے دشمن کفر اور فساد کی راہ میں لڑتے ہیں والذین کفروا یقاتلون فی سبیل الطاغوت تو اب اگر ان کے مقابلے میں ایمان والوں کو بشرط قوت لڑنے کی اجازت نہ دی جائے تو کیا کیا جائے؟ (اگر لڑنے کی اجازت نہ ہو تو پوری دنیا طاغوت کی پوجا کرنے لگے) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ قوم موجود تھی اس لیئے ان کو لڑنے کا حکم دیا گیا، جبکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری کمزور تھے اس لئے بجز صبر کے کیا کرتے؟ (قوت کی شرط موجود نہیں تھی) مگر اس کے باوجود آپ کے حواریوں کو جس وقت کہ گرفتار ہوئے ہتھیار باندھنے کا حکم دیا اور ایک حواری کی تلوار سے فریق مخالف کے ایک شخص کا کان اڑ گیا۔ (انجیل لوقا)

**ب** اس آیت میں ان کید الشیطان کان ضعیفا کہ شیطان کی تدبیر اور مکر کمزور ہے فرما کر مسلمانوں کی فتح کی پیشین گوئی کی گئی۔ جس وقت یہ پیشین گوئی کی جاری تھی اس وقت ساری دنیا پر طاغوتی طاقتوں کا غلبہ تھا اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والے کمزور تھے۔ مگر کچھ ہی عرصہ بعد یہ پیشین گوئی پوری ہو گئی۔ (اس میں قیامت تک کیلئے عبرت اور سبق ہے)

**ج** صرف لڑنا کوئی عمدہ بات نہیں ہے کیونکہ کفار بھی طاغوت کی خاطر لڑتے ہیں۔ اس لئے مسلمانوں کا لڑنا اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے ہونا چاہئے اس میں شہرت و شجاعت (وغیرہ) مقصود نہ ہو۔ (مختصر تفسیر حقانی)

**۷** "لڑائی کن کے خلاف ہے؟ فقاتلوا اولیاء الشیطن مسلمانوں کو لڑنے کا حکم مل رہا ہے مگر کس کے مقابلہ میں؟ شیطان اور طاغوتیوں کے مقابلے میں مقاتلین فی سبیل الطاغوت کے مقابلے میں جو دنیا میں شر و فساد، فسق و شرک ہی کی حکومت پھیلانا چاہتے ہیں۔" (تفسیر ماجدی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❽ ان کید الشیطن کان ضعیفاً ان سب کا طاقتور ترین سردار شیطان ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ شیطان کی قوت اور تدبیر کمزور ہے، پس وہ اور اس کے حواری اللہ تعالیٰ اور اس کے لشکر کے سامنے کہاں ٹھہر سکتے ہیں؟

اس پر چند ایمان افروز عبارات ملاحظہ فرمائیں

## آخر میں ایک عجیب نکتہ

☆ ان کید الشیطن کان ضعیفاً فی حد ذاته فکیف بالقیاس الی قدرة الله تعالیٰ الذین یقاتلون فی سبیله وهو سبحانه ولیکم۔

شیطان کی تدبیر خود ہی کمزور ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کی قدرت کے سامنے وہ کتنی کمزور ہوگی اس بات کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے وہ اللہ تعالیٰ جس کے راستے میں مسلمان جہاد کرتے ہیں اور وہ ان کا حامی ہے۔ (روح المعانی)

☆ حق و باطل کی لڑائی میں فتح یقیناً حق کو ہوگی۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

☆ ان کید الشیطن کان ضعیفا اس میں مسلمانوں کو ہمت دلائی ہے کہ شیطان کوئی ڈرنے اور رکنے کی چیز نہیں وہ تم پر حاکم و آمر نہیں، تم ذرا ہمت کر جاؤ تو وہ خود تم سے پناہ مانگتا ہوا بھاگے گا، اس میں جان تو ہے ہی نہیں، حربی زندگی سے قطع نظر، اخلاق و معاشرت، معاملات و عبادات کے میدان میں بھی شیطان سے مقابلہ کر لینا کچھ دشوار نہیں، ضرورت صرف ہمت کی ہے۔ (تفسیر ماجدی)

## نکتہ

کافروں کی ساری طاقت اور شان و شوکت اور ان کا ایٹمی اسلحہ اور فضائی قوت یہ سب کید الشیطن شیطان کی تدبیر سے ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ سب کچھ کمزور ہے۔ کسے مجال ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان میں شک کرے؟ بس مسلمان، سچے مسلمان بن جائیں، دنیا کی بجائے آخرت کو مقصود بنالیں۔ اور جہاد فی سبیل اللہ کو قرآنی حکم کے مطابق جاری کریں تو پھر آنکھوں سے شیطانی پردے ہٹیں گے اور ہر کوئی پکارے گا کہ بے شک ان کید الشیطن کان ضعیفاً (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

بعض مفسرین نے کان ضعیفا میں کان کو صار کے معنیٰ میں لیا ہے کہ شیطان کی تدبیر صار ضعیفاً بالاسلام اسلام کے آنے کے بعد کمزور ہو چکی ہے۔ (روح المعانی)

اس سے بھی اشارہ ملا کہ مسلمان اسلام کے جتنے قریب ہوتے چلے جائیں گے اسی قدر شیطانی قوتیں ان کے مقابلہ میں کمزور ہوتی چلی جائیں گی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سورۃ النساء مدنیۃ آیت ۷۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کہا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز قائم کرو

اٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ

اور زکوٰۃ دو پھر جب انہیں لڑنے کا حکم دیا گیا اس وقت ان میں سے ایک جماعت لوگوں سے ایسا ڈرنے لگی

النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ

جیسا اللہ کا ڈر ہو یا اس سے بھی زیادہ ڈر اور کہنے لگے اے رب ہمارے تو نے ہم پر لڑنا کیوں فرض کیا

عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا

کیوں نہ ہمیں تھوڑی مدت اور مہلت دی ان سے کہہ دو دنیا کا فائدہ

قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾

تھوڑا ہے اور آخرت پرہیزگاروں کیلئے بہتر ہے اور ایک دھاگے برابر بھی تم سے بے انصافی نہیں کی جائے گی

### خلاصہ

کچھ لوگ جہاد کا حکم آنے سے پہلے جہاد کی اجازت مانگا کرتے تھے، تب ان سے کہا جاتا تھا کہ نہیں! ابھی اجازت نہیں ہے بس نماز اور زکوٰۃ وغیرہ کا اہتمام کرو، پھر جب ان پر جہاد کو فرض کر دیا گیا تو ان میں سے بعض گھبرا گئے اور کافروں سے یوں ڈرنے لگے جس طرح اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرنا چاہئے۔ اور بعض تو اس سے بھی زیادہ خوف میں مبتلا ہو گئے۔ اور تمنا کرنے لگے کہ کاش ابھی جہاد کا حکم نہ آتا اور ہم کچھ اور مہلت پاتے۔ چونکہ ان کے دل میں دنیا کی بعض نعمتوں کا شوق پیدا ہو گیا تھا اور ان نعمتوں کا چھوڑنا ان پر بھاری ہو رہا تھا تو ان کو سمجھایا گیا کہ اس دنیا میں رکھا ہی کیا ہے؟ یہاں کی نعمتیں بھی فانی اور ان سے فائدہ اٹھانا بھی بہت تھوڑا۔ تو پھر ان کی خاطر جہاد کے حکم کو ملتوی کرانے کا کیا مطلب؟ اصل نعمتیں تو آخرت کی ہیں۔ جہاں متقی لوگوں کے لئے خیر ہی خیر ہے اور وہاں ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا۔ تو پھر جہاد سے بڑھ کر کونسا عمل ہو سکتا ہے؟ اس لئے اپنی آخرت کی خاطر خوب خوب جہاد کرو۔

### اقوال و حوالے

**۱ لطف آمیز شکایت:**

اوپر جہاد کا وجوب اور اس کے فضائل بیان کر کے اس کی ترغیب تھی آگے دوسرے طور (یعنی انداز) پر اس کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ترغیب ہے، یعنی جہاد میں بعض مسلمانوں کے مستعد نہ ہونے پر ان کی ایک لطف آمیز شکایت بھی ہے جس کی بنا یہ ہوئی کہ مکہ میں کفار بہت ستاتے تھے اس وقت بعض اصحاب نے جہاد کی اجازت اصرار سے چاہی مگر اس وقت حکم تھا عفو و صفح (درگذر) کا بعد ہجرت کے جب جہاد کا حکم نازل ہوا تو طبعاً بعض کو دشوار ہوا (اوردہ في لباب النقول عن النسائي) اس پر یہ شکایت فرمائی گئی۔ (بیان القرآن)

**۲ ابھی نہیں:**

عن ابن عباس أن عبدالرحمن بن عوف واصحاباً له اتوا النبي صلى الله عليه وسلم بمكة فقالوا يانبي الله كنافي عز ونحن مشركون فلما امنا صرنا أذلة فقال انى أمرتُ بالعفو فلا تقاتلوا القوم فلماحوله الله تعالىٰ الى المدينة أمره بالقتال فكفوا فنزلت الاية اخرجه النسائي في سننه. (القرطبي)

بیان القرآن کی عبارت اسی روایت سے ماخوذ ہے۔

**۳ یہ کون تھے مسلمان یا منافقین؟**

حضرات مفسرین نے اس پر مفصل بحث فرمائی ہے کہ یہ لوگ جو جہاد فرض ہونے کے بعد گھبرا گئے کون تھے؟ کمزور مسلمان یا منافقین؟ امام رازی رحمہ اللہ نے دونوں اقوال کو دلائل کے ساتھ بیان فرمایا ہے ملاحظہ فرمائیے۔ (التفسیر الکبیر)

صاحب تفسیر حقانی دونوں اقوال کو جمع کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"الم تر الی الذین یہاں ہی جلد بازوں کی بابت بیان فرما کر اور پھر جہاد میں سستی کرنے سے ان پر الزام قائم کرتا ہے کہ تم جہاد فرض ہونے سے پہلے تو یہ کچھ کہا کرتے اور کہتے تھے پھر جب جہاد فرض ہوا تو موت سے ڈرنے لگے اور کہنے لگے کہ کاش ہم پر جہاد فرض نہ ہوتا تو ہم چند مدت اور جیتے اگرچہ جہاد کے آرزومند مخلصین لوگ تھے مگر چونکہ منافقین بھی بظاہر انہیں میں شامل ہیں اس لئے اذا فریق منهم یخشون کہنا درست ہوا یعنی منافق دشمنوں سے ایسا ڈرتے ہیں کہ جیسا کوئی خدا سے ڈرتا ہے یا اس سے بھی زیادہ اور جانتے ہیں کہ جہاد میں جانا مرجانا ہے اس کے جواب میں نبی کو یوں تعلیم فرماتا ہے کہ ان سے کہہ دو اگر یہ بھی تسلیم کرلیا جاوے کہ جہاد میں جانا باعث موت اور گھر بیٹھنے سے زندگی ہے تو یہ زندگی کب تک؟؟ یہاں کی نعمتیں کیا ہیں؟؟ آخر دار فانی ہے۔" (تفسیر حقانی)

**۴** قل متاع الدنيا قليل آپ فرما دیجئے کہ دنیا کا فائدہ بہت ہی تھوڑا ہے۔ ومتاع الدنيا منفعتها والاستمتاع بلذاتها وسماه قليلاً لانه لابقاء له وقال النبي صلى الله عليه وسلم.

مثلي ومثل الدنيا كراكب قال قيلولة تحت شجرة ثم راح وترکها.

یعنی متاع الدنیا سے مراد دنیا کا نفع اور اس کی لذتوں سے فائدہ اٹھانا ہے اس کو "تھوڑا" اس لئے کہا گیا کہ یہ باقی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نہیں رہتا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے میری اور دنیا کی مثال اس سوار جیسی ہے جس نے ایک درخت کے نیچے تھوڑا سا قیلولہ کیا اور پھر اسے چھوڑ کر چلا گیا۔ (القرطبی)

صاحب بیان القرآن لکھتے ہیں:

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) فرما دیجئے کہ دنیا کا تمتع (فائدہ اٹھانا) محض چند روزہ ہے اور آخرت جس کے حصول کا اعلیٰ ذریعہ جہاد ہے ہر طرح سے بہتر ہے۔ (بیان القرآن)

**۵ بغیر جہاد کے دین نامکمل:**

وقال قومٌ: كان كثير من العرب استحسنوا الدخول في الدين على فرائضه التي قبل القتال من الصلوٰة والزكاة ونحوها والموادعة، فلما نزل القتال شق ذلك عليهم وجزعوا له فنزلت۔

یعنی بعض مفسرین فرماتے ہیں کہ عرب کے بہت سے لوگوں نے دین اسلام کے جہاد سے پہلے والے فرائض نماز، زکوٰۃ وغیرہ اور صلح کو پسند کیا اور دین اسلام میں داخل ہو گئے پھر جب جہاد فرض ہوا تو ان پر بھاری گذرا اور وہ گھبرا اٹھے تب یہ آیت نازل ہوئی (اور ان کو جہاد کی بھرپور رغبت دلائی گئی)۔ (البحر المحیط)

**۶ جہاد مسلمان کی مراد ہے:**

**کلام برکت**

یعنی جب تک مسلمان مکے میں تھے اور کافر ایذاء دیتے تھے، اللہ تعالیٰ ان کو لڑنے سے تھامتا تھا اور صبر کا حکم فرماتا تھا اب جو حکم لڑائی کا آیا تو سمجھیں کہ ہماری مراد ملی لیکن بعض کچے مسلمان کنارہ کرتے ہیں اور موت سے ڈرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے برابر آدمیوں سے خطرہ کرتے ہیں۔ (موضح القرآن)

**نکتہ**

جہاد اسلام کا ایک مستقل فریضہ اور قیامت تک جاری رہنے والا عمل ہے اس لئے قرآن پاک نظریہ جہاد کے ہر پہلو کو سمجھاتا ہے۔ پچھلی آیات میں سمجھایا جا رہا تھا کہ فتح و شکست کو جہاد کا معیار نہ بناؤ فتح ملے یا شکست اللہ تعالیٰ کا حکم سمجھ کر دین کے غلبے کے لئے لڑتے رہو۔ اس آیت میں یہ سمجھایا گیا کہ جہاد کوئی وقتی جذباتی چیز نہیں ہے کہ جب کافروں کی طرف سے ظلم و ستم ہو تو تم جہاد جہاد کرنے لگو اور جب تمہیں امن و آرام مل جائے تو اس دنیا کے پیچھے پڑ جاؤ اور جہاد اور آخرت کو بھلا دو اور ظاہری امن کی خاطر کافروں سے ڈرنے لگو۔ جہاد تو اللہ تعالیٰ کے کلمے کی بلندی کے لئے ہے۔ جہاد تو دین اسلام کے تمام ادیان پر غلبے کے لئے ہے۔ جہاد تو اسلامی دعوت کو پورے عالم تک پہنچانے کے لئے ہے۔ اور جہاد تو تقویٰ کا سب سے بڑا درجہ ہے اور آخرت متقی لوگوں کو ملتی ہے۔

پس یہ پوری بات سمجھا کر مسلمان میں نظریہ جہاد کو مضبوط اور عملی جہاد کو ہمیشہ جاری رکھنے کا انتظام فرما دیا گیا۔

(واللہ اعلم بالصواب)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۷۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ

تم جہاں کہیں ہوگے موت تمہیں آہی پکڑے گی اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہی ہو

وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ

اور اگر انہیں کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اگر کوئی نقصان

سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ

پہنچتا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ تیری طرف سے ہے کہہ دے کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے

فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝۷۸

ان لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ کوئی بات ان کی سمجھ میں نہیں آتی

## خلاصہ

اگر جہاد میں نہ نکلے تو کیا وقت معین پر اپنی موت سے بچ جاؤ گے؟ ہرگز نہیں! موت میدان جنگ کے ساتھ مخصوص نہیں تم جہاں کہیں بھی ہوگے وہیں موت تمہیں آ پکڑے گی اگرچہ تم مضبوط اور محفوظ قلعوں میں ہی جا بیٹھو۔ ان منافقین کی بھی عجیب حالت ہے کہ جب انہیں جنگ میں فتح و غنیمت وغیرہ ملتی ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کی تقدیر قرار دیتے ہیں۔ اور جب شکست وغیرہ ہوتی ہے تو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر (نعوذ باللہ) تنقید کرتے ہیں۔ ان کو بتا دیا جائے کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔ معلوم نہیں ان احمق لوگوں کو کیا ہوا کہ بات سمجھنے کے قریب بھی نہیں پھٹکتے۔

## اقوال و حوالے

### ① جہاد سے گھبرانا نادانی ہے

”یعنی کیسے ہی مضبوط اور محفوظ اور مامون مکان میں رہو مگر موت تم کو کسی طرح نہ چھوڑے گی کیونکہ موت ہر ایک کے واسطے مقدر اور مقرر ہو چکی ہے، اپنے وقت پر ضرور آئے گی کہیں بھی ہو۔ سو اگر جہاد میں نہ جاؤ گے تو بھی موت سے ہرگز نہیں بچ سکتے تو اب جہاد سے گھبرانا اور موت سے ڈرنا اور کافروں کے مقاتلہ سے خوف کرنا بالکل نادانی اور اسلام میں کچے ہونے کی بات ہے۔“ (تفسیر عثمانی)

### ② جہاد سے سرخرو ہو کر اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچو

”یہاں یہ سمجھایا گیا ہے کہ جب موت ایسی یقینی اور بے پناہ شے ہے تو آخرت میں جہاد کے اجر و مراتب بے حساب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سے محروم اور خالی ہاتھ کیوں پہنچو؟ کیوں نہ غزوہ و قتال میں سرخرو ہو کر وہاں پہنچو۔" (تفسیر ماجدی)

**۳ ڈرے ہوئے لوگوں کو جواب ہے:**

والمقصود من هذا الكلام تبكيت من حكى عنهم انهم عند فرض القتال يخشون الناس كخشية الله او اشد خشية وقالوا ربنا لم كتبت علينا القتال.

فقال تعالىٰ اينما تكونوا يدرككم الموت فبين الله تعالىٰ انه لا خلاص لهم من الموت والجهاد موت مستعقب لسعادة الآخرة، فاذا كان لابد من الموت فبأن يقع على وجه يكون مستعقباً للسعادة الأبدية كان اولىٰ من ان لايكون كذلك. (التفسير الكبير)

یعنی پچھلی آیت میں ان لوگوں کا بیان تھا جن پر قتال فرض ہوا تو وہ دشمنوں سے یوں ڈرنے لگے جس طرح اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرنا چاہئے بلکہ اس سے بھی بڑھ کر۔ اور وہ کہنے لگے کہ اے ہمارے رب آپ نے ہم پر قتال کیوں فرض کیا۔ اس آیت میں مقصود ان لوگوں کو جواب دینا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا تم جہاں کہیں بھی ہو گے موت تمہیں آ پکڑے گی پس اللہ تعالیٰ نے سمجھا دیا کہ موت سے خلاصی کی کوئی صورت نہیں ہے اور جہاد ایسی موت ہے جس کے پیچھے آخرت کی سعادت چھپی ہوئی ہے۔ پس جب موت کا آنا یقینی ہے تو ایسی موت جس کے پیچھے ہمیشہ کی سعادت ہو اس موت سے بہتر ہے جس میں یہ خاصیت نہ ہو۔

**فائدہ**

یہاں تک اس آیت کے پہلے حصے اينما تكونوا يدرككم الموت ولوكنتم في بروج مشيدة کے معنیٰ معلوم ہو گئے۔ امام ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں آیت کے اس حصے پر کئی صفحات لکھے ہیں اور مسلمانوں کے دل میں اس حقیقت کو اچھی طرح بٹھانے کی کوشش کی ہے کہ موت کا وقت اور مقام مقرر ہے، اس لئے موت سے بچنے کے لئے جہاد چھوڑنے کی غلطی نہ کریں۔ انہوں نے کئی عجیب قصے، کئی روایات اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آخر وقت کے مبارک کلمات کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ اور دیگر قرآنی آیات سے بھی اس مسئلے کو واضح فرمایا ہے۔ اور کئی خوبصورت عربی اشعار سے بھی یہی بات سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ شائقین حضرات وہاں ملاحظہ فرمالیں۔ اب آیئے آیت کے دوسرے حصے کے جہادی مضامین کی طرف۔ اور ملاحظہ فرمایئے چند عبارات۔

**۱ منافقین کی ذہنی کشمکش:**

"یعنی ان منافقین کا اور عجیب حال سنو! اگر تدبیر لڑائی کی درست آئی اور فتح ہوئی اور غنیمت کا مال ہاتھ آ گیا تو کہتے ہیں یہ خدا کی طرف سے ہے یعنی اتفاقی بات ہو گئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تدبیر کے قائل نہ ہوتے اور اگر تدبیر بگڑ جاتی اور ہزیمت و نقصان پیش آ جاتا تو الزام رکھتے آپ کی تدبیر پر۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ان کو جواب دے دو کہ بھلائی اور برائی سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے سب باتوں کا موجد اور خالق اللہ تعالیٰ ہے، اس میں کسی دوسرے کو دخل نہیں اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی تدبیر بھی اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے اور اللہ تعالیٰ ہی کا الہام ہے تمہارا الزام رکھنا نبی پر غلط اور سراسر کم فہمی ہے اور بگڑی کو بگاڑ نہ سمجھو یہ اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے وہ تم کو سدھاتا ہے اور آزماتا ہے تمہارے قصوروں پر۔ یہ جواب اجمالی ہوا منافقین کے الزام کا۔ اگلی آیت میں اس کی تفصیل آتی ہے۔" (تفسیر عثمانی)

## فائدہ

یہ حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کے کلام کی تسہیل ہے اور بہت جامع کلام ہے۔ منافقین نہ تو جہاد سے مطمئن تھے اور نہ امیر جہاد صلی اللہ علیہ وسلم سے اس لئے وہ ان دونوں کے خلاف بات کرنے کا کوئی موقع ضائع نہیں جانے دیتے تھے۔ جب مسلمانوں کو فتح ملتی تو کہتے کہ بس اتفاقا ہو گئی اور ایسے تجزیے کرتے کہ اس میں جہاد اور مجاہدین کا کوئی کمال نہیں ہے۔ اور جب مسلمانوں کو شکست ہوتی تو فورا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور جہاد کے خلاف طوفان اٹھا دیتے اور کہتے کہ جہاد میں سوائے بربادی کے اور کچھ نہیں رکھا اور (نعوذ باللہ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تدبیر مبارک پر انگلی اٹھاتے۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

"پس اس بدحالی کو عمل بالاحکام الشرعیہ یا شارع (یعنی دین کے کسی حکم یا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف نسبت کرنا پوری جہالت ہے جیسا منافقین جہاد اور امام الجہاد کی طرف اس کی نسبت کرتے تھے۔ (بیان القرآن)"

### ❷ منافق جہاد کو موت کا ذریعہ سمجھتے تھے:

صاحب بیان القرآن نے بہت عجیب نکتہ لکھا ہے۔ ان کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ بعض منافق جہاد میں جانے کو موت میں مؤثر سمجھتے تھے یعنی ان کا عقیدہ یہ تھا کہ جہاد موت کا ذریعہ ہے اور وہ جہاد میں نہ جانے کو حیات میں مؤثر سمجھتے تھے۔ پھر جب مسلمانوں کو جہاد میں شکست اور شہادت کا سامنا ہوتا تو وہ اسے اپنے عقیدے کیلئے دلیل بناتے کہ دیکھو جہاد میں گئے اور موت کا شکار ہو گئے پس جہاد کا مؤثر فی الموت ہونا ثابت ہو گیا۔ اور اگر مسلمانوں کو فتح ملتی اور وہ زندہ سلامت واپس آ جاتے اور ان منافقین سے کہا جاتا کہ دیکھو اگر جہاد میں موت ہوتی تو ہم زندہ کیسے واپس آتے؟ تو وہ کہنے لگتے کہ بس آپ لوگ اتفاقاً بچ گئے ورنہ مرنے کے لئے کوئی کسر تو نہیں چھوڑی تھی۔

اس آیت میں ان کے اسی طرز عمل کا بیان اور اس کا جواب ہے۔ (مخلصہ بیان القرآن)

### ❸ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کا خیال کرو:

مرنے سے کیا ڈرنا۔ موت تو اپنے وقت پر ہی آئے گی اور ضرور آئے گی، اگر تمہیں اپنی غلطی کی پاداش میں کوئی تکلیف پہنچ جائے تو اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ مت لگایا کرو۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّة — آیت ۷۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۫ وَ مَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ

تجھے جو بھلائی بھی پہنچے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جو تجھے برائی پہنچے وہ

فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ وَ اَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

تیرے نفس کی طرف سے ہے ہم نے تجھے لوگوں کو پیغام پہنچانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اللہ تعالیٰ کی

شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾

گواہی کافی ہے

### خلاصہ

اے انسان تجھ کو جو کوئی خوشحالی پیش آتی ہے وہ محض اللہ تعالیٰ کی جانب سے فضل ہے اور جو کوئی بدحالی پیش آئے وہ تیرے ہی اعمال بد کے سبب سے ہے (پس اس بدحالی کو شریعت کے کسی حکم یا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنا پوری جہالت ہے جس طرح منافقین اپنی مصیبتوں کو جہاد اور امام الجہاد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کر دیتے تھے۔)

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم رسول برحق ہیں (کسی منافق و کافر کی الٹی باتوں سے آپ کی اس شان میں کوئی کمی نہیں ہو سکتی کیونکہ) اللہ تعالیٰ آپ کی رسالت کا گواہ کافی ہے۔ (مفہوم از بیان القرآن)

### فائدہ

منافقین جہاد کے خلاف ذہن سازی کے لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ پر (نعوذ باللہ) تنقید کر رہے تھے ان کی تنقید کو اس آیت سے توڑ دیا گیا۔ اور جہاد میں جو تکلیفیں وغیرہ آتی ہیں ان کا بھی بہترین جواب دے دیا گیا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

### مفہوم آیت

یعنی اصل بات یہ ہے کہ جملہ بھلائی اور برائی کا موجد ہر چند اللہ تعالیٰ ہے مگر بندہ کو چاہئے کہ نیکی اور بھلائی کو حق تعالیٰ کا فضل اور احسان سمجھے اور سختی اور برائی اپنے اعمال کی شامت جانے اس کا الزام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر ندرکھے پیغمبران امور کے لئے نہ موجد ہے نہ سبب بلکہ موجد یعنی ان باتوں کا پیدا کرنے والا تو اللہ تعالیٰ ہے اور سبب تمہارے عمل۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

پچھلی آیت میں فرمایا گیا کل من عند اللہ کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور اس آیت میں فرمایا گیا فمن نفسك کہ جو برے حالات آتے ہیں وہ خود تمہاری وجہ سے ہیں۔

تفسیر حقانی کی مذکورہ بالا عبارت جو موضح القرآن کی عبارت کا خلاصہ ہے اس ظاہری اعتراض کو دور کر دیتی ہے کہ کل من عند اللہ میں خلق اور ایجاد مراد ہے کہ تمام احوال و حالات کا خالق اور موجد اللہ تعالیٰ ہے اور فمن نفسك سے سبب مراد ہے کہ برے حالات کا ظاہری سبب تمہارے اعمال ہیں، جس طرح آگ جلانے کا سبب بن جاتی ہے۔ پس کوئی اشکال باقی نہ رہا۔ صاحب تفسیر ماجدی نے عند اللہ اور من اللہ کے لفظی فرق سے اس اعتراض کا جواب دیا ہے جبکہ صاحب تفسیر حقانی نے علمی اور استدلالی انداز سے آریہ سماج اور پادریوں کی کم فہمی کا علاج فرمایا ہے۔ شائقین ان دونوں تفسیروں میں ملاحظہ فرمالیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّة آیت ۸۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

جس نے رسول کا حکم مانا اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم مانا اور جس نے منہ موڑا تو ہم نے تجھے ان پر

عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾

نگہبان بنا کر نہیں بھیجا

### خلاصہ

جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی، اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔ جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت نہ کرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم غم نہ فرمائیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کی ذمہ داری نہیں ہے۔

### فائدہ

منافقین جہاد میں ظاہری شکست کو آڑ بنا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراضات کر رہے تھے (وان تصبهم سيئة يقولوا هذه من عندك) تا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جہاد اور امام الجہاد سے متنفر ہو جائیں۔ تب اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اطاعت امیر کے جذبہ کو بالکل پختہ فرمانے کیلئے اعلان کر دیا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت دراصل اللہ تعالیٰ ہی کی اطاعت ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے۔ منفی باتوں کے شور سے دل پر کچھ صدمہ تو ہوتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دے دی گئی کہ ان ظالموں کی بدنصیبی کے آپ نہیں یہ خود ذمہ دار ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

### اقوال و حوالے

**❶ شکست اور تکلیف کی نسبت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط ہے**

جس نے شوق (یعنی دل کی رغبت) سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات مان لی اس نے اللہ تعالیٰ کی بات مان لی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہوئی تو کیا پھر بھی تم کہہ سکتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غلطی سے ہمیں تکلیف پہنچی۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

**❷ اطاعت رسول۔ اطاعت امیر**

امام قرطبی رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

اعلم الله تعالیٰ ان طاعة رسوله صلى الله عليه وسلم طاعةٌ له وفي صحيح مسلم عن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ابی هريرة عن النبي صلي الله عليه وسلم انه قال من اطاعني فقد أطاع الله ومن يعصني فقد عصى الله ومن يطع الامير فقد اطاعني ومن يعص الأمير فقد عصاني۔ (القرطبی)

یعنی اللہ تعالیٰ نے سمجھا دیا کہ اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت دراصل اسی کی اطاعت ہے۔ صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

**۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معصوم ہونے کی دلیل:**

قوله ومن يطع الرسول فقد اطاع الله من اقوى الدلائل علیٰ انه معصوم فی جمیع الاوامر والنواهي وفي كل ما يبلغه عن الله لانه لو أخطافي شئي منها لم تكن طاعته طاعة الله۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ومن يطع الرسول فقد اطاع الله کہ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معصوم ہونے کی مضبوط ترین دلیل ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے تمام احکامات، نواہی اور جو کچھ آپ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہنچایا ہے ان سب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم معصوم ہیں۔ کیونکہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان چیزوں میں سے کسی میں خطاء فرماتے تو آپ کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت قرار نہ دیا جاتا۔ (التفسیر الکبیر)

**۴ گمراہ فرقوں کا رد:**

آیت میں رد آ گیا ان گمراہ فرقوں کا جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے مستلزم نہیں سمجھتے۔ (تفسیر ماجدی)

## یاد دہانی

منافقین نے ایک ظالمانہ بات کہی تھی ملاحظہ فرمائیے۔ آیت (۷۸) وان تصبهم سيئة يقولوا هذه من عندك کہ جب جہاد میں شکست وغیرہ کی مصیبت آتی تو وہ کہتے کہ یہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہے۔ یعنی جہاد اور امام الجہاد پر اعتراض کیا تاکہ دین دشمنی کا حق ادا کرتے ہوئے لوگوں کو جہاد سے روک دیں۔ بس ان کے اس کڑوے اعتراض کے خاتمے کے لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں پے در پے آیات نازل ہوتی چلی جا رہی ہیں۔ اور مسلمانوں کو اپنے نبی اور امام سے پوری طرح جوڑا جا رہا ہے تاکہ وہ جماعت مضبوط رہے جس نے پوری دنیا تک دین کا غالب پیغام پہنچانا تھا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۸۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ؗ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ

اور کہتے ہیں قبول کیا پھر جب تیرے ہاں سے باہر گئے تو ان میں سے ایک گروہ رات

مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ؕ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ

کو جمع ہو کر تمہاری باتوں کے خلاف مشورہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ لکھتا ہے جو وہ مشورے کرتے ہیں تو ان کے پرواہ

عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾

نہ کر اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر اور اللہ تعالیٰ کارساز کافی ہے

## خلاصہ

ان منافقین کی حالت یہ ہے کہ آپ کی مجلس میں تو اپنی پوری فرمانبرداری کا اعلان کر جاتے ہیں مگر پھر واپس جا کر آپ کے احکامات کے خلاف مشورے کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی سب باتیں لکھتا ہے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی زیادہ پرواہ نہ کیجئے (بلکہ ان کی سزا کا معاملہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑے رکھیے) اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیجئے اللہ تعالیٰ ہی کافی کارساز ہے۔

## اقوال و حوالے

### ❶ پکے بدگمان:

چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق بدگمانی منافقوں کے دل میں راسخ ہو چکی ہے اس لئے سامنے آتے ہیں تو اطاعت کا اقرار کر لیتے ہیں لیکن پھر جا کر سازشیں کرتے ہیں۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### ❷ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی ہے:

آپ ان کی بیہودگی کی طرف التفات اور خیال نہ کیجئے اور نہ کچھ فکر کیجئے بلکہ سارا قصہ اللہ تعالیٰ کے حوالے کیجئے اور اللہ تعالیٰ کافی کارساز ہیں وہ خود مناسب طور پر اس کا دفعیہ فرمادیں گے چنانچہ کبھی ان کی شرارت سے کوئی ضرر نہیں پہنچا۔ (بیان القرآن)

### ❸ آپ کو ان کی مدد کی ضرورت نہیں ہے

وتوکل علی اللہ ثم امرہ بالتوکل علیہ والثقۃ بہ فی النصر علی عدوّہ۔ (القرطبی)

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا کہ آپ دشمنوں کے مقابلے میں مدد کے لئے صرف اللہ تعالیٰ پر توکل اور پورا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اعتماد رکھیے۔

## نکتہ

اس آیت میں عجیب جہادی مضامین کا بیان ہے۔ ❶ منافقین مسلمانوں کی شکست کے بعد معتبر، خیر خواہ اور دانشور بن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جہاد کے خلاف ذہن سازی کرتے پھرتے تھے۔ اس آیت میں ان کے نفاق اور دورنگی کو کھول دیا کہ اے مسلمانو! ان کی زبان اور باتیں اعتبار کے قابل نہیں ہیں۔ ❷ جنگ کا زمانہ ہے مسلمان ظاہری شکست سے چور ہیں ان حالات میں منافقین کی سازشوں سے پریشانی اور خوف کا پیدا ہونا ایک لازمی امر تھا اس آیت میں سمجھا دیا گیا کہ ان کی شرارتوں کی پرواہ نہ کریں یہ کچھ نہیں کر سکتے بس آپ لوگ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں۔

یقیناً مسلمانوں کے حق میں یہ بہت بڑی تسلی اور حوصلہ افزائی تھی۔

❸ منافقین کی شرارتوں اور بدزبانی سے اس بات کا خطرہ تھا کہ مسلمان ان کے خلاف اشتعال میں آجاتے اور ایک نیا محاذ جنگ کھل جاتا۔ فاعرض عنهم فرما کر سمجھا دیا گیا کہ فی الحال یہ محاذ کھولنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو کافی ہو جائیگا آپ اپنی توجہ کھلے دشمنوں کی طرف رکھیں جن سے جنگ شروع ہو چکی ہے۔ ❹ مسلمانوں کو افرادی قوت اور تعاون کی ضرورت تھی کیونکہ ان کے سارے دشمن متحد ہو چکے تھے۔ ایسے حالات میں منافقین کا اوپر اوپر سے جی حاضر، جی حاضر کہنا اور راتوں کو جا کر مخالفت کرنا اسلامی جماعت کی کمزوری کا باعث بن سکتا تھا اور مسلمانوں کا حوصلہ بھی اس منافقانہ طرز عمل سے کمزور ہو سکتا تھا اس آیت میں سمجھایا گیا کہ آپ لوگوں کو ان کی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ حضرات جس کی خاطر جہاد کر رہے ہیں اس پر بھروسہ رکھیں۔ اور دشمنوں کے خلاف مدد میں صرف اسی پر آپ حضرات کی نظر رہے۔ ❺ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مبارک وحی کے ذریعے ان چھپے دشمنوں کے حالات بتا دیئے گئے۔ ظاہر بات ہے کہ ایسی سازشوں کا معلوم ہو جانا جنگ کے دنوں میں جماعت کی حفاظت، مضبوطی اور قوت کا ذریعہ بنتا ہے۔ اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول برحق ہونے کی دلیل بھی ہے۔ یہود اور منافقین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے بارے میں شکوک پھیلا رہے تھے اور اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب کی خبریں سنا کر آپ کی رسالت پر لوگوں کا اطمینان بڑھا رہا تھا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاۗءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۸۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ

کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر یہ قرآن سوائے اللہ تعالیٰ کے

لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿٨٢﴾

کسی اور کی طرف سے ہوتا تو وہ اس میں بہت اختلاف پاتے

### خلاصہ

کیا یہ لوگ قرآن پاک میں غور نہیں کرتے۔ اگر یہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا کلام ہوتا تو وہ اس میں بہت اختلاف پاتے۔

### فائدہ

منافقین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور جہاد پر اعتراض کر رہے تھے اب ان کو آخری درجہ کا جواب دیا گیا کہ تمہارا قرآن پاک کے بارے میں کیا خیال ہے؟ یقیناً اس کا ہر لفظ اور اس کی ہر خبر یہی بتا رہی ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا سچا کلام ہے۔ اور ظاہری طور پر ہی سہی تم بھی اس کا اقرار کرتے ہو۔

پھر اب کونسا شبہ باقی رہ گیا؟ کتاب اللہ تو نبی برحق ہی پر نازل ہوتی ہے۔ اور نبی نے جہاد کا جو حکم دیا ہے وہ بھی قرآن پاک ہی میں مذکور ہے۔ اب اگر تم قرآن پاک کا بھی انکار کرتے ہو تو پھر پکے کافر ہو۔ اور اگر قرآن پاک کو مانتے ہو تو پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور جہاد پر تمہارے اعتراضات، حرام اور فضول ہیں۔ پچھلی آیات میں فَانْفِرُوْا اور فَلْيُقَاتِلْ کے ذریعے جہاد میں لڑنے کا حکم تھا۔ آگے آیت (۸۴) میں پھر فَقَاتِلْ کا حکم آ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کیجئے۔ درمیان کی ان آیات میں جہاد کے خلاف منافقین کے وساوس کا جواب آ گیا۔ مسلمانوں کو موت کا فلسفہ سمجھا دیا گیا۔ انہیں امام المجاہدین صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت پر خوب پختہ کر دیا گیا۔ انہیں منافقین کی دورنگی سمجھا دی گئی۔ اور انہیں قرآن پاک کے ساتھ جوڑ دیا گیا۔ اب قیامت تک جو مسلمان حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن پاک کے ساتھ جڑے رہیں گے وہ کبھی جہاد کے منکر، مخالف یا بلا عذر تارک نہیں بنیں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ النِّسَاۗءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۸۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَاِذَا جَاۗءَھُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ۭ وَلَوْ رَدُّوْهُ

اور جب ان کے پاس کوئی خبر امن یا ڈر کی پہنچتی ہے تو اسے مشہور کردیتے ہیں اور اگر اسے

اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي الْاَمْرِ مِنْھُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ

رسول اور اپنی جماعت کے ذمہ دار اصحاب تک پہنچاتے تو اس کی تحقیق کرتے جو ان میں تحقیق

مِنْھُمْ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ

کرنے والے ہیں اور اگر تم پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو البتہ تم شیطان کے پیچھے ہولیتے

اِلَّا قَلِيْلًا ۝۸۳

سوائے چند لوگوں کے

## خلاصہ

اور جب ان منافقین کو امن یا خوف والی کوئی نئی خبر پہنچتی ہے (مثلاً کوئی لشکر مسلمانوں کا کسی جگہ جہاد کے لئے گیا اور ان کے غالب ہونے کی خبر آئی یہ امن کی خبر ہوئی یا ان کے مغلوب ہونے کی خبر آئی یہ خوف کی خبر ہوئی) تو یہ اس خبر کو فوراً مشہور کردیتے ہیں حالانکہ بعض اوقات وہ غلط نکلتی ہے اور اگر صحیح بھی ہوئی تب بھی بعض اوقات اُس کا مشہور کرنا انتظامی مصلحت کے خلاف ہوتا ہے اور اگر بجائے خود مشہور کرنے کے یہ لوگ اس خبر کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کرتے یا اُن ذمہ دار حضرات کے سامنے پیش کرتے جو ایسے معاملات کو سمجھتے ہیں۔ اور خود کچھ دخل نہ دیتے۔ تو وہ حضرات جو تحقیق کرنے والے ہیں اس خبر کی حقیقت کو پہچان لیتے۔ اور پھر وہ حضرات جس طرح کا عمل درآمد کرتے ان خبر اڑانے والوں کو بھی ویسا ہی کرنا چاہیے تھا، ان کو دخل دینے کی کیا ضرورت ہوئی اور نہ دخل دیتے تو کونسا کام اٹک رہا تھا؟ اور اگر تم لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا یہ خاص فضل اور رحمت کہ تم کو قرآن دیا اپنا پیغمبر بھیجا یہ اگر نہ ہوتا تو تم میں سے تھوڑے سے افراد کو چھوڑ کر باقی سب شیطان کے پیروکار بن جاتے۔ (مفہوم بیان القرآن)

## اقوال و حوالے

**❶ یہ کون لوگ تھے:**

حضرات مفسرین کے دو اقوال ہیں:

فقيل هذا من ضعفة المسلمين عن الحسن. وقال الضحاك وابن زيد هو في المنافقين.

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

(القرطبی) یعنی یا تو منافقین تھے یا کمزور مسلمان۔

امام رازی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ آیت منافقین ہی کے بارے میں ہے۔

**اعلم انه تعالیٰ حکیٰ عن المنافقین فی هذه الآیة نوعاً آخر من الاعمال الفاسدة.** یعنی اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں منافقین کی ایک اور بری حرکت کا تذکرہ فرمایا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

منافقین کی طرف سے جنگ میں فتح یا شکست، امن یا خوف کی ان خبروں اور افواہوں کو پھیلانے میں مسلمانوں کے لئے بہت سے نقصانات تھے۔

امام رازی رحمہ اللہ نے چند نقصانات گنوائے ہیں ان کا خلاصہ ملاحظہ فرمائیں:

❶ منافقین ان خبروں میں جھوٹ اور مبالغہ شامل کرتے تھے، فتح کی خبر آتی تو خوب بڑھا چڑھا کر بیان کرتے اور شکست کی خبر آتی تو اس میں بھی بہت مبالغہ کرتے۔ جب فتح کی خبروں کا جھوٹ ظاہر ہوتا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کمزور مسلمانوں کے دلوں میں وسوسہ پیدا ہو سکتا تھا۔ اور جب شکست کی خبروں میں مبالغہ ہوتا تو ان میں خوف اور مایوسی پھیل جاتی۔ ❷ اس طرح کی خبروں سے معاشرے میں جھوٹ پھیلتا تھا۔ ❸ جب افواہیں پھیلتی ہیں تو لوگ بات معلوم کرنے کے لئے زیادہ محنت اور جستجو کرتے ہیں جس کے نتیجے میں بعض اوقات اہم قومی راز فاش ہو جاتے ہیں۔ ❹ مسلمانوں اور کافروں کے درمیان جنگ اور دشمنی جاری تھی، اس طرح کی خبروں اور افواہوں سے دشمن کو فائدہ پہنچتا ہے، اسے تیاری کا موقع مل جاتا ہے اور اس کے لئے مسلمانوں میں تشویش پھیلانا آسان ہو جاتا ہے۔ (مفہوم تفسیر کبیر)

❷ تعلق جنگ کی خبروں سے ہے:

تفسیر جلالین میں ہے:

**واذا جاء هم امر عن سرایا النبی صلی الله علیه وسلم بما حصل لهم.**

یعنی جب ان کے پاس حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجے ہوئے سرایا کے بارے میں کوئی خبر آتی کہ ان کے ساتھ کیا ہوا ہے۔ (جلالین)

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

**والمعنیٰ انهم اذا سمعوا شیئاً من الامور فیه امن نحو ظفر المسلمین وقتل عدوهم او الخوف وهو ضد ذلك. (قرطبی)**

مفہوم اوپر گذر چکا ہے۔

❸ جہادی جماعتوں کے لئے اہم اصول:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ملت اسلامی شروع ہی سے ایک حد تک منظم، بلکہ نیم عسکری جماعت تھی، اور یہ امر ہر اجتماعی تنظیم کے منافی عموماً اور عسکری تنظیم کے منافی تو خصوصاً ہے کہ امت کے عوام جس خبر کو جہاں اور جب سن پائیں بلا اپنے سرداروں اور اہل حل وعقد کی طرف رجوع کیے بے تحقیق اسے لے دوڑیں اور بے تحاشا اسے پھیلانا شروع کر دیں۔ (تفسیر ماجدی)

### فائدہ

کئی مفسرین حضرات نے اس آیت مبارکہ کے ذیل میں مسئلہ اجتہاد وتقلید پر بحث فرمائی ہے شائقین حضرات رجوع فرمالیں۔

### نکتہ

جہاد اور جماعت کے لیے بہت اہم اصول اس آیت مبارکہ میں بیان فرمائے گئے ہیں بلکہ نشر واشاعت کا پورا نظام اس آیت میں سمیٹ دیا گیا ہے۔ مسلمانوں کو اگر خدانخواستہ شکست ہو جائے تو منافقین کی طرف سے خوف اور پریشانی کی خبریں اتنی پھیلائی جاتی ہیں کہ باقی ماندہ جماعت کے اوسان بھی خطا ہو جاتے ہیں، چنانچہ مسلمانوں کو سمجھایا گیا کہ وہ ان حالات میں خبروں اور افواہوں پر قابو پائیں اور افواہوں کو پھیلنے سے روکیں۔ اس طرح سے منافقین اور بزدل مسلمانوں کی جہاد کے خلاف ذہن سازی کافی حد تک کمزور پڑ جائے گی۔ اسی طرح اس میں یہ نصیحت بھی آ گئی کہ جماعت کو جھوٹ اور جھوٹی خبروں سے بچایا جائے۔ اور یہ بھی سمجھایا گیا کہ قومی اور جماعتی رازوں کی حفاظت کی جائے۔ اور جماعت میں اہل تحقیق کا ایک شعبہ قائم کیا جائے جو اس بات کا فیصلہ کرے کہ کونسی خبر عام ہونی چاہیے اور کونسی نہیں۔ اور ان باتوں کو عام کرے جو مسلمانوں کے لئے مفید ہوں۔ اور ان باتوں کو روکے یا ان کی تردید کرے جن سے جماعت یا جہاد کو نقصان پہنچ سکتا ہو۔

اور آیت کے آخر میں سمجھایا گیا کہ مسلمانوں کو مسلسل ہدایت اور راہنمائی کی ضرورت ہے۔ اگر قرآن پاک اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات مبارکہ سے مسلسل ہدایت اور راہنمائی نہ ملی تو اکثر لوگ راستے سے ہٹ جائیں گے اور گمراہ ہو جائیں گے چنانچہ حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں "یہ جو فرمایا گیا کہ اگر اللہ تعالیٰ کا فضل تم پر نہ ہوتا تو شیطان کے پیچھے چلتے مگر تھوڑے (سے لوگ) یعنی ہر وقت احکام تربیت کے نہ پہنچتے رہیں تو کم لوگ ہدایت پر قائم رہیں۔ (موضح القرآن)

بے شک ہر انسان عموماً اور مجاہدین خصوصاً مسلسل راہنمائی، ہدایت، تربیت اور یاد دہانی کے محتاج ہوتے ہیں۔ اس کا اگر اہتمام رہے تو دل ٹھیک رہتے ہیں ورنہ شیطان اپنا کام کر گزرتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ یہ آیت مبارکہ مسلمانوں کی اجتماعیت اور جہادی کامیابی کے لئے اہم نسخہ ہے۔ اللہ پاک ہم سب مسلمانوں کو اس پر عمل کی توفیق عطاء فرمائے۔ (آمین) (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

حضرت لاہوری رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

”اس سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا ایک درجہ ختم ہوگیا ہے یعنی اگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موت کے منہ میں جانے کا حکم دیں تو فوراً چلے جانا چاہئے اب یہ ذکر ہوگا کہ اولی الامر کون لوگ بن سکتے ہیں آیت کا مفہوم یہ ہے کہ سب سے پہلے اسے بات کی تہہ کو پہنچ جانے والے آدمیوں کے روبرو پیش کرنا چاہئے وہ اسے قابل اشاعت سمجھیں تو اشاعت کی جائے۔ بات کی تہہ کو پہنچ جانے والے لوگ اولی الامر یعنی صاحب حکم واختیار ہیں۔ یہ تعلیم مکمل ہو چکی اس لئے آئندہ آیت سے قتال کا حکم شروع ہوتا ہے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

یعنی دوبارہ قتال کا صریح حکم اگلی آیت میں آرہا ہے، اور چند آیات پہلے بھی یہ حکم صراحت کے ساتھ اور تاکید کے ساتھ بیان ہوا درمیان میں جہاد کے دیگر مضامین بیان ہوئے۔ (کمافی بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۸۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ

پس تو اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑ تو سوائے اپنی جان کے کسی کا ذمہ دار نہیں اور

الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ

مسلمانوں کو تاکید کر قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کی لڑائی بند کردے اور اللہ تعالیٰ

اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِیْلًا ﴿۸۴﴾

لڑائی میں بہت ہی سخت ہے اور سزا دینے میں بھی بہت سخت ہے

## خلاصہ

(جب جہاد کی ضرورت معلوم ہوگئی اور بالفرض کوئی اور ساتھ نہیں جاتا) تو آپ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی راہ میں کفار سے قتال کیجیے (اور اگر بالفرض کوئی آپ کے ساتھ نہ جائے تو کچھ فکر نہ کیجیے کیونکہ) عمل کے معاملہ میں آپ پر اپنے سوا کسی کی ذمہ داری نہیں ہے اور مسلمانوں کو بھی جہاد کی ترغیب دیں (پھر اگر کوئی ساتھ نہ دے تو آپ بری الذمہ ہیں نہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے باز پرس کی فکر کیجیے جس کی وجہ اوپر ذکر ہو چکی اور نہ تنہا رہ جانے کا غم کیجیے جس کی وجہ یہ ہے کہ) اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ کافروں کے زور جنگ کو روک دے گا اور ان کو مغلوب کردے گا (یہ کافر اگرچہ بہت طاقتور نظر آتے ہیں لیکن) اللہ تعالیٰ زور جنگ میں ان کافروں سے بہت زیادہ طاقتور ہے اور بہت سخت سزا دینے والا ہے۔ (مفہوم بیان القرآن)

## اقوال حوالے

### ① اے نبی آپ اکیلے جہاد میں تشریف لے جائیں

یعنی اگر کافروں کی لڑائی سے یہ منافق اور کچے مسلمان جن کا ذکر اوپر گذرا ڈرتے ہیں تو اے رسول تو تنہا اپنی ذات سے جہاد کرنے میں توقف مت کر اللہ تعالیٰ تیرا مددگار ہے اور مسلمانوں کو جہاد کی تاکید کردے جو ساتھ نہ دے اس کی پرواہ مت کر امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کی لڑائی کو روک دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

## فائدہ

"جب یہ آیت نازل ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ضرور جہاد کے لئے جاتا ہوں اگرچہ ایک بھی میرے ساتھ نہ ہو۔ اور کل ستر ہمراہیوں کے ساتھ بدر صغریٰ کو بغرض جہاد تشریف لے گئے جس کا وعدہ ابو سفیان سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

غزوہ احد کے بعد ہوا تھا، جس کا ذکر پہلی سورت میں گذر چکا ہے۔

حق تعالیٰ نے ابوسفیان اور کفار قریش کے دل میں رعب اور خوف ڈال دیا کوئی مقابلہ میں نہ آیا اور وعدے سے جھوٹے ہوئے اور حق سبحانہ نے اپنے ارشاد کے موافق کافروں کی لڑائی کو بند کر دیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمراہیوں سمیت خیر اور سلامتی کے ساتھ واپس تشریف لے آئے۔" (تفسیر عثمانی)

**❷ آیت کا جہادی ربط:**

بہت اوپر سے مضمون جہاد کا شروع ہوا تھا بیچ بیچ میں اس کی مناسبت سے اور مضامین آ گئے تھے آگے پھر عود ہے (یعنی لوٹنا ہے) خاص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب بنا کر اسی مضمون کی طرف ایک خاص عنوان سے۔ جس میں ان بیچ کے مضامین کے بڑے حصوں سے بھی کو نہ تعرض (یعنی ایک قسم کا تعلق) ہے چنانچہ لا تکلف سے مترشح (یعنی معلوم) ہوتا ہے کہ بعضوں نے (جہاد میں) سستی کی تھی جس کی وجہ منافقین میں بد اعتقادی تھی اور بعض مؤمنین میں خوف طبعی اور ضعف ہمت جو کہ اوپر بھی مذکور ہو چکے ہیں۔ (بیان القرآن) یہ عبارت امام رازی رحمہ اللہ کے اس کلام کے مطابق ہے۔ اعلم انه تعالیٰ لما امر بالجهاد ورغب فيه اشد الترغيب في الآيات المتقدمة وذكر في المنافقين قلة رغبتهم في الجهاد بل ذكر عنهم شدة سعيهم في تثبيط المسلمين عن الجهاد عاد في هذه الاية الى الامر بالجهاد فقال فقاتل في سبيل الله ۔ (التفسير الكبير)

**❸ کتب سابقہ کی پیشین گوئی کے مطابق:**

"پہلی آیت میں مذکور تھا کہ منافق بلا تحقیق خبریں اڑایا کرتے ہیں کہ فلاں قوم مسلمانوں پر چڑھ کر آتی ہے۔ انہوں نے ایسی تیاری کی ہے تمام عرب اب عنقریب مدینہ کو آ کر غارت کر دیں گے۔ ان خبروں سے اکثر عام مسلمانوں کے دلوں میں خلجان پیدا ہوتا تھا۔ اور ایک قسم کی کم ہمتی بھی جو عام طور پر انسان کو اپنی بے سروسامانی اور مخالفین کی طاقت اور تعداد دیکھ کر پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑو اور شر و فتنہ کے مٹانے کے لئے اللہ تعالیٰ کے توکل پر کر ہمت باندھو اور اگر کوئی آپ کا ساتھ نہ دے تو کچھ پروا نہیں کیونکہ آپ کسی کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے وعدے کے اعتماد پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تن تنہا روئے زمین کے مشرکوں اور بت پرستوں کی بت پرستی مٹانے کے لئے لڑنے پر آمادہ ہو گئے چنانچہ بدر صغریٰ میں ابوسفیان کے مقابلہ میں تن تنہا نکلے پیچھے دیکھا تو صرف ستر آدمی آ رہے تھے اور کتاب یسعیاہ میں چونکہ اس بات کی طرف اشارہ ہوا ہے اور زبور میں بھی۔ اور آپ کے سچے عزم کا اثر صحابہ کے دل میں بالخصوص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دل میں پیدا ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد عربوں کی تھوڑی سی جمعیت سے ہرقل شاہ روم کا مقابلہ کیا جو اس وقت یورپ اور ایشیاء کے اکثر ملکوں کا بادشاہ تھا پھر یہ فتوحات اگر اس وعدہ الٰہی کا نمونہ نہ تھا تو اور کیا بات تھی؟ اس کے ساتھ مسلمانوں کو بھی جہاد کی ترغیب دینے کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حکم دیا گیا کیونکہ یہ نیک کام ہے اس لئے کہ اس جہاد کا اصلی منشاء دنیا کو بدی سے پاک کرنا اور زمین پر آسمانی سلطنت قائم کرکے شر وفساد کو مٹانا ہے پھر اس سے بڑھ کر اور کونسا نیک کام ہوگا؟ (تفسیر حقانی)

**④ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق میں سب سے بہادر:**

امام رازی رحمہ اللہ اس آیت کے ذیل میں عجیب نکتہ لکھتے ہیں:

**دلت الاية علىٰ أنه صلى الله عليه وسلم كان اشجع الخلق واعرفهم بكيفية القتال لانه تعالىٰ ماكان يأمره بذلك الا وهوصلى الله عليه وسلم موصوف بهذه الصفات،ولقد اقتدىٰ به ابو بكر رضى الله عنه حيث حاول الخروج وحده الى قتال مانعى الزكوة ومن علم ان الامر كله بيدالله وانه لم يحصل امر من الامور الابقضاء الله سهل ذلك عليه۔**

اس آیت سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق میں سب سے زیادہ بہادر اور سب سے زیادہ جنگی مہارت رکھنے والے تھے اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم میں یہ صفات نہ ہوتیں تو اللہ تعالیٰ آپ کو یہ (اکیلے نکل کر لڑنے کا) حکم نہ دیتا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی کہ مانعین زکوۃ کے خلاف اکیلے نکل کر لڑنے کو تیار ہوگئے۔ بے شک جس کا یقین ہو کہ تمام معاملات اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں اور اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے بغیر کوئی کام نہیں ہوسکتا تو اس کے لئے ایسا کرنا آسان ہوجاتا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

**⑤ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داریاں:**

**وحرض المومنين** اور ایمان والوں کو جہاد پر ابھاریئے۔ امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

**والمعنىٰ ان الواجب على الرسول عليه الصلوٰة والسلام انما هوالجهاد وتحريض الناس فى الجهاد فان أتى بهذين الامرين فقد خرج عن عهدةالتكليف وليس عليه من كون غيره تاركا للجهاد شئ۔**

یعنی مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ تھا کہ آپ خود جہاد میں نکلیں اور لوگوں کو جہاد کی ترغیب دیں۔ پس جب آپ نے یہ دو کام کرلئے تو آپ کی ذمہ داری مکمل ہوئی۔ اب کسی کے جہاد چھوڑنے کی آپ پر کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ (التفسیر الکبیر)

**فائدہ**

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دو کام دیئے گئے۔ ① خود قتال فرمائیں۔ ② لوگوں کو قتال کی دعوت دیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں کام خوب خوب فرمائے اور آخر تک ان دونوں کاموں کو کرتے رہے یہاں تک کہ وفات مبارک کے وقت بھی اسلامی لشکر روانہ تھا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ورثاء علماء کرام کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان دونوں کاموں کو خود زندہ رکھیں اور ان میں خوب محنت کریں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

### فائدہ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا کہ آپ لوگوں کو جہاد پر ابھاریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت تک کے انسانوں کو جہاد کی دعوت دی۔ خوش نصیب لوگوں نے اس دعوت کو قبول کیا اور نفاق زدہ طبقے نے اس عظیم دعوت کو (نعوذ باللہ) ٹھکرا دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعوت اور ترغیب آج کے مسلمانوں کے لئے بھی ہے۔ پس ہر شخص اپنی ذات پر غور کرے اور خود سے پوچھے کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ترغیب پر کتنا عمل کیا ہے؟ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت جہاد کا کیا جواب دیا ہے؟ یاد رہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سب کے نبی اور مقتدا ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اپنے زمانے کے لوگوں کے لئے تشریف نہیں لائے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

### ❻ جہاد کی زوردار ترغیب:

"حرض تحریض کے معنی ہیں کسی شئے کی خوبیاں بکثرت بیان کر کر کے اس کی جانب شوق و رغبت دلانا گویا صحیح اور سچا پروپیگنڈا کرنا۔ التحريض الحث على الشى بكثرة التزيين وتسهيل الخطب فيه۔ (راغب) (تحریض کہتے ہیں کسی چیز پر خوب ابھارنا اس کی خوبیاں کثرت سے بتا کر اور سمجھانے کے انداز کو آسان بنا کر" (تفسیر ماجدی)

ان شاء اللہ لفظ تحریض کی مکمل تحقیق سورۃ الانفال میں آئے گی۔

### ❼ ہر مسلمان کا جذبہ کیا ہونا چاہئے:

امام ابوحیان رحمہ اللہ نے ابن عطیہ کے حوالے سے اس آیت میں یہ نکتہ لکھا ہے:

انت يا محمد وكل واحد من أمتك القول له فقاتل فى سبيل الله ولهذا ينبغي لكل مومن أن يستشعر ان يجاهد ولو وحده ومن ذلك قول النبي صلى الله عليه وسلم "لأقاتلنهم حتى تنفرد سالفتي" وقول ابى بكر وقت الردة ولو خالفتني يميني لجاهدتها بشمالي۔ (البحر المحيط)

آیت کا مطلب یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کے ہر فرد کو کہا جا رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرو۔ پس ہر مسلمان کو چاہئے کہ وہ اس بات کا شعور رکھے کہ اس نے جہاد کرنا ہے خواہ وہ اکیلا ہی کیوں نہ ہو۔ اسی کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے کہ میں ان مشرکین سے ضرور لڑوں گا اگرچہ میری گردن اڑ جائے (یا اکیلی رہ جائے)۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا فتنہ ارتداد کے وقت یہ فرمان کہ اگر میرا دایاں ہاتھ بھی میری اس بارے میں مخالفت کرے گا تو میں بائیں ہاتھ سے جہاد کروں گا۔ (البحر المحیط)

### ❽ تقریر قرطبی رحمہ اللہ:

امام قرطبی رحمہ اللہ اس آیت مبارکہ کے پہلے جملے فقاتل فى سبيل الله کی تفسیر میں لکھتے ہیں کان هذا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

المعنیٰ :لاتدع جهاد العدو والا ستنصار عليهم للمستضعفين من المومنين ولو وحدك لانه وعده بالنصر،قال الزجاج:امر الله تعالیٰ رسول الله صلی الله عليه وسلم بالجهاد وان قاتل وحده لانه قد ضمن له النصرة: قال ابن عطية:هذا ظاهر اللفظ الا انه لم يجئ في خبر قط أن القتال فرض عليه دون الامة مدة ما:فالمعنیٰ والله اعلم انه خطاب له في اللفظ وهو مثال مايقال لكل واحدٍ في خاصة نفسه اي انت يا محمد وكل واحد من امتك القول له: فقاتل في سبيل الله لاتكلف الانفسك ولهذا ينبغي لكل مومن ان يجاهد ولو وحده: ومن ذلك قول النبي صلی الله عليه وسلم "والله لأ قاتلنهم حتي تنفرد سالفتي" وقول ابي بكر وقت الردة ولو خالفتني يميني لجاهد تها بشمالي۔ (القرطبي)

گویا کہ آیت میں فرمایا گیا: آپ دشمنوں کے خلاف جہاد اوران کے مقابلے میں کمزور مسلمانوں کی مدد کرنا نہ چھوڑیں اگرچہ آپ اکیلے ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے نصرت کا وعدہ فرمایا ہے۔زجاج رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جہاد کا حکم دیا اگرچہ آپ کو اکیلا ہی لڑنا پڑے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپکی نصرت کی ضمانت دی ہے،ابن عطیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ معنیٰ تو ظاہری الفاظ کے ہیں مگر کہیں سے بھی یہ بات ثابت نہیں کہ کسی بھی زمانے میں جہاد باقی امت کو چھوڑ کر صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر فرض رہا ہو پس آیت کا معنیٰ (واللہ اعلم) یہ ہوگا کہ خطاب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے مگر یہ ایسا خطاب ہے جیسے امت کے ہر فرد کو الگ خصوصی خطاب ہو،مطلب یہ ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کے ہر فرد کے لئے (الگ) یہ حکم ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑو اور تم پر عمل کے اعتبار سے صرف اپنی ذمہ داری ہے۔اس لئے ہر مسلمان کو چاہئے کہ وہ جہاد کرے اگرچہ اکیلا ہی کیوں نہ ہو۔(القرطبی)

**۹ کافروں کی جنگ توڑنے کا وعدہ:**

آیت کے پہلے حصے میں جہاد اور دعوت جہاد کا حکم دیا گیا کہ آپ لڑنے کے لئے نکلیں اور ایمان والوں کو بھی اس کی دعوت دیں۔آیت کے دوسرے حصے میں وعدہ فرمایا گیا کہ جہاد اور دعوت جہاد کی برکت سے اللہ تعالیٰ کافروں کی جنگ کو روک دے گا،ان کے زور کو توڑ دے گا اور انہیں مغلوب فرما دے گا۔معلوم ہوا کہ جب کافر مسلمانوں کے خلاف جنگ پر تلے ہوئے ہوں تو ان کی جنگ اور ان کے زور کو روکنے کا یہ طریقہ نہیں کہ مسلمان دب جائیں اور کفار کے مطالبات کے سامنے گردن جھکا دیں۔بلکہ طریقہ یہ ہے کہ امت کی قیادت خود بھی لڑنے کے لئے نکل آئے اور قوم کو بھی دعوت دے۔تب کافروں کا جنگی زور ٹوٹ جائے گا اور وہ مغلوب ہو جائیں گے۔ملاحظہ فرمایئے تفسیر حقانی کی یہ عبارت:

عسی اللہ اللہ اپنے رسول سے وعدہ کرتا ہے کہ ہم عنقریب کفار کے شر کو روک دیں گے،آنحضرت کی ترغیب اور خدا کے وعدہ کے اثر نے یہ کیا کہ تخمیناً ایک صدی کے اندر ہی اندر میں دنیا پر کوئی ایسی بت پرست و کافر سلطنت باقی نہ رہی جو آسمانی سلطنت کا مقابلہ کر سکے۔ادھر جبل الطارق سے لیکر چین تک ادھر کوہ قاف اور آذر بائیجان سے لیکر افریقہ تک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بڑے بڑے ملک اس جھنڈے تلے آگئے جو مدینہ میں خدا نے قائم کیا تھا۔ (تفسیر حقانی)

صاحب تفسیر ماجدی لکھتے ہیں:

”قرآن مجید کی یہ پیش خبری مستقبل قریب وبعید دونوں میں پوری ہوکر رہی، مخالفین ومعاندین میں سے قریش کا زور تو اسی زمانہ میں ختم ہوکر رہا، رہیں دور دراز کی پُرقوت، پُرشوکت بادشاہتیں اور حکومتیں سو وہ رفتہ رفتہ مغلوب ہوتی گئیں۔ عسیٰ پہلے بھی حاشیہ گذر چکا ہے کہ اس کلمہ کا استعمال جب اللہ تعالیٰ کے کسی قول میں ہوتا ہے تو اس میں معنی محض امید یا توقع کے بجائے وعدہ اور یقین کے پیدا ہوجاتے ہیں۔

عسیٰ من اللہ واجب (ابن عباس رضی اللہ عنہما) اطماع. والا طماع من اللہ واجب (قرطبی) (تفسیر ماجدی)

**⑩ جہاد چھوڑنے پر اللہ تعالیٰ کا سخت عذاب:**

**واللہ اشد بأسا واشد تنکیلا** اور اللہ تعالیٰ سخت جنگ والا اور بڑا سزا دینے والا ہے۔ اس جملے کا ایک مفہوم تو وہ ہے جو خلاصہ تفسیر میں اختیار کیا گیا ہے جبکہ دوسرے مفہوم کی طرف صاحب تفسیر عثمانی کا یہ کلام اشارہ کرتا ہے۔

”یعنی اللہ تعالیٰ کی لڑائی اور اس کا عذاب کافروں کے ساتھ لڑنے سے بہت سخت ہے سو جو لوگ کافروں کے ساتھ لڑنے اور ان کو مارنے اور ان کے ہاتھ سے مارے جانے سے ڈرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے غصہ اور اس کے عذاب کا کیونکر تحمل کرسکتے ہیں۔“ (تفسیر عثمانی)

## خلاصۂ مضامین آیت

اس جامع آیت مبارکہ کی مختصر تفسیر تو سامنے آگئی اب ایک مختصر نظر اس کے اہم مضامین پر ڈال لی جائے۔

① **فقاتل فی سبیل اللہ** آیت کا آغاز اس جملے سے ہوا کہ اے نبی آپ اللہ کے راستے میں قتال کریں۔ معلوم ہوا کہ قتال ایک اسلامی اور قرآنی حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ خود اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں نکلنے کا حکم دیتا ہے۔ پس مسلمانوں کو قتال فی سبیل اللہ سے محبت کرنی چاہئے۔ اسکو ماننا چاہئے اور اسکو زندہ رکھنا چاہئے۔ اس جملے میں اللہ تعالیٰ کا خطاب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے۔ سوچنے اور سمجھنے کی بات یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد سے مستثنیٰ نہیں تھے تو اور کون اس اسلامی فریضے سے خود کو بلند سمجھ سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ قیمتی انسان کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ اس امت اور دنیا کو کس کی ضرورت تھی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ دینی کام اور کون کر رہا تھا یا کرسکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا تزکیہ نفس کس کا تھا؟ ان تمام کے باوجود آپ کو لڑائی کے لئے نکلنے کا حکم دیا گیا۔ حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ محبوب نبی ہیں۔ اور آپ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

صلی اللہ علیہ وسلم حکم سنتے ہی فوراً نکل کھڑے ہوئے۔ ایمان والوں کے لئے اس میں بہت بڑا سبق ہے۔

❷ لاتکلف الانفسک اے نبی آپ پر صرف آپ ہی کے عمل کی ذمہ داری ہے۔ اس کا مطلب تمام مفسرین نے یہی لکھا ہے کہ اگر کوئی اور آپ کے ساتھ نہیں نکلتا تو آپ فکر اور پرواہ نہ کیجئے بلکہ اکیلے نکل چلئے۔ اللہ اکبر۔ جہاد کی فرضیت اور جہاد کی اہمیت اس قدر زیادہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو اکیلے رہ جانے کی صورت میں بھی اس فریضہ کو زندہ رکھنے کا حکم دیا۔ حالانکہ سبھی جانتے ہیں کہ جہاد ایک اجتماعی عمل ہے۔ اور جنگ میں افرادی قوت کا ہونا ضروری ہے۔ مگر اس کے باوجود اکیلے نکلنے کا حکم۔ جہاد کی تاکید اور ضرورت سمجھانے کے لئے کافی ہے۔ اسلام کی بقاء اور مسلمانوں کے تحفظ کے لئے اللہ پاک نے اس فریضہ کو جاری فرمایا اور پھر اس آیت کے ذریعے اپنے پاک نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ہر امتی کے دل میں یہ جذبہ ڈال دیا کہ اگر وہ اکیلا بھی رہ جائے تب بھی وہ فریضہ جہاد کو زندہ رکھے۔ اور اپنی کمزوری اور دشمن کی طاقت کو دیکھ کر کفر کے سامنے سر نہ جھکائے۔ یہ ایسا جذبہ ہے جس نے اسلام اور مسلمانوں کے سر کو ہمیشہ بلند رکھا اور اسلامی حدود کی خوب حفاظت کی۔ اللہ پاک یہی جذبہ اور جوش اس زمانے میں ہم سب مسلمانوں کو انفرادی اور اجتماعی طور پر نصیب فرمائے۔ کہ اب اس میں کافی کمی محسوس ہو رہی ہے۔ آیت مبارکہ تو یہ چاہتی ہے کہ ہم میں سے ہر مسلمان فریضہ جہاد کو زندہ رکھنا خود اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھے نہ کہ دوسرے افراد کا کام۔

❸ وحرض المومنین: اور آپ ایمان والوں کو جہاد پر ابھاریئے۔ اس مختصر سے جملے میں ''دعوت الی الجہاد'' کا پورا انتظام آ گیا کہ مسلمانوں میں پوری قوت کے ساتھ ''دعوت جہاد'' کو جاری کیا جائے۔ دراصل انسان کمزور ہے، خواہشات کا بھرا ہوا یہ پتلا دنیا میں زندہ رہنے کا شوقین ہے۔ اگرچہ اس کی زندگی تکالیف و مشقت سے بھری ہوئی ہی کیوں نہ ہو۔ بلکہ اگر کسی آدمی کی دونوں ٹانگیں، دونوں بازو اور دونوں آنکھیں نہ ہوں، تب بھی وہ اس بے کار اور فانی دنیا میں زندہ رہنے کا شوقین ہوتا ہے۔ انسان کے جسم اور روح میں ایسی یاری ہے کہ یہ دونوں ایک دوسرے کی جدائی سے گھبراتے ہیں۔ اب اگر صورتحال یہی رہے تو دنیا میں اسلام مغلوب ہو جائے۔ اس لئے کہ دنیا بھر کے کافر اسلام اور مسلمان کو اپنے لئے خطرہ سمجھتے ہیں۔ اور وہ شیطان کے حکم پر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف برسر پیکار رہتے ہیں۔ اب اگر مسلمان اس فانی دنیا میں زندہ رہنے کے شوق میں مبتلا ہوں گے تو وہ بے کار اور کمزور ہو جائیں گے اور انہیں اس دنیا کی فانی ترقی اور ظاہری امن کی خاطر کافروں کے سامنے جھکنا پڑے گا۔ چنانچہ حکم دیا گیا کہ مسلمانوں کے دلوں سے حب دنیا کی کمزوری نکالنے کے لئے انہیں بھرپور طریقے سے قتال فی سبیل اللہ کی دعوت دی جائے۔ انہیں موت کے آئینے میں آخرت کی اصل زندگی کا حسین چہرہ دکھایا جائے۔ انہیں فراق میں ملنے والے وصال کی لذت یاد دلائی جائے۔ اور انہیں محبوب کے در پر ذبح ہونے کے دلکش مزے سے آشنا کیا جائے۔ قرآن پاک نے دعوت جہاد کے لئے تحریض کا لفظ استعمال فرمایا تاکہ یہ دعوت بہت طاقتور، بہت مضبوط، بہت موثر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور مسلسل ہو۔ پس مسلمانوں کو زندہ رکھنے کے لئے ان کے اندر اس موثر اور مسلسل دعوت کا زندہ رکھنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا حکم دیا۔ ظاہر بات ہے یہ کام مسلمانوں کے لئے بہت ضروری تھا اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا حکم دیا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حکم کو اس طرح سے پورا کیا کہ اس کا حق ادا فرمادیا۔ چنانچہ آپ کی دعوت جہاد میں ایسی تاثیر تھی کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دل جذبہ جہاد اور شوق شہادت سے چھلکنے لگے۔ نئی نویلی دلہن کو چھوڑ دینا، ماں باپ کی محبت کو چھوڑ دینا، حتی کہ مدینہ منورہ اور سب سے بڑھ کر خود حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر جہاد میں نکلنا ان کے لئے آسان ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ کے نبی نے انہیں جہاد کی دعوت دی تو وہ ایسے نکلے کہ پھر لوٹ کر آنے کا خیال ان کے دلوں میں باقی نہیں رہا اور وہ نکلتے چلے گئے، نکلتے چلے گئے اور ان کے اس جہاد کے ساتھ دین اسلام بھی پورے عالم میں پھیل گیا۔ جہاد کی تحریض کا یہ حکم آج بھی قرآن پاک کی آیت ہے۔ امت مسلمہ کے علماء، اولیاء اور خواص کے ذمہ لازم ہے کہ وہ مسلمانوں کو قتال فی سبیل اللہ کی مضبوط، موثر اور مسلسل دعوت دیں۔

❹ عسى الله ان يكف بأس الذين كفروا اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ کافروں کے زور جنگ کو توڑ دے گا۔ مطلب بالکل واضح ہے کہ جب امت مسلمہ کی قیادت خود جہاد پر نکلے گی، اور امت کو بھی دعوت دے کر ساتھ لے جائے گی تو ان سب پر اللہ تعالیٰ کی نصرت نازل ہوگی۔ اور اللہ تعالیٰ دشمنوں کے دلوں میں رعب ڈال دے گا اور انہیں مغلوب فرمادے گا۔ قتال اور دعوت قتال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا یہ پکا وعدہ ہر زمانے میں پورا ہوا اور ہر زمانے میں پورا ہوتا رہے گا۔ قرآن پاک کے یہ مبارک الفاظ "اسلامی دانشوری" کی بنیاد ہیں۔ کافروں کے جنگی خطرات کا مقابلہ کیسے کیا جائے۔ اس پورے مسئلے کو سات الفاظ کے اس مختصر سے جملے میں سمجھا دیا گیا ہے۔ اور سینکڑوں سال کا ماضی اس کی صداقت پر گواہ ہے۔ پس تمام مسلمانوں کو سمجھ لینا چاہئے کہ کافروں کی طاقت توڑنے کا طریقہ نہ تو ان کے سامنے جھکنا ہے اور نہ ان کی تعلیم و تہذیب کو اپنانا۔ بلکہ یہ تو صرف ان سے اپنی جان بچانے کے رسوا کن طریقے ہیں اور جان تو ایسی چیز ہے نہیں جس کو بچایا جاسکے۔ ہر جان نے اپنے جسم کا ساتھ ایک مقرر وقت پر چھوڑ دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ قرآن پاک کی اس آیت میں چمک رہا ہے اور اپنی طرف بلا رہا ہے۔ امت کے خواص خود قتال میں نکلیں اور عوام کو دعوت دے کر ساتھ رکھیں۔ اللہ تعالیٰ دشمنوں کی تمام ایٹمی، کیمیاوی، فضائی، افرادی جنگی قوت کو توڑ دے گا۔ یہ حقیقت ہے اس میں کچھ شبہ نہیں۔

❺ والله اشد بأسا واشد تنكيلا اور اللہ تعالیٰ بہت سخت ہے لڑائی میں اور بہت سخت ہے سزا دینے میں۔ یہ اس جامع آیت کا آخری سبق ہے جو پچھلے تمام اسباق کو دل میں اتار دیتا ہے۔ انسان چونکہ کمزور ہے اس لئے وہ قتال سے گھبراتا ہے۔ خصوصاً جب یہ کہا جائے کہ اگر اکیلے ہو تب بھی لڑنے کے لئے نکلو۔ اسی طرح جہاد کی دعوت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دینا بھی آسان نہیں ہے، حقیقی جہاد فی سبیل اللہ کی دعوت دینے والوں پر ہر طرف سے مشکلات اور پابندیوں کا حملہ ہوتا ہے۔ تیسرے جملے میں جو وعدہ کیا گیا کہ اللہ پاک کافروں کے جنگی زور کو توڑ دے گا تو ظاہر کے اعتبار سے وہ بھی مشکل نظر آتا ہے۔ کیونکہ کافروں کی طاقت اور ان کا جنگی زور بعض اوقات اتنا بڑھ جاتا ہے کہ کمزور دل انسان یہ سمجھنے لگ جاتے ہیں کہ اب قیامت تک ان کی طاقت کا مقابلہ مشکل ہے۔

ان تمام باتوں کو سمجھانے کے لئے آیت کے آخری حصے میں اللہ تعالیٰ نے اپنی قوت، طاقت اور سزا کو بیان فرمایا۔ بس تمام مسئلے ہی حل ہو گئے۔ مسلمان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی عظمت بھر گئی تو اب اسکے سامنے دنیا کی کوئی طاقت طاقت نہیں ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ اس نے تو بس جہاد میں نکلنا ہے باقی لڑائی تو اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے۔ پھر اسے معلوم ہے کہ شہید ہو کر وہ اس رب قوی اور غالب کا مقرب بن جائے گا اور یہ کہ دنیا کی طاقتیں اللہ تعالیٰ کی طاقت کے سامنے کیا حیثیت رکھتی ہیں؟ آج دنیا بھر کے کافروں کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنی طاقت اور قوت کا اتنا چرچا کرتے ہیں کہ لوگ ڈر کے مارے ان کے سامنے جھکے رہتے ہیں۔ ان حالات میں قرآن پاک کی یہ نورانی صدا آتی ہے۔ واللہ اشد بأسا واشد تنکیلا اور مسلمان کے دل سے دنیا کی ہر طاقت کا رعب نکل جاتا ہے۔ اور اسے بس یہی فکر لگ جاتی ہے کہ مجھے دنیا کے کافروں اور یہاں کی موت سے نہیں بچنا بلکہ مجھے اللہ تعالیٰ کے عذاب، اس کی سزا اور اس کی ناراضی سے بچنے کی محنت کرنی ہے۔ اور اس کا بہترین ذریعہ جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دعاء

یا اللہ...... یا ربنا...... یا ربنا...... یا ربنا...... یا ربنا...... یا ربنا......

امت مسلمہ میں اپنی رضاء کے مطابق قتال فی سبیل اللہ اور دعوت قتال فی سبیل اللہ کو زندہ فرما اور دشمنان اسلام کے زور جنگ کو ختم فرما۔ آمین یا قوی یا متین۔

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۸۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ

جو کوئی اچھی بات میں سفارش کرے اسے بھی اس میں سے ایک حصہ ملے گا اور جو کوئی

يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

بری بات میں سفارش کرے اس میں سے ایک بوجھ اس پر بھی ہے اور اللہ تعالیٰ

كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿۸۵﴾

ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

## خلاصہ

جو کوئی کسی سے اچھے کام کی سفارش کرتا ہے تو اس میں سے اسکو بھی ایک حصہ ملتا ہے اور جو کوئی برے کام کی سفارش کرتا ہے تو اس پر بھی اس کے وبال کا ایک حصہ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ تو ہر چیز پر نگاہ رکھنے والا ہے۔

## اقوال حوالے

### ❶ جہاد کی دعوت:

غزاۃ (یعنی مجاہدین) کی تعداد بڑھانے میں جو شخص اچھی یا بری سفارش کرے گا، ویسا ہی بدلہ پائے گا۔

(حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### ❷ دعوت جہاد کا اجر:

یعنی اگر کوئی نیک کام ہی میں سعی، و سفارش کرے جیسا کہ نبی علیہ السلام کا مسلمانوں کو جہاد کی تاکید فرمانا یا کوئی بری بات میں ساعی ہو جیسا منافق اور سست مسلمانوں کا جہاد سے ڈر کر دوسروں کو بھی ڈرانا تو اول صورت میں ثواب کا اور دوسری صورت میں گناہ کا حصہ ملے گا، ایسے ہی اگر کوئی محتاج کی سفارش کرے دولتمند سے کچھ دلوا دے تو یہ بھی خیرات کے ثواب میں شریک ہوگا اور جو کوئی کافر و مفسد یا سارق (چور) کو سفارش کر کے چھڑا دے پھر وہ فساد اور چوری کرے تو یہ بھی شریک ہوگا فساد اور چوری میں۔ (تفسیر عثمانی)

### ❸ جہادی ربط اور مسائل:

امام رازی رحمہ اللہ نے اس آیت کے پچھلی آیات کے ساتھ ربط میں کئی وجوہات لکھی ہیں اور ان کے ضمن میں دعوت الی الجہاد کے کئی فضائل بھی بیان فرمائے ہیں۔ امام رازی رحمہ اللہ کی تقریر کا خلاصہ ملاحظہ فرمائیں:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❶ پچھلی آیت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا تھا کہ آپ امت کو جہاد کی تاکیدی دعوت دیں، جہاد چونکہ نیکی والا عمل اور شرف والی عبادت ہے تو اس آیت میں بتا دیا گیا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب امت کو جہاد کی دعوت دیتے ہیں تو وہ اس دعوت کے بدلے اجر عظیم کے مستحق بن جاتے ہیں۔

انه علیه الصلوٰة والسلام لماحرضهم علی الجهاد فقد استحق بذلك التحریض اجراً عظیماً

❷ گویا یوں کہا گیا کہ آپ جہاد کی دعوت دیں، اگر وہ قبول نہیں کریں گے تو آپ پر کچھ وبال نہیں اور اگر وہ قبول کرلیں گے تو ان کے عمل سے آپ کو بھی بہت بڑا ثواب ملے گا۔ معلوم ہوا کہ دعوت جہاد میں فائدہ ہی فائدہ ہے کوئی مانے یا نہ مانے تو اس آیت کا مقصد ہوگا کہ دعوت جہاد میں خوب محنت کی جائے۔

فکان هذا ترغیباً من الله لرسوله في ان یجتهد فی تحریض الامة علی الجهاد۔ یعنی یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ترغیب ہوگی اپنے رسول کو کہ وہ امت کو جہاد کی دعوت دینے میں خوب محنت کریں۔

❸ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق لوگوں کو جہاد کی طرف بلاتے تو بعض منافقین کچھ لوگوں کے لئے سفارش کرنے آجاتے کہ انہیں گھر رہنے دیا جائے تو اس آیت میں بری سفارش سے روکا گیا۔

❹ بعض مسلمان جو دعوت جہاد سن کر جہاد کے لئے تیار ہو جاتے تھے ان کے پاس اسباب کی کمی ہوتی تھی تو دوسرے بعض مسلمان ان کے لئے مالدار مسلمانوں کے پاس جا کر سفارش کرتے کہ وہ انہیں اسباب جہاد فراہم کریں۔ تو ان کی فضیلت کا بیان ہے کہ انہوں نے اچھے کام کی سفارش کی۔ (الغرض ان چاروں وجوہات سے دعوت الی الجہاد کے بے شمار فضائل معلوم ہوتے ہیں) (التفسیر الکبیر)

## شفاعت کا ایک عجیب معنیٰ

شفاعت کا لفظ شفع سے ہے جس کے معنیٰ دو (۲) ہو جانا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اس آیت میں شفاعت حسنہ اچھی شفاعت سے مراد یہ ہے کہ ہر مسلمان اپنے ایمان کے ساتھ جہاد فی سبیل اللہ کو بھی جوڑے۔ یعنی صرف مومن نہ رہے بلکہ جنگ میں نکل کر مجاہد بھی بنے۔

اور شفاعت سیئہ بری شفاعت یہ ہے کہ اپنے نفاق کو کافروں کی محبت کے ساتھ جوڑے۔ یعنی پہلے سے منافق ہے اب اس کے ساتھ دوسری مصیبت یہ بھی جوڑ دی کہ کافروں سے محبت بھی رکھتا ہے۔

نقل الواحدی عن ابن عباس رضی الله عنهما مامعناه ان الشفاعة الحسنة ههنا هی ان یشفع ایمانه بالله بقتال الکفار، والشفاعة السیئة ان یشفع کفره بالمحبة للکفار وترك ایذائهم۔ (التفسیر الکبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

معلوم ہوا کہ قتال فی سبیل اللہ سے ایمان کی تکمیل ہوتی ہے جیسا کہ بعض روایات سے صراحۃً ثابت ہے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

اس آیت کے بعد والی آیت (۸۶) کا جہادی ربط اور مضمون حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے بیان القرآن میں بیان فرمایا ہے وہاں ملاحظہ کرلیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۸۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ۭ

پھر تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ منافقوں کے معاملہ میں دو گروہ ہو رہے ہو اور اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال کے سبب سے انہیں الٹ دیا ہے

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

کیا تم چاہتے ہو کہ جسے اللہ تعالیٰ نے گمراہ کیا ہو اسے راہ پر لاؤ اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کرے

فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾

تو اس کیلئے ہرگز کوئی راہ نہیں پائے گا

### خلاصہ

مسلمانوں کو نہیں چاہئے کہ وہ منافقین کی وجہ سے آپس میں بٹ جائیں اور اختلاف کرنے لگیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ان کے برے اعمال کی وجہ سے الٹا کفر کی طرف پھیر دیا ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کردے اسے کون ہدایت دے سکتا ہے۔

### اقوال و حوالے

**۱ کفر اور نفاق خلط:**

سورۃ نساء کی آیت (۸۸) تا آیت (۹۱) ان کافروں سے جہاد و قتال کے احکامات ہیں، جو کبھی کھلے کافر نظر آتے ہیں اور کبھی منافق۔ گویا ان کا کفر و نفاق گڈمڈ اور خلط ہو چکا ہے۔ ان آیات میں ان تمام کے احکامات بیان کر دیئے گئے کہ ان میں سے کن سے جنگ کرنی ہے اور کن سے جنگ نہیں کرنی۔ البتہ ان احکامات سے پہلے مسلمانوں کو تاکیدی نصیحت کی گئی کہ وہ منافقین کے معاملے میں اپنی جماعت میں تفرقہ اور تقسیم پیدا نہ ہونے دیں بلکہ سب اپنا موقف اور نظریہ ایک رکھیں۔ کافر اور منافقین تو چاہتے ہی یہی ہیں کہ وہ تمہیں آپس میں لڑا دیں، اس لئے وہ تم میں سے بعض کی ہمدردی حاصل کرتے ہیں۔ الغرض تم آپس میں مکمل اتفاق قائم رکھو۔ حضرت حقانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

”مدینہ میں چند لوگ ابتدائے اسلام میں ایسے بھی تھے کہ ظاہر میں تو مسلمان ہو گئے تھے مگر در پردہ حب جاہ وغیرہ اسباب دنیا کے سبب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مہاجرین سے سخت عداوت رکھتے تھے مسلمانوں پر لگتی چپیاں بھی کیا کرتے تھے بد منافقوں کو بھی اسرار (یعنی رازوں) پر مطلع کرتے اور لڑنے کو ابھارتے تھے مسلمان چاہتے تھے کہ ان منافقوں کو نکال دیا جائے مگر بعض رحمدل انصار اپنی قرابتوں کے سبب درگذر کی طرف مائل تھے اس لئے ان کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بارے میں مسلمانوں کے دو گروہ ہو گئے تھے۔" (تفسیر حقانی)

دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں:

"جنگ احد میں جب کہ عبداللہ بن ابی اپنے گروہ کو عین مقابلہ کے وقت لیکر بھاگ آیا اور مسلمانوں کو ہزیمت ہوئی تو مدینہ میں مسلمانوں کے دو فریق ہو گئے تھے ایک کہتا تھا ان کو قتل کرنا چاہئے دوسرا کہتا تھا کہ خدا ان کی اصلاح کر دے گا قتل میں بدنامی ہے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی" (تفسیر حقانی)

❸ **تین روایات:**

ان چار آیات میں کفار و منافقین کے جن تین طبقوں کا ذکر ہے۔ ان کے حالات اور احکامات سمجھنے کے لئے ان تین روایات کو ملاحظہ فرمائیں۔ (از بیان القرآن)

❶ عبد بن حمید نے مجاہد سے روایت کیا کہ بعض مشرکین مکہ سے مدینہ آئے اور ظاہر کیا کہ ہم مسلمان اور مہاجر ہو کر آئے ہیں پھر مرتد ہو گئے اور حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے اسباب تجارت لانے کا بہانہ کر کے پھر مکہ چل دیئے اور پھر نہ آئے ان کے بارے میں مسلمانوں کی رائے مختلف ہوئی بعض نے کہا یہ کافر ہیں بعض نے کہا یہ مؤمن ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کا کافر ہونا آیت فما لکم فی المنافقین میں بیان فرما دیا اور ان کے قتل کا حکم دیا۔ احقر (مصنف بیان القرآن) کہتا ہے ان کا منافق کہنا بایں معنیٰ ہے کہ جب اسلام کا دعویٰ کیا تھا جب منافق تھے دل سے ایمان نہ لائے تھے اور منافقین کو قتل نہ کئے جاتے تھے لیکن جب ہی تک کہ اپنا کفر چھپاتے تھے اور ان لوگوں کا ارتداد ظاہر ہو گیا تھا۔

❷ ابن ابی شیبہ نے حسن سے روایت کیا ہے کہ سراقہ بن مالک مدلجی نے بعد واقعہ بدر و احد کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آ کر درخواست کی کہ ہماری قوم بنی مدلج سے صلح کر لیجئے، آپ نے حضرت خالد کو تکمیل صلح کے لئے وہاں بھیج دیا۔ مضمون صلح یہ تھا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابل کی مدد نہ کریں گے۔ اور قریش مسلمان ہو جاویں گے تو ہم مسلمان ہو جاویں گے اور جو قومیں ہم سے متحد ہونگی وہ بھی اس معاہدے میں ہمارے شریک ہیں اس پر یہ آیت ودوا الی قولہ الا الذین یصلون نازل ہوئی۔

❸ کلبی نے بطریق ابی صالح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ آیت ستجدون آخرین ...... الخ میں جن کا ذکر ہے مراد ان سے اسد اور غطفان (کے قبیلے) ہیں، کہ مدینہ میں آتے اور ظاہراً اسلام کا دعویٰ کرتے اور اپنی قوم سے کہتے کہ ہم تو بندر اور عقرب (بچھو) پر ایمان لائے ہیں اور مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ ہم تمہارے دین پر ہیں۔ (تفسیر بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

### ۳ دو فریق مت بنو:

”ان منافقوں میں وہ لوگ داخل ہیں جو ظاہر میں بھی ایمان نہ لائے تھے بلکہ ظاہر و باطن کفر پر قائم تھے لیکن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے ساتھ ظاہری میل جول اور (ظاہری) محبت کا معاملہ رکھتے تھے اور غرض ان کی یہ تھی کہ مسلمانوں کی فوج ہماری قوم پر چڑھائی کرے تو ہمارے جان و مال اس حیلہ سے محفوظ رہیں، جب مسلمانوں کو معلوم ہو گیا کہ ان کا آنا جانا اس غرض سے ہے دل کی محبت سے نہیں تو بعض مسلمانوں نے کہا کہ ان شریروں سے ملنا ترک کر دینا چاہیے تاکہ ہم سے جدا ہو جائیں، اور بعضوں نے کہا ان سے ملا جائے شاید ایمان لے آئیں، اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ ہدایت و گمراہی اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے تم اس کی ہرگز فکر مت کرو اور ان لوگوں سے بالاتفاق وہ معاملہ کرنا چاہیے جو آئندہ (آیات میں) مذکور ہے دو فریق مت بنو۔“ (تفسیر عثمانی)

### ۴ دو چہروں والے کافر:

”اس آیت میں منافقین سے مراد کفار ذو وجہین ہیں، کیونکہ دوسری آیت میں آ رہا ہے فخذوھم واقتلوھم ...... الآیۃ اور قتل کبھی مسلمان کہلانے والے منافقوں سے نہیں ہوا لہٰذا حکم ہوا کہ تمہیں ذو وجہین کفار کے متعلق اختلاف رائے نہیں کرنا چاہیے۔“ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### فائدہ

آپ نے کئی روایات اور عبارتیں ملاحظہ فرمالیں۔ ان تمام سے معلوم ہوا کہ منافقین اور کفار کی کئی قسمیں وجود میں آ چکی تھیں۔ گویا کہ شیطان نے ایک کھچڑی پکا دی تھی تاکہ کمزور لوگ یہی کہتے پھریں کہ ہم کدھر جائیں۔ دوسری طرف بہت سے لوگ تذبذب کا شکار تھے جبکہ بعض عیار دشمن بھیس بدل کر وار کرنے کی فکر میں تھے۔ قرآن پاک کی ان چار آیات میں چند بنیادی اصول مسلمانوں کو سمجھا دیئے گئے اب ان اصولوں کو سامنے رکھ کر اس طرح کے کفار و منافقین کے لئے متفقہ فیصلہ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ ایک آیت کا بیان تو ہو چکا اگلی تین آیات بھی پڑھ لیجئے۔ آخر میں ان شاء اللہ پوری بحث کا مختصر خلاصہ آ جائے گا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سورۃ النساء مدنیۃ — آیت ۸۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا

وہ تو چاہتے ہیں کہ جیسے وہ کافر ہوئے ہیں تم بھی کافر ہو جاؤ پھر تم سب برابر ہو جاؤ لہٰذا ان میں سے

مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ

کسی کو اپنا دوست نہ بناؤ جب تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کر کے نہ آجائیں پھر اگر وہ اس بات کو قبول نہ کریں

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝۸۹

تو جہاں پاؤ انہیں پکڑو اور قتل کرو اور ان میں سے کسی کو اپنا دوست اور مددگار نہ بناؤ

### خلاصہ

یعنی یہ منافق لوگ تو کفر پر ایسے جمے ہوئے ہیں کہ خود اسلام کیا قبول کریں گے وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ تم بھی ان کی طرح کافر ہو کر ان کے برابر ہو جاؤ پس اب تم کو چاہئے کہ وہ جب تک ایمان قبول کر کے اپنا وطن چھوڑ کر تمہارے پاس نہ چلے آئیں اس وقت تک ان کو دوست نہ بناؤ اپنے کسی کام میں ان کو دخل نہ دو اور نہ ان کی حمایت اور مدد کرو اور اگر وہ لوگ ایمان اور ہجرت کو قبول نہ کریں تو ان کو قید کرو اور قتل کرو جہاں قابو پاؤ اور ان سے اجتناب کلی رکھو اور ان سے کوئی تعلق نہ رکھو۔ (مفہوم تفسیر عثمانی)

### یہ بھی دشمن ہیں

"مشرکین مکہ میں سے کچھ لوگوں نے مصلحتاً اسلام کا دم بھرنا شروع کر دیا تھا لیکن دل میں قطعاً مخالف تھے، جب جنگ چھڑی تو مسلمانوں میں دو رائے ہو گئیں، کچھ لوگ کہتے وہ ہم میں سے ہیں، کچھ کہتے وہ دشمنوں میں سے ہیں۔ یہاں قرآن نے واضح کیا ہے وہ قطعاً منافق ہیں، ان کی نسبت بحث و اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں اگر وہ مکہ سے ہجرت کر جائیں اور دشمنوں کے حلقہ میں نہ رہیں تو تم انہیں اپنا ساتھی سمجھ سکتے ہو، لیکن اگر اس سے انکار کریں تو پھر ظاہر ہے کہ جو کوئی دشمنوں کے ساتھ ہوگا وہ دشمنوں ہی میں سے سمجھا جائے گا اور جس طرح جنگ میں تمام دشمنوں سے لڑنا ہے ان سے بھی لڑنا ہے۔ یاد رہے اس سے پہلے جن منافقوں کا ذکر تھا وہ مدینہ میں مسلمانوں کے ساتھ ملے جلے رہتے تھے اور یہاں جن منافقوں کا ذکر ہے وہ مکہ کا ایک خاص گروہ تھا چونکہ یہ لوگ بھی دشمنوں میں سے تھے اور جنگ کی حالت قائم ہو گئی تھی اس لئے فرمایا کہ ان سے دوستی اور یگانگت کے تعلقات رکھنا جائز نہیں۔" (ترجمان القرآن)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاۗءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۹۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ

البتہ وہ منافق اس حکم سے مستثنیٰ ہیں جو کسی ایسی قوم سے جا ملیں جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہو یا

جَاۗءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُھُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا

وہ جو تمہارے پاس آتے ہیں اور لڑائی سے دل برداشتہ ہیں نہ تم سے لڑتے ہیں اور نہ اپنی

قَوْمَھُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَھُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ

قوم سے اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو انہیں تم پر مسلط کر دیتا پھر وہ تم سے لڑتے سو اگر

اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ

وہ تم سے یک سو رہیں اور تم سے نہ لڑیں اور تمہاری طرف صلح کا ہاتھ بڑھائیں تو اللہ تعالیٰ نے

لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۹۰

تمہیں ان پر کوئی راہ نہیں دی

### خلاصہ

ان کو (جن کا تذکرہ پچھلی آیت میں آیا ہے) قید اور قتل سے مت بچاؤ مگر کل دو طرح سے ایک تو یہ کہ جن لوگوں سے تمہاری صلح ہے ان سے ان کا بھی معاہدہ اور مصالحت ہو تو وہ بھی صلح میں داخل ہو گئے، دوسری طرح یہ کہ جو لوگ لڑائی سے عاجز ہو کر تم سے صلح کریں اور اس بات کا عہد کریں کہ نہ اپنی قوم کے طرفدار ہو کر تم سے لڑیں گے اور نہ تمہارے ساتھ ہو کر اپنی قوم سے لڑیں گے اور اس عہد پر قائم بھی رہیں تو ایسے لوگوں سے بھی مت لڑو اور ان کی مصالحت کو منظور کر لو اور اللہ تعالیٰ کا احسان سمجھو کہ وہ تمہاری لڑائی سے باز آئے اللہ چاہتا تو ان کو تم پر جری اور غالب تر کر دیتا۔ (تفسیر عثمانی)

### ایک شبہ کا ازالہ

صاحب ''ترجمان القرآن'' اس آیت کی تفسیر کے آخر میں لکھتے ہیں کیونکہ اصل امن و صلح ہے نہ کہ جنگ و قتال (ترجمان القرآن)۔ یہ جملہ اگرچہ کافی خوبصورت ہے مگر ملحدین نے اسی کو آڑ بنا کر جہاد کے خلاف وساوس کا انبار لگا دیا ہے۔ حق بات یہ ہے کہ نہ امن و صلح اصل ہے نہ جنگ و قتال بلکہ اصل اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ جہاں صلح کا حکم دے وہاں صلح اصل ہے اور جہاں جنگ و قتال کا حکم دے وہاں جنگ و قتال اصل ہے۔ قرآن پاک کی سینکڑوں آیات اس بات کی دلیل ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۹۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ

ایک اور قسم کے منافق تم دیکھو گے جو چاہتے ہیں تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی

كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا

جب بھی وہ فساد کی طرف لوٹائے جاتے ہیں تو اس میں کود پڑتے ہیں پھر اگر وہ تم سے یکسو نہ رہیں اور

اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ

تمہارے آگے صلح پیش نہ کریں اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو انہیں جہاں پاؤ پکڑو اور مار ڈالو

ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾

اور ان پر ہاتھ اٹھانے کیلئے ہم نے تمہیں کھلی حجت دے دی ہے

## خلاصہ

بعض لوگ ایسے بھی ہیں کہ تم سے عہد کر جاتے ہیں کہ نہ تم سے لڑیں گے نہ اپنی قوم سے، تاکہ تم سے اور اپنی قوم دونوں سے امن میں رہیں، لیکن اس عہد پر قائم نہیں رہتے بلکہ جب اپنی قوم کا غلبہ دیکھتے ہیں تو ان کے مددگار ہو جاتے ہیں۔ اگر یہ لوگ باز نہ آئیں اور تم سے اپنے ہاتھ نہ روکے رکھیں تو تم بھی انہیں پکڑو اور مارو کیونکہ تمہارے ہاتھ تو صریح حجت آگئی ہے کہ انہوں نے اپنا عہد خود توڑ ڈالا ہے۔ (عثمانی مع اضافہ)

## یہ کون تھے؟

امام قرطبی رحمہ اللہ نے کئی اقوال نقل فرمائے ہیں مثلاً:

1. تہامہ کے کچھ لوگ تھے جنہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان چاہی تھی
2. یہ مکہ کے کچھ لوگ تھے
3. نعیم بن مسعود مراد ہے
4. منافقین کا ایک گروہ تھا
5. قبیلہ اسد اور قبیلہ غطفان تھے کہ مدینہ آکر اسلام لائے پھر اپنے علاقوں میں جا کر اعلانیہ کافر ہو گئے۔

جلالین میں یہی قول اختیار کیا گیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## ان کو سیدھا کر دو

"یہ کافر اگر شرارت سے باز نہ آئیں تو ان کو تلوار کی نوک اور نیزے کی انی سے ٹھیک کر دو" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## چاروں آیات کا خلاصہ

پہلی اور دوسری آیت میں مرتدین کا حکم بیان ہوا کہ اگر قابل اعتبار توبہ نہ کریں تو **فخذوھم واقتلوھم** کہ پکڑو اور مارو تیسری آیت میں ان کفار کا بیان ہے جو مسلمانوں کے ساتھ امن و مصالحت سے رہنا چاہتے ہیں اور مسلمانوں کے لئے کسی طرح بھی خطرہ نہیں بنتے ان کا حکم یہ ہے کہ ان سے لڑنا جائز نہیں ہے چوتھی آیت میں ان دھوکے باز کفار و منافقین کا تذکرہ ہے جو اپنے بچاؤ کے لئے تم سے صلح کرتے ہیں مگر تمہارے خلاف موقع کی تاک میں رہتے ہیں یہ لوگ جب فتنے پر اتریں تو ان سے جنگ ہوگی۔ (ملخص از بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۹۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا

اے ایمان والو! جب اللہ تعالیٰ کی راہ میں سفر کرو تو تحقیق کرلیا کرو

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ

اور جو تم پہ سلام کہے اس کو مت کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے تم

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ۭ كَذٰلِكَ

دنیا کی زندگی کا سامان چاہتے ہو سو اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت غنیمتیں ہیں تم بھی تو

كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اس سے پہلے ایسے ہی تھے پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا لہٰذا تحقیق سے کام لیا کرو بیشک اللہ تعالیٰ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾

تمہارے کاموں سے باخبر ہے

## خلاصہ

اے ایمان والو! جب تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کے لئے سفر کیا کرو تو ہر کام کو قتل ہو یا کچھ اور خوب تحقیق کر کے کیا کرو اور جو تمہارے سامنے اپنا مسلمان ہونا ظاہر کر دے تو مت کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے بلکہ صرف جان بچانے کے لئے خود کو مسلمان ظاہر کر رہا ہے۔ کسی کے مال پر نظر نہ رکھو اللہ تعالیٰ کے پاس تمہارے لئے بہت غنیمت کے مال ہیں۔ تم اپنے ماضی کو اور اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کے احسان کو نہ بھولو۔ اور یاد رکھو اللہ تعالیٰ تمہارے تمام اعمال کی خبر رکھتا ہے۔

## مفہوم آیت

حضرات مفسرین نے اس آیت مبارکہ کی تفسیر میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس کا نچوڑ حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کی عبارت میں آگیا ہے۔ تفسیر عثمانی سے اس عبارت کی تسہیل ملاحظہ فرمایئے۔

''حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فوج کو ایک قوم پر جہاد کے لئے بھیجا اس قوم میں ایک شخص مسلمان تھا جو اپنا مال واسباب اور مویشی ان میں سے نکال کر علیحدہ کھڑا ہو گیا تھا اس نے مسلمانوں کو دیکھ کر السلام علیکم کہا مسلمانوں نے سمجھا کہ یہ بھی کافر ہے اپنی جان اور مال بچانے کی غرض سے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرتا ہے اس لئے اسکو مار ڈالا اور اس کے مویشی اور اسباب سب لے لیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور مسلمانوں کو تنبیہ اور تاکید فرمائی گئی کہ جب تم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جہاد کے لئے سفر کرو تو تحقیق سے کام لو بے سوچے سمجھے کام مت کرو جو تمہارے سامنے اسلام ظاہر کرے اس کے مسلمان ہونے کا ہرگز انکار مت کرو، اللہ تعالیٰ کے پاس بہت کچھ غنیمتیں ہیں، ایسے حقیر سامان پر نظر نہ کرنی چاہئے۔

کذلک کنتم من قبل تم ایسے ہی تھے اس سے پہلے یعنی اسلام سے پہلے دنیا کی غرض سے ناحق خون کیا کرتے تھے لیکن اب مسلمان ہو کر ہرگز ایسا نہ کرنا چاہئے بلکہ جس پر مسلمان ہونے کا احتمال بھی ہو تو اس کے قتل سے بچو یا یہ مطلب ہے کہ اس سے پہلے شروع زمانہ اسلام میں تم بھی کافروں کے شہر میں رہتے تھے تمہاری مستقل حکومت اور مستقل بود وباش نہ تھی تو جیسا اس حالت میں تمہارا اسلام معتبر سمجھا گیا اور تمہارے جان و مال کی حفاظت و رعایت کی گئی ایسا ہی اب تم کو بھی اسی طرح مسلمانوں کی رعایت و حفاظت لازم ہے بلا تحقیق ان کو قتل مت کرو احتیاط اور غور سے کام کرنا چاہئے۔ (تفسیر عثمانی)

## اندرونی عقائد جانچنے کی ضرورت نہیں

"اس آیت میں مسلمان اور کافر کے امتیاز کا قانون بتلایا جاتا ہے ورنہ قتل ناحق کی ایک یہ صورت بھی نکل آتی کہ صاحب ہم نے اسکو مسلمان نہیں سمجھا تھا اس لئے قتل کر دیا۔ لہٰذا حکم ہے کہ جو شخص تم پر اسلامی سلام کہہ دے وہ پورا مسلمان ہے اس کے اندرونی عقائد جانچنے کی تمہیں ضرورت نہیں"۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## فائدہ

اس آیت کریمہ میں مجاہدین کے لئے بہت اہم ہدایت ہے کہ وہ صرف قتل کرنے اور مارنے کو اپنا کام اور مشغلہ نہ بنالیں۔ تفسیر قرطبی میں بعض ایسے افراد کے واقعات لکھے ہیں جنہوں نے کسی شخص کے اسلام کا اقرار کرنے کے باوجود اسے قتل کر دیا تو جب خود مرے تو زمین نے انہیں قبول نہیں کیا جہاں دفنائے جاتے تھے زمین انہیں باہر پھینک دیتی تھی۔ اسلامی جہاد بہترین اخلاقی اصولوں سے بندھی ہوئی ایک جنگ ہے۔ اس لئے مجاہدین کو خوب تحقیق، تفتیش اور احتیاط سے اپنا اسلحہ استعمال کرنا چاہئے۔ اور بلا جواز خونریزی سے بہت زیادہ پرہیز کرنا چاہئے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

"اس زمانے میں چونکہ یہ مسئلہ وضاحت کے ساتھ نازل نہیں ہوا تھا اس لئے جن سے ابتدائی غلطی ہوئی انہیں صرف تنبیہ کی گئی اور توبہ کرائی گئی"۔ (مفہوم بیان القرآن و قرطبی)

## نکتہ

جہاد میں لڑائی اور جنگ بھی ہوتی ہے اور گھمسان کی جنگ میں ایسی غلطیوں کے ہو جانے کا امکان رہتا ہے، اب ممکن ہے کہ سخت وعید سن کر کچھ لوگ گھروں میں بیٹھ رہیں اور جہاد چھوڑ دیں تو اگلی آیت میں مجاہدین کی عظیم الشان فضیلت بتا کر پھر جہاد کی ترغیب اور تاکید کو تازہ فرما دیا۔ (واللہ اعلم بالصواب) ☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۹۵،۹۶

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَ

مسلمانوں میں سے جو لوگ کسی عذر کے بغیر گھر بیٹھے رہتے ہیں اور

الْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ ۚ فَضَّلَ اللَّهُ

وہ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان ومال سے جہاد کرتے ہیں دونوں برابر نہیں ہیں اللہ تعالیٰ نے

الْمُجَاهِدِينَ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِينَ دَرَجَةً ۚ

بیٹھنے والوں پر جان ومال سے جہاد کرنے والوں کا درجہ بڑھا دیا ہے

وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى

اگرچہ ہر ایک سے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے لڑنے والوں کو

الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٩٥﴾ دَرَجَاتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً ۚ

بیٹھنے والوں سے اجر عظیم میں زیادہ کیا ہے۔ ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑے درجے ہیں اور مغفرت اور رحمت ہے

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٩٦﴾

اور اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے

### خلاصہ

وہ مسلمان جو بغیر کسی عذر کے گھروں میں بیٹھے رہیں اور جہاد میں شریک نہ ہوں وہ اپنی جان اور مال سے جہاد کرنے والے مجاہدین کے برابر نہیں ہو سکتے۔ اللہ تعالیٰ نے جان ومال سے جہاد کرنے والوں کا درجہ گھر بیٹھ رہنے والوں سے بہت بڑھا دیا ہے۔ اگرچہ ہر ایک (ایمان والے نیکوکار) سے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا وعدہ کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے جہاد کرنے والوں کو بیٹھنے والوں پر اجر عظیم میں فضیلت دی ہے، ان مجاہدین کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑے درجے ہیں اور مغفرت اور رحمت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

### اقوال و حوالے

#### ❶ مجاہدین کی واضح فضیلت:

"(غلطی سے قتل کرنے پر جب تنبیہ نازل ہوئی تو) اس سے کسی قدر مسلمانوں کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا ہو کہ گھر بیٹھ کر عبادت وریاضت کرنا ہی بہتر ہے کیونکہ اس میں ایسی بات پیش نہیں آتی۔ مگر خدا تعالیٰ کو تو دنیا میں آسانی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سلطنت (کہ جس کی خبر انبیاء دیتے آئے ہیں) قائم کر کے دنیا کو بدی اور شرک سے پاک کرنا تھا اور یہ بات بغیر لشکر مجاہدین کے عالم اسباب میں ممکن نہ تھی اس لئے یہاں فرمادیا کہ بغیر ضرر یعنی مرض کے جو لوگ گھر میں بیٹھے رہتے ہیں وہ ان لوگوں کے برابر نہیں جو اپنے مال وجان سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں۔ اس سے نفی مساوات کی تو ہوئی مگر مجاہدین کی بھی فضیلت بیان ہوئی تھی اس لئے فضل اللہ المجاهدين ...... الخ فرمایا کہ جو بغیر عذر کے گھر بیٹھ رہے ہیں ان کا تو کیا ذکر ہے مگر جو عذر سے بھی بیٹھتے ہیں ان پر بھی خدا نے اپنی راہ میں مال اور جان سے جہاد کرنے والوں کو درجہ میں فضیلت دی ہے مگر چونکہ عذر والے بھی دل میں اس کی نیت رکھتے ہیں صرف ناچاری (یعنی مجبوری) سے شریک نہیں ہوسکتے اس لئے ان کے لئے بھی خدا نے بہتری یعنی جنت ومغفرت کا وعدہ کیا، چنانچہ ترمذی نے روایت کی ہے کہ جب لایستوی القاعدون ...... الخ نازل ہوئی تو حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ جو نابینا تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر رونے لگے کہ یا حضرت! مجھے کیا حکم ہے؟ تب غیر اولی الضرر نازل ہوا اور کلا وعد اللہ الحسنیٰ سے ان کو بھی بوجہ نیت کے شریک کیا گیا مگر چونکہ مجاہدین ایک بھاری کام میں مصروف ہیں اور جان ومال کو اللہ تعالیٰ پر قربان کر رہے ہیں اس لئے ان کو مخصوص کر کے فرمایا وفضل اللہ المجاهدين على القاعدين اجرا عظيما پھر اس اجر عظیم کی تفصیل فرماتا ہے درجت منه ومغفرة ورحمة کہ خدا نے ان کو جنت کے درجات اور مغفرت مخصوصہ (یعنی خاص مغفرت) میں کہ جو وہاں کی فرحت ابدی (یعنی ہمیشہ کی خوشی) ہے اور رحمت مخصوصہ (یعنی خاص رحمت) میں جو اس کے دیدار کی تجلی ہے خاص کر لیا ہے۔ مگر پھر اور ریاضت وعبادت والوں کی طرف بھی اشارہ کر کے وکان اللہ غفورا رحیما فرمادیا۔" (تفسیر حقانی)

### ❷ تین طبقے:

"خروج الی القتال کے اعتبار سے مسلمانوں کی چار قسمیں ہیں، تین قسمیں اس آیت میں مذکور ہیں قاعد، مجاهد، اولی الضرر۔ قاعد جو جنگ میں جانے کے لئے تیار ہیں لیکن روانگی کا حکم نہیں ملا۔ مجاهد جو میدان جنگ میں مال وجان قربان کر رہے ہیں اولی الضرر معذور جو جنگ میں جانے کے قابل ہی نہیں ہیں۔ ان مخلصین میں سے ہر ایک کو اللہ تعالیٰ کارکردگی کے لحاظ سے درجات مغفرت اور رحمت عطاء فرمائے گا۔" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### ❸ اللہ تعالیٰ غفور ورحیم ہے:

"اس سے پہلے مسلمانوں کو نادانستگی اور چوک (بھول) سے قتل کر دینے پر عتاب اور تنبیہ فرمائی تھی اس لئے یہ احتمال تھا کہ کوئی جہاد کرنے سے رک جائے کیونکہ مجاہدین کو ایسی صورت پیش آ ہی جاتی ہے اس لئے مجاہدین کی فضیلت بیان فرما کر جہاد کی رغبت دلائی گئی، خلاصہ آیت کا یہ ہے کہ لنگڑے، لولے، اندھے، بیمار معذور لوگوں کو تو جہاد کرنے کا حکم نہیں باقی سب مسلمانوں میں جہاد کرنے والوں کے بڑے درجے ہیں جو جہاد نہ کرنے والوں کے نہیں اگرچہ جنتی وہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بھی ہیں جو جہاد نہیں کرتے اس سے معلوم ہو گیا کہ جہاد فرض کفایہ ہے۔ فرض عین نہیں یعنی اگر مسلمانوں کی کافی مقدار اور ضرورت کے موافق جماعت جہاد کرتی رہے تو جہاد نہ کرنے والوں پر کوئی گناہ نہیں ورنہ سب گناہگار ہوں گے۔ یعنی حق تعالیٰ غفور و رحیم ہے جہاد کرنے والوں کے بارے میں اجر و مغفرت و رحمت کے جو وعدے فرمائے ہیں وہ ضرور پورے فرمائے گا یا یہ کہ مجاہد کے ہاتھ سے نادانستگی میں اگر مسلمان قتل ہو گیا تو حق تعالیٰ معاف فرما دے گا اس اندیشہ سے جہاد سے مت رکو۔" (تفسیر عثمانی)

## فائدہ

عربی مفسرین نے بھی کم و بیش یہی باتیں لکھی ہیں، امام قرطبی رحمہ اللہ نے اس مسئلے پر بحث کی ہے کہ جو شخص جہاد میں جانے کی پختہ نیت رکھتا ہے مگر کسی عذر نے اسے زبردستی روک لیا ہے تو یہ شخص اور میدان میں لڑنے والا مجاہد اجر میں برابر ہیں یا نہیں۔ دونوں طرح کے اقوال و دلائل کے بعد خود امام قرطبی رحمہ اللہ کا رجحان اجر میں برابری کی طرف ہے۔ حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے درجات منہ سے جہاد کے دوران جو اعمال کیے جاتے ہیں ان کی طرف اشارہ کیا ہے کہ بھوک، پیاس، چلنا، بڑھنا، حملہ کرنا اور بے شمار نیک اعمال (جن میں سے بعض کا تذکرہ سورۃ براۃ میں ہے) مجاہدین سے صادر ہوتے ہیں تو ان اعمال کے جو اونچے درجات ہیں وہ صرف عملی جہاد سے ہی مل سکتے ہیں۔ امام قرطبی رحمہ اللہ اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی تحقیق کو ملا دیا جائے تو مسئلہ اور آیت کا مفہوم بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ امام قرطبی رحمہ اللہ نے بخاری کے حوالے سے وہ حدیث بھی ذکر کی ہے جس میں مجاہدین کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنت کے سو اونچے درجے تیار کرنے کا تذکرہ ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

تفسیر عثمانی کی عبارت جو حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کے کلام کی تسہیل ہے میں فرمایا گیا کہ جہاد فرض کفایہ ہے۔ یعنی عام حالات میں جہاد فرض کفایہ ہے جبکہ چار صورتوں میں یہ فرض عین ہو جاتا ہے۔ خصوصاً کفار کے حملے اور قبضے کی صورت میں یہ سب پر فرض عین ہو جاتا ہے۔ اور جب تک جہاد فرض کفایہ رہتا ہے اس وقت تک بھی اتنا جہاد ضروری ہے جو امت کے لئے کافی ہو۔ اب جو حالات ہیں ان میں ان ضروری باتوں کی طرف غور نہیں کیا جا رہا، جس کی وجہ سے امت کا اکثر حصہ جہاد کے فریضہ اور نعمت سے محروم ہو رہا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ٩٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ قَالُوا

بے شک جو لوگ اپنے نفسوں پر ظلم کر رہے تھے ان کی روحیں جب فرشتوں نے قبض کیں تو ان سے پوچھا کہ

فِيمَ كُنتُمْ ۖ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ قَالُوا

تم کس حال میں تھے انہوں نے جواب دیا ہم اس ملک میں بے بس تھے فرشتوں نے کہا

أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ

کیا اللہ تعالیٰ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے سو ایسوں کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ﴿٩٧﴾

دوزخ ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے

### خلاصہ

وہ لوگ جنہوں نے ہجرت اور جہاد چھوڑ کر کافروں کا ساتھ دیا اور اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ جب فرشتوں نے ان کی روح قبض کی تو ان سے پوچھا کہ تم کس حال میں تھے (اور تم نے دینی فرائض کیوں چھوڑے؟) انہوں نے جواب دیا کہ ہم تو زمین میں بے بس اور مجبور تھے، فرشتوں نے کہا کیا اللہ تعالیٰ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے۔ ایسے ظالم لوگ جہنم میں ڈالے جائیں گے۔

### ربط

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

اعلم انه تعالیٰ لما ذكر ثواب من أقدم على الجهاد أتبعه بعقاب من قعد عنه ورضي بالسكون في دار الكفر.

یعنی جب اللہ تعالیٰ نے جہاد کرنے والوں کے اجر و ثواب کا ذکر فرمایا تو اس کے بعد ان لوگوں کی سزا ذکر فرمائی جو جہاد سے بیٹھے رہے اور دار الکفر میں رہنے پر راضی رہے۔ (التفسیر الکبیر)

حضرت تھانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

"اوپر وجوب جہاد کا ذکر تھا آگے وجوب ہجرت کا ذکر ہے مناسبت دونوں میں ظاہر ہے کہ دونوں سے غرض اقامت دین ہے البتہ ایک میں شر کفار کا دفع عام ہے یعنی سب اہل دین سے اور دوسرے میں شر کفار کا دفع خاص ہے یعنی اپنی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ذات ہے۔" (بیان القرآن)

### یہ سخت وعید کس کیلئے ہے؟

یہ وعید ان لوگوں کے لئے ہے جو اپنی "بے بسی" اور "مجبوری" کا بہانہ بنا کر مسلمانوں کے لئے کمزوری اور کافروں کے لئے قوت کا باعث بنتے ہیں، اور دار الکفر میں رہنے کی وجہ سے جہاد وغیرہ اسلامی فرائض سے محروم رہتے ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے چند عبارتیں:

#### ❶ کافروں کا ساتھ دینے والے:

المراد بها جماعة من اهل مكة كانو اقداسلموا واظهروا للنبي صلى الله عليه وسلم الايمان به فلما هاجر النبي صلى الله عليه وسلم اقاموامع قومهم وفتن منهم جماعة فافتتنوا فلما كان امر بدر خرج منهم قوم مع الكفار۔ (قرطبی)

یہ مکہ کے کچھ لوگ تھے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مسلمان ہو گئے تھے، پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت فرمائی تو یہ لوگ اپنی قوم کے ساتھ مکہ میں ٹھہرے رہے، جب ان میں سے بعض پر آزمائشیں آئیں تو وہ گمراہ ہو گئے، اور بدر میں مسلمانوں کے خلاف مشرکین کے ساتھ نکلے۔

#### ❷ مشرکین کی تعداد بڑھانے والے:

اخبرني ابن عباس ان ناساً من المسلمين كانوا مع المشركين يكثرون سواد المشركين على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتي السهم فيرمي به فيصيب احدهم فيقتله او يضرب فيقتل فانزل الله تعالىٰ ان الذين توفٰهم الملٰئكة ...... الآية۔ (قرطبی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بعض مسلمان مشرکین کے ساتھ رہتے تھے اور جنگوں میں ان کی تعداد بڑھاتے تھے (یعنی جنگ میں آجاتے تھے مگر مسلمانوں کے خلاف لڑتے نہیں تھے) پھر ان میں سے کوئی تیر وغیرہ لگنے سے مارا جاتا تھا تو اللہ پاک نے یہ آیت نازل فرمائی:

ان الذين توفٰهم الملٰئكة ...... الآية۔

#### ❸ کافروں کی امداد کرنے والے:

مسلمانوں کی چوتھی قسم (کا بیان ہے) جس نے جہاد میں مسلمانوں کے ساتھ شرکت نہیں کی بلکہ کفار کو امداد دی۔

(حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

پہلے تین قسمیں قاعد، مجاهد، اور اولي الضرر گزر چکی ہے۔

#### ❹ کافروں کے دباؤ میں جہاد چھوڑنے والے:

بعض مسلمان ایسے بھی ہیں کہ دل سے تو سچے مسلمان ہیں مگر کافروں کی حکومت میں ہیں اور ان سے مغلوب ہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور کافروں کے خوف سے اسلامی باتوں کو عمل کر نہیں کر سکتے نہ حکم جہاد کی تکمیل کر سکتے ہیں سوان پر فرض ہے کہ وہاں سے ہجرت کریں، اس رکوع میں اسی کا ذکر ہے آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جو لوگ اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں یعنی کافروں کے ساتھ مل رہے ہیں اور ہجرت نہیں کرتے تو فرشتے ان سے مرنے کے وقت پوچھتے ہیں کہ تم کس دین پر تھے؟ وہ کہتے ہیں کہ ہم تو مسلمان تھے، مگر بوجہ ضعف و کمزوری کے دین کی باتیں نہ کر سکتے تھے، فرشتے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی زمین تو بہت وسیع تھی تم یہ تو کر سکتے تھے کہ وہاں سے ہجرت کر جاتے تو ایسوں کا ٹھکانا جہنم ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**۵ دینی فرائض پر پابندی ہو تو ہجرت فرض ہے:**

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

”اس سے معلوم ہوا کہ جس ملک میں مسلمان کھلا نہ رہ سکے وہاں سے ہجرت فرض ہے۔“ (موضح القرآن)

”فقہاء نے لکھا ہے کہ جب ایک ملک میں رہ کر فرائض دین پوری طرح نہ ادا ہو سکتے ہوں اور یہ معلوم ہو کہ کوئی دوسرا ملک ہے جہاں فرائض دین ادا ہو سکتے ہیں تو پہلے سے دوسرے ملک کی طرف ہجرت واجب ہو جاتی ہے۔

والآية تدل علىٰ ان من لم يمكن اقامة دينه في بلده كمايجب وعلم انه يمكن من اقامته في غيره حقت عليه المهاجرة. (مدارك)

هذا يدل على الخروج من ارض الشرك الى اى ارض كانت من أرض الاسلام (جصاص)“ (تفسیر ماجدی)

**خلاصہ**

حضرات مفسرین کی ان تمام عبارتوں سے اس ”جرم“ کا نقشہ واضح ہو جاتا ہے جس پر اتنی سخت وعید نازل ہوئی ہے۔ اسلام دنیا میں غالب ہونے کے لئے آیا ہے، اس لئے کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے ذاتی مفاد اور آرام کے لئے اسلام اور اسلامی احکامات کو کافروں کے سامنے مغلوب اور رسوا کرے یا اپنی جان بچانے کے لیے مسلمانوں کے خلاف کافروں کا ساتھ دے۔ یا کافروں کے دباؤ یا ان کی خوشنودی کے لئے جہاد سمیت کسی اسلامی فریضہ کو ترک کرے۔ پس جو کوئی ایسا کرے گا وہ اپنی جان پر ظلم کرنے والا ہوگا۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جب دین اور جہاد کی خاطر ضرورت کے وقت وطن چھوڑنا لازم ہے تو پھر اپنی نوکری، یا روزی کو مجبوری قرار دیکر کافروں کا ساتھ دینا کس طرح سے جائز ہو سکتا ہے؟ (واللہ اعلم بالصواب)

**قربانی ضروری ہے**

”ہجرت کوئی سفر تجارت ہے کہ مال کے ساتھ اور آسانوں کے ساتھ گھر سے نکل جائیں اور پھر واپس آ جائیں یہ تو ایک مشکل چیز ہے، دین ایمان کو بچانے کے لئے گھر بار، زمین وجائیداد کو چھوڑنا پڑتا ہے وطن کو مستقل طور پر خیرباد کر دیا جاتا ہے پھر دشمن بھی نکلنے نہیں دیتے۔ موقع لگ گیا تو آل واولاد کو ساتھ لے لیا ورنہ ان کو چھوڑنا پڑتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ابتدائے اسلام میں جو ہجرتیں کی ہیں ان کے دردناک واقعات کتابوں میں موجود ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنے یار غار حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ آل واولاد کو چھوڑ کر مدینہ منورہ روانہ ہوئے دونوں کے متعلقین مکہ ہی میں رہے بعد میں وہ حضرات بھی آ گئے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو مکہ معظمہ ہی میں اپنے شوہر کے ساتھ رہنا پڑا جب ہجرت کرنے کے ارادہ سے تشریف لانے لگیں تو ایک کافر نے بطن مبارک پر لات ماری جس سے حمل ساقط ہو گیا۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ ہجرت کے ارادہ سے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور اپنے بیٹے سلمہ کو اونٹ پر بٹھا کر نکلے مکہ والے آڑے آ گئے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر والوں نے حضرت ام سلمہ کو روک لیا پھر ابوسلمہ کے گھر والے آئے اور ان کے بیٹے سلمہ کو لے کر چلے گئے اس طرح تینوں میں جدائی ہو گئی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں صبح سے شام تک روتی رہتی تھی، (پھر کچھ عرصہ بعد بیٹے کے ساتھ ہجرت کا موقع مل گیا)'' (انوار البیان)

## اشارات

''آجکل تو لوگ الٹی راہ پر چل رہے ہیں اچھے خاصے دینی ماحول سے نکل کر دنیا کمانے کے لئے یورپ، امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا جا جا کر بس رہے ہیں اور وہاں اپنے دین وایمان کا خون کر رہے ہیں اور اپنی نسلوں کے لئے دین وایمان سے محرومی کا انتظام کر رہے ہیں۔'' (انوار البیان)

## فائدہ

امام ابوحیان رحمہ اللہ نے ان پانچ افراد کے نام لکھے ہیں جو مسلمان تھے اور بدر کے دن مشرکین کی طرف سے آئے تھے اور مارے گئے تھے ملاحظہ فرمائیے: تفسیر البحر المحیط۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۹۸،۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا

ہاں جو مرد اور عورتیں اور بچے واقعی کمزور ہیں

يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾ فَأُولٰٓئِكَ عَسَى

جو نکلنے کا کوئی ذریعہ اور راستہ نہیں پاتے۔ پس امید ہے کہ انہوں کو

اللّٰهُ أَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾

اللہ تعالیٰ معاف کردے اور اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے

### خلاصہ

لیکن جو مرد، عورتیں اور بچے واقعی کمزور ہیں اور ہجرت پر قادر نہیں ہیں۔ ان کے پاس نہ تو انتظام ہے اور نہ راستے کی واقفیت، تو ان کے لئے معافی ہے۔ (ان شاء اللہ)

### اقوال و حوالے

یہ وہ مخلص حضرات ہیں جو ہجرت کے لئے بے چین تھے اور ہر وقت اس کی تاک میں رہتے تھے۔ مگر انہیں کوئی راستہ نہیں ملتا تھا۔ ابو حیان رحمہ اللہ ان میں سے بعض کے اسماء گرامی لکھتے ہیں۔

من الرجال جماعة كعياش بن أبي زمعه و سلمة بن هشام و الوليد بن الوليد رضي الله عنهم، یہ تو ہوئے مردوں میں سے۔

ومن النساء جماعة كأم الفضل امامة بنت الحارث ام عبد الله بن عباس رضي الله عنهن۔ یہ خواتین میں سے ہوئیں۔

ومن الولدان عبدالله بن عباس وغيره۔ یہ بچے تھے۔ (البحر المحیط)

### حیلہ بازی نہ ہو تو معافی ہے

"وہ مسلمان مرد عورتیں اور بچے جو چارۂ کار (یعنی اسباب وغیرہ) میں بے بس ہوں اور سفر کی راہ نہ پائیں، دارالکفر کو چھوڑ کر ہجرت نہ کرنے کے الزام سے بری ہیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں معاف کردے، لیکن حیلہ بازی کے لئے معافی کی کوئی صورت نہیں۔" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## ایک اشکال کا جواب

جب ان حقیقی معذور لوگوں پر ہجرت فرض ہی نہیں تھی تو پھر معافی کا کیا مطلب ہے؟ معافی تو گناہ کے بعد ہوتی ہے امام رازی رحمہ اللہ اور دیگر مفسرین نے اس اشکال کے جو جوابات دیئے ہیں ان کا خلاصہ ان دو عبارتوں میں ملاحظہ فرمائیں:

❶ "صاحب روح المعانی لکھتے ہیں کہ اس میں یہ بتایا ہے کہ ہجرت کا چھوڑ دینا بڑے خطرہ کی چیز ہے یہاں تک کہ مجبور حال جس پر ہجرت فرض نہیں اس کا ہجرت چھوڑ دینا بھی اسی درجے میں ہے کہ اسکو گناہ شمار کرلیا جائے کیونکہ معافی گناہ سے متعلق ہوتی ہے ایسے مجبور حال کو بھی چاہئے کہ موقعہ کی تلاش میں رہے اور اس کا دل ہجرت کے خیال میں لگا رہے جیسے ہی موقعہ ملے روانہ ہوجائے۔" (انوار البیان)

❷ "مفسر تھانوی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ عدم ہجرت کا گناہ فی الاصل اس قدر سخت ہے کہ غفورا لاکر ادھر اشارہ کردیا گیا ہے کہ باوجود عذر موجود ہونے اور اس کے گناہ نہ ہونے کے مشابہ اس کے ہے کہ گناہ ہوا، اگرچہ معاف بھی کردیا ہے۔" (تفسیر ماجدی)

ان دونوں عبارتوں میں زیادہ فرق نہیں ہے۔ البتہ امام رازی رحمہ اللہ نے اس طرف اشارہ فرمایا ہے کہ ممکن ہے ایک شخص خود کو ہجرت سے معذور اور مجبور سمجھے مگر حقیقت میں ایسا نہ ہو۔ بلکہ اس شخص کے دل پر وطن کا شوق اور ہجرت کی شدید مشکلات کا ڈر غالب ہو اور وہ خود کو معذور سمجھ رہا ہو۔ اس لئے معافی کا لفظ لایا گیا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

ان تین آیات اور ان کے بعد والی آیت میں ہجرت کا جو مضمون بیان ہوا ہے اس کا براہ راست تعلق جہاد کے ساتھ ہے۔ مسلمانوں کی مشرکین مکہ کے ساتھ لڑائی شروع ہوچکی تھی، ان حالات میں تمام مسلمانوں کا دار الاسلام مدینہ منورہ میں جمع ہونا ضروری تھا۔ بعض مسلمانوں کے دشمنوں کے درمیان رہنے کی وجہ سے جہاد میں کافی رکاوٹیں آرہی تھیں۔ اور بعض کمزور دل مسلمان مشرکین کا تعاون کر رہے تھے۔ اس لئے ان آیات میں مذکور جہادی مضامین بالکل واضح ہیں جو اس تالیف کا موضوع ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ

اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی راہ میں وطن چھوڑے اس کے عوض زمین میں بہت جگہ اور کشادگی پائے گا

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ

اور جو کوئی اپنے گھر سے اللہ تعالیٰ اور رسول کی طرف ہجرت کر کے نکلے پھر اس کو

الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۱۰۰

موت پالے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کا ثواب ہو چکا اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے

### خلاصہ

اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہجرت کرے گا تو اسے رہنے کے لئے بہت جگہ اور کشادہ روزی ملے گی۔ اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کیلئے نکلا پھر منزل پر پہنچنے سے پہلے اس کا انتقال ہو گیا تو اسے ہجرت کا پورا اجر ملے گا۔ (اور مغفرت اور رحمت بھی کر) اللہ تعالیٰ غفور بھی ہے، رحیم بھی ہے۔

### اقوال وحوالے

**❶ دو خوف دو وعدے:**

امام رازی رحمہ اللہ کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کو ہجرت سے روکنے والی دو چیزیں ہوتی ہیں ایک اس بات کا خوف اور اندیشہ کہ نئی جگہ رہائش اور کھانے کی تنگی ہوگی اور دوسرا اس بات کا خوف کہ پتہ نہیں میں منزل تک پہنچوں گا یا نہیں؟ آیت کے پہلے حصے میں مہاجر فی سبیل اللہ کے لئے کھلی جگہ اور کھلی روزی کا سچا وعدہ فرمایا گیا اور دوسرے حصے میں یہ اعلان فرما دیا گیا کہ منزل تک پہنچے یا نہ پہنچے اس کا اجر پکا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

**❷ اجر عمل کا یا نیت کا؟**

امام رازی رحمہ اللہ نے اس پر بحث فرمائی ہے کہ جو شخص کوئی عمل شروع کر کے اسے پورا کئے بغیر مر گیا۔ اسکو پورے عمل کا اجر ملے گا یا نیت کا؟ اس بحث کے آخر میں لکھتے ہیں:

واعلم أن القول الاول أولىٰ لانه تعالىٰ انما ذكر هذه الاية ههنا فى معرض الترغيب فى الجهاد۔ (التفسير الكبير)

یعنی پہلا قول زیادہ بہتر ہے کہ اسے پورے عمل کا اجر ملے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو ترغیب جہاد کے ضمن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں ذکر کیا ہے۔ (اور ہجرت اور جہاد کی یہ ترغیب تب ہوگی جب راستے میں مرنے والے کے لئے بھی اس عمل کے پورے اجر کا اعلان ہوگا۔)

## ایک ایمان افروز واقعہ

عن ابن جبير انها نزلت في جندب بن ضمرة وكان بلغه قول تعالیٰ ان الذين توفاهم الملائكة ظالمي انفسهم .الخ

حضرت ابن جبیر رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ یہ آیت حضرت جندب بن ضمرة رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ اور وہ اس طرح کہ جب ان تک اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ان الذين توفاهم الملائكة ظالمي انفسهم پہنچا (جس میں ہجرت نہ کرنے والوں کے لئے سخت وعید ہے) وہ اس وقت مکہ میں تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کے مسلمانوں تک یہ آیت مبارکہ بھجوادی تھی تو انہوں نے اپنے بیٹوں سے کہا مجھے ہجرت کے لئے سوار کردو کیونکہ نہ تو میں کمزور ہوں اور نہ راستے سے ناواقف اب میں ایک رات بھی مکہ میں نہیں گذار سکتا۔ ان کے بیٹوں نے انہیں ایک چارپائی پر ڈال کر سوار کردیا اور مدینہ کی طرف روانہ کردیا وہ بہت بوڑھے تھے (تھوڑے ہی فاصلے پر) مقام تنعیم میں ان کا انتقال ہوگیا، جب موت کا وقت قریب آیا تو وہ اپنا دایاں ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ پر رکھتے تھے اور فرماتے تھے یا اللہ یہ (ہاتھ) آپکے لئے اور یہ (ہاتھ) آپ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے میں آپ سے اس چیز پر بیعت کرتا ہوں جس پر آپ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے بیعت کی ہے۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جب ان کے انتقال کی خبر پہنچی تو فرمانے لگے کاش وہ مدینہ پہنچ کر انتقال فرماتے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (کہ ان کا اجر تو پورا اور پکا ہوگیا ہے) (روح المعانی)

## فائدہ

اسی آیت سے فقہاء اہل مدینہ نے یہ مسئلہ مستنبط فرمایا ہے۔

ان الغازی اذا مات في الطريق وجب سهمه في الغنيمة، کہ مجاہد اگر راستے میں انتقال کر جائے تو اس جنگ کے مال غنیمت میں سے اسے (یعنی اس کے ورثاء کو) حصہ ملے گا۔

علامہ آلوسی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

والصحيح ثبوت الاجر الاخروی فقط

یعنی صحیح قول یہ ہے کہ آیت سے آخرت ہی کا اجر ثابت ہو رہا ہے (نہ کہ دنیا کی غنیمت) (روح المعانی)

## ہجرت اور جہاد

"ان آیات سے معلوم ہوا کہ ہجرت اور جہاد دونوں کی شریعت اسلامیہ میں بڑی اہمیت ہے، ان دونوں کی برکات بھی بہت ہیں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے ہجرت کرے گا، اس کو ضرور ہی کسی نہ کسی جگہ ٹھکانہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مل جائے گا اور اس کو مالی کشائش بھی نصیب ہوگی، پردیس میں نیا نیا پہنچنے کی وجہ سے ابتداء کوئی تکلیف پہنچ جائے تو یہ اور بات ہے لیکن جلد ہی رحمت اور برکت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور ظاہری و باطنی منافع ملنے لگتے ہیں اور معاش میں بھی فراوانی ہو جاتی ہے، حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم نے مکہ چھوڑ کر مدینہ منورہ کو ہجرت کی تھی چند سال بعد مکہ معظمہ بھی فتح ہو گیا، خیبر فتح ہوا بہت سے علاقے قبضے میں آئے بڑی بڑی جائیدادیں ملیں، اموال غنیمت ہاتھ آئے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مصر، شام، عراق فتح ہوئے جو حضرات مکہ میں مجبور و بے کس تھے ان کو بڑے بڑے اموال ملے۔ تاریخ اس پر شاہد ہے کہ ہجرت اور جہاد سے کایا پلٹ جاتی ہے اور مسلمان نہ صرف یہ کہ ثواب آخرت کے اعتبار سے (جس کے برابر کوئی چیز نہیں ہو سکتی) بلکہ دنیاوی اعتبار سے بھی ہجرت اور جہاد کی وجہ سے عزت اور شرف اور کافروں پر غلبہ اور مالداری اور غلام اور باندیوں کی ملکیت کے اعتبار سے کامیاب اور فائز المرام ہو جاتے ہیں۔ (انوار البیان)

## کلام برکت

اس آیت مبارکہ پر حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کی تقریر لطیف کی تسہیل تفسیر عثمانی سے ملاحظہ فرمائیں:

"اس آیت میں ہجرت کی ترغیب ہے اور مہاجرین کو تسلی دی جاتی ہے، یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کے واسطے ہجرت کرے گا اور اپنا وطن چھوڑے گا تو اسکو رہنے کے لئے بہت جگہ ملے گی اور اس کی روزی اور معیشت میں فراخی ہوگی تو ہجرت کرنے میں اس سے مت ڈرو کہ کہاں رہیں گے اور کیا کھائیں گے، اور یہ بھی خطرہ نہ کرو کہ شاید رستہ میں موت آ جائے تو ادھر کے ہوں نہ اُدھر کے کیونکہ اس صورت میں ہجرت کا پورا ثواب ملے گا اور موت تو اپنے وقت ہی پر آتی ہے وقت مقرر سے پہلے نہیں آ سکتی"۔ (تفسیر عثمانی)

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۰۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا

اور جب تم سفر کیلئے نکلو تو تم پر کوئی گناہ نہیں نماز میں سے

مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ إِنَّ

کچھ کم کردو اگر تمہیں یہ ڈر ہو کہ کافر تمہیں ستائیں گے بے شک

الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾

کافر تمہارے صریح دشمن ہیں

### خلاصہ

جب تم جہاد وغیرہ کے لئے سفر کرو اور کافروں سے جو تمہارے صریح دشمن ہیں اس کا خوف ہو کہ وہ موقع پا کر ستائیں گے تو نماز کو مختصر رکھو۔ یعنی جو نماز حضر میں چار رکعت کی ہو اس کی دو رکعت پڑھو۔ (تفسیر عثمانی)

### جہاد کا اعزاز

”غور کیجئے جب آدمی ہجرت اور جہاد کے ارادے سے نکلے تو سب سے بڑا فرض نماز ہے جس کے چھوڑنے سے آدمی کافر (خدا تعالیٰ کا نافرمان) ہو جاتا ہے اس میں بھی تخفیف کر دی گئی ہے کہ چار رکعت سے دو کر دی گئیں اور دوسرا یہ کہ جمع صوری جائز قرار دے دی گئی۔“ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### شرعی مسئلہ

”ہمارے ہاں سفر تین منزل (اڑتالیس میل یا ستتر ۷۷ کلومیٹر) کا ہونا ضروری ہے اس سے کم ہوگا تو قصر جائز نہ ہوگا اور کافروں کے ستانے کا ڈر اس وقت موجود تھا جب یہ حکم نازل ہوا، جب یہ ڈر جاتا رہا تو اس کے بعد بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں دو رکعت ہی پڑھتے رہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو بھی اسی کی تاکید فرمائی اب ہمیشہ سفر میں قصر کرنے کا حکم ہے خوف مذکور ہو یا نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کا فضل ہے شکریہ کے ساتھ قبول کرنا لازم ہے جیسا کہ حدیث میں ارشاد ہے۔“ (تفسیر عثمانی)

### ربطِ آیت

”منجملہ اُن چیزوں کے کہ جن کی مجاہد کو جہاد میں احتیاج (یعنی ضرورت) ہے نماز کی کیفیت دریافت کرنا ہے کہ سفر میں کس طرح سے اور بوقت جنگ کیونکر (یعنی کیسے) ادا کرنی چاہئے اس لئے خدا تعالیٰ ان آیات میں صلوٰۃ قصر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وصلوٰۃ خوف کے متعلق مسائل بیان فرماتا ہے۔" (تفسیر حقانی)

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

اعلم ان أحد الامور التي يحتاج المجاهد اليها معرفة كيفية اداء الصلوٰة في زمان الخوف والا شتغال بمحاربة الاعداء (التفسير الكبير)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۰۲، ۱۰۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَوٰةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُم

اے نبی جب تو مسلمانوں میں موجود ہو اور انہیں نماز پڑھانے کیلئے کھڑا ہو تو چاہیے ان میں سے ایک جماعت

مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُوٓا أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِن وَرَآئِكُمْ

تیرے ساتھ کھڑی ہو اور اپنے ہتھیار ساتھ لے لیں پھر جب یہ سجدہ کریں تو تیرے پیچھے سے ہٹ جائیں

وَلْتَأْتِ طَآئِفَةٌ أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا

اور دوسری جماعت آئے جس نے نماز نہیں پڑھی وہ تیرے ساتھ نماز پڑھے اور وہ بھی

حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۗ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ

اپنے بچاؤ اور ہتھیار ساتھ رکھیں کافر چاہتے ہیں کہ کسی طرح تم اپنے ہتھیاروں اور

أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَاحِدَةً ۚ وَلَا

اسباب سے بے خبر ہو جاؤ تاکہ تم پر یک بارگی ٹوٹ پڑیں اور اگر

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَىٰٓ أَن

تم بارش کی وجہ سے تکلیف محسوس کرو یا بیمار ہو تو ہتھیار رکھ دینے میں کوئی مضائقہ نہیں

تَضَعُوٓا أَسْلِحَتَكُمْ ۖ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ

اور (تب بھی) اپنا بچاؤ ساتھ رکھو بے شک اللہ تعالیٰ نے کافروں کیلئے ذلت کا

عَذَابًا مُّهِينًا ﴿١٠٢﴾ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلَوٰةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِيَامًا وَ

عذاب تیار کر رکھا ہے۔ پھر جب نماز سے فارغ ہوجاؤ تو اللہ تعالیٰ کو کھڑے اور بیٹھے اور

قُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ ۚ فَإِذَا اطْمَأْنَنتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَوٰةَ ۚ

لیٹے ہونے کی حالت میں یاد کرو پھر جب تمہیں اطمینان ہو جائے تو پوری نماز پڑھو

إِنَّ الصَّلَوٰةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَّوْقُوتًا ﴿١٠٣﴾

بے شک نماز اپنے مقرر وقتوں میں مسلمانوں پر فرض ہے

### خلاصہ

جہاد کے دوران جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسلامی لشکر میں موجود ہوں یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مسلمانوں کا شرعی امیر موجود ہو اور پورا لشکر ایک ہی امام کی اقتداء میں نماز ادا کرنا چاہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ لشکر کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ ان میں سے ایک امام کے پیچھے نماز ادا کرے اور دوسرا دشمن کے مد مقابل رہے۔ جو مجاہد امام کے پیچھے نماز ادا کر رہے ہیں وہ بھی مسلح حالت میں نماز ادا کریں۔ ایک رکعت پوری ہونے کے بعد لشکر کا یہ حصہ دشمن کے مد مقابل چلا جائے اور دوسرا حصہ آ کر امام کے پیچھے نماز ادا کرے۔ مگر نماز کے دوران اپنا اسلحہ اور دفاع کا سامان ساتھ رکھے، کیونکہ کافر چاہتے ہیں کہ تم اپنے اسلحے اور سامان سے غافل ہو جاؤ تو وہ تم پر اچانک حملہ کر دیں۔ لیکن اگر بارش یا بیماری وغیرہ کا کوئی عذر ہو تو اسلحہ اتار کر نماز ادا کر سکتے ہو مگر دفاع کا سامان تب بھی اپنے ساتھ رکھنا چاہئے۔ نماز ادا کرنے کے بعد تمام اہل لشکر کھڑے، بیٹھے، لیٹے ہر حال میں اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کی یاد میں لگے رہیں۔ اور جب سفر ختم ہو جائے تو نماز کو اس کے اصل قانون کے مطابق ادا کرو بے شک نماز مسلمانوں پر فرض ہے اور اس کے اوقات مقرر ہیں۔

## شانِ نزول

"لباب النقول میں حضرت ابو عیاش زرقی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے بیان فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مقام عسفان میں تھے سامنے سے مشرکین آ گئے جو خالد بن ولید کی سرکردگی میں تھے (وہ اب تک مسلمان نہیں ہوئے تھے) یہ لوگ ایسی جگہ تھے جو ہمارے اور ہمارے قبلہ کے درمیان تھی، آنحضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو نماز ظہر پڑھائی تو مشرکین کہنے لگے کہ ہم نے غلطی کی، جب یہ لوگ نماز پڑھ رہے تھے اس وقت ان پر حملہ کر دیتے ان کو تو ہمارے حملے کا خیال بھی نہ تھا۔ پھر کہنے لگے کہ ابھی ایک اور نماز آنے والی ہے۔ (یعنی نماز عصر) وہ نماز ان کو اپنے بیٹوں سے اور جانوں سے بھی زیادہ محبوب ہے۔ جب یہ لوگ آئندہ نماز میں مشغول ہو جائیں تو ان پر حملہ کر دیا جائے اس کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام ظہر اور عصر کے درمیان یہ آیت لیکر نازل ہوئے" (انوار البیان)

امام قرطبی رحمہ اللہ نے بھی یہ روایت دار قطنی کے حوالے سے نقل کی ہے اور لکھا ہے کہ یہی واقعہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا سبب بنا۔ (القرطبی)

## صلوٰۃ الخوف کا طریقہ

خلاصہ تفسیر میں صلوٰۃ الخوف کا وہ طریقہ آ گیا ہے جو آیت میں مذکور ہے۔ پہلی جماعت ایک رکعت ادا کر کے چلی جائے پھر دوسری جماعت ایک رکعت امام کے پیچھے ادا کر کے اپنی نماز یا تو پوری کر لے یا وہ بھی ایک رکعت ادا کر کے چلی جائے۔ پھر پہلی جماعت واپس آ کر دوسری رکعت ادا کر کے اپنی نماز مکمل کر لے۔ اور پھر دوسری جماعت (اگر اس نے اپنی نماز پوری نہ کی ہو تو) واپس آ کر اپنی نماز مکمل کر لے۔ صلوٰۃ الخوف کے متعلق حضرات مفسرین نے جو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

احکامات جمع کئے ہیں ان میں سے چند ضروری احکام ملاحظہ فرمائیں:

1. نماز خوف کئی طرح سے ثابت ہے امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ طریقے نقل کئے (ہیں)(انوار البیان)

2. یہ ہر جماعت کو ایک ایک رکعت پڑھانا اس صورت میں ہے جب امام اور مقتدی مسافر ہوں اگر امام مقیم ہو تو ہر جماعت کو دو دو رکعتیں پڑھائے باقی رکعتیں وہ لوگ پوری کر لیں اگر نماز مغرب میں ایسا واقعہ پیش آئے تو پہلی جماعت کو دو رکعتیں اور دوسری جماعت کو ایک رکعت پڑھائے۔ نماز میں آنا جانا چونکہ حالتِ اضطرار کی وجہ سے اور شرعی اجازت سے ہے اس لئے اس سے نماز فاسد نہ ہوگی۔ (انوار البیان)

3. اگر دشمنوں کے خوف سے اتنی مہلت بھی نہ ملے کہ نماز خوف بصورت مذکورہ ادا کر سکیں تو جماعت موقوف کر کے تنہا تنہا نماز پڑھ لیں پیادہ ہو کر اور سواری سے اترنے کا بھی موقع نہ ملے تو سواری پر اشارہ سے نماز پڑھ لیں اگر اس کی بھی مہلت نہ ملے پھر نماز کو قضاء کر دیں۔ (تفسیر عثمانی)

4. جب نماز کے لئے کھڑے ہوں تو ہتھیار ساتھ رکھ لیں اگر مقابلہ کی ضرورت پڑ جائے تو ہتھیار لینے میں دیر نہ لگے اگر چہ قتال کرنے سے نماز ٹوٹ جائے گی لیکن دشمن کا دفاع کرنے کی وجہ سے نماز توڑنے کا گناہ نہ ہوگا۔ (انوار البیان)

## دونوں باتیں اہم ہیں

صلوٰۃ الخوف وغیرہ کے احکامات سے بعض مفسرین حضرات نے جہاد کی فضیلت کو بیان فرمایا ہے کہ یہ کتنا اونچا اور ضروری عمل ہے کہ جس کی وجہ سے نماز جیسے فریضہ کے طریقے وغیرہ میں تخفیف کر دی گئی۔ تاکہ دوران جہاد جنگ میں غفلت اور کمی نہ رہ جائے۔ جبکہ بعض دوسرے مفسرین نے ان ہی احکامات سے نماز اور جماعت کی فضیلت کو بیان فرمایا ہے کہ جہاد جیسے مشکل اور ضروری کام میں بھی نماز اور اس کی جماعت کے احکامات بیان ہو رہے ہیں کہ مسلمان کو کسی حال میں بھی نماز اور جماعت سے غافل نہیں ہونا چاہئے۔

بے شک نماز بھی اسلام کا بے حد اہم فریضہ ہے اور جہاد بھی اسلام کا اہم فریضہ ہے۔ اللہ تعالیٰ امت میں تمام فرائض کو اور پورے دین کو زندہ فرمائے (آمین یا ارحم الراحمین)

## جیسے ممکن ہو ذکر کرو

"فاذا قضیتم الصلوٰۃ یعنی جب نماز سے فراغت پاؤ تو ذکر الٰہی سے غافل نہ ہو جایا کرو بلکہ کھڑے، بیٹھے، لیٹے اللہ کو یاد کیا کرو بعض کہتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ اگر جنگ سخت ہو اور صلوٰۃ خوف کی بھی مہلت نہ ہو تو پھر جس حال میں ممکن ہو یاد الٰہی کر لو۔" (تفسیر حقانی)

"اللہ تعالیٰ کو یاد کرو حتی کہ عین ہجوم (یعنی حملہ) اور مقاتلہ (یعنی جنگ) کے وقت بھی" (تفسیر عثمانی)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۰۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَاۗءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّھُمْ يَاْلَمُوْنَ

اور ان لوگوں کا پیچھا کرنے سے ہمت نہ ہارو اگر تم تکلیف اٹھاتے ہو تو وہ بھی تمہاری طرح

كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

تکلیف اٹھاتے ہیں حالانکہ تم اللہ تعالیٰ سے جس چیز کے امیدوار ہو وہ نہیں ہیں اور اللہ تعالیٰ

عَلِــيْمًا حَكِــيْمًا ۝ۧ

سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے

### خلاصہ

کفار کی جستجو اور ان کے تعاقب میں ہمت سے کام لو اور کوتاہی نہ کرو۔ اگر تم کو ان کی لڑائی سے زخم اور درد پہنچا ہے تو اس تکلیف میں تو وہ بھی شریک ہیں یعنی ان کو بھی زخم لگے ہیں اور آئندہ تم کو اللہ تعالیٰ سے وہ امیدیں ہیں جو ان کو نہیں یعنی دنیا میں کفار پر غلبہ اور آخرت میں ثواب عظیم اور اللہ تعالیٰ تمہارے مصالح اور تمہارے اعمال کو خوب جانتا ہے اس کا جو حکم ہے اس میں تمہارے لئے بڑے منافع (یعنی فائدے) اور حکمتیں ہیں دین اور دنیا دونوں کے لئے پس اس حکم کو پورا کرنا غنیمت اور بڑی نعمت سمجھو۔ (مفہوم عثمانی)

### ربط

❶ اعلم انه تعالىٰ لما ذكر بعض الاحكام التى يحتاج المجاهد الى معرفتها عاد مرة اخرى الى الحث على الجهاد (التفسير الكبير)

جب اللہ تعالیٰ نے ان بعض احکامات کو بیان فرمادیا جن کو جاننے کی مجاہد کو ضرورت تھی واپس جہاد کی ترغیب کی طرف رجوع فرمایا۔

❷ اس کے بعد پھر جہاد کی ترغیب دیتا ہے کہ تم سے اللہ تعالیٰ نے فتح و نصرت کا وعدہ کیا ہے اور اس سے تم کو وہ امید ہے جو کفار کو نہیں پھر کیوں ان کی لڑائی سے سستی کرتے ہو۔ (تفسیر حقانی)

### اقوال وحوالے

❶ جہاد میں سستی ناجائز ہے:

"اوپر اصل مقصود ذکر جہاد کا تھا اور دوسرے مضامین اس کی مناسبت سے مذکور ہو گئے تھے آگے پھر جہاد ہی کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

متعلق مضمون ارشاد ہے کہ جہاد میں سستی ناجائز ہے۔" (بیان القرآن)

**۲ سستی نہ کرو:**

اور دشمنوں کے تعاقب میں سستی نہ کرو۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

**۳ یہ حکم ہر جہاد میں ہے:**

قیل نزلت فی حرب أحد حیث امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالخروج فی آثار المشرکین وکان بالمسلمین جراحات وکان امر ان لا یخرج معہ الا من کان فی الوقعۃ. وقیل ھذا فی کل جھاد.

یعنی ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت غزوہ احد کے موقع پر نازل ہوئی جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کا پیچھا کرنے کا حکم دیا اور مسلمان زخمی تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارے ساتھ اس تعاقب میں وہی جائے جو جنگ احد میں شریک تھا۔ آیت کے بارے میں دوسرا قول یہ ہے کہ یہ حکم ہر جہاد میں ہے (کہ دشمن کا مقابلہ اور تعاقب کرنے میں کم ہمتی نہ دکھاؤ) (قرطبی)

**۴ افسوس ہے اس پر:**

"مقاصد کی راہ میں تکلیفیں اور محنتیں مؤمن کو بھی پیش آتی ہیں اور کافر کو بھی لیکن مؤمن کے لئے ان کا جھیلنا سہل ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ اپنے سامنے ایسی امیدیں رکھتا ہے جو کافر کو میسر نہیں وہ یقین رکھتا ہے کہ میں جو کچھ جھیل رہا ہوں حق کی راہ میں ہے اور میرے لئے دنیا میں بھی کامیابی ہے اور آخرت میں بھی۔ پھر افسوس اس مؤمن پر جو مقاصد حق کی راہ میں اتنا بھی نہ کر سکے جتنا ایک کافر ظلم وفساد کی راہ میں کرتا ہے۔" (ترجمان القرآن)

**۵ تم محنت کے زیادہ حقدار ہو:**

امام رازی رحمہ اللہ نے آیت کی تفسیر میں یہ وجد آفرین جملہ لکھا ہے

فاذا کانوا مع انکار ھم الحشر والنشر یجدون فی القتال فانتم ایھا المومنون المقرون بأن لکم فی ھذا الجھاد ثوابا عظیما وعلیکم فی ترکہ عقابا عظیما أولیٰ بأن تکونوا مجدین فی ھذا الجھاد.

یعنی کفار قیامت کے حشر ونشر کے منکر ہیں مگر پھر بھی تمہارے ساتھ جنگ کرنے میں اتنی محنت اور کوشش کرتے ہیں۔ پس اے مسلمانو! تم تو حشر ونشر کے قائل ہو اور تم جانتے ہو کہ تمہارے لئے جہاد کرنے میں ثواب عظیم اور جہاد چھوڑنے میں سخت عذاب ہے۔ پس تم اس بات کے زیادہ حقدار ہو کہ تم جہاد میں خوب خوب محنت کرو۔ (التفسیر الکبیر)

**فائدہ**

اسلام اور کفر برابر نہیں ہو سکتے۔ مسلمان اور کافر برابر نہیں ہیں، مسلمان کی تکلیف اور کافر کی تکلیف برابر نہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ جہاد میں تمہیں جو تکلیف پہنچتی ہے وہ اجر کا باعث ہے۔ اور کافر کو جو تکلیف پہنچتی ہے وہ بڑے عذاب سے پہلے چھوٹا عذاب ہے۔ دنیا میں کامیابی کا معیار راحت یا تکلیف نہیں۔ ایمان اور جہاد ہے۔ جسے ایمان اور جہاد مل گیا وہ کامیاب ہے۔ خواہ زخمی ہو یا شکست کھائے۔ اور جسے ایمان اور جہاد نصیب نہیں ہوا وہ ناکام ہے اگرچہ روئے زمین کا بادشاہ ہو۔ جہاد کے زخم مؤمن کے لئے قیامت کے دن گواہی دیں گے۔ اور ان سے ٹپکنے والا خون خوشبودار مشک بن جائے گا۔ پھر اے مسلمانو! کفار کا تعاقب کرنے میں کم ہمتی اور سستی کیوں؟ کفار کا تعاقب کر کے ان کو مارو اور بھگاؤ اور زمین کو ان کی قوت سے پاک کردو۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۳۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳۸﴾

منافقوں کو تو خوشخبری سنادے کہ ان کے واسطے دردناک عذاب ہے

### خلاصہ

خود کو مسلمان کہنے کے باوجود مسلمانوں کے دشمنوں سے یاریاں کرنے والے اور ان کے ہاں عزت ڈھونڈنے والے منافقین کو خوشخبری سنادی جائے کہ ان کے لئے دردناک عذاب تیار ہے۔

### فائدہ

ان ”منافقین“ کا تذکرہ شروع ہورہا ہے جنہوں نے اسلامی جماعت اور اسلامی جہاد کو نقصان پہنچانے کی بھرپور کوشش کی۔ منافقین کا یہ طبقہ جہاد کا دشمن ہے۔ یہ لوگ کس وجہ سے منافق بنے؟ ان کے مقاصد کیا ہیں؟ ان کا انجام کیا ہے؟ جہاد کی فتح اور شکست کے وقت ان کا دہرا طرز عمل کیا ہوتا ہے؟ نفاق اور منافقین سے بچنے کا طریقہ کیا ہے؟ منافق کی توبہ کن شرطوں کے ساتھ قبول ہوتی ہے؟ یہ تمام اہم جہادی مضامین سورۃ النساء کی آیت ۱۳۸ تا ۱۴۷ میں بیان ہوئے ہیں۔ مسلمانوں کی صفوں میں منافق صفت لوگ تو ہر زمانے میں موجود ہوتے ہیں۔ مگر ان کی پھرتیاں اور زیادہ نقصانات اس وقت سامنے آتے ہیں جب مسلمانوں کا کافروں سے جہاد شروع ہوتا ہے۔ اور اس میں مسلمانوں کو ظاہری شکست ہو جاتی ہے۔ تب منافق کھل کر سامنے آجاتے ہیں۔ وہ فوراً کافروں کی گود میں جاگرتے ہیں۔ وہ اسلام اور جہاد کے خلاف وساوس پھیلاتے ہیں۔ اور اپنے بچاؤ اور دنیاوی مفادات کے لئے ہر گری ہوئی غیر اسلامی حرکت کر گزرتے ہیں۔

ان آیات کو بہت غور، فکر اور توجہ سے پڑھنے کی ضرورت ہے، تاکہ نفاق کے مرض، اسباب اور اثرات سے اپنے دل کو پاک رکھنے کی محنت کی جاسکے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

”بشر المنافقین“ تبشیر کے معنی ہمیشہ خوشخبری ہی کے نہیں ہوتے، لغت میں عام ہے ہر ایسی خبر کے لئے جس کا اثر چہرہ سے ظاہر ہونے لگے۔

التبشير الاخبار بما يظهر اثره على البشرة. (قرطبی)

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بشارت یہاں طنز و زجر کے معنی میں ہو، اور عرب ایسے موقع پر ایسا ہی استعمال کرتے ہیں۔

قوله بشر تهكم بهم، والعرب تقول ،تحيتك الضرب وعتابك السيف۔ (کبیر) ومن ذلك قول الشاعر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تحية بينهم ضرب وجيع

اردو میں تو طنزیہ موقع پر کہتے ہیں، لو اب اپنا انعام لو۔ لو، اب تو مزہ پایا۔ اب دیکھو اپنا تماشہ۔" (تفسیر ماجدی)

## یہ بے استقلالی کا نتیجہ ہے

بے استقلالی کا پہلا نتیجہ نفاق ہے اور نفاق کی سزا عذاب الیم ہوگی۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۳۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

وہ جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست بناتے ہیں

اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾

کیا ان کے ہاں سے عزت چاہتے ہیں سو ساری عزت اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے

## خلاصہ

منافق لوگ جو مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے اور ان کا یہ خیال کہ کافروں کی دوستی کے ذریعہ ہم کو دنیا میں عزت ملے گی بالکل غلط ہے۔ سب عزت اللہ تعالیٰ کے واسطے ہے جو اس کی اطاعت کرے گا اس کو عزت ملے گی خلاصہ یہ ہوا کہ ایسے لوگ دنیا اور آخرت دونوں میں ذلیل و خوار رہیں گے۔ (مفہوم عثمانی)

## عزت کا شوق

بالکل وضاحت سے معلوم ہو گیا کہ عزت کے شوق نے ان لوگوں کو کافروں کی یاری پر آمادہ کیا۔ عزت سے مراد دنیاوی مقام بھی ہے اور امن وغلبہ بھی۔ یعنی چونکہ ان لوگوں کا مقصود صرف دنیا کی زندگی تھی، اور انہیں محسوس ہو رہا تھا کہ اس زندگی کے امن، عیش، آرام اور حفاظت کے لئے انہیں کافروں سے ہی مدد مل سکتی ہے چنانچہ وہ اللہ تعالیٰ کے احکامات اور اپنے دعویٰ اسلام کو بُھلا کر کافروں کی یاری میں لگ گئے تاکہ انہیں حفاظت ملے اور باعزت مقام۔

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

العزة ای الغلبة کہ عزت سے مراد غلبہ ہے۔ یعنی یہ لوگ کافروں کی طاقت سے مرعوب تھے اور انہیں خطرہ تھا کہ اگر ہم نے مسلمانوں کا ساتھ دیا اور ان کافروں سے دشمنی کی تو ہم مارے جائیں گے۔ اس لئے ہمیں ان سے بنا کر رکھنی چاہئے۔ حضرت تھانوی رحمہ اللہ بہت وضاحت سے لکھتے ہیں:

”منافقین کا ملنا کفار سے اس غرض سے تھا کہ مسلمانوں کے اس طرح غالب آنے کی ان کو توقع نہ تھی یہ سوچتے تھے کہ ہمیشہ تو رہنا ہو گا ان یہود یا مشرکین کے ساتھ ان سے بگاڑ کیوں کریں؟ (بیان القرآن)

صاحب تفسیر حقانی لکھتے ہیں:

”بشر المنافقين الخ اس میں منافقین کی طرف بھی اشارہ ہے کہ جو دنیا کے مقابلہ میں دین کی کچھ بھی پروا نہیں کرتے کبھی کرسٹان (کرسچن) کبھی مسلمان الذین یتخذون الکافرین اولیاء ...... الخ میں ان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

منافقوں کا شیوہ بیان فرماتا ہے کہ وہ کفار و مشرکین کا جاہ و حشم (یعنی رعب، داب، قوت اور ہیبت) دیکھ کر ان سے جا ملتے ہیں اور ان کو اس لئے یار بناتے ہیں کہ ہم کو عزت و شوکت حاصل ہوگی، مدینہ کے منافق ایسا کیا کرتے تھے یہود کے پاس جا کر اسلام سے نفرت اور اس پر تمسخر کرتے تھے جیسا کہ آگے آتا ہے اور اس سے مقصد یہ تھا کہ ان باتوں سے یہ مخالفین ہم کو اپنا سچا دوست سمجھ کر ہماری عزت کیا کریں گے۔" (تفسیر حقانی)

مخالفت پورے اسلام کی ہو یا اسلام کے کسی ایک فریضے کی۔ کافروں کے ہاں عزت پانے کے شوق میں ان سے یاریاں کرنا اور انہیں یہ باور کرانا کہ ہم تمہارے سچے اور وفادار دوست ہیں کبھی مسلمانوں کا شیوہ نہیں ہو سکتا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## ساری عزت اللہ تعالیٰ ہی کے قبضہ میں ہے

"کیا (یہ منافق) کافروں کے پاس عزت تلاش کرتے ہیں، عزت تو ساری اللہ ہی کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ خود عزیز ہے وہ جس کو چاہے عزت دے اور جس کو چاہے ذلت دے۔ کافروں کی ذرا سی مال و جائیداد اور جتھہ کی جو عزت نظر آ رہی ہے اس کی کچھ حیثیت نہیں، اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جو عزت دے گا اس کے سامنے یہ کچھ بھی نہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو عزت دی وہ سب کافر ذلیل ہوئے جنہوں نے ایمان قبول نہیں کیا اور منافقین نے بھی ان کے ساتھ ذلت اٹھائی۔ کافر زیر ہوتے چلے گئے اور اہل اسلام کا غلبہ ہوتا گیا اور ممالک فتح ہوتے چلے گئے یہ تو دنیا میں ہوا اور آخرت میں تو ہر کافر کے لئے "عذاب مھین" (ذلیل کرنے والا عذاب) مقرر ہے ہی۔ دنیا میں جو اب مسلمانوں کی بدحالی ہے وہ اس لئے ہے کہ عمومی طور پر مسلمانوں نے ایمان کے تقاضوں کو اور ایمان کے مطالبات کو چھوڑ دیا ہے ہر مسلمان پر لازم ہے کہ اسلام کو سب سے بڑی عزت سمجھے اور اللہ تعالیٰ ہی سے عزت مانگے اور مسلمانوں کی دوستی ہی میں عزت سمجھے، مسلمان ہوتے ہوئے کافروں سے دوستی کرنے میں یا ان کے اعمال و اخلاق اختیار کرنے میں یا ان کی شکل و صورت اور وضع قطع اختیار کرنے میں عزت نہ سمجھے، جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ہاں ذلیل ہیں ان کے ساتھ یا ان جیسا ہونے میں عزت نہیں ہے۔" (انوار البیان)

## کافروں کا لباس اور فیشن

"فقہاء نے آیت سے (یہ مسئلہ) نکالا ہے کہ منکروں اور کافروں سے بلا ضرورت میل جول، خلا ملا، ان کی وضع قطع بلا ضرورت بنانا، ان کا فیشن اختیار کرنا، ان کے لباس، تمدن و معاشرت کو فخر و عزت کی چیز سمجھنا، سب داخل نفاق ہے۔" (تفسیر ماجدی)

## نفاق سے حفاظت

نفاق سے حفاظت کے چند طریقے معلوم ہوگئے۔

1. کافروں سے یاری نہ کی جائے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ کافروں کی طاقت اور دنیاوی ترقی سے مرعوب نہ ہوا جائے۔

❸ کافروں کو معزز نہ سمجھا جائے۔

❹ عزت کا مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے اس بات کا پختہ عقیدہ رکھا جائے۔

❺ دنیاوی عزت کے شوق میں مبتلا ہونے کی بجائے اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول ہونے کی فکر اپنے دل میں پیدا کی جائے۔(واللہ اعلم بالصواب)

جہاد فی سبیل اللہ ان تمام طریقوں کا جامع ہے۔(واللہ اعلم بالصواب)

## بے استقلالی کے دو اور برے نتیجے

دوسرا نتیجہ یہ نکلے گا کہ یہ لوگ بجائے مؤمنوں کے دشمنانِ اسلام سے دوستی رکھیں گے۔(أیبتغون) تیسرا نتیجہ یہ ہوگا کہ کفار سے عزت کے خواہاں ہوں گے۔(حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَۃُ النِّسَاءِ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۱۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ

اور اللہ تعالیٰ نے تم پر قرآن میں حکم اتارا ہے کہ جب تم اللہ تعالیٰ کی آیتوں

اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى

پر انکار اور مذاق ہوتا سنو تو ان کے ساتھ نہ بیٹھو یہاں تک کہ

يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ

کسی دوسری بات میں مشغول ہوں ورنہ تم بھی انہی جیسے ہو جاؤ گے

اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ﴿١٤٠﴾

اللہ تعالیٰ منافقوں اور کافروں کو جہنم میں ایک ہی جگہ اکٹھا کرنے والا ہے

### خلاصہ

اے مسلمانو! اللہ تعالیٰ پہلے قرآن شریف میں تم پر حکم بھیج چکا ہے کہ جس مجلس میں اللہ تعالیٰ کے احکام کا انکار اور تمسخر کیا جاتا ہو وہاں ہرگز نہ بیٹھو ورنہ تم بھی انہی جیسے ہو جاؤ گے۔

### ایک اہم حکم

اس سے معلوم ہو گیا کہ جو شخص مجلس میں اپنے دین پر طعن اور عیب سنے اور پھر انہی میں بیٹھا سنا کرے (یعنی دین اور اس کے احکامات کے خلاف باتیں سنتا رہے) اگرچہ آپ (یعنی خود) کچھ نہ کہے (تو) وہ منافق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

### بے استقلالی کا چوتھا نتیجہ

چوتھا نتیجہ یہ ہو گا کہ انہیں کفر آیات اللہ تعالیٰ اور آیات الٰہی پر تمسخر سن کر خاموش رہنا پڑے گا۔ آخرت میں یہ کفار کے ساتھ جہنم میں ہوں گے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### غور فرمائیں

اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار اور مذاق۔ کافروں اور منافقوں کا شیوہ ہے آج بھی کافر اللہ تعالیٰ کی ان آیات پر انگلیاں اٹھاتے ہیں جن میں جہاد کا حکم ہے، اسلامی حدود اور سزاؤں کا بیان ہے اور کافروں کی دوستی سے ممانعت ہے۔ وہ ایسے جلسے، سیمینار اور مذاکرے منعقد کرتے ہیں جن میں ان احکام الٰہی کے خلاف باتیں ہوتی ہیں۔ مسلمانوں کو روکا گیا کہ وہ ہرگز ایسی مجالس میں شریک نہ ہوں۔ ورنہ ان کا شمار بھی منافقوں کے ساتھ ہو گا۔ ہاں اگر ان باتوں کی تردید

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کے لئے شریک ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## نفاق سے حفاظت

نفاق سے حفاظت کا بہت اہم اصول اور طریقہ ارشاد فرما دیا کہ کفار و منافقین کی وہ باتیں سنی اور پڑھی ہی نہ جائیں جن میں وہ اسلام یا اس کے کسی بھی حکم کا انکار کرتے ہیں یا اس کی شان کم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر مسلمان اس اصول پر سختی سے عمل کریں تو وہ بہت مضبوط اور طاقتور ہو سکتے ہیں اور وہ اس فکری جنگ کی مار سے بچ سکتے ہیں۔ جو ہر زمانے کے کافر اور منافق اپنی زبانوں اور ذرائع ابلاغ کے ذریعے بھڑکاتے ہیں۔ ٹی وی، سینما، کیبل، کمپیوٹر، ریڈیو، اخبارات، سیمینار ان سب کے بارے میں واضح اصول اس آیت میں آگیا۔ آجکل یہ سب ذرائع ابلاغ پردے سے لیکر جہاد تک اسلام کے ہر حکم کو کمزور کرنے کی محنت میں لگے ہوئے ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۴۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا

وہ منافق جو تمہارے متعلق انتظار کرتے ہیں پھر اگر تمہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتح ہو تو کہتے ہیں

اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا

کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے اور اگر کافروں کو کچھ حصہ مل جائے تو کہتے ہیں

اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ فَاللّٰهُ

کیا ہم تم پر غالب نہ آنے لگے تھے اور کیا ہم نے تمہیں مسلمانوں سے بچا نہیں لیا سو اللہ تعالیٰ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ

تمہارا اور ان کا قیامت میں فیصلہ کرے گا اور اللہ تعالیٰ کافروں کو

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾

مسلمانوں کے مقابلہ میں ہرگز غالب نہیں کرے گا

## خلاصہ

یہ منافق تمہارے حالات پر نظر رکھتے ہیں، پھر اگر تمہیں فتح مل جائے تو تمہارے بن جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھی نہیں تھے؟ اور اگر کافروں کو لڑائی میں ظاہری غلبہ مل گیا تو ان کے بن جاتے ہیں اور انہیں کہتے ہیں کہ کیا ہم نے تمہیں گھیر نہ لیا تھا؟ اور تمہاری حفاظت نہیں کی تھی۔ اور کیا ہم نے تمہیں مسلمانوں کے ہاتھ سے نہیں بچایا؟ اصل فیصلہ تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا مگر یہ بات یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو (دنیا میں بھی) مسلمانوں پر مکمل غلبہ ہرگز نہیں دے گا۔

## اقوال وحوالے

**❶ منافقین کی پوری حقیقت بے نقاب:**

”منافقین کی پوری ذہنیت آشکارا و بے نقاب کی جارہی ہے ان لوگوں کا بھی عجب حال تھا، جب جنگ چھڑتی تو منافقین کا گروہ لشکر اسلامی کے ساتھ ہوتا! گرچہ کافروں سے قتال نہ کرتا یا برائے نام ہی کرتا تو اگر مسلمانوں کی فتح ہوجاتی تو یہ مسلمانوں کے پاس آکر اپنی شرکت، معیت اور رفاقت کا حق جتلاتے اور مال غنیمت وغیرہ سے اپنا حصہ طلب کرتے لیکن اگر اس کے برعکس کبھی اتفاق سے کافروں ہی کے ہاتھ میدان رہتا تو یہ جھٹ ان کے پاس جاکر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اپنا احسان رکھتے کہ دیکھو فلاں موقع پر لشکر اسلام کا پلہ بھاری ہو رہا تھا اور تم شکست کھانے ہی کو تھے کہ ہم آڑے آگئے ہم نے اپنی کوشش اور تدبیر سے تمہارا پلہ وزن دار کرا دیا اور ہاری ہوئی لڑائی جتا دی تو اب ہمارا حصہ دلواؤ۔ حربی کافروں سے مسلمانوں کی مخبری کرنا، جاسوسی کرنا سب اسی کے تحت آجاتا ہے۔" (تفسیر ماجدی)

**۲ خفیہ معلومات کا تبادلہ کرنے والے:**

مسلمانوں کے خلاف لڑنے والے اور کافروں سے خفیہ معلومات کا تبادلہ کرنے والے۔ اس آیت مبارکہ اور مذکورہ بالا عبارات پر غور کریں۔

**۳ بے استقلالی کا پانچواں نتیجہ:**

پانچواں نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلمانوں کی شکست کو خوشی کی نگاہ سے دیکھیں گے ولن یجعل اللہ للکافرین علی المومنین سبیلا (جملہ معترضہ) عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے بعد ایک سو سال کی تاریخ پڑھ کر دیکھئے کہ اسلام نے ہم پر بال برابر بھی ظلم نہ کیا بلکہ ہم نے اسلام کو چھوڑا اور ہماری حکومت چھن گئی۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

**۴ ابن الوقت مفاد پرست:**

"وہ الگ تھلگ رہ کر واقعات کی رفتار دیکھتے رہتے ہیں اگر مسلمانوں کو فتح ہوتی ہے تو فتح کے فائدوں میں حصے دار بن جاتے ہیں اور کہتے ہیں ہم بھی تمہارے ساتھ تھے، اگر دشمنوں کا پلہ بھاری رہتا ہے تو ان سے جا ملتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر لڑائی میں ہم دل سے تمہارے ساتھ نہ ہوتے اور تمہیں نہ بچاتے تو مسلمانوں نے تمہارا خاتمہ ہی کر دیا تھا۔" (ترجمان القرآن)

یہاں تک آیت کے پہلے حصے کا مفہوم سمجھا دیا گیا اب آیئے آیت کے آخری حصے ولن یجعل اللہ للکافرین علی المومنین سبیلا کے مفہوم کی طرف۔ پہلے اس الٰہی جملے کے چند ترجمے ملاحظہ فرمائیں:

ولن یجعل اللہ للکافرین علی المؤمنین سبیلاً۔

**ترجمہ**

۱ اور ہرگز نہ دے گا اللہ تعالیٰ کافروں کو مسلمانوں پر راہ (حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ)

۲ اور ہرگز نہ دے گا اللہ تعالیٰ کافروں کو مسلمانوں پر غلبہ کی راہ۔ (حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ)

۳ (قیامت کے فیصلہ میں) ہرگز اللہ تعالیٰ کافروں کو مسلمانوں پر غالب نہ فرمائیں گے۔ (حضرت تھانوی رحمہ اللہ)

۴ اور (وہاں) اللہ تعالیٰ کافروں کو مسلمانوں کے مقابلے میں ہرگز غالب نہیں کرے گا۔ (حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## دنیا یا آخرت

حضرات مفسرین کے اس میں اقوال ہیں بعض کے نزدیک مراد اس سے آخرت کا غلبہ ہے۔ تب مضمون جہادیوں ہوگا کہ مسلمان آخرت کی کامیابی کے بارے میں مطمئن ہو کر کامیابی والے راستے جہاد کو اختیار کریں۔ دراصل

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

منافقین اس بات کا شبہ ڈالتے تھے کہ آخرت کا کیا پتہ؟ ہوگی یا نہیں؟ ہوئی بھی تو پھر کیا پتہ کس کو کامیابی ملے گی۔ مسلمانوں سے کامیابی کا پختہ وعدہ کر کے انہیں ایک زبردست ایمانی قوت دے دی گئی۔

بعض مفسرین کے نزدیک مراد دنیا کا غلبہ ہے تب مطلب یہ ہوگا کہ کوئی بھی کفریہ طاقت مسلمانوں پر اس طرح سے غالب نہیں آسکتی کہ وہ انہیں جڑ سے ہی اکھاڑ دے اور ان کا خاتمہ کر دے۔ یا مطلب یہ ہوگا کہ مسلمان جب فتح ونصرت کی تمام شرطوں کو پورا کریں گے تو ان پر کفار غالب نہیں آسکتے۔ بعض مفسرین کے نزدیک غلبہ سے مراد حجت اور دلیل کا غلبہ ہے جو ظاہر ہے کہ اہل اسلام کو ہر زمانے میں حاصل رہا ہے۔ اب چند حوالے ملاحظہ فرمائیں۔

**① مسلمانوں کا خاتمہ نہیں کر سکتے:**

یعنی اللہ تعالیٰ تم میں اور ان میں "حکم فیصل" فرما دے گا کہ تم کو جنت دے گا اور ان کو جہنم میں ڈالے گا دنیا میں جو کچھ ان سے ہو سکے کر دیکھیں مگر اہل ایمان کی بیخ کنی ہرگز نہیں کر سکیں گے جو ان کی دلی تمنا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**② بشرطیکہ اسلام پر قائم رہیں:**

اور آئندہ وعدہ فرماتا ہے کہ کافروں کو مسلمانوں پر خدا کبھی سبیل یعنی غلبہ کی حجت اور فتح میں کوئی رستہ نہیں نکالے گا بشرطیکہ مسلمان اسلام پر قائم رہیں۔ (تفسیر حقانی)

**③ قیامت کا غلبہ:**

فقال علی رضی اللہ عنہ: معنیٰ ذلک یوم القیمۃ یوم الحکم۔ (القرطبی)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن کے فیصلے میں کافروں کو مسلمانوں پر کوئی غلبہ نہیں ملے گا۔

**④ دنیا میں کفر کا مکمل غلبہ نہیں ہوگا**

الثانی أن اللہ لا یجعل لهم سبیلا یمحو به دولة المومنین، ویذهب آثارهم ویستبیح بیضتهم کما جاء فی صحیح مسلم من حدیث ثوبان رضی اللہ عنه عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال:

وانی سئلت ربی الا یهلکها بسنة عامة والا یسلط علیهم عدوا من سوی انفسهم فیستبیح بیضتهم وان ربی قال یا محمد انی اذقضیت قضاۃ فانه لایرد وانی قد اعطیتك لامتك لا اهلکهم بسنة عامة والا اسلط علیهم عدوا من سوی انفسهم فیستبیح بیضتهم ولوا جتمع علیهم من بأقطار ها حتیٰ یکون بعضهم یهلك بعضا ویسبی بعضهم بعضاً (قرطبی)

یعنی دوسرا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کافروں کو ایسا راستہ نہیں دے گا کہ مسلمانوں کے ملک کو بالکل مٹا دیں اور ان کے آثار ختم کر دیں اور ان کی جڑ کاٹ دیں جیسا کہ صحیح مسلم میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی روایت میں آیا ہے کہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

میں نے اپنے رب سے دعاء کی کہ وہ میری امت کو عمومی قحط سے ہلاک نہ فرمائے اور ان پر ان کے باہر سے کوئی ایسا دشمن مسلط نہ کرے جو ان کی جڑ کاٹ دے۔ میرے رب نے فرمایا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! میری تقدیر کو ٹالا نہیں جاسکتا میں نے آپ کو آپ کی امت کے لئے یہ انعام دیا کہ میں انہیں عمومی قحط سے ہلاک نہیں کروں گا اور نہ ان پر ان کے باہر سے کوئی ایسا دشمن مسلط کروں گا جو ان کی جڑ کاٹ دے۔

اگرچہ تمام اہل زمین ان کے خلاف جمع ہو جائیں۔

یہاں تک کہ (امت کے لوگ خود) ایک دوسرے کو ہلاک کرنے لگیں اور ایک دوسرے کو قید کرنے لگیں۔ (قرطبی)

**۵ جب مسلمان خود اپنے دشمن بن جائیں:**

ان الله سبحانه لايجعل للكافرين على المؤمنين سبيلاً منه الا ان يتواصوا بالباطل ولا يتناهوا عن المنكر ويتقاعدوا عن التوبة فيكون تسليط العدو من قبلهم۔ (القرطبی)

یعنی اللہ تعالیٰ کافروں کو مسلمانوں پر غلبہ نہیں دے گا مگر جب مسلمان ایک دوسرے کو برائیوں کی دعوت دینے لگیں۔ نہی عن المنکر چھوڑ دیں اور توبہ کرنا بند کردیں۔ تب ان پر دشمن کا مسلط ہونا خود ان کی اپنی وجہ سے ہوگا۔

## نفاق سے حفاظت

اس آیت سے اشارۃً نفاق سے بچنے کا یہ طریقہ بھی معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو جہاد اور مجاہدین کے ساتھ اپنی حمایت، نصرت اور تائید صرف فتح کے حالات تک محدود نہیں رکھنی چاہئے۔ بلکہ فتح ہو یا ظاہری شکست عام مسلمان جہاد اور مجاہدین کے ساتھ جڑے رہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## کلام برکت

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ اس آیت پر یہ قیمتی جملہ تحریر فرماتے ہیں:

اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص راہ حق میں ہو اور گمراہوں سے بھی بنائے رکھے یہ بھی نفاق ہے۔ (موضح القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَۃُ النِّسَاءِ مَدَنِیَّۃٌ — آیت ۱۴۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَإِذَا قَامُوْٓا إِلَى

منافق چالبازی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ سے حالانکہ اللہ تعالیٰ اس چال کی سزا ان کو دینے والے ہیں اور جب وہ

الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ

نماز میں کھڑے ہوتے ہیں تو سست بن کر کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو

اللّٰهَ إِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ ۙ

بہت کم یاد کرتے ہیں

### خلاصہ

منافق اپنے گمان میں اللہ تعالیٰ کو فریب دیتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ ان کے اس فریب کی سزا ان کو دینے والا ہے اور چونکہ ان کے دل میں ایمان نہیں ہے اس لئے نماز میں بہت سستی سے کھڑے ہوتے ہیں۔ صرف لوگوں کو دکھانا مقصود ہوتا ہے۔ یعنی پکے ریاکار ہیں اور اللہ تعالیٰ کو بہت کم یاد کرتے ہیں۔

### اقوال وحوالے

**❶ منافقین کی حماقت:**

"یعنی اپنے اسلام کا جھوٹا اقرار کر کے اللہ تعالیٰ تک کو دھوکا دینا چاہتے ہیں اور اپنے حمق سے یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ جس طرح دنیا میں ان کے ساتھ معاملہ ہو رہا ہے اسی طرح آخرت میں بھی ہوگا۔" (تفسیر ماجدی)

**❷ منافقین کو نڈر نہیں ہونا چاہیے:**

"فرمایا خدا انہیں دھوکا دینے میں ہرا رہا ہے اور مغلوب کر رہا ہے، خدا کے ہرانے اور مغلوب کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خدا نے دنیا میں اچھوں کی طرح بروں کو بھی مہلت دے رکھی ہے مگر یہ مہلت اس لئے نہیں ہے کہ خدا کا قانون ان کی طرف سے غافل ہے بلکہ اس لئے ہے کہ ہر عمل کا نتیجہ اپنے مقررہ وقت ہی پر ظاہر ہوا کرتا ہے لیکن شریر آدمی اس مہلت سے نڈر ہو جاتا ہے وہ سمجھتا ہے میں جو کچھ بھی کئے جاؤں میرے لئے کچھ ہونے والا نہیں، حالانکہ اس کے لئے سب کچھ ہونے والا ہے مگر اپنے مقررہ وقت پر۔" (ترجمان القرآن)

**❸ منافقین کے تین امراض:**

"اس آیت میں منافقین کے تین امراض کا ذکر ہے خداع (دھوکا) کسل (سستی) ریاء۔" (حاشیہ حضرت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لاہوری رحمہ اللہ)

## قرآن پاک کا اعجاز

جہاد کے دشمن، کافروں کے دوست اور دنیا کی زندگی کو مقصد بنا کر اسلام اور مسلمانوں کو رسوا کرنے والے منافق کیسے ہوتے ہیں؟ قرآن پاک نے خوب نقشہ کھینچا ہے۔ اس آیت میں فرمایا گیا کہ ان کا نماز کے ساتھ معاملہ بہت ظالمانہ ہوتا ہے۔ نماز قائم نہیں کرتے، مجبوراً لوگوں کو دکھانے کے لئے بس گذارے کی حد تک کچھ نمازیں ریاکاری، بے رغبتی اور غفلت کے ساتھ پڑھ لیتے ہیں اور بس۔ حالانکہ یہی لوگ جب خود کو مسلمان ثابت کرنے پر آتے ہیں تو ان کی زبانیں قینچیوں کی طرح چلتی ہیں۔ مگر اسلام کی سب سے ضروری اور اہم علامت نماز سے ان کا تعلق بس اتنا ہوتا ہے جتنا اس آیت مبارکہ میں بیان فرمایا گیا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## نفاق سے حفاظت

نفاق سے حفاظت کا ایک اہم اصول معلوم ہوا کہ اپنی نماز کو پختہ، مضبوط اور درست کیا جائے یعنی اقامت صلوٰۃ کی شان حاصل کی جائے جو ایک مومن کی شان ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۱۴۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ

کفر اور ایمان کے درمیان ڈانواں ڈول ہیں نہ پورے اس طرف ہیں اور نہ پورے اس طرف

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾

اور جسے اللہ تعالیٰ گمراہ کردے تو اس کے واسطے ہرگز کہیں راہ نہ پائے گا

### خلاصہ

منافقین تو بالکل تردد اور حیرت میں گرفتار ہیں نہ ان کو اسلام پر اطمینان ہے نہ کفر پر سخت پریشانی میں مبتلا ہیں کبھی ایک طرف جھکتے ہیں کبھی دوسری طرف۔ حالات اچھے رہیں تو مسلمان، مصیبت، خوف اور ڈر آجائے تو کافروں کے ساتھی۔ یا زبان سے مسلمان اور دل سے کافروں کے ساتھ۔ عجیب دردناک حالت ہے۔

### اقوال و حوالے

**❶ آندھی کے لاوارث پتے:**

"یعنی وہ (منافق) حیرت اور شک میں ہیں جب اسلام کی روشنی نظر آتی ہے تو اسلام کو حق جان کر اس کی طرف مائل ہوجاتے ہیں اور جب کسی ظاہری مصیبت اور فقر و فاقہ کی گھٹا اور آندھی آجاتی ہے تو اس کے فوائد پر نظر نہیں کرتے بلکہ اس کی گرج اور کڑک کے اندیشوں سے انکار کی انگلی قبولیت اور یقین کے کانوں میں رکھ لیتے ہیں۔ بے شک جب تک انسان کو نور یقین حاصل نہ ہو وہ آندھی میں پر کی طرح ادھر ادھر اڑتا ہے اور ڈانواں ڈول رہتا ہے یہ سخت بلا ہے۔ بے شک جو تردد اور شک کے اس بیابان میں پڑا تو ایسا ہی گمراہ ہوا کہ اس کا کوئی ہادی نہیں۔" (خلاصہ حقانی)

**❷ منافقین کا چوتھا مرض:**

منافقین کے چوتھے مرض تذبذب کا ذکر ہے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### نفاق سے حفاظت

ظاہری فتح شکست، ظاہری خوشی اور مصیبت، اور دنیا کے ظاہری حالات کو کامیابی یا ناکامی اور حق و باطل کا معیار نہ سمجھا جائے تو بہت حد تک نفاق کے اثرات سے حفاظت رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی تقدیر پر ایمان مضبوط ہوتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّة — آیت ۱۴۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | ایمان | والو! | مسلمانوں | کو | چھوڑ | کر | کافروں | کو | اپنا | دوست | نہ | بناؤ |

الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا | تم | اپنے | اوپر | اللہ | تعالیٰ | کا | صریح | الزام | لینا | چاہتے | ہو |

### خلاصہ

مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں سے دوستی کرنا نفاق کی دلیل ہے جیسا کہ منافقین کرتے ہیں پس اے مسلمانو! تم ایسا ہرگز مت کرنا ورنہ اللہ تعالیٰ کا صریح الزام اور پوری حجت تم پر قائم ہو جائے گی کہ تم بھی منافق ہو۔ (مفہوم عثمانی)

### اقوال و حوالے

**❶ مسلمانوں کو تنبیہ:**

"جب اللہ تعالیٰ نے منافقوں کے اوصاف بیان فرما دیئے تو اس کے بعد مسلمانوں کو ان کی عادات اپنانے سے صراحتاً منع فرما دیا **یا ایہا الذین امنوا** کہ اے ایمان والو تم کفار کو دوست نہ بناؤ اور نہ ان منافقوں کو منہ لگاؤ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ سے محبت نہیں رکھتے ان کی محبت تم کو غفلت اور دنیا کی خواہش کی طرف کھینچے گی اور ایک دل دو طرف نہیں رہتا۔ تم اللہ تعالیٰ سے غافل ہو جاؤ گے تب تم پر اللہ تعالیٰ کی محبت چھوڑنے کا الزام ثابت ہو جائے گا۔" (مفہوم حقانی)

**❷ اسلام کے دشمنوں سے یاری:**

اعدائے اسلام (منافق ہوں یا کافر) سے دوستی نہ رکھو ورنہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر الزام عائد ہوگا۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

امام رازی رحمہ اللہ نے بھی یہ دونوں قول لکھے ہیں کہ مراد کافروں سے یاری ہے یا منافقوں سے۔ ملاحظہ فرمائیں تفسیر کبیر۔

### نفاق سے حفاظت

اس آیت میں بالکل صراحت کے ساتھ نفاق سے حفاظت کا اہم اصول بتایا گیا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سُورَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۴۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾

بے شک منافق جہنم کے سب سے نیچے درجہ میں ہوں گے اور تو ان کے واسطے ہرگز نہ پائے گا کوئی مددگار

## خلاصہ

جہنم میں منافقوں پر کافروں سے بھی زیادہ سخت عذاب ہوگا کہ وہ جہنم کے سب سے نچلے یعنی سخت طبقے میں ہوں گے۔ اور وہاں ان کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔ (العیاذ باللہ)

## اقوال وحوالے

### ❶ مسلمانوں کو زیادہ نقصان پہنچانے کی وجہ سے:

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

**لما کان المنافق اشد عذابا من الکافر لانہ مثلہ فی الکفر الخ۔**

یعنی منافق کو کافر سے زیادہ سخت عذاب دیئے جانے کی ایک وجہ یہ ہے کہ منافق کافر بھی ہے اور اس نے اس کے ساتھ کفر کی ایک اور قسم کو بھی ملا لیا ہے اور وہ ہے اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ تمسخر، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ منافق چونکہ خود کو مسلمان ظاہر کرتے ہیں اس لئے وہ مسلمانوں کے رازوں پر مطلع ہو سکتے ہیں پھر وہ یہ راز کافروں کو بتا دیتے ہیں۔ اس لئے انہیں کافروں سے زیادہ سخت عذاب دیا جاتا ہے۔ (التفسیر الکبیر)

### ❷ تفسیر قرآن کو بدلنے والے:

"منافق جہنم کی سب سے نچلی تہ میں ہوں گے یعنی سخت عذاب میں مبتلا ہوں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ کفار چونکہ ظاہر و باطن میں منکر اور مخالف ہیں ان سے اسلام کو اس قدر نقصان نہیں جس قدر ان منافقین سے ہے۔ دیکھئے بہت سے ایسے خبیثوں سے جو در پردہ کافر و بے دین اور ظاہر میں مسلمان ہیں کس قدر اسلام کو مضرت پہنچی ہے ہزاروں بدعتیں انہیں کی ایجاد ہیں اور تاویلات رکیکہ (یعنی غلط تاویلیں) کر کے بھی قرآن کو الٹ پلٹ کرتے ہیں۔" (مفہوم تفسیر حقانی)

### ❸ اُخروی سزا:

منافقین کی اُخروی سزا کا ذکر۔ ان کا درجہ کفار سے بھی بدتر ہے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

**④ لوہے کے صندوق:**

امام قرطبی رحمہ اللہ نے الدرك الاسفل کا معنی حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ نقل فرمایا ہے:

**توابیت من حدید مقفلة فی النار تقفل علیهم۔ (القرطبی)**

یہ آگ میں لوہے کے صندوق ہیں جن میں انہیں ڈال کر بند کر دیا جائے گا۔

**⑤ سات درجے:**

امام قرطبی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ جہنم کے سات طبقے ہیں: ① جہنم ② لظی ③ حطمہ ④ سعیر ⑤ سقر ⑥ جحیم ⑦ الہاویہ

منافق کو "ہاویہ" میں ڈالا جائے گا۔

**لغلظ کفره، وکثرة غوائله وتمكنه من اذى المؤمنين۔**

کیونکہ اس کا کفر بہت سخت ہے، اور اس کی گمراہی بہت زیادہ ہے، اور وہ مسلمانوں کو ستانے کی زیادہ قدرت رکھتا ہے۔ (القرطبی)

**⑥ دنیا میں تلوار سے بچا رہا:**

**انما كان المنافق اشد عذابا من الكافر لانه امن السيف فى الدنيا فاستحق الدرك الاسفل فى العقبىٰ تعديلاً۔ (المدارك)**

منافق کو کافر سے زیادہ سخت عذاب اس لئے ہوگا کہ وہ دنیا میں مسلمانوں کی تلوار سے بچا رہا پس سزا میں برابری کے لئے وہ جہنم کے سب سے نچلے حصے کا مستحق ہوا۔

**⑦ کوئی مددگار نہیں:**

آیت کے آخری حصے میں فرمایا گیا کہ **ولن تجد لهم نصيرا** کہ قیامت کے دن ان کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔ منافق دنیا میں اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر یہاں کے امن و عزت کے لئے ہر دشمن اسلام کو اپنا مددگار بناتا تھا۔ پس قیامت کے دن وہ لاوارث اور اکیلا چھوڑ دیا جائے گا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

**دعاء**

یا اللہ ہماری نفاق سے بھی حفاظت فرما اور جہنم سے بھی۔ اور ہمیں نفاق اور جہنم کے شر سے اپنی مضبوط پناہ عطا فرما۔

(آمین یا ارحم الراحمین)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۴۶، ۱۴۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ

مگر جنہوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کی اور اللہ تعالیٰ کو مضبوط پکڑا اور اپنے دین کو خالص

لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ

اللہ تعالیٰ ہی کیلئے کیا تو وہ لوگ ایمان والوں کے ساتھ ہیں اور اللہ تعالیٰ جلدی ایمان والوں کو

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ

بہت بڑا ثواب دے گا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں سزا دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر گزار بنو اور ایمان لے آؤ

وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

اور اللہ تعالیٰ قدردان جاننے والا ہے

### خلاصہ

منافقین کے لئے جہنم اور ناکامی سے بچنے اور کامیاب مسلمانوں کی جماعت میں شامل ہونے کا موقع موجود ہے شرط یہ ہے کہ۔

(۱) وہ کفر ونفاق سے توبہ کرلیں۔ (۲) اور اپنے برے اور منافقانہ اعمال کی اصلاح کرلیں (۳) اور اللہ تعالیٰ کی پناہ اور سہارے کو مضبوط پکڑیں۔ یعنی کافروں کی پناہ اور مدد پر بھروسہ کرنا چھوڑ دیں۔ (۴) اور یہ سارے کام صرف خالص اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے کریں۔ ان چار کاموں کو اپنانے سے وہ ایمان والوں میں شامل ہوجائیں گے اور اس اجر عظیم کے مستحق بن جائیں گے جو اللہ پاک آخرت میں ایمان والوں کو دے گا۔ یعنی کہاں جہنم کا تحت ترین طبقہ اور کہاں اجر عظیم؟ اور اللہ تعالیٰ تو خوب قدردان ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا ہے تم اگر شکر گزاری اور ایمان اختیار کرو تو وہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا۔

### اقوال وحوالے

**(۱) توبہ کا دروازہ کھلا ہے:**

ہاں جو تائب ہوجائیں وہ مخلص جماعت میں شامل کرلیے جائیں گے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

**(۲) چار شرطیں:**

”اس کے بعد ان کے لئے توبہ کی ترغیب اور اس پر معافی کا وعدہ دیتا ہے الا الذین تابوا مگر چار باتیں شرط

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہیں اول تابوا کہ سچے دل سے توبہ کریں دوم اصلحوا کہ نیک وتقی اختیار کریں جو کچھ علم وعمل میں فساد ہے اس کی اصلاح کریں سوم واعتصموا باللہ کہ اللہ تعالیٰ کو مضبوط پکڑیں یعنی اس کے دشمنوں اور دین کے مخالفوں کو چھوڑ کر اس کی ذات پر تکیہ (بھروسہ) کریں چہارم واخلصوا دینهم کہ خلوص اور صدق نیت پیدا کریں۔" (مفہوم حقانی)

**❸ کافروں کی یاری لازماً چھوڑنی ہوگی:**

واعتصموا باللہ اور اس اعتصام باللہ کے تحقق کے لئے کافروں کی رفاقت کا ترک لازمی ہے۔ (تفسیر ماجدی)

## فائدہ

آخری آیت میں توبہ کو مضبوط رکھنے کا طریقہ بیان فرمایا کہ شکر گزاری اور ایمان کا راستہ اختیار کرو تو پھر عذاب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا احساس، ان کی قدردانی، ان کا صحیح استعمال۔ یہ ہے شکر گزاری کی کیفیت۔ شکر کو ایمان سے پہلے اس لئے لایا گیا کہ نعمت سے ذہن منعم (نعمت دینے والے) کی طرف منتقل ہوتا ہے۔ انسان جب اللہ تعالیٰ سے راضی رہتا ہے، اس کی تقدیر پر مطمئن رہتا ہے تو ایسے انسان سے اللہ تعالیٰ بھی راضی ہوتا ہے۔ نفاق ناشکری اور بے یقینی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور انسان کو جہنم میں لے جاتا ہے جبکہ شکر انسان کو ایمان تک اور اللہ تعالیٰ کی رضا اور جنت تک لے جاتا ہے۔

پس آیت (۱۴۶) میں منافق کے لئے توبہ کا نصاب اور آیت (۱۴۷) میں توبہ کی حفاظت اور استقامت کا طریقہ بتا دیا گیا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دعاء

اللهم انا نسئلك ايمانا دائما و نسئلك قلباً خاشعا ونسئلك علما نافعا ونسئلك يقينا صادقا ونسئلك دوام العافية ونسئلك الشكر على العافية ونسئلك الغني عن الناس۔ آمين ياالاكرم الاكرمين۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُورَةُ

# المائدة

مدنية

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# ابتدائیہ

اس تالیف میں **سورۃ المائدہ** کی درج ذیل
بیس آیات کے مضامین جہاد کو بیان کیا گیا ہے:

آیت ۲

آیت ۳

آیات ۱۱ تا ۱۳

آیات ۲۰ تا ۲۶

آیت ۳۵

آیات ۵۱ تا ۵۶

آیت ۸۲

اور درج ذیل آٹھ (۸) آیات میں مضامین جہاد
کی طرف اشارات موجود ہیں:

۵۷ تا ۶۳

۶۷

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## بیس آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ

آیت (۲) انتقام میں حدود سے تجاوز نہ کرو

آیت (۳) کافر اس دین کے مغلوب ہونے سے مایوس ہو چکے ہیں۔ فتح مکہ بہت بڑی نعمت ہے۔

آیت (۱۱) اللہ تعالیٰ نے تمہاری حفاظت فرمائی اور تمہیں جہاد میں غلبہ دیا اس نعمت کی قدر کرو اور تقویٰ اور توکل اختیار کرو

آیت (۱۲،۱۳) اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے جہاد کا عہد لیا، انہوں نے اس کی پاسداری نہیں کی تو سزا بھگتی

آیت (۲۰) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اپنی قوم کو جہاد کی دعوت دینا اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد دلانا۔

آیت (۲۱) جہاد نہ کرنے میں خسارہ ہے۔

آیت (۲۲) بنی اسرائیل کا بزدلی کی وجہ سے جہاد سے انکار کرنا اور دشمنوں کی طاقت کو اس کی وجہ بتانا۔

آیت (۲۳) جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہوتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں وہ جہاد سے منہ نہیں موڑتے۔ ایسے ہی دو افراد نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت جہاد کی حمایت کی۔

آیت (۲۴) بنی اسرائیل نے کہا اے موسیٰ تم اور تمہارا رب جا کر جہاد کرو ہم تو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔

آیت (۲۵) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جہاد کے لئے خود کو اور اپنے بھائی کو پیش کر دیا اور قوم سے علیحدگی کی دعا کی۔

آیت (۲۶) جہاد چھوڑنے پر قوم کے لئے اللہ تعالیٰ نے سزا کا اعلان فرما دیا۔

آیت (۳۵) جہاد فی سبیل اللہ فلاح یعنی حقیقی کامیابی کا ذریعہ ہے۔

آیت (۵۱) یہود و نصاریٰ سے یاریاں کرنے والے انہی میں سے ہیں۔

آیت (۵۲) جن کے دلوں میں شک اور نفاق کا مرض ہے وہ دوڑ دوڑ کر یہود و نصاریٰ سے یاریاں کرتے ہیں اور ان کی آغوش میں پناہ ڈھونڈتے ہیں۔ یہ لوگ پچھتائیں گے۔

آیت (۵۳) جب فتح کے بعد منافقین کا نفاق کھلے گا تو مسلمان تعجب کا اظہار کریں گے۔

آیت (۵۴) کسی کے مرتد ہونے سے اسلام کا کچھ نقصان نہیں ہوگا ان کی جگہ اللہ تعالیٰ اپنے ایسے محبوب بندوں کو لے آئے گا جو جہاد فی سبیل اللہ کریں گے

آیت (۵۵) اسلامی عالمی برادری کی تشکیل۔

آیت (۵۶) اس ''اسلامی عالمی برادری'' کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے غلبے کا وعدہ ہے۔

آیت (۸۲) مسلمانوں کے سب سے سخت دشمن یہودی اور مشرک ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## آٹھ آیات میں اشاراتِ جہاد کا خلاصہ

آیت (۵۷) تا (۶۳) پچھلے مضمون جہاد کی مکمل تائید اور دلائل ہیں۔ جبکہ آیت (۶۷) میں اقامت دین کیلئے تبلیغ دین کا حکم ہے۔ جس کے نتیجے میں مخالفت اور جنگ کا امکان ہے تو ساتھ ہی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کا وعدہ فرمادیا گیا۔ اس سے پہلے حارسین رکھے جاتے تھے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دیگر

حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ کے نزدیک آیت (۳۲) میں بھی جہادی مضمون بیان ہوا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ

اے ایمان والوا اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کو حلال نہ سمجھو اور نہ حرمت والے مہینے کو

الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ

اور نہ حرم میں قربانی ہونے والے جانور کو اور نہ ان جانوروں کو جن کے گلے میں پٹے پڑے ہوں اور نہ حرمت

الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا

والے گھر کی طرف آنے والوں کو جو اپنے رب کا فضل اور اس کی خوشی ڈھونڈتے ہیں اور جب

حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ

تم احرام کھول دو پھر شکار کرو اور تمہیں اس قوم کی دشمنی جو کہ تمہیں

صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ

حرمت والی مسجد سے روکتی تھی اس بات کا باعث نہ بنے کہ زیادتی کرنے لگو اور آپس میں نیک کام

وَالتَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

اور پرہیزگاری پر مدد کرو اور گناہ اور ظلم پر مدد نہ کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو

اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۲

بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے

### خلاصہ

اے ایمان والوا اللہ تعالیٰ کے دین کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو۔ اور حرمت والے چار مہینوں میں سے کسی مہینے کی بے حرمتی نہ کرو۔ (پہلے ان مہینوں میں جنگ کی ابتداء کرنا ممنوع تھا۔ اب اگرچہ اس کی اجازت ہے لیکن اگر مشرکین ان مہینوں کی حرمت اور ادب ملحوظ رکھیں تو تم بھی رکھو اور خود حملہ کرنے سے پرہیز کرو اور ان مہینوں میں گناہوں سے بچنے کا زیادہ اہتمام کرو) اور نہ حرم میں قربانی والے جانوروں کی بے حرمتی کرو خواہ ان کے گلوں میں علامتی پٹے ہوں یا نہ ہوں۔

اور نہ ان لوگوں کی بے حرمتی کرو جو اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رضا پانے کے لئے بیت اللہ شریف جا رہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہوں۔ حالت احرام میں خشکی کا شکار بھی منع ہے مگر احرام سے فارغ ہو جاؤ تو حدود حرم کے باہر شکار کی اجازت ہے۔ اور جن لوگوں نے تمہیں (حدیبیہ کے موقع پر) بیت اللہ شریف سے روکا تھا ان کی دشمنی تمہیں شرعی حدود سے تجاوز پر مجبور نہ کر دے۔ یعنی جہاد و قتال میں بھی شرعی امور کی پاسداری کرو اور جوش انتقام میں زیادتی نہ کر بیٹھو۔ نیکی اور تقویٰ کے معاملات میں ایک دوسرے کا تعاون کرو۔ اور گناہ اور ظلم میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔ اور اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ ڈرتے رہو۔ بے شک اس کا عذاب سخت ہے۔

## مضامین جہاد

اس آیت میں کئی مضامین جہاد کا بیان ہے۔

❶ حرمت والے مہینوں میں جنگ کا حکم۔ یہ مسئلہ تفصیل کے ساتھ پہلے گذر چکا ہے۔ اس آیت کے ذیل میں امام ابن کثیر رحمہ اللہ نے عمدہ بحث فرمائی ہے تفسیر ابن کثیر ملاحظہ کر لیں:

❷ مشرکین کا حدود حرم میں داخلہ۔ پہلے اجازت تھی پھر یہ اجازت منسوخ ہو گئی۔ اجازت ولا آمین البیت الحرام سے کئی مفسرین حضرات نے بیان کی ہے کہ جو مشرک سچی نیت سے کعبہ شریف جا رہا ہو تو حدیبیہ کا بدلہ لینے کے لئے اسے نہ روکو۔ پھر سورۃ براءۃ میں اس مسئلے کا اصل قانون بیان ہو گیا۔ فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامهم هذا۔

❸ دشمنی میں حدود سے تجاوز نہ کرو۔ یہ سب سے اہم مضمون ہے کہ مجاہدین دشمنی میں اعتدال سے کام لیں اور جہاد کے اصل مقاصد کو مدنظر رکھیں۔ دشمنی برائے دشمنی اور بدلہ برائے بدلہ کو اپنا طریقہ نہ بنائیں اور جن دشمنوں سے جہاد جاری ہو ان کو اسلامی انصاف سے محروم نہ کریں۔

❹ نیکی اور تقویٰ میں تعاون اور گناہ اور ظلم میں عدم تعاون۔ یہ مسلمانوں کی جماعت اور مجاہدین کا اہم ترین اصول ہونا چاہئے تا کہ دینی قوت ذاتی اغراض کے لئے استعمال نہ ہو بلکہ اللہ تعالیٰ کے دین کی سربلندی، اور اسلام کے غلبے کے لئے استعمال ہو۔ ان چار مضامین کے علاوہ شعائر اللہ کی عام تشریح میں جہاد بھی شامل ہے۔ جہاد بھی اللہ تعالیٰ کے دین کا حکم، حصہ اور نشانی ہے پس جہاد کی بے حرمتی بھی حرام ہے۔ نیز ان صدوکم عن المسجد الحرام میں حدیبیہ کے واقعہ کی طرف واضح اشارہ ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

اب ان تمام مضامین کی تائید کے لئے چند عبارتیں ملاحظہ فرمائیں:

## اقوال و حوالے

❶ حرمت والے مہینے:

ولا الشهر الحرام بالقتال فيه: (جلالین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی حرمت والے مہینے کی بے حرمتی نہ کرو اس میں جنگ شروع کر کے۔

**❸ مشرکین کے حج عمرے:**

**ولا آمین البیت الحرام** اور نہ ان لوگوں کی بے حرمتی کرو جو اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کا فضل پانے کے لئے بیت اللہ شریف کا رخ کریں۔

صاحب تفسیر عثمانی لکھتے ہیں:

بظاہر یہ شان صرف مسلمانوں کی ہے یعنی جو مخلص مسلمان حج وعمرہ کے لئے جائیں ان کی تعظیم واحترام کرو اور ان کی راہ میں روڑے مت اٹکاؤ اور جو مشرکین حج بیت اللہ کے لئے آتے تھے اگر وہ بھی اس آیت کے عموم میں داخل ہوں کیونکہ وہ بھی اپنے زعم اور عقیدہ کے موافق خدا کے فضل، قرب اور خوشنودی کے طالب ہوتے تھے، تو کہنا پڑے گا کہ یہ حکم اس وقت سے پہلے کا ہے جبکہ **انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامهم هذا** کی منادی کرائی گئی۔ (تفسیر عثمانی)

حضرت تھانوی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

یہ احکام اس وقت تھے جب کفار حج وعمرہ کے لئے جاتے تھے، اب خود ان کا حج وعمرہ کے لئے جانے دینا منسوخ ہے: **نقله البیضاوی عن ابی حنیفة رحمه الله قوله تعالیٰ فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامهم هذا**۔ (بیان القرآن)

**❹ دشمنی میں تجاوز نہ کرو:**

"پچھلی آیت میں جن شعائر کو حق تعالیٰ نے معظم ومحترم قرار دیا تھا ۶ھ میں مشرکین مکہ نے ان سب کی اہانت کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تقریباً ڈیڑھ ہزار صحابہ ماہ ذی قعدہ میں محض عمرہ ادا کرنے کیلئے مدینہ طیبہ سے روانہ ہوئے حدیبیہ کے مقام پر پہنچ کر مشرکین نے اس مذہبی وظیفہ کی بجا آوری سے روک دیا نہ حالتِ احرام کا خیال کیا نہ کعبہ کی حرمت کا نہ محترم مہینہ کا، نہ ہدی وقلائد کا، مسلمان شعائر اللہ کی اس توہین اور مذہبی فرائض سے روک دیئے جانے پر ایسی ظالم اور وحشی قوم کے مقابلہ میں جس قدر بھی غیظ وغضب اور بغض وعداوت کا اظہار کرتے وہ حق بجانب تھے اور جوش انتقام سے برافروختہ ہو کر جو کاروائی بھی کر بیٹھتے وہ ممکن تھی لیکن اسلام کی محبت اور عداوت دونوں جچی تلی ہیں عموماً آدمی زیادہ محبت یا زیادہ عداوت کے جوش میں حد سے گذر جاتا ہے اس لئے فرمایا کہ سخت سے سخت دشمنی تمہارے لئے اس کا باعث نہ ہو کہ تم زیادتی کر بیٹھو اور عدل وانصاف کو ہاتھ سے چھوڑ دو۔" (تفسیر عثمانی)

★ مراد کفار قریش ہیں جنہوں نے ۶ھ میں مسلمانوں کو بیت اللہ تک پہنچنے اور عمرہ کرنے سے حدیبیہ میں روک دیا تھا ارشاد ہو رہا ہے کہ ایسے موذی اور خدا ناترس دشمنوں سے بھی ہر غصہ واشتعال کے باوجود برتاؤ عدل ہی کا رکھو۔ اللہ اللہ! کیا ٹھکانا ہے اس فراخ دلی کا! (تفسیر ماجدی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

★ومعنیٰ صدهم ایاھم عن المسجد الحرام منع اھل مکۃ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم والمومنین یوم الحدیبیۃ عن العمرۃ ومعنیٰ الاعتداء الانتقام منھم بالحاق مکروہ بھم. (المدارک)

اس عبارت سے اشارۃً یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر جنگ میں صلح ہو جائے تو اس کی پوری پاسداری کی جائے اور انتقام کے راستے نہ ڈھونڈے جائیں۔

❷ شعائر اللہ:

ذکر حج و قربانی کا چل رہا ہے اکثر مفسرین نے شعائر اللہ سے بھی ان نشانیوں کو مراد لیا ہے جن کا تعلق حج کے ساتھ ہے جبکہ بعض اسلاف نے شعائر اللہ کے عمومی معنیٰ بھی مراد لئے ہیں۔

★قال الحسن دین اللّٰہ کلہ. (البحر المحیط)

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں شعائر اللہ سے اللہ تعالیٰ کا پورا دین مراد ہے۔ اور حضرت عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں: معالم حدود اللّٰہ تعالیٰ وامرہ ونھیہ وفرضہ. (روح المعانی)

اس معنیٰ کے اعتبار سے جہاد سمیت تمام فرائض شعائر اللہ میں داخل ہونگے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ
تم پر مردار اور لہو اور سور کا گوشت حرام کیا گیا ہے اور وہ جانور جس پر

لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ
اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے اور جو گلا گھونٹ کر یا چوٹ سے یا بلندی سے گر کر یا سینگ مارنے سے مر گیا ہو

وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ
اور وہ جسے کسی درندے نے پھاڑ ڈالا ہو مگر جسے تم نے ذبح کر لیا ہو اور وہ جو کسی تھان پر ذبح کیا جائے اور یہ کہ

تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
جوئے کے تیروں سے تقسیم کرو یہ سب گناہ ہیں آج تمہارے دین سے کافر

مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ
ناامید ہو گئے سو ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو آج میں تمہارے لیے

لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ
تمہارا دین پورا کر چکا اور میں نے تم پر اپنا احسان پورا کر دیا اور میں نے تمہارے واسطے

الْاِسْلَامَ دِيْنًا فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ
اسلام ہی کو دین پسند کیا ہے پھر جو کوئی بھوک سے بیتاب ہو جائے لیکن گناہ پر مائل

لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳
نہ ہو تو اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا مہربان ہے

### خلاصہ

آج کے دن کافر اس بات سے مایوس ہو چکے ہیں کہ اب مسلمانوں کا دین مغلوب یا گمنام ہوگا۔ پس اے مسلمانو! تم ان کافروں سے نہ ڈرو بلکہ صرف اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اللہ تعالیٰ نے آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو قوت اور احکام کے اعتبار سے مکمل فرما دیا ہے اور تم پر اپنی نعمت تام فرما دی ہے۔ اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند فرمایا ہے۔

### اقوال وحوالے

❶ اَلْيَوْمَ آج کے دن:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

☆الیوم یئس الذین کفروا من دینکم

یعنی أن ترجعوا الی دینھم کفاراً۔ (قرطبی)

یعنی کافر اس بات سے آج مایوس ہو چکے ہیں کہ تم کافر ہو کر ان کے دین کی طرف لوٹ جاؤ گے۔

قال الضحاک نزلت ھذہ الایۃ حین فتح مکۃ.

امام ضحاک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت فتح مکہ کے وقت نازل ہوئی۔

وذلک أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکۃ لثمان بقین من رمضان سنۃ تسع ویقال سنۃ ثمان ودخلھا ونادی منادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا من قال لاالہ الا اللہ فھو آمن، ومن وضع السلاح فھو آمن ومن اغلق بابہ فھو آمن.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نو یا آٹھ ہجری ۲۲ رمضان المبارک کے دن مکہ فتح فرمایا اور اس میں داخل ہوئے۔ اور آپ کے منادی نے یہ اعلان کیا کہ جو شخص لاالہ الا اللہ کہہ دے گا اس کے لئے امن ہے اور جو ہتھیار ڈال دے گا اس کے لئے امن ہے اور جو اپنا دروازہ بند کر لے گا اس کے لئے امن ہے۔ (القرطبی)

❷ کافروں کی مایوسی قوت کی وجہ سے ہے:

أن ترتدوا عنہ، بعد طمعھم فی ذلک لما رأوا من قوتہ. (جلالین)

کافر اس بات سے مایوس ہو چکے ہیں کہ تم اب دین سے مرتد ہو گے حالانکہ پہلے انہیں اس کی امید تھی۔ ان کا مایوس ہونا اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے اسلام کی قوت کو دیکھ لیا ہے۔

❸ دین کا غلبہ:

ناامید ہو گئے کافر لوگ تمہارے دین کے مغلوب و گم ہو جانے سے۔ (بیان القرآن)

او یئسوا من دینکم ان یغلبوہ لان اللہ تعالیٰ وفی بوعدہ من اظھارہ علی الدین کلہ. (المدارک)

یا تمہارے دین سے مایوس ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اب اس پر غالب آنے سے مایوس ہو چکے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا فرما دیا ہے اور اسے غالب فرما دیا ہے۔

❹ دین کی تکمیل:

الیوم اکملت لکم دینکم   آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل فرما دیا ہے بأن اھلکت لکم عدوکم واظھرت دینکم علی الدین کلہ.

یعنی میں نے تمہارے دشمن کو ہلاک کر دیا ہے اور تمہارے دین کو غالب کر دیا ہے۔ (قرطبی)

☆بأن کفیتم خوف عدوکم واظھرتکم علیھم.

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی تم سے دشمنوں کے خوف کو ہٹا دیا اور میں نے تمہیں ان پر غالب کر دیا۔ (المدارک)

☆ هو ازالة الخوف عنهم واظهار القدرة لهم علی اعدائهم

مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں سے خوف کو دور کر دیا اور ان کے دشمنوں پر انہیں قدرت اور غلبہ دے دیا۔ (التفسیر الکبیر)

☆ یہ اکمال دین بلحاظ قوت بھی ہے اور بلحاظ احکام و قواعد بھی۔ (تفسیر ماجدی، مفہوم بیان القرآن)

**۵ فتح مکہ کی نعمت:**

واتممت علیکم نعمتی اور میں نے تم پر اپنی نعمت کو پورا فرما دیا بفتح مكة ودخولها آمنين ظاهرين۔ (المدارک)

یعنی فتح مکہ اور مکہ میں غالب و مأمون داخل کر کے تم پر اپنی نعمت کو پورا فرما دیا۔

**فائدہ**

ان چند حوالوں سے آیت کے مضامین جہاد واضح ہو جاتے ہیں۔ الیوم سے کئی مفسرین نے حجۃ الوداع کا یوم عرفہ بھی لیا ہے۔ اور یہ آیت بہت سے احکامات اور معانی کی جامع ہے۔ یہاں صرف ان حوالوں کا بیان ہے جن میں ثمرات جہاد کا تذکرہ ہے۔ مکمل تفسیر کے لئے کتب تفسیر کی طرف رجوع فرمائیں۔

**فائدہ**

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

فلا تخشوهم واخشونی کا مطلب ہے:

ای لاتخافوهم وخافون فانی انا القادر علی نصركم۔ (القرطبی)

یعنی اے مسلمانو! تم کافروں سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو بے شک میں تمہاری مدد پر قادر ہوں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ الْمَائِدَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ هَمَّ قَوْمٌ أَنْ

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو جب لوگوں نے ارادہ کیا کہ تم پہ

يَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ وَعَلَى

دست درازی کریں پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ تم پر اٹھنے سے روک دیئے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور ایمان والوں

اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾

کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے

### خلاصہ

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کے اس احسان کو یاد کرو جب ایک قوم نے پورا ارادہ کرلیا تھا کہ وہ جنگ، ظلم اور ہلاکت کا ہاتھ تم پر چلائے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں کو روک دیا اور تمہیں ان پر غالب فرمادیا۔ پس اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ یعنی خوب تقویٰ اختیار کرو۔ اور اسی پر پورا بھروسہ رکھو۔ یعنی خوب توکل اختیار کرو۔

### علماء مفسرین کے دو قول

”تم کو ایک قوم کی دست درازی سے محفوظ رکھا، اس دست درازی سے محفوظ رکھنے کی تفسیر میں علماء مفسرین کے دو قول ہیں ایک یہ کہ اس میں کسی خاص واقعہ کی طرف اشارہ نہیں ہے بلکہ عموماً اہل اسلام کی اس ابتدائی حالت کی طرف اشارہ ہے جس میں کفار و مشرکین چاروں طرف سے ان پر چڑھائیاں کرتے اور مار دھاڑ کرتے تھے، جس سے خدا نے ان کو محفوظ رکھا۔ اسلامیوں کو غلبہ دیا۔ دوسرا یہ کہ اس سے کسی خاص واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔“ (تفسیر حقانی)

یہ عبارت امام رازی رحمہ اللہ کی تقریر کا خلاصہ ہے ملاحظہ فرمائیں تفسیر کبیر۔

### کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے؟

شان نزول کے بارے میں حضرات مفسرین نے کئی روایات نقل فرمائی ہیں، چند ایک کا خلاصہ ملاحظہ فرمائیں۔

1. قال جماعةٌ نزلت بسبب فعل الأعرابي في غزوة ذات الرقاع. (القرطبي)

مفسرین کی ایک جماعت فرماتی ہے کہ یہ آیت غزوہ ذات الرقاع کے موقع پر ایک بدو کی حرکت کے بارے میں نازل ہوئی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ماخوذ از : سیرت المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ

# غزوہ ذات الرقاع

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# غزوہ ذات الرقاع

غزوہ ذات الرقاع جمادی الاولیٰ ۴ھ میں (ابن سعد کے نزدیک محرم ۵ھ میں اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک ۷ھ) میں پیش آیا۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس غزوہ کو ذات الرقاع اس لئے کہتے ہیں کہ رقاع کے معنٰی چندیوں اور چیتھڑوں کے ہیں، اس غزوہ میں چلتے چلتے پیر پھٹ گئے تھے اس لئے ہم نے پیروں کو کپڑے لپیٹ لئے تھے اس لئے اس غزوہ کو ذات الرقاع کہنے لگے یعنی چیتھڑوں والا غزوہ (بخاری شریف) ابن سعد رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ذات الرقاع ایک پہاڑ کا نام ہے جہاں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اس غزوہ میں نزول فرمایا تھا اس میں سیاہ اور سفید اور سرخ نشانات تھے، واپسی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سایہ دار درخت کے نیچے قیلولہ فرمایا اور تلوار درخت سے لٹکا دی ایک مشرک آیا اور تلوار سونت کر کھڑا ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ بتلاؤ اب تم کو میرے ہاتھ سے کون بچائے گا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت اطمینان سے فرمایا۔ اللہ۔ یہ بخاری کی روایت ہے ابن اسحٰق کی روایت میں ہے کہ جبرئیل امین نے اس کے سینہ پر ایک گھونسہ رسید کیا، فوراً تلوار اس کے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اٹھا لی اور فرمایا بتلا میرے ہاتھ سے تجھ کو کون بچائے گا اس نے کہا کوئی نہیں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا اچھا جاؤ میں نے تم کو معاف کیا۔ واقدی کہتے ہیں کہ یہ شخص مسلمان ہو گیا اور اپنے قبیلہ میں پہنچ کر اسلام کی دعوت دی بہت سے لوگ اس کی دعوت سے مسلمان ہوئے صحیح بخاری میں ہے کہ اس شخص کا نام غورث بن حارث تھا۔ (سیرۃ المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ص ۲۷۱، ج ۲)

❷ علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

والآیة اشارة الی ما أخرجه مسلم وغیره من حدیث جابر أن المشرکین رأوا ان رسول الله صلی الله علیه وسلم...... الخ

یعنی آیت میں اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو امام مسلم رحمہ اللہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے نقل فرمایا ہے کہ مشرکین نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے "عسفان" نامی مقام پر اکٹھے ظہر کی نماز ادا کی۔ اس پر وہ بہت پچھتائے کہ انہوں نے حملہ کیوں نہیں کیا۔ اور انہوں نے ارادہ کیا کہ جب مسلمان عصر کی نماز میں ہوں گے تو وہ ان پر حملہ کر دیں گے، اللہ تعالیٰ نے ان کی بری تدبیر کو ناکام فرما دیا اور صلوٰۃ الخوف کا حکم نازل فرما دیا۔ (جس میں آدھی جماعت نماز ادا کرتی ہے اور آدھی جماعت دشمن کے مدمقابل رہتی ہے) (روح المعانی)

❸ کئی مفسرین کی رائے یہ ہے کہ یہ آیت یہود کے بارے میں نازل ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مقتول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کی دیت کے سلسلے میں "یہودی نضیر" کے پاس تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت علی رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی تھے۔ یہودی ظاہری طور پر بہت خوش اخلاقی سے پیش آئے اور اکرام کے ساتھ قلعہ کے نیچے بٹھایا اور کہنے لگے ہم ابھی دیت کا مال جمع کر کے پیش کرتے ہیں۔

ان کا ارادہ تھا کہ قلعہ کے اوپر سے بڑا پتھر یا چکی پھینک کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کر دیں گے۔ حضرت جبرئیل نے حاضر ہو کر اس سازش سے آگاہ فرمایا تو آپ اپنے رفقاء کے ہمراہ وہاں سے اٹھ کر تشریف لے آئے۔ آیت میں اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے ابن کثیر رحمہ اللہ اس واقعہ کے بعد لکھتے ہیں: ثم امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یغدوعلیهم فحاصرهم حتی انزلهم فأجلاهم. یعنی اگلے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ان کا محاصرہ کر لیا اور بالآخر وہ شکست کھا کر جلا وطن ہوئے۔ (روح المعانی، قرطبی، کبیر، ابن کثیر وغیرھا)

صاحب تفسیر ماجدی ان واقعات کے بارے میں لکھتے ہیں:

"موقع نزول کی روایتیں متعدد ہیں لیکن ان میں تعارض و تناقض کچھ بھی نہیں"۔ (تفسیر ماجدی)

اب اس آیت کی ایک عمومی اور جامع تفسیر ملاحظہ فرمایئے:

## اسلامی سیاست، تقویٰ اور توکل

عمومی احسانات یاد دلانے کے بعد بعض خصوصی احسان یاد دلاتے ہیں یعنی قریش اور ان کے پٹھوؤں نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو صدمہ پہنچانے اور اسلام کو مٹانے کیلئے کس قدر ہاتھ پاؤں مارے مگر حق تعالیٰ کے فضل ورحمت نے اُن کا کوئی داؤ چلنے نہ دیا اس احسان عظیم کا اثر یہ ہونا چاہیے کہ مسلمان غلبہ اور قابو حاصل کر لینے کے باوجود اپنے دشمنوں کو ہر قسم کے ظلم اور زیادتی سے محفوظ رکھیں اور جوش انتقام میں عدل وانصاف کا رشتہ ہاتھ سے نہ چھوڑیں جیسا کہ پچھلی آیات میں اس کی تاکید کی گئی ہے ممکن ہے کسی کو یہ شبہ گذرے کہ ایسے معاند دشمنوں کے حق میں اس قدر رواداری کی تعلیم کہیں اصول سیاست کے خلاف تو نہ ہوگی۔ کیونکہ ایسا نرم برتاؤ دیکھ کر مسلمانوں کے خلاف شریروں اور بد باطنوں کی جرأت بڑھ جانے کا قوی احتمال ہے اس کا ازالہ واتقوا اللہ وعلی اللہ فلیتوکل المومنون سے فرمادیا۔ یعنی مومن کی سب سے بڑی سیاست "تقویٰ" اور "توکل علی اللہ" (خدا سے ڈرنا اور اسی پر بھروسہ کرنا) ہے۔ خدا سے ڈرنے کا مطلب یہ ہے کہ ظاہر و باطن میں اس سے اپنا معاملہ صاف رکھو اور جو عہد واقرار کئے ہیں ان کی پوری وفاداری دکھلاتے رہو پھر بحمد اللہ کسی سے کوئی خطرہ نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

### نکتہ

شکست کو کس طرح برداشت کرنا ہے سورۃ آل عمران میں تفصیل کے ساتھ اس کا پورا نصاب سمجھایا گیا۔ اور سورۃ نساء

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں بھی وہ مضمون چھایا رہا۔ اب سورۃ مائدہ میں زیادہ زور اس پر ہے کہ فتح اور طاقت کو کس طرح برداشت کرتا ہے۔ یعنی جب اللہ پاک فتح دے اور طاقت عطاء فرمائے تو اس وقت مجاہدین کو کیا کرنا چاہئے۔ اس لئے کہ جس طرح شکست کے بعد دل ہار بیٹھنا اور کافروں کے سامنے جھک جانا ناکامی ہے اسی طرح فتح اور طاقت کے بعد ظلم، بے انصافی اور بدعہدی میں مبتلا ہو جانا بھی ناکامی ہے۔ شکست کے بعد مایوس ہونا اور فتح کے بعد مغرور ہونا سچے مسلمان کا شیوہ نہیں ہے فتح ہو یا شکست مسلمان ہر حال میں مسلمان رہے، اور اللہ تعالیٰ کا بندہ بن کر رہے یہی اس کی کامیابی ہے۔ اور جہاد دین کے غلبے کے لئے ہے نہ کہ افراد کے غلبے کے لئے۔ بہرحال سورۃ مائدہ کی ان تمام آیات میں بہت اہم بہت اونچے اور بہت ضروری مضامین جہاد کا بیان ہے۔ شکست کی حالت میں جو ''امراض'' شیطان کی طرف سے مسلط کئے جاتے ہیں ان کا مفصل علاج بیان ہو چکا۔ اب ان امراض کا علاج بیان ہو رہا ہے جو فتح اور طاقت کی صورت میں مسلط ہوتے ہیں۔ اور اگر ان کا علاج نہ کیا جائے تو پھر کامیابی ناکامی میں، غلبہ مغلوبیت میں اور فتح شکست میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ حضرات مفسرین نے اس آیت کے ذیل میں یہ بھی لکھا ہے کہ دنیاوی نعمتیں۔ مثلاً فتح اور حفاظت وغیرہ کو بھی حقیر نہ سمجھا جائے۔ اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت قدر کے لائق و واجب ہے وہ دینی نعمت ہو یا دنیاوی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

تفسیر حقانی میں ہے کہ اس آیت میں حدیبیہ کے قصے کی طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے کہ قریش سے جنگ ہوتے ہوتے رہ گئی۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ الْمَائِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۱۲، ۱۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ

اور اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا اور ہم نے ان میں سے بارہ

نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ

سردار مقرر کیے اور اللہ تعالیٰ نے کہا میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز کی پابندی کرو گے اور

الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا

زکوٰۃ دیتے رہو گے اور میرے سب رسولوں پر ایمان لاؤ گے اور ان کی مدد کرو گے اور اللہ تعالیٰ کو اچھے طور پر قرض

حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

دیتے رہو گے تو میں ضرور تمہارے گناہ تم سے دور کردوں گا اور تمہیں باغوں میں داخل کروں گا جن کے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۲﴾

نیچے نہریں بہتی ہیں پھر جو کوئی تم میں سے اس کے بعد کافر ہوا وہ بے شک سیدھے راستے سے گمراہ ہوا۔

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ

پھر ان کی عہد شکنی کے باعث ہم نے ان پر لعنت کی اور ان کے دلوں کو سخت کردیا وہ لوگ

الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ

کلام کو اس کے ٹھکانے سے بدلتے ہیں اور اس نصیحت سے نفع اٹھانا بھول گئے جو انہیں کی گئی تھی اور تو ہمیشہ ان کی کسی نہ کسی

عَلٰي خَاۗىِٕنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ

خیانت پر اطلاع پاتا رہے گا مگر تھوڑے ان میں سے سو انہیں معاف کر اور درگزر کر

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾

بے شک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے

### خلاصہ

اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا۔ اور اس عہد کی نگرانی کے لئے ان میں بارہ نقیب مقرر فرمائے۔ (جن کی ذمہ داری جہاد میں دشمنوں کے حالات پر نظر رکھنے کی بھی تھی) اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز قائم رکھو گے، زکوٰۃ ادا کرتے رہو گے اور میرے تمام رسولوں پر ایمان لاتے رہو گے اور دشمنوں کے مقابلہ میں ان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کی مدد کرتے رہو گے اور زکوٰۃ کے علاوہ بھی اچھے کاموں میں مال خرچ کر کے اللہ تعالیٰ کو اچھا قرضہ دیتے رہو گے، تو میں ضرور تمہارے گناہ تم سے دور کر دوں گا اور تمہیں جنتوں میں داخل کرونگا۔ اور جو اس عہد کے بعد بھی کفر کرے گا تو وہ گمراہ ہوگا۔ لیکن بنی اسرائیل نے اس عہد کو توڑ ڈالا اللہ تعالیٰ نے ان پر لعنت کی اور ان کے دل سخت کر دیئے وہ اللہ تعالیٰ کی کتاب میں تحریف کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نصیحت سے پورا فائدہ نہیں اٹھاتے۔ دینی معاملات میں ان کی نئی نئی خیانتیں مسلسل سامنے آتی رہتی ہیں۔ ان میں سے اکثر کا یہی حال ہے، بہت تھوڑے لوگ ایسے نہیں ہیں۔ (ان کے خلاف قتال کا حکم آنے تک) فی الحال معافی اور درگذر کا معاملہ فرمائیں۔

## جہادی مضامین

❶ بنی اسرائیل کو بھی جہاد کا حکم دیا گیا تھا اور ان سے جہاد میں شرکت کا عہد لیا گیا تھا اس آیت میں وعزرتموھم کے الفاظ میں اسی کا بیان ہے۔

❷ اس آیت میں اس قصے کی طرف بھی اشارہ ہے، جس میں بنی اسرائیل نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہوئے جہاد سے منہ موڑا جس کی نحوست سے وہ سالہا سال تک مقدس سرزمین میں داخل نہ ہو سکے اور ان کی پوری ایک نسل جنگلوں میں وباؤں اور دشمنوں کی تلواروں سے فنا کر دی گئی۔

❸ جہاد سے پہلے دشمنوں کے حالات پر نظر رکھنے کے لئے جاسوسی نظام بنانا چاہئے۔ اس آیت میں جن بارہ نقیبوں کا تذکرہ ہے ان کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دشمنوں کے حالات معلوم کرنے کے لئے بھیجا تھا۔

❹ جن اعمال پر اللہ تعالیٰ نے اپنی معیت اور مدد کا وعدہ فرمایا ہے ان میں جہاد بھی شامل ہے۔

❺ اشارۃً معلوم ہوتا ہے کہ عنقریب مسلمانوں کو اہل کتاب سے جہاد کی اجازت ملنے والی ہے۔ جو کچھ عرصہ بعد مل گئی۔

## اقوال وحوالے

❶ جہاد کا عہد:

كانه قيل: لئن اقمتم الصلوٰة وآتيتم الزكوٰة وجاهدتم في سبيل الله۔

یعنی گویا کہ یوں فرمایا گیا اگر تم نے نماز کو قائم کیا اور زکوٰۃ دیتے رہے اور تم نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا۔ (روح المعانی)

❷ دشمنوں کا مقابلہ:

عزرتموهم اى رددتم عنهم اعدائهم (قرطبي)

یعنی رسولوں کے دشمنوں کا مقابلہ کرو گے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

امنتم برسلی وعزرتموھم ۔ یعنی جو پیغمبر میری طرف سے آئندہ آتے رہیں گے ان کی تصدیق کرو گے (اور) ان کے دشمنوں کے مقابلہ میں ان کی مدد کرو گے۔ (تفسیر ماجدی)

## بارہ جاسوس

"یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد کا وہ واقعہ ہے جبکہ موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل بیابانوں (یعنی جنگلوں اور صحراؤں) میں ٹکراتے ٹکراتے یعنی (بھٹکتے بھٹکتے) دشت فاران میں پہنچے تو خدا تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ تو بنی اسرائیل کے بارہ اسباط یعنی قبائل میں سے ایک ایک سردار نقیب یعنی جاسوس بنا کر "کنعان" کی اس سرزمین بھیج کر جس کے دینے کا میں نے تم سے عہد کیا ہے چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے ہر سبط سے یہ بارہ سردار نقیب بنا کر بھیجے۔" (تفسیر حقانی)

## نقیب

"زجاج رحمہ اللہ کہتے ہیں نقیب بروزن فعیل ،نقب بمعنی کھودنے اور چھید کرنے سے مشتق ہے چونکہ جو لوگ کسی قوم کی طرف جاسوسی اور تفتیش کے لئے جاتے ہیں وہ امر کی تفتیش کرتے ہیں۔ کھود کر بات نکالتے ہیں اس لئے ان کو نقیب کہتے ہیں جس کی جمع نقباء آتی ہے اور نقیب قوم کے مصالح اور فوائد ملحوظ رکھنے والے کو بھی کہتے ہیں۔" (تفسیر حقانی حاشیہ)

## جہاد میں جاسوسی نظام قائم کرنے کی دلیل

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وفيها ايضاً دليلٌ علىٰ أتخاذ الجاسوس، والتجسّس التبحّث وقد بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم بسبسة عيناً اخرجه مسلم وسياتي حكم الجاسوس في الممتحنه ان شاء الله تعالىٰ. (قرطبی)

اس آیت میں جاسوس مقرر کرنے کی بھی دلیل ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بسبسہ رضی اللہ عنہ کو جاسوس بنا کر بھیجا۔ یہ روایت صحیح مسلم میں ہے۔ اور ان شاء اللہ جاسوس کا حکم "سورۃ ممتحنہ" میں آئے گا۔ (قرطبی)

## تنبیہ

خذوا حذركم کی تفسیر میں بھی گذر چکا ہے کہ مسلمانوں کو بہت تدبّر اور حکمت عملی سے جنگ کرنے کا حکم ہے۔ اور اس کے لئے جاسوسی نظام کا مضبوط ہونا ضروری ہے تاکہ دشمنوں کے حالات، طاقت اور سازشوں پر پوری نظر رہے۔ یہ جہاد کا بہت شان والا اور فضیلت والا شعبہ ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آپ کے خاص صحابہ کرام اس کے لئے منتخب کئے جاتے تھے۔ آج بھی وہ ممالک جو دنیا پر قبضہ کرنے کے عزائم رکھتے ہیں ان کے ہاں جاسوسی اداروں کی بہت قدر و منزلت ہوتی ہے۔ جبکہ مسلمانوں کے ہاں یہ لفظ کافی "بدنام" ہے، اسی بدنامی کی وجہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سے ممکن ہے یہ لفظ کئی حضرات کو کھٹکے۔ ان سے گذارش ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جہادی واقعات کا بغور مطالعہ فرمائیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## فائدہ

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں اس آیت کے ذیل میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے انصار کے بارہ نقیب مقرر کرنے اور اس امت میں بارہ خلفاء آنے کی روایات نقل فرمائی ہیں وہ بارہ خلفاء کون ہیں؟ اس پر بحث فرمائی ہے اور امام مہدی کو بھی ان میں شامل کیا ہے اور رافضیوں کے عقیدہ امامت کی بھی تردید فرمائی ہے۔ پوری بحث دیکھنے کے لئے ملاحظہ فرمائیے تفسیر ابن کثیر۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۰،۲۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَإِذْ قَالَ مُوسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم اللہ تعالیٰ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو

إِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ أَنْبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ

جب کہ تم میں نبی پیدا کیے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تمہیں وہ دیا

أَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٠﴾ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ

جو جہان میں کسی کو نہ دیا تھا۔ اے میری قوم اس پاک زمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ تعالیٰ نے

كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى أَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾

تمہارے لیے مقرر کردی اور پیچھے نہ ہٹو ورنہ نقصان میں جا پڑو گے

### خلاصہ

اور وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو دعوت جہاد دینے سے پہلے بطور تمہید کے فرمایا اے میری قوم اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کے احسانات کو یاد کرو کہ اس نے تم میں کئی انبیاء پیدا فرمائے اور تمہیں آزادی اور حکومت عطاء فرمائی اور تم کو بعض وہ چیزیں دیں جو دنیا جہان والوں میں سے کسی کو نہیں دیں۔ (مثلاً دریا میں راستہ بنانا، دشمن کو عجیب طریقے سے غرق کرنا وغیرہ) اے میری قوم (ان نعمتوں اور احسانوں کا تقاضا یہ ہے کہ تم قوم عمالقہ کے خلاف جہاد کے حکم میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ کرو) اور اس برکت والے ملک میں جہاد کے ارادہ سے داخل ہو جاؤ کہ اس ملک کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے حصہ میں لکھ دیا ہے (اس لئے بس داخل ہوتے ہی فتح مل جائے گی) اور پسپائی اختیار نہ کرو کہ پھر بالکل خسارے میں جا پڑو گے (دنیا میں اس بابرکت اور کشادہ ملک شام سے محروم رہو گے اور آخرت میں "فریضہ جہاد" کے چھوڑنے کے گناہگار رہو گے) (مفہوم بیان القرآن)

### ربط

اوپر یہود و نصاریٰ کی عہد شکنی کا بیان تھا آگے خاص یہود کی ایک عہد شکنی کا قصہ مذکور ہے کہ انہوں نے جہاد سے کہ فرض تھا انکار کیا۔ (بیان القرآن)

### کلام برکت

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے اپنے جامع کلام میں اس پورے قصے کو یوں سمیٹا ہے:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

”حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے باپ کا وطن چھوڑ نکلے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور ملک شام میں آکر ٹھہرے اور مدت تک ان کو اولاد نہ ہوئی۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان کو بشارت فرمائی کہ تیری اولاد بہت پھیلاؤں گا اور زمین شام ان کو دوں گا اور نبوت اور دین اور کتاب اور سلطنت ان میں رکھوں گا پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت وہ وعدہ پورا ہوا۔ بنی اسرائیل کو فرعون کی بیگار (یعنی غلامی) سے خلاص کیا اور اس (فرعون) کو غرق کیا اور ان (بنی اسرائیل) کو فرمایا تم جہاد کرو عمالقہ سے ملک شام چھین لو پھر ہمیشہ وہ ملک شام تمہارا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارہ شخص بارہ قبیلہ بنی اسرائیل پر سردار کیے تھے انکو بھیجا کہ اس ملک کی خبر لاویں، وہ خبر لائے تو ملک شام کی بہت خوبیاں بیان کیں اور وہاں مسلط تھے عمالقہ، ان کی قوت زور کو بھی بیان کیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو کہا تم قوم کے پاس خوبی ملک بیان کرو اور قوت دشمن نہ کہو ان میں دو شخص اس حکم پر رہے اور دس نہ رہے قوم نے سنا تو نامردی (یعنی بزدلی) کرنے لگے اور چاہا کہ پھر الٹے مصر میں جاویں۔ اس تقصیر (یعنی غلطی) سے چالیس برس فتح شام کو دیر لگی اس قدر مدت جنگلوں میں پھرتے رہے، جب اس قرن کے لوگ مر چکے مگر وہ دو شخص کہ وہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد خلیفہ ہوئے ان کے ہاتھ سے فتح ہوئی۔ (موضح القرآن)

## فائدہ

ان آیات کے ذیل میں حضرات مفسرین نے کئی بحثیں فرمائی ہیں:

❶ وجعلکم ملوکاً تمہیں بادشاہ بنایا۔ اس سے کیا مراد ہے۔ حضرات مفسرین نے بہت سے اقوال لکھے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ اے بنی اسرائیل اب تم آزاد، خود مختار اور مستقبل کے حکمران ہو۔

❷ وآتکم مالم یؤت احداً من العالمین اور تمہیں وہ چیزیں دیں جو جہاں بھر میں کسی کو نہیں دیں۔ ان چیزوں سے کیا مراد ہے؟ اور اس جملے سے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت پر تو کوئی فرق نہیں پڑتا؟ خلاصہ یہ کہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت پر کوئی فرق نہیں پڑتا وہ تو مسلّم ہے۔

❸ الارض المقدسة مقدس سرزمین سے کونسا علاقہ مراد ہے حضرات مفسرین کے بہت سے ملتے جلتے اقوال ہیں، خلاصہ ان سب کا ملک شام، علاقہ کنعان یعنی فلسطین ہے۔ یہ تینوں دلچسپ بحثیں ملاحظہ فرمانے کے لئے تفسیر قرطبی، تفسیر کبیر وغیرھما کی طرف رجوع فرمائیں۔

## دعوت جہاد

اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو فرعون سے تو بغیر لڑے نجات دے دی مگر بیت المقدس والی مقدس زمین۔ یعنی ملک شام عطاء فرمانے کے لئے جہاد کی شرط عائد فرما دی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قوم کو اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور خود ان کا دینی مقام یاد دلا کر جہاد کی دعوت دی اور آخر میں ترک جہاد کی وعید بھی سنائی اور فرمایا: ولا ترتدوا علیٰ ادبارکم فتنقلبوا خسرین۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

”یعنی جہاد فی سبیل اللہ میں بزدلی اور پست ہمتی دکھا کر غلامی کی زندگی کی طرف مت بھاگو“ (تفسیر عثمانی)

گویا ان دو آیات میں مکمل دعوتِ جہاد آ گئی ہے۔ کہ انسان پر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا تقاضا یہ ہے کہ وہ جہاد میں نکلے اور زمین کو کفر اور ظلم سے پاک کرے اور جس شخص پر اللہ تعالیٰ کا احسان جتنا زیادہ ہو اس کو اتنی زیادہ محنت جہاد میں کرنی چاہئے۔ بنی اسرائیل نے اتنی مؤثر دعوت کے باوجود جہاد سے منہ موڑا چنانچہ چالیس سال تک جنگلوں میں مرتے رہے بالآخر نئی نسل جوان ہوئی اور انہوں نے وقت کے نبی کے ساتھ مل کر جہاد کیا تو سرزمین مقدس فتح ہو گئی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## غلامانہ ذہنیت

”جب ایک قوم عرصہ تک غلامی کی حالت میں رہتی ہے تو اس میں بلند مقاصد کے لئے جدوجہد کی استعداد باقی نہیں رہتی وہ غلامی کا ”امن“ پسند کرنے لگتی ہے اگرچہ ذلت و نامرادی کے ساتھ ہو اور مقاصد کی جدوجہد سے جی چرانے لگتی ہے، اگرچہ اس کا نتیجہ کامرانی و اقبال ہو، یہی حال بنی اسرائیل کا تھا، مقاصد امور کے لئے ان میں عزم و ہمت نہ تھی، بزدلی و بے طاقتی نے قدم پکڑ لئے تھے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انہیں حکم دیا کہ سرزمین کنعان میں داخل ہو جو تمہاری موعودہ سرزمین ہے تو کہنے لگے وہاں بڑے طاقتور لوگ رہتے ہیں ان کے مقابلہ کی ہم میں طاقت نہیں جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں، ہم قدم نہیں اٹھائیں گے تورات میں ہے کہ بنی اسرائیل جنگ کی وحشت سے اس قدر بے طاقت ہو گئے کہ رو رو کر کہتے ”خدایا! تو نے ہمیں مصر سے کیوں نکالا؟ کیا اسی لئے کہ ہم کنعانیوں کی تلوار سے قتل ہو جائیں؟ انہوں نے ارادہ کر لیا تھا کہ مصر واپس چلے جائیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چھوڑ دیں (گنتی باب ۱۳-۱۴) اس پر حکم الٰہی ہوا کہ چالیس سال تک یہ لوگ جزیرہ نمائے سینا کے میدانوں ہی میں پڑے رہیں گے، اس میں مصلحت یہ تھی کہ چالیس سال کے اندر پچھلی نسل ختم ہو جائے گی جسے مصر کی غلامانہ زندگی نے نکما کر دیا ہے اور ایک نئی نسل پیدا ہو جائے گی جس نے بیابان کی آزادانہ آب و ہوا میں نشو و نما پائی ہو گی اور غلامانہ ذہنیت کی سمیت سے محفوظ ہو گی چنانچہ جب چالیس سال گذر گئے اور ایک نئی نسل ظہور میں آ گئی تو وہ بڑھی اور موعودہ سرزمین پر قابض ہو گئی۔“ (ترجمان القرآن)

## غیرت جوش میں آنی چاہئے

”موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو برانگیختہ کرنے کے لئے فرماتے ہیں تم نبی زادے بھی ہو اور شاہزادے بھی ہو لہٰذا تمہاری غیرت جوش میں آنی چاہئے، اپنے باپ دادا کا ملک دشمن سے لڑ کر چھین لو، چونکہ ان پر نقضِ عہد کے باعث لعنت نازل ہو چکی تھی اور اس لعنت کا نتیجہ بزدلی ہے لہٰذا وہ ذرا بھی متاثر نہیں ہوئے۔“ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۲۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَالُوْا یٰمُوْسٰٓی اِنَّ فِیْھَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَھَا

انہوں نے کہا اے موسیٰ بے شک وہاں ایک زبردست قوم ہے اور ہم وہاں ہرگز نہ جائیں گے

حَتّٰی یَخْرُجُوْا مِنْھَا ۚ فَاِنْ یَّخْرُجُوْا مِنْھَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ۲۲

یہاں تک کہ وہ وہاں سے نکل جائیں پھر اگر وہ وہاں سے نکل جائیں تو ہم ضرور داخل ہوں گے

## خلاصہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت جہاد کے جواب میں قوم نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام اس سرزمین پر ایسے لوگ قابض ہیں جو بہت طاقتور ہیں ہم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے، جب تک وہ لوگ وہاں موجود ہیں ہم تو اس سرزمین میں داخل نہیں ہوتے ہاں اگر وہ لوگ وہاں سے نکل گئے تو پھر ہم ضرور داخل ہو جائیں گے۔

## یہ عمالقہ تھے

یہ قوم عمالقہ کی تھی جو ایک بڑی زور آور اور جنگ آزما قوم تھی، بنی اسرائیل کی پرانی حریف، توریت اور تاریخ بنی اسرائیل اس کی خون ریزیوں کی داستان سے رنگین ہے۔ (تفسیر ماجدی)

## عمالقہ کے بارے میں مبالغہ

اسرائیلی روایات میں اس قوم کے بارے میں عجیب وغریب مبالغہ آمیز باتیں نقل کی گئی ہیں علامہ آلوسی رحمہ اللہ نے روح المعانی میں بعض روایات کو ذکر کر کے ان کی تردید فرمائی ہے اور عقل ونقل کے دلائل سے ان کا غلط اور باطل ہونا ثابت کیا ہے۔ دراصل یہودی ویسے ہی جھوٹ کے عادی ہیں۔ ان کے بڑوں نے محض بزدلی کی وجہ سے جہاد چھوڑا بعد والوں نے ان کے عیب کو مجبوری قرار دینے کے لئے قوم عمالقہ کو پہاڑوں سے اونچی قوم قرار دے دیا۔ کہاں حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جو زخموں سے چور حمراء الاسد تک ابوسفیان کے فاتح لشکر کے پیچھے دوڑے جا رہے تھے اور کہاں یہ بنی اسرائیل جو فتح کے واضح وعدے کے باوجود واپس مصر کی طرف دوڑنے کی کوشش کر رہے تھے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِیَّةٌ آیت ۲۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمَا ادْخُلُوْا

اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں میں سے دو مردوں نے کہا جن پر اللہ تعالیٰ کا فضل تھا کہ ان پر حملہ کرکے

عَلَیْهِمُ الْبَابَ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا

دروازہ میں گھس جاؤ پھر جب تم اس میں گھس جاؤ گے تو تم ہی غالب ہو گے اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۲۳﴾

اگر تم ایمان دار ہو

### خلاصہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت جہاد کی تائید کے لئے وہ دو آدمی کھڑے ہو گئے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے تھے، اور اللہ تعالیٰ نے انہیں (ایمان اور وفائے عہد جیسی) نعمتیں عطاء فرمائی تھیں۔

انہوں نے لوگوں سے کہا (اس قدر بے ہمت اور بزدل کیوں ہو رہے ہو) تم ان پر (چڑھائی کرکے) اس شہر کے دروازہ تک تو چلو۔ پس تم جس وقت دروازہ میں قدم رکھو گے اسی وقت غالب آجاؤ گے۔ اگر تم ایمان والے ہو تو پھر اللہ تعالیٰ پر توکل کرو۔

### دو پکے مؤمن

قال ابن عباس وغیرہ: هما یوشع وکالب بن یوقنا وکانا من الا ثنی عشر نقیبا (القرطبی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور دوسرے مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ دو حضرات یوشع اور کالب بن یوقنا تھے اور یہ بارہ نقیبوں میں سے تھے۔

”ان دو میں ایک کا نام یوشع بن نون اور دوسرے کا کالب بن یوقنا۔ یوشع سردار تھے قبیلہ بنی افرائیم کے اور کالب قبیلہ بنی یہودا کے“ (تفسیر ماجدی)

### کافروں سے مرعوب نہ ہونا اللہ تعالیٰ کا انعام ہے

**انعم اللّٰه علیهما** اللہ تعالیٰ کا فضل و انعام اس سے بڑھ کر کیا ہوگا کہ انہیں حق گوئی و حق پرستی کی توفیق دی اور وہ شوکت کفار سے مرعوب نہ ہوئے۔ (تفسیر ماجدی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## ان دونوں کی تقریر

قالا لبنی اسرائیل لایھو لنکم عظم أجسامھم فقلوبھم ملئت رعباً منکم فاجسامھم عظیمة وقلوبھم ضعیفة۔ (القرطبی)

ان دونوں حضرات نے بنی اسرائیل سے کہا تمہیں ان دشمنوں کے بڑے جسم دہشت میں نہ ڈالیں کیونکہ تمہارا رعب ان کے دلوں پر مسلط ہے ان کے جسم اگرچہ بڑے ہیں مگر ان کے دل کمزور ہیں۔

## جہاد میں نکلنا توکل ہے

”یعنی ہمت کر کے شہر کے پھاٹک تک تو چلو پھر خدا تم کو غالب کرے گا، خدا اسی کی مدد کرتا ہے جو خود بھی اپنی مدد کرے، معلوم ہوا کہ اسباب مشروعہ کو ترک کرنا توکل نہیں ”توکل“ یہ ہے کہ کسی نیک مقصد کے لئے انتہائی کوشش اور جہاد کرے پھر اس کے مثمر اور منتج ہونے کے لئے خدا پر بھروسہ رکھے، اپنی کوشش پر نازاں اور مغرور نہ ہو۔ باقی اسباب مشروعہ کو چھوڑ کر خالی امیدیں باندھتے رہنا توکل نہیں تعطل ہے۔“ (تفسیر عثمانی)

## بچنے والے مر گئے

بنی اسرائیل نے جان بچانے کے لئے، جہاد میں جانے سے انکار کیا۔ ان کے دلوں پر دشمن کی طاقت کا رعب چھا چکا تھا اور وہ سمجھتے تھے کہ اگر انہوں نے حملہ کیا تو وہ مارے جائیں گے۔ پوری قوم میں حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کے علاوہ صرف دو شخص جہاد کے لئے خود بھی تیار تھے اور اپنی قوم کو بھی دعوت دے رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور شان دیکھئے۔ بیس سال سے زیادہ عمر کے تمام لوگ اسی وادی تیہ میں مارے گئے سوائے ان دو حضرات کے جو جہاد میں جانے کو تیار تھے، مطلب یہ ہوا کہ جو بچنا چاہتے تھے وہ مر گئے اور جو قربانی کے لئے تیار تھے وہ بچ گئے۔ اور فاتح بن کر اس شہر میں داخل ہوئے۔ بے شک اس قصہ میں مسلمانوں کے لئے بہت بڑا سبق ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا

کہا اے موسیٰ ہم کبھی بھی وہاں داخل نہیں ہوں گے جب تک کہ وہ اس میں ہیں

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾

سو تو اور تیرا رب جائے اور تم دونوں لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں

## خلاصہ

بنی اسرائیل پر ان دونوں حضرات کے بیان کا بھی کوئی اثر نہیں ہوا بلکہ ان کی ہٹ دھرمی، بزدلی اور گستاخی اس قدر بڑھ گئی کہ کہنے لگے اے موسیٰ! جب تک وہ لوگ وہاں موجود ہیں ہم کبھی اس میں داخل ہونے والے نہیں تم اور تمہارا رب وہاں چلے جائیں ہم تو یہاں بیٹھے ہیں تم اور تمہارا رب وہاں ان سے لڑتے رہنا۔

## گستاخی یا شرک؟

''اسرائیلیوں کی اس تقریر کا گستاخانہ طرز تو ظاہر ہی ہے لیکن یہ بھی ہوسکتا ہے کہ مشرک قوموں سے متاثر ہوکر یہ موحد قوم بھی اپنے عقیدے میں شرک اس حد تک داخل کر چکی ہو، مشرک قوموں کا یہ ایک عام دستور تھا کہ میدان جنگ میں جاتے تو اپنی مورتیوں، ٹھاکروں کو اپنے ساتھ لے جاتے اور یہ عقیدہ رکھتے کہ ان کے دیوتا بھی ان کے ساتھ ساتھ ہیں۔'' (تفسیر ماجدی)

مطلب یہ کہ بنی اسرائیل نے نہایت بے ادبی، گستاخی اور بے زاری کے ساتھ اپنا آخری فیصلہ سنا دیا کہ ہم نے جہاد میں نہیں جانا۔ تب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سخت غم کی حالت میں وہ دعاء فرمائی جو اگلی آیت میں آتی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَاۤ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

موسیٰ نے کہا کہ اے میرے رب میرے اختیار میں تو سوائے میری جان اور میرے بھائی کے اور کوئی نہیں سو ہمارے درمیان اور اس نافرمان قوم کے درمیان جدائی ڈال دے

### خلاصہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب قوم کی یہ حالت دیکھی تو اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگی:

اے میرے رب! میرے اختیار میں نہیں مگر میری اپنی جان اور میرا بھائی۔ پس جدائی فرما دے ہمارے اور اس نافرمان قوم کے درمیان۔

### یا اللہ ہم دونوں حاضر ہیں

موسیٰ علیہ السلام مایوس ہو کر بارگاہ الٰہی میں عرض کرتے ہیں خداوندا ہم دونوں بھائی تیرے حکم کی تعمیل کے لئے حاضر ہیں، اور ہم ان نالائقوں میں رہنا بھی نہیں چاہتے۔ (حاشیہ حضرت لاہوری)

### یوشع اور کالب بھی دعاء میں شامل

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سخت دلگیر ہو کر یہ دعاء فرمائی چونکہ تمام قوم کی عدول حکمی، بزدلانہ عصیان کو مشاہدہ فرما رہے تھے اس لئے دعاء میں بھی اپنے اور اپنے بھائی ہارون علیہ السلام کے سوا کہ وہ بھی نبی معصوم تھے اور کسی کا ذکر نہیں کیا، یوشع علیہ السلام اور کالب بھی دونوں کے ساتھ تبعاً آ گئے۔ (تفسیر عثمانی)

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وایضا یجوز ان یکون المراد بالأخ من یواخیه فی الدین وعلی هذا التقدیر فکانا داخلین فی قوله واخی.

اور یہ بھی ممکن ہے کہ اخ یعنی بھائی سے مراد "دینی بھائی" ہو اس صورت میں وہ دونوں حضرات (یوشع اور کالب) دعاء میں شامل ہو جائیں گے۔ (التفسیر الکبیر)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۲۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ

فرمایا تحقیق وہ زمین ان پر چالیس برس حرام کی گئی ہے اس ملک میں سرگرداں پھریں گے

فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾

سو تو نافرمان قوم پر افسوس نہ کر

### خلاصہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعاء کے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ فیصلہ صادر ہوا۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا گیا۔ ٹھیک ہے وہ ملک ان پر چالیس سال کے لیے حرام کر دیا گیا ہے یہ لوگ زمین میں بھٹکتے پھریں گے پس آپ اس نافرمان قوم پر افسوس نہ کیجئے۔

### دعاء موسوی قبول ہوگئی

❶ استجاب الله دعاءه وعاقبهم فی التّيه اربعين سنة. (القرطبی)

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعاء قبول فرمائی اور بنی اسرائیل کو بطور سزا چالیس سال تک زمین میں بھٹکایا۔

❷ امام رازی رحمہ اللہ نے اس پر بحث فرمائی ہے کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام بھی وادی تیہ میں قوم کے ساتھ تھے یا نہیں تھے؟ پھر دونوں طرح کے اقوال اور ان کے دلائل نقل کیے ہیں۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ بعض کے نزدیک ملک شام حضرت یوشع بن نون نے فتح کیا جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھانجے اور آپ کے وصی اور جانشین تھے اور ایک قول یہ بھی نقل کیا کہ خود حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ملک شام فتح فرمایا (ملاحظہ فرمایئے اس کی مکمل تفصیل کے لئے۔ التفسیر الکبیر)

❸ یعنی جدائی کی دعاء حسی اور ظاہری طور پر تو قبول نہ ہوئی ہاں معنی جدائی ہوگئی کہ وہ سب تو عذاب الٰہی میں گرفتار ہو کر حیران و سرگرداں پھرتے تھے اور حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام پیغمبرانہ اطمینان اور پورے قلبی سکون کے ساتھ اپنے منصب ارشاد و اصلاح پر قائم رہے جیسے کسی بستی میں عام وبا پھیل پڑے اور ہزاروں بیماروں کے مجمع میں دو چار تندرست اور قوی القلب ہوں جو ان کے معالجے، چارہ سازی اور تفقد احوال میں مشغول رہیں۔ اگر فافرق بيننا کا ترجمہ "جدائی کر دے" کی جگہ "فیصلہ کر دے" ہوتا تو یہ مطلب زیادہ واضح ہو جاتا۔ (تفسیر عثمانی)

### زمین کی حرمت ترک جہاد کی وجہ سے ہوئی

والمراد بقوله كتب الله لكم اى بشرط أن تجاهدوا اهلها فلما ابوا الجهاد قيل فانها محرمة عليهم. (المدارک)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

پہلے فرمایا گیا تھا کہ کتب اللہ لکم کہ یہ زمین اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے تو اس سے مراد یہ تھا کہ اس شرط پر کہ تم وہاں کے لوگوں سے جہاد کرو گے تمہارے لئے یہ زمین لکھ دی گئی ہے پھر جب انہوں نے جہاد سے انکار کیا تو انہیں کہہ دیا گیا کہ یہ زمین تم پر حرام ہے۔ (پس دونوں میں کچھ تضاد نہیں ہے)

## حاصل کلام

ان سات آیات میں دعوت جہاد کا طریقہ، جہاد کی فضیلت و برکت، ترک جہاد کا عذاب اور وبال جیسے اہم مضامین جہاد بہت ترتیب و تفصیل سے سمجھائے گئے ہیں۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ خوب غور کریں۔ حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے ان سات آیات پر جو جدآفرین تقریر فرمائی ہے وہ ملاحظہ کیجئے:

''حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ یہ سب قصہ اہل کتاب کو سنایا اس پر کہ تم پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت نہ کرو گے جیسے تمہارے اجداد نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی رفاقت چھوڑ دی تھی اور جہاد سے جان چرا بیٹھے تھے۔ تو یہ نعمت اوروں کو نصیب ہوگی، چنانچہ نصیب ہوئی۔ ایک لمحہ کیلئے اس سارے رکوع کو سامنے رکھ کر امت محمدیہ کے احوال پر غور کیجئے ان پر خدا کے وہ انعامات ہوئے جو نہ پہلے کسی امت پر ہوئے نہ آئندہ ہوں گے ان کے لئے خاتم الانبیاء سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کو ابدی شریعت دے کر بھیجا۔ ان میں وہ علماء اور ائمہ پیدا کئے جو باوجود غیر نبی ہونے کے انبیاء کے وظائف (یعنی کاموں) کو نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیتے رہے۔ ایسے خلفاء نبی علیہ السلام کے بعد امت کے قائد بنے جنہوں نے سارے جہان کو اخلاق اور اصول سیاست وغیرہ کی ہدایت کی، اس امت کو بھی جہاد کا حکم ہوا عمالقہ کے مقابلہ میں نہیں روئے زمین کے تمام جبارین کے مقابلہ میں۔ محض سرزمین ''شام'' فتح کرنے کے لئے نہیں بلکہ شرق وغرب میں ''کلمۃ اللہ'' بلند کرنے اور فتنہ کی جڑ کاٹنے کے لئے۔ بنی اسرائیل سے خدا نے ارض مقدسہ کا وعدہ کیا تھا لیکن اس امت سے یہ وعدہ فرمایا:

وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصلحت لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم ولیبدلنھم من بعد خوفھم أمنا۔ (النور)

اگر بنی اسرائیل کو موسیٰ علیہ السلام نے جہاد میں پیٹھ پھیرنے سے منع کیا تھا تو اس امت کو بھی خدا نے اس طرح خطاب کیا یا ایھا الذین آمنوا اذا لقیتم الذین کفروا زحفا فلا تولوھم الادبار۔ (الانفال)

انجام یہ ہوا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے رفقاء تو عمالقہ سے ڈر کر یہاں تک کہہ گزرے کہ اذھب انت وربک فقاتلا انا ھھنا قاعدون ۔ تم اور تمہارا پروردگار جا کر لڑو ہم یہاں بیٹھے ہیں۔ لیکن اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہا کہ خدا کی قسم اگر آپ سمندر کی موجوں میں گھس جانے کا حکم دیں گے تو ہم اسی میں کود پڑیں گے اور ایک شخص بھی ہم سے علیحدہ نہیں رہے گا امید ہے کہ خدا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے وہ چیز دکھلائے گا جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں گی، ہم اپنے پیغمبر کے ساتھ ہو کر اس کے دائیں اور بائیں، آگے اور پیچھے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہر طرف سے جہاد کریں گے۔خدا کے فضل سے ہم وہ نہیں جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کہہ دیا تھا ''انھب انت وربك فقاتلا انا ھھنا قاعدون'' اسی کا یہ نتیجہ ہے کہ جتنی مدت بنی اسرائیل فتوحات سے محروم ہوکر''وادی تیہ'' میں بھٹکتے رہے اس سے کم مدت میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے مشرق ومغرب میں ہدایت وارشاد کا جھنڈا گاڑ دیا۔(رضی اللہ عنھم ورضوا عنه ذلك لمن خشي ربه)۔(تفسیر عثمانی)

## وادی تیہ

جس وادی میں بنی اسرائیل چالیس سال تک بھٹکتے رہے اور مارے مارے پھرتے رہے اس کی مسافت کتنی تھی، محل وقوع کیا تھا وہ کس طرح سے صبح چلتے اور شام کو اسی جگہ واپس پہنچ جاتے، انہوں نے جہاد چھوڑ کر کہا انا ھھنا قاعدون تو اللہ تعالیٰ نے ان کو کس طرح سے چالیس سال تک اس طرح بٹھائے رکھا کہ چلتے تھے مگر آگے نہ بڑھ سکتے تھے۔ان تمام عجیب وغریب احوال کے لئے ملاحظہ فرمایئے تفسیر البحر المحیط۔

فلا تأس على القوم الفسقين۔

فلا تحزن عليهم لانهم فاسقون۔ (المدارك)

یعنی ان پر غم نہ کریں کیونکہ یہ نافرمان لوگ ہیں۔

بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی دعاء پر افسوس ہوا تو ان کا افسوس ختم کرنے کے لئے یہ فرمایا گیا۔(البحر المحیط)

دیکھا آپ نے کہ ترک جہاد کا گناہ کتنا سخت ہے کہ ان کی حالت پر افسوس کرنے سے بھی روک دیا گیا۔(العیاذ باللہ)

## عجیب نکتہ

پہلے گذر چکا ہے کہ حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں ان آیات میں اہل کتاب کو اس بات کی تلقین کی گئی ہے کہ وہ ماضی کی غلطی نہ دہرائیں اور اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئیں ورنہ پھر وہ کفر وگمراہی میں بھٹکتے رہ جائیں گے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دینے والے کامیاب ہوجائیں گے۔اہل کتاب خصوصاً یہودیوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار حسد کی وجہ سے کیا تھا اس لئے ان آیات کے بعد حسد کی مذمت پر ایک قصہ قرآن پاک نے بیان فرمایا۔حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں''آگے اسی پر قصہ سنایا ہابیل وقابیل کا کہ حسد مت کرو حسد والا مردود ہے''۔(موضح القرآن)

## مجاہدین کیلئے سورج رُک گیا

تفسیر جلالین میں ہے:

روی انھم یسیرون اللیل جادین فاذا اصبحوا اذا ھم فی الموضع الذی ابتدأوا منه

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ويسيرون النهار كذلك۔ حتى انقرضوا كلهم الا من لم يبلغ العشرين وقيل: وكانوا ستمائة الف، ومات هارون وموسىٰ فى التيه وكان رحمة لهما وعذابا لاولئك سئل موسىٰ ربّه عند موته أن يدنيه من الارض المقدسة رمية بحجر فأدناه كمافى الحديث (الذى رواه مسلم) ونبىء يوشع بعدالاربعين وأمر بقتال الجبارين فساربمن بقى معه وقاتلهم وكان يوم الجمعة ووقفت له الشمس ساعة حتى فرغ من قتالهم وروى احمد فى مسنده حديث "ان الشمس لم تحبس على بشر الاليوشع ليالى سار الى بيت المقدس۔ (تفسير الجلالين)

یعنی مروی ہے کہ بنی اسرائیل رات بھر چلتے رہتے تھے جب صبح ہوتی تو خود کو اسی جگہ پاتے جہاں سے انہوں نے چلنے کا آغاز کیا ہوتا تھا اور دن کو بھی اس طرح چلتے یہاں تک کہ سب مر مٹ گئے مگر وہ جن کی عمر بیس سال سے کم تھی۔ کہا جاتا ہے کہ ان کی تعداد چھ لاکھ تھی، حضرت ہارون علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بھی اس وادی میں انتقال ہوگیا۔ یہ ان دونوں حضرات کے لئے رحمت تھی اور قوم کے لئے عذاب۔ اور موسیٰ علیہ السلام نے اپنی موت کے وقت اللہ تعالیٰ سے دعاء کی کہ وہ انہیں مقدس سرزمین سے اتنا قریب فرما دے جتنا پتھر پھینکنے کا فاصلہ ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو اتنا قریب فرما دیا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے (جو امام مسلم نے روایت کی ہے) اور چالیس سال بعد حضرت یوشع علیہ السلام کو نبوت ملی، اور انہیں "جبارین" کے خلاف جہاد کا حکم دیا گیا، وہ باقی ماندہ بنی اسرائیل کو ساتھ لیکر نکلے اور جبارین کے خلاف جہاد کیا۔ وہ جمعہ کا دن تھا۔ اس دن سورج کچھ دیر ان کے لئے رکا رہا یہاں تک کہ وہ قتال سے فارغ ہوئے۔ امام احمد نے اپنی مسند میں حدیث روایت کی ہے کہ سورج کسی انسان کے لئے نہیں روکا گیا مگر حضرت یوشع علیہ السلام کے لئے جن راتوں میں وہ بیت المقدس کی طرف چلے۔

## ایک اور روایت

واخرج عبدالرزاق والحاكم وصححه قوله صلى الله عليه وسلم ان نبيامن الانبياء قاتل اهل مدينة حتى اذا كاد أن يفتحها خشى ان تغرب الشمس فقال: ايتهاالشمس انك مامورة وانا مأمور بحرمتى عليك الا وقفت ساعة من النهار قال: فحبسها الله تعالىٰ حتى افتتح المدينة. (قرة العينين)

یعنی امام عبدالرزاق اور امام حاکم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان روایت کیا ہے کہ انبیاء میں سے ایک نبی ایک شہر والوں سے جہاد کر رہے تھے، جب وہ شہر فتح کرنے کے قریب تھے تو انہیں اندیشہ ہوا کہ سورج غروب ہونے والا ہے۔ پس انہوں نے کہا اے سورج تو بھی اللہ تعالیٰ کے حکم کا پابند ہے اور میں بھی اس کے حکم پر مامور ہوں تجھے میری حرمت کا واسطہ ہے کہ کچھ دیر کے لئے رک جا۔ فرمایا! کہ اللہ تعالیٰ نے سورج کو روک دیا یہاں تک کہ وہ شہر فتح ہوگیا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## فائدہ

جہاد کے ذریعہ زمین کفر وشرک اور ظلم سے پاک ہوتی ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا کلمہ بلند ہوتا ہے اس لئے سورج، سمندر، جنگل، پہاڑ اور تمام مخلوقات اللہ تعالیٰ کے حکم سے مجاہدین کا ساتھ دیتی ہیں جیسا کہ ہر زمانے میں ہوتا رہا ہے اور ان شاء اللہ ہر زمانے میں ہوتا رہے گا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۳۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اللہ تعالیٰ کا قرب تلاش کرو اور اللہ تعالیٰ کی

فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾

راہ میں جہاد کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ

### خلاصہ

ایمان والے اگر اللہ تعالیٰ کے ہاں پوری کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو وہ تقویٰ اختیار کریں۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا قرب ڈھونڈیں۔ یعنی اس کے احکامات پر عمل کریں۔ اور ان احکامات میں سے خصوصی طور پر جہاد فی سبیل اللہ کا اہتمام کریں۔ تب پوری کامیابی ملے گی۔ (اور پوری کامیابی اللہ تعالیٰ کی رضا مندی کا حاصل ہونا اور جہنم سے بچنا ہے)

### اقوال وحوالے

❶ پچھلی آیات میں ان لوگوں کا تذکرہ تھا جو اللہ اور رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین پر فساد پھیلاتے ہیں۔ اس آیت میں ان ایمان والوں کا تذکرہ ہے جو اللہ اور رسول کے لئے جہاد کرتے ہیں اور اس کا قرب ڈھونڈنے کی محنت میں لگے رہتے ہیں۔ جہاد خود بھی اللہ تعالیٰ تک پہنچنے اور اس کا قرب حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے اس لئے یہ "وسیلہ" میں بھی شامل ہے۔ اور یہ وہ "جنگ" ہے جس کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجازت ہے اور اس جنگ سے زمین پر امن قائم ہوتا ہے، دین کو مضبوطی اور شریعت کو حفاظت ملتی ہے۔ گویا کہ حرام اور ناجائز جنگ کے بعد حلال اور افضل جنگ کو بیان فرمایا گیا۔ امام ابوحیان رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

ولما كانت الآية (انما جزاء الذين يحاربون) نزلت في العرنيين والكلبيين أوفي اهل الكتاب اليهود أوفي المشركين على الخلاف في سبب النزول، وكل هولاء سعى في الارض فساداً نص على الجهاد وان كان مندرجاً تحت ابتغاء الوسيلة لان به صلاح الارض، وبه قوام الدين وحفظ الشريعة، فهو مغاير لأمر المحاربة اذا الجهاد محاربة مأذون فيها وبالجهاد يدفع المحاربون۔ (البحر المحيط)

❷ "پچھلے رکوع کے آخر میں ان لوگوں کی دنیوی و اخروی سزا بیان فرمائی تھی جو خدا اور رسول سے جنگ کرتے اور ملک میں بد امنی اور فساد پھیلاتے ہیں۔ اس رکوع میں مسلمانوں کو ان سزاؤں سے ڈرا کر بتلایا کہ جب شقی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اور بدبخت لوگ خدا اور رسول سے جنگ کریں تو تم خدا اور رسول کی طرف ہو کر جہاد کرو وہ اگر زمین پر فساد پھیلاتے ہیں تو تم اپنی کوشش اور حسن عمل سے امن وسکون قائم کرنے کی فکر کرو۔“(تفسیر عثمانی)

## جہاد جامع عبادت ہے

کئی مفسرین حضرات نے اس آیت کی تفسیر میں یہ نکتہ بیان فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام احکامات دو قسموں میں منحصر ہیں:

❶ بری باتوں سے بچنا ❷ اچھی باتوں پر عمل کرنا۔(ترک المنھیات اور فعل المامورات)

بری باتیں وہ ہیں جن سے شریعت نے منع فرمایا ہے اور اچھی باتیں وہ ہیں جن کا شریعت نے حکم دیا ہے۔ اس آیت میں ایمان والوں کو ان دونوں چیزوں کا حکم دیا گیا۔ یاایھا الذین امنوا اے ایمان والو! اتقوا اللہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

تقویٰ اور پرہیزگاری کا معنیٰ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی چھوڑنا یعنی بری باتوں سے بچنا ہے۔ وابتغوا الیہ الوسیلۃ اور اللہ تعالیٰ کا قرب ڈھونڈو۔ اللہ تعالیٰ کا قرب اس کے احکامات پر عمل سے نصیب ہوتا ہے یعنی اچھی باتوں پر عمل کرنے سے۔

تقویٰ اور وسیلہ کے حکم کے فوراً بعد فرمایا وجاھدوا فی سبیلہ اور جہاد کرو اس کے راستے میں۔ معلوم ہوا کہ جہاد میں تقویٰ بھی ہے اور وسیلہ بھی۔ بلکہ جہاد تقویٰ کا سب سے اونچا مقام اور وسیلہ کی سب سے بہترین صورت ہے۔ جب کسی مومن کو جہاد فی سبیل اللہ نصیب ہو جاتا ہے تو یہ اس کی کامیابی کی علامت ہوتی ہے چنانچہ آخر میں فرمایا لعلکم تفلحون تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ پس جہاد فی سبیل اللہ ایسی عبادت ہے جس میں تقویٰ (ترک المنھیات) بھی ہے اور وسیلہ (فعل المامورات) بھی ہے۔(واللہ اعلم بالصواب)

## قوت کا استعمال اور جنگ صرف جہاد میں جائز ہے

امام ابوحیان رحمہ اللہ نے اس موقع پر یہ بہترین نکتہ بیان فرمایا ہے۔ وایضاً ففیہ تنبیہ علیٰ انہ یجب ان تکون القوۃ والبأس الذی للمحارب مقصورا علی الجھاد فی سبیل اللہ تعالیٰ وأن لایضع تلک النجدۃ التی وھبھا اللہ لہ للمحاربۃ فی معصیۃ اللہ تعالیٰ. (البحر المحیط)

اس آیت میں اس بات کی تنبیہ بھی ہے کہ جنگجو آدمی کے پاس جو قوت اور جنگی صلاحیت ہوتی ہے اس پر لازم ہے کہ وہ اسے جہاد فی سبیل اللہ تک ہی محدود رکھے اور اللہ تعالیٰ کی عطاء فرمودہ بہادری کی اس صفت کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والی لڑائیوں میں ضائع نہ کرے۔

(یعنی انسان کی قوت غضبیہ اور بہادری کا بہترین مصرف اور استعمال جہاد فی سبیل اللہ ہے)

## جہاد سے ڈاکوؤں کا خاتمہ

پچھلی آیات میں ان افراد اور قوموں کا تذکرہ ہے جو ڈاکے ڈالتی ہیں اور اس کے فوراً بعد جہاد کی فضیلت اور اس کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حکم بیان ہوا ہے۔ تفسیر البحر المحیط میں یہ جملہ مذکور ہے وبالجهاد يدفع المحاربون اور جہاد کے ذریعے ڈاکوؤں اور جنگجوؤں کا مقابلہ کیا جاتا ہے۔ اس میں یہ اشارہ بھی ہو سکتا ہے کہ دنیا کی ڈاکو اور قزاق قومیں جب زمین پر فساد پھیلانے کے لئے نکل کھڑی ہوں تو مسلمان دنیا کو ان کے شر سے بچانے کے لئے جہاد فی سبیل اللہ کریں اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے ہاں کامیابی حاصل کریں۔ اور جہاد کے اس عمل کو عبادت اور تقرب الی اللہ کا ذریعہ سمجھیں تا کہ پوری اہمیت کے ساتھ وہ اس میں مشغول ہو کر زمین کی اصلاح کر سکیں۔ یورپ کی قوموں نے ڈاکے کو پیشہ بنایا اور زمین کو ظلم و فساد سے بھر دیا۔ ممکن ہے آیت مبارکہ میں ایسے حالات کی طرف اشارہ ہو۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## اگلی آیت کے ساتھ جہادی ربط

”پچھلی آیت میں بتلایا تھا کہ انسان خدا سے ڈرنے، اس کا قرب حاصل کرنے اور اس کی راہ میں جہاد کرنے ہی سے فلاح و کامیابی کی امید کر سکتا ہے، اس آیت میں متنبہ فرما دیا کہ جن لوگوں نے اللہ تعالیٰ سے روگردانی کی وہ آخرت میں اگر روئے زمین کے سارے خزانے بلکہ اس سے بھی زائد خرچ کر ڈالیں گے اور فدیہ دے کر عذاب الٰہی سے چھوٹنا چاہیں گے تو یہ ممکن نہ ہوگا۔ غرض وہاں کی کامیابی ”تقویٰ“ ”ابتغائے وسیلہ“ اور ”جہاد فی سبیل اللہ“ سے حاصل ہوتی ہے رشوت اور فدیہ سے نہیں ہو سکتی۔ (تفسیر عثمانی)

## بہترین ترجمہ

بعض اردو تفاسیر میں وجاهدوا في سبيله کے معنیٰ کو بہت وسیع کرنے کی کوشش کی گئی ہے حالانکہ ”تقویٰ“ اور ”ابتغاء الوسیلہ“ جیسے الفاظ کی موجودگی میں وہ کیا چیز باقی رہ جاتی ہے جسے شامل کرنے کے لئے جہاد کو ”جدوجہد“ بنایا جا رہا ہے؟ آیت مبارکہ کا بہترین اور مستند ترجمہ حضرت شاہ عبد القادر رحمہ اللہ کے الفاظ میں ملاحظہ فرمائیے:

”اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ تعالیٰ سے، اور ڈھونڈو اس تک وسیلہ، اور لڑائی کرو اس کی راہ میں، شاید تمہارا بھلا ہو“ (موضح القرآن)

اس ترجمہ سے وجاهدوا في سبيله کے حقیقی معنیٰ بالکل واضح ہو گئے ہیں والحمد للہ رب العالمین۔

## نکتہ

حضرت لاہوری رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

یہود کی حالت پہلے دو رکوع میں ذکر ہو چکی ہے کہ باوجود شہزادے اور نبی زادے ہونے کے مخالفوں کے روبرو نہیں ہو سکتے اور لڑنے کی قوت اپنے اندر صرف کرتے ہیں۔ اب مسلمانوں کو خاص طور پر متنبہ کیا جاتا ہے اور اس مرض کا علاج اس آیت میں بیان کیا گیا ہے کہ ہر ایک اپنی انفرادی زندگی میں اقرب الی اللہ بننے کو نصب العین بنائے، بلکہ اجتماعی زندگی میں بھی اقرب الی اللہ کو تلاش کیا جائے اور اسے ہی امام بنایا جائے جو سب سے زیادہ حق کے راستے میں قربانی کر سکے اور شہوات و رذائل سے پاک ہو۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۵۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ

اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ وہ آپس میں

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ۭ اِنَّ

ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو کوئی تم میں سے ان کے ساتھ دوستی کرے گا تو وہ انہیں میں سے ہے

اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾

بے شک اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا

### خلاصہ

ایمان والوں کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست بنائیں۔ یہود و نصاریٰ کفر میں اور مسلمانوں کی دشمنی میں ایک دوسرے کے یار اور مددگار ہیں۔ جو بھی یہود و نصاریٰ سے یاری کرے گا وہ انہیں میں سے ہو جائیگا۔ اور یہود و نصاریٰ سے یاری کرنے والے ظالموں کو ہدایت نہیں ملتی۔

### شانِ نزول

آیت مبارکہ کے شان نزول میں کئی اقوال ہیں:

1. منافقین کے متعلق نازل ہوئی وہ یہود و نصاریٰ اور مشرکین سے یاریاں کرتے تھے اور انہیں مسلمانوں کے راز بتاتے تھے۔ (قرطبی)

2. ان کمزور مسلمانوں کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے غزوہ احد کی ظاہری شکست کے بعد آئندہ امن کے لئے کافروں سے مذاکرات و دوستی کا ارادہ کیا تھا۔ (قرطبی)

3. امام غزالی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وروی ان عبادۃ ابن الصامت جاء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتبرأ من موالاۃ الیہود فقال عبداللہ بن ابی: لکنی لااتبرأ منھم لانی أخاف الدوائر فنزلت ھذہ الایۃ.

یعنی روایت ہے کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے یہودیوں کے ساتھ دوستی سے اعلان برأت کر دیا۔ اس پر عبداللہ بن ابی (منافق) نے کہا میں تو ان سے برأت کا اعلان نہیں کرتا کیونکہ میں زمانے کی گردش (یعنی حالات کے بدلنے) سے ڈرتا ہوں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (التفسیر الکبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❹ ایک قول یہ ہے کہ آیت حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ (القرطبی، البحر المحیط)

## آیت کا موضوع

❶ ینھی تبارک وتعالیٰ عبادہ المومنین عن موالاۃ الیھود والنصاریٰ الذین ھم اعداء الاسلام واھلہ. قاتلھم اللہ. ثم اخبران بعضھم اولیاء بعض ثم تھدد وتوعد من یتعاطی ذلک فقال ومن یتولھم منکم فانہ منھم . (ابن کثیر)

اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے مؤمن بندوں کو ان یہود ونصاریٰ کی دوستی سے منع فرما رہے ہیں جو اسلام اور مسلمانوں کے دشمن ہیں۔ اللہ پاک انہیں ہلاک فرمائے، پھر اللہ تعالیٰ نے خبر دی کہ یہ ایک دوسرے کے دوست اور مددگار ہیں۔ اور پھر سخت تنبیہ اور وعید فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ جو ان کے ساتھ یاری کرے گا وہ انہیں میں سے ہوگا۔

❷ نزل نھیاً عن موالاۃ اعداء الدین. ای لاتتخذوھم اولیاء تنصرونھم وتستنصرونھم وتؤاخونھم وتعاشرونھم معاشرۃ المومنین. (المدارک)

یہ آیت اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کی یاری سے روکنے کے لئے نازل ہوئی۔ یعنی انہیں ایسا دوست نہ بناؤ کہ تم ان کی مدد کرو اور ان سے مدد چاہا کرو اور ان سے برادرانہ تعلقات رکھو اور ان کے ساتھ مسلمانوں جیسے سماجی تعلقات قائم کرو۔

## اقوال وحوالے

### ❶ یہود ونصاریٰ کی عادات تمہیں گرادیں گی:

"یہود ونصاریٰ سے دوستانہ تعلقات منقطع کردو، ورنہ اختلاط سے ان کی عادات واخلاق تم میں سرایت کر جائیں گے اور تم بھی گر جاؤ گے۔" (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### ❷ کفر وشرک متعدی مرض ہے:

چونکہ خدا سے نافرمانی کرنا اور فسق وفجور اور شرک وکفر ایک مرض روحانی ہے جو بیشتر ایسے لوگوں سے دلی میل جول رکھنے سے متعدی ہوجاتا ہے (یعنی دوسروں تک پھیل جاتا ہے) اس لئے یہود ونصاریٰ کی خرابیاں بیان فرما کر ان سے دلی میل جول کی ممانعت کرتا ہے۔ (تفسیر حقانی)

### ❸ کتنا تعلق جائز اور کتنا ناجائز؟

"اولیا" ولی کی جمع ہے "ولی" دوست کو بھی کہتے ہیں، قریب کو بھی، ناصر اور مددگار کو بھی۔ غرض یہ ہے کہ "یہود ونصاریٰ" بلکہ تمام کفار سے جیسا کہ سورۃ نساء میں تصریح کی گئی ہے مسلمان دوستانہ تعلقات قائم نہ کریں۔ اس موقع پر یہ ملحوظ رکھنا چاہئے کہ موالات، مروت وحسن سلوک، مصالحت رواداری اور عدل وانصاف یہ سب چیزیں الگ الگ ہیں۔ اہل اسلام اگر مصلحت سمجھیں تو ہر کافر سے صلح اور عہد وپیمان مشروع طریقہ پر کر سکتے ہیں۔ وان جنحوا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

للسلم فاجنح لها وتوکل علی اللہ۔ (الانفال رکوع ۸) عدل وانصاف کا حکم جیسا کہ گزشتہ آیات سے معلوم ہو چکا مسلم و کافر ہر فرد بشر (یعنی ہر انسان) کے حق میں ہے "مروت" اور "حسن سلوک" یا "رواداری" کا برتاؤ ان کفار کے ساتھ ہو سکتا ہے جو جماعت اسلام کے مقابلہ میں دشمنی اور عناد کا مظاہرہ نہ کریں جیسا کہ "سورۃ ممتحنہ" میں تصریح ہے باقی "موالاۃ" یعنی دوستانہ اعتماد اور برادرانہ مناصرت ومعاونت تو کسی مسلمان کو حق نہیں کہ یہ تعلق کسی غیر مسلم سے قائم کرے۔ البتہ صوری موالات جو "الا أن تتقوا منهم تقاة" کے تحت میں داخل ہو اور عام تعاون جس کا اسلام اور مسلمانوں کی پوزیشن پر کوئی برا اثر نہ پڑے اس کی اجازت ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**④ وہ مسلمانوں کے خلاف متحد ہیں:**

★ بعضهم اولیاء بعض وکلهم اعداء المومنين وفيه دليل ان الكفر ملة واحدة. (المدارک)

یعنی وہ سب مسلمانوں کے دشمن ہیں اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ کفر ایک ملت ہے۔

★"یعنی مذہبی فرقہ بندی اور اندرونی بغض وعداوت کے باوجود وہ باہم ایک دوسرے سے دوستانہ تعلقات رکھتے ہیں یہودی یہودی کا نصرانی نصرانی کا دوست بن سکتا ہے اور جماعت اسلام کے مقابلہ میں سب کفار ایک دوسرے کے دوست اور معاون بن جاتے ہیں۔" (تفسیر عثمانی)

★"مطلب یہ ہوا کہ یہودی، یہودی اور نصرانی، نصرانی تو باہم دوست ہوتے ہی ہیں باقی خود یہود ونصاریٰ کے درمیان بھی بہت کچھ مناسبت ہے کم سے کم یہی کہ اسلام اور مسلمانوں کی عداوت پر دونوں متحد ہیں ان کی آپس میں اگر تمہارے خلاف سازباز ہو جائے تو کچھ تعجب نہیں، لیکن تم جو اہل ایمان ہو تم میں اور منکرین قرآن میں مناسبت ہی کیا اور اشتراک کیسا؟" (تفسیر ماجدی)

**⑤ جو اُن کا یار، انہی میں اس کا شمار:**

★قال ابن عباس فانه منهم في حكم الكفر اى ومن يتولهم في الدين وقال غيره: ومن يتولهم في الدنيافانه منهم في الاخرة. (البحر المحيط)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ جو ان سے یاری کرے گا وہ کافر ہونے کے حکم میں انہی کے ساتھ شمار ہو گا تب یاری کرنے سے دین میں یاری کرنا مراد ہو گی۔ اور دوسرے مفسرین حضرات فرماتے ہیں کہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ جو ان سے دنیا میں یاری کرے گا وہ آخرت میں انہی کے ساتھ ہو گا۔

★من جملتهم وحكمه حكمهم وهذا تغليظ من الله وتشديد في وجوب مجانبة المخالف للدين. (المدارک)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

یعنی جو ان سے یاری کرے گا انہی کا ایک فرد شمار ہوگا اور اس کا حکم بھی انہی کی طرح ہوگا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت تاکید اور سختی فرمائی گئی ہے دینی مخالفین سے دوستی کے معاملے میں۔

**۶ دوستی تب ہوتی ہے جب دل میں ان کی عظمت ہوتی ہے:**

"غیروں، بیگانوں، اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے دوستی ہو نہیں سکتی، جب تک پہلے ان کی عظمت یا محبت کا نقش دل پر نہ بیٹھ لے، اور مسلمان اپنی پختگی سے کچھ نہ کچھ ہٹ نہ لے، قومی تشخص اور ملت کی خودی کے لئے لازمی ہے کہ ملت اسلامی کے دوستانہ، رازدارانہ، برادرانہ تعلقات غیر مسلموں سے ممنوع قرار دے دیئے جائیں۔ یہ آئے دن کا مشاہدہ ہے کہ جو لوگ دشمنان دین سے خلا ملا میل جول زیادہ رکھتے ہیں ان کے اندر سے فہم دین اور دینی تصلب اور ملی خودداری رخصت ہو جاتی ہے، حدیث نبوی میں دوسری قوموں کے وضع ولباس اختیار کرنے، ان سے تشبہ پیدا کرنے کی جو ممانعت آئی ہے وہ عجیب نہیں کہ انہی حکمتوں اور مصلحتوں پر مبنی ہو۔" (تفسیر ماجدی)

**۷ کافروں سے یاری ہدایت سے محرومی:**

"یعنی جو لوگ کہ دشمنان اسلام سے موالات کر کے خود اپنی جان پر اور مسلمانوں پر ظلم کرتے ہیں اور جماعت اسلام کے مغلوب ومقہور ہونے کا انتظار کر رہے ہیں، ایسی بد بخت، معاند اور دغا باز قوم کی نسبت یہ امید نہیں کی جا سکتی کہ وہ کبھی راہ ہدایت پر آ جائے گی۔" (تفسیر عثمانی)

★ لا یرشد الذین ظلموا انفسھم بموالاۃ الکفرۃ. (المدارک)

اللہ تعالیٰ رہنمائی نہیں فرماتا ان لوگوں کی جنہوں نے کافروں سے یاری کر کے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے۔

**نکتہ**

اسلام دشمن کافروں سے لڑ کر شہید ہونے والوں کو قرآن پاک زندہ اور کامیاب کہتا ہے اور کافروں سے یاری کرنے والوں کو اپنی جان پر ظلم کرنے والا بتاتا ہے۔ بے شک قرآن پاک سچ فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اس کی سمجھ عطا فرمائے۔ (آمین یا ارحم الراحمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ آیت ۵۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ

پھر تو ان لوگوں کو دیکھے گا جن کے دلوں میں بیماری ہے ان میں دوڑ کر جا ملتے ہیں کہتے ہیں کہ

نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ۭ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ

ہمیں ڈر ہے کہ ہم پر زمانہ کی گردش نہ آجائے سو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ جلدی فتح ظاہر فرمادے یا

اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

کوئی اور حکم اپنے ہاں سے ظاہر کرے پھر یہ اپنے دل کی چھپی ہوئی بات پر

نٰدِمِيْنَ ﴿۵۲﴾

شرمندہ ہوں گے

### خلاصہ

جن کے دلوں میں نفاق ہے وہ دوڑ دوڑ کر یہود ونصاریٰ کی آغوش میں پناہ لیتے ہیں اور بھاگ بھاگ کر ان کی مدد کرتے ہیں۔ اور وجہ یہ بتاتے ہیں کہ ہم برے حالات کے ڈر سے ایسا کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جب مسلمانوں کو فتح عطا فرمائے گا، اور اپنی قدرت کے کچھ اور معاملات ظاہر فرمائے گا تو ان منافقین کو اپنے خیالات پر پچھتانا پڑے گا۔

### اقوال وحوالے

**۱ مرض سے مراد نفاق:**

☆في قلوبهم مرض نفاق. (المدارك) یعنی ان کے دلوں میں نفاق کا مرض ہے۔

☆شك ونفاق ان کے دلوں میں شک اور نفاق ہے۔ (القرطبی)

**۲ دوڑ دوڑ کر یاری اور مدد:**

يسارعون فيهم في معاونتهم على المسلمين وموالاتهم. (المدارك)

یعنی دوڑ دوڑ کر ان کی مسلمانوں کے خلاف مدد کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے بڑھ کر ان سے یاری بھی کرتے ہیں۔

**۳ یاری کی ایک وجہ اقتصادی ترقی:**

☆يسارعون في مودة اليهود ونصارىٰ نجران لانهم كانوا اهل ثروة وكانوا يعينونهم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

علی مھماتھم ویقرضو نھم۔ (التفسیر الکبیر)

وہ یہودیوں اور نجران کے عیسائیوں سے دوستی کے لئے خوب دوڑتے تھے کیونکہ وہ مالدار لوگ تھے وہ ان کی ضروریات کے لئے مالی تعاون کرتے تھے اور انہیں قرضے دیتے تھے۔

④ **وہ اس زمانے کے بینکرز تھے:**

"مدینہ اور نواح مدینہ میں یہود کی حیثیت مہاجنوں، صرافوں اور بینکرز کی سی تھی اور عرب آبادی اپنی ہر مالی افتاد اور مصیبت کے وقت سہارا انہی کا ڈھونڈتی تھی۔" (تفسیر ماجدی)

⑤ **آیت مبارکہ کی جامع تفسیر:**

"یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں شک اور نفاق کی بیماری ہے جن کو خدا کے وعدوں پر اعتماد اور مسلمانوں کی حقانیت پر یقین نہیں اسی لئے دوڑ دوڑ کر کافروں کی آغوش میں پناہ لینا چاہتے ہیں۔ تاکہ ان کے موہوم غلبہ کے وقت ثمرات فتح (یعنی فتح کے فوائد) سے متمتع ہو سکیں (یعنی فائدہ اٹھا سکیں) اور ان کے زعم میں جو گردشیں اور آفات جماعت اسلام پر آنے والی تھیں ان سے محفوظ رہیں نخشی ان تصیبنا دائرۃ کے یہی معنی ان کے دلوں میں مکنون تھے۔ لیکن یہی الفاظ نخشی ان تصیبنا دائرۃ جب پیغمبر علیہ السلام اور مخلص مسلمانوں کے سامنے یہود سے دوستانہ رکھنے کی معذرت میں کہتے تھے تو گردش زمانہ کا یہ مطلب ظاہر کرتے کہ یہود ہمارے ساہوکار ہیں ہم ان سے قرض و دام لے لیتے ہیں۔ اگر کوئی مصیبت قحط وغیرہ کی پڑی تو وہ ہمارے دوستانہ تعلقات کی وجہ سے آڑے وقت میں کام آجائیں گے ان ہی خیالات کا جواب آگے دیا گیا ہے یعنی وہ وقت نزدیک ہے کہ حق تعالیٰ اپنے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فیصلہ کن فتوحات اور غلبہ عطا فرمائے اور مکہ معظمہ میں بھی جو تمام عرب کا مسلمہ مرکز تھا حضور کو فاتحانہ داخل کرے یا اس کے ماسوا اپنی قدرت اور حکم سے کچھ اور امور بروئے کار لائے جنہیں دیکھ کر ان منافقین کی ساری باطل توقعات کا خاتمہ ہو اور انہیں منکشف ہو جائے کہ دشمنان اسلام کی موالات کا نتیجہ دنیوی ذلت و رسوائی اور اخروی عذاب الیم کے سوا کچھ نہیں، جب فضیحت اور خسران کے یہ نتائج سامنے آجائیں گے اس وقت بجز پچھتانے اور کف افسوس ملنے کے کچھ حاصل نہ ہوگا الآن قدندمت ولا ینفع الندم۔

چنانچہ ایسا ہی ہوا اسلام کے غلبہ اور فتح مکہ وغیرہ کو دیکھ کر تمام اعدائے اسلام کے حوصلے پست ہو گئے بہت سے یہود مارے گئے بہت سے جلا وطن ہوئے، منافقین کی ساری امیدوں پر پانی پھر گیا، مسلمانوں کے سامنے صریح طور پر جھوٹے ثابت ہوئے۔ موالات یہود میں جو کوششیں کی تھیں وہ اکارت گئیں اور خسران دنیوی اور ہلاکت ابدی کا طوق گلے میں پڑا۔ (تفسیر عثمانی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❻ **نفاق سے بزدلی پیدا ہوتی ہے:**

''جن کے دلوں میں مرض نفاق ہے وہ ڈر کے مارے مقاطعہ میں شامل نہیں ہوں گے نفاق کا خاصہ بزدلی ہے اور توحید کا خاصہ جرأت ہے۔'' (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

❼ **امر من عندہ سے کیا مراد؟**

ارشاد فرمایا گیا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو فتح دے دے یا اپنی طرف سے کوئی اور معاملہ ظاہر فرمادے۔'' کوئی اور معاملہ'' سے کیا مراد ہے حضرات مفسرین نے کئی اقوال نقل فرمائے ہیں امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

معناه أو امر من عنده لايكون للناس فيه فعل البتة، كبني النضير الذين طرح الله في قلوبهم الرعب فاعطوا بايديهم من غير محاربة ولا عسكر.

یعنی مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسا معاملہ ظاہر فرمادے جو خالص اسی کی طرف سے ہو اور اس میں لوگوں کے عمل کا بالکل کوئی دخل نہ ہو۔

جیسے یہود بنی نضیر کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا اور انہوں نے بغیر جنگ اور لشکر کے ہتھیار ڈال دیئے۔ (التفسیر الکبیر)

بعض مفسرین کے نزدیک امر من عندہ سے منافقین کے ناموں کا وحی کے ذریعے ظاہر کرنا ہے۔ (کمافی بیان القرآن)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۵۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

اور مسلمان کہتے ہیں کیا یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نام کی پکی قسمیں کھاتے تھے کہ

اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۭ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ۝۵۳

ہم تمہارے ساتھ ہیں ان کے اعمال برباد ہو گئے پھر وہ نقصان اٹھانے والے ہو گئے

## خلاصہ

جب مسلمانوں کو فتح مل جائے گی اور منافقوں کا نفاق کھل جائے گا تو مسلمان اس بات پر تعجب کریں گے کہ یہ لوگ تو ہمارے سامنے قسمیں کھا کھا کر خود کو ہمارا ساتھی کہا کرتے تھے۔ (یہ لوگ کیسے جھوٹے اور منافق نکلے) منافقوں کے سارے اعمال غارت اور وہ خود سراسر نقصان میں۔

## فائدہ

اصل مفہوم تو ''خلاصہ تفسیر'' میں آ گیا بعض مفسرین نے یہ احتمال بھی لکھا ہے کہ جب مسلمان دیکھیں گے کہ منافق جنگوں میں یہودیوں کا ساتھ نہیں دے رہے تو وہ حیرانی کے ساتھ یہودیوں سے پوچھیں گے کہ یہ منافق بڑی قسمیں کھا کر تمہیں اپنے تعاون کا یقین دلاتے تھے مگر اب جبکہ تم مار کھا رہے ہو وہ تمہاری مدد کے لئے نہیں آتے۔ (البحر المحیط)

## مسلمانوں کا تعجب

''مسلمان متعجب ہو کر کہیں گے یہ تو ہماری جماعت میں شمولیت کے حتمی دعوے کیا کرتے تھے۔'' (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

## نفاق کھل جاتا ہے

بہت سے منافق کافی احتیاط اور تدبیر سے کافروں کا ساتھ دیتے ہیں اور چھپ چھپ کر ان کی مخبریاں کرتے ہیں، اور خفیہ طور پر ان کے تنخواہ دار ملازم بن کر مسلمانوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس طرح کے ماہر اور مکار منافقوں کا ''نفاق'' چھپا رہتا ہے اور مسلمان انہیں اپنا پکا ساتھی سمجھتے ہیں کیونکہ اس طرح کے منافق ہر موقع پر مسلمانوں کے سامنے اپنے مسلمان ہونے کا اظہار کرتے رہتے ہیں اور کافروں کے لئے ان کی خدمات خفیہ ہوتی ہیں۔ ایسے منافقوں اور خفیہ جاسوسوں کا پتہ کافروں کی شکست کے بعد ہی مختلف ذرائع سے مسلمانوں کو لگتا ہے۔ ممکن ہے آیت مبارکہ میں اس طرح کے منافقوں کی طرف اشارہ ہو۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۵۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ

اے ایمان والو! جو کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر جائے گا تو عنقریب

يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو لائے گا کہ اللہ تعالیٰ ان کو چاہتا ہے اور وہ اس کو چاہتے ہیں مسلمانوں پر نرم دل ہوں گے

اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ

اور کافروں پر زبردست اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑیں گے اور کسی کی

لَوْمَةَ لَآئِمٍ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ

ملامت سے نہیں ڈریں گے یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہے دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ

وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۴﴾

کشائش والا جاننے والا ہے

### خلاصہ

کسی ''مسلمان'' کے مرتد ہونے سے اسلام کا کوئی نقصان نہیں ہوگا اور نہ اس کا کام بند ہوگا بلکہ اللہ تعالیٰ ان مرتدوں کی جگہ اپنے ایسے محبوب بندوں کو لے آئے گا جو اللہ تعالیٰ سے سچی محبت رکھتے ہوں گے۔ وہ مسلمانوں کے لئے نرم اور کافروں کے لئے سخت ہوں گے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنے والے ہوں گے اور وہ دین اور جہاد کے معاملے میں کسی ملامت کی پرواہ نہیں کریں گے۔

ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوگا۔ اللہ پاک کی مرضی جسے چاہے اپنا فضل عطا فرمائے۔

### جامع تفسیر

#### ① اسلام کی حفاظت اور بقاء کی عظیم پیشین گوئی

''اس آیت میں اسلام کی ابدی بقا اور حفاظت کے متعلق عظیم پیشین گوئی کی گئی ہے۔ پچھلی آیات میں کفار کی موالات سے منع کیا گیا تھا۔ ممکن تھا کہ کوئی شخص یا قوم موالات کفار کی بدولت صریحاً اسلام سے پھر جائے جیسا کہ ومن یتولھم منکم فانہ منھم میں تنبیہ کی گئی ہے۔ قرآن کریم نے نہایت قوت اور صفائی سے آگاہ کر دیا کہ ایسے لوگ اسلام سے پھر کر کچھ اپنا ہی نقصان کریں گے، اسلام کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے، حق تعالیٰ مرتدین کے بدلے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں یا ان کے مقابلہ پر ایسی قوم لے آئے گا جن کو خدا کا عشق ہو اور خدا ان سے محبت کرے وہ مسلمانوں پر شفیق ومہربان اور دشمنانِ اسلام کے مقابلہ میں غالب اور زبردست ہونگے ۔ یہ پیشین گوئی بحول اللہ وقوتہ ہر قرن (یعنی ہر زمانہ) میں پوری ہوتی رہی ۔ ارتداد کا سب سے بڑا فتنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے عہد میں پھیلا کئی طرح کے مرتدین اسلام کے مقابلہ میں کھڑے ہوگئے ، مگر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ایمانی جرأت اور اعلیٰ تدبر اور مخلص مسلمانوں کی سرفروشانہ اور عاشقانہ خدمات اسلام نے اس آگ کو بجھایا اور سارے عرب کو متحد کر کے از سرِ نو اخلاص وایمان کے راستہ پر گامزن کر دیا ۔

آج بھی ہم مشاہدہ کرتے رہتے ہیں کہ جب کبھی چند جاہل اور طامع افراد اسلام کے حلقہ سے نکلنے لگتے ہیں تو ان سے زیادہ اور ان سے بہتر تعلیم یافتہ اور محقق غیر مسلموں کو اسلام فطری کشش سے اپنی طرف جذب کر لیتا ہے اور مرتدین کی سرکوبی کے لئے خدا ایسے وفادار اور جانثار مسلمانوں کو کھڑا کر دیتا ہے جنھیں خدا کے راستہ میں کسی کی ملامت اور طعن وتشنیع کی پرواہ نہیں ہوتی ۔ انسان کی بڑی سعادت اور اس پر خدا کا بڑا فضل یہ ہے کہ وہ فتنہ کے وقت خود جادہ حق پر ثابت قدم رہ کر دوسروں کو ہلاکت سے بچانے کی فکر کرے ۔ خدا جن بندوں کو چاہے اس سعادت کبریٰ اور فضل عظیم سے حصہ وافر عطاء فرماتا ہے اس کا فضل غیر محدود ہے اور وہی جانتا ہے کہ کونسا بندہ اس کا اہل اور مستحق ہے ۔ (تفسیر عثمانی)

### ❷ کلام برکت:

جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر (کچھ) عرب دین سے پھرے تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے یمن سے مسلمان بلائے ان سے جہاد کروایا کہ تمام عرب مسلمان ہوئے یہ ان کے حق میں بشارت ہے ۔ (موضح القرآن)

### ❸ جو کافروں سے یاری نہ چھوڑے گا:

اے مسلمانو! اگر تم نے خدائے تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کر کے دشمنانِ خدا سے علیحدگی اختیار نہ کی تو اللہ تعالیٰ دوسری جماعت پیدا کر دے گا جو مؤمنوں پر نرم اور اعدائے اسلام کے حق میں سخت گیر ہوگی ۔ (حاشیہ حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

### ❹ خطاب قیامت تک کے لئے ہے:

وابن كعب والضحاك و الحسن وقتادة وابن جريج وغيرهم: نزلت خطابا للمومنين عامة الى يوم القيمة. (البحر المحيط)

اس آیت میں قیامت تک کے مسلمانوں سے عام خطاب ہے ۔ (پس اس سے یہ بھی ثابت ہوگیا کہ جہاد قیامت تک جاری رہے گا اس لئے کہ اس آیت میں ایسی جماعت کے موجود ہونے کی خبر ہے جو جہاد کرنے والی ہوگی ۔)

### ❺ ابتدائی مرتد:

آیت کے پہلے جملے سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ کچھ لوگ مرتد ہوں گے اور آئندہ بھی ہوتے رہیں گے ۔ تو یہ بدبختی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ابتدائی طور پر کس کے حصے میں آئی۔ حضرات مفسرین نے عموماً گیارہ فرقوں کا تذکرہ کیا ہے ان میں سے تین (۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں، سات حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں اور ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں مرتد ہوا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں یہ تین قبیلے مرتد ہوئے۔

❶ مذحج: ان کے سردار کا نام اسود عنسی (عبہلہ بن کعب ذوالخمار) تھا۔ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے ایک دن پہلے قتل ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس کے قتل کی خبر دی اور قاتل کا نام بتایا۔ اس کے قاتل کا نام "فیروز" تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خبر بذریعہ وحی دی تھی ورنہ عوامی خبر تو ربیع الاول کے آخر تک مدینہ منورہ پہنچی تھی۔

❷ بنو حنیفہ: ان کے سردار کا نام مسیلمہ کذاب تھا۔ یہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دور میں حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں قتل ہوا۔

❸ بنو اسد: ان کے سردار کا نام طلیحہ بن خویلد تھا ان کو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے شکست دی۔ طلیحہ فرار ہو گئے مگر پھر مسلمان ہو گئے اور اچھے مسلمان ثابت ہوئے۔

ان تینوں مرتد جماعتوں کے سرداروں نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔

اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں یہ سات گروہ مرتد ہوئے۔

❶ فزارہ: عيينه بن حصن کی قوم

❷ غطفان: قرة بن سلمة القشيري کی قوم

❸ سلیم: فجاة بن عبد ياليل کی قوم

❹ یربوع: مالك بن نويره کی قوم

❺ تمیم: (کے بعض لوگ) سجاح بنت منذر کی قوم۔ (اس عورت نے بھی نبوت کا دعویٰ کیا تھا اور مسیلمہ کذاب سے شادی کی تھی)

❻ کندۃ: اشعث کی قوم

❼ بکر بن وائل: (البحرين) حطم بن يزيد کی قوم

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ نے ان سب کا علاج فرمایا۔

اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانے میں غسان کے لوگ مرتد ہوئے جو جبلہ بن ایہم کی قوم سے تھے۔ جبلہ مسلمان ہوا تھا ایک مسلمان کو اس نے تھپڑ مارا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے مسلمان کے معاف نہ کرنے کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

صورت میں بدلے کا حکم دیا اس سے وہ بھاگ کر روم چلا گیا اور عیسائی ہو گیا۔ (تفسیر البحر المحیط)

⑥ **ابتدائی محبوب:**

وہ کون سے خوش نصیب ہیں جو ابتدائی طور پر سب سے پہلے یأتی اللہ بقوم یعنی اس قوم کا مصداق بنے جو اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے اور اس کی صفات اس آیت میں مذکور ہیں۔ امام ابو حیان رحمہ اللہ نے یہ اقوال لکھے ہیں:

① حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور آپ کے رفقاء

② حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور ان دونوں کے رفقاء

③ حضرت ابو موسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ کی قوم

④ اہل یمن، دو ہزار سمندری علاقے کے، پانچ ہزار کندہ اور بجیلہ قبائل کے اور تین ہزار ان کے مختلف قبائل سے انہوں نے قادسیہ میں جہاد کیا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں۔

⑤ انصار مدینہ

⑥ حضرات مہاجرین

⑦ یمن کے وہ قبائل جن کے ذریعے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مرتدین سے قتال فرمایا۔

⑧ القرآنی

⑨ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔ جب آپ نے خوارج سے قتال فرمایا۔ ان نو (۹) اقوال کو ذکر کرنے کے بعد ابو حیان رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وفی المستدرک لابی عبداللہ الحاکم باسناد: انہ لما نزلت اشار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی ابی موسیٰ الاشعری فقال قوم ھذا وھذا اصح الاقوال. (البحر المحیط)

یعنی مستدرک حاکم میں روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو موسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کر کے ارشاد فرمایا کہ اس سے ان کی قوم مراد ہے۔

ابو حیان رحمہ اللہ کہتے ہیں یہ قول زیادہ درست ہے۔ (البحر المحیط)

⑩ صاحب کشاف لکھتے ہیں:

"وقیل سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عنہم فضرب یدہ علیٰ عاتق سلمان وقال: "ھذا وذووہ" ثم قال: لو کان الایمان معلقاً بالثریا لنالہ رجال من ابناء فارس.

یعنی ایک قول یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قوم کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے اپنا ہاتھ مبارک حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی گردن پر رکھ کر فرمایا: یہ اور اس جیسے۔ پھر ارشاد فرمایا: اگر ایمان ثریا ستارے پر بھی معلق ہو تو اہل فارس کے مرد اسے حاصل کر لیں گے۔ (کشاف)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## ایک زبردست علمی تحقیق

صاحب تفسیر حقانی نے اس آیت کا اولین مصداق حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو قرار دیا ہے اور لکھا ہے کہ اس آیت سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کا برحق ہونا بھی ثابت ہوتا ہے۔ اس موقع پر حضرت مصنف رحمہ اللہ نے روافض کے مغالطوں کا بھی بھرپور جواب دیا ہے یہ پوری تحقیق پڑھنے اور سمجھنے کے لائق ہے شائقین ملاحظہ فرمائیں تفسیر حقانی۔

## حاصل کلام

آیت کا مفہوم بالکل عام ہے۔ جو بھی قیامت تک مرتد ہوگا وہ ذلیل و ناکام ہوگا اور اللہ تعالیٰ ہر زمانے میں ان کی جگہ اپنے محبوب، مقرب اور مجاہد بندوں کو لے آئے گا۔ ایسا ماضی میں ہوتا رہا ہے اور ہمیشہ ہوتا رہے گا۔ علامہ آلوسی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

شروعٌ في بيان حال المرتدين على الا طلاق بعد أن نهى سبحانه فيما سلف عن موالاة اليهود والنصارىٰ وبين ان موالاتهم مستد عية للارتدادعن الدين۔

یعنی اس آیت میں مطلق طور پر مرتدین کا حال بیان کیا جا رہا ہے اس سے پہلے پچھلی آیات میں یہود و نصاریٰ کی دوستی سے منع فرمایا اور اب یہ بیان فرمایا کہ ان کے ساتھ دوستی مسلمانوں کے لئے دین سے مرتد ہونے کا ذریعہ بنتی ہے۔ (روح المعانی)

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

معنىٰ الاية يا ايها الذين آمنو من يتول منكم الكفار فير تد عن دينه فليعلم ان الله تعالىٰ يأتي باقوام آخرين ينصرون هذا الدين علىٰ ابلغ الوجوه۔

یعنی آیت کا مطلب یہ ہے کہ اے ایمان والو جو تم میں سے کافروں سے یاری کرے گا اور اپنے دین سے مرتد ہو جائے گا تو وہ خوب جان لے کہ اللہ تعالیٰ دوسری ایسی اقوام کو لے آئے گا جو بھرپور طریقے پر اس دین کی نصرت کریں گے۔ (التفسیر الکبیر)

اکثر مفسرین حضرات نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ اس آیت میں مستقبل کی ایک غیبی خبر ہے کہ آئندہ کچھ لوگ اسلام سے مرتد ہوں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا تو یہ خبر بھی معجزات میں سے ہے۔ امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

وقالت عائشة رضي الله عنها: مات رسول الله صلى الله عليه وسلم وارتدت العرب واشتهر النفاق ونزل بأبي مالو نزل بالجبال الراسيات لها ضها۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا تو عرب مرتد ہو گئے اور نفاق پھیل گیا اور میرے والد پر وہ حالات آئے جو اگر مضبوط پہاڑوں پر آتے تو ان کو ہلا دیتے۔ (التفسیر الکبیر)

ان تمام حوالہ جات سے یہی ثابت ہوا کہ آیت مبارکہ قیامت تک کے لئے عام ہے اور ہر زمانے میں مسلمانوں کو یہ حالات پیش آ سکتے ہیں۔ اور ہر زمانے میں دین کی نصرت کے لئے اللہ تعالیٰ کے محبوب و مجاہد بندے کمر بستہ رہیں گے۔ جہاد قیامت تک جاری رہے گا۔ اور اس دین کے خادموں اور سرفروشوں کی جماعت ہر زمانے میں نصرت حق کی تاریخ رقم کرتی رہے گی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا فرمان

اللہ تعالیٰ کی محبوب اس مجاہد قوم کی صفت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں:

**هم للمومنين كالوالد للولد والسيد للعبد وهم فى الغلظة على الكفار كالسبع على فريسته۔ (القرطبی)**

وہ ایمان والوں کے لئے ایسے ہوں گے جس طرح والد اپنے بیٹے کے لئے اور مالک اپنے غلام کے لئے اور وہ (اسلام دشمن) کافروں پر ایسے سخت ہوں گے جس طرح شیر اپنے شکار پر۔

## خلفاء راشدین کی حقانیت

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

**فدل بهذا تثبيت امامة ابى بكر وعمر وعثمان و على رضى الله عنهم لا نهم جاهدوا فى الله عزوجل فى حياة رسول الله صلى الله عليه وسلم وقاتلوا المرتدين بعده ومعلوم ان من كانت فيه هذه الصفات فهو ولى الله تعالىٰ۔ (القرطبی)**

اس آیت سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کی تصدیق ہوئی کیونکہ ان حضرات نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں بھی اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی مرتدین سے قتال کیا اور یہ بات واضح ہے کہ یہ صفات جس میں بھی ہوں گی وہ اللہ تعالیٰ کا ولی ہے۔ (القرطبی)

## ملامت کی پرواہ کس چیز میں؟

اکثر بڑے مفسرین حضرات نے اس کی تفسیر میں یہی لکھا ہے کہ وہ لوگ جہاد اور دین کی نصرت کے معاملے میں کسی کی ملامت کی پرواہ نہیں کریں گے اور وجہ یہ لکھی ہے کہ منافقین اپنے کافر یاروں کی ملامت اور تنقید کے ڈر سے جہاد میں نہیں جاتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ جہاد سے روکنے کے لئے کافر قوتیں ہمیشہ ملامت، اعتراضات اور تنقید

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کا جال بچھاتی ہیں۔ مگر جو پختہ ایمان والے ہوتے ہیں وہ ان کے اعتراضات، تنقید اور ملامت کی پروا نہیں کرتے۔ مگر وہ منافق جو کافروں کے ہاں مقبولیت چاہتے ہیں اس تنقید سے گھبرا جاتے ہیں اور خود کو جہاد سے لاتعلق ظاہر کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے تفسیر کبیر، بیان القرآن اور قرطبی وغیرہ۔ حضرت تھانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

اور دین اور جہاد کے مقدمہ (یعنی معاملہ) میں وہ لوگ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا اندیشہ نہ کریں گے جیسا کہ منافقین کا حال ہے کہ دبے دبائے جہاد میں جاتے تھے مگر اندیشہ لگا رہتا تھا کہ کفار جن سے دل میں دوستی ہے ملامت کریں گے یا اتفاق سے جن کے مقابلہ میں جہاد ہے وہی اپنے دوست یا عزیز ہوں تو سب دیکھتے سنتے طعن کریں گے کہ ایسوں کو مارنے گئے تھے؟ (بیان القرآن)

## عجیب نکتہ

اس سے یہ نکتہ معلوم ہوا کہ کافر ہر زمانے میں جہاد کے خلاف تنقید اور اعتراضات کا طوفان اٹھاتے ہیں پس جہاد پر وہی ثابت قدم رہ سکتا ہے جو اس نام نہاد بدنامی سے نہ گھبرائے اور وہ عظیم کام کرتا چلا جائے جس کا اللہ تعالیٰ نے اس کو حکم دیا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## یجاهدون فی سبیل اللہ

اللہ تعالیٰ کے ان محبوب بندوں کی اہم صفت جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ امام نسفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

یقاتلون الکفار یعنی کفار سے قتال کریں گے۔ (المدارک)

## حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت

امام ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:

وفی صفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ الضحوک القتال فھو ضحوک لاولیائہ قتّالٌ لاعدائہ۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات میں سے ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خوب ہنس مکھ اور بہت جہاد فرمانے والے تھے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رفقاء کے لئے ضحوک (خوب ہنس مکھ) اور اپنے دشمنوں کے "قتّال" (خوب جہاد فرمانے والے) تھے۔ (تفسیر ابن کثیر رحمہ اللہ)

## اسباق

آیت مبارکہ سے بہت سے اسباق ملتے ہیں مثلاً:

1. دین اسلام کسی کا محتاج نہیں ہم سب دین اسلام کے محتاج ہیں، کسی قبیلے قوم اور شخص کا اسلام محتاج نہیں جو کوئی بھی مرتد ہو گا تو صرف اپنا نقصان کرے گا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

❷ فتنہ ارتداد کا علاج جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

❸ اللہ تعالیٰ کی محبت مسلمان میں غیرت پیدا کرتی ہے اور اسے جہاد پر کھڑا کرتی ہے چنانچہ پہلے فرمایا گیا: یحبھم ویحبونہ اور پھر فرمایا گیا یجاھدون فی سبیل اللہ ۔

❹ فتنہ ارتداد کے وقت مسلمانوں کے درمیان باہمی اتحاد کی سخت ضرورت ہوتی ہے چنانچہ فرمایا گیا: اذلۃ علی المؤمنین اعزۃ علی الکافرین

❺ محبت اور نفرت کے لئے معیار ایمان اور کفر ہے، قوم، قبیلہ زبان یا علاقہ نہیں چنانچہ فرمایا گیا کہ وہ ایمان والوں کے لئے نرم یعنی سراپا محبت وشفقت اور کافروں کے لئے بہت ہی سخت ہوں گے۔ ایمان والے کوئی بھی ہوں۔ اور کافر جو کوئی بھی ہوں۔ پس وہ تمام تحریکیں باطل ہیں جو علاقہ اور زبان کی بنیاد پر کفر و اسلام کا فرق مٹانے کے لئے کھڑی ہوئی ہیں۔

❻ مسلمانوں کے درمیان اتحاد کے لئے اہم کردار صاحب حیثیت اور صاحب قوت مسلمانوں کو ادا کرنا ہوگا۔ جیسا کہ اذلۃ کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مسلمانوں کے لئے جھکیں گے اور نرمی کریں گے۔ حضرات مفسرین نے لکھا ہے کہ وہ مسلمانوں کے لئے تواضع اختیار کریں گے۔ ظاہر بات ہے جھکتا وہی ہے جو بلند ہو اور تواضع وہی اپناتا ہے جو صاحب حیثیت ہو ورنہ کمزور اور محتاج لوگ تو ویسے ہی جھکے ہوئے ہوتے ہیں۔

❼ مسلمان کو جہاد پر کھڑا کرنے کے لئے تین جذبے ضروری ہیں:

★ ’’اللہ تعالیٰ کی محبت‘‘

★ ’’مسلمانوں کے لئے ہمدردی‘‘

★ ’’اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے نفرت‘‘

اور جہاد پر استقامت کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں:

★ جہاد کے معاملہ میں ملامت اور ظاہری بدنامی کی پرواہ نہ کرنا۔

★ اور جہاد کو اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کا فضل سمجھنا نہ کہ اپنا احسان۔

یہ ساتوں اسباق اس آیت میں ہم تمام مسلمانوں کے لئے موجود ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

☆☆☆

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## سُورَةُ الْمَائِدَةِ مَدَنِيَّةٌ — آیت ۵۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ

تمہارا دوست تو اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اور ایمان دار لوگ ہیں جو نماز

الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿۵۵﴾

قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ عاجزی کرنے والے ہیں

### خلاصہ

مسلمانوں کے حقیقی دوست صرف اللہ تعالیٰ ہیں اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور وہ مسلمان ہیں جو نماز اور زکوٰۃ کے پکے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے ہیں۔ پس مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ صرف انہی تین سے یاری رکھیں اور انہی کی یاری کو اپنے لئے کافی سمجھیں۔

### ربط

انہ تعالیٰ لما نھیٰ فی الاٰیات المتقدمۃ عن موالاۃ الکفار امر فی ھذہ الاٰیۃ بموالاۃ من یجب موالاتہ۔ (التفسیر الکبیر)

پچھلی آیات میں جب اللہ تعالیٰ نے کفار کی یاری سے منع فرمایا تو اس آیت میں ان لوگوں سے موالات (قلبی یاری) کا حکم دیا جن کی موالات واجب ہے۔

### آیت عام ہے

امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں پہلا قول یہ ہے کہ یہ آیت تمام مؤمنین کے لئے عام ہے چنانچہ جب حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے یہودیوں سے اعلان برأت کیا اور فرمایا میں بنی قریظہ اور بنی نضیر کا حلیف بننے سے اللہ تعالیٰ کے حضور اعلان برأت کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا ولی (قلبی یار) بناتا ہوں تو یہ آیت ان کی موافقت میں نازل ہوئی اور یہ روایت بھی ہے کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہماری قوم (یہود) نے ہمیں چھوڑ دیا ہے اور قسم کھائی ہے کہ وہ ہمارے ساتھ نہیں بیٹھیں گے اور ہم گھروں کی دوری کی وجہ سے آپ کے صحابہ کے ساتھ نہیں بیٹھ پاتے اس پر یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہم اللہ تعالیٰ، اس کے رسول اور ایمان والوں کی دوستی پر راضی ہیں۔ آگے امام رازی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

فعلیٰ ھذا الاٰیۃ عامۃ فی حق کل المؤمنین فکل من کان مؤمنا فھو ولی کل المؤمنین۔

پس یہ آیت تمام مؤمنین کے حق میں عام ہے جو شخص بھی مؤمن ہوگا وہ تمام مؤمنین کا دوست ہے۔ (التفسیر الکبیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## ولی کے تین معنی

**وفسر الولي هنا بالناصر او المتولي الامر او المحب۔**

ولی کا معنیٰ اس آیت میں ناصر ہے یعنی مددگار یا متولی الامر ہے یعنی معاملات کو چلانے والا یا محب ہے یعنی محبت کرنے والا۔ (البحر المحیط)

ولیکم یہاں ولی اس معنیٰ میں ہے کہ وہ جس سے تمہیں دوستی رکھنا چاہیے یعنی تمہارے حقیقی دوست۔ (تفسیر ماجدی)

## ان تین کے سوا مسلمانوں کا کوئی رفیق نہیں ہو سکتا

"پچھلی آیتوں میں یہود و نصاریٰ کی موالات اور رفاقت سے مسلمانوں کو منع کیا گیا تھا جس کو سننے کے بعد طبعی طور پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر مسلمانوں کے تعلقات محبت و وداد اور معاملات رفاقت کن سے ہونے چاہئیں۔ اس آیت میں بتلا دیا گیا کہ ان کا رفیقِ اصلی خدا اور پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام اور مخلص مسلمانوں کے سوا کوئی نہیں ہو سکتا۔" (تفسیر عثمانی)

## یہ ہے عالمی اسلامی برادری

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی "اسلامی عالمی برادری" کی تشکیل فرما دی۔ ایک سچی، مخلص اور مضبوط برادری۔ جس میں ہر رنگ، نسل اور قبیلے کا فرد پوری برابری اور مساوات کے ساتھ شامل ہو سکتا ہے۔ ایسی برادری جس میں گورے کو کالے پر اور کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں۔ ایسی برادری جس میں عرب و عجم کے درمیان کوئی فرق اور امتیاز نہیں۔ ایسی برادری جسے ملکوں کا جغرافیہ اور سمندروں کے فاصلے ایک دوسرے سے نہیں توڑ سکتے۔ ایسی برادری جس میں شامل ہونے کا دروازہ ہر وقت کھلا ہے۔ ایسی برادری جو ایک جسم اور جان کی طرح اور اس مضبوط دیوار کی طرح ہوتی ہے جسے نہ توڑا جا سکتا ہے اور نہ تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی اطاعت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ اور مسلمانوں سے موالات۔ بس یہی تین نکات اس برادری کو دنیا کی مضبوط ترین قوت بنا دیتے ہیں۔ تب ان کے سامنے کوئی نہیں ٹھہر سکتا ان کو کوئی نہیں روک سکتا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## ایک شبہ کا جواب

شبہ کیا جا سکتا ہے کہ اگر یہ برادری اتنی محدود ہو گی تو وہ دنیا بھر کے انسانوں کو فائدہ نہیں پہنچا سکے گی۔ اس کا جواب بالکل واضح ہے کہ جب تک اپنا گھر مضبوط نہ ہو باہر والوں کی مدد کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی باہمی برادری قائم کر کے ان کو ایسی منظم قوت بنایا جنہوں نے ساری دنیا کی خدمت کی۔ اور جب مسلمانوں نے اپنی غفلت سے اس برادری کو توڑ دیا تو وہ اپنوں کے کام آ سکے نہ غیروں کے۔

## بے نمازی طبقہ

آیت مبارکہ میں واضح شرط بتا دی کہ مسلمانوں کا ہمدرد اور مخلص دوست صرف وہی مسلمان ہو سکتا ہے جو نماز

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

قائم کرنے والا، زکوٰۃ ادا کرنے والا اور اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی کرنے والا ہو۔ پس ثابت ہوا کہ نماز کے معاملہ میں بے پرواہی کرنے والے افراد خود کو لاکھ مسلمان بتائیں وہ اسلامی برادری کے کسی کام نہیں آسکتے۔ آج مسلمانوں کی سیاسی قیادت اسی بے نمازی طبقہ کے ہاتھ میں ہے۔ ظاہر بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ اٹل ہے۔ اوران لوگوں کے اقدامات سے مسلمانوں کو فائدہ کی بجائے نقصان ہی پہنچ رہا ہے۔

## صفت خشوع

اسلامی برادری کے قیام کے لئے اور اسلامی لشکر کی قوت کے لئے "صفت خشوع" کا ہونا ضروری ہے۔ تمام عبادات کا اصل فائدہ تبھی ظاہر ہوتا ہے جب دل اللہ تعالیٰ کے سامنے جھکا ہوا ہو۔ اور اس میں ذکر اللہ سے نرمی اور گداز پیدا ہوتا ہو۔ خشوع کی صفت تیزی سے اٹھ رہی ہے عبادات کا صرف جسم باقی رہ گیا ہے اور ان کی روح فنا ہوتی جارہی ہے۔ جس کا واضح نتیجہ یہ نکلا کہ مسلمان باہمی محبت اور ولایت سے محروم ہو کر مختلف اکائیوں میں تقسیم ہوتے جارہے ہیں اور تقسیم در تقسیم کا یہ سلسلہ بڑھتا ہی چلا جارہا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اپنی رضا والا "خشوع" عطاء فرمائے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۵۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝۵۶

اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور ایمانداروں کو دوست رکھے تو اللہ تعالیٰ کی جماعت وہی غالب ہونے والی ہے

## خلاصہ

مسلمان اگر اس حکم کو پورا کریں اور صرف اللہ تعالیٰ سے اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اور مسلمانوں سے دوستی رکھیں تو وہ ”حزب اللہ“ اللہ تعالیٰ کی جماعت بن جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ ”حزب اللہ“ کیلئے غلبہ ہے۔

## حزب اللہ کون؟

❶ ای من فوض امرہ الی اللہ، وامتثل امر رسولہ ووالی المسلمین فھو حزب اللہ. (القرطبی)

یعنی جو اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے۔ (یعنی صرف اسی پر توکل اور بھروسہ رکھے) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کو پورا کرے اور مسلمانوں سے ہی موالات (قلبی دوستی) رکھے وہ حزب اللہ ہے۔

❷ وقیل ای ومن یتولی القیام بطاعۃ اللہ ونصرۃ رسولہ والمومنین۔ (القرطبی)

اور ایک قول یہ ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت، اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ایمان والوں کی نصرت کا اہتمام کرے وہ ”حزب اللہ“ ہے۔

قال الحسن: حزب اللہ جنداللہ (القرطبی)

حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حزب اللہ کے معنی جنداللہ یعنی اللہ کا لشکر۔ وقال غیرہ انصار اللہ اور دیگر مفسرین کے نزدیک حزب اللہ کے معنی انصاراللہ یعنی اللہ تعالیٰ کے دین کے مددگار۔ (القرطبی)

## تردد کا ازالہ

”کفار کی کثرت اور مسلمانوں کی قلت عدد کو دیکھتے ہوئے ممکن تھا کہ کوئی ضعیف القلب اور ظاہر بین مسلمان اس تردد میں پڑ جاتا کہ تمام دنیا سے موالات منقطع کرنے اور چند مسلمانوں کی رفاقت پر اکتفا کر لینے کے بعد غالب ہونا تو درکنار، کفار کے حملوں سے اپنی زندگی اور بقاء کی حفاظت بھی دشوار ہے ایسے لوگوں کی تسلی کے لئے فرمادیا کہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مسلمانوں کی قلت اور ظاہری بے سروسامانی پر نظر مت کرو۔ جس طرف خدا اور اس کا رسول اور سچے وفادار مسلمان ہونگے وہی پلہ بھاری رہے گا۔" (تفسیر عثمانی)

## مسلمانوں کی مغلوبیت کا سبب

"اہل ایمان جب ایمان پر جمے رہیں، نافرمانیوں سے بچتے رہیں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں، احکام الٰہیہ کے مطابق زندگی گذاریں اور اخلاص کے ساتھ کافروں سے جنگ کریں تو ضرور یہی لوگ غالب ہوں گے کسی بے تدبیری یا معصیت کی وجہ سے کبھی کوئی زک پہنچ جائے تو یہ دوسری بات ہے۔ آیت کا یہ مطلب نہیں کہ کبھی کوئی مسلمان کافروں کے ہاتھ سے نہ مارا جائے گا اور شہید نہ ہوگا مطلب یہ ہے کہ انجام کار کے طور پر فتح، نصرت اور غلبہ اہل ایمان ہی کو حاصل ہوگا۔ تاریخ شاہد ہے کہ اہل ایمان جب تک ایمان پر قائم رہے اخلاص کے ساتھ کافروں سے لڑتے رہے اللہ تعالیٰ کے دین کو بلند کرنے کے جذبے سے سرشار رہے عالم میں فتح یابی کے ساتھ آگے بڑھتے رہے، قیصر و کسریٰ کی حکومتیں ان کے جہاد کی وجہ سے پاش پاش ہوئیں، بڑے بڑے ممالک ان کے زیر نگیں آگئے اور کفار پیچھے ہٹتے چلے گئے، لیکن جب سے اعمال شرعیہ کی پابندی چھوڑی اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں پر اتر آئے دنیا کو مقصود بنالیا۔ کافروں کی دوستی کا دم بھرنے لگے تو ان کے قبضہ میں جو ممالک تھے وہ بھی ہاتھ سے نکل گئے اور کافروں نے عالمی ادارے بنا کر مسلمانوں کو ان کا ممبر بنالیا اور مسلمانوں میں پھوٹ ڈال دی اور پس پردہ کٹھ پتلی کی طرح انہیں نچادیا۔ مسلمان اب بھی صحیح طریقہ پر حزب اللہ یعنی اللہ کی جماعت بنیں تو اب بھی غلبہ پاسکتے ہیں۔" (انوار البیان)

## غلبے کا نصاب موجود ہے

مسلمانوں کے لئے غلبے کا پورا نصاب ان آیات میں موجود ہے یہود و نصاریٰ اور تمام دشمنان اسلام سے یاری منقطع کردیں۔ اللہ تعالیٰ سے سچی محبت اور وفاداری اپنے دل میں پیدا کریں۔ مسلمانوں کے لئے سراپا محبت اور ہمدردی بن جائیں۔ اسلام دشمنوں سے شدید نفرت رکھیں۔ جہاد فی سبیل اللہ کو بھرپور طریقے پر زندہ کریں۔ جہاد کے بارے میں منفی تنقید اور ملامت کی پرواہ نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت اور مسلمانوں کی دوستی اور نصرت کو معیار بنا کر اپنی اسلامی برادری قائم کریں۔ تو وہ پوری دنیا پر چھا جائیں گے اور غالب آجائیں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## نصاب مشکل نہیں ہے

ماضی کے جن مسلمانوں نے اس نصاب پر عمل کیا وہ بھی ہماری طرح انسان تھے۔ مگر انہوں نے ہمت سے کام لیا اور دنیا سے نظریں ہٹا کر آخرت کو سامنے رکھا۔ اگر وہ بھی ہماری طرح حالات کی سختی کا بہانہ بنا کر بیٹھ جاتے تو یہ دین ہم تک نہ پہنچتا اور چند شہروں تک محدود ہو کر رہ جاتا۔ مگر انہوں نے حالات کو نہیں اللہ تعالیٰ کے حکم کو دیکھا اور پھر اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر کھڑے ہوگئے۔ تب اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے کے مطابق انہیں غلبہ عطاء فرمادیا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## حالات پہلے بھی سخت تھے

ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ اس نصاب پر عمل کرنے کے لئے حالات نرم اور آسان ہوں۔ جنت کا راستہ تکلیفوں اور مشقتوں سے بھرا ہوا ہے۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر جو مشکل حالات آئے ہم ان کا تصور بھی اپنے لئے نہیں کر سکتے۔ اس لئے یہ عذر کرنا کہ اب زمانہ کافی آگے جا چکا ہے۔ اب ہم جنگ اور جہاد میں کبھی دشمن کو شکست نہیں دے سکتے بالکل جھوٹا اور بے کار عذر ہے۔ ہر انسان کے پاس ایک جان ہے۔ یہ جان تلوار سے بھی نکل جاتی ہے اور ایٹم بم سے بھی۔ روم و فارس کی طاقتیں اس وقت کے تمام مسلمانوں کو مٹانے پر اتنی قدرت رکھتی تھیں جتنی آج کی طاقتیں نہیں رکھتیں۔ اس لئے صرف ایٹم بم، ہائیڈروجن بم، اور فضائی قوت کو دیکھ کر دل ہار بیٹھنا اور ایمان بیچ ڈالنا مسلمان کا کام نہیں ہے۔ ہم کافروں کے یار ہو کر بھی اتنے ہی دن زندہ رہیں گے جتنے دن ان کے دشمن بن کر زندہ رہ سکتے ہیں۔ کسی کی یاری اور حفاظت زندگی کے دن بڑھا نہیں سکتی اور کسی کی دشمنی موت کو وقت سے پہلے لا نہیں سکتی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## ہم کہاں جائیں؟

مسلمان ملکوں، قوموں، زبانوں، فرقوں، جتھوں اور جماعتوں میں بٹ گئے ہیں۔ اب اگر کوئی اس نصاب پر عمل کرنا چاہے تو کس کے ساتھ شامل ہو؟ جواب آسان ہے کہ فرقے اور جتھے ہر زمانے میں موجود تھے اسلئے یہ آزمائش بھی کوئی نئی نہیں ہے۔ سب سے پہلے اپنا دل ٹھیک کریں، اس میں سے دنیا کی محبت اور یہاں ہمیشہ رہنے اور فضول جائیدادیں بنانے کا شوق نکالیں۔ دل میں اسلام کے غلبے کی فکر بھریں اور پھر سچے دل سے خود کو اور اپنی جان کو اسلام کی خاطر اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کریں۔ پھر سچے دل سے قبولیت کی دعاء کریں۔ یہ سب کچھ خفیہ ہو اور خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہو۔ تب راستہ خود مل جائے گا۔ اور منزل سامنے آجائے گی۔ باقی حق جماعت کی علامات ابھی اسی سورۃ کی آیت (۵۴) میں گزر چکی ہیں۔ وہ اہل دین جو جہاد میں مشغول ہوں ان کے ساتھ وابستگی میں خیر ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## آسان ترین نسخہ

اس نصاب پر عمل کرنے کا آسان ترین نسخہ صرف یہی ہے کہ ہم اپنے دل کی خواہش کو درست کر لیں۔ ہم دنیا چاہتے ہیں یا آخرت؟ ہم اللہ تعالیٰ کی رضا چاہتے ہیں یا دنیا کا فانی عیش و آرام؟ اگر ہم اللہ تعالیٰ کی رضا اور آخرت چاہتے ہیں تو پھر سب کچھ آسان ہے حتیٰ کہ اکیلے نکل کر ساری دنیا کے کافروں کے مقابلے میں کھڑا ہو جانا بھی آسان ہے۔ لیکن اگر ہم دنیا کے طالب ہیں تو پھر سب کچھ مشکل ہے حتیٰ کہ سال میں ایک بار اپنے مال کا چالیسواں حصہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں دے دینا بھی مشکل ہے۔ جب اتنا آسان کام بھی مشکل ہے تو باقی کاموں کا خود اندازہ لگا لیں۔ تب ایسے لوگ بہانے بناتے ہیں اور اس نصاب کو ناممکن قرار دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نفس و شیطان کے شر سے بچائے۔ آمین

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## کچھ لوگ موجود رہیں گے

اسلام سچا دین ہے۔ قرآن پاک سچی کتاب ہے۔ یہ ممکن نہیں ہے کہ سب لوگ ہی اس پر عمل چھوڑ دیں۔ اللہ تعالیٰ کے مخلص بندوں سے یہ دنیا کبھی خالی نہیں رہتی۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم قرآن پاک کی بیان فرمودہ علامات کے ذریعے انہیں تلاش کریں۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعاء کریں کہ وہ ہمیں بھی انہیں کا حصہ بنادے۔ (وماذلك على الله بعزيز.)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ آیت ۸۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الْیَهُوْدَ وَالَّذِیْنَ

تو سب لوگوں سے زیادہ مسلمانوں کا دشمن یہودیوں اور مشرکوں

اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ قَالُوْۤا

کو پائے گا اور تو سب سے نزدیک محبت میں مسلمانوں سے ان لوگوں کو پائے گا جو کہتے ہیں کہ

اِنَّا نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّیْسِیْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ

ہم نصاریٰ ہیں یہ اس لیے کہ ان میں علماء اور فقراء ہیں اور اس لیے

لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

کہ وہ تکبر نہیں کرتے

## خلاصہ

مسلمانوں کے سب سے سخت دشمن یہودی اور مشرکین ہیں۔ اور مسلمانوں سے دوستی رکھنے کے قریب تر وہ عیسائی ہیں جن میں علم دوست افراد اور تارک دنیا راہب موجود ہوں اور وہ تکبر بھی نہ کرتے ہوں۔

## شانِ نزول

تفسیر قرطبی وغیرہ میں ہے کہ جب مشرکین مکہ کو غزوہ بدر میں شکست ہوئی تو انہوں نے اپنے مقتولین کا بدلہ ان مسلمانوں سے لینے کا ارادہ کیا جو ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے تھے، انہوں نے حبشہ کے حکمران نجاشی کے پاس ہدیے ، تحفے اور وفد بھجوایا تا کہ نجاشی وہاں موجود مسلمانوں کو مشرکین کے حوالے کر دے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پتا چلا تو آپ نے بھی نجاشی کے نام نامہ مبارک دے کر حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ نجاشی نے خط مبارک پڑھا تو مہاجر مسلمانوں کو بلوایا اور اپنے علماء اور درویشوں کو بھی جمع کیا پھر حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو قرآن پاک پڑھنے کے لئے کہا انہوں نے سورۃ مریم کی تلاوت کی تو عیسائی علماء، درویش کھڑے ہو گئے اور ان کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ (القرطبی)

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

مکہ میں کافروں نے جب مسلمانوں پر ظلم کیا تو حضرت نے اذن دیا کہ ملک سے نکل جاؤ قریب اسی آدمی مسلمان بعضے تنہا بعضے گھر سمیت ملک حبشہ میں جا رہے وہاں کا بادشاہ خوب منصف تھا۔ پھر مکے کے کافروں نے اس کو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بہکایا کہ اس قوم کو رہنے نہ دو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو غلام کہتے ہیں تب بادشاہ نے مسلمانوں کو بلا کر پوچھا اور قرآن پڑھوا کر سنا وہ اور اس کے علماء بہت روئے اور کہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے ہم کو اسی کے موافق پہنچا ہے اور ہم کو خبر دی ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہ میرے بعد پیش از قیامت ایک اور نبی آئے گا وہ بے شک یہی نبی ہے۔ وہ بادشاہ خفیہ مسلمان ہوا ان کے حق میں یہ آیتیں ہیں۔ (موضح القرآن)

### مشروط نرمی

یہود و مشرکین کی دشمنی تو بالکل واضح ہے، یہ ہر زمانے میں رہی ہے اور اب تک موجود ہے اور قرب قیامت میں یہودیوں کا مکمل خاتمہ مسلمانوں کے ہاتھوں سے ہونا صحیح احادیث میں وارد ہے۔ باقی رہی عیسائیوں کی نرمی تو وہ تین شرطوں کے ساتھ مشروط ہے علم، ترک دنیا اور تواضع۔ دراصل مسلمانوں کے خلاف دشمنی پیدا ہوتی ہے جہالت حب دنیا اور تکبر سے۔ جب ان میں قسیس یعنی علم دوست لوگ موجود تھے تو جہالت کم تھی، رہبان یعنی تارک الدنیا لوگ موجود تھے تو حب دنیا کم تھی اور وھم لا یستکبرون فرما کر بتایا گیا کہ ان میں تواضع بھی تھی۔ یہ تین شرطیں جب بھی عیسائیوں میں پائی جائیں گی وہ مسلمانوں کے قریب آئیں گے اور حق کو سنیں گے اور قبول کریں گے۔ لیکن جب یہ تین شرطیں نہیں پائی جاتیں تو وہ بھی دیگر کفار و مشرکین کی طرح اسلام اور مسلمانوں سے عداوت رکھتے ہیں۔ جس طرح اس زمانے کے اکثر عیسائی رکھتے ہیں۔ ویسے قرب قیامت کی بعض بڑی جنگوں میں مسلمانوں کا عیسائیوں سے اتحاد بھی ہوگا اور پھر یہ اتحاد ٹوٹ کر جنگ کی شکل اختیار کر لے گا۔ (واللہ اعلم بالصواب)

حضرت عثمانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

ان آیات میں (عیسائیوں کی) اسی (خاص) جماعت کا حال بیان فرمایا ہے قیامت تک کے لئے کوئی خبر نہیں دی گئی کہ ہمیشہ عیسائیوں اور یہود و مشرکین وغیرہ کے تعلقات کی نوعیت اسلام و مسلمین کے ساتھ یہ ہی رہے گی، آج جو لوگ عیسائی کہلاتے ہیں ان میں کتنے قسیس اور رہبان اور متواضع اور منکسر المزاج ہیں؟ اور کتنے ہیں جن کی آنکھوں سے کلام الٰہی سنکر آنسو ٹپک پڑتے ہیں؟ جب اقربھم مودة کی علت ہی جو ذلك بان منھم قسیسین ...... الخ سے بیان کی گئی، موجود نہیں تو معلول یعنی "قرب مودت" کیوں موجود ہوگا، بہر حال جو اوصاف عہد نبوی کے عیسائیوں اور یہود و مشرکین کے بیان ہوئے وہ جب بھی اور جہاں کہیں جس مقدار میں موجود ہوں گے اسی نسبت سے اسلام و مسلمین کی محبت و عداوت کو خیال کر لیا جائے۔ (تفسیر عثمانی)

### حب دنیا کا نتیجہ

امام رازی رحمہ اللہ نے لکھا ہے:

عیسائیوں کا کفر یہودیوں کے کفر سے زیادہ سخت تھا کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں بھی غلط عقیدہ رکھتے تھے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

پھر بھی اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کو زیادہ سخت دشمن قرار دیا اس لئے کہ ان میں حب دنیا بہت زیادہ تھی۔ پس حب دنیا ان پر زیادہ لعنت کا ذریعہ ہے اسی پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان تنبیہ کرتا ہے:

حب الدنیا رأس کل خطیئة کہ دنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے۔ (تلخیص کبیر)

اس علمی نکتے سے معلوم ہوا کہ حب دنیا میں جو قوم جتنی زیادہ مبتلا ہوگی وہ مسلمانوں کی اتنی زیادہ دشمن ہوگی۔ اور جب خدانخواستہ خود مسلمانوں میں حب دنیا کا مرض عام ہو جائے گا تو وہ مغلوب ہو جائیں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## دعاء

یا اللہ ہم سب مسلمانوں کو اپنی محبت عطا فرما اور ہم سب کی حب دنیا کے مرض سے حفاظت فرما۔ (آمین یا ارحم الراحمین)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تعارف

الحمدلله رب العالمين الرحمن الرحيم مالك يوم الدين اياك نعبد واياك نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين آمين.

الحمدلله وسلام على عباده الذين اصطفى..... سبحان ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمدلله رب العالمين..... اللّٰهم صلی علی سيدنا محمد وعلى آلِ سيّدنا محمد كما صليت على سيّدنا ابراهيم وعلى آلِ سيّدنا ابراهيم انك حميد مجيد اللّٰهم بارك على سيّدنا محمد وعلى آلِ سيّدنا محمد كما باركت على سيّدنا ابراهيم وعلى آلِ سيّدنا ابراهيم انك حميد مجيد..... اللهم لك الحمد كما ينبغي لجلال وجهك ولعظيم سلطانك.....

اما بعد

❶ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے قبول فرمائے اس تالیف کا نام "فتح الجواد فی معارف آیات الجہاد" ہے کتاب کی یہ جلد اوّل سورۃ البقرۃ، آل عمران، النساء اور المائدہ کی ۱۵۹ آیات کے جہادی مضامین پر مشتمل ہے۔ جبکہ اکتیس آیات کے اشارات جہاد کو بھی مختصراً بیان کیا گیا ہے۔

❷ کتاب کی تالیف سے پہلے قرآن پاک کی کئی بار تلاوت کی گئی اور مضامین جہاد کے حوالے سے چار فہرستیں مرتب کی گئیں۔ یہ چاروں فہرستیں اس کتاب میں پیش کر دی گئیں ہیں تاکہ طلبہ علم کے لئے آسانی ہو اور اہل علم حضرات تحقیق فرما سکیں۔

❸ پہلے ارادہ یہ تھا کہ جلد اوّل سورۃ الانفال تک ہو مگر سورۃ الانفال کے جہادی مضامین قدرے تفصیل سے لکھے گئے ہیں اس لیے اگر سورۃ الانفال کو بھی جلد اوّل میں شامل کیا جاتا تو کتاب کی ضخامت بڑھ جاتی اس لیے سورۃ المائدہ تک کے مضامین کو جلد اوّل میں شائع کیا جا رہا ہے۔

❹ اس کتاب کی تالیف میں مستند عربی اور اردو تفاسیر سے استفادہ کیا گیا ہے اور زیادہ کوشش اسی بات کی رہی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ کوئی مضمون بے حوالہ اور غیر مستند نہ رہے۔ تالیف کے دوران جو بات بھی ذہن میں آئی اس کے لئے مستند تفاسیر سے تائید اور حوالہ ڈھونڈنے کی پوری محنت کی گئی۔ یوں الحمدللہ اس کتاب کا بیشتر حصہ مستند اور معتبر مفسرین حضرات کی علمی تحقیقات پر مشتمل ہے۔

۵ اس کتاب میں جن عربی تفاسیر سے استفادہ کیا گیا ہے ان میں سرفہرست تفسیر قرطبی، تفسیر مدارک، تفسیر کبیر، روح المعانی، جلالین، البحر المحیط، ابن کثیر وغیرہا شامل ہیں۔ آپ کو جابجا ان کتابوں کے حوالے اور عبارتیں اس کتاب میں ملیں گی۔ عربی عبارات کا اردو ترجمہ بھی ساتھ دے دیا گیا ہے بعض مقامات پر عربی عبارات کا ترجمہ اس لیے نہیں دیا گیا کہ کسی معتبر اردو تفسیر کے حوالے سے وہی بات اسی مقام پر بیان ہو چکی ہے۔

تفاسیر کا حوالہ دیتے وقت صفحات کا نمبر نہیں دیا گیا صرف تفسیر کا نام دینے پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اگر آپ وہ حوالہ اصل تفسیر میں دیکھنا چاہتے ہیں تو اسی آیت کی تفسیر میں وہ حوالہ آسانی سے مل جائے گا۔

۶ اردو کی مستند تفاسیر میں سے زیادہ انحصار حضرت شاہ عبدالقادر صاحب نور اللہ مرقدہ کی تفسیر موضح القرآن (موضح قرآن) پر کیا گیا ہے۔ قرآن پاک کی آیات سے جہادی مضامین سمجھنے اور سمجھانے کے حوالے سے حضرت شاہ صاحبؒ ''امام'' کا درجہ رکھتے ہیں باقی تمام مفسرین اس باب میں ان کے مقتدی ہیں۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ نے بھی حضرت شاہ صاحبؒ کے طریقے کو آگے بڑھایا ہے اور اپنے لاجواب حواشی میں مضامین جہاد کو خوب کھولا ہے۔ حضرت اقدس تھانویؒ نے تفسیر بیان القرآن میں حیرت انگیز علمی شان کے ساتھ مضامین جہاد کو واضح فرمایا ہے۔ جبکہ حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ نے بھی اس موضوع کا حق ادا کرنے کی پوری کوشش فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان چاروں حضرات کے درجات عالیہ کو مزید بلندی عطاء فرمائے اس کتاب کی تالیف میں ان چاروں حضرات کی تحقیقات کو اکثر لیا گیا ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ، حضرت تھانویؒ اور حضرت لاہوریؒ کے نزدیک مزید کئی آیات کا تعلق بھی جہاد سے بنتا ہے۔ اس کتاب میں ان آیات کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا ہے مگر چونکہ اُن آیات کا جہاد کے ساتھ تعلق ربط کی بناء پر زیادہ اور مضمون کے اعتبار سے کم ہے اس لئے باقاعدہ طور پر اُن کے مضامین کو بیان نہیں کیا گیا۔ ان چار تفاسیر کے علاوہ تفسیر حقانی سے بھی خوب استفادہ ہوا یہ تفسیر دراصل امام رازیؒ کی تفسیر کبیر سے مستفاد ہے۔ حضرت دریا آبادیؒ کی تفسیر ماجدی نے بھی کئی مقامات پر ساتھ دیا وہ تاریخ اور جغرافیے کے ماہر ہیں۔ نیز معارف القرآن، تفسیر الفرقان، ترجمان القرآن اور انوار البیان بھی زیر مطالعہ رہیں۔

اردو تفاسیر کا حوالہ ڈھونڈنے کا طریقہ بھی وہی ہے کہ بس متعلقہ آیت کھولئے اور حوالہ ملاحظہ فرما لیجئے دو چار جگہ ایک آیت کا حوالہ دوسری آیت کے ساتھ لگایا گیا ہے تو ساتھ وضاحت کر دی گئی ہے کہ مفسر صاحب نے یہ بات فلاں آیت کی تفسیر میں لکھی ہے۔ حضرت شاہ عبدالقادر صاحبؒ کا چونکہ بہت احسان ہے اس لیے ان کی عبارتوں کے شروع

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں اکثر کلام برکت کا عنوان دے دیا گیا ہے۔ حضرت شاہ صاحب ؒ کی تفسیر کا نام ''موضح القرآن'' معروف و مشہور ہے مگر بعض اہل علم کا خیال ہے کہ اصل نام موضح قرآن ہے اور یہ تاریخی نام ہے یعنی ابجد کے حساب سے اس نام میں تاریخ تالیف بیان کی گئی ہے۔

❼ جہاد امت مسلمہ کا مقبول موضوع ہے اس لئے حضرات مفسرین اس پر دل کھول کر لکھتے ہیں۔ اگر مفسرین کے تمام اقوال اور عبارتیں لکھی جاتیں تو کتاب بہت ضخیم ہو جاتی۔ اسی طرح اگر ہر آیت کے مناسب احادیث مبارکہ اور حضرات فقہاء کرام کے اقوال بھی لکھے جاتے تو ہر آیت کے مضامین میں کئی صفحات کا اضافہ ہو سکتا تھا۔ اسی طرح اگر دعوت اور وعظ کا انداز اختیار کیا جاتا اور ہر آیت کے مضمون کو وعظ کے انداز میں بیان کیا جاتا تو بات کافی لمبی ہو جاتی۔ چنانچہ ان تمام چیزوں کو چھوڑ دیا گیا ہے اور طریقہ یہ اختیار کیا گیا ہے کہ ہر آیت کے مضمون جہاد کو واضح کر دیا جائے اور مستند عبارتوں کے ذریعے اُس کی پوری وضاحت کر دی جائے۔ تاکہ مسلمانوں کو معلوم ہو جائے کہ قرآن پاک کی یہ آیت انہیں کیا سمجھا رہی ہے۔ اور انہیں اس بات کا یقین ہو جائے کہ جہاد اسلام کا ایک محکم اور قطعی فریضہ اور اللہ تعالیٰ کا بالکل واضح حکم ہے۔

اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ یہ کوشش الحمدللہ کامیاب رہی ہے اور ہر آیت کا جہادی مضمون اس طور پر واضح ہو گیا ہے کہ بے شمار اعتراضات اور وساوس کا جواب خود بخود معلوم ہو جاتا ہے۔ اور یہ بات اچھی طرح دل میں بیٹھ جاتی ہے کہ جہاد مولویوں کا گھڑا ہوا مسئلہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا بالکل واضح اور تاکیدی حکم ہے اور جہاد کا اصل معنیٰ کیا ہے۔ البتہ بعض آیات کے ساتھ ان سے سمجھے گئے اسباق اور عصر حاضر کے ساتھ ان کی مطابقت کو بھی عرض کر دیا گیا ہے۔

❽ قرآن پاک اوّل تا آخر اللہ تعالیٰ کی سچی اور قدیم کتاب ہے۔ اس پوری کتاب پر ایمان لانا فرض ہے۔ قرآن پاک کی کسی ایک آیت کا انکار بھی کفر ہے۔ اور ایمان لانے کے اعتبار سے قرآن پاک کو تقسیم کرنا کہ بعض کو مانا جائے اور بعض کو نہ مانا جائے یہ کافروں اور ظالموں کا طریقہ ہے۔ ہم پورے قرآن پاک پر ایمان لائے ہیں اور الحمدللہ ایمان رکھتے ہیں۔ ماضی میں اسلاف نے قرآن پاک کے مختلف حصوں کی الگ الگ تفاسیر لکھی ہیں۔ کسی نے آیات الاحکام پر تفسیر لکھی تو کسی نے قصص القرآن کو الگ بیان فرمایا کسی نے شان نزول پر کتاب لکھی تو کسی نے نماز والی آیات کو چھانٹا اور جمع فرمایا۔ اس لیے ''جہادی آیات'' کی الگ تالیف کوئی نئی چیز نہیں ہے بلکہ یہ بھی قرآن پاک اور دین کی خدمت کی ایک ادنیٰ سی کوشش ہے۔ اس زمانے میں قرآن پاک کے حکم جہاد کے خلاف بہت تدبیریں، مکر اور کوششیں ہو رہی ہیں۔ اور مسلمانوں کو اس گمراہی کی طرف بلایا جا رہا ہے کہ وہ غیر جہادی اسلام کو اختیار کریں۔ ان حالات میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی توفیق سے قرآن پاک کی ان آیات کو بیان کیا جا رہا ہے جن میں جہاد کا بیان ہے۔ کافروں کی طاقت اپنی جگہ، دنیا کے تقاضے اپنی جگہ، مسلمانوں کی کمزوری اپنی جگہ۔ مسلمانوں سے ہماری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

صرف اتنی سی درخواست ہے کہ وہ ایک بار ان آیات اور ان کے مستند مضامین کو پڑھ لیں۔ اور کچھ نہیں تو صرف ان آیات کا ترجمہ ہی پڑھ لیں۔ اور پھر فیصلہ کریں کہ۔ ہم نے کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔ اور یہ بات تو سب کو معلوم ہے کہ صرف وہی دین اور اسلام ہی سچا اور معتبر ہو سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں بیان فرمایا ہے اور جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول و عمل سے بیان فرمایا ہے۔

۹ اس کتاب میں قرآن پاک کی جن آیات کو بیان کیا گیا ہے وہ آیات جب نازل ہو رہی تھیں تو مسلمان کمزور تھے، بہت کم تھے اور دنیا کے صرف ایک خطے میں موجود تھے۔ ان مسلمانوں نے ان آیات کو پڑھا تو اپنی کمزوری اور قلت کا عذر نہیں کیا بلکہ ان آیات کو اللہ تعالیٰ کا حکم سمجھ کر عمل کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے۔ نتیجہ کیا نکلا یہ ہم سب کے سامنے ہے اور آج ہم بھی اسی لیے مسلمان ہیں کہ ماضی کے مسلمانوں نے ہمت سے کام لیا اور قرآن پاک پر عمل کیا۔

آج چودھویں صدی ہجری میں جب ان آیات کو جمع کر کے مسلمانوں کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے تو بھی مسلمان کمزور اور کسی حد تک مغلوب ہیں۔ مگر پھر بھی مسلمانوں کی تعداد کافی ہے اور ان کے پاس وسائل بھی بالکل ابتدائی زمانے کے مسلمانوں سے زیادہ ہیں۔ چنانچہ ان آیات کو پڑھ کر یہ کہنا کہ یہ ہمارے لیے نہیں ہیں کیونکہ ہم کمزور ہیں ایک بہت ہی عجیب بات ہوگی۔ ہم سب کو چاہئے کہ ہم کامیابی اور عزت کے ان نسخوں اور غلبے کے ان طریقوں کو عمل کی نیت سے پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے ایمان کامل اور توفیق عمل کی دعا کریں۔

۱۰ آیات جہاد جمع کرنے کا سلسلہ ۱۹۹۵ء سے شروع ہوا تھا۔ ابتدائی طور پر چار سو سولہ آیات کی فہرست تیار ہوئی اور تعلیم الجہاد حصہ چہارم کے عنوان سے ان آیات کا ترجمہ اور مختصر تشریح شائع ہوئی۔ قید سے آزادی کے بعد کتابوں تک رسائی ہوئی اور مطالعہ کا موقع ملا تو دیگر آیات کے جہادی مضامین بھی علم میں آئے۔ اس دوران دو بار سورۃ الانفال کا اور دو بار آیات جہاد کا دورہ پڑھانے کی سعادت بھی ملی۔ اس تالیف کے دوران کراچی، ملاکنڈ، مردان اور کوہاٹ میں منعقد ہونے والے ان دوروں کی تقاریر (جو کیسٹوں سے لکھی گئی ہیں) الحمد للہ کافی کام آئیں......

کوہاٹ کے دورے کے بعد یہ دورہ خود تو پڑھانے کی توفیق نہ مل سکی البتہ اللہ تعالیٰ نے کئی رفقاء کرام کو یہ سعادت نصیب فرمادی۔ اب الحمد للہ کئی سال سے یہ چھ حضرات پابندی کے ساتھ یہ دورہ پڑھا رہے ہیں۔ اور اب تک کئی ہزار مسلمان اس دورے کے توسط سے قرآن پاک کا حکم جہاد سمجھ چکے ہیں۔ گزشتہ سال ان چھ رفقاء کرام کی خدمت میں جو خط بھیجا گیا تھا وہ بھی اس تعارف کے آخر میں شامل کیا جا رہا ہے۔ امید ہے کہ اہل علم حضرات کو ان شاء اللہ اس خط کے ذریعے اس دورے کی افادیت سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

۱۱ قرآن پاک کے جہادی مضامین جب ہزاروں لاکھوں مسلمانوں تک پہنچے تو اس بات کا تقاضہ بڑھ گیا کہ آیات جہاد کو تحریری طور پر بھی جمع کر لیا جائے۔ گزشتہ سال عید الاضحیٰ سے کچھ پہلے اللہ تعالیٰ نے یہ کام شروع کرنے کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

توفیق عطاء فرمادی۔ پہلے فہرستیں تیار کی گئیں اور پھر سورۃ البقرۃ سے کام کا آغاز ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر ہے کہ بہت کم عرصے میں یہ مشکل کام سورۃ الانفال کے آخر تک جا پہنچا۔ مگر اس کے بعد مزید کام نہیں ہوسکا۔ اب اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا اور اپنا احسان اور فضل فرمایا تو سورۃ التوبہ سے یہ کام دوبارہ شروع کیا جائے گا۔ تمام مسلمان قارئین اور قارئات سے دعاء کی درخواست ہے۔

۱۲ اب تک جتنا کام ہوا ہے یہ بھی میرے بس میں نہیں تھا۔ اور نہ ہی میں اس کام کا اہل ہوں۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ اس نے توفیق عطاء فرمادی۔ اللہ تعالیٰ کا بے انتہا شکر ہے کہ اس نے مجھے مقبول دعائیں دینے والے والدین عطاء فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ان دو بندوں نے دل کی محبت اور توجہ سے مجھے خوب دعائیں دیں۔ جب بھی کام رُکا وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے گڑگڑائے اور مالک الملک نے دروازے کھول دیئے۔ اللہ تعالیٰ میرے والدین کریمین کو جزائے خیر اور دنیا آخرت میں ان احسانات کا بہترین بدلہ عطاء فرمائے۔ اس کتاب کو پڑھنے والے تمام مسلمانوں سے بھی ان کے لئے دعاء کی التماس ہے۔ اور کس کس کے احسانات کا تذکرہ کروں؟ الحمد للہ ہر کسی نے اپنی بساط سے بڑھ کر میرے ساتھ معاونت کی۔ اور خوب خوب دعاؤں سے نوازا۔ کسی کا نام لکھوں تو کسی کا رہ جائے گا۔ جبکہ ان سب نے یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے کیا اور اللہ تعالیٰ تو سب کو جانتا ہے اور وہ تو شکور ہے شکور بے حد قدردان۔ اسی سے دعاء ہے کہ وہ ان سب کو اجر عظیم عطاء فرمائے۔

یا اللہ اس ادنیٰ سی ناچیز کوشش کو اپنی رضاء کے لئے قبول فرما..... قبول فرما..... قبول فرما

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم وتب علینا انک انت التواب الرحیم
و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیّدنا محمّد وعلیٰ آلہ واصحابہ
وازواجہ وبناتہ واتباعہ اجمعین وسلم تسلیماً کثیراً کثیرا۔

محمد مسعود ازہر

۳/صفر الخیر ۱۴۲۸ھ

یوم الاربعاء

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

## آیات جہاد کا دورہ پڑھانے والے علماء کرام کی خدمت میں ایک گذارش نامہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

چار فہرستیں حاضر خدمت ہیں:

❶ مدنی سورتوں میں مضامین جہاد والی آیات کی فہرست۔ اس میں کل ۵۵۸ آیات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ **فتح الجواد** کا کام شروع کرنے سے پہلے کئی بار پورے قرآن پاک کی تلاوت کی گئی اور ترجمہ پڑھا گیا جس کے بعد یہ فہرست مرتب ہوئی ہے۔ جن جدید آیات کو اس فہرست میں شامل کیا گیا ہے اُن کے مضامین جہاد کو سمجھنے کے لئے حاشیہ حضرت لاہوریؒ موضح القرآن (موضح قرآن) اور تفسیر کبیر کا مطالعہ فرمائیں۔

❷ دوسری فہرست مدنی سورتوں میں اشاراتِ جہاد والی آیات کی ہے۔ ادنیٰ تامل اور مطالعے سے اس فہرست کے اشارات کو سمجھا جاسکتا ہے۔

❸ تیسری فہرست مکی سورتوں کی ان آیات مبارکات کی ہیں جن میں جہادی اشارات بالکل واضح ہیں۔

❹ چوتھی فہرست ان آیات کی ہیں جو ہماری فہرست میں شامل نہیں ہیں مگر حضرت لاہوریؒ نے ان کو ربط کی بناء پر (نہ کہ مضمون کی بناء پر) جہادی آیات قرار دیا ہے۔

### مبارکباد

احادیث و آثار سے بالکل صاف طور پر یہ بات سمجھ آتی ہے کہ آخری زمانے میں پھر جہاد فی سبیل اللہ پوری آب وتاب اور شان وشوکت سے جاری ہوگا اور زمین پر خلافت علی منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ آپ حضرات کا یہ دورہ آیات الجہاد پڑھانا انہی بشارتوں کے قائم ہونے کا اشارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اس نعمت پر جتنا شکر ادا کریں کم ہے اور اس نعمت کی جس قدر ہو سکے قدر کریں۔

### الجھن کی حاجت نہیں

بار بار آیات کی تعداد میں تبدیلی سے کوئی الجھن پیدا نہ ہو۔ ہم نے کبھی بھی کسی تعداد میں حصر کا دعویٰ نہیں کیا۔ مقصد جہاد فی سبیل اللہ کا احیاء ہے۔ جیسے ہی اس بارے میں علم کا اضافہ ہوتا ہے ہم یہ امانت مسلمانوں تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ تفسیر میں رائے کا دخل نہیں ہے جب بھی اسلاف کی طرف سے مستند اقوال سامنے آتے ہیں ہم ان کی پیروی کرتے ہیں اور اپنی رائے کو قطعاً کوئی دخل نہیں دیتے۔ ماضی کے دوراتِ تفسیر کی کیسٹیں سن لیں ہر دورے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں یہی عرض کیا گیا ہے کہ کسی تعداد میں حصر کا دعویٰ نہیں ہے۔ اب چونکہ تحریری کام شروع کرنا تھا اس لیے از سر نو محنت کی گئی ہے۔

## غزوات کی تعلیم

دورہ تو قرآنی ترتیب سے پڑھائیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کی جو ترتیب قائم فرمائی ہے اسی میں خیر اور حکمت ہے چنانچہ پہلے سورۃ بقرۃ کی آیات پھر آل عمران کی اسی طرح ھلمّ جرًّا ...... مگر جب کسی غزوے یا سریے کی آیات آئیں تو سیرت المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے اس کی تعلیم کرادی جائے۔ اور مزید جو کچھ کہنا ہو وہ زبانی کہہ دیا جائے۔ اس سے ایک تو طلبہ کی مستند ماخذ تک رسائی ہو جائے گی دوسرا دورے کا ماحول بھی ان شاء اللہ پر جوش ہو جائے گا۔

## سورۃ انفال کی تقریر

کراچی میں سورۃ انفال کا جو دورہ ہوا تھا وہ کافی مفصل تھا اگر تمام اساتذہ کرام ایک بار اُس کو سن لیں یا اُس کی لکھی ہوئی تقریر پڑھ لیں تو ان شاء اللہ کافی فائدہ ہوگا ...... لکھی ہوئی تقریر میں کتابت کی کافی اغلاط ہیں۔

## تازہ تحفے

کوہاٹ کا دورہ بھی لکھا جا چکا ہے اور مردان کا بھی۔ لکھائی کافی صاف اور غلطیاں بہت کم ہیں۔ ان کی نقل (کاپی) حاصل کرلیں تو انشاء اللہ فائدہ ہوگا ...... فتح الجواد بھی سورۃ براۃ تک ہو چکی ہے (براۃ شامل نہیں ہے) اگر سہولت سے اس کی کاپی مل جائے تو انشاء اللہ مفید رہے گی۔ مگر اس میں "خصوصی ابحاث" کا اضافہ باقی ہے۔

## تنقید سے احتراز

جہاد پر قرآنی دلائل دلوں کی شفاء کے لئے کافی ہیں اس لیے صراحتاً یا تعریضاً تبلیغی جماعت اور خانقاہوں وغیرہ پر ہرگز ہرگز تنقید نہ کریں۔ اپنی بات پوری قوت سے بیان کردیں ان شاء اللہ وہی کافی ہو جاتی ہے ......

## تاثرات

اگر ممکن ہو تو دورے کے بعد طلبہ کو عموماً اور شریک دورہ علماء و خواص کو خصوصاً اپنے تاثرات لکھنے کی دعوت دی جائے پھر انہیں محفوظ کر کے شعبہ دعوت تک پہنچا دیں۔

## میں نہیں

بندہ کی رائے یہ ہے ...... میرا خیال یہ ہے ...... احقر کی رائے یہ ہے جیسے جملوں سے بچیں۔ ہم امت کے چھوٹے لوگ ہیں ہمیں بڑوں والی باتیں زیب نہیں دیتیں۔ علم سارا لکھا جا چکا ہے اس لیے نہ کوئی تازہ تحقیق ہے اور نہ کسی کا تفرد۔ کوئی بات ذہن میں آجائے اور پھر کتاب میں مل جائے تو توافق کا نعرہ لگانے سے بچیں۔ آج کل حافظے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کمزور ہیں اس لیے اس دعوت میں غلطی ہو سکتی ہے ممکن ہے ماضی میں ہم نے یہ تحقیق کسی سے سنی ہو یا کسی کتاب میں پڑھی ہو...... ویسے بھی اس طرح کے نعرے اور دعوے ہم جیسے طالبعلموں پر علم کا دروازہ بند کر سکتے ہیں کیونکہ متکبر کو علم نصیب نہیں ہوتا...... بس خود کو اسلاف کی باتوں کا ناقل بتائیں اور اپنے دل میں بھی خود کو ایسا ہی سمجھیں......

## عصر حاضر

اسباق کے دوران عصر حاضر کی تحریکوں کا تعارف بھی آجائے۔ مسلک حقہ کی دعوت بھی ضمناً چلتی رہے اور اپنی جماعت کی طرف پورے شرح صدر کے ساتھ مسلمانوں کو متوجہ کیا جائے۔

## ایک رنگ میں برکت

اگر سب ساتھی اپنی طرز ایک رکھیں...... اور ایک "رنگ" میں پڑھانے کی کوشش کریں تو اس میں فائدہ ہوگا اور یہ نامعلوم عرصے تک صدقہ جاریہ رہے گا۔ ان شاء اللہ

## دعاء کا اہتمام

سبق سے پہلے اور دورے کے دوران صلوٰۃ الحاجہ اور دعاء کا خاص اہتمام رہے تاکہ اوپر سے مدد آتی رہے ...... ایک غریب مسافر بھی آپ کی دعاؤں کا محتاج ہے......

والسلام

خویدم

محمد مسعود ازہر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# آیاتِ جہاد کی چار فہرستیں

١ مدنی سورتوں میں آیاتِ جہاد

٢ مدنی سورتوں میں اشاراتِ جہاد

٣ مکّی سورتوں میں اشاراتِ جہاد

٤ مزید اشارات جہاد حضرت لاہوریؒ کے نزدیک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| محمد ۳۸ | احزاب ۲۲ | نور ۴ | حج ۱۷ | توبہ ۱۲۹ | انفال ۷۵ | مائدہ ۲۰ | نساء ۳۲ | آل عمران ۶۳ | بقرہ ۳۶ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکمل سورۃ | ۹تا۲۷ | ۵۳ | ۱۹تا۲۴ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | ۲ | ۷۱تا۸۵ | ۱۲ | ۱۰۹ |
| | ۶۰ | ۵۴ | ۳۸تا۴۱ | | | ۳ | ۸۸تا۹۱ | ۱۳ | ۱۱۳ |
| | ۶۱ | ۵۵ | ۵۵ | | | ۱۱تا۱۳ | ۹۴تا۱۰۴ | ۲۸ | ۱۵۳تا۱۵۷ |
| | ۶۲ | ۶۲ | ۵۸تا۶۲ | | | ۲۰تا۲۶ | ۱۳۸تا۱۴۷ | ۱۱۰تا۱۱۲ | ۱۷۷ |
| | | | ۷۸ | | | ۳۵ | | ۱۱۸تا۱۲۹ | ۱۹۰تا۱۹۵ |
| | | | | | | ۵۱تا۵۶ | | ۱۳۹تا۱۷۵ | ۲۰۷ |
| | | | | | | ۸۲ | | ۱۹۳تا۲۰۰ | ۲۱۳تا۲۱۸ |
| | | | | | | | | | ۲۳۹ |
| | | | | | | | | | ۲۴۳تا۲۵۱ |
| | | | | | | | | | ۲۶۱ |
| | | | | | | | | | ۲۶۲ |
| | | | | | | | | | ۲۷۳ |
| | | | | | | | | | ۲۸۶ |

## مدنی آیات جہاد

### کل آیات ۵۵۸

| نصر ۳ | عادیات ۸ | تحریم ۸ | منافقون ۱۱ | صف ۱۴ | ممتحنہ ۱۳ | حشر ۱۷ | مجادلہ ۸ | حدید ۴ | حجرات ۵ | فتح ۲۹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکمل سورۃ | ۱تا۸ | ۹ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | ۱تا۱۷ | ۱۳تا۲۲ | ۱۰ | ۶ | مکمل سورۃ |
| | | | | | | | | ۱۱ | ۹ | |
| | | | | | | | | ۱۹ | ۱۰ | |
| | | | | | | | | ۲۵ | ۱۳ | |
| | | | | | | | | | ۱۵ | |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مدنی اشاراتِ جہاد

## کل آیات ۳۱

| بقرہ ۵ | ال عمران ۱۸ | مائدہ ۸ |
|---|---|---|
| ۳۰ | ۱۳ | ۵۷ |
| ۳۶ | ۱۵ | ۵۸ |
| ۵۸ | ۱۹ | ۵۹ |
| ۵۹ | ۲۷،۲۶ | ۶۰ |
| ۸۹ | ۵۵ | ۶۱ |
| | ۵۶ | ۶۲ |
| | ۸۱ | ۶۳ |
| | ۱۰۳تا۱۰۰ | ۶۷ |
| | ۱۳۴تا۱۳۰ | |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## مکی قصص و اشارات جہاد

**کل آیات ۷۰**

| نحل ۲ | بنی اسرائیل ۱ | کہف ۱۵ | انبیاء ۳ | فرقان ۱ | نمل ۱۴ | قصص ۱ | عنکبوت ۵ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۰، ۱۲۶ | ۸۱ | ۸۳ تا ۹۷ | ۱۸، ۴۴، ۱۱۲ | ۵۲ | ۲۳ تا ۳۶ | ۸۵ | ۲، ۳، ۵، ۶، ۶۹ |
| **روم ۷** | **سبا ۱** | **صافات ۳** | **ص ۱** | **مؤمن ۱** | **طور ۱** | **مزمل ۱** | **بلد ۱** |
| ۱ تا ۷ | ۱۱ | ۱۷۲، ۱۷۳، ۱۷۷ | ۳۱ | ۵۵ | ۴۷ | ۲۰ | ۲ |

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| حدید ۲۹ | حجرات ۱۸ | روم ۶۰ | عنکبوت ۶۹ | نور ۱ | مائدہ ۱ | نساء ۳ | آل عمران ۷ | بقرہ ۵ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | مکمل سورۃ | ۵۷ | ۳۳ | ۸۵ | ۱۳ | ۱۱۰ |
| | | | | | | ۱۱۰ | ۱۵ | ۱۸۷ |
| | | | | | | ۱۵۰ | ۱۳۰ | ۱۹۶ |
| | | | | | | | ۱۳۱ | ۲۱۹ |
| | | | | | | | ۱۳۲ | ۲۲۰ |
| | | | | | | | ۱۳۳ | |
| | | | | | | | ۱۳۴ | |

**اشارات جہاد**
**حضرت لاہوری رحمہ اللہ**

**کل آیات ۱۹۳**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# فہرست

## سُوْرَةُ الْبَقَرَة


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | ابتدائیہ | ۶ |
| ۲ | چھتیس آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ | ۷ |
| ۳ | پانچ آیات میں اشارات جہاد کا خلاصہ | ۹ |
| ۴ | اشارات لاہوری رحمہ اللہ | ۹ |
| ۵ | آیت (۱۰۹) ود کثیر من ...... الخ ،خلاصہ،اقوال،حوالے | ۱۰ |
| ۶ | آیت (۱۱۴) ومن اظلم ...... الخ ترجمہ خلاصہ،اقوال، شان نزول | ۱۲ |
| ۷ | آیت (۱۵۳) یآیہا الذین ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،حوالے | ۱۸ |
| ۸ | بعد والی چار آیات سے ربط | ۱۸ |
| ۹ | آیت (۱۵۴) ولا تقولوا لمن یقتل ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،اقوال وحوالے | ۲۰ |
| ۱۰ | حضرات انصار کے اسماء گرامی | ۲۱ |
| ۱۱ | آیت (۱۵۵ تا ۱۵۷) ولنبلونکم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،حوالے | ۲۳ |
| ۱۲ | آیت (۱۷۷) لیس البر ان ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،شان نزول | ۲۵ |
| ۱۳ | ماخذ جہاد | ۲۶ |
| ۱۴ | آیت (۱۹۰) وقاتلوا فی سبیل اللہ ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،شان نزول | ۲۹ |
| ۱۵ | عجیب ربط، جہاد پر غیرت دلانے کا عجیب انداز | ۳۰ |
| ۱۶ | آیت (۱۹۱) واقتلوہم حیث ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،تفسیر | ۳۳ |
| ۱۷ | آیت (۱۹۲) فان انتہوا ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،حوالے | ۳۷ |
| ۱۸ | آیت (۱۹۳) وقاتلوہم حتی ...... الخ ترجمہ خلاصہ،ربط | ۳۹ |
| ۱۹ | آیت (۱۹۴) الشہر الحرام ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،دو اقوال | ۴۲ |
| ۲۰ | آیت (۱۹۵) وانفقوا فی سبیل اللہ ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،تفسیری اقوال | ۴۵ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ | آیت(۲۰۷)ومن الناس من ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،تفسیر | ۵۱ |
| ۲۲ | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان،مماثل آیات | ۵۳ |
| ۲۳ | آیت(۲۱۴)ام حسبتم...... الخ ترجمہ وخلاصہ،شان نزول | ۵۵ |
| ۲۴ | آیت کا مقصود،سات آیات کا جہادی ربط | ۵۶ |
| ۲۵ | آیت(۲۱۵)یسئلونك ما ذا ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۶۰ |
| ۲۶ | آیت(۲۱۶)کتب علیکم القتال...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۶۱ |
| ۲۷ | آیت(۲۱۷)یسئلونك عن الشهر...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۶۵ |
| ۲۸ | سریہ عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ،تعارف | ۷۲ |
| ۲۹ | اسلام میں پہلی غنیمت | ۷۳ |
| ۳۰ | آیت(۲۱۸)ان الذین امنوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۷۶ |
| ۳۱ | آیت(۲۳۹)فان خفتم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۷۸ |
| ۳۲ | جہاد سے تعلق،اقوال وحوالے | ۷۸ |
| ۳۳ | آیت(۲۴۳)الم تر الی الذین ......الخ ترجمہ وخلاصہ | ۸۰ |
| ۳۴ | مختصر قصہ،اقوال وحوالے | ۸۰ |
| ۳۵ | جامع قول | ۸۱ |
| ۳۶ | بستی کا نام | ۸۲ |
| ۳۷ | آیت(۲۴۴)وقاتلوا فی سبیل الله...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۸۴ |
| ۳۸ | آیت کی تفسیر میں دو عمدہ عبارتیں | ۸۵ |
| ۳۹ | آیت(۲۴۵)من ذی الذی...... الخ ترجمہ وخلاصہ،ربط | ۸۷ |
| ۴۰ | آیت(۲۴۶)الم تر الی ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،ربط | ۸۹ |
| ۴۱ | زمانہ نبی کا نام | ۹۰ |
| ۴۲ | اسباق | ۹۱ |
| ۴۳ | آیت(۲۴۷)وقال لهم نبیهم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،طالوت | ۹۲ |
| ۴۴ | بنی اسرائیل کا اعتراض | ۹۳ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۴۵ | اسباق | ۹۴ |
| ۴۶ | آیت (۲۴۸) وقال لهم نبيهم ان آية ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، التابوت | ۹۵ |
| ۴۷ | فائدہ واسباق | ۹۶ |
| ۴۸ | آیت (۲۴۹) فلما فصل طالوت...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۹۷ |
| ۴۹ | یہ دریا کون سا تھا؟ | ۹۹ |
| ۵۰ | فدائی حضرات، اسباق | ۱۰۰ |
| ۵۱ | آیت (۲۵۰) ولما برزوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۱۰۱ |
| ۵۲ | تفسیری اقوال، نکتہ، دعا کے تین اجزا | ۱۰۱ |
| ۵۳ | آیت (۲۵۱) فهزموهم باذن الله...... الخ ترجمہ وخلاصہ، فائدہ | ۱۰۳ |
| ۵۴ | آیت (۲۵۲) تلك آيات الله...... الخ ترجمہ وخلاصہ، ربط | ۱۰۸ |
| ۵۵ | آیت (۲۶۱) مثل الذين ينفقون ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، ربط | ۱۱۰ |
| ۵۶ | شان نزول، فائدہ | ۱۱۱ |
| ۵۷ | آیت (۲۶۲) الذين ينفقون اموالهم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، شان نزول | ۱۱۳ |
| ۵۸ | آیت (۲۷۳) للفقراء الذين ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، تفسیری اقوال | ۱۱۴ |
| ۵۹ | آیت (۲۸۶) لا يكلف الله نفسا...... الخ ترجمہ وخلاصہ، تفسیری اقوال | ۱۱۶ |


# سُورَةُ آلِ عِمرَان


| | | |
|---|---|---|
| ۶۰ | ابتدائیہ | ۱۲۰ |
| ۶۱ | باسٹھ آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ | ۱۲۱ |
| ۶۲ | اٹھارہ آیات میں اشارات جہاد کا خلاصہ | ۱۲۵ |
| ۶۳ | آیت (۱۲) قل الذين كفروا...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۱۲۶ |
| ۶۴ | عجیب پیشین گوئی | ۱۲۶ |
| ۶۵ | آیت (۱۳) قد كان لكم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۱۳۰ |
| ۶۶ | مختصر قصہ، کلام برکت | ۱۳۰ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۶۷ | بشارت مکہ مکرمہ میں مل گئی تھی، تفسیری اقوال | ۱۳۱ |
| ۶۸ | فائدہ، نکتہ | ۱۳۲ |
| ۶۹ | آیت (۲۸) لایتخذ المؤمنون ...... الخ ترجمہ و خلاصہ | ۱۳۳ |
| ۷۰ | عجیب نکتہ | ۱۳۷ |
| ۷۱ | آیت (۱۱۰) کنتم خیر امة...... الخ ترجمہ و خلاصہ، تفسیری اقوال | ۱۳۹ |
| ۷۲ | آیت (۱۱۱) لن یضروکم الا...... الخ ترجمہ و خلاصہ، شان نزول، تفسیری اقوال | ۱۴۵ |
| ۷۳ | آیت (۱۱۲) ضربت علیھم الذلة...... الخ ترجمہ و خلاصہ | ۱۴۸ |
| ۷۴ | نکتہ | ۱۴۹ |
| ۷۵ | اشکال کا جواب، نکتہ | ۱۵۰ |
| ۷۶ | آیت (۱۱۸) یا یھا الذین امنوا...... الخ ترجمہ و خلاصہ | ۱۵۲ |
| ۷۷ | کلام برکت، کلام حسرت | ۱۵۲ |
| ۷۸ | شان نزول، تفسیر | ۱۵۳ |
| ۷۹ | ایک روایت، تنگ نظری | ۱۵۴ |
| ۸۰ | آیت (۱۱۹) ھآ انتم ...... الخ ترجمہ و خلاصہ، تفسیری اقوال | ۱۵۵ |
| ۸۱ | آیت (۱۲۰) ان تمسسکم حسنة ...... الخ ترجمہ و خلاصہ، تفسیری اقوال | ۱۵۸ |
| ۸۲ | قرآنی نسخہ | ۱۵۹ |
| ۸۳ | آیت (۱۲۱) و اذ غدوت...... الخ ترجمہ و خلاصہ، شان نزول، تفسیری اقوال | ۱۶۰ |
| ۸۴ | غزوۂ احد | ۱۶۲ |
| ۸۵ | قریش کا عورتوں کو ہمراہ لے چلنا | ۱۶۳ |
| ۸۶ | حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا حضور پر نور ﷺ کو قریش کے ارادہ کی اطلاع دینا | ۱۶۴ |
| ۸۷ | اسرار و حکم | ۲۰۵ |
| ۸۸ | غزوہ احد میں فتح کے بعد ہزیمت پیش آجانے کی حکمت اور مصلحت پر اجمالی کلام | ۲۱۱ |
| ۸۹ | غزوہ احد کی ہزیمت کے اسرار و حکم کے بیان کے بعد | ۲۱۳ |
| ۹۰ | آیت (۱۲۲) اذ ھمت طائفتان...... الخ ترجمہ و خلاصہ | ۲۱۵ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۹۱ | آیت (۱۲۳) ولقد نصرکم اللہ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، ربط | ۴۱۷ |
| ۹۲ | آیت (۱۲۴) اذ تقولوا للمؤمنین...... الخ ترجمہ وخلاصہ، بدر یا اُحد | ۴۱۹ |
| ۹۳ | حضور پاک ﷺ کی پہلی جنگ | ۴۱۹ |
| ۹۴ | آیت (۱۲۵) بلی ان تصبروا...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۱ |
| ۹۵ | تفسیری اقوال | ۴۲۱ |
| ۹۶ | پانچ ہزار فرشتے قیامت تک، فائدہ | ۴۲۱ |
| ۹۷ | آیت (۱۲۶) وما جعلہ اللہ ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۳ |
| ۹۸ | آیت (۱۲۷) لیقطع طرفا من ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۵ |
| ۹۹ | آیت (۱۲۸) لیس لک من الامر...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۶ |
| ۱۰۰ | شان نزول | ۴۲۶ |
| ۱۰۱ | آیت (۱۲۹) وللہ ما فی السموات ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال، اہم نکتہ | ۴۲۹ |
| ۱۰۲ | آیت (۱۳۹) ولا تھنوا ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، نکتہ | ۴۳۱ |
| ۱۰۳ | تائیدی عبارات | ۴۳۱ |
| ۱۰۴ | تفسیری اقوال | ۴۳۳ |
| ۱۰۵ | آئندہ کے لئے بھی وعدہ، ایک واقعہ | ۴۳۳ |
| ۱۰۶ | آیت (۱۴۰) ان یمسسکم قرح ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، تفسیری اقوال | ۴۳۶ |
| ۱۰۷ | آیت (۱۴۱) ولیمحص اللہ الذین ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۴۳۹ |
| ۱۰۸ | غزوہ احد میں ظاہری شکست کی چوتھی حکمت | ۴۳۹ |
| ۱۰۹ | آیت (۱۴۲) ام حسبتم ان...... الخ ترجمہ وخلاصہ، تفسیری اقوال | ۴۴۱ |
| ۱۱۰ | فرضیت جہاد کی دلیل | ۴۴۲ |
| ۱۱۱ | آیت (۱۴۳) ولقد کنتم تمنون ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، شان نزول | ۴۴۴ |
| ۱۱۲ | شہادت کی تمنا جائز ہے، فائدہ | ۴۴۴ |
| ۱۱۳ | آیت (۱۴۴) وما محمد الا رسول...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۴۴۵ |
| ۱۱۴ | آیت (۱۴۵) وماکان لنفس ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۴۴۹ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۵ | نکتہ ترغیب جہاد | ۲۵۰ |
| ۱۱۶ | آیت(۱۴۶)وکاین من نبی...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۲۵۲ |
| ۱۱۷ | آیت(۱۴۷)وماکان قولھم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،نکتہ،فائدہ | ۲۵۶ |
| ۱۱۸ | آیت(۱۴۸)فاٰتاھم اللّٰہ ثواب الدنیا ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، فائدہ | ۲۵۸ |
| ۱۱۹ | عجیب نکتہ، نکتہ امام رازیؒ لکھتے ہیں | ۲۵۹ |
| ۱۲۰ | آیت(۱۴۹،۱۵۰)یآیھا الذین آمنوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۲۶۰ |
| ۱۲۱ | آیت(۱۵۱)سنلقی فی قلوب...... الخ ترجمہ وخلاصہ، ربط | ۲۶۳ |
| ۱۲۲ | نکتہ،کلام برکت، فائدہ | ۲۶۵ |
| ۱۲۳ | آیت(۱۵۲)ولقد صدقکم اللّٰہ...... الخ ترجمہ وخلاصہ،شان نزول | ۲۶۶ |
| ۱۲۴ | وعدہ کیا تھا؟ | ۲۶۷ |
| ۱۲۵ | شان صحابہ | ۲۶۸ |
| ۱۲۶ | فائدہ | ۲۶۹ |
| ۱۲۷ | آیت(۱۵۳) اذ تصعدون...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۲۷۰ |
| ۱۲۸ | آیت(۱۵۴)ثم انزل علیکم...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۲۷۵ |
| ۱۲۹ | آیت(۱۵۵)ان الذین تولوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۲۸۱ |
| ۱۳۰ | آیت(۱۵۶)یآیھا الذین امنوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ، عجیب تنبیہ | ۲۸۳ |
| ۱۳۱ | ایک سوال، نکتہ | ۲۸۵ |
| ۱۳۲ | دعوت فکر | ۲۸۶ |
| ۱۳۳ | آیت(۱۵۷)ولئن قتلتم...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۲۸۸ |
| ۱۳۴ | منافقین کے شبہ کا جواب | ۲۸۸ |
| ۱۳۵ | اللّٰہ تعالیٰ کی مغفرت اور رحمت بہت بہتر ہے | ۲۸۹ |
| ۱۳۶ | آیت(۱۵۸)ولئن متتم...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۲۹۱ |
| ۱۳۷ | آیت(۱۵۹)فبما رحمۃ من اللّٰہ ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، فائدہ | ۲۹۲ |
| ۱۳۸ | تنبیہ، نرمی کی حدود | ۲۹۶ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۱۳۹ | فیصلہ کثرت رائے پر یا؟، امیر کی نرم مزاجی محبوب ہے | ۲۹۶ |
| ۱۴۰ | خوش اخلاقی کی وجہ | ۲۹۷ |
| ۱۴۱ | بعض جگہ سختی کا حکم، امت کے لئے مشورہ کی افادیت | ۲۹۷ |
| ۱۴۲ | مشورہ کا حکم جہاد کے ساتھ خاص تھا یا نہیں؟ | ۲۹۸ |
| ۱۴۳ | اسباب توکل کے منافی نہیں ہے | ۲۹۸ |
| ۱۴۴ | اعتماد کی چیز اللہ تعالیٰ کی ذات ہے نہ کہ انسانی مشورے | ۲۹۸ |
| ۱۴۵ | مشورے کے بارے میں چند اقوال | ۲۹۸ |
| ۱۴۶ | امیر کی صفات | ۲۹۹ |
| ۱۴۷ | آیت (۱۶۰) ان ینصرکم اللہ فلا غالب لکم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۰۰ |
| ۱۴۸ | اقوال وحوالے۔اطاعت کی ترغیب | ۳۰۰ |
| ۱۴۹ | ازالہ حسرت، جہاد جاری رکھیں | ۳۰۰ |
| ۱۵۰ | فائدہ | ۳۰۱ |
| ۱۵۱ | آیت (۱۶۱) وماکان لنبی ...... الخ ترجمہ وخلاصہ۔فائدہ | ۳۰۲ |
| ۱۵۲ | مطالب آیت | ۳۰۳ |
| ۱۵۳ | نبی معصوم، اسلام میں نبی کی شان | ۳۰۴ |
| ۱۵۴ | خائن قیامت کے دن | ۳۰۴ |
| ۱۵۵ | فائدہ، نکتہ | ۳۰۵ |
| ۱۵۶ | آیت (۱۶۲) افمن اتبع ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۰۶ |
| ۱۵۷ | آیت (۱۶۳) ھم درجات عند اللہ ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، نکتہ | ۳۰۸ |
| ۱۵۸ | آیت (۱۶۴) لقد من اللہ ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۰۹ |
| ۱۵۹ | آیت (۱۶۵) اولما اصابتکم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، تفسیری اقوال | ۳۱۲ |
| ۱۶۰ | کلام برکت، نکتہ | ۳۱۴ |
| ۱۶۱ | آیت (۱۶۶) وما اصابکم یوم ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال | ۳۱۵ |
| ۱۶۲ | آیت (۱۶۷) ولیعلم الذین ...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۱۶ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۳ | ایک ایمان افروز واقعہ | ۳۱۸ |
| ۱۶۴ | آیت (۱۶۸) الذین قالوا لاخوانھم ...... الخ ترجمہ خلاصہ، تفسیری اقوال | ۳۱۹ |
| ۱۶۵ | جہاد سے روکنے کی کوشش، فائدہ | ۳۱۹ |
| ۱۶۶ | نکتہ، جہاد کے دوران کے منافقین کے طرز عمل کا خلاصہ | ۳۲۰ |
| ۱۶۷ | آیت (۱۶۹) ولاتحسبن الذین قتلوا ...... الخ ترجمہ خلاصہ اور شان نزول | ۳۲۲ |
| ۱۶۸ | شہداء احد، بدر یا بیر معونہ | ۳۲۲ |
| ۱۶۹ | امام رازیؒ کی عجیب تقریر، ربط | ۳۲۳ |
| ۱۷۰ | دو احادیث | ۳۲۴ |
| ۱۷۱ | کلام برکت، نکتہ | ۳۲۵ |
| ۱۷۲ | آیت (۱۷۰، ۱۷۱) فرحین بما...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۲۷ |
| ۱۷۳ | ایک حدیث شریف | ۳۳۰ |
| ۱۷۴ | غزوہ حمراء الاسد، غزوہ بدر صغریٰ | ۳۳۱ |
| ۱۷۵ | غزوہ بدر موعد | ۳۳۳ |
| ۱۷۶ | فائدہ | ۳۳۴ |
| ۱۷۷ | آیت (۱۷۲) الذین استجابوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۳۵ |
| ۱۷۸ | شان نزول | ۳۳۵ |
| ۱۷۹ | امام رازیؒ کی عجیب تحقیق | ۳۳۵ |
| ۱۸۰ | شان نزول کے اقوال وواقعات | ۳۳۶ |
| ۱۸۱ | ایک عجیب واقعہ | ۳۳۶ |
| ۱۸۲ | ایک نادر قول | ۳۳۶ |
| ۱۸۳ | جہاد میں نکلنے کے مناظر بلاغت | ۳۳۷ |
| ۱۸۴ | آیت (۱۷۳، ۱۷۴) الذین قال لھم...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۳۸ |
| ۱۸۵ | تدبیر کا کام، عجیب نکتہ، کلام برکت | ۳۳۹ |
| ۱۸۶ | آیت (۱۷۵) انما ذالکم الشیطان ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۴۲ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۱۸۷ | آیت(۱۹۴)ربنا اٰتنا ما وعدتنا...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۴۵ |
| ۱۸۸ | آیت(۱۹۵)فاستجاب لهم ربهم...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۴۸ |
| ۱۸۹ | آیت(۱۹۶،۱۹۷)لا یغرنك تقلب...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۵۱ |
| ۱۹۰ | آیت(۱۹۸)لٰکن الذین ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، فائدہ | ۳۵۳ |
| ۱۹۱ | آیت(۱۹۹)وان من اهل الکتاب...... الخ ترجمہ وخلاصہ، فائدہ | ۳۵۴ |
| ۱۹۲ | آیت(۲۰۰)یاَیها الذین آمنوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۵۵ |
| ۱۹۳ | اقوال وحوالے، کلام برکت | ۳۵۵ |
| ۱۹۴ | فائدہ | ۳۵۸ |
| ۱۹۵ | رباط کے فضائل، دعاء | ۳۵۸ |


# سُوْرَةُ النِّسَاءِ


| | | |
|---|---|---|
| ۱۹۶ | ابتدائیہ | ۳۶۰ |
| ۱۹۷ | بیالیس آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ | ۳۶۱ |
| ۱۹۸ | دیگر | ۳۶۳ |
| ۱۹۹ | آیت(۶۹،۷۰)ومن یطع الله والرسول...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۶۴ |
| ۲۰۰ | انعام یافتہ کامیاب حضرات | ۳۶۴ |
| ۲۰۱ | حضرات شہدا کرام | ۳۶۴ |
| ۲۰۲ | عظیم فضیلت ایک قول | ۳۶۵ |
| ۲۰۳ | آیت(۷۱)یاَیها الذین امنوا...... الخ ترجمہ وخلاصہ، ربط | ۳۶۶ |
| ۲۰۴ | جہاد سب سے بڑا کام ہے | ۳۶۶ |
| ۲۰۵ | جہاد اصل الاصول ہے | ۳۶۶ |
| ۲۰۶ | انبیاء صدیقین کی معیت کے لئے جہاد ضروری ہے | ۳۶۶ |
| ۲۰۷ | شکست کے صدمے سے ابھارا جارہا ہے، خذوا حذرکم | ۳۶۷ |
| ۲۰۸ | کلام برکت، چاروں اقوال کا خلاصہ، نکتہ | ۳۶۸ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۲۰۹ | فائدہ، فائدہ جلیلہ | ۳۷۰ |
| ۲۱۰ | آیت (۴۲،۷۳)وان منکم...... الخ ترجمہ وخلاصہ | ۳۷۱ |
| ۲۱۱ | دوسروں کو جہاد سے روکنے والا | ۳۷۱ |
| ۲۱۲ | منافق کی مقاصد جہاد سے بے خبری، فائدہ | ۳۷۲ |
| ۲۱۳ | منافق کا مقصود دنیا ہے | ۳۷۳ |
| ۲۱۴ | جماعت سے الگ لوگ | ۳۷۳ |
| ۲۱۵ | منافقین کا شہداء سے مذاق | ۳۷۳ |
| ۲۱۶ | آیت (۷۴)فلیقاتل فی سبیل اللّٰہ...... الخ ترجمہ وخلاصہ، فائدہ | ۳۷۵ |
| ۲۱۷ | آیت کے تین کے ترجمے، پہلا ترجمہ | ۳۷۵ |
| ۲۱۸ | دوسرا ترجمہ، تیسرا ترجمہ | ۳۷۶ |
| ۲۱۹ | جہاد کے مختلف پہلو | ۳۷۶ |
| ۲۲۰ | ایک دلچسپ بحث، کلام برکت | ۳۷۷ |
| ۲۲۱ | پیغام حق کے داعی | ۳۷۸ |
| ۲۲۲ | آیت (۷۵)وما لکم لا تقاتلون...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۷۹ |
| ۲۲۳ | جہاد فرض عین ہے | ۳۷۹ |
| ۲۲۴ | مظلوموں اور قیدیوں کا چھڑانا واجب ہے | ۳۸۰ |
| ۲۲۵ | فرضیت جہاد کے دوسبب، کلام برکت | ۳۸۰ |
| ۲۲۶ | مقاصد جہاد، کمزور حق پرست، نکتہ | ۳۸۱ |
| ۲۲۷ | مظلوم مسلمان | ۳۸۱ |
| ۲۲۸ | چہاد اور حضرات، دعا قبول ہوگئی | ۳۸۲ |
| ۲۲۹ | اٹھارہ سالہ جوان، ظالم مغلوب وذلیل ہوگئے | ۳۸۲ |
| ۲۳۰ | آیت (۷۶)الذین امنوا یقاتلون...... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۸۴ |
| ۲۳۱ | جہاد پر غیرت دلانے کا عجیب انداز | ۳۸۴ |
| ۲۳۲ | جہاد کے لئے حوصلہ بڑھایا جارہا ہے | ۳۸۴ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۲۳۳ | جہاد ضروری ہے، مؤمن اور کافر کے درمیان فرق کا بیان | ۳۸۵ |
| ۲۳۴ | طاغوت کے معنی | ۳۸۵ |
| ۲۳۵ | خلاصہ، عبرت، طاغوتی سپاہیوں کا حال | ۳۸۷ |
| ۲۳۶ | اس آیت کے چند اسرار | ۳۸۸ |
| ۲۳۷ | آخر میں ایک عجیب نکتہ، فائدہ | ۳۸۹ |
| ۲۳۸ | آیت (۷۷) الم تر الی الذین..... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۹۰ |
| ۲۳۹ | لطف آمیز شکایت | ۳۹۰ |
| ۲۴۰ | یہ کون تھے منافقین یا مسلمان | ۳۹۱ |
| ۲۴۱ | بغیر جہاد کے دین نامکمل ہے | ۳۹۲ |
| ۲۴۲ | جہاد مسلمانوں کی مراد ہے، کلام برکت | ۳۹۲ |
| ۲۴۳ | آیت (۷۸) اینَ ما تکونوا..... الخ ترجمہ وخلاصہ، اقوال وحوالے | ۳۹۳ |
| ۲۴۴ | جہاد سے گھبرانا نادانی ہے | ۳۹۳ |
| ۲۴۵ | جہاد سے سرخرو ہو کر اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچو | ۳۹۳ |
| ۲۴۶ | ڈرے ہوئے لوگوں کو جواب ہے، فائدہ | ۳۹۴ |
| ۲۴۷ | منافق جہاد کو موت کا ذریعہ سمجھتے تھے | ۳۹۵ |
| ۲۴۸ | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کا خیال کرو | ۳۹۵ |
| ۲۴۹ | آیت (۷۹) ما اصابك من حسنة فمن الله..... الخ | ۳۹۶ |
| ۲۵۰ | مع ترجمہ وخلاصہ | ۳۹۶ |
| ۲۵۱ | فائدہ، مفہوم آیت | ۳۹۶ |
| ۲۵۲ | آیت (۸۰) من يطع الرسول فقد اطاع الله..... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۳۹۸ |
| ۲۵۳ | فائدہ، اقوال وحوالے | ۳۹۸ |
| ۲۵۴ | شکست اور تکلیف کی نسبت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط ہے | ۳۹۸ |
| ۲۵۵ | اطاعت رسول، اطاعت امیر | ۳۹۸ |
| ۲۵۶ | آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معصوم ہونے کی دلیل | ۳۹۹ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۲۵۷ | گمراہ فرقوں کا رد، یاد دہانی | ۳۹۹ |
| ۲۵۸ | آیت (۸۱) ویقولون طاعة...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۰۰ |
| ۲۵۹ | اقوال وحوالے، پکے بدگمان | ۴۰۰ |
| ۲۶۰ | آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی ہے | ۴۰۰ |
| ۲۶۱ | آپ کو ان کی مدد کی ضرورت نہیں ہے | ۴۰۰ |
| ۲۶۲ | نکتہ | ۴۰۱ |
| ۲۶۳ | آیت (۸۲) افلا یتدبرون القرآن...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ، فائدہ | ۴۰۲ |
| ۲۶۴ | آیت (۸۳) واذا جاء هم امر من الامن ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۰۳ |
| ۲۶۵ | اقوال وحوالے، یہ کون لوگ تھے؟ | ۴۰۳ |
| ۲۶۶ | تعلق جنگ کی چیزوں؟؟ سے ہے | ۴۰۴ |
| ۲۶۷ | جہادی جماعتوں کے لئے اہم اصول | ۴۰۵ |
| ۲۶۸ | فائدہ، نکتہ | ۴۰۵ |
| ۲۶۹ | آیت (۸۴) فقاتل فی سبیل اللہ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۰۷ |
| ۲۷۰ | اقوال وحوالے | ۴۰۷ |
| ۲۷۱ | اے نبی آپ اکیلے جہاد میں تشریف لے جائیں، فائدہ | ۴۰۷ |
| ۲۷۲ | آیت کا جہادی ربط | ۴۰۸ |
| ۲۷۳ | کتب سابق کی پیشین گوئی کے مطابق آپ ﷺ مخلوق میں سب سے بہادر | ۴۰۸ |
| ۲۷۴ | آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داریاں، فائدہ | ۴۰۹ |
| ۲۸۵ | جہاد کی زوردار ترغیب، ہر مسلمان کا جذبہ کیا ہونا چاہئے | ۴۱۰ |
| ۲۷۶ | تقریر قرطبی رحمہ اللہ | ۴۱۰ |
| ۲۷۷ | کافروں کی جنگ توڑنے کا وعدہ | ۴۱۱ |
| ۲۷۸ | جہاد چھوڑنے پر اللہ تعالیٰ کا سخت عذاب | ۴۱۲ |
| ۲۷۹ | خلاصہ مضامین آیت | ۴۱۲ |
| ۲۸۰ | آیت (۸۵) من یشفع شفاعة...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۱۶ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۲۸۱ | اقوال وحوالے، جہاد کی دعوت | ۴۱۶ |
| ۲۸۲ | دعوت جہاد کا اجر، جہاد کی ربط اور مسائل | ۴۱۶ |
| ۲۸۳ | شفاعت کا ایک عجیب معنی | ۴۱۷ |
| ۲۸۴ | فائدہ | ۴۱۸ |
| ۲۸۵ | آیت (۸۸) فمالکم فی المنافقین...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۱۹ |
| ۲۸۶ | اقوال وحوالے، کفر اور نفاق خلط | ۴۱۹ |
| ۲۸۷ | تین روایات | ۴۲۰ |
| ۲۸۸ | دو فریق مت بنو، دو چہروں والے کافر، فائدہ | ۴۲۱ |
| ۲۸۹ | آیت (۸۹) ودوا لو تکفرون...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۲ |
| ۲۹۰ | یہ بھی دشمن ہیں | ۴۲۲ |
| ۲۹۱ | آیت (۹۰) الا الذین یصلون...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۳ |
| ۲۹۲ | ایک شبہ کا ازالہ | ۴۲۳ |
| ۲۹۳ | آیت (۹۱) ستجدون آخرین...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۴ |
| ۲۹۴ | یہ کون تھے؟ | ۴۲۴ |
| ۲۹۵ | ان کو سیدھا کردو، چاروں آیات کا خلاصہ | ۴۲۵ |
| ۲۹۶ | آیت (۹۴) یآیہا الذین امنوا اذا ضربتم...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۶ |
| ۲۹۷ | مفہوم آیت | ۴۲۶ |
| ۲۹۸ | اندرونی عقائد جانچنے کی ضرورت نہیں | ۴۲۷ |
| ۲۹۹ | فائدہ، نکتہ | ۴۲۷ |
| ۳۰۰ | آیت ۹۵، ۹۶ لا یستوی القاعدون...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۲۸ |
| ۳۰۱ | اقوال وحوالے، مجاہدین کی واضح فضیلت | ۴۲۸ |
| ۳۰۲ | تین طبقے، اللہ تعالیٰ غفور ورحیم | ۴۲۹ |
| ۳۰۳ | فائدہ | ۴۳۰ |
| ۳۰۴ | آیت ۹۷ ان الذین توفّٰہم الملآئکۃ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ، ربط | ۴۳۱ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۳۰۵ | یہ سخت وعید کس کے لئے ہے؟، کافروں کا ساتھ دینے والے | ۴۳۲ |
| ۳۰۶ | مشرکین کی تعداد بڑھانے والے، کافروں کی امداد کرنے والے | ۴۳۲ |
| ۳۰۷ | کافروں کے دباؤ میں جہاد چھوڑنے والے | ۴۳۲ |
| ۳۰۸ | دینی فرائض پر پابندی ہوتو ہجرت فرض ہے | ۴۳۳ |
| ۳۰۹ | خلاصہ، قربانی ضروری ہے | ۴۳۳ |
| ۳۱۰ | الشارۃ، فائدہ | ۴۳۴ |
| ۳۱۱ | آیت (۹۸،۹۹) الا المستضعفین ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۳۵ |
| ۳۱۲ | اقوال وحوالے | ۴۳۵ |
| ۳۱۳ | حیلہ بازی نہ ہوتو معافی ہے، ایک اشکال کا جواب | ۴۳۵ |
| ۳۱۴ | فائدہ | ۴۳۶ |
| ۳۱۵ | آیت (۱۰۰) ومن یہاجر ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۳۷ |
| ۳۱۶ | اقوال وحوالے، دوخوف دووعدے، اجر عمل کا نیت کا؟ | ۴۳۷ |
| ۳۱۷ | ایک ایمان افروز واقعہ، فائدہ، ہجرت اور جہاد | ۴۳۸ |
| ۳۱۸ | کلام برکت | ۴۳۹ |
| ۳۱۹ | آیت (۱۰۱) واذا ضربتم ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۴۰ |
| ۳۲۰ | جہاد کا اعزاز، شرعی مسئلہ، ربط آیت | ۴۴۰ |
| ۳۲۱ | آیت (۱۰۲،۱۰۳) واذا کنت فیہم ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۴۲ |
| ۳۲۲ | شان نزول، صلوٰۃ الخوف کا طریقہ | ۴۴۳ |
| ۳۲۳ | دونوں باتیں اہم ہیں، جیسے ممکن ہو ذکر کرو | ۴۴۴ |
| ۳۲۴ | آیت (۱۰۴) ولا تہنوا فی ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۴۵ |
| ۳۲۵ | ربط، اقوال وحوالے، جہاد میں سستی ناجائز ہے | ۴۴۵ |
| ۳۲۶ | سستی نہ کرو، یہ حکم ہر جہاد میں ہے، افسوس ہے اس پر | ۴۴۶ |
| ۳۲۷ | تم محنت کے زیادہ حق دار ہو، فائدہ | ۴۴۶ |
| ۳۲۸ | آیت (۱۳۸) بشر المنافقین ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۴۷ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۳۲۹ | فائدہ | ۴۴۸ |
| ۳۳۰ | یہ بے استقلالی کا نتیجہ ہے | ۴۴۹ |
| ۳۳۱ | آیت (۱۳۹) الذین یتخذون...... الخ مع ترجمہ و خلاصہ | ۴۵۰ |
| ۳۳۲ | عزت کا شوق | ۴۵۰ |
| ۳۳۳ | ساری عزت اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے | ۴۵۱ |
| ۳۳۴ | کافروں کا لباس اور فیشن، نفاق سے حفاظت | ۴۵۱ |
| ۳۳۵ | بے استقلالی کے دو اور برے نتیجے | ۴۵۲ |
| ۳۳۶ | آیت (۱۴۰) وقد نزل علیکم...... الخ مع ترجمہ و خلاصہ | ۴۵۳ |
| ۳۳۷ | ایک اہم حکم، بے استقلالی کا چوتھا نتیجہ، غور فرمائیں | ۴۵۳ |
| ۳۳۸ | نفاق سے حفاظت | ۴۵۴ |
| ۳۳۹ | آیت (۱۴۱) الذین یتربصون بکم...... الخ مع ترجمہ و خلاصہ | ۴۵۵ |
| ۳۴۰ | اقوال و حوالے، منافقین کی پوری حقیقت بے نقاب | ۴۵۵ |
| ۳۴۱ | خفیہ معلومات کا تبادلہ کرنے والے | ۴۵۶ |
| ۳۴۲ | بے استقلالی کا پانچواں نتیجہ، ابن الوقت مفاد پرست، دنیا یا آخرت | ۴۵۶ |
| ۳۴۳ | مسلمانوں کا خاتمہ نہیں کر سکتے بشرطیکہ اسلام پر قائم رہیں | ۴۵۷ |
| ۳۴۴ | قیامت کا غلبہ، دنیا میں کفر کا مکمل غلبہ نہیں ہوگا | ۴۵۷ |
| ۳۴۵ | جب مسلمان خود اپنے دشمن بن جائیں | ۴۵۸ |
| ۳۴۶ | نفاق سے حفاظت، کلام برکت | ۴۵۸ |
| ۳۴۷ | آیت (۱۴۲) ان المنافقین یخدعون...... الخ مع ترجمہ و خلاصہ | ۴۵۹ |
| ۳۴۸ | اقوال و حوالے، منافقین کی حماقت، منافقین کو عذر نہیں ہونا چاہیے | ۴۵۹ |
| ۳۴۹ | منافقین کے تین امراض | ۴۵۹ |
| ۳۵۰ | قرآن پاک کا اعجاز، نفاق سے حفاظت | ۴۶۰ |
| ۳۵۱ | آیت (۱۴۳) مذبذبین بین ذالك...... الخ مع ترجمہ و خلاصہ | ۴۶۱ |
| ۳۵۲ | اقوال و حوالے، آدمی سے لاوارث بچے، منافقین کا چوتھا مرض | ۴۶۱ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۳۵۳ | نفاق سے حفاظت | ۴۶۱ |
| ۳۵۴ | آیت (۱۴۴) یآیہا الذین امنوا...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۶۲ |
| ۳۵۵ | اقوال وحوالے، مسلمانوں کو تنبیہ | ۴۶۲ |
| ۳۵۶ | اسلام کے دشمنوں سے یاری، نفاق سے حفاظت | ۴۶۲ |
| ۳۵۷ | آیت (۱۴۵) ان المنافقین فی الدرک ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۶۳ |
| ۳۵۸ | اقوال وحوالے، مسلمانوں کو زیادہ نقصان پہنچانے کی وجہ | ۴۶۳ |
| ۳۵۹ | تفسیر قرآن کو بدلنے والے، اخروی سزا | ۴۶۳ |
| ۳۶۰ | لوہے کے صندوق، سات درجے، دنیا میں تلوار سے بچا رہا | ۴۶۴ |
| ۳۶۱ | کوئی مددگار نہیں | ۴۶۴ |
| ۳۶۲ | آیت (۱۴۶، ۱۴۷) الا الذین تابوا...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۶۵ |
| ۳۶۳ | توبہ کا دروازہ کھلا ہے، چار شرطیں | ۴۶۵ |
| ۳۶۴ | کافروں کی یاری لازماً چھوڑنی ہوگی، فائدہ | ۴۶۶ |


## سُوْرَةُ الْمَائِدَة


| | | |
|---|---|---|
| ۳۶۵ | ابتدائیہ | ۴۶۸ |
| ۳۶۶ | بیس آیات میں مضامین جہاد کا خلاصہ | ۴۶۹ |
| ۳۶۷ | آٹھ آیات میں اشارات جہاد کا خلاصہ، دیگر | ۴۷۰ |
| ۳۶۸ | آیت (۲) یآیہا الذین امنوا...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۷۱ |
| ۳۶۹ | مضامین جہاد، اقوال وحوالے | ۴۷۲ |
| ۳۷۰ | مشرکین کے حج وعمرے، دشمنی میں تجاوز نہ کرو | ۴۷۳ |
| ۳۷۱ | شعائر اللہ | ۴۷۴ |
| ۳۷۲ | آیت (۳) حرمت علیکم...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۷۵ |
| ۳۷۳ | اقوال وحوالے | ۴۷۵ |
| ۳۷۴ | دین کی تکمیل | ۴۷۶ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۳۷۵ | فتح مکہ کی نعمت، فائدہ | ۴۷۷ |
| ۳۷۶ | آیت (۱۱) یآیہا الذین امنوا ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۷۸ |
| ۳۷۷ | غزوۂ ذات الرقاع | ۴۷۹ |
| ۳۷۸ | اسلامی سیاست، تقویٰ اور توکل، نکتہ | ۴۸۱ |
| ۳۷۹ | آیت (۱۲،۱۳) ولقد اخذ اللہ ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۸۳ |
| ۳۸۰ | جہادی مضامین، اقوال وحوالے، دشمنوں کا مقابلہ | ۴۸۴ |
| ۳۸۱ | بارہ جاسوس، نقیب، جہاد میں جاسوسی نظام قائم کرنے کی دلیل، تنبیہ | ۴۸۵ |
| ۳۸۲ | آیت (۲۰،۲۱) واذ قال موسیٰ ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۸۷ |
| ۳۸۳ | ربط، کلام برکت | ۴۸۷ |
| ۳۸۴ | فائدہ، دعوت جہاد | ۴۸۸ |
| ۳۸۵ | غلامانہ ذہنیت، غیرت جوش میں آنی چاہیے | ۴۸۹ |
| ۳۸۶ | آیت (۲۲) قالوا یا موسیٰ ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۹۰ |
| ۳۸۷ | یہ عمالقہ تھے، عمالقہ کے بارے میں مبالغہ | ۴۹۰ |
| ۳۸۸ | آیت (۲۳) قال رجلان ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۹۱ |
| ۳۸۹ | دو پکے مومن، کافروں سے مرعوب نہ ہونا اللہ تعالیٰ کا انعام ہے | ۴۹۱ |
| ۳۹۰ | ان دونوں کی تقریر، جہاد میں نکلنا توکل ہے، بچنے والے مرگئے | ۴۹۲ |
| ۳۹۱ | آیت (۲۴) قالوا یاموسیٰ ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۹۳ |
| ۳۹۲ | گستاخی یا شرک؟ | ۴۹۳ |
| ۳۹۳ | آیت (۲۵) قال رب انی ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۹۴ |
| ۳۹۴ | یااللہ ہم دونوں حاضر ہیں، یوشع اور کالب بھی دعا میں شامل | ۴۹۴ |
| ۳۹۵ | آیت (۲۶) قال فانہا ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۴۹۵ |
| ۳۹۶ | دعا موسوی قبول ہوگئی، زمین کی حرمت ترک جہاد کی وجہ سے ہوئی | ۴۹۵ |
| ۳۹۷ | حاصل کلام | ۴۹۶ |
| ۳۹۸ | وادی تیہ، عجیب نکتہ، مجاہدین کیلئے سورج رک گیا | ۴۹۷ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


| | | |
|---|---|---|
| ۳۹۹ | ایک اور روایت | ۴۹۸ |
| ۴۰۰ | آیت (۳۵) یآیہا الذین امنوا...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۰۰ |
| ۴۰۱ | اقوال وحوالے | ۵۰۰ |
| ۴۰۲ | جہاد جامع عبادت ہے، قوت کا استعمال اور جنگ صرف جہاد میں جائز ہے | ۵۰۱ |
| ۴۰۳ | جہاد سے ڈاکوؤں کا خاتمہ | ۵۰۱ |
| ۴۰۴ | اگلی آیت کے ساتھ جہادی ربط، بہترین ترجمہ، نکتہ | ۵۰۲ |
| ۴۰۵ | حضرت لاہوری رحمہ اللہ لکھتے ہیں | ۵۰۲ |
| ۴۰۶ | آیت (۵۱) یآیہا الذین امنوا...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۰۳ |
| ۴۰۷ | شان نزول | ۵۰۳ |
| ۴۰۸ | آیت کا موضوع، اقوال وحوالے، یہود ونصاریٰ کی عادات تمہیں گرادیں گی | ۵۰۴ |
| ۴۰۹ | کفر وشرک متعدی مرض ہے، کتنا تعلق جائز اور کتنا ناجائز؟ | ۵۰۴ |
| ۴۱۰ | وہ مسلمانوں کے خلاف متحد ہیں | ۵۰۵ |
| ۴۱۱ | جو اُن کا یار انہیں میں اس کا شمار، دوستی تب ہوتی ہے جب دل میں ان کی عظمت ہوتی ہے | ۵۰۵ |
| ۴۱۲ | کافروں سے یاری ہدایت سے محرومی، نکتہ | ۵۰۶ |
| ۴۱۳ | آیت (۵۲) فتری الذین في...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۰۷ |
| ۴۱۴ | اقوال وحوالے، مرض سے مراد نفاق ہے | ۵۰۷ |
| ۴۱۵ | دوڑ دوڑ کر یاری اور مدد، یاری کی ایک وجہ اقتصادی ترقی | ۵۰۷ |
| ۴۱۶ | وہ اس زمانے کے چینگرز سے تھے | ۵۰۸ |
| ۴۱۷ | آیت مبارکہ کی جامع تفسیر، نفاق سے بزدلی پیدا ہوتی ہے | ۵۰۸ |
| ۴۱۸ | امر من عندہ سے کیا مراد ہے؟ | ۵۰۹ |
| ۴۱۹ | آیت (۵۳) ویقول الذین امنوا...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۱۰ |
| ۴۲۰ | فائدہ، مسلمانوں کا تعجب، نفاق کھل جاتا ہے | ۵۱۰ |
| ۴۲۱ | آیت (۵۴) یآیہا الذین امنوا...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۱۱ |
| ۴۲۲ | جامع تفسیر، اسلام کی حفاظت اور بقا کی عظیم پیشین گوئی | ۵۱۱ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

| | | |
|---|---|---|
| ۴۲۳ | کلام برکت، جو کافروں سے یاری نہ چھوڑے گا | ۵۱۲ |
| ۴۲۴ | خطاب قیامت تک کیلئے ہے، ابتدائی مرتد | ۵۱۲ |
| ۴۲۵ | رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں تین قبیلے مرتد ہوئے | ۵۱۳ |
| ۴۲۶ | صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں سات گروہ مرتد ہوئے | ۵۱۳ |
| ۴۲۷ | ابتدائی محبوب | ۵۱۴ |
| ۴۲۸ | ایک زبردست علمی تحقیق، حاصل کلام | ۵۱۵ |
| ۴۲۹ | حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا فرمان، خلفائے راشدین کی حقانیت | ۵۱۶ |
| ۴۳۰ | ملامت کی پرواہ کس چیز میں | ۵۱۶ |
| ۴۳۱ | عجیب نکتہ، حضور پاک ﷺ کی صفت، اسباق | ۵۱۷ |
| ۴۳۲ | فتنہ ارتداد کا علاج جہاد ہے | ۵۱۸ |
| ۴۳۳ | آیت (۵۵) انما ولیکم ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۱۹ |
| ۴۳۴ | ربط، آیت عام ہے | ۵۱۹ |
| ۴۳۵ | ولی کے تین معنی، ان تین کے سوا مسلمانوں کا کوئی رفیق نہیں ہوسکتا | ۵۲۰ |
| ۴۳۶ | یہ ہے عالمی اسلامی برادری، ایک شبہ کا جواب، بے نمازی طبقہ | ۵۲۰ |
| ۴۳۷ | صفت خشوع | ۵۲۱ |
| ۴۳۸ | آیت (۵۶) ومن یتول اللہ ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۲۲ |
| ۴۳۹ | حزب کون؟ تردد کا ازالہ | ۵۲۲ |
| ۴۴۰ | مسلمانوں کی مغلوبیت کا سبب، غلبے کا نصاب موجود ہے | ۵۲۳ |
| ۴۴۱ | نصاب مشکل نہیں ہے | ۵۲۳ |
| ۴۴۲ | حالات پہلے بھی سخت تھے، ہم کہاں جائیں؟، آسان ترین نسخہ | ۵۲۴ |
| ۴۴۳ | کچھ لوگ موجود رہیں گے | ۵۲۵ |
| ۴۴۴ | آیت (۸۲) لتجدن اشد الناس ...... الخ مع ترجمہ وخلاصہ | ۵۲۶ |
| ۴۴۵ | شان نزول، مشروط نرمی | ۵۲۶ |
| ۴۴۶ | حب دنیا کا نتیجہ | ۵۲۷ |